# شمع شبستان رضا

مکمل 7 حصے



اعلیٰحضرت عظیم البرکت اور دیگر اکابر اہلِ سنّت

کے مجموعہ عملیات کا لاجواب انتخاب

اقبال احمد نوری

قادری رضوی کتب خانہ لاہور

Marfat.com

# شمع شبستان رضا

مکمل 7 حصے

اعلیحضرت عظیم البرکت اور دیگر اکابر اہلِ سنّت

کے مجموعہ عملیات کا لاجواب انتخاب

مرتبہ

اقبال احمد نوری

قادری رضوی کتب خانہ۔ لاہور

Marfat.com

Marfat.com

# شمع شبستانِ رضا

مکمل 7 حصے



اعلیٰحضرت عظیم البرکت و دیگر اکابر اہلسنت

کے مجرب عملیات کا لاجواب مجموعہ

مرتب

اقبال احمد نوری


قادری رضوی کتب خانہ لاہور

042 37213575



Marfat.com

Marfat.com




Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحیم

الصلوٰة والسلام علیک یا رسول الله

وعلی آلک واصحابک یا حبیب الله

لا اله الا الله محمد رسول الله

صلی الله تعالیٰ علیه وآله وسلم

مولای صل وسلم دائما ابدا — علی حبیبك خیر الخلق كلهم

هو الحبیب الذی ترجی شفاعته — لكل هول من الاهوال مقتحم

محمد سید الكونین والثقلین — والفریقین من عرب ومن عجم

فان من جودك الدنیا وضرتها — ومن علومك علم اللوح والقلم

مکتبہ حنفیہ | قادری رضوی کتب خانہ لاہور

Marfat.com

اعلیحضرت عظیم البرکت اور دیگر اکابر اہلِ سنّت کے مجموعہ

عملیات کا لاجواب انتخاب

یعنی

# شمع شبستان رضا

مکمل سات حصے

مرتبہ

اقبال احمد نوری

قادری رضوی کتب خانہ

گنج بخش روڈ لاہور 042-7213575

111/662



جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | ............ | شمع شبستان رضا مع مجموعہ اعمال رضا (مکمل سات حصے) |
| مرتب | ............ | اقبال احمد نوری |
| اشاعت باراوّل | ............ | رمضان ۱۴۳۲ھ بمطابق اگست 2011ء |
| تصحیح | ............ | سید ابوالحسن شاہ محمد قادری (بہاول پور) |
| کمپوزنگ | ............ | الہجویری گرافکس |
| پروف ریڈنگ | ............ | علامہ مولانا حافظ عبدالاحد قادری |
| صفحات | ............ | 885 |
| سرورق | ............ | فیض گرافکس، دربار مارکیٹ لاہور |
| زیرنگرانی | ............ | چوہدری محمد خلیل قادری |
| تحریک | ............ | چوہدری محمد مختار احمد قادری |
| ناشر | ............ | چوہدری عبدالمجید قادری |
| تعداد | ............ | 1100 |
| قیمت | ............ | -/600 |

ملنے کے پتے

مکتبہ حنفیہ گنج بخش روڈ لاہور

قادری رضوی کتب خانہ گنج بخش روڈ لاہور

Hello: 042-7213575, 0333-4383766

کتب خانہ امام احمد رضا رحمۃ اللہ العالی

دربار مارکیٹ لاہور

# فہرست


☆ تقریظ ........ 6

☆ حصہ اوّل ........ 7تا124

☆ حصہ دوم ........ 125تا230

☆ حصہ سوم ........ 231تا338

☆ حصہ چہارم ........ 339تا524

☆ حصہ پنجم ........ 525تا643

☆ حصہ ششم ........ 645تا752

☆ حصہ ہفتم ........ 753تا885


**ضروری التماس:** معزز قارئین! ہماری تمام مطبوعات دین حنیف اسلام کے فروغ کی ترویج، مسلک اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی نور اللہ مرقدہ کے احیاء کے لئے ہیں۔
قارئین کی خدمت میں گذارش ہے کہ ہماری مطبوعات میں خدانخواستہ قرآن وسنت کے خلاف کوئی چیز پائیں تو ازراہ کرم ادارہ کو اطلاع دیں تاکہ درستگی کی جائے، ادارہ کی طرف سے ایسے سقم کو کالعدم سمجھیں، ہم اپنی ذمہ داری کے پیش نظر ایسی کسی بھی غلطی پر معذرت خواہ اور اللہ عزوجل اور اس کے پیارے حبیب ﷺ کی بارگاہ میں معافی کے خواستگار ہیں۔ اللہ کریم حق سمجھنے، حق پہنچانے، حق پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین

چوہدری عبدالمجید قادری



Marfat.com

# تقریظ

یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ جس طرح انسان کا جسم کثیف اسباب ظاہرہ سے متاثر ہو کر حدِ اعتدال سے نکل جاتا ہے اسی طرح اس کی روحانی لطافت بھی کچھ غیر محسوس اور غلط قوتوں کی زد میں آکر مختلف بیماریوں کی شکار ہو جاتی ہے۔ نیز یہ دنیا عالم اسباب ہے مگر کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ انسان اپنی زندگی کے مختلف گوشوں میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے بے پناہ وسائل استعمال کرنے کے باوجود ناکام رہتا ہے۔ اسی طرح حصول جملہ مقاصد کے لئے نقوش وعملیات کا سلسلہ زمانہ قدیم سے چلا آرہا ہے۔

## شمع شبستان رضا

اسی سلسلے کی ایک مجرب کڑی ہے جو علم وفضل کے بحر بیکراں امام اہلسنّت مجدد دین وملت کے علمبردار تاجدار اہلسنّت حضور مفتی ہند علیھا الرحمۃ الرضوان ودیگر اسلاف کے فیضان کا بے مثال مجموعہ ہے۔ خود میں نے شرائط کی پابندی کے ساتھ متعدد نقوش کا بارہا تجربہ کیا جو اکسیر ثابت ہوا۔

دعا ہے کہ رب قدیم تمام مسلمان کو اس کے فیوض وبرکات سے مستفیض فرمائے اور اس کے ناشر کو اس کی مساعی جمیلہ پر اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین

محمد ایوب نعیمی رضوی

خادم دارالافتاء جامع نعمیہ

مرادآباد



Marfat.com

اعلیحضرت عظیم البرکت اور دیگر اکابر اہلِ سنّت کے مجموعہ

عملیات کا لاجواب انتخاب

ذخیرہ
میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی
لاہور پاکستان

یعنی

# شمع شبستانِ رضا

حصہ اوّل

مرتبہ

اقبال احمد نوری

قادری رضوی کتب خانہ
گنج بخش روڈ لاہور 042-7213575

Marfat.com

# سوالات

**سوال:۔** محترمی سلام مسنون میرے زیر مطالعہ آج کل شبستانِ رضا ہے، جسے آپ نے چھپوایا ہے جس کا ہدیہ ۱۲:۳۰ ہے حب ذیل چار باتیں دریافت طلب ہیں (۱) عالم کے لئے ترک جلالی و جمالی سے کیا مطلب ہے وہ کیا کیا چیزیں ہیں (۲) کتاب مذکور کا عمل نمبر ۲۲۷ عمل خاص پردۂ راز بہت مبہم ہے، واضح تحریر فرما کر ممنون فرمایئے (۳) کتاب مذکور کا عمل نمبر ۲۱۲ مکمل تحریر فرمائے۔ آیا یہ دونوں عمل کسی صاحب کے آزمودہ ہیں (۴) توسیع رزق کا کوئی آسان مجرب و آزمودہ عمل تحریر فرمایئے جو تیر بہدف ہو۔ عمل نمبر ۱۲۱ اگر اپنے مقام پر صحیح ہے تو بڑے کام کی چیز ہے اور شیعت کی بیخ کنی کے لئے بڑا زبردست ہتھیار چونکہ یہ فرقہ دیدار باری تعالیٰ کا منکر ہے فقط سید تراب علی نزد گھنٹہ گھر بجنور۔

**جواب:۔** مکرمی و محبی سید تراب علی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ لفافہ ملا۔ جس میں سوالات ہیں ، نمبروار جواب ملاحظہ ہوں (۱) ترک جلالی و جمالی کا مطلب آسان ہے مگر عمل مشکل ہے یعنی یہ کہ قریب قریب ہر چیز عامل کو ترک کرنا ہوگی پہلی ترکیب قدرے آسان ہے کہ تا عمل روزے رکھے تنہائی اختیار کرے۔ جو کی روٹی اپنے ہاتھ سے پکا کر صرف نمک سے کھالیا کرے کیونکہ جلالی میں تو ہر قسم کا گوشت ہے جو ذبح کر کے حلال جانور کا ہم استعمال کرتے ہیں اور ذبح چونکہ دھاردار چیز سے کیا جاتا ہے مچھلی بھی ترک جلالی میں شامل ہے کہ اس کو پانی سے جدا کرنا ہی جلال ظاہر کر رہا ہے۔ رہا جمالی تو یہ ہر قسم کے حلال جانوروں کا دودھ گھی مکھن وغیرہ ہے، عاملین اکثر جو اس لئے پسند کرتے ہیں کہ اس میں گھن وغیرہ کی دسترس نہیں ہوتی ہے ڈول اور نل وغیرہ سے لیا ہوا پانی بھی استعمال نہیں لایا جاتا کہ اس میں حلال جانور کا چمڑا ضرور ہے۔ بہر حال یہ دنیادار سے بہت مشکل ہے لیکن جو لوگ ہر تکلیف برداشت کر سکتے ہیں اور کرتے ہیں مولیٰ عزوجل حسب مقدور کامیاب فرما دیتا ہے بقول مولانا شہیدی کہ عام ہیں ان کے تو الطاف شہیدی سب پر تجھ سے کیا ضد تھی اگر تو کسی قابل ہوتا۔ نمبر ۲ عمل خاص پردۂ راز کا مطلب یہ ہے کہ یہ عمل راز میں رکھنے کا تھا جس کو چھاپ دیا گیا ہے تا کہ جو حضرات اہل ہوں وہ کسی نیک مقدور سے پڑھ کر فائدہ اٹھائیں یہ عمل درحقیقت ہمزاد کا ہے موافق اعداد اسم خود کا مطلب یہ ہے کہ اپنے نام کے اعداد نکالے مثلاً آپ کا نام تراب علی ہے اس نام کے عدد ۱۳۰۷ ہوئے بس ۱۳۰۷ بار پڑھا جائے گا۔

یَالَطِیْفُ تَلَطَّفْ وَاللُّطْفُ فِیْ لُطُوْفِکُمْ یَالَطِیْفُ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۳۹ | ۴۴۲ | ۴۴۶ | ۴۳۲ |
| ۴۴۵ | ۴۳۳ | ۴۳۸ | ۴۴۳ |
| ۴۳۴ | | ۴۴۰ | ۴۳۷ |
| ۴۴۱ | ۴۳۶ | ۴۳۵ | ۴۴۷ |



Marfat.com

اور نظر نقس کی سیاہی پر رہے گی اس سیاہی میں ہمزاد کی شبیہ نظر آئے گی عمل وقت مقررہ پر روزانہ پڑھتا رہے یہاں تک کہ ہمزاد حاضر ہو جب سامنے حاضر ہو تو عمل پورا کر کے اس سے ہمکلام ہو اور قول و قرار لے نقش یہ ہے۔ ترک حیوانات جلالی جمالی کی شرط ہے۔ دیگر یہ عمل ۴۰ دن میں بھی پورا ہو سکتا ہے اور زیادہ سے زیادہ دن میں بھی جس کا خلاصہ درج ذیل ہے۔ نمبر ۳ یہ عمل کتاب میں مکمل تحریر ہے یعنی اوپر کی عبارت ایک ہزار بار پڑھے ۱۱۔۱۱ بار اوّل آخر درود شریف پڑھے گو یہ عمل ۷ دن پڑھا جائے گا ہاں اگر ساتویں روز جن حاضر نہ ہو تو پھر ترک نہ کرے بلکہ لگاتار پڑھتا رہے چاہے کتنے ہفتے گزر جائیں ان شاءاللہ کامیابی ضرور ہوگی اگرچہ ان دونوں کا ہم نے تجربہ نہیں کیا مگر سو فیصدی یقین ہے کہ عمل ضرور بزرگوں کے تجربہ کئے ہوئے ہیں آج کل لوگ لکھے ہوئے دنوں کی تعداد تک پڑھتے ہیں اور جب کامیابی نہیں ہوتی تو اپنی خامیوں کو نہیں دیکھتے عمل کو اور لکھنے والے کو کچھ کا کچھ کہنے لگتے ہیں دنیا جانتی ہے کہ زمین کے نیچے پانی ہے مگر طاقتور آدمی جو پھاؤڑا چلانا جانتا ہے چند روز میں زمیں کنواں تیار کر کے پانی حاصل کر لیتا ہے۔ اور کمزور آدمی مہینوں میں بھی منزل سے دور رہتا ہے مگر پھر بھی یہ نہیں کہتا کہ یہاں پانی نہیں ہے بلکہ اپنی کمزوری اور زمین میں پانی کی دوری محسوس کرتا ہے مولیٰ تعالیٰ سمجھ دے تو یہ بات بھی سمجھ سکتا ہے کہ اللہ کے نام اور اس کے کلام اور بزرگوں کے بتائے ہوئے طریقوں میں ذرہ برابر شک نہیں ہے ہاں ناکامی محض ہماری ہی کمزوری اور کم ہمتی کا نتیجہ ہے۔

توسیع رزق کے اعمال اکثر و بیشتر شمع شبستان رضا میں درج ہیں مگر آپ فقیر کا مجرب و آزمودہ عمل دریافت فرمارہے ہیں تو سنیئے آپ ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھ لیا کریں کبھی ناغہ نہ کریں پھر دیکھیں کہ پردۂ غیب سے کیسی کشائش ہوتی ہے اوّل درود شریف تین بار پھر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ○ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

۵ مرتبہ پڑھیں پھر ہاتھ اٹھا کر اس طرح دعا کریں یَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ط وَرَحِيْمَهُمَا الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ط جسے چاہے تو دنیا و آخرت میں دیتا ہے اور جسے چاہے منع فرماتا ہے مجھ پر رحم فرما اور ایسی رحمت فرما کہ اس کے سوا سب سے بے پرواہ ہو جاؤں الٰہی مجھے دولت مند کر دے اور مجھے کسی کا قرضدار محتاج نہ رکھ پھر تین بار درود شریف پڑھے ان شاءاللہ امید و خیال سے زیادہ کامیابی ہوگی۔

(نوٹ) اس قسم کے عملیات جس قدر شمع شبستان رضا میں ہیں اگر کوئی صاحب عامل ہونا چاہیں تو پہلے استخارہ کر لیں اگر اجازت ملے تو شوق سے کریں ورنہ خیال ترک کر دیں۔



Marfat.com

# فہرست شمع شبستان رضا......حصہ اوّل



| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ | نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | تقریظ | 6 | ۲۵ | رشتہ ناروکا مجرب عمل | 30 |
| ۲ | سوالات | 8 | ۲۶ | برائے دفع طحال یعنی تلی | 31 |
| ۳ | فیض پہنچانا | 14 | ۲۷ | مرگی یا مرگی کی طرح کے دورے کا مجرب | 32 |
| ۴ | اجازت اوراس کے شرائط | 15 | ۲۸ | نقش | |
| ۵ | دعا جامع المطلوب ودافع الکروب | 15 | ۲۹ | برائے سنگ مثانہ وگردہ ونقش درد وشفا | 33 |
| ۶ | کتاب الامراض دردسر کے اعمال نمبر۲ | 17 | ۳۰ | درد گردہ کا نسخہ | 33 |
| | سے نمبر۱۰ تک | | ۳۱ | بواسیر بادی وخونی کے لیے | 34 |
| ۷ | حب شفاء درد چشم ودرد کان وغیرہ کے لئے | 18 | ۳۲ | ناف کا ٹل جانا | 34 |
| ۸ | آشوب چشم کا نسخہ | 19 | ۳۳ | برائے استقرار حمل | 34 |
| ۹ | امراض چشم کے عملیات وادویات وسرمہ | 19 | ۳۴ | بانجھ عورت کا علاج | 35 |
| ۱۰ | آنکھ کی روشنی کوواپس لانے کا نفیس عمل | 20 | ۳۵ | اسقاطِ حمل کی حفاظت | 37 |
| ۱۱ | عمل درد دنداں | 21 | ۳۶ | نقش استقرار حمل اور حفاظت حمل | 37 |
| ۱۲ | دانت عمر بھر خراب نہ ہونے کا لاجواب عمل | 21 | ۳۷ | تسہیل ولادت یعنی بچہ بآسانی پیدا ہو | 39 |
| ۱۳ | ہلتے دانت جمانے کا نسخہ | 21 | ۳۸ | برائے دفع استحاضہ خلاصی حمل بآسانی نقش | 40 |
| ۱۴ | کھیگھا یعنی گلے کا پھولنا | 22 | ۳۹ | سوزن برائے حفاظت حمل | 40 |
| ۱۵ | برائے کنٹھ مالا | 23 | ۴۰ | برائے دفع مسان | 41 |
| ۱۶ | امراضِ قلب | 23 | ۴۱ | برائے دفع ام صبیان | 41 |
| ۱۷ | نقش لاحول شریف برائے اختلاجِ قلب | 24 | ۴۲ | اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کے مجرب ارشادات | 42 |
| ۱۸ | نقش تطمئن القلوب | 24 | ۴۳ | بڑا چراغ اوراس کے روشن کرنے کی ترکیب | 43 |
| ۱۹ | برائے قبض جریان خون درایام حمل | 24 | ۴۴ | نقش حفاظت حمل مجرب وآزمودہ کچھوچھ | |
| ۲۰ | دافع ہیضہ وجملہ امراض شکم | 24 | ۴۵ | شریف | 45 |
| ۲۱ | برائے دافع طاعون | 25 | ۴۶ | امراضِ اطفال | 46 |
| ۲۲ | عملیات وتعویزات برائے بخار ہر قسم | | ۴۷ | مرض سوکھا کے عمل ونقوش وشناخت | 49 |
| | نمبر۳۸ تا ۴۸ تک | 25 | ۴۸ | دانت بے تکلیف نکلنے کا نقش | 46 |
| ۲۳ | برائے تپ کہنہ دق وغیرہ کے لئے نمبر | | ۴۹ | دودھ بڑھنے کا عمل | 49 |
| | ۵۱ تک | 26 | ۵۰ | امراض مردانہ احتلام وغیرہ کے لئے | 50 |
| ۲۴ | چیچک خسرا موتی جھالہ وغیرہ | 29 | ۵۱ | برائے عرق النساء | 50 |





Marfat.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۵۲ | حاجت براری کے لئے عجیب عمل | 51 |
| ۵۳ | دیگر اعمال حاجت برآنے کے لئے | 52 |
| ۵۴ | ختم قادریہ | 52 |
| ۵۵ | توشہ حضور سیدنا غوث اعظم | 53 |
| ۵۶ | وظیفہ اللہ الصمد | 53 |
| ۵۷ | عمل کھیعص حمعسق | 53 |
| ۵۸ | استخارہ کے عمل | 54 |
| ۵۹ | عورت کے دل کا راز معلوم کرنے کا عمل | 54 |
| ۶۰ | دعائے حل المشکلات | 55 |
| ۶۱ | کتاب الفتوح وسعت رزق | 56 |
| ۶۲ | برائے وسعت رزق وجمیع مطالب مجرب | 56 |
| ۶۳ | خزانہ غیب سے روزی ملے | 56 |
| ۶۴ | ترکیب شجر زر یعنی سونے کا درخت | 56 |
| ۶۵ | عمل یا مسبب الاسباب | 58 |
| ۶۶ | برائے نفع تجارت | 59 |
| ۶۷ | عمل دستِ غیب | 59 |
| ۶۸ | عمل عجیب مالدار ہونے کا | 60 |
| ۶۹ | عمل وسعت رزق وتسخیر خلائق | 61 |
| ۷۰ | عمل تسخیرِ خلائق ومقبول القول ہونے کا | 61 |
| ۷۱ | کیمیا کے متعلق اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کا ارشاد | 61 |
| ۷۲ | نقش دفینہ معلوم کرنے کا | 62 |
| ۷۳ | نادعلی کے ۱۵ فوائد | 62 |
| ۷۴ | نقش سیفی | 63 |
| ۷۵ | دعائے حیدری برائے ہلاکی دشمن | 64 |
| ۷۶ | نقش سورۂ اخلاص منقول از حضرت علی رضی اللہ عنہ | 65 |
| ۷۷ | عمل سورۂ الم ترکیف برائے عداوت | 67 |
| ۷۸ | وحب اور ہر کام کے لئے مجرب ہے | |
| ۷۹ | اعمال برائے عداوت وجدائی وہلاکی دشمن | |
| ۸۰ | کے مجرب وآزمودہ | 68 |

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۸۱ | اعمال تسخیر ومحبت والفت | 72 |
| ۸۲ | عمل یاودود محبت کے لئے | 72 |
| ۸۳ | عمل سورۂ فاتحہ برائے حب | 73 |
| ۸۴ | محبوب کو لانے کا عمل | 73 |
| ۸۵ | زن وشوہر کی نااتفاقی کو دور کرنے کا عمل ونقوش | 73 |
| ۸۶ | عمل عجیب سورۂ فاتحہ کا محبوب کتنی ہی | |
| ۸۷ | دور کیوں نہ ہو خود عاشق ہو کر حاضر ہو | 74 |
| ۸۸ | فرار شدہ عورت واپس لانے کا عمل | 75 |
| ۸۹ | برائے تسخیر خلائق عوام اور تسخیر حکام خصوصاً | 76 |
| ۹۰ | نقش تکسیر جنہ اور محیط الاسرار | 77 |
| ۹۱ | نقوش ہر سہ مثلث | 78 |
| ۹۲ | نقش مخمس | 78 |
| ۹۳ | عملیات متفرقات | 79 |
| ۹۴ | نقش اکسیر اعظم مکمل کلام اللہ شریف ودعائے بشمع | |
| ۹۵ | تاج نامہ دعائے گنج العرش وغیرہ کا | 79 |
| ۹۶ | دعوت اسم یارزاق | 81 |
| ۹۷ | سفر کے ارادہ سے گھر سے نکلے تو یہ عمل پڑھے | 81 |
| ۹۸ | نقش عجیب بخار مرگی شقیقہ کنٹھ مالا | 82 |
| ۹۹ | بیمار جانور کا علاج تعویذ سے | 82 |
| ۱۰۰ | سانپ کے کاٹنے کا نہایت مجرب عمل | 82 |
| ۱۰۱ | چوری کیا ہوا مال واپس ملنے کا عمل | 83 |
| ۱۰۲ | عمل اظہار سارق اور واپسی مال | 84 |
| ۱۰۳ | نقش چہار قل دافع سحر ونظر بد | 84 |
| ۱۰۴ | سانپ سے حفاظت کا مجرب عمل | 85 |
| ۱۰۵ | بھاگے ہوئے کو واپس بلانے کا عمل | 85 |
| ۱۰۶ | حیض ونفاس کی صفائی اور اس کا نسخہ | 86 |
| ۱۰۷ | عورتوں کی ایام ماہواری کی خرابیاں | 87 |
| ۱۰۸ | بچھو کاٹے کا عمل | 87 |




Marfat.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۰۹ | سانپ کاٹے کا علاج | 88 |
| ۱۱۰ | کتے کاٹے کا عمل | 88 |
| ۱۱۱ | ہر قسم کے جن آسیب دیو پری کے اتارنے کا بے نظیر عمل | 88 |
| ۱۱۲ | ہر مہم کے آسان ہونے کا عمل | 90 |
| ۱۱۳ | ہر بلا و مصیبت سے محفوظ رہنے کا دعا | 90 |
| ۱۱۴ | برائے شیر مویشی | 90 |
| ۱۱۵ | برائے دستِ غیب | 91 |
| ۱۱۶ | استخارہ | 91 |
| ۱۱۷ | حب کے بہترین عمل | 91 |
| ۱۱۸ | برائے تسخیر خلائق | 92 |
| ۱۱۹ | محبت زن و شوہر | 92 |
| ۱۲۰ | دیدار الٰہی | 93 |
| ۱۲۱ | بیوقوف کو عقلمند بنانے کے لئے | 93 |
| ۱۲۲ | گیہوں میں گھن نہ لگے | 93 |
| ۱۲۳ | شیر اور مچھر سے حفاظت کا مجرب عمل | 93 |
| ۱۲۴ | دائمی نزلہ و زکام دور ہونے کا عمل | 93 |
| ۱۲۵ | فتیلہ مجرب برائے دفع آسیب | 94 |
| ۱۲۶ | عمل خاص در پردہ راز | 94 |
| ۱۲۷ | برائے دفع بدخوابی | 94 |
| ۱۲۸ | برائے دفع استحاضہ | 94 |
| ۱۲۹ | جانوروں کے امراض | 95 |
| ۱۳۰ | شریر جانور کو فرمانبردار بنانے کا عمل | 95 |
| ۱۳۱ | نقش آیۃ الکرسی شریف حفظ تاتقدم | |
| ۱۳۲ | ازصدمہ جن | 95 |
| ۱۳۳ | قید سے رہائی کے لئے | 96 |
| ۱۳۴ | برائے قوت رفتار | 96 |
| ۱۳۵ | درد بدن فوراً دور ہونے کا عمل | 96 |
| ۱۳۶ | تیزی ذہن و یادداشت کے لئے | 96 |
| ۱۳۷ | برائے امساک | 96 |
| ۱۳۸ | کنواری کی شادی جلد ہو جائے | 97 |
| ۱۳۹ | برائے محبت و عداوت و برآمدن مال مسروقہ | 97 |
| ۱۴۰ | گرفتاری سارق | 97 |
| ۱۴۱ | برائے ناف | 98 |
| ۱۴۲ | چھوٹا چراغ روشن کرنے کی ترکیب | 98 |
| ۱۴۳ | عامل کے لئے ایک عجیب و غریب تحفہ | 100 |
| ۱۴۴ | اعلیٰ حضرت کا ایک خط جو مسلمانوں کے لئے ایک نعمت ہے | 100 |
| ۱۴۵ | دعائے حل المشکلات | 101 |
| ۱۴۶ | عمل تسخیر خلائق جمیعًا | 102 |
| ۱۴۷ | دریافت مرض سحر یا آسیب وغیرہ | 102 |
| ۱۴۸ | برائے دیدار سید ابرار ﷺ | 102 |
| ۱۴۹ | الوظیفہ الکریمہ دلائل الخیرات | 103 |
| ۱۵۰ | برائے نامردی | 103 |
| ۱۵۱ | الخضاب من دون الاختضاب | 104 |
| ۱۵۲ | خارش خشک ہو یا تر | 104 |
| ۱۵۳ | لقوہ کا کامیاب نسخہ | 105 |
| ۱۵۴ | درد گردہ کا خاص نسخہ | 105 |
| ۱۵۵ | عرق النساء | 105 |
| ۱۵۶ | برائے جریان و احتلام | 106 |
| ۱۵۷ | حلوہ برائے جریان و سرعت انزال | 106 |
| ۱۵۸ | حب آواز کشا | 106 |
| ۱۵۹ | برائے زہریلے زخم خصوصاً سرطان کا مرہم | 107 |
| ۱۶۰ | اکسیر شکم | 107 |
| ۱۶۱ | پیٹ کے کیڑے | 107 |
| ۱۶۲ | برائے استحاضہ | 108 |
| ۱۶۳ | بعض جدید مخصوص عمل | 108 |
| ۱۶۴ | ناجائز دوستی و محبت چھڑانے کا مجرب عمل | 108 |
| ۱۶۵ | دشمن کو دوست بنانے کا عمل | 108 |
| ۱۶۶ | برائے محبت زن و شوہر | 109 |
| ۱۶۷ | نقشہ ساعت سیارگان باب النجوم | 109 |
| ۱۶۸ | باب النجوم | 115 |

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

## اعلیٰ حضرت عظیم البرکت اور دیگر علماء کرام کے مجموعہ ہائے اعمال کا لاجواب انتخاب وتحفۂ نایاب............یعنی

# شمعِ شبستانِ رضا

## مرتبہ

## فقیر عبدالمصطفےٰ اقبال احمد نوری مہتمم رضوی کتب خانہ بازار صندل خاں بریلی شریف

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحۡبِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ ط

بعد حمد وصلوٰۃ کے فقیر کو اس کتاب کے ترتیب دینے کی ضرورت اس لیے محسوس ہوئی کہ جب سے کمترین نے رضوی کتب خانہ کی بنا ڈالی ہے اور اس کے پوسٹر جا بجا ارسال کیے۔ فرمائشاتِ کتب کے ساتھ جو خطوط موصول ہوئے ان میں بعض احباب کی یہ فرمائش بھی ہوئی کہ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیفات سے کوئی کتاب نقوش و عملیات کی ہو تو ارسال کر دی جائے۔ مگر چونکہ اب تک کوئی کتاب اس قسم کی طبع نہ ہوئی تھی، اس لیے مجبوری ظاہر کر دی گئی۔ مگر یہ فکر دامنگیر رہی۔ آخر کار یہ طے کر لیا کہ اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کے مجموعۂ اعمال سے انتخاب کر کے عام مسلمانوں کو اس سے ضرور فائدہ پہنچایا جائے۔ اب نام کی فکر ہوئی کہ انتخابِ لاجواب کا نام کیا رکھا جائے۔ اچانک خیال اب سے چند سال قبل خواب کی طرف گیا جس میں اشارہ تھا۔ بایں سبب وہی نام ''شمع شبستانِ رضا'' رکھا۔ فقیر کی نظر سے بہت سی کتابیں عملیات کی گزریں۔ ہر کتاب میں سعد و نحس ساعتوں کا ذکر موجود ہے۔ بعض کتابوں میں تو ستاروں کی رفتار، دوستی، دشمنی، نظرات وغیرہ بڑی وضاحت کے ساتھ دیے گئے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ عامل کے لیے ان چیزوں کا جاننا بہت ضروری ہے مگر فقیر نے اپنے بزرگوں کو خصوصاً مفتی اعظم زیب سجادہ عالیہ رضویہ مولانا و مرشدنا الحاج محمد مصطفےٰ رضا خاں صاحب قبلہ دامت برکاتہم العالیہ کو دیکھا کہ صبح سے شام تک حاجت مندوں کا ہجوم رہتا ہے اور آپ برابر ہر ایک کو تعویذ لکھ کر دیتے ہیں۔ بس قلم چل رہا ہے ہر ایک کو اس کی خواہش کے مطابق نقوش دیے جا رہے ہیں اور ساتھ ہی یہ تجربہ بھی ہوا کہ آنے والے حاجت مندوں کو سو فیصدی کامیاب پایا۔ ان تمام باتوں کو دیکھتے ہوئے فقیر نے یہ نتیجہ نکالا کہ ستاروں کی رفتار بحکم احکم الحاکمین اپنا اچھا یا برا اثر ضرور کرتی



Marfat.com

ہیں اور عاملین نے ساعتوں کی اور عروجِ ماہ کی جو قیود مقرر فرمائی ہیں۔ وہ بے شک از بس ضروری ہیں، مگر جس طرح پولیس کے کے سپاہی یا تھانیدار یا شہر کے کوتوال سے عوام، پبلک ڈرتی ہے اور خوف کھاتی ہے۔ ان ہی میں بعض لوگ ایسے بھی دیکھے جن سے پولیس کے سپاہی بلکہ بعض حکام خود خائف رہتے ہیں۔ جب پتہ لگایا کہ آخر یہ کیا بات ہے۔ معلوم ہوا کہ ان کا تعلق محبت اور دوستی شہر کے سب سے بڑے افسر سے ہے۔ اس لیے تمام حکام ان سے ڈرتے ہیں۔ اس تجربہ نے ہمیں یہ سبق دیا کہ جس ذاتِ گرامی کے طفیل اللہ نے کل کائنات کو پیدا کیا یعنی حضور پرنور سیدنا احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ ﷺ ان سے اگر مسلمان اپنا رشتۂ تعظیم ومحبت نہایت پختگی اور مضبوطی کے ساتھ جوڑ لے تو تمام باتوں سے بے نیاز ہو جائے اور پھر کسی چیز کے دیکھنے بھالنے کی ضرورت نہ رہے، بس جس وقت اور جس کے لیے جو حکم کر دے وہ ہو جائے اور جو لکھ کر دے دے یقیناً کامیابی حاصل ہو۔ لہٰذا اب اس چیز کی ضرورت پیش آئی کہ یوں تو ہر مسلمان اس کا مدعی ہے کہ سارے جہان میں سب سے زیادہ ہم حضور ﷺ کو چاہتے ہیں، حضور ﷺ ہی سے الفت ومحبت ہے مگر امتحان کرنے پر اکثر یہ دعویٰ غلط ثابت ہوتا ہے اور اس کا بڑا سبب ناواقفیت ہے۔ لہٰذا ضرورت ہوئی کہ ستاروں اور ساعتوں سے جھگڑوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے صرف اسی طرف توجہ کی جاتی ہے کہ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا رسالہ "تمہیدِ ایمان بآیاتِ قرآن" کتاب کے ہمراہ شائع کیا جائے تاکہ سب سے پہلے ہر مسلمان آیاتِ قرآن کے بموجب اپنے ایمان اور عقائد کو پرکھ لے پھر جو نقش لکھا یا عمل پڑھا جائے گا، ان شاء المولیٰ الکریم اس میں وہ اثر ہوگا کہ آپ خود حیران رہ جائیں گے۔ مسلمان کی شان یہ ہے کہ وہ سب سے زیادہ جھوٹ کو عیب جانے۔ اور یہ کہ اللہ جل جلالہٗ نے جھوٹوں پر لعنت فرمائی ہے۔ اب اگر کوئی عامل گنڈے تعویذ کرتا ہے اور جھوٹ بھی بولتا ہو تو آپ خود انصاف کریں کہ جب جھوٹوں پر اللہ تعالیٰ لعنت فرمائے تو کون ہوگا۔ ایسے تعویذوں اور عمل میں کیا اثر ہوگا؟ تیسرے یہ کہ وہ حکیم، حکیم نہیں جو خود اپنا علاج نہ کر سکے۔ اسی طرح وہ عامل، عامل نہیں جو خود اپنی مصیبت اور پریشانی اور تکلیفوں کو رفع نہ کر سکے۔ اس لیے ضرورت ہوئی کہ کوئی عمل ایسا ہو جس کو عمل میں لا کر عامل خود اپنی ضروریات اور حاجات سے بے نیاز ہو جائے اور نہایت اطمینان اور سکون کی زندگی گزار سکے اور مخلوقِ خدا کو فیض پہنچا سکے۔ (فقیر نے اس کتاب کی ابتداء اُسی دُعا سے کی ہے)۔

## فیض پہنچانا

اس کے لیے چند باتیں عامل کے اندر ہونا ضروری ہیں۔ اول یہ ہے کہ عامل کے اندر تسخیر ہو کہ مخلوقِ خدا اس کی طرف مائل ہو۔

دوسرا یہ کہ زبان میں اتنا اثر ہو کہ اول تو خاموش رہے زیادہ بات نہ کرے اور جو کسی بات پر زبان کھلے تو پتھر پر لکیر ہو۔



Marfat.com

تیسرا یہ کہ عام طور لوگ اس کی طرف زیادہ جھکتے ہیں، جو کوئی ایسی بات بتادے جس کا بظاہر اسے علم نہ ہو جس کے لیے اکثر استخارہ کا عمل کرتے اور اس کی تلاش میں رہتے ہیں کہ کوئی بہترین استخارہ ہاتھ میں آجائے۔ پیارے عزیز! اس انتخاب میں تجھے ہر چیز ملے گی، جو آج تک نہ کسی کتاب میں دیکھی ہوگی نہ دیکھے گا۔ مگر ان تمام اعمال نقش نقوش اور وظائف کی اجازت کے جو شرائط ہیں، ان پر پابندی ازبس ضروری ہے جن کا خلاصہ یہ ہے۔

## اجازت اور اس کے شرائط

① سب سے پہلے اپنا ایمان اور عقیدہ بالکل قرآن پاک کے مطابق ہو جس کے لیے تمہید ایمان پڑھنا اشد ضروری ہے کہ اگر کچھ خامی ہوئی تو اس سے اصلاح ہو جائے گی۔

② بات کم کرے، کم سوئے، کھانا بھی کم کھائے، جھوٹ سے بالکل دُور رہے۔

③ مذہب اہلسنّت پر قائم رہتے ہوئے جس کی معلومات کے لیے اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کی تصنیفات کا مطالعہ کرتا رہے اور اپنے احباب میں ان کی اشاعت کرتا رہے۔

④ کوئی عمل کسی ناجائز کام کے لیے ہرگز نہ کیا جائے۔ اگر کوئی مجبور کرے تو اسے ہر طرح سمجھایا جائے تا کہ وہ اِس بُرے کام سے باز رہے۔

⑤ اس پر آشوب زمانہ میں جبکہ دہریت، نجدیّت، وہابیت، غیر مقلّدیت، بدمذہبیت، غرض طرح طرح کے روپ میں پھیل رہی ہے۔ ان کی کتابیں خصوصاً ترجمہ کیے ہوئے کلام پاک ہر ہر شہر کے کتب فروش کی دکان پر ملتے ہیں اور ہمارے ناواقف بھائی ان کو بڑی خوشی سے لیتے اور پڑھتے ہیں اور نہیں سمجھتے کہ اس سے ہمارے عقائد میں کیا نقصان پہنچ رہا ہے۔ لہذا ضرورت تھی اور ہے کہ اعلیٰ حضرت امام اہلسنت قدس سرہٗ کی وہ تصنیفات جو ابھی طبع نہیں ہوئی ہیں چھپوائی جائیں اور بزرگانِ دین سے اس کتاب کی اشاعت کے سلسلہ میں خاص اسی شرط پر اجازت ہے۔

جو ان پانچوں پر معہ شرائط عمل کرے گا وہ اس کتاب کے تمام عملیاتِ نقش نقوش سے پورا پورا فائدہ اٹھائے گا۔ فقیر نے مجموعۂ اعمال کے ہر ہر باب سے دو دو چار چار عمل انتخاب کرکے اور چند اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کی دیگر کتب سے اور کچھ اپنے تجربہ شدہ عملیات شائع کر دیے۔ مولا تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ کے صدقے میں تمام مسلمانوں کو اس سے فیض یاب فرمائے۔ آمین ثم آمین

## دُعا جامع المطلوب ودافع الکرُوب

یہ دعا کتب معتبرہ واحادیثِ صحیحہ میں وارد ہے۔ بڑا ہی خوش نصیب ہے جو اس کو روزانہ اپنے ورد میں رکھے اور اس سے دین و دنیا کے فوائد حاصل کرے۔ اگر اس کے فوائد تفصیل وار لکھے جائیں تو ایک دفتر درکار ہو۔ خلاصہ

یہ ہے کہ دین کی دولت، دنیا کی دولت تسخیر خلائق اور سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہی بہترین استخارہ ہے عقلمند کو اشارہ کافی ہے۔ اکثر لوگ ستاروں کی نحوست میں مبتلا رہتے ہیں اور بحکم احکم الحاکمین ان کے اچھے یا بُرے اثرات بھی رونما ہوتے ہیں جس کی تفصیل کی چنداں ضرورت نہیں۔ ذرا سی عقل والا خود اس دعا کو پڑھ کر سمجھ لے گا کہ یہ کیا چیز اور کتنی بڑی دولت ہے اور جو غافل رہے وہ بدنصیب ہے۔ دُعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا مَلٰئِكَةُ كُلُّكُمْ بِاَمْرِ اللّٰهِ اَنْ تَغِيْثُوْنِيْ وَتُعِيْنُوْنِيْ وَاَنْ تُمِدُّوْنِيْ فِيْ مُرَادِيْ وَمَقْصُوْدِيْ وَاحْفَظُوْا لِيْ مَالِيْ وَاَهْلِيْ وَوَلَدِيْ وَوَالِدِيْ وَذُرِّيَّاتِيْ وَاِخْوَانِيْ وَاَحِبَّائِيْ وَاَصْدِقَائِيْ وَمَآ اَحَطْتُ عَلَيْهِ شَفَقَةُ قَلْبِيْ مِنْ اٰفَاتِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنْ نُحُوْسَاتِهِمْ وَنُحُوْسَاتِ الزُّحَلِ وَالْمُشْتَرِيْ وَالْمِرِّيْخِ وَالشَّمْسِ وَالزُّهْرَةِ وَالْعُطَارِدِ وَالْقَمَرِ وَالرَّاسِ وَالذَّنَبِ وَالْاَكْلِيْلِ وَمِنْ شَرِّ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ وَسَاحِرٍ وَّفَاجِرٍ وَّظَالِمٍ وَبَاغٍ وَطَاغٍ وَّمَارِدٍ وَّمُعَانِدٍ وَّنَاطِقٍ وَّسَاكِتٍ وَّمُتَحَرِّكٍ وَّسَاكِنٍ وَّهَامَّةٍ وَّشَامَّةٍ وَّلَامَّةٍ وَّذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَمِنْ وَاٰفَاتِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَمِنْ شَرِّ الْبَرِيَّةِ وَالْبَحْرِيَّةِ اَجْمَعِيْنَ وَاعْمُوْا اَبْصَارَهُمْ وَاَقْبِضُوْا لِسَانَهُمْ وَاَيْدِيَهُمْ وَعَلِّمُوْنِيْ عِلْمَ الَّذِيْ يَكُوْنُ نَافِعًا وَّصَرْفًا عَلٰى جَمِيْعِ الْعُلُوْمِ وَاعْطُوْنِيْ رِزْقًا حَلَالًا طَيِّبًا وَّجَلْبَتُكُمْ لِجَلْبِ قُلُوْبِ الْخَلْقِ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ اِلَيَّ بِالْمَوَدَّةِ وَالْمَحَبَّةِ وَانْصُرُوْنِيْ نُصْرَةً عَلٰى سَائِرِ الْاَعْدَآءِ وَاخْبِرُوْنِيْ مَا فِي الْحَوَادِثِ الْخَيْرِ وَالشَّرِّ قَبْلَ الْوَقْتِ الْوُقُوْعِ وَمَآ اَطْلُبُ مِنْ اَخْبَارِ الْعَالَمِ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ السَّاعَةِ السَّاعَةِ السَّاعَةِ اَلْوَحَا اَلْوَحَا بِحَقِّ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَوَلَدِهِ الشَّرِيْفِ السَّيِّدِيْ مُحِيِّ الدِّيْنِ حَضْرَتْ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيْ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَبِحَقِّ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاؤُدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ وَبِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

**ترکیب:** ۴۱ دن بعد نمازِ عشاء ۴۱ بار پڑھ لیں۔ پھر گیارہ بار روزانہ پڑھ لیا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دینی اور دنیوی ضروریات کے لیے کسی دوسرے وظیفہ کی ضرورت نہ پڑے گی۔ اس دعا میں سب کچھ ہے۔



Marfat.com

# کتاب الامراض متعلق بہ سر

## ۲۔ دردِ سر کا عمل

یہ نام باری تعالیٰ کے پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ فوراً شفاء ہوگی:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى يَا نُوْرًا النُّوْرُ يَا النُّوْرُ يَا خَالِقَ النُّوْرِ يَا مُنَوِّرَ النُّوْرِ يَا نُوْرَ كُلِّ نُوْرٍ يَا نُوْرُ يَا نُوْرُ لَيْسَ مِثْلُهٗ نُوْرٌ يَا نُوْرٌ قَبْلَ كُلِّ نُوْرٍ يَا نُوْرٌ بَعْدَ كُلِّ نُوْرٍ فِي النُّوْرِ سُبْحٰنَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ خَالِصًا مِّنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ۔

## ۳۔ برائے نصف دردِ سر

آیت الکرسی و چاروں کل و آیت لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ تا آخر سورۂ حشر و آیۃ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا تا آخر آیت پڑھ کر دم کرے اسی وقت شفا ہوگی۔

## ۴۔ دیگر برائے نصف سر

| جلسا | علسا | عملسا |
|---|---|---|

لکھ کر سر پر باندھے مجرب ہے۔

## ۵۔ دیگر سورۂ اخلاص

پڑھے اور دم کرے کم سے کم ۳ یا سات یا ۱۱ بار اسی طرح پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ گیارہ بار کی تعداد پوری ہونے سے قبل ہی آدھے سر کا درد کافور ہو۔ مجرب المجرب ہے۔

## ۶۔ دیگر برائے دردِ سر مجرب ہے

سورۂ ناس ۷ بار پڑھ کر دم کرے اور دریافت کرے کہاں ہے۔ اگر باقی ہو تو پھر ۷ بار پڑھ کر دم کرے، سارے سر یا نصف سر میں خواہ کیسا درد ہو ۳ بار میں جاتا رہے گا۔

## ۷۔ دیگر عمل عجیب

لِيُعَذِّبَهُمْ یہ عمل دردِ سر کے لیے اور ہر مقام کے درد کے لیے مجرب ہے۔



Marfat.com

یہاں تک کہ بھڑ کاٹے یا بچھو غرض کہ ہر زہریلے جانور کا زہر اتارنے میں عجیب الاثر ہے۔ ترکیب خاص یہ ہے کہ انگشتِ شہادت سے مقام ماؤف پر ۳ بار لکھے اور سانس روک لے۔ جب تین بار لکھ چکے اسی جگہ دم کرے اور دریافت کرے کہ اثر باقی ہے یا نہیں۔ اگر بتائے کہ ہے پھر ایسا ہی کرے فقیر مؤلف کو بارہا تجربہ ہوا کہ درد بھاگا بھاگا پھرتا ہے۔ یہاں لکھا اور وہاں پہنچا۔ چاہیے کہ مریض جہاں بتائے وہیں لکھے۔ چند بار میں درد اور زہر وغیرہ ان شاء اللہ جاتا رہے گا اور اس کا اثر بھی کافور ہو جائے گا۔

## ۸۔ نقش دردسر

یہ نقش لکھ کر موم جامہ کر کے درد کی جگہ باندھ دے، درد رفع ہو۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨ | ١١ | ١٤ | ١ |
| ١٣ | ٢ | ٧ | ١٢ |
| ٣ | ١٦ | ٩ | ٦ |
| ١٠ | ٥ | ٤ | ١٥ |

الٰہی دردسر و درد نیم سر دفع شود

ص ص ص ص ص ص ص

## ۹۔ دیگر:

یہ دونوں نقش ہر قسم کے دردِ سر کے لیے مجرب ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨ | ٨ | ٨ | ٨ |
| ٨ | ٨ | ٨ | ٨ |
| ٨ | ٨ | ٨ | ٨ |
| ٨ | ٨ | ٨ | ٨ |

۷۸۶

| | |
|---|---|
| ھو اللہ | ھو اللہ |
| ھو اللہ | ھو اللہ |

## ۱۰۔ نصف سر اور پورے سر کے درد کا مجرب نسخہ:

اسطوخودوس ایک تولہ گول مرچ سفید ایک تولہ دونوں کو باریک پیس کر سفوف بنا کر شیشی میں محفوظ رکھ لیں۔ خوراک ۲ ماشہ یہ سفوف اطریفل کشنیز ایک تولہ میں ملا کر سوتے وقت گرم پانی سے کھالیا کریں۔ کیسا ہی درد ہو اور کتنے ہی دنوں کا کیوں نہ ہو۔ دو ہفتہ یہ دوا کھانے سے مکمل آرام ہو جاتا ہے۔ بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔ یہ دوا گلے کے پھولنے میں یعنی گھیگھا میں بھی مفید ہے۔ (مؤلف)

## ۱۱۔ حب شفا دردِ چشم اور دردِ کان وغیرہ کے لیے مجرب ہیں

سیاہ تخم دھتورہ ا تولہ، ریوند چینی ۸ ماشہ، سونٹھ ۴ ماشہ، گوند ببول ۴ ماشہ۔ خوب باریک پیس کر گولیاں چنے کے برابر بنا کر رکھ لیں۔ دردسر، دردِ چشم، دردِ قولنج، کان کا درد وغیرہ میں صرف ایک گولی کھانا انجکشن کا کام کرتی ہے۔

نوٹ: یہ گولیاں جس قدر باریک دوا ہوگی، اتنی ہی زیادہ کارآمد ثابت ہوں گی۔ اس کے علاوہ بھی بہت سی بیماریوں میں کارآمد ثابت ہوئی ہیں۔ اگر گولیاں بنا کر ۴۱ مرتبہ سورۃ یٰسٓ شریف پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں تو قریب قریب ہر مرض میں مختلف بدرقوں کے ساتھ استعمال کر کے نفع حاصل کیا جا سکتا ہے۔ (مؤلف)



Marfat.com

## ۱۲۔ آشوبِ چشم

یعنی آنکھ دُکھنے میں اطریفل زمانی: ۳ تولہ۔ اطریفل اسطوخودوس ۳ تولہ ہموزن باہم ملائیں۔ سوتے وقت ۹ ماشہ گرم پانی سے کھالیا کریں۔ سر کے متعلق تمام بیماریوں میں اکسیر ثابت ہوتی ہے۔ کان کا بہنا یا بہرا پن بہت مشکل سے جاتا ہے۔ اگر یہ دوا ۴۰ روز برابر استعمال کرائی جائے ان شاء اللہ تعالیٰ کامل شفاء ہو۔ دورانِ علاج گوشت اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ (مؤلف)

# امراضِ چشم کے مجرّب عمل

## ۱۳۔ عمل حدّتِ بصر و دفع درد چشم

چاہیے کہ یہ دعا ے بار پڑھ کر دم کرے شفا ہوگی:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط فَارۡجِعِ الۡبَصَرَ هَلۡ تَرٰى مِنۡ فُطُوۡرٍ ○ ثُمَّ ارۡجِعِ الۡبَصَرَ كَرَّتَيۡنِ يَنۡقَلِبۡ اِلَيۡكَ الۡبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيۡرٌ ط وَاِنۡ يَّكَادُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَيُزۡلِقُوۡنَكَ بِاَبۡصَارِهِمۡ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكۡرَ وَيَقُوۡلُوۡنَ اِنَّهٗ لَمَجۡنُوۡنٌ ○ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكۡرٌ لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ○

۱۴۔ دیگر: یہ نقش کسی چینی کی رکابی پر لکھے اور اس کو ہری مکو کے عرق سے دھو کر قدرے افیون گھس کر آنکھ کے اوپر لیپ کر دے۔ ان شاء اللہ پھر کسی دوا کی ضرورت نہ پڑے گی۔ کیسا ہی سخت آشوبِ چشم کیوں نہ ہو دفع ہو جائے گا۔ اگر وقت پر یہ دونوں چیزیں نہ ملیں تو پانی سے دھو کر آنکھ پر لگائیں مجرب ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| یا بصیر | یا بصیر | یا بصیر | یا بصیر |
| یا سمیع | یا سمیع | یا سمیع | یا سمیع |
| یا حٰمٓ | یا حٰمٓ | یا حٰمٓ | یا حٰمٓ |
| ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |

## ۱۵۔ سرمہ کا نسخہ مجرب اور بہت آسان

سرمہ دانی میں ایک لونگ پھول دار ڈال دیں۔ ایک ماہ کے بعد وہ نکال کر علیحدہ کر دیں۔ دوسری لونگ پھول دار ڈال دیں۔ اسی طرح ہر ماہ لونگ تبدیل کر دیا کریں اور وہی سرمہ روز لگایا کریں۔ ان شاء اللہ عمر بھی کبھی آنکھ میں کوئی شکایت نہ ہوگی اور اگر نظر کمزور ہوگئی ہے تو اس کی مداومت سے روشنی بڑھ کر چشمہ کی عادت چھوٹ جائے گی۔ مجرب ہے۔ فقیر (مؤلف) کی رائے سے ہر لونگ ٹوپی دار پر اگر ۲۱ بار درود شفا پڑھ لیا کریں تو بہت ہی زود اثر ہو۔ یہ فقیر کا تجربہ شدہ ہے۔ درود شفاء یہ ہے۔



Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَ دَوَآئِھَا وَعَافِیَةِ الْاَبْدَانِ وَ شِفَائِھَا وَ نُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَ اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ دَآئِمًا اَبَدًا۔

## ۱۶۔آنکھ کی روشنی کو واپس لانے کا نہایت نفیس قابل قدر عمل

ایک صاحب نے اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کی خدمت میں عرض کی روشنی بہت کم ہے، فرمایا

① آیۃ الکرسی شریف یاد کر لیجیے، ہر نماز کے بعد ایک بار پڑھیے اور پڑھتے ہوئے جب اس کلمہ پر پہنچیں۔ وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا اس وقت دونوں ہاتھوں کی انگلیاں آنکھ پر رکھ کر اس کلمہ کو گیارہ بار کہیں پھر ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر لیں۔

② بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نور۔ نور ۹ جگہ سفید چینی کی طشتری پر اسی طرح لکھیں کہ واؤ اور میم کے سر کھلے رہیں اور آب زمزم شریف نہ ملے تو آب باراں یعنی بارش کا پانی وہ بھی نہ ملے تو تازہ پانی سے دھو کر ۲۵۶ بار اس پر یانور پڑھ کر دم کرے اول آخر یہ درود شریف تین تین بار پڑھیں۔ اَللّٰھُمَّ یَا نُوْرَ النُّوْرِ صَلِّ عَلٰی نُوْرِكَ الْمُنِیْرِ وَ اٰلِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ پھر یہ پانی آنکھوں پر لگائیں اور باقی پی لیں۔

③ ٹھلیا کے تعویذ کا چلہ کریں۔ پھر فرمایا یہ عمل ایسے قوی التاثیر ہیں کہ اگر اعتقاد ہو تو ان شاء اللہ تعالیٰ گئی ہوئی آنکھیں واپس آجائیں گی۔ ٹھلیا کا عمل تپ دق کہنہ و دق کے باب میں ملے گا۔

## ۱۷۔نکسیر پھوٹنے کا بہترین عمل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۵ انگشت شہادت سے لکھتا ہوا ناک سے سر پر لے جائے ۳ بار ایسا ہی کرے۔ ان شاء اللہ خون بند ہو۔ (مؤلف)

## ۱۸۔کان بہنے کے لیے اور کان کے درد کے لیے

اطریفل زمانی، اطریفل اوسطو خودوس، لعوق سپستان ہم وزن ملا کر رکھ لے۔ صبح و شام چھ چھ ماشہ استعمال کرے۔ بہرے پن کو بھی مفید ہے۔ (مؤلف) کسی چینی کی پلیٹ پر لکھ کر روغن گل سے دھو کر شیشی میں محفوظ کر لیں۔ جب کسی کے کان میں درد ہو تو دو تین قطرے چمچے میں لے کر نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں۔

## ۱۹۔دیگر

اسی طرح یہ کلمات مع بسم اللہ پڑھ کر دم کر لے، وہ کلمات اور اسماء یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰی یَا خَالِقُ یَا صَادِقُ یَا فَارِقُ یَا دَافِعُ یَا رَازِقُ یَا شَافِعُ



Marfat.com

یَا سَابِقُ سُبْحٰنَکَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط

## ۲۰۔ درد دندان

ف ر ع و ن غ ر ق ش د (فرعون غرق شُد)

ترکیب: یہ حروف یاد کرلیے جائیں۔ اگر داڑھ یا دانت یا منہ کے اندر کسی جگہ درد ہو تو اسی طرف کے رخسار پر کلمہ کی انگلی سے یہ حروف لکھے۔ تین مرتبہ کے لکھنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ درد رفع ہوگا۔

## ۲۱۔ دردہائے کہنہ

لَاحَیَّ یُوْحَیَّ لِیْھَیٰ ان کلمات کے اثرات بھی حیرت انگیز ہیں۔ جسم میں خواہ کسی جگہ درد ہو اور خواہ کسی سبب سے ہو شہادت کی انگلی سے لکھے اور دریافت کرے، اگر باقی رہے پھر دوبارہ اور اسی طرح سہ ۳ بار، غرض تین مرتبہ میں کیسا ہی درد ہو، مریض درد کے مارے سر پھوڑتا ہوا ہو بفضلہٖ تعالیٰ شفاء یاب ہوگا۔

## ۲۲۔ دندان کا عجیب عمل

یہ عمل تین بار پڑھ کر اپنی انگلی پر دم کر کے دانتوں پر ملے ان شاء اللہ تعالیٰ درد رفع ہوگا اور اگر منجن کسی قسم کا ملے اور اس پر عمل کرے تو دانتوں کی تکلیف سے ہمیشہ محفوظ رہے گا۔ عمل یہ ہے۔ "چار کمائیں بتیس کھائیں ہم تم مل سب ساتھ ہی جائیں واسطے قطب عالم کے ایک کو چھوڑ ایک نہ جائے۔"

## ۲۳۔ دانت عمر بھر خراب نہ ہونے کا لاجواب عمل

(مؤلف) فقیر کے ایک پیر بھائی جن کی عمر کچھ کم سو برس تھی اپنے دانتوں سے گنا کھالیتے تھے اور فرماتے تھے کہ جب میں گنا کھاتا ہوں تو میرے دانتوں پر جوان آدمی رشک کرتے ہیں۔ فقیر نے ان سے دانتوں کی محفوظی اور مضبوطی کا سبب دریافت کیا تو فرمایا اعلیٰ حضرت عظیم البرکت رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے بچپن میں یہ عمل بتایا تھا کہ عشاء کے وتر جب پڑھے جائیں تو پہلی رکعت میں بعد الحمد سورۂ اذا جاء (سورہ نصر) دوسری میں تبت یدا اور تیسری میں سورۂ اخلاص پڑھنے سے دانت عمر بھر تکلیف سے محفوظ رہتے ہیں۔ جب سے میں اسی طرح پڑھتا ہوں اور اسی عمل کی برکت سے یہ ہے۔ فقیر نے خود بھی اس پر عمل کیا اور اپنے اکثر احباب کو بتایا۔ سب نے اس پر عمل کیا اور اپنے اس عمل کی تعریف کی۔

## ۲۵۔ ہلتے دانت جمانے کا نسخہ

(مؤلف) ایک صاحب نے فقیر کو یہ نسخہ بتایا کہ میری بتیسی ہل رہی تھی، سوائے پتلے چاول کے کچھ کھا نہیں



Marfat.com

سکتا تھا، مگر اس کے استعمال سے آج میں ہڈی چبالیتا ہوں، مگر اس کے بعد ایک بزرگ نے بھی اس نسخہ کی تعریف کی، تب اس کی آزمائش کی تو بڑا اقوی التاثیر پایا۔ ہلتے دانت جما دیتا ہے۔ پائریا کو جلد آرام کر دیتا ہے۔ یعنی پیپ کو جلا دیتا ہے، خون کو بند کرتا ہے، بدبو کو فوراً ختم کر دیتا ہے۔ دانت میں کیسا ہی درد ہو دور کرتا ہے۔ نسخہ یہ ہے سپاری چکنی ۲ تولہ، مازوپھل ایک تولہ، پھٹکڑی کی کھیل ا تولہ، نیلا تھوتھا ا تولہ، ہرڑ ایک تولہ، بھیڑہ ایک تولہ، بنسلوچن ۶ ماشہ، پھول کتھ ۳ ماشہ، کافور ۲ ماشہ۔ باریک پیس کر کم سے کم تین بار دن میں دانتوں پر ملیں درد فوراً دور ہو جاتا ہے۔ پائریا کے لیے بھی اکسیر ثابت ہوا ہے۔ فائدہ حاصل کریں اور فقیر کے لیے دعا کریں۔

## گھیگھا یعنی گلے کا پھولنا

یہ اسماء پڑھ کر دم کرے اور یہی لکھ کر گلے میں باندھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰى يَا مَنْ خَلَقَنِيْ وَسَوَّانِيْ يَا مَنْ رَّزَقَنِيْ وَرَبَّانِيْ يَا مَنْ اَطْعَمَنِيْ وَسَقَانِيْ يَا مَنْ تَوَاسَنِيْ وَاٰدَنَانِيْ يَا مَنْ عَصَمَنِيْ وَكَفَانِيْ يَا مَنْ حَفِظَنِيْ وَكَلَانِيْ يَا مَنْ وَقَفَنِيْ وَهَدَانِيْ يَا مَنْ اَعَزَّنِيْ وَاَغْنَانِيْ يَا مَنْ اَمَاتَنِيْ وَاَحْيَانِيْ يَا مَنْ اَيَدَنِيْ وَوَلَّانِيْ سُبْحٰنَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔

۲۶۔ گلے کا پھولنا



محسوب ۸

یہ نقش لکھ کر گلے میں باندھے۔ نوٹ: باندھتے وقت حسب حیثیت نیاز حضور پُرنور غوث اعظم و نیز جملہ پیران عظام و اعلیٰ حضرت رضوان اللہ تعالیٰ عنہم کی ضرور دلائے۔ ان شاء اللہ شفاء ہو۔

۲۷۔ دیگر

یہ مرض اگرچہ مہلک تو نہیں مگر اس سے صورت بدنما ہو جاتی ہے۔ خصوصاً نوعمر لڑکیوں کو یہ مرض اکثر لاحق ہوتا ہے۔ یہ آیت معہ بسم اللہ پڑھ کر گلے میں باندھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ۔

۲۸۔ دیگر: یہ تعویذ لکھ کر گلے میں باندھے۔ نوٹ: اس پر ۷۸۶ نہ لکھا جائے اور الٹے بازو پر باندھا جائے۔ یہ دونوں عمل بھی مجربات سے ہیں۔

| | |
|---|---|
| مطسه | مطسه |
| مطسه | مطسه |



111662

### ۲۹۔ برائے کنٹھ مالا

(والعیاذ باللہ تعالیٰ) سات تار نیلے سُوت کی مریض کے قد کے برابر یعنی مریض کو کھڑا کر کے اس کی پیشانی کے بالوں سے ناخن پا تک بالکل ٹھیک ناپے اور اس میں ۴۱ گرہ دے اور ہر گرہ پر مع اعوذ باللہ اور بسم اللہ یہ دعا پڑھے اور دم کرے اور گنڈہ بنا کر مریض کے گلے میں ڈالے۔ باذنہ تعالیٰ شفا ہو۔ دعا یہ ہے:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَةِ اللّٰهِ وَقُوَّةِ اللّٰهِ وَعَظْمَةِ اللّٰهِ وَبُرْهَانِ اللّٰهِ وَسُلْطٰنِ اللّٰهِ وَ كَنَفِ اللّٰهِ وَجِوَارِ اللّٰهِ وَاَمَانِ اللّٰهِ وَحِرْزِ اللّٰهِ وَ كِبْرِيَآءِ اللّٰهِ وَنَظَرِ اللّٰهِ وَبِهَاءِ اللّٰهِ وَجَلَالِ اللّٰهِ وَ كَمَالِ اللّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ مَآ اَجِدُ وَ كِبْرِيَآ اللّٰهِ وَنَظْرِ اللّٰهِ وَبِهَاءِ اللّٰهِ وَ جَلَالِ اللّٰهِ وَ كَمَالِ اللّٰهِ وَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ مَآ اَجِدُ (در محل خنازیر بہ بندد)۔

## اعمال امراض قلب (دل کا دھڑکنا)

### ۳۰۔ دل کی سوزش و گھبراہٹ

سورۃ الطارق کسی کھانے یا پینے کی چیز پر اول و آخر درود شریف ۳۳ بار پڑھ کر دم کر کے کھلائے حق تعالیٰ شفا دے گا۔

### ۳۱۔ برائے وسواس شیطان

سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ہر نماز کے بعد ۱۳ مرتبہ مع درود شریف اول و آخر ۳ بار مجرب ہے۔

### ۳۲۔ دل کی ہر قسم کی بیماریوں کے لیے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ دل مارا کُن مُسْتَقِيْمُ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۔

اول آخر درود پاک ۱۱۔ ۱۱ بار اس عمل سے بہت سے کام نکل سکتے ہیں مثل مشہور ہے۔ یک من علم را دہ من عقل باید یعنی ایک من علم کے لیے دس من عقل کی ضرورت ہے۔

## ۳۴۔ برائے اختلاج قلب

یہ نقش اس طرح لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے۔ کہ نقش دل پر رہے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| العلی | باللّٰہ | الا | ولاقوۃ | لاحول |
| العظیم | العلی | باللّٰہ | الا | ولاقوۃ |
| بسم اللّٰہ | العظیم | العلی | باللّٰہ | الا |
| الرحمٰن | بسم اللّٰہ | العظیم | العلی | باللّٰہ |
| الرحیم | الرحمٰن | بسم اللّٰہ | العظیم | العلی |

## نقش تطمئن القلوب

یہ نقش قلب کی تمام بیماریوں کے لیے ہے۔ بارہا کا مجرب وآزمودہ ہے۔ چاہیے کہ اس کی نقل چینی کی پلیٹ پر کر کے ۲۱ روز پلائے۔ اگر پڑھنے سے بچہ بھاگے یا ماں باپ کا حکم نہ مانے، شریر ہو، آوارہ ہو تو اس کا نقش کندہ کروا کر بچے کے گلے میں ڈالے اور ہر روز اسی نقش کو دھو کر پلائے۔ اسی طرح دل کی گھبراہٹ کے لیے پہنے اور دھو کر اس کا پانی پیے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ی | د | ا | ۵ |
| ۵ | ا | ۴ | ۱۰ |
| ۴ | ۱۰ | ۵ | ا |
| ا | ۵ | ۱۰ | ۴ |
| یابدیع السمٰوٰت والارض یاباقی | | | |

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم
لاحول ولا قوۃ الا باللّٰہ
العلی العظیم یااللّٰہ یا رحمٰن
یا رحیم. دل ماراکن مستقیم
بحق ایاک نعبدو ایاک نستعین
یاھادی یا ولی الایادی

## ۳۵۔ برائے قبض جریان۔ خون درایام حمل

یہ نقش لکھ کر اس کے نیچے یا چاروں طرف یہ دعا تحریر کر کے ناف پر یہ نقش موم جامہ کر کے باندھے اور یہی دعا پانی پر دم کر کے بھی پلائے۔ دعا نقش کے نیچے درج ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۲۵ | ۲۲۸ | ۲۳۲ | ۲۱۸ |
| ۲۳۱ | ۲۱۹ | ۲۲۴ | ۲۲۹ |
| ۲۲۰ | ۲۳۴ | ۲۲۶ | ۲۲۳ |
| ۲۲۷ | ۲۲۲ | ۲۲۱ | ۲۳۳ |

الـلـھـم صـلـی عـلـی سیـدنـا مـحـمـد والـہ
یـا قـابـض الـذی یـقـبـض بـحـق یـا قـابـض
بستـم خـون رواں فـلاں بـن فـلاں یـا قـابـض

## ۳۶۔ دافع ہیضہ و جملہ امراض شکم

ذیل کا نقش لکھ کر پرانے مگر پاک کپڑے سے لپیٹ کر بازو پر باندھے۔

ہ ہ ہ ہ ہ 6 ※ ۶ ۶ ۶ ۶ ۶ ۶ ۶ ۶ ہ د صم (ص کے دائرے کو کھینچ کر لکھیں کہ میم سے کٹ جائے)

### ۳۷۔ برائے دفع طاعون

یا لطیف لم یزل: الطف بنا فیما نزل: انت قوی نجنا: عن قھرك یوم الخلل لکھ کر دروازے پر چسپاں کرے۔ لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا: حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَة: اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی: وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَة۔

# عملیات وتعویذات برائے بخار ہر قسم

### ۳۸۔ برائے تپ ولرزہ

جو کوئی اس آیت شریف کو لکھ کر مثل تعویذ جاڑے بخار والے کے گلے میں ڈالے یا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر باری سے دو گھنٹے قبل دھو کر پلائے۔ ان شاء اللہ فی الفور شفاء پائے۔ آیت یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰی اِبْرٰهِیْمَ وَاَرَادُوْا بِهٖ کَیْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِیْنَ ۝

### ۳۹۔ دیگر بخار کی حدت کم کرنے کے لیے

یہ آیت ۷ بار پڑھ کر بخار والے پر دم کرے۔ حدت میں نمایاں کمی ہو اور مریض کو سکون حاصل ہو۔ آیت یہ ہے۔ لَا یَرَوْنَ فِیْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِیْرًا ۝

### ۴۰۔ خط بنام بخار:

یہ عبارت پڑھ کر مریض پر دم کرے اور یہی لکھ کر گلے میں ڈالے اور ایک جگہ لکھ کر مریض کو پانی دھو کر پلاؤ۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اسی دن باری سے نجات ہو۔ عبارت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط هٰذَا الْکِتَابُ مِنَ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ وَمِنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اِلَی الْحُمّٰی حَرُّهَا مِنْ حَرِّ جَهَنَّمَ وَبَرْدُهَا مِنْ زَمْهَرِیْرِ فَاِذَا جَآءَ کِتَابِیْ هٰذَا فَاخْرُجِیْ مِنْ جَسَدِ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَلَا تَاْکُلِیْ لَحْمَهٗ وَلَا تَشْرَبِیْ دَمَهٗ حَسْبِیَ اللّٰهُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

### ۴۱۔ دیگر عمل لرزہ بخار

باری کا بخار یا جاڑا بخار جو وقت مقررہ پر آ کر اتر جاتا ہے۔ چاہیے کہ مٹی کی کوری ٹھیکری ۳ عدد لے کر ایک پر یا مُحِیْطُ دوسری پر یا محیطط تیسری پر یا محیططا اور دوسری طرف لکیر "۱ ۲ ۳" اس طرح جیسے

نیچے بنادی ہیں بنادے اور ہدایت کردے کہ پہلے دن ایک لکیر والی ٹھیکری باندھے اگر اس سے نہ رکے تو دوسرے دن باری سے دو گھنٹے قبل ایک لکیر والی کھول کر رکھ لے اور دو لکیر والی ٹھیکری باندھے اگر اس سے نہ رکے تو تیسرے دن تین لکیروں والی باندھے۔ ان شاء اللہ تیسری باری پر یقیناً نجات ہوگی۔ بعد از صحت تمام ٹھیکریاں کسی کنویں یا دریا میں ڈال دیں۔ (مؤلف)

ملیریا کے زمانے میں اس کی عام شکایت دیکھی گئی ہے۔ جاننا چاہیے کہ ۳ باری آنے کے بعد اگر باقاعدہ علاج نہ ہو تو تلی بڑھنا شروع جاتی ہے۔ اس لیے عامل کو جاننا چاہیے کہ گندھک کا تیزاب ایک تولہ منگا کر پاس رکھ لیں اور تعویذات کے ساتھ یہ کریں کہ ایک سینگ تیزاب میں ڈبو کر ایک گلاس پانی یعنی جتنا کہ مریض پی سکے اس میں گھول کر مریض کو پلادے۔

ف: اس سے یہ ہوگا کہ آئندہ مریض کو جاڑا بخار نہ آئے گا۔ ورنہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ تعویذ اور عمل اپنا اثر ضرور دکھاتے ہیں جن سے باری رک جاتی ہے مگر چند دن کے بعد پھر آنے لگتی ہے اور اس کی وجہ وہی ہوتی ہے کہ تلی یا جگر میں خرابی آجاتی ہے۔ اس طریقے سے ان شاء اللہ مریض کو دوبارہ شکایت نہ ہوگی۔ نیز اگر چاہیں تو یہ نسخہ جو نہایت سستا اور انتہائی مجرب ہے۔ اگر ڈاکٹر صاحبان کو معلوم ہو جائے تو سیروں بنا کر رکھ لیں اس کے سامنے کونین کی کچھ حقیقت نہیں۔ کونین سے ملیریا بظاہر فوراً رفع ہو جاتا ہے مگر کونین کا بد اثر مہینوں باقی رہتا ہے۔ البتہ کونین کی طرح کڑوا بہت زیادہ ہے۔ سمجھدار تو جیسے بھی ہو کھا لیتے ہیں مگر بچوں کو کھلانا بہت مشکل ہوتا ہے۔ چاہیے کہ پانی میں گھول کر پلادیں۔ نسخہ یہ ہے۔ کٹکی ا تولہ، نرکچور ا تولہ، نوشادر ا ماشہ، اسی حساب سے جتنا چاہیں بنالیں۔ تینوں کو باہم ملا کر خوب کوٹ کر کپڑے میں چھان کر ڈبہ میں حفاظت سے رکھ لیں۔ خوراک ۳ ماشہ باری آنے سے قبل پانی کے ہمراہ دو گھنٹہ یا تین گھنٹہ کے بعد کھلائیں اور فقیر کے حق میں دعا کریں۔ نوٹ: اگر دوا ہضم نہ ہوتی ہو تو بہ ترکیب ذیل یہی سفوف کھلائیں۔

## ۴۴۔ تپ گرم یعنی صفراوی بخار کے لیے مجرب ہے

صفراوی بخار جس میں پیاس بہت ہوتی ہے اور بار بار پانی پیتا ہے، برف مانگتا ہے، انتہائی بے چینی ہوتی ہے۔ یہ آیات لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے ان شاء اللہ فوراً ہی تسکین ہو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ۔



Marfat.com

دیگر:

عرق بادیان ۱۰ تولہ میں آلو بخارا سات دانہ بھگودیں۔ ایک گھنٹے کے بعد تھوڑا تھوڑا پلائیں اور اوپر والی دوا ہضم نہ ہوتی ہو تو بھی اسی عرق کے ساتھ پلائیں۔

### ۴۳۔ دیگر نقش برائے بخار ہر قسم

یہ نقش لکھ کر اس کے نیچے مع بسم اللہ یہ آیت لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے، ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ نہایت مجرب عمل ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱۴۰ | ۱۱۴۳ | ۱ |
| ۱۱۴۲ | ۲ | ۷ | ۱۱۴۱ |
| ۳ | ۱۱۴۵ | ۱۱۳۸ | ۶ |
| ۱۱۳۹ | ۵ | ۴ | ۱۱۴۴ |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم و ننزل من القرآن
ما ھو شفاء ورحمۃ للمؤمنین ولا یزید الظلمین الا خسارا

### ۴۴۔ گنڈہ برائے بخار مجرب ہے

ترکیب مع عمل۔ سات تار کچے سُوت کے لے کر اس پر چاروں قل پڑھ کر گرہ لگائے اور گرہ لگاتے وقت یہ کہے بستم وقفل کردم بنام فلاں (یہاں مریض کا نام لے) بحق لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ اسی طرح چودہ بار چاروں قل پڑھے اور چودہ گرہ لگائے اور بخار والے کے گلے میں ڈالے۔ اللہ کی قدرت سے ان شاء اللہ شفاء کامل حاصل ہوگی۔

**نوٹ:** اگر بعد نماز ظہر یہ گنڈہ تیار کرے تو زیادہ موثر ہے۔

### ۴۵۔ جاڑے بخار کے لیے مجرب ہے

پیپل کے تین پتوں پر ۳ دن ذیل کی آیت لکھ کر چٹائے ان شاء اللہ تعالیٰ لرزہ نہ آئے گا۔ ایک گھنٹہ قبل چٹانا ضروری ہے۔ آیت یہ ہے فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

### ۴۶۔ برائے تپ ولرزہ

ہر مرض کے لیے ۱۵ کا یہ نقش مفید ہے۔ یہ نقش موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱ | ۸ |
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۲ | ۹ | ۴ |

### ۴۷۔ بخار کے لیے مجرب ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا لکھ کر گولی بنا کر گڑ میں لپیٹ کر کھلائے



Marfat.com

(مؤلف) فقیر نے دق کے پرانے بخار والے کو دیا الحمدللہ بخار ٹوٹ گیا۔ ایسے مریضوں کو ۲۱ گولی لکھ کر دے۔ ایک روز کھلائے، بیچ میں ناغہ نہ کرے۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

## ۴۸۔ دیگر جاڑا بخار بلکہ ہر بیماری کے لیے مجرب و آزمودہ ہے

چاہیے کہ نابالغ لڑکی کے ہاتھ سے کچا سوت کتوا کر سات تار یکجا کرے (دو گز کافی ہوگا)۔ پھر سورہ الم نشرح بترکیب ذیل سات بار پڑھے اور ہر بار دم کر کے گرہ لگاتا جائے یہاں تک کہ سات گرہ لگ جائیں۔ پھر مریض کے گلے میں ڈالے۔ پڑھنے کی ترکیب یہ ہے

اَلَمْ نَشْرَحْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ وَسَلَّمَ لَکَ صَدْرَکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْکَ وَسَلَّمَ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَھْرَکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْکَ وَسَلَّمَ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْکَ وَسَلَّمَ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْکَ وَسَلَّمَ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْکَ وَسَلَّمَ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْکَ وَسَلَّمَ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْکَ وَسَلَّمَ۔ تپ فلاں بن فلاں (نام وولدیت) دفع شود۔

**نوٹ**: اگر بخار کے سوا کوئی اور مرض ہو تو اس مرض کا نام لے اور فلاں کی جگہ پر مریض کا نام لے اور بن فلاں کی جگہ ماں کا نام لے (مؤلف) اس عمل کی تعریف لکھنے سے قاصر ہے۔ (دیگر اس عمل میں یا محمد ﷺ ہے، بجائے یا محمد ﷺ کے یا رسول اللہ ﷺ لکھا ہے ۱۲ منہ) مؤلف

## ۴۹۔ دیگر برائے بخار رقعہ حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لکھ کر گولی بنا کر مریض کو کھلا دے اور رقعہ لکھ کر گلے میں ڈالے۔ برادرم تپ را غلام میراں محی الدین غوث الثقلین آنکہ اگر در وجود (فلاں بن فلاں خواہی ماند فرد ادر گور قاضی رشوت خوار گرفتار خواہد شد خبر کردن شرط است بگریز بگریز بگریز ۳ بار (نوٹ) حسب مقدور شیرینی پر فاتحہ حضور غوث اعظم دے۔

## ۵۰۔ تپ کہنہ اور دق بخار کا عجیب وغریب عمل

پرانے بخار کے لیے چاہیے کہ رات کو مٹی کے برتن میں پانی بھر کر شبنم میں رکھ دے صبح بعد نماز فجر اس پانی پر الحمد شریف مع بسم اللہ اس طرح پڑھے کہ بسم اللہ کی آخری میم الحمد شریف کے لام میں ملا کر پوری ایک سانس



Marfat.com

میں پڑھے، اسی طرح سات بار پڑھے۔ پھر آیۃ الکرسی ایک بار پھر آخری تینوں قل ۳۔۳ بار اول و آخر درود شریف ۳۔۳ بار پانی پر دم کرے۔ پھر اس پانی کو مریض کے سینہ اور چہرہ پر خوب زور اور پوری طاقت سے چھینٹا دے اور اگر مریض عورت ہے تو اس کا شوہر یا کوئی محرم رشتہ دار چھینٹا دے اور مرد ہے تو کوئی بھی چھڑک سکتا ہے اور چھڑکتے وقت یہ کہے: اَللّٰھُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ بِصِدْقِ رَسُوْلِكَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اور عورت ہو تو عبدك کی بجائے اَمَتَكَ کہے۔ اسی طرح نو (۹) روز بلا ناغہ کرے اور دو گھونٹ وہ پانی مریض کو پلاوے۔

## ۵۱۔ ٹھلیا کا نقش مع ترکیب برائے دق وسل و نابینائی:

اجب یا جبرئیل ۷۸۶ یا بدوح

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۲۶۶ | ۱۱ | ۸ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۲۶۵ |
| ۶ | ۹ | اللّٰھم اشف عبدك فلاں بن فلاں | ۳ |
| ۱۲۶۷ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

اس نقش کا چلہ تقریباً دو ماہ کا ہے۔ یہ نہ صرف آنکھوں کی بیماریوں کے لیے ہے بلکہ ہر قسم کی بیماریاں یہاں تک کہ دق کے مریض کے لیے بھی مجرب ہے۔ بارہا کا آزمودہ عمل ہے۔ چاہیے کہ ۲۱ تعویذ لکھے اور دو ٹھلیاں منگائے۔ ایک میں پانی بھر کر ایک تعویذ ڈال دیں اور تین دن وہی پانی پلایا جائے اور ہر تیسرے دن ٹھلیا اور تعویذ تبدیل کر دیا کریں اور اس خالی ٹھلیا کو دھوپ میں رکھ کر خشک کر لیا کریں۔ چلہ ختم نہ ہونے پائے گا کہ بفضلہ تعالیٰ شفایاب ہوگا۔ دق وسل یا دیگر ایسے مریض کو دوا کم اثر کرتی یا بالکل اثر نہ کرتی ہو چاہیے کہ نقش محیط الاسرار مع تکسیر جنہ شرف آفتاب کا کندہ کیا ہوا۔

## ۵۲۔ چیچک، خسرا، موتی جھارا وغیرہ

اگر چیچک یا خسرا نہ نکلی ہو تو ان شاء اللہ نہ نکلے گی لکھ کر گلے میں باندھے اور اگر آئی ہو تو چینی کی رکابی پر لکھ کر زم زم شریف سے اگر نہ ملے تو بارش کے پانی سے اور یہ بھی نہ ملے تو تازہ پانی سے دھو کر پلائیں۔ ان شاء اللہ صحتِ کامل ہو۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ بَلْ اِیَّاہُ تَدْعُوْنَ فَیَکْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَیْہِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِکُوْنَ ط

## ۵۳۔ دیگر چیچک سے محفوظ رہنے کے لیے مجرب ہے

نیلا سوت لے کر ۱۱ مرتبہ الحمد شریف مع بسم اللہ کے اس طرح پڑھے کہ آخر کی میم الحمد میں ملا کر پڑھے اور ہر

باردم کر کے گرہ لگاتا جائے، بعدہٗ گلے میں ڈالے اور اپنی وسعت کے لائق ایک خوراک یا دو خوراک کھانا تصدق کرے۔

## ۵۴۔ دیگر برائے چیچک مجرب المجرب ہے

جیسے ہی بخار شروع ہو اور چیچک کا شبہ ہو یا نکلنا شروع ہو یہ لکھ کر گلے میں ڈالے۔ اگر نہ نکلی ہوگی تو ان شاء اللہ نہ نکلے گی اور اگر نکل آئی ہوگی تو نہایت آسانی سے نکل کر مریض تندرست ہو جائے گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| المسعم ۸ | ۱۱ علىهم عىر المعصوب | امس ۱۴ | ۱ الحمدللّٰه |
| ولاالصالس ۱۳ | رب العلمس ۲ | اهدىا الصراط ۷ | علىهم ۱۲ |
| الرحمں الرحىم ۳ | ىسم اللّٰه ۱۶ | صراط الدس ۹ | واىاك ىسعس ۶ |
| انعمت ۱۰ | اىاك ىعىد ۵ | مالك ىوم الدس ۴ | الرحمں الرحىم ۱۵ |

نوٹ: اس نقش میں الحمد شریف کو بغیر نقطہ لکھا جائے اور جس طرح ۱۔۲ پڑے ہیں، اسی ترتیب سے ہر کلمہ کو لکھے۔ ترتیب وار نمبروں میں لکھتے وقت غلطی نہ ہو اور عامل نقش میں ۱، ۲، ۳ نہ لکھے یہ صرف چال بتانے کے لیے لکھ دیے ہیں۔

## ۵۵۔ عمل دیگر برائے چیچک مجرب و مفید ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سِمتلا تُرا قاضِی طَمّبُ بریبی دعا گنفنے۔ لڑکا ہو تو سیدھے کان میں اور لڑکی ہو تو الٹے کان میں تین بار دم کرے اور شیرینی پر حسب مقدور فاتحہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم اور حضرت پیران پیر دستگیر رضی اللہ عنہ کی دے کر بچوں کو تقسیم کر دے۔ اگر نہیں نکلی ہے ان شاء اللہ ہرگز نہ نکلے گی ورنہ بآسانی برآمد ہو کر مریض بہت جلد شفایاب ہوگا۔ نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

## ۵۶۔ رشتہ یعنی نارو کا مجرب نقش

نارو کے لیے ہفتہ کے دن سات نقش لکھ کر دے اور ہر روز گڑ میں لپیٹ کر مریض کو سات دن کھلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| عـو | عـو | عـو | عـو |
| عـو | عـو | عـو | عـو |
| عـو | عـو | عـو | عـو |
| عـو | عـو | عـو | عـو |



Marfat.com

## ۵۷۔ دیگر عمل سلطان المشائخ

حضرت سلطان المشائخ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی یہ تین کلمات اللّٰہُ الشافی اللّٰہ الکافی اللّٰہ المعافی۔ لکھ کر مریض کے گلے میں (اسی طرح جدھر نارو ہے، باندھے) بہت جلد شفا ہوگی۔ سلطان المشائخ کے پاس کوئی بھی مریض آتا تھا۔ خواہ کسی قسم کی بیماری کا ہو تو آپ یہی تین کلمے لکھ کر مریض کو دیتے سب کو شفا ہوتی۔ باذن اللہ تعالیٰ۔

## ۵۸۔ دیگر عمل عجیب

اسم یاسلام ۱۱۱ بار پڑھے اول آخر درود شریف ۳۔۳ بار اور مریض پر دم کرے اور اگر مریض نہ آسکے اور عامل بھی نہ پہنچ سکے تو وہیں اپنے مقام پر پڑھے اور وہیں سے اس طرف منہ کر کے مریض کا تصور کر کے دم کرے۔ ان شاء اللہ صحت ہوگی۔

## ۵۹۔ نقش عجیب وغریب

برص، جذام، ہیضہ، طاعون، درد شکم، متلی، قے غرض جمیع امراض میں مجرب و آزمودہ ہے۔ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے منقول ہے کہ جو شخص محض اس نقش کو ایک کاغذ پر لکھ کر پرانے کپڑے میں لپیٹ کر بازو پر باندھے آسیب اور ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔



نوٹ: (ص کا دائرہ میم سے کٹے گا)

## ۶۰۔ برائے دفع قے

سورۂ طارق پڑھ کر کسی کھانے یا پینے کی چیز پر دم کر کے کھلاوے یا پلاوے، مجرب و آزمودہ ہے۔

## ۶۱۔ برائے دفع طحال یعنی تلی

اول کپڑا تہہ کر کے پانی میں تر کرے اور تلی کے مقام پر رکھے اس کے اوپر ناریل کے پوست کا نصف ٹکڑا رکھے اور اس میں تعویذ رکھے پھر اوپر سے آگ رکھے کہ تعویذ بالکل جل جائے اور کوئی اثر باقی نہ رہے۔ اس سے تلی کے مقام پر آبلہ پڑ جائے گا۔ اس پر دھویا ہوا گھی مل کر کسی قسم کا مرہم لگائے۔ ان شاء اللہ تلی کا اثر باقی نہ رہے گا





Marfat.com

## ۶۲۔ دیگر

بینگن صاف اور سات کانٹے ببول (کیکر) کے لے اور ہر کانٹے پر ۳۔۳ بار سورہ قریش پڑھ کر دم کرے بعد ۶ کانٹے بینگن کے بیچ میں رکھے اور ایک کانٹا اس کے اوپر چبھو کر مریض کے اوپر لٹکا وے یعنی جہاں مریض سوتا ہو اور گیارہ روپے کی نیاز حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی دلا دے۔

## ۶۳۔ برائے مرگی مجرب ہے

| ع | ۷۸۶ | ع |
|---|---|---|
| ۹ | ۵ | ۷ |
| ح | د | د |

اس طرح اس نقش کو لکھے کہ بروز چہار شنبہ ایک نقش لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے بازو پر باندھے، اسی طرح ہر بدھ کو ایک ایک نقش لکھ کر جدا جدا بازو پر باندھتے رہیں۔ جب ساتواں بدھ آئے تو ساتواں نقش لکھ کر اور پچھلے چھ نقش جو مریض کے بازو پر باندھے ہیں سب کو یکجا کرے اور سب کو موم جامہ کر کے ایک جگہ سی کر مریض کے بازو پر باندھے بفضل شافی حقیقی شفا ہوگی۔

## ۶۴۔ مرگی یا مرگی کی طرح کے دورہ کا مجرب نقش خاص کر ام صبیان کے لیے

ایک ٹکڑا بیخ مرجان کا اور ایک گرہ عودِ صلیب کہ دونوں چیزیں دوا فروشوں سے مل سکتی ہیں، لے کر اسی نقش کے ہمراہ ایک تعویذ بنا کر مریض کے گلے میں ڈالے۔

| دوسری طرف | ایک طرف |
|---|---|
| بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم |
| یا مذل کل جبار عنید | |
| بقھر عزیز سلطانہ یا مذل | یا مخلص لہ الدین |

ان شاء اللہ تعالیٰ مرگی سے نجات ہو۔ یہ نقش مہینے کی چاندرات کو خاص غروب کے وقت لکھے جائیں اور صبح یعنی پہلی تاریخ کو خاص طلوع کے وقت کندہ کیے جائیں۔

**نوٹ:** یاد رکھیے کہ طلوع اور غروب کا وقت صرف ۲۰ منٹ کا ہے۔ اسی کے اندر تیار ہوں گے۔

## ۶۵۔ امتحان وقت دورہ

چوراہے میں پڑا ہوا ٹھیکری کا ٹکڑا لا کر محفوظ رکھے، جس وقت دورہ پڑے یہ ٹھیکری مریض کے سینے پر رکھے اگر مریض ہنسے خلل دیو یا آسیب وغیرہ ہے ورنہ مرض تصور کرے اور حکیم کا علاج کرے۔ خلل کی صورت میں نقش تکسیر جنہ بھی اس اوپر والے نقش کے ساتھ پہنائے ان شاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔



Marfat.com

## ٦٦۔ عمل برائے مرگی مجرب ہے



اس شکل کا تعویذ بنائے اور ۴۱ مرتبہ درود شریف شفاء پڑھ کر دم کر کے مریض کی ناف پر باندھے ان شاء اللہ تعالیٰ شفاء ہو مجرب ہے۔

## ٦٧۔ برائے سنگ مثانہ وگردہ اور نقشِ درود شفاء

یہ نقش چاندی کے پتر پر کندہ کرے۔ دوسری طرف درودِ شفاء اور روزانہ اس کو دھو کر مریض کو پلائے، ان شاء اللہ چند روز میں پتھری پیشاب کے ساتھ گھل کر نکل جائے گی۔

نقش سنگ مثانہ

| | | |
|---|---|---|
| | ١ | |
| ۴ | ١٠ | ٦ |
| | ٩ | |

۷۸٦ نقش درود شفاء

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٦٦١ | ٦٦۴ | ٦٦۷ | ٦٥۴ |
| ٦٦٦ | ٦٥٥ | ٦٦٠ | ٦٦٥ |
| ٦٥٦ | ٦٦٩ | ٦٦٢ | ٦٥٩ |
| ٦٦٣ | ٦٥٨ | ٦٥۷ | ٦٦٨ |

**نوٹ:** چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر بھی پلایا جاسکتا ہے۔

## ٦٨۔ درد گردہ کا مجرب نسخہ

سونف، تخم خربوزہ، چھوٹا گوکرو۔ تینوں دوائیں ایک ایک تولہ لے کر ہاون دستہ میں خوب کوٹیں پھر سل پر پانی ڈال کر دواؤں کو باریک پیس کر شیرہ نکالیں اور چھان کر قدرے شکر ملا کر شربت بنالیں۔ پہلے ایک عدد بڑی ہرڑ کا مربہ کھائیں۔ اس کے دس منٹ بعد یہ شربت نیم گرم پی لیں۔ ان شاء اللہ ۳ دن اور زیادہ سے زیادہ ۷ دن میں پتھری ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستہ خارج ہو جائے گی اور درد کافور ہو جائے گا۔ یہ نسخہ حضرت شاہ جی میاں شیر محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا بتایا ہوا اور بار ہا کا آزمودہ ہے۔ نوٹ: گردہ اور مثانہ کے مریض کو چاول ہمیشہ نقصان کرتا ہے۔

## ٦٩۔ بواسیر کے لیے نقش



بروز اتوار پہلی ساعت میں یہ نقش لکھ کر زوال کے بعد کمر میں باندھے۔ نقش یہ ہے۔

## ۷۰۔ برائے بواسیر مفید وکارآمد عمل

استنجا کرنے کے بعد مسّے کو پکڑ کر یہ دعا پڑھے اور ہاتھ پر دم کرے اور ہاتھ کو مسے پر پھیرے۔ دعا یہ ہے خواجہ عبداللہ برزنجی تازی سوار دیوان بیابانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔



Marfat.com

## ۷۱۔ برائے دفع بواسیر خونی وبادی

ہر روز دو رکعت نماز پڑھے اول رکعت میں بعد الحمد وسورۃ کے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ ایک بار پڑھے چند روز ایسا کرنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ اس موذی مرض سے نجات مل جائے گی۔ پڑھنے کا وقت بعد طلوع آفتاب بہتر ہے۔ مؤلف: درودِ شفاء یا نقش درودشفاء چینی کی پلیٹ پر لکھ کر خونی وبادی بواسیر کے لیے پلائے اور اوپر کی عبارت بھی ساتھ میں لکھیں۔ دن میں کم از کم ۳ پلیٹ پلائی جائیں۔ فقیر نے اس سے بڑے بڑے کام لیے ہیں۔ بس یوں سمجھ لیجیے کہ میرے عمل میں ہے یعنی نقش درودِ شفاء ہر مرض کے لیے مجرب ہے۔ اب یہ کام حکیم کا ہے کہ کسی نسخہ میں کوئی دوا بڑھا دی اور کسی میں گھٹا دی۔ یک مَن علم را دہ مَن عقل باید کا مضمون ہے۔ اگر کسی مریض پر آسیب وغیرہ کا خلل ہو تو اسی نقش کے ساتھ یا پشت پر نقش سیفی کندہ کرا کر مریض کو پلایا جائے بلکہ ہر نقش کے ساتھ درودِ شفاء دی جائے تو نورٌ علیٰ نور ہے کیا کہنا۔

**نوٹ:** نقش سیفی کی تعریف آگے ملاحظہ فرمایئے۔

## ۷۲۔ ناف کا ٹلنا

وَ جَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ

اس آیت کو لکھ کر ناف پر باندھے موم جامہ کر لے۔

## ۷۳۔ دیگر پندرہ کا نقش

یہ نقش ہر کام کے لیے مجرب ہے خاص کر ناف کے لیے بہت ہی مفید ہے۔ چاہیے کہ لکھ کر اگر مرد ہو تو سیدھے بازو پر اور عورت ہو تو الٹے بازو پر باندھے اور اگر دردِ سر سے پریشان ہو تو چاہے کہ شروع ماہ کے پہلے اتوار کو لکھے پھر تین بار درود ۳ بار قل ہو اللہ پڑھ کر تعویذ پر دم کرے اگر سر میں درد ہو تو سر میں اور ناف ہٹی ہو تو بازو پر باندھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اسی وقت درد سے نجات ہوگی۔

۷۸۶

یامیکائیل — یاجبرائیل

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۱ | ۶ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۴ | ۹ | ۲ |

یاعزرائیل — یااسرافیل

## ۷۴۔ برائے استقرار حمل

بعد غسل حیض تین دن روٹی پر لکھ کر عورت کو کھلائے۔ پھر شب کو ہم بستری کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا ذَالْعَرْشِ وَالْمُلْكِ الْقَدِیْمِ یَا رَحْمٰنِ یَا سَتَّارُ یَا غَفَّارُ یَا



Marfat.com

اَحَدٌ یَا صَمَدُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

## ۷۵۔ دیگر برائے استقرار

مشک اور زعفران سے جو گلاب میں حل کیا ہوا ہو۔ یہ نقش لکھے۔ اس طرح کہ ۹ نقش مربع مضمر لکھے اور ایک مثلث یا مصور کا لکھے جس میں م ص و کا منہ کھلا ہوا ہو۔ ایسے "مصور" یہ بعد طہارت گلے میں ڈالے اور مصور کا زیر ناف اور بقیہ پانچ پانی سے دھوکر روزانہ ۵ یوم تک پلائے۔ صحبت کرے، صبح کو دونوں غسل کریں۔ ان شاء اللہ استقرار حمل ہو۔ اگر پہلے ماہ نہ ہو تو دوسرے اور تیسرے ماہ بھی یہی عمل کریں۔

مربع مضمر ۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۴۴ | ۴۱ | ۸ |
| ۴۲ | ۷ | ۲ | ۴۳ |
| ۶ | ۳۹ | ۴۶ | ۳ |
| ۴۵ | ۴ | ۵ | ۴۰ |

مثلث ۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| یامصور ۸ | یامصور ۱ | یامصور ۶ |
| یامصور ۳ | یامصور ۵ | یامصور ۷ |
| یامصور ۴ | یامصور ۹ | یامصور ۲ |

**نوٹ:** نقش میں جو اعداد دیے گئے ہیں وہ صرف چال بتانے کے لیے ہیں۔

## ۷۶۔ بانجھ عورت کے لیے

اچھی قسم کا انار لے کر ۴ ٹکڑے کر کے سورۂ یٰس شریف پڑھے اور ہر مبین پر دم کرتا جائے۔ پھر سورہ ختم کر کے پاؤ بھر کشمش اور پاؤ بھر چنے کی دال بھنی ہوئی یا بھنے چنے لے کر فاتحہ ہفت سلطان کی دے کر بچوں میں تقسیم کر دے اور انار عورت کو بعد طہارت کھلائے۔ شب کو ہمبستری کرے ان شاء اللہ فرزند ہو۔

# کتاب تدبیر النساء العقیم

## ۷۷۔ بانجھ عورت کا علاج

مثلث مضمر و مظہر مستخرج فقیر غفر اللہ تعالیٰ ان شاء اللہ تعالیٰ لڑکا دراز عمر کا صالح و جامع الفضائل جسمانی و روحانی پیدا ہو۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ مجموعہ اعمال کی من و عن نقل ہے۔

النقش ۷۸۶ مثلث مضمر ومظہر

| | | |
|---|---|---|
| یاکافی | یاعلی | ۱۱۵ |
| یاقوی | ۱۱۲ | یاحق |
| یاحنان | یاجامع | یاباقی |

## ۷۸۔ دیگر از مفتاح القلوب

عورت کو چاہیے کہ بروز جمعرات روزہ رکھے۔ افطار کرتے وقت اتنا دودھ لے کہ پی سکے سات بار سورۂ مزمل شریف پڑھ کر دودھ پر دم کرے پھر اسی دودھ سے روزہ افطار کرے اگر دودھ ہضم ہو جائے تو یہ نقش ونقوش جو



Marfat.com

اس بارے میں لکھے ہوئے ہیں عمل میں لائے۔ ان شاء اللہ عورت حاملہ ہوگی اور اگر دودھ ہضم نہ ہو تو صبر کرے۔
(درنصیبہ اُوفرزند نیست)

## ۷۹۔ عمل استقرار حمل از اعدادِ آیہ کریمہ

یٰاَیُّھَا النَّاسُ تا رَقِیۡبًا (سورہ نساء کی اول آیت) دو نقش از گلاب و زعفران نوشتہ یکے بخوردن دہد و دیگر برزہدان (بچہ دان) زن بندد بکرم الٰہی حاملہ گردد۔ اما باید کہ ایں جملہ اعمال بعد پاک شدن از حیض بہ کند

| بسم اللہ الرحمٰن الرّحیم | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۴۳۰۱ | ۴۳۰۵ | ۱ |
| ۴۳۰۴ | ۲ | ۷ | ۴۳۰۲ |
| ۳ | ۴۳۰۷ | ۴۲۹۹ | ۶ |
| ۴۳۰۰ | ۵ | ۴ | ۴۳۰۶ |

تا ہفت روز بعد عمل این است و چوں عمل کند زن و شوہر آں شب بہم آیند و صبح غسل پاک کردہ۔

(ہ) چہار نقش نویسد یکے بر بچہ دان بند دو سہ در سہ روز بآب شستہ خوراند و ہر شب جماع کند۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۳۰ | ۳۳ | ۱ |
| ۳۲ | ۲ | ۷ | ۳۱ |
| ۳ | ۳۵ | ۲۸ | ۶ |
| ۲۹ | ۵ | ۴ | ۳۴ |

(و) این دعا نوشتہ بآب شستہ خوراند نرینہ آرند۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَعُوۡذُ بِکَلِمَاتِ التَّآمَّاتِ مِنۡ کُلِّ ھَامَّاتٍ وَّمِنۡ کُلِّ عَیۡنِ اللَّامَّاتِ وَمِنۡ اَوۡجَاعٍ وَّاَسۡقَامٍ وَّاَمۡرَاضٍ وَّاِنۡ یَّکَادُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا لَیُزۡلِقُوۡنَکَ بِاَبۡصَارِھِمۡ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکۡرَ وَیَقُوۡلُوۡنَ اِنَّہٗ لَمَجۡنُوۡنٌ وَّمَا ھُوَ اِلَّا ذِکۡرٌ لِّلۡعَالَمِیۡنَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ اِھۡیًا اَشۡرَاھِیًا بِسۡمِ اللّٰہِ الشَّافِیۡ بِسۡمِ اللّٰہِ الۡکَافِیۡ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الۡمُعَافِیۡ بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَایَضُرُّ مَعَ اسۡمِہٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِکِ النَّاسِ اِلٰہِ النَّاسِ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَالنَّاسِ

سہ روز ایں تعویذ ہا بخورد و ہر شب با شوہر جمع شود بکرم اللہ تعالیٰ فرزند نرینہ پیدا شود۔

(ز) روز اول بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیۡ تا الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ رَبِّ اِبۡرَاھِیۡمَ وَ مُوۡسٰی وَ عِیۡسٰی عَلَیۡھِمُ السَّلَامُ

(ح) روز دوم ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیۡ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلۡمَلِکُ تا عَمَّا یُشۡرِکُوۡنَ (سورہ حشر کی پوری آیت) رَبِّ اِبۡرَاھِیۡمَ وَاِسۡمٰعِیۡلَ وَاِسۡحٰقَ وَ یَعۡقُوۡبَ عَلَیۡھِمُ السَّلَامُ

(ط) روزِ سوم: ھُوَ اللّٰہُ الۡخَالِقُ الۡبَارِیُٔ الۡمُصَوِّرُ تا آخری آیت سورۂ حشر رَبِّ مُوۡسٰی وَ عِیۡسٰی صَلَوَاتُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ عَلَیۡھِمۡ اَجۡمَعِیۡنَ۔



Marfat.com

## ترکیب نہایت قابلِ غور

① عورت جب حیض سے فارغ ہو کر غسل کرے، اسی دن یا دوسرے دن شوہر ایک خرما لاکر خود اس پر گیارہ بار سورۂ مزمل شریف پڑھ کر با احتیاط رکھ چھوڑے اور عورت سے کہے کہ نہانے کا سامان ایک ساتھ گوشۂ تنہائی میں پردے کے مکان میں لے جائے اور تھوڑا اگڑ بھی لے جائے اور ایک لڑکا خوردسال، دایہ کی گود میں بٹھائے رکھے اب عورت ایسے گوشہ میں کہ کوئی اسے نہ دیکھے بسم اللہ کہہ کر کپڑے اتارے اور بالکل برہنہ ہو کر نہائے جب نہا چکے اس لڑکے کو بلا کر گڑ اسے دے دے۔ پھر اپنے شوہر کو بلا کر اس کا منہ دیکھے مگر اس وقت ہمبستر نہ ہوں۔ بعدہٗ تعویذ جس پر الف لکھا ہے۔ صفحہ گذشتہ پر ہے۔ موم جامہ کر کے ناف پر باندھے۔

② پھر نقش جس کی پشت پر ب لکھی ہے پانی میں گھول کر پی لے۔

③ پھر تعویذ جس پر ج لکھا ہے موم جامہ کر کے ناف کے نیچے پیڑو پر باندھے۔

④ پھر نقش جس پر د لکھی ہے گھول کر پی لے۔

⑤ پھر نقش جس پر ہ لکھی ہے۔ خاص رحم یعنی بچہ دانی پر باندھ لے۔

⑥ پھر دعا جس پر و لکھی ہے گھول کر پیے۔

⑦ پھر نقش جس پر ز لکھی ہے پیے۔

یہ کام اسی جلسے میں کرے، پھر رات کو جب مرد و عورت سونے لگیں۔ شوہر وہ خرما عورت کو کھلائے۔ پھر مرد و عورت دونوں ساتھ ساتھ اکیس اکیس بار یَا مُصَوِّرُ کہیں آخر ۳۔۳ بار درود شریف پڑھیں پھر صحبت کریں۔ یہ پہلے دن کے کام ہیں۔ دوسرے دن علی الصبح نماز سے پیشتر مرد و عورت دونوں غسل کر کے نقش جس کی پشت پر ہ ہے پیے جب رات ہو تو بدستور مرد و عورت ۲۱۔۲۱ بار یَا مُصَوِّرُ کہیں اول و آخر درود شریف ۳۔۳ بار پڑھے اور ہم صحبت ہوں۔

تیسرے دن نماز سے قبل غسل کریں اور عورت نہا کر جس نقش پر ج ہے پیے۔ جب رات ہو اسی طرح یَا مُصَوِّرُ پڑھ کر ہم صحبت ہوں۔ یہ تین دن ہوئے صبح پھر اسی طرح نہالیں۔ اس میں اگر حمل رہ جائے تو بہتر، ورنہ دوسرے مہینے بعد حیض ایسا ہی کریں۔ ان شاء اللہ گوہر مراد سے مالا مال ہوں۔

## ۸۰۔ دیگر برائے استقرار حمل

یہ عبارت ہرن کی جھلی پر لکھ کر عورت کو پہنائے خدا چاہے صاحب اولاد ہوگا۔

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ

## ۸۱۔ اسقاطِ حمل کی حفاظت کے لیے نہایت مجرب ہے

اگر کسی عورت کے کچے حمل گر جاتے ہوں تو سیاہ مرچ اور اجوائن پر ۷ بار ثُمَّ خَلَقْنَا پارہ ۱۸ ارکوع پہلا پوری آیت پڑھے پھر سورۂ کافرون و سورۂ مزمل ۷۔۷ بار اَلَمْ نَشْرَحْ ۱۱ بار پڑھ کر دم کرے۔ ۷ دانہ مرچ سیاہ اور تھوڑی اجوائن بانجھ عورت کو کھلائے اور حاملہ تا وضع حمل کھاتی رہے۔ نہایت مجرب ہے۔

## ۸۲۔ یہ عمل استقرار حمل کے لیے نہایت مجرب ہے

یہ نقش لکھ کر بہتر ہے کہ چاندی کے پترہ پر کندہ کرا کے عورت کے زیر ناف باندھے اور اسی کو روزانہ دھو کر پیتی رہے۔ صاحب اولاد ہو۔

۷۸۶ ایک طرف




واصبروما صبرك الا باللّٰه ولاتحزن عليهم ولاتك فى ضيق مما يمكرون

یہ دونوں نقش دوسری طرف

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١ | ٤٧ | ٤٤ | ٨ |
| ٤٥ | ٧ | ٢ | ٤٦ |
| ٦ | ٤٢ | ٤٩ | ٣ |
| ٤٨ | ٤ | ٥ | ٤٣ |

| | | |
|---|---|---|
| ١١٥ | یاحق | یاباقی |
| یاعلی | ١١٢ | یاجامع |
| یاکافی | یاقوی | یاحنان |

**نوٹ:** اس نقش پر کپڑا اس طرح چڑھا لیں کہ روزانہ اس میں سے نکال کر پی سکیں اور بے ادبی بھی نہ ہو۔ نہایت ہی مجرب ہے۔

الٰہی بحرمۃ راجی سید شاہ ابراہیم عبدالحی یٰسین بابا حسام حضرت شاہ نور قطب عالم پنڈوہ مسماۃ فلانیہ بنت فلانیہ را فرزند تولد شود



Marfat.com

## ۸۳۔ حمل خام کی روک تھام

یہ آیت لکھ کر کمر میں باندے۔ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ فَلْيَنْظُرِ الْإِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ط خُلِقَ مِنْ مَّاءٍ دَافِقٍ يَّخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَائِبِ ط فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ۔

## ۸۴۔ دیگر حملِ خام کی روک تھام کے لیے مجرب ہے، غیر مسلم کے لیے

اہل اسلام کے لیے ۸۱ نمبر پر جو آیات کریمہ لکھی ہوئی ہیں دیں اور غیر مسلم کو دینا ہو تو اسی آیت کا یہ مربع کر کے دے اعداد اس کے ۷۰۸۶ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۷۷۱ | ۱۷۷۴ | ۱۷۷۷ | ۱۷۶۴ |
| ۱۷۷۶ | ۱۷۶۵ | ۱۷۷۰ | ۱۷۷۵ |
| ۱۷۶۶ | ۱۷۷۹ | ۱۷۷۲ | ۱۷۶۹ |
| ۱۷۷۳ | ۱۷۶۸ | ۱۷۶۷ | ۱۷۷۸ |

## ۸۵۔ تسہیل ولادت

(مؤلف) مہر نبوۃ شریف اور نعلین شریف کے باریک تعویذ دردِزہ کے وقت اگر زیادہ تکلیف ہو تو مٹھی میں داب لے ورنہ بازو پر باندھے۔ انگشتری مقطعات کی بھی دردِزہ کے لیے سیدھے ہاتھ میں دینا مفید ہے۔ ۵ منٹ میں وضعِ حمل ہوگا۔

## ۸۶۔ خلاصی حمل بآسانی

ایک دفعہ شیخ یحییٰ منیری قدس سرّہٗ سفر میں تھے بارش کثرت سے ہوئی۔ گاؤں میں کسی نے جگہ نہ دی۔ اس گاؤں کے رئیس کی بیوی تین روز سے دردِزہ میں مبتلا تھی۔ آپ کو خبر ہوئی ایک پرچہ پر تعویذ یہ لکھ کر دے دیا: مُرا جائے دہ وخر مرا جائے دہ پسر دہقاں زائد یا نہ زائد۔ دہائی شیخ یحییٰ منیری رحمۃ اللہ علیہ کی۔ جیسے ہی تعویذ باندھا فوراً خلاصی ہوئی۔ جب سے یہ عمل بزرگوں میں بہت مقبول ہے۔

(نوٹ) گڑ پر دم کر کے کھلاتے بھی ہیں۔ بہت ہی زود اثر اور مجرب ہے۔ (مؤلف)

## ۸۷۔ نقش سوزن برائے حفاظت حمل مجرب ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَإِذْ قَالَتِ امْرَأَتُ عِمْرَانَ رَبِّ إِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ



Marfat.com

مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃِ یُوْنُسَ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃِ ھُوْدٍ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃِ یُوْسُفَ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃِ یٰسٓ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃِ مُزَّمِّلْ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃِ وَالضُّحٰی اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃِ اَلَمْ نَشْرَحْ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃِ قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ط

الٰہی بحرمت ایں آیاتہا آنچہ مسان ومسانی کہ در بدنِ طفل فلاں بنت فلاں (نام اس کا اور اس کی والدہ کا) فلاں فا اباشد دور شود ز ط

ترکیب: یہ نقش استقرار حمل کے فوراً بعد یعنی ۳ ماہ کا حمل نہ ہونے پائے کہ یہ نقش حاملہ کو پہنا دیا جائے۔ چاہیے کہ سات سوئیاں لے کر جب یہ نقش مرتب ہو جائے تو ہر سوئی پر ۷ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر نقش میں چبھوتا جائے بعدہٗ لپیٹ کر موم جامہ کر کے تانبے کے تعویذ میں رکھیں اور اتنا لمبا ڈورا ڈال کر گلے میں پہن لیں کہ تعویذ ناف سے بھی دو انگل نیچا رہے۔ بعد بچہ پیدا ہونے کے فوراً بچہ کو غسل دیں اور اذانیں کانوں میں کہلوا کر فوراً یہ تعویذ ماں کے گلے سے اتار کر بچہ کو پہنا دیں۔ اور حمل کی حفاظت کے لیے جو ہدایات نمبر ۹۳ پر لکھی ہیں ان کا خاص طور سے خیال رکھیں۔

## ۸۸۔ آسانی کے ساتھ بچہ پیدا ہو

آسانی ولادت کے لیے یہ نقش ناف پر باندھے یا سیدھے ہاتھ میں دے دے۔ ان شاء اللہ بچہ بہت جلد پیدا ہوگا۔ بعد ولادت تعویذ کو علیحدہ کر دے اور حفاظت سے رکھ لے مجرب المجرب ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر ہے




## ۸۹۔ برائے دفع استحاضہ

مربع ۲۵/۷ کسر ۹/۲ اور چاروں طرف آیت بایں طور کسر ۹/۲ کا مطلب یہ ہے کہ اس کے اعداد کو پر کرتے وقت نویں



Marfat.com

خانہ میں ایک زیادہ کرکے لکھے۔ بہت مجرب ہے۔

باذن اللہ ۷۸۶ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

السماء ان تقع على الارض الا

اللّٰہم ادفع استحاضة امتك

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷۳۲ | ۷۳۶ | ۷۳۹ | ۷۲۵ |
| ۷۳۸ | ۷۲۶ | ۷۳۱ | ۷۳۷ |
| ۷۲۷ | ۷۴۱ | ۷۳۴ | ۷۳۰ |
| ۷۳۵ | ۷۲۹ | ۷۲۸ | ۷۴۰ |

## ۹۰۔ برائے دفع مسان

سورہ الطارق ۴۱ بار پڑھ کر سوت کے کچے دھاگے پر دم کریں اور ہر بار گرہ لگاتے جائیں۔ سوت کے بھی ۴۱ تار ہوں۔ رنگ کی قید نہیں۔ یہ گنڈہ حاملہ تا وضع حمل گلے میں پہنے رہے اور جیسے ہی بچہ پیدا ہو فوراً بچے کو نہلائیں۔ دیر ہرگز نہ کریں اور فوراً سات اذانیں، چار سیدھے کان میں اور ۳ الٹے کان میں دے کر وہ گنڈہ ماں کے گلے سے اتار کر بچہ کو پہنا دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ مسان سے محفوظ رہے گا۔

**نوٹ:** اس کے لیے نقشِ سیفی گلے میں ڈالنا بھی بہت مفید ہے۔

## ۹۱: برائے دفع مسان وآسیب مجرب ہے

کاغذ پر یا رکابی پر لکھ کر پلائے ان شاء اللہ مسان وآسیب سے محفوظ رہیں گے۔

| العظیم | العلی | یا اللہ | بحق |
|---|---|---|---|
| ۵۵ | ۱۱ | ۱۱ | ۱ |

## ۹۲۔ برائے دفع ام صبیان

۴ عدد نئی سکوری پر اس نقش کو لکھ کر اپلوں سے چاروں طرف پر کر کے آگ جلائے جب سرخ ہو جائیں تو چاروں سکوریوں کو بچہ کے پلنگ کے پایوں کے نیچے رکھے مولا تعالیٰ چاہے دورہ دفع ہو۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۳۰ | ۱۰۲۴ | ۱۰۱۰ | ۱۰۳۶ |
| ۱۰۱۲ | ۱۰۳۴ | ۱۰۳۲ | ۱۰۲۲ |
| ۱۰۴۰ | ۱۰۱۴ | ۱۰۲۰ | ۱۰۲۶ |
| ۱۰۱۸ | ۱۰۲۸ | ۱۰۳۸ | ۱۰۱۶ |

Marfat.com

مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ o اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃُ یُوْنُسْ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃُ ھُوْدٍ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃُ یُوْسُفْ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃُ یٰسٓ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃ مُزَّمِّلْ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃُ وَالضُّحٰی اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃَ اَلَمْ نَشْرَحْ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃُ قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ لَا اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ط

الٰہی بحرمت ایں آیاتہا آنچہ مسان ومسانی کہ در بدنِ طفل فلاں بنت فلاں (نام اس کا اور اس کی والدہ کا) فلاں فا اباشد دور شود ط

ترکیب: یہ نقش استقرار حمل کے فوراً بعد یعنی ۳ ماہ کا حمل نہ ہونے پائے کہ یہ نقش حاملہ کو پہنا دیا جائے۔ چاہیے کہ سات سوئیاں لے کر جب یہ نقش مرتب ہو جائے تو ہر سوئی پر ۷ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر نقش میں چبھوتا جائے بعدہٗ لپیٹ کر موم جامہ کر کے تانبے کے تعویذ میں رکھیں اور اتنا لمبا ڈورا ڈال کر گلے میں پہن لیں کہ تعویذ ناف سے بھی دو انگل نیچا رہے۔ بعد بچہ پیدا ہونے کے فوراً بچہ کو غسل دیں اور اذانیں کانوں میں کہلوا کر فوراً یہ تعویذ ماں کے گلے سے اتار کر بچہ کو پہنا دیں۔ اور حمل کی حفاظت کے لیے جو ہدایات نمبر ۹۳ پر لکھی ہیں ان کا خاص طور سے خیال رکھیں۔

## ۸۸۔ آسانی کے ساتھ بچہ پیدا ہو

آسانی ولادت کے لیے یہ نقش ناف پر باندھے یا سیدھے ہاتھ میں دے دے۔ ان شاء اللہ بچہ بہت جلد پیدا ہوگا۔ بعد ولادت تعویذ کو علیحدہ کر دے اور حفاظت سے رکھ لے مجرب المجرب ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر ہے



## ۸۹۔ برائے دفع استحاضہ

مربع ۴۵ ۷ کسر ۲/۹ اور چاروں طرف آیت بایں طور کسر ۲/۹ کا مطلب یہ ہے کہ اس کے اعداد کو پر کرتے وقت نویں



Marfat.com

خانہ میں ایک زیادہ کر کے لکھے۔ بہت مجرب ہے۔

باذن اللہ ۷۸۶ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

السماء ان تقع علی الارض الا

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷۳۲ | ۷۳۶ | ۷۳۹ | ۷۲۵ |
| ۷۳۸ | ۷۲۶ | ۷۳۱ | ۷۳۷ |
| ۷۲۷ | ۷۴۱ | ۷۳۴ | ۷۳۰ |
| ۷۳۵ | ۷۲۹ | ۷۲۸ | ۷۴۰ |

اللھم ادفع استحاضة امتك

[illegible]

## ۹۰۔ برائے دفع مسان

سورہ الطارق ۴۱ بار پڑھ کر سوت کے کچے دھاگے پر دم کریں اور ہر بار گرہ لگاتے جائیں۔ سوت کے بھی ۴۱ تار ہوں۔ رنگ کی قید نہیں۔ یہ گنڈہ حاملہ تا وضع حمل گلے میں پہنے رہے اور جیسے ہی بچہ پیدا ہو فوراً بچے کو نہلائیں۔ دیر ہرگز نہ کریں اور فوراً سات اذانیں، چار سیدھے کان میں اور ۳ الٹے کان میں دے کر وہ گنڈہ ماں کے گلے سے اتار کر بچہ کو پہنا دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ مسان سے محفوظ رہے گا۔

**نوٹ:** اس کے لیے نقشِ سیفی گلے میں ڈالنا بھی بہت مفید ہے۔

## ۹۱: برائے دفع مسان وآسیب مجرب ہے

کاغذ پر یا رکابی پر لکھ کر پلائے ان شاء اللہ مسان وآسیب سے محفوظ رہیں گے۔

| العظیم | العلی | یااللہ | بحق |
|---|---|---|---|
| ۸۵ | ۱۱ | ۱۱ | ۱ |

## ۹۲۔ برائے دفع ام صبیان

۴ عدد نئی سکوری پر اس نقش کو لکھ کر اپلوں سے چاروں طرف پر کر کے آگ جلائے جب سرخ ہو جائیں تو چاروں سکوریوں کو بچہ کے پلنگ کے پایوں کے نیچے رکھے مولا تعالیٰ چاہے دورہ دفع ہو۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۳۰ | ۱۰۲۴ | ۱۰۱۰ | ۱۰۳۶ |
| ۱۰۱۲ | ۱۰۳۴ | ۱۰۳۲ | ۱۰۲۲ |
| ۱۰۴۰ | ۱۰۱۴ | ۱۰۲۰ | ۱۰۲۶ |
| ۱۰۱۸ | ۱۰۲۸ | ۱۰۳۸ | ۱۰۱۶ |

## ۹۳۔ مجرب ارشادات

ایک صاحب نے حضور قبلہ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ سے عرض کی حضور تیرہ سال میں میری اہلیہ کے چار لڑکے اور دو لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ جن میں سے پانچ اولادیں انتقال کر گئیں۔ کسی کی عمر ۳ سال کسی کی دو سال، کسی کی ایک سال کی ہوئی۔ اور سب کو ایک ہی بیماری لاحق ہوئی یعنی پسلی اور ام الصبیان۔ فی الحال صرف ایک لڑکی ۳ سالہ حیات ہے حضور دعا فرمائیں اور ان امراض کے واسطے کوئی عمل جو مناسب ہو ارشاد فرمائیں۔ تب ارشاد فرمایا مولیٰ تعالیٰ اپنی رحمت فرمائے۔ اب جو حمل ہوا سے دو مہینے نہ گزرنے پائیں کہ یہاں اطلاع دی جائے (اطلاع آنے پر سوئیوں کا تعویذ دیا جائے گا) اور زوجہ اور ان کی والدہ کا نام بھی معلوم ہونا چاہیے۔ اس وقت سے ان شاء اللہ بندوبست کیا جائے گا۔ اپنے گھر میں پابندیٔ نماز کی تاکید شدید رکھیے اور پانچوں نمازوں کے بعد آیت الکرسی ایک ایک بار پڑھا کریں اور علاوہ نمازوں کے ایک بار سورج نکلنے سے پہلے شام کو سورج ڈوبنے سے پہلے اور سوتے وقت جن دنوں عورتوں کو نماز کا حکم نہیں، ان میں بھی ان تین وقت کی آیۃ الکرسی نہ چھوٹے مگر ان دنوں میں آیت الکرسی قرآن مجید کی نیت سے نہ پڑھیں بلکہ اس نیت سے کہ اللہ تعالیٰ کی تعریف کرتے ہیں۔ اور جن دنوں میں نماز کا حکم ہے، ان میں اس کا بھی التزام رکھیں کہ تینوں قل ۳۔۳ بار صبح و شام اور سوتے وقت پڑھیں۔ صبح سے مراد یہ ہے کہ آدھی رات ڈھلنے سے سورج نکلنے تک اور شام سے مراد یہ ہے کہ دوپہر ڈھلنے سے غروب آفتاب تک اور سوتے وقت اس طور پر کہ چت لیٹ کر دونوں ہاتھ دعا کی طرح پھیلا کر ایک ایک بار چاروں قل پڑھ کر ہتھیلیوں پر دم کرے کے سارا منہ اور پیٹ اور پاؤں آگے اور پیچھے جہاں تک ہاتھ پہنچ سکے سارے بدن پر پھیریں تین بار ایسے ہی کریں۔ اور جن دنوں میں عورتوں کو نماز کا حکم نہیں، ان میں آپ اسی طرح پڑھ کر تین بار ایسے ہی کریں۔ یعنی تین بار پڑھ کر ان کے بدن پر ہاتھ پھیر دیا کیجیے۔ بڑا چراغ یہاں ایک صاحب بناتے ہیں وہ بنوا لیجیے اور ایامِ حمل میں اور بچہ پیدا ہونے کے بعد جس ترکیب سے بتایا جاوے، روشن کیجیے۔ اور یہ لڑکی جو موجود ہے اس کو اگر ناسازی لاحق ہو تو اس کے لیے بھی روشن کیجیے وہ چراغ باذنہٖ تعالیٰ سحر و آسیب و مرض تینوں کے دفع کے لیے مجرب ہے۔ بچہ جو ہو پیدا ہوتے ہی معاسب سے پہلے اس کے کانوں میں سات بار اذانیں دی جائیں۔ ۴ بار سیدھے کان میں اذان اور تین بار تکبیر بائیں کان میں، اس میں ہرگز دیر نہ کی جائے۔ دیر کرنے میں شیطان کا دخل ہوتا ہے۔ چالیس روز تک بچہ کو کسی اناج سے تول کر خیرات کی جائے۔ پھر سال بھر تک ہر مہینے پھر دو برس کی عمر تک ہر دو مہینے پر، تیسرے سال ہر تین مہینے پر، چوتھے سال ہر چار مہینے پر، پانچویں سال بھی پانچ ماہ پر، چھٹے سال ہر ماہ پر تولے۔ مکان میں سات دن تک مغرب کے وقت ۷۔ ۷ بار اذان بلند آواز سے کہی جائے اور تین شب کسی صحیح خوان سے پوری سورۂ بقرہ ایسی آواز سے تلاوت کرائی جائے کہ

مکان کے ہر گوشہ میں پہنچے۔ شب کو مکان کا دروازہ بسم اللہ کہہ کر کھولا جائے۔ جب پاخانہ کو جائیں تو اس کے دروازہ سے بسم اللہ اعوذ باللہ من الخبث والخبائث پڑھ کر بایاں پیر پہلے رکھ کر جائیں اور جب نکلیں تو داہنا پاؤں پہلے نکالیں اور الحمد للہ کہیں اور کپڑے بدلنے اور نہانے کے لیے جب کپڑے اتاریں پہلے بسم اللہ کہہ لیں اور قربت کے وقت نہایت اہتمام کے ساتھ یاد رکھے کہ شروع فعل کے وقت آپ اور وہ دونوں بسم اللہ کہیں ان باتوں کا التزام رہے گا تو ان شاء اللہ کوئی خلل نہ ہونے پائے گا۔

## بڑا چراغ روشن کرنے کی ترکیب

۹۴۔ اعلیٰ حضرت عظیم البرکت رحمۃ اللہ علیہ سے ایک صاحب نے عرض کیا کہ بڑا چراغ روشن کرنے کی ترکیب کیا ہے؟ ارشاد فرمایا:

① یہ چراغ معلق روشن کیا جائے گا۔ کسی چھینکے یا قندیل میں۔
② روشن کرتے وقت لو کے پاس سونے کا چھلہ یا انگوٹھی یا بالی ڈال دیا کریں چلہ کے ختم ہونے پر وہ مسکین مسلمین پر تصدق کریں۔
③ چراغ باوضو نمازی آدمی روشن کرے اگرچہ عورت ہو مگر مرد بہتر ہے۔
④ مرض ہلکا ہو تو چراغ روز ڈیڑھ گھنٹہ روشن ہو اور سخت ہو تو دو گھنٹے اور بہت سخت ہو تو شب بھر۔
⑤ مریض اس کی روشنی میں بیٹھے خواہ لیٹے مگر منہ اس کی طرف رکھے اور اکثر اوقات اس کی طرف دیکھا کرے۔

(بڑے چراغ کی پشت پر یہ کندہ کیا جائے)

حق حق از بندہ ابوالحسین اعلام اانکہ اگر دانی نمانی واگر مانی بدانی خبر شرط ست خبر شرط ست

خیریـــــ جان ـــــت
وجمعیـــــ ایمان ـــــت
وصحـــــ ابدان ـــــت

برائے جملہ انسان از زنان و مردان خاطر خواہ
شود بکرملك العميم بحرمته
النبی الامی الرحیم بربلك الكريم
بلطفك الخفی بمنه و كمال كرمه
بفضلك العظيم بلُطفك الجسيم

(دائیں جانب:) بحق سلیمان بن داؤد علیہما السلام

(بائیں جانب:) اللّٰھم احرق و ادفع کل البلاء و المرض

حق حق از بندہ عبدالجلیل اعلام آنکہ اگر دانی نمانی واگر مانی بدانی خبر شرط است خبر شرط ست



Marfat.com

⑥ جتنی دیر تک جلانا منظور ہو اسی حساب سے اعلیٰ درجہ کا پھلیل (عطر) اس میں ڈالیں اور اسے ڈال کر چراغ کے سب طرف پھیر ڈالیں کہ تمام نقوش پر دورہ کر آئے پھر جھکا کر رکھ دیں اور جس طرف بتی کا نشان ہے، بسم اللہ کہہ کر اس طرف روشن کریں۔

⑦ اگر مرض نہایت شدید ہو تو چاروں ان جلائیں اور چراغ سیدھا رکھیں اور ہر لو کے پاس سونا رکھیں۔

⑧ جس مکان میں یہ چراغ روشن ہو وہاں نہ کوئی تصویر نہ کوئی کتا آنے پائے سوائے مریضہ کے کوئی عورت حیض یا نفاس والی یا کوئی ناپاک مرد یا عورت۔

⑨ اس جگہ بیٹھ کر سب ذکرِ الٰہی درود شریف میں مشغول رہیں جو بات ضرورت کی ہو بقدرِ ضرورت آہستگی سے کہہ دیں چپقلش نہ کریں، نہ کوئی لغو و بیہودہ بات وہاں ہونے پائے۔

⑩ جتنی عورتیں وہاں بیٹھیں یا آئیں جائیں سب رنگین کپڑے پہنے ہوئے ہوں۔ نماز کی طرح سوائے چہرہ یا ہتھیلیوں کے سر کا کوئی بال یا گلے یا بازو یا پیٹ یا پنڈلی کا کوئی حصہ اصلاً کھلا نہ رہنے پائے۔

⑪ چراغ پہلے دن جس وقت روشن ہو وہ گھنٹہ منٹ یاد رکھیں کہ کسی دن اس سے زیادہ دیر روشن نہ ہونے پائے، اس کے مؤکل اپنی حاضری کا وہی وقت مقرر کر لیتے ہیں۔ جس وقت پہلے دن روشن ہوا تھا۔ پھر اگر کسی دن آئے اور چراغ اس دن روشن نہ پایا تو ان کو تکلیف ہوتی ہے۔ لہذا چاہیے کہ پہلے دن قصداً کچھ دیر کر کے روشن کریں کہ کسی دن اتفاقیہ دیر ہو جائے تو اُس وقت سے زیادہ دیر نہ ہونے پائے، مگر پہلے دن اتنی دیر بھی نہ کریں کہ کسی دن چراغ روشن اس وقت کے آنے سے پہلے ختم ہو جائے۔

⑫ چراغ بجھانے کا وقت آئے تو کوئی باوضو شخص بجھائے اور اس وقت کہے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اِرْجِعُوْا مَاجُوْرِیْنَ۔

⑬ روز نیا پھلیل ڈالیں، کل کا بچا ہوا آج مریض کے سر اور بدن پر مل دیں۔

⑭ جس کے لیے چراغ روشن ہوا ہو اس کے سوا اور مریض بھی بہ نیت شفاء ان شرائط کی پابندی سے بیٹھ سکتے ہیں۔ (الملفوظ حصہ سوم)

## چند ضروری سوالات متعلق چراغ مع جوابات

| سوال | جواب |
|---|---|
| ① چلہ بھرنے کے لیے ۴۰ چھلے ہوں یا ایک ہی۔ | صرف ایک چھلہ یا ٹکڑا سونے کا کافی ہے۔ |
| ② مقدار چھلہ کیا ہے؟ | حسب حیثیت کافی ہے۔ |

| | |
|---|---|
| ③ بتی روئی کی یا کپڑے کی۔ | کوری روئی۔ (نئی کاپس) |
| ④ مرض بانجھ کے لیے چار بتیاں جلائیں یا ایک۔ | چار بتیاں جلائی جائیں۔ |
| ⑤ اگر چار بتیاں جلائی جائیں تو شب بھر یا ۲۔۳ گھنٹے | صرف دو گھنٹے کافی ہے۔ |
| ⑥ ہر چار لو کے پاس چار چھلے ہوں یا ایک۔ | ہر لو کے پاس چار چھلے یا سونے کے چار ٹکڑے ہوں |
| ⑦ چھلے سے کیا مراد ہے۔ | چھلہ یا سونے کا ٹکڑا |
| ⑧ بڑے چھوٹے چراغ کی ایک ترکیب ہے یا دو | دونوں کی ایک ترکیب نہیں۔ ترتیب فہرست میں دیکھیں |
| ⑨ ایامِ حیض میں بھی مریضہ روشنی میں بیٹھے یا اس حد تک چھوڑ دے۔ | ہر حالت میں مریضہ بیٹھ سکتی ہے۔ |
| ⑩ چراغ متواتر ۴۰ روز تک روشن کرے۔ | اگر ۴۰ روز کی نیت کی تو ۴۰ دن جلائے ناغہ نہ کرے |
| ⑪ ہلکے مرض کے لیے بھی ۴۰ دن جلانا پڑے گا۔ | نہیں۔ ہلکے مرض کے لیے ۲۱ دن کافی ہیں۔ |
| ⑫ دیہات میں جب گھڑی نہ ہو تو چراغ ٹھیک وقت پر کیسے جلائے۔ | وہاں صحیح تخمینہ کرلیا جائے جس سے دوسرے دن زیادہ تاخیر سے نہ ہو۔ |
| ⑬ مریضہ تخلیہ کا وقت چراغ روشن کرنے سے قبل کرے یا بعد میں | جس وقت سے چراغ جلائے اس وقت سے تخلیہ کرے۔ |
| ⑭ مرض ام صبیان اور مرض بانجھ پن کی ایک ہی ترکیب ہے یا علیحدہ علیحدہ۔ | ہاں، دونوں کی ایک ہی ترکیب ہے۔ |
| ⑮ مرض عقم سخت مرض ہے یا ہلکا۔ | مرض عقم یعنی بانجھ پن بہت سخت مرض ہے۔ |

## ۹۵۔ نقشِ حفاظتِ حمل

یہ نقش حضرت قبلہ صاحب سید محمد صاحب محدث کچھوچھوی نقش تکسیر جنہ کی پشت پر کندہ کرا کر دیتے۔ فقیر نے اس کا تجربہ کیا بحمد اللہ بڑا زود اثر پایا جس کے بچے نہ جیتے ہوں یا ہوتے ہی نہ ہوں یا کچے حمل گر جاتے ہوں ہر ایک کے لیے مفید ہے۔



# امراضِ اطفال

## ۹۶۔ دانت بے تکلیف نکلنے کا نقش

جب بچہ کا دودھ چھڑایا جاتا ہے بچہ کو بڑا اضطراب ہوتا ہے۔ ماں کو بھی بڑی کشمکش کا سامنا ہوتا ہے۔ یہ دعا لکھ کر بچہ کو پلائے۔ مولا تعالیٰ تسکین عطا فرمائے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْمَتِیْنُ الَّذِیْ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط مندرجہ بالا نقش لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈالے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| هو | ع | مسح | ۲ |
| ط | و | ۲ | و |
| و | وط | س | ر |
| حد | سی | ح | ده |

## ۹۷۔ عمل ہر بلا و مصیبت سے بچنے کے لیے نہایت نفیس ہے

یہ چار بزرگ جو سلاطینِ اربعہ کہلاتے ہیں۔ ① خواجہ عبدالکریم مغربی۔ ② خواجہ عبدالرحیم مشرقی ③ خواجہ عبدالرشید شمالی ④ خواجہ عبدالجلیل جنوبی ہر ماہ نوچندی جمعرات کو ان چاروں سلاطین کی ملیدے یا حلوے پر کسی مٹھائی پر حسب حیثیت با احتیاطِ تمام نیاز دلائے اور بچے اس وقت موجود ہوں۔ ان سلاطین کے وسیلے سے ان بچوں کی سلامتی کی اور وسعتِ رزق کی اور ہر بلا سے امن و امان کی دعا مانگے اور چونکہ ۴ رجب ان سلاطین کے وصال کی ہے اس روز زیادہ اہتمام کرے۔ یہاں تک کہ بچہ کی عمر ۱۲ سال ہو پھر چاہے ترک کرے چاہے عمر بھر کا ورد رکھے۔ یہ عمل ان کے لیے زیادہ کارآمد ہے۔ جن کے بچے پیدا ہونے کے بعد طرح طرح کی بیماریوں یا خلل مسان یا نمونیہ یا سوکھا پن میں مبتلا ہو کر مرجاتے ہیں۔ ماں باپ اپنی اولاد کے جینے کے لیے اکثر ناجائز کام کر گزرتے ہیں۔ فقیر نے بعض بچوں کے سر پر چوٹی دیکھی جیسی کہ اہل ہنود کے ہوتی ہے۔ دریافت کیا کہ یہ کیوں ہے کہنے لگے بچے جیتے نہیں تھے۔ چار بچے دو دو، ڈھائی ڈھائی برس کے ہو کے مرگئے۔ جب سے یہ فلاں بزرگ کے نام کی چوٹی رکھی ہے اللہ رکھے اب دیکھیے اس کی عمر چار سال کی ہے اور کیسا تندرست کہنا یہ ہے کہ اولاد کی خاطر آدمی اپنے دین و ایمان تک کا پاس لحاظ نہیں کرتا۔ یہ عمل اس کام کے لیے ان شاء اللہ بہترین ثابت ہوگا۔ نیز نقش حفاظتِ جان کو نہ بھولنا چاہیے اور ایک نقش مہرِ نبوۃ دوسرا نعل اقدس کا نقش گھر میں لگا لینا چاہیے۔ (مولف)



Marfat.com

## ۹۸۔ گریہ اطفال

بعض بچے ساری ساری رات روتے ہیں جس سے سارے گھر کو پریشانی ہو جاتی ہے اور رونے کا کوئی خاص سبب بھی سمجھ میں نہیں آتا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ط | ی | ح | م |
| م | ح | ی | ط |
| ی | ط | م | ح |
| ح | م | ط | ی |

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴ | ۱۴ | ۱۵ | ۱ |
| ۹ | ۷ | ۶ | ۱۲ |
| ۵ | ۱۱ | ۱۰ | ۸ |
| ۱۶ | ۲ | ۳ | ۱۳ |

یہ دونوں نقش لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھے ان شاء اللہ بچہ آرام سے رہے گا۔

## ۹۹۔ برائے ضدِ اطفال



بعض بچے بڑے ضدی ہوتے ہیں۔ ان کے پلنگ کے نیچے جس پر بچہ سوتا ہے یہ نقش دفن کر دے ان شاء اللہ بچہ ضد نہ کرے گا۔

## ۱۰۰۔ دیگر

روز یکشنبہ وقت طلوعِ آفتاب یہ آیت مع مربع نقش لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھے ان شاء اللہ دودھ چھڑانے کی تکلیف اور رونا ضد کرنا وغیرہ سب سے نجات ہو اور بچہ چین و آرام سے رہے۔ آیت یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۱ | ۸ | ۱۱ |
| ۷ | ۱۲ | ۱۳ | ۲ |
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ |
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ |

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ط

۱۰۱۔ دیگر یہ نقش لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالے ان شاء اللہ المولیٰ الکریم بچہ رونے سے باز رہے۔ نقش یہ ہے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷ | ۶ | ۵ | ۴ | ۳ | ۲ | ۱ |
| ط | ط | ط | ط | ط | ط | ط |
| ھی | ھی | ھی | ھی | ھی | ھی | ھی |

Marfat.com

## ۱۰۲۔ نقش حفاظتِ اطفال

سوا تولہ چاندی کی تختی پر یہ دونوں نقش مسلم با وضو نمازی سے کندہ کرا کر گلے میں ڈالے

۷۸۶ پشت پر رہے گا

| | | |
|---|---|---|
| ۵۷۹ | ۵۷۸ | ۵۸۳ |
| ۵۸۴ | ۵۸۰ | ۵۷۶ |
| ۵۷۷ | ۵۸۲ | ۵۸۱ |

سامنے رہے گا ۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳۲ | ۳۲۷ | ۳۳۴ |
| ۳۳۲ | ۳۳۱ | ۳۲۹ |
| ۳۲۸ | ۳۳۵ | ۲۳۰ |

ان شاءاللہ بچہ ہر بلا سے محفوظ رہے۔

## ۱۰۳۔ نقشہ حفاظتِ جان

یہ نقش ہر بڑے چھوٹے مسلم وغیر مسلم کو دیا جاتا ہے۔ ہر بلا و بیکاری سے بچا جاتا ہے۔ چاندی یا تانبے کے پتر پر کندہ ہوتا ہے۔ آسیب یا جادو کا اثر ہو یا دشمنِ جان ہوں تو اس کی پشت پر نقش سیفی کندہ کرا کے دیں مجرب ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۲۳<br>۱۲۵۰ | ۴۲۶<br>۱۲۵۳ | ۴۳۰<br>۱۲۵۶ | ۴۱۶<br>۱۲۴۳ |
| ۴۲۹<br>۱۲۵۵ | ۴۱۷<br>۱۲۴۴ | ۴۲۲<br>۱۲۴۹ | ۴۲۷<br>۱۳۵۴ |
| ۴۱۸<br>۱۲۴۵ | ۱۲۵۸<br>۴۳۲ | ۳۲۴<br>۱۲۵۱ | ۱۲۴۸<br>۴۲۱ |
| ۴۲۵<br>۱۲۵۲ | ۴۲۰<br>۱۲۴۷ | ۱۲۴۶<br>۴۱۹ | ۴۳۱<br>۱۲۵۷ |

## ۱۰۴۔ بچہ دودھ پینے لگے گا

اگر بچہ دودھ نہ پیتا ہو تو یہ نقش شیرِ مادر یا آبِ دریا سے دھو کر پلائے ان شاء العزیز بچہ دودھ پینے لگے گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| قیوم | قیوم | قیوم | قیوم |
| قیوم | قیوم | قیوم | قیوم |

نوٹ: ق۔ و۔ م ان حروف کے دہانے کھلے رہیں۔ (قیوم)



Marfat.com

## ۱۰۵۔دق الاطفال،یعنی بچے کا سوکھا

ہفتہ کے روز بادنجان یعنی (بینگن) جو نیلے رنگ کا ہوتا ہے اور ترکاری کے کام آتا ہے لے کر اس پر یہ نقش بروز اتوار پہلی ساعت میں لکھے (طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ تک پہلی ساعت رہتی ہے) ان شاءاللہ العزیز سوکھا جاتا رہے گا۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ط | ولا | وی |
| لا | ھ | و |
| مس | ق | ای |

## ۱۰۶۔برائے سوکھا مجرب ہے

بنگلہ پان ایک عدد۔ برگ مکو ساڑھے تین عدد۔ ہفتہ میں تین پان پنجشنبہ، شنبہ، سہ شنبہ باریک پیس کر ریڑھ کی ہڈی پر مالش کر کے ۱۵ منٹ بعد گرم پانی سے روئی کے ذریعے دھوکر ہر روز کرتا بدل دے۔

## ۱۰۷۔دودھ بڑھانے کا عمل

اگر ماں کا دودھ ہی کم ہو یا بالکل نہ ہو تو آیتِ کریمہ تانبے کی رکابی پر کندہ کرا کے مریضہ کو دے اور ہدایت کردے کہ جو چیز کھائے اور بہتر ہوگا کہ اسی
میں کھائے سب سے اچھا تو یہ ہے کہ بنولے کی کھیر پکا کر اسی رکابی میں کھائی جائے۔ مغز خربوزہ کی کھیر بھی فائدہ پہنچاتی ہے۔ سورۂ الحجر کے شروع جو کہ تیرھویں پارہ کے آخر میں ہے اور چودھویں پارہ کے اول رکوع میں ختم ہوئی ہے، لکھیے یعنی الٓر تا لحفظون رکابی میں کندہ کی جاتی ہے۔

## ۱۰۸۔شناخت مرض سوکھا

بچہ مہینوں سے مرض سوکھا میں مبتلا ہو جس کو دق الاطفال کہتے ہیں مگر جب بالکل سوکھنے لگتا ہے تب کہیں سمجھ میں آتا ہے کہ سوکھا ہے شناخت یہ ہے کہ بچہ کو جب کوئی عارضہ لاحق ہو تو بچہ کی گدی،

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۲۳ | ۴۲۶ | ۴۳۰ | ۴۱۶ |
| ۴۲۹ | ۴۱۷ | ۴۲۲ | ۴۲۷ |
| ۴۱۸ | ۴۳۲ | ۴۲۴ | ۴۲۱ |
| ۴۲۵ | ۴۲۰ | ۴۱۹ | ۴۳۱ |

کان کی لو خوب زور سے دبا کر دیکھیں اگر تکلیف کا احساس نہ ہو تو جان لینا چاہیے کہ بچہ کو مرض سوکھا ہو گیا ہے۔ بس پھر تدبیر مذکورہ بالا عمل میں لانا چاہیے اور بینگن پر مذکورہ بالا نقش نمبر ۱۰۵ لکھ کر بچہ کے پلنگ کے اوپر لٹکا دینا چاہیے۔ جیسے جیسے بینگن سوکھتا جائے گا، بچہ تندرست ہوتا جائے گا۔ یہ دوسرا نقش لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالا جائے۔



Marfat.com

# امراضِ مردانہ

## ۱۰۹۔ امراضِ مردانہ

| بحق ابابکر صدیق | بحق عمر فاروق |
|---|---|
| بگریز شیطان لعین | ازھیبت عثمان نیابد پیش من برھیبت علی شیر خدا |

احتلام کو روکنے کا بہترین عمل و نقش جس کو کثرت سے احتلام ہوتا ہو، چاہیے کہ سوتے وقت اپنے دل پر انگشت شہادت سے لکھ لیا کرے۔

"عمر فاروق اعظم" ان شاء اللہ تعالیٰ احتلام سے محفوظ رہے گا۔ بارہا کا مجرب وآزمودہ ہے اور یہ نقش لکھ کر بازو یا گلے میں ڈالے۔

## ۱۱۰۔ دافع احتلام مربع یا حافظ مع عبارت

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۲۲ | ۲۲۵ | ۲۲۸ | ۲۱۵ |
| ۲۲۷ | ۲۱۶ | ۲۲۱ | ۲۲۶ |
| ۲۱۷ | ۲۳۰ | ۲۲۳ | ۲۲۰ |
| ۲۲۴ | ۲۱۹ | ۲۱۸ | ۲۲۹ |

یہ نقش لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے ان شاء اللہ احتلام نہ ہوگا۔ اگر بیماری ہے تو نقش درود شفاء دھو کر پیے اور یہ نقش گلے میں ڈالے۔

یا قدوس الطاھر من کل سوء فلاشئ من العارضۃ جمیع محلتہٖ یا قدوس۔ یا زاکی الطاھر من کل آفۃ لقد سۃ یا زاکی یا علّام الغیوب فلا یفوت شئ من حفظہ یا علّام الغیوب۔

## ۱۱۱۔ برائے عرق النساء

یہ درد ایک کولہے یعنی کمر سے شروع ہوتا ہے اور پاؤں کے ٹخنہ تک ہوتا ہے اور ہفتوں اور مہینوں اور بعض اوقات برسوں تک رہتا ہے

۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَّ مَلِیْکَ کُلِّ شَیْءٍ وَّخَالِقَ کُلِّ شَیْءٍ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَخَلَقْتَ عِرْقَ النِّسَآءِ فِیَّ وَلَا تُسَلِّطْ عَلَیَّ وَلَا تُسَلِّطْنِیْ عَلَیْہِ بِقَطْعٍ وَّ اَشْفِنِیْ شِفَآءً لَّا یُغَادِرُ سُقْمًا لَا شَافِیْ اِلَّا اَنْتَ۔

۳ بار یا سات بار روزانہ لکھ کر گلے میں باندھے۔ باذن اللہ تعالیٰ شفاء ہو ہر روز یہ عبارت ایک ہی جگہ باندھتا رہے بعد شفاء سب کو کھول کر اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کی نذر دلا کر سب کو دریا میں ڈال دے۔

## ۱۱۲۔ دیگر

نابالغہ کا کاتا ہوا سوت لے کر غسل کر کے وَاِذْقَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْ تُمْ فِیْھَا وَاللّٰہُ مُخْرِجٌ مَّا کُنْتُمْ



Marfat.com

تَكْتُمُوْنَ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِي اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ پڑھ کر گرہ لگائے پھر بائیں ہاتھ پر مریض کے باندھے ان شاء اللہ بہت جلد شفاء ہو۔

## ۱۱۳۔ عمل درارسال ہواتف وعمل لکنجن آثارای کحل اختفا ازیں حاصل میشود منقول ست ازابوحامد غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

جب کوئی حاجت پیش آئے اور کوئی وسیلہ نہ رکھتا ہو۔ اس عمل کو اس طریقے سے بجالائے۔ اس کے علاوہ یہی عمل اعلیٰ درجہ کا استخارہ بھی ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ قمر یا مشتری کی ساعت میں جملہ شرائط کی پابندی کرتے ہوئے تنہائی اختیار کرے اور صبح سے قبل کٓھٰیٰعٓصٓ سو مرتبہ پڑھ کر ایک مرتبہ یہ عزیمت پڑھے۔ تَمَثَّلُوْا خُدَّامَ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الشَّرِيْفَةِ وَادْخُلُوْا عَلٰى فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ (یہاں اپنا اور اپنی والدہ کا نام لے) بِالْخَوْفِ وَالْفَزَعِ وَالْحَرْبِ مِنَ النَّارِ وَاَوْرِدْهُ صِفَتِيْ وَلِقَائِيْ وَاقْضُوْا حَاجَتِيْ عِنْدَهٗ طَوْعًا وَّ كَرْهًا۔ اسی طرح بعد ظہر و مغرب بھی پڑھے اور عشاء کے بعد ہزار مرتبہ کٓھٰیٰعٓصٓ اور ہر سو مرتبہ کے بعد یہ عزیمت ضرور پڑھے بعدہٗ دو رکعت نفل پڑھے کسی سے بات نہ کرے اور اس نقش کو الٹے ہاتھ سے سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی پر سیاہ روشنائی اور نیزہ کے قلم سے لکھے اور باوضو سیدھے رخسار کے نیچے ہاتھ رکھ کر سو جائے یعنی لکھا ہوا نقش رخسار کے نیچے رہے۔ جو کچھ خواب میں دیکھے کسی سے نہ کہے۔ صبح کو اٹھ کر نقش کو ہتھیلی سے دھو کر پانی کسی گوشے میں ڈال دے۔ اور نمازِ فجر ادا کرے، پس بفضلہ تعالیٰ مولیٰ موکل اس اسم کا مطابق معنے عزیمت اسی روز حاضر ہو کر عامل کے کام میں مدد دے گا۔ ورنہ ۳ یا ۷ بار یہ عمل کرے اور جب تک کام پورا نہ ہو گوشہ نشینی اختیار کرے۔

(**نوٹ**) اس قسم کے اعمال، مجموعہ اعمال میں بکثرت ہیں۔ جن میں سے بعض کتاب میں چن لیے ہیں مگر ان کا کرنا اور عمل میں لانا ہر ایک کا کام نہیں (جائے استاد خالی است) لہٰذا ضرورت ہے کہ پہلے سوچ سمجھ کر ترکِ حیوانات جلالی و جمالی کا سب سے بڑا سوال درپیش ہے۔ اس کے لیے بہتر یہ ہے کہ دن کو روزہ رکھے اور جو کی روٹی یا پھلوں پر قناعت کرے۔ مرچ بالکل نہ کھائے۔ دریا کا پانی پیے۔ نیت نیک ہو، اللہ و رسول جل و اعلیٰ و صلی اللہ علیہ وسلم پر پورا بھروسہ اور یقین رکھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہو۔

## ۱۱۴۔ دیگر

شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ بروز شنبہ یا پنجشنبہ مع شرائط یہ عمل کرے، ان شاء اللہ تعالیٰ منزلِ مقصود کو پہنچے۔ طریقہ یہ ہے کہ قبل صبح دو رکعت نماز تحیۃ المسجد ادا کرے، پھر نمازِ فجر پڑھے پھر ۴۰ مرتبہ یہ عزیمت پڑھے پھر اسی طرح ہر نماز کے بعد ۴۰ مرتبہ یہ عزیمت پڑھے مگر بعد نماز عشاء سو بار پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اسی روز کام پورا

ہو ورنہ ۳ یا ۷ روز اسی طرح پڑھے۔ عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنِّیْ اَسْتَعِیْنُكَ وَاسْتَھْدِیْكَ وَ اُؤْمِنُ بِكَ وَاَتَوَكَّلُ عَلَیْكَ وَاَسْئَلُكَ بِحَقِّ الْمَلَكَیْنِ الشَّفِیْقَیْنِ الرَّفِیْقَیْنِ الْمُلْكِ طَیْنُوْشَ بَلْھُوْشَ یَلْھُوْشَ لَمْرَاكَشُ اَنَا یَشُ اَنَایَشُ تَنُوْنَشُ تِیْنُوْنَشُ لَایُوْشُ لَایُوْشُ اَجِیْبُوْا اَیُّھَا الْمَلَكَیْنِ الشَّفِیْقَیْنِ الرَّفِیْقَیْنِ الْمُلْكِ جَھْرَدُوْا الْمُلْكَ بِھَا وَ دَاوٗدَ اُدْخُلُوْا عَلٰی فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ بِالْخَوْفِ وَالْفَزَعِ وَالْحَرَبِ مِنَ النَّارِ وَ اَوْرِدُہٗ عَلَیْكُمْ وَلِقَائِیْ وَاقْضُوْا حَاجَتِیْ عِنْدَہٗ طَوْعًا وَّ كَرْھًا بِحَقِّ اَھْیَا اَشْرَاھِیًّا اَصْبَاوَتَ اٰل شَذَائِیْ مِنْ قَبْلِ اَنْ یُّرْسَلَ عَلَیْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

## ۱۱۵۔ دیگر

یہ دعا عجیب وغریب ہے۔ ہر مطلب کے لیے کافی ہے۔ چاہیے کہ بروز جمعہ بعد نمازِ عصر کسی سے بات نہ کرے اور اسی طرح قبلہ رو بیٹھا رہے اور آنکھیں بند کر کے حضور قلب وزبان سے بے تعداد یا اللّٰہ یا رحمٰن یا رحیم پڑھتا رہے۔ جب آفتاب غروب ہو دعا مانگ کر نمازِ مغرب ادا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کام پورا ہو۔ مجرب المجرب ہے۔

## ۱۱۶۔ دیگر

ابو سعید ابوالخیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی مشکل پیش آئے تو یہ رباعی ۱۰۰۱ مرتبہ درود شریف اول آخر ۱۱۔۱۱ بار پڑھے۔ اگر کام نہ ہو تو قیامت کے دن میرا دامن اور اس کا ہاتھ ہو۔ رباعی

اے آنکہ بذات خویش پائندہ توئی — وز دامن شب صبح نمائندہ توئی
کارِ من دل خستہ قوی بستہ شد — بکشائی خدایا کہ کشائندہ توئی

## ۱۱۷۔ ختم قادریہ ہر کام کے لیے مجرب ہے

دو رکعت نماز قضائے حاجت پورے اخلاص کے ساتھ پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف ۱۱ بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ بعد سلام درود غوثیہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔ ۱۱۱ بار کلمہ طیبہ، ۱۱۱ بار سورۂ اخلاص، ۱۱۱ بار، یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئًا لِلّٰہِ ۱۱۱ بار۔ پھر یہ اسماء گیارہ بار پڑھے۔ یا شیخ محی الدین یا ولی یا سید یا سلطان یا بادشاہ یا مخدوم یا مولینا یا خواجہ یا محبوب یا محب الفقراء و



Marfat.com

المساکین یاغوث الثقلین اغثنی وامددنی فی قضاءِ حاجتی اشفع یاولی اللہ کن واسطہ بینی وبین اللہ۔ پھر یاسید محی الدین اغثنی الاثنان ۱۱بار پھر اس ترتیب سے فاتحہ پڑھے اول گیارہ بار درود غوثیہ شریف پھر سات بار الحمد شریف، سات بار سورۂ اخلاص پھر گیارہ بار درود غوثیہ شریف پڑھے اور یہ عمل بروز اتوار بعد طلوع آفتاب کرے یا شب جمعہ میں پاک وصاف جگہ سفید چٹائی بچھائے اور حسب استطاعت ۱۱اشرفی یا ۱۱روپیہ یا ۱۱آنہ کی نیاز یا حلوہ بنا کر پاس رکھے اور خوشبو وعطر وغیرہ ملے پھر پڑھنے میں مشغول ہو اور جس ترتیب سے اوپر بتایا ہے فاتحہ دے اور پھر اپنے مقصد کے لیے دعا کرے (فقیر اس عمل کی تعریف نہیں کرسکتا۔ درود غوثیہ وہی ہے جو اوپر مذکور ہوئی۔)

## ۱۱۸۔ توشہ حضرت سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ

برائے قضائے حاجات وحل مشکلات تیر بہدف ہے چاہیے کہ توشہ اگر مولیٰ تعالیٰ توفیق دے تو قبل از حصول مقصد کرے یا نصف پہلے اور نصف بعد میں کرے۔ سوجی گندم ۵ مار شکر ۵ مار روغن زرد ۵ مار مغز بادام ۱مار، پستہ ۱مار، کشمش ۱مار، ناریل ۱مار، لونگ ۱مار، دارچینی ۵ مار، الائچی خورد ۵ مار سب کو حلوے میں شامل کرے اور جو طریقہ فاتحہ کا نیچے لکھا ہوا ہے اسی طرح دے کر حتی الامکان سادات کرام پھر نیک اور نمازی لوگ باوضو کھائیں۔

## ترکیب فاتحہ

اول درود غوثیہ ۷ بار، الحمد شریف ایک بار، آیت الکرسی ایک بار، قل ھو اللہ شریف ۷ بار، پھر درود غوثیہ ۳ بار پڑھ کر حضور پرنور تاجدار انبیاء ﷺ کی روح مبارک کو نذر کرے پھر تمام انبیاء کرام علیہم السلام پھر صحابہ کرامؓ پھر اہلبیت وآئمہ کرام پھر حضور پرنور سیدنا غوث اعظم وجملہ مشائخ کرام پھر حضور پرنور اعلیٰ حضرت اور سب بزرگانِ دین رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ارواح طیبات کو بخشے پھر خصوصاً جن بزرگوں کی نیاز ہے ان کی روح پاک کو بخشے۔

## ۱۱۹۔ وظیفہ اللہ الصمد

اللہ الصمد ایک ہزار ایک بار اول وآخر درود شریف ۱۱۔ ۱۱بار پڑھے۔ ان شاء اللہ العزیز منزلِ مقصود تک ضرور پہنچ کر کامیاب وبامراد ہوگا۔

## ۱۲۰۔ دیگر قضائے حاجت

کھٰیٰعٓصٓ، حٰمٓعٓسٓقٓ۔ ۲۰۵۰ مرتبہ ایک جلسہ میں ختم کرے۔ بہت جلد مراد کو پہنچے (مؤلف) گر روزانہ اسی طرح چالیس دن پڑھ کر اکتالیسویں دن سے ۱۴۱ بار پڑھتا رہے تو ہر کام کے لیے مجرب ہے۔ اگر کفِ دست پر لکھ کر کسی کے سامنے جائے اگر دشمن بھی ہو تو محبت سے پیش آئے اور دوسرے کا کام ہو تو اپنے ہاتھ سے اس کی ہتھیلی پر لکھ دے ان شاء اللہ بامراد واپس ہو۔ اگر کہیں شادی کرنا ہو اور وہ لوگ انکار کرتے ہوں تو ایسا ہی کرے



Marfat.com

مولا تعالیٰ ضرور کامیاب کرے۔ صرف کھیٰعص ۱۹۵ بار اسی مذکورہ طریقہ سے عمل میں لائے وہی وصف اس میں بھی ہے مگر ۴۰ یوم کے بعد ۴۱ بار پڑھا کرے اور پوری ہی تعداد پڑھتا رہے تو زیادہ بہتر ہے۔ اول آخر ۲۱ بار درود شریف۔

## ۱۲۱۔ استخارہ

۱۵ بار درود شریف پڑھے اور ثواب حضور پاک ﷺ کی روح کو بخشے بروز جمعرات کے کہ غسل کر کے لباس تبدیل کرے، خوشبو لگائے دن میں روزہ رکھے تو زیادہ بہتر ہوگا۔ ۱۱ بار درود شریف پڑھ کر یا بدیع العجائب یا کاشف الغرائب ۱۱۱ سو بار پڑھے، پھر بغیر کلام کیے سو جائے۔ جو مقصد ہو ان شاء اللہ خواب میں معلوم ہو جائے گا۔

## ۱۲۲۔ دیگر

اول دوگانہ نماز پڑھے۔ ایک مرتبہ پھر یَا رَشِیْدُ اَرْشِدْنِیْ یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ مِنَ الْحَالِ ۳۶۰ مرتبہ پڑھے اور اپنے ہاتھ پر دم کر کے سو جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جو مقصد ہو خواب میں معلوم ہو۔

## ۱۲۳۔ عمل خاص در خواب

یہ نقش ۴ عدد لکھ کر چارپائی کے پایوں کے نیچے ایک ایک رکھے اور ۴۱ بار کہے (کالی چڑی تس بھری انت فی امری) پھر کہے اے ہمزاد اگر خواب میں آگاہ نہ کیا تو قیامت کو دامن گیر ہوں گا۔




## ۱۲۴۔ برائے افشائے راز

یہ نقش لکھ کر نیچے یہ آیت لکھے اور سوئی ہوئی عورت کے سینے پر رکھے۔ سب راز کہہ دے گی۔ آیت یہ ہے وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ






Marfat.com

## ۱۲۵۔ برائے قضائے حاجات

وقتِ ظہر ۳۱۳ بار پڑھے ان شاءاللہ حاجت پوری ہو مع بسم اللہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ حَبِیْبِكَ اِنِّیْ مُشْتَاقٌ بِنُوْرِ جَمَالِكَ وَرَسُوْلِكَ یَا اللّٰهُ یَا اللّٰهُ یَا اللّٰهُ۔

### دیگر

چار رکعت اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد اَللّٰھُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ تک دوسری رکعت میں سورۂ کوثر، تیسری میں سورۂ کافرون، چوتھی رکعت میں سورۂ اخلاص ۱۵۔۱۵ مرتبہ پڑھے۔ بعد فراغت یہ دعا ۳۱۳ بار پڑھے۔ اول آخر ۱۱ بار درود شریف۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ وَیَا مَنْ ذِكْرُہٗ شَرَفُ الذَّاكِرِیْنَ۔ ان شاءاللہ فوراً کام بنے اگرچہ کیسا ہی مشکل ہو مجرب و آزمودہ ہے۔

## ۱۲۷۔ دعاء حل المشکلات حدیث نبوی ﷺ

حضور ﷺ نے یہ دعا ایک نابینا کو تعلیم فرمائی تھی۔ اس کے پڑھنے سے فوراً آنکھیں روشن ہو گئیں۔ اس مبارک دعا کا بارہا تجربہ ہوا۔ دوبارہ پڑھنے کی نوبت نہیں آتی۔ بڑی سے بڑی مشکلیں حل ہو جاتی ہیں۔ طریقہ یہ ہے کہ اول تازہ وضو کرے پھر دو نفل پڑھ کر سو بار یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَةِ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتَقْضٰی لِیْ حَاجَتِیْ۔ یہ دعا مسجد میں جس جگہ نفل پڑھے اسی جگہ پڑھے۔

# کتاب الفتوح وسعتِ رزق میں

## ۱۲۸۔ برائے وسعت رزق و جمیع مطالب مجرب

شب سہ شنبہ یا شب یکشنبہ کو بعد آدھی رات گزرنے کے وضو کرے اور جاء نماز پر کھڑے ہو کر تین بار کہے فریاد فریاد فریاد بدرگاہ تو بدوستی مصطفےٰ ﷺ و بدوستی علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ وحسن مجتبیٰ و حسین شہید کربلا آنچہ مطلوب می دارم بانصرام رساں۔ بعدہٗ اسی جگہ کھڑے کھڑے تین بار آیۃ الکرسی، چاروں قل ۳۔۳ بار پڑھ کر اپنے گرد حصار کرے۔ بعدہ تسبیح یا اللہ چار ہزار مرتبہ کھڑے کھڑے پڑھے۔ بعد تمام ہونے کے چاہے تو وہیں تین روز کا چلہ کرے یا جہاں چاہے جائے۔ اسی طرح تین روز یہ عمل کرے۔ تیسری شب مؤکل اس اسم کا بصورت خوب ظاہر ہوگا۔ چاہیے کہ جب تک اپنی تعداد پوری نہ کرلے کلام نہ کرے۔ جب ختم کرے اس سے قول وعہد کرے کہ جب میں بلاؤں حاضر ہو۔ جب وہ عہد کرے تو جانے کی اجازت دے۔ جب اس مؤکل کو بلانا ہو تو ۴۱ بار خلوت میں اسم یا اللہ پڑھے، مؤکل حاضر ہوگا جو کام ہوگا انجام دے گا۔

**نوٹ:** اگر تین روز میں مؤکل حاضر نہ ہو تو ناامید ہو کر عمل مذکور کو ترک نہ کردیں۔ بلکہ برابر ۲۱ روز پڑھتے رہیں۔ ان شاء اللہ ضرور کامیاب ہوں گے۔

## ۱۲۹۔ از خزانہ غیب روزی پہنچے

جہاں سے وہم وگمان نہ ہو کہ خود حیران رہ جائے۔ اول درودِ مستغاث یکبار پڑھے بعد ازاں آیہ کریمہ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ایک ہزار ایک بار پڑھے، خواہ صبح خواہ شام مگر بعد عشاء بہتر ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا اثر پانچویں چھٹے دن ہی ظاہر ہوگا کہ غیب سے ایک چیز پہنچے گی۔ مگر لانے والے سے کسی قسم کی مزاحمت نہ کرے، نہ دریافت کرے کہ تم کون ہو، یہ کیا چیز ہے، کچھ نہیں۔ بس نہایت خوشی اور خاموشی سے وہ چیز لے کر حفاظت سے رکھ لے۔ جب ۴۰ دن کی دعوت ختم ہو تو چاہیے کہ ہر روز بعد ہر نماز اول آخر درود شریف اور دس مرتبہ آیہ مذکورہ پڑھتا رہے تاکہ عمل قائم رہے۔ اگر ہر نماز کے بعد ممکن نہ ہو تو صرف بعد نمازِ فجر ہی پڑھ لیا کرے اور چاہیے کہ یہ عمل بروج ثابت وعروج ماہ میں کرے۔

## ۱۳۰۔ ترکیب شجر زر یعنی سونے کا درخت

(یہ عمل لاکھ روپیہ میں بھی ملے تو مفت ہے) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم برائے حصولِ نعمت ودولت کہ کبھی ختم نہ

ہو، جتنا چاہے خرچ کرے چاہے یہ مربع ساعتِ سعید میں کندہ کرا کے سونے کی قلعی کرالے اور اس کو مثل چراغ گہرا کر کے چاروں طرف سے بتی کا نشان بنالے۔ بعدہٗ چار نقش کاغذ پر لکھ کر نئی روئی میں لپیٹ کر چار بتی بنائے اور چراغ کے ہر گوشہ میں رکھ کر گھی اور قدرے شہد ملا کر روشن کرے۔ اور یہ عمل ایک خلوت خانہ میں کرے، اسی کی روشنی میں بیٹھے اور بخور سلگائے۔ غسل کر کے بغیر سلا ہوا کپڑا بطورِ احرام پہنے اور دو رکعت

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| یا غنی | احب یا عقصدیل بحق یا غنی یا قیوم یا صمد یا دائم | | | | یا غنی |
| | ۳۰۴ | ۲۹۱ | ۲۹۸ | ۳۰۱ | |
| | ۲۹۷ | ۳۰۲ | ۳۰۳ | ۲۹۲ | |
| | ۲۹۹ | ۲۹۶ | ۲۹۳ | ۳۰۶ | |
| | ۲۹۴ | ۳۰۵ | ۳۰۰ | ۲۹۵ | |
| یا غنی | | | | | یا غنی |

نماز دوگانہ ہدیۃ الروح جمیع پیرانِ عظام وارواحِ اولیائے کرام وموکلات وعاملِ عمل ہٰذا ادا کرے اور ہر رکعت میں بعد الحمد ۳۔۳ بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ بعد سلام پھیرنے کے فاتحہ پڑھے اور سب کا ثواب مذکورۂ بالا کی ارواح کو بخشے۔ پھر الحمد شریف اور آیۃ الکرسی ایک ایک بار اور چار قل ایک ایک بار مگر سورۂ اخلاص ۳ بار پڑھ کر اپنے گرد حصار کر کے یہ عزیمت اَحِبْ یَا عَقْصَدِیْلُ بِحَقِّ یَا غَنِیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا صَمَدُ یَا دَائِمُ ۱۹۴ بار پڑھ کر پھر دوسری عزیمت یَا کِلْکَائِیْلُ یَا جُوْدُوْشُ بِحَقِّ یَا عَلْزَوَائِیْلُ اِجِیْبُوْا دُعَائِیْ یَا عَزِیْزُ یَا مَلِیْكُ ۱۹۴ بار پڑھے اور اگر اتنا نہ ہو سکے ۱۱۴ بار کافی ہے (مگر تعداد کا لحاظ رکھے کہ کم وبیش نہ ہو) پہلے تسبیح کے دانے شمار کر لیے جائیں، یاد رہے کہ جس وقت بتی پر روئی لپیٹے، اس وقت آیۂ کریمہ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تا بِغَيْرِ حِسَابٍ پڑھے اور جس وقت نقش فتیلوں کے واسطے لکھے اس وقت عزیمت پڑھتا جائے۔ اسی طرح چالیس شب یا بیس شب کرے اور ان ایام میں خلوت میں مثل اعتکاف بیٹھے۔

① چاہے روزہ رکھے چاہے نہ رکھے اور گوشت، مچھلی، انڈا اور ہر قسم کی مٹھائی سے پرہیز کرے۔
② کوئی عورت اس چراغ کو ہاتھ نہ لگائے۔
③ گھی اتنا ڈالے کہ عمل ختم ہونے سے پہلے بتیاں گل ہو جائیں۔
④ ہر روز بعد ختم عمل جو روغن وہ شہد بچے اس کو آٹے سے صاف کر کے خود اس کی روٹی پکا کر ورنہ کوئی دوسرا اور بدرجۂ مجبوری کوئی بوڑھی عورت پکائے۔ پھر اس روٹی کو خود کھائے یا اپنا لڑکا یا کوئی مرد مگر عورت ہرگز



Marfat.com

نہ کھائے۔

⑤ چاروں فتیلے یکساں روشن ہوں، چراغ بالکل سیدھا رہے۔

عامل کا جب چلہ ختم ہوتو ہر مہینے یہ عمل کرلیا جائے۔ یعنی ہر مہینے ۳ شب یا مجرد غسل کرے بغیر سلا ہوا کپڑا پہنے۔ لوبان سلگائے اور اسی طرح دوگانہ ادا کرے اور ثواب اس کا اسی طرح ارواحِ طیّبہ کو بخشے۔ اسی طرح عملِ مذکور پڑھے مگر اب اعتکاف کی ضرورت نہیں۔ بہتر ہوگا کہ ۲۰۔۲۱۔۲۲ تاریخ کی شب میں پڑھ لیا کرے اور ہر روز ایک نقش لکھ کر اپنے پاس رکھ لیا کرے تا در ایام ثلاثہ جس قدر نقوش ہوں وہ جب کوئی غریب حاجتمند آئے تو اسے ایک نقش دے دیا کرے کہ موم جامہ کر کے گلے میں پہنے۔ جب تک وہ نقش اس کے پاس رہے گا، غیب سے روزی پہنچے گی اور بہتر ہوگا کہ یہی عزیمت ۱۴ بار پڑھنے کو بتادے اور فتیلوں کی راکھ حفاظت سے رکھی جائے وہ راکھ جس مریض کو بھی کھلائی جائے گی، ان شاء اللہ شفائے کامل بھی حاصل ہوگی۔ خوراک دو چاول ہمراہ ملائی یا مکھن۔ یہ عمل شیخ محمد غوث گوالیاری رحمۃ اللہ علیہ کے نوادر سے بہت ہی نادر اور نایاب بلکہ معدوم اور حضور پُر نور میاں صاحب ابوالحسن احمد نوری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ ہر روز یہ عزیمت ۱۴ مرتبہ پڑھے دورہ کے لیے بہتر ہے۔

## ۱۳۱۔ عمل یامسبب الاسباب برائے تجارت وترقی روزگار

سَلَامٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی: سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ۔ سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ۔ سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ۔ سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَ هٰرُوْنَ۔ سَلَامٌ عَلٰی اِلْیَاسِیْنَ۔ سَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ

## ۱۹۸۔ بھاگے ہوئے کو واپس بلانے کا عمل

اگر کوئی گم ہو جائے یا بھاگ جائے یہ نقش مثلث لکھ کر کسی درخت میں لٹکائے یا بھاری پتھر کے نیچے دبائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا واپس گھر آ جائے۔

بستم را ۵۱ مغرب فلاں بن فلاں

| | | |
|---|---|---|
| ب | بدوح | د |
| بدوح | بدوح | بدوح |
| و | بدوح | ح |

## ۱۹۹۔ برائے واپسی مفرور

اس نقش کو سبز کپڑے میں لکھ کر گھر میں لٹکا دے ان شاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا واپس گھر آئے گا۔ مجرب ہے۔ اس نقش کو درخت یا بانس میں باندھ کر چھوڑ دیکھ ہوائیں اڑتا رہے




۷۸۶ یامعید یامعید یامعید

| | | | |
|---|---|---|---|
| م | ع | ی | د |
| ۱۱ | ۳ | ۴۱ | ۶۹ |
| ۲ | ۸ | ۷۲ | ۴۲ |
| ۷۱ | ۴۳ | ۱ | ۹ |



Marfat.com

## ۲۰۰۔ دیگر واپسی مفرور




بستم راہ مشرق فلاں بن فلاں

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۲ | ۱۰ |
| ۹ | ۷ | ۴ |
| ۳ | ۱۱ | ۶ |

بستم راہ شمال فلاں بن فلاں

بستم راہ جنوب فلاں بن فلاں

بستم راہ مغرب فلاں بن فلاں

اس نقش کو پتھر کے نیچے دبائے جب گمشدہ واپس آئے تو پتھر کا وزن کر کے اتنی شیرینی پر فاتحہ ان بزرگوں کی دلائے جن کے نام نقش میں مرقوم ہیں۔

## ۲۰۱۔ ایضاً

یہ نقش بہت مجرب ہے لکھ کر گول کنڈل میں ڈورا ڈال کر درخت میں لٹکائے اگر سو کوس پر ہو آجائے۔ فلاں بن فلاں کی جگہ مفرور کا نام مع والدہ لکھے نقش یہ ہے۔




## ۲۰۲۔ حیض ونفاس کی صفائی بلکہ زچہ خانے کی تمام تر بیماریوں کے لیے بہترین عمل

یہ سات سلام قرآن شریف کے مشک وزعفران سے چینی کی طشتری پر لکھ کر خواہ کسی مریض کو خصوصاً زچہ کو پلائے تمام بیماریوں سے نجات حاصل ہو اور تمام فاسد مواد نہایت آسانی سے خارج ہو کر مریض بالکل تندرست ہو۔ (جاننا چاہیے کہ بچہ پیدا ہونے کے بعد اگر یہ مواد رک جائے یا کم خارج ہو تو زچہ کو دق ہو جاتی ہے) یا وہ غریب اس قابل نہیں رہتی کہ بچہ تندرست پیدا ہو یا حمل ہی کے دوران بچہ کا خاتمہ ہو جاتا ہے یا پیدا ہو کر چند روز میں طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا ہو کر مر جاتا ہے۔ یہ سات سلام ان شاء اللہ ان تمام مشکلات سے مریض کو

پاک وصاف کر کے تندرستی کے راستے پر لے آئیں گے اور وہ یہ ہیں: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ① سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ② سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ③ سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ ④ سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَ هٰرُوْنَ ⑤ سَلٰمٌ عَلٰٓی اِلْ یَاسِیْنَ ⑥ سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِیْنَ ⑦ سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ وَ سَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ ط نوٹ: یہ عمل زچہ بلکہ ہر مریض کے لیے کارآمد و مجرب ہے۔

## ۲۰۳۔ عورتوں کے ایام ماہواری کی خرابیاں دور کرنے والا بے نظیر نسخہ جو ہزاروں بار کا مجرب ہے

جاننا چاہیے کہ عورتوں کا ماہواری خون جو قدرتاً ہر مہینہ خارج ہوتا ہے اگر اس میں کسی قسم کا نقص پیدا ہو جائے تو یہ بہت سی خراب بیماریوں کا پیش خیمہ ہوتا ہے اس کی خرابی سے اختناق الرحم (ہسٹیریا) پیدا ہو جاتا ہے۔ اسی سے ہضم کی خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔ باریک بخار قائم ہوتا ہے اور آخر کار دق کی شکل اختیار کر لیتا ہے نیز یا تو نطفہ قرار نہیں پاتا۔ اگر قرار پایا بھی تو رحم میں خرابی ہونے سے اسقاط ہو جاتا ہے۔ یا بچہ پیدا ہو کر طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا ہو کر موت کے منہ میں چلا جاتا ہے۔ سیلان الرحم یعنی سفید گندی رطوبت جاری رہتی ہے جس کے سبب سر چکرانا، کمر میں درد، پنڈلیوں کا اینٹھنا، کندھوں کا بھاری رہنا، بھوک کا نہ لگنا، طرح طرح کی ڈراؤنی خوابوں کا نظر آنا یہ سب ایام ماہواری کی خرابی کے نتائج ہیں۔ پس اگر ماہواری بند ہو یا کمی سے ہو یا تکلیف سے تھوڑی تھوڑی آتی ہو یا زچگی کے بعد نفاس کی صفائی اچھی طرح نہ ہونے سے اس قسم کی شکایات رفع کرنے کے بجائے رحم و شکم کی صفائی کی طرف توجہ کرنی چاہیے۔ جس کے لیے یہ نسخہ بمنزلہ اکسیر ہے۔ ھو الشافی: پر سیاؤ شان ۶ ماشہ، گاؤ زبان ۴ ماشہ، مویز منقی ۷ دانہ، بادیان ۶ ماشہ، بیخ بادیان ۶ ماشہ، تخم خربزہ نیم کوفتہ ۶ ماشہ، تخم خیارین نیم کوفتہ ۶ ماشہ، گوکھرو ۶ ماشہ، مکو خشک ۶ ماشہ، پوست املتاس ا تولہ، قند سیاہ (گڑ)

**ترکیب:** سب دواؤں کو ململ کے کپڑے میں پوٹلی باندھ کر ۳ سیر پانی ڈال کر اتنا پکائیں کہ ۲ سیر رہ جائے پھر اس پانی کو نیم گرم تھوڑا تھوڑا کر کے شام تک گاڑھے کی طرح پی کر ختم کر دیں۔ اسی طرح ہر روز نیا نسخہ پکا کر کم سے کم سات روز تک پلائیں۔ غذا بہت کم حسب ضرورت کھلائیں۔ دودھ، گیہوں کا دلیہ وغیرہ۔

## ۲۰۴۔ بچھو کاٹے کا عمل

سورۂ ناس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ اگر کچھ اثر باقی رہے، دوبارہ کرے پھر کسر رہ جائے تو سہ بارہ پڑھ کر دم کرے۔ بفضلہٖ تعالیٰ آرام ہو۔ مجرب المجرب ہے۔



Marfat.com

۲۰۵۔ سانپ کاٹے کا علاج: اگر کسی کو سانپ کاٹے تو آبی حروف لکھ کر کر مار گزیدہ کو کھلائے یا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر آب زمزم شریف اور اگر نہ ملے تو بارش کے پانی سے اور وہ بھی نہ ملے تو تازہ پانی سے دھو کر پلائے، ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد شفا حاصل ہو۔ مجرب وآزمودہ ہے۔ حروف آبی یہ ہیں۔

| آتشی | خاکی | بادی | آبی |
|---|---|---|---|
| ا | ب | ج | د |
| ہ | و | ز | ح |
| ط | ی | ک | ل |
| م | ن | س | ع |
| ف | ص | ق | ر |
| ش | ت | ث | خ |
| ذ | ض | ظ | غ |

## ۲۰۶۔ کتے کے کاٹے کا عمل

از سید امیر حیدر گوری میاں رحمۃ اللہ علیہ۔ کمہار کے چاک کی مٹی اگر نہ ملے تو پاک چکنی مٹی کو گوندھ کر دو غلولے بنائے اور جس جگہ کاٹا ہے۔ اس کے گرد گھمائے اور زخم کی جگہ بھی گھمائے اگر کتا زہر دار ہے تو اس کے بال مٹی میں نمایاں ہوں گے ۲ روز اسی طرح کرے یہاں تک کہ بال مٹی میں ظاہر نہ ہوں تو جان لینا چاہیے کہ اب زہر کا اثر بالکل ختم ہو گیا وہ غلولے بناتے وقت یہ افسون پڑھے

(بندر ناچے ریچھ بجاوے کتے کا کاٹا زہر نہ آوے دہائی حضرت مخدوم اخی جمشید کی)

اور اگر گیدڑ کاٹے تو بھی یہی منتر پڑھے۔ مگر کتے کی جگہ شغال یا گیدڑ کہے یہ افسون ۳ یا ۷ بار پڑھے۔

**نوٹ:** یہ عمل بہت مجرب ہے اور سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں بار کا تجربہ شدہ ہے۔

## ۲۰۷۔ ہر قسم کے جن آسیب و دیو پری وغیرہ اتارنے کا بے نظیر عمل

اس قسم کے اعمال مجموعہ کے اندر بکثرت ہیں فقیر نے ان سب میں سے چن لیا۔ جو اس سے کام لے گا وہی جانے گا کہ یہ کتنی بڑی نعمت ہے ورنہ بڑے بڑے عامل کہلانے والے اس میدان میں آ کر ناکام رہے۔ اس کی وجہ عام لوگ تو کیا بہت سے خاص لوگ بھی نہیں جانتے۔ فقیر لفظ لفظ پیش کرتا ہے۔ خواص جناں و پریاں و دیواں و ساحران و جادوگران اینست کہ ایں فرقہ جانِ خود را در قالب مؤکلان میدارند و طلسم آنہا در کوہستان بر بحر و دریائے شور یا دریائے دجلہ و یا کسے دریا و یا زیر درخت می باشد اگر عامل ہزار بار آنہا را بقتل رساند آں قدر کہ قطراتِ خون از وشاں بچکند ہماں قدر داں ملعون زیادہ شود و بر بیمار و در مرض زیادتی شود و ہیچ فائدہ از عامل و طبیب روند ہر بر کسیکہ مؤکلان ایشان مسلط باشند دیگر بادشاہان و پریان و مؤکلاں کہ آنہا را علم جادوگری نمے آید ہرگز مؤکلان آن ساحران و جادوگراں از حاضرات و از علاج عامل جاہل و طبیب نمی شود مگر کسے عامل و حاکم باشد و فقیر روشن ضمیر شود اگر از راہِ کشف القلوب طلسم ایں بدبختاں را دریافت کردہ از امداد مؤکلاں و ساحران و بادشاہاں جناں



Marfat.com

وپریاں وساحراں وجادوگراں کہ ایں ہمہ تابع آن فقیر باشند شکستہ وآں ملعونان رابقتل۔ رسانند تا البتہ صورتِ صحت مریض روبدہد آں ملعوناں از عالمِ فانی بقعرِ جہنم روند وعالم عامل آنرا گویند کہ ارواحِ عالم غیب از شرق تا غرب واز جنوب تا شمال واز تحت تا فوق تابع اوباشند واخبارِ غیبی بدور سانند وبر ہر مؤکلاں وبادشاہان جناں وپریاں وبرارواحِ عالمِ غیب قادر باشد۔ لہٰذا آپ کے لیے نہایت آسان اور کارآمد طریقہ یہ ہے کہ اس طلسم کو اپنے عمل میں لے آیئے۔ اہر ساحر سا سار سا صورت یہ طلسم عروجِ ماہ یعنی نوچندی

| | | |
|---|---|---|
| ۳۳۶ | ۳۲۹ | ۳۳۴ |
| ۳۳۱ | ۳۳۳ | ۳۳۵ |
| ۳۳۲ | ۳۳۷ | ۳۳۰ |
| ابلیس۔ فرعون۔ شداد۔ لعین۔ نمرود۔ مردود | | |

جمعرات کو شروع کرے اور ہر روز ۳۱۲۵ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ بطریق زکوٰۃ مع ترک حیوانات جلالی و جمالی کے ایک چلہ کرے۔ ساتھ ہی اس چالیس روز میں ہر روز پندرہ نقش لکھ کر دریا میں ڈالتا رہے تاکہ ساتھ ساتھ اس نقش کی جو بنا دیا گیا ہے۔ زکوٰۃ ادا ہوکر دونوں کا عامل ہو جائے۔

یاالٰہی بحرمت آں بادشاہاں درو جود فلاں ابن فلاں راہر قسم آسیب وشیطان کہ باشد حاضر شود نمودہ آید وسوختہ گردد العجل العجل الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا

## ۲۰۸۔ عامل جن اور آسیب کس طرح اُتارے

اگر کوئی مریض آسیب زدہ عامل کے پاس آئے، چاہیے کہ آسیب زدہ کو بٹھائے اور ایک سبو چہ کے اوپر چراغ رکھے اور طفل نابالغ مگر ہوشیار دلیر کہ ڈرے نہیں چراغ کے سامنے بٹھائے اور چراغ کی طرف دیکھے جس وقت مؤکلاں حاضر ہوں ان سے اس طفل کے واسطے سے کلام کرے۔ یعنی وہ بچہ مؤکلاں کو دیکھے گا تو عامل کو بتائے گا۔ پس عامل اس لڑکے کے واسطے بات چیت کرے اور مؤکلاں سے کہے کہ آسیب کو حاضر کریں اور جلا دیں۔ اگر آسیب زبردست ہو اور مؤکلاں کہیں کہ ہمارے قبضہ میں نہ آئے گا تو مؤکلوں کے بادشاہ کو طلب کرے۔ اگر دیکھے فوج غنیم یعنی آسیب کی بہت ہے تو بواسطہ ایک مؤکل حضور پرنور پیر دستگیر سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ میں درخواست کرائے کہ حضور امداد فرمائیں۔ پس جیسی ہی سرکار کی امداد ہوئی فوراً مشکل آسان ہوگی۔ اور مریض صحت یاب ہوگا اور آسیب اور اس کا لشکر پسپا ہوگا۔ بعد میں سارے مؤکلان کو رخصت کرکے شیرینی پر فاتحہ دے کر حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ وجمیع بزرگان رضوان اللہ علیہم اجمعین کی تقسیم کرے اور مؤکلان کی سلامتی کی دعا کرے اور فتیلہ کو گل کرے۔ فقیر کا تجربہ ہے کہ نقش محیط الاسرار مع تکسیر جنہ خاص شرف آفتاب میں کندہ کیا ہوا گلے میں ڈالنا اور اسی کو دھو دھو کر پانی پلانا نہایت ہی کارآمد ثابت ہوا۔ (مؤلف)



Marfat.com

۲۰۹۔ ہر مہم کے آسان ہونے کا سب سے بہتر و برتر تجربہ شدہ عمل

فقیر کے ایک بھائی نے بیان کیا کہ میں نے طاعون کے موقع پر جبکہ گھر کے گھر تباہ ہو رہے تھے اور سارے سارے قصبہ کے لوگ گھبرا گھبرا کر بھاگنے لگے تھے بجائے بھاگنے کے یہ عمل کیا کہ اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کی بعض کتابیں جو وہابیوں کے رد میں تھیں اور ہدیہ کرنے کے لیے دکان پر منگا کر رکھ لی تھیں مفت تقسیم کرنا شروع کر دیں اور یقین کر لیں کہ خدا اور رسول جل وعلیٰ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ عمل سب سے زیادہ پیارا اور محبوب ہے۔ کہ ان کے سچے دین کی حمایت اور اشاعت کی جائے۔ اس میں اشاعت دین بھی ہے اور مال کی قربانی بھی۔ اس کی برکت سے میں اور میرے گھر والے ان شاء اللہ طاعون کی آفت سے محفوظ رہیں گے۔ الحمد للہ ایسا ہی ہوا کہ لوگ قصبہ کے حیران رہ گئے۔ یعنی پڑوس کے مکانوں میں اگر گھر میں ۵ تھے یا سات تو ایک ایک کر کے طاعون کا شکار ہو رہے تھے مگر بفضلہٖ تعالیٰ اس عملِ خیر کی برکت سے میرے یہاں کسی پر ہوا بھی نہ آئی۔ فقیر غفرلہٗ کو یہ واقعہ سن کر بڑی عبرت ہوئی اور پھر کئی دفعہ بعض مشکلات مثلاً مقدمات وغیرہ میں اس پر عمل کیا بفضلہٖ وہ مشکلات پانی پانی ہو گئیں۔ اس عمل پر فقیر کو اتنا یقین ہے کہ کوئی مسلمان اگر اس پر عمل کرے کہ بعض وہ رسائل جن کے نام فہرست کتب جو کہ آخر میں درج ہیں اپنے حسب استعداد ۲۰۰ یا ۱۰۰ یا ۵۰ روپیہ کی خرید کر غرباء کو یا گلابی وہابیوں کو مفت بانٹ دے اس نیت سے کہ ہمارے دین و مذہب کی اشاعت ہو اگر مسلمان ہذا کی وہ مشکل حل نہ ہو تو قیامت کے دن مجھ فقیر کا دامن اور اس کا ہاتھ ہو۔

۲۱۰۔ ہر بلا و مصیبت سے محفوظ رہنے کی دعا یہ ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا۔

یہ دعا حفظ کر لیجیے اور جب کسی مریض کو مصیبت زدہ کو دیکھیں ایک بار پڑھ لیں اس پر عمل کرنے سے جس جس بیمار یا مصیبت زدہ کو دیکھ کر اس دعا کو ایک بار پڑھ لیا ہے، وہ بیماری ومصیبت وہ آفت ان شاء اللہ تعالیٰ عمر بھر پاس نہ آئے گی۔ انتہائی مجرب اور سینکڑوں بار کی آزمائش کی ہوئی دعا ہے اور کیوں نہیں کہ احادیث کے ارشادات ہیں۔

نہ ہو آرام جس کو سارے زمانے سے ... اٹھا لے جائے تھوڑی خاک ان کے آستانے سے

۲۱۱۔ برائے شیر مویشی

۷ بار المتعال یا در دائیل پڑھ کر مویشی کے کان میں دم کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دودھ زیادہ ہوگا۔



Marfat.com

## ۲۱۲۔ برائے دستِ غیب

فرض وسنتِ فجر کے درمیان چالیس دن تک سورہ ہمزہ ۴۱ بار پڑھے غیب سے ۴۰ روپے ملیں۔

## ۲۱۳۔ عمل دست غیب

سات روزے رکھے، جھوٹ نہ بولے اور ہر شب بعد عشاء یہ پڑھے:

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ط

ایک ہزار بار پڑھے اول وآخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار پڑھے۔ پھر یَا حَیُّ ہزار یَا قَیُّوْمُ ۱۵۶ بار۔ سات دن بعد ایک جن آئے گا۔ اس سے ۵ درہم لے اور ان کو جیب میں رکھے خوب خرچ کرے۔ مولا تعالیٰ چاہے کبھی ختم نہ ہوں گے۔

## ۲۱۴۔ استخارہ

۱۵ بار درود شریف پڑھے اور ثواب حضور غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کی روح پاک کو بخشے بروز جمعرات یہ عمل کرے کہ غسل کر کے لباس تبدیل کرے خوشبو لگائے دن میں روزہ رکھے تو زیادہ بہتر ہے۔ ۱۱ بار درود شریف پڑھ کر یا بدیع العجائب یا کاشف الغرائب ۱۱۱ سو بار پڑھے پھر بغیر کلام کیے سو جائے۔

## ۲۱۵۔ استخارہ

اول دوگانہ پڑھے ثواب حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی روح پاک کو بخشے بعد اس کے سورۂ کوثر ایک بار پڑھے پھر یَا رَشِیْدُ اَرْشِدْنِیْ وَیَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ مِنَ الْحَالِ ۳۶۹ مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کر کے سو جائے۔

## ۲۱۶۔ حب کے بہترین عمل

الف سے ط تک بہ ترتیب ابجد انڈے پر لکھ کر مطلوب اور اس کی ماں کا نام لکھے اور بعد وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ۔ پھر ہلکی آنچ میں دفن کردے ۳ یا ۷ دن میں کام ہو۔



Marfat.com

## ۲۱۷۔ برائے حب نہایت مفید عمل

ایک برتن میں پانی لے کر پیے اور دل میں ۷ باریا بُدوح پڑھے۔ پھر پانی منہ میں لے کر برتن میں کلی کردے جس کو یہ پانی پلائے محبت میں دیوانہ ہو جائے۔ سورہ الم نشرح ۷ ابار اس طرح پڑھے کہ ہر آیت کے بعد طالب اس کی ماں اور مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے کر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللّٰھم ببرکات ھٰولاء الاسماء

| | |
|---|---|
| محمّد | الله |
| عمر | ابوبکر |
| علی | عثمان |

الق محبة فلاں بن فلانه علیٰ قلب فلانة بنت فلانه بحق القینا محبة منّی

کہے اَللّٰھُمَّ اَلْقِ محبة علیٰ قلب۔ جب سورۃ ختم ہو ایک سیاہ مرچ کے دانہ پر دم کر کے کوئلے کی آنچ پر جلائے۔ تین دن صبح بعد فجر کرے ان شاء اللہ محبت پیدا ہوگی۔ ہرگز ہرگز ناجائز کام کے لیے نہ کرے۔ یہ لکھ کر بازو پر باندھیں۔

## ۲۱۸۔ دافع احتلام

ناف پر اس طرح سوتے وقت عمر لکھے کہ عمر کی میم ناف کے سوراخ پر بنے۔

## ۲۱۹۔ تسخیرِ خلائق

قطب ستارہ کی طرف منہ کر کے اس طرح کھڑا ہو کہ سیدھا پاؤں الٹے پاؤں کے اوپر رہے۔ ۱۱ دانہ موٹھ سفید رنگ پر گیارہ بار پڑھ کر کسی مٹی کے برتن میں رکھ کر منہ خوب جام کر کے اپنے گھر میں دفن کرے اور ایک لاکھ پچیس ہزار بار آیت ذیل پڑھ کر ثواب اس کا سرورِ عالم ﷺ کی روح پاک کو بخشے۔ پھر جس قدر ممکن ہو روزانہ پڑھے کبھی ناغہ نہ کرے مخلوق مطیع ہو۔ واضح ہو کہ اچھے اخلاق سے پیش آئے۔ آیت پاک یہ ہے:

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۔

## ۲۲۰۔ محبت زن وشوہر

جو عورت اپنے شوہر کی نظر میں محبوب ہونا چاہے اس نقش کو اپنے پاس رکھے جو بھی دیکھے محبت کرے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۰۰۹ | ۶۰۱۳ | ۶۰۱۶ | ۶۰۰۲ |
| ۶۰۱۵ | ۶۰۰۳ | ۶۰۰۸ | ۶۰۱۴ |
| ۶۰۰۴ | ۶۰۱۸ | ۶۰۱۱ | ۶۰۰۷ |
| ۶۰۱۲ | ۶۰۰۶ | ۶۰۰۵ | ۶۰۱۷ |



Marfat.com

۷۸۶

| |
|---|
| س یااللہ مشح و ص |
| سلا و حروف |
| ص ع و س یا محمد |

## ۲۲۱۔ دیدارِ الٰہی

چالیس دن متوار یہ نقش باوضو اللہ تعالیٰ جل وعلیٰ کے دیدار کی نیت سے لکھے بلاریب دیدارِ حق سے مشرف ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

## ۲۲۲۔ بیوقوف کو عقلمند بنانے کے لیے

یہ نقش مشک وزعفران سے لکھ کر کھلائے مادر زاد احمق کیوں نہ ہو ان شاء اللہ عقلمند ہو جائے گا، مجرب ہے۔

ط ۱۱ ۱۱۱ ۶ ۱۱۴ اع ع ط ــــــه

## ۲۲۳۔ گیہوں میں گھن نہ لگنے کا مجرب عمل

عبداللہ۔ عروہ۔ قاسم۔ سعید۔ ابوبکر۔ سلیمٰن۔ خواجہ۔ یہ اسماء لکھ کر گیہوں میں رکھ دیں۔ ہرگز نہ لگے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اور دردِ سر کے لیے پڑھ کر دم کرے یا لکھ کر گلے میں باندھے مجرب ہے۔

## ۲۲۴۔ شیر اور مچھر سے حفاظت کے لیے

جو کوئی حضرت علی بن ہیثی رضی اللہ عنہ کا نام پاک لے تو شیر بھاگ جائے اور مچھر ہوں تو وہ بھی ان شاء اللہ تعالیٰ بھاگ جائیں۔

## ۲۲۵۔ نزلہ زکام دائمی دور ہونے کا مجرب عمل ہے

نیلا دھاگہ ہاتھ میں لے کر کہے "نزلہ فلاں بن فلاں یا عورت ہو تو بنتِ فلاں رابستم" پھر ے گرہ لگائیں پہلی تین گرہ لگاتے وقت سورۂ اخلاص ۳۔۳ بار پھر سورۂ فلق ایک بار پھر سورۂ ناس ایک بار ۲ گرہ پر دم کرے پھر سورۂ فاتحہ ۲ گرہ پر ایک ایک بار دم کرکے گرہ دیں۔ پھر دونوں سرے ملا کر اوپر سے نیچے تک وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ پڑھ کر دم کرے اور نزلہ کی جگہ باندھے۔ اس کے بعد اسے پلائے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔ دوسرے دن صبح اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ شام کو وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضُعْفًا تیسرے دن صبح ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ شام کو مِنْ رَّبِّكُمْ لکھ کر پلائے ان شاء اللہ تعالیٰ جلد سے جلد صحت کاملہ ہو۔



Marfat.com

## ۲۲۶۔ فتیلہ مجرب برائے دفع آسیب

اول شیرینی پر فاتحہ حضور خواجہ معین الدین چشتی رضی اللہ عنہ ۵ یا گیارہ روپے کی دلائے پھر فتیلہ روشن کرے۔
بسوختم دیواں و پریاں و جناں و بھوتاں وعفریتیاں وکفتاراں وجادوگراں وبان ہائی و بیر ہائی و جوگنیاں ونہ کردہ وباوو سیلہ وکنب سر درد وسوزش وشیاطین الجن والانس وکلیمانس وہر آفتے وہر بلائے درجابن وتن واستخوان فلاں باشد دریں فتیلہ چراغ حاضر آمدہ بند شود وبسوزد۔

## ۲۲۷۔ عمل خاص پردۂ راز

يَا لَطِيفُ تَلَطَّفْ وَاللُّطْفُ فِيْ لُطْفِ لُطُوفِكَ يَا لَطِيفُ

موافق اعدادِ اسم خود روزانہ پڑھے اور نظر سیاہی پر رکھے۔ سیاہی میں جب شبیہ نظر آئے تب بھی ناغہ نہ کرے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۳۹ | ۴۴۲ | ۴۴۶ | ۴۳۲ |
| ۴۴۵ | ۴۳۳ | ۴۳۸ | ۴۴۳ |
| ۴۳۴ | | ۴۴۰ | ۴۳۷ |
| ۴۴۱ | ۴۳۶ | ۴۳۵ | ۴۴۷ |

جب سامنے آئے اور قول وقرار ہو موقوف کردے عدد اسماء ۱۷۵۹ مربع ۴۳۲ کسر اخانہ ۱۳ خانہ ۱۶ کو سیاہ کرے تیل وخوشبو ملے۔

## ۲۲۸۔ برائے دفع بدخوابی یعنی احتلام نہ ہو

یہ نقش لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں ڈالے نیز بوقت خواب سینے پر کلمہ کی انگلی سے (عمر فاروق اعظم) نقش کرلیا کرے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴ | ۶ | ۸ | ۲ |
| ۸ | ۲ | ۴ | ۶ |
| ۲ | ۸ | ۶ | ۴ |
| ۶ | ۴ | ۲ | ۸ |

## ۲۲۹۔ برائے دفع استحاضہ یعنی خون حیض کو روکنے کے لیے

یہ نقش چاندی یا تانبہ کے تعویذ کے اندر رکھ کر باندھے مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللّٰھم صل علی سیدنا محمد
و آلہ یا قابض الذی یقبض
فلانۃ بحق یا قابض

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۲۵ | ۲۲۸ | ۲۳۲ | ۲۱۸ |
| ۲۳۱ | ۲۱۹ | ۲۲۴ | ۲۲۹ |
| ۲۲۰ | ۲۳۴ | ۲۲۶ | ۲۲۳ |
| ۲۲۷ | ۲۲۲ | ۲۲۱ | ۲۳۳ |



Marfat.com

۲۳۰۔ گھوڑے یا کسی جانور کا پیشاب بند ہو جائے یا بچہ پیدا ہونے میں تکلیف ہو اور بچہ باہر نہ آتا ہو

| | | |
|---|---|---|
| ح | ج | د |
| ا | ہ | ط |
| و | ز | ب |

چاہیے کہ پاک زمین پر کوئلے کی رکھ ڈال کر کلمہ کی انگلی سے یہ نقش لکھے اور جانور کی باگ پکڑ کر اس نقش کے آس پاس پھرائے۔ ان شاء اللہ فوراً پیشاب اتر آئے اور بچہ باہر آجائے مجرب ہے۔ (نوٹ) مہر نبوت شریف اور نعلین شریفین کے نقوش کو ان ضرورتوں میں مفید پایا۔

۲۳۱۔ شریر گھوڑے کو فرمانبردار بنانے کا بے نظیر عمل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَيْهَا وَادْفَعْ بَلَائَنَا يَا رَؤُوْفُ لَبَّيْكَ يَا اَرْحَمُ لَبَّيْكَ وَاَكْرِمْ لَبَّيْكَ وَارْفَعْ لَبَّيْكَ وَاسْتَجِبْ لَبَّيْكَ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ بِحَقِّ يَا مُحَمَّدُ وَبِحَقِّ نَادِ عَلِيًّا مَّظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِيْ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ وَبِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ

لکھ کر گھوڑے کے گلے میں ڈالے نظر بد سے نجات ہو حسب منشا کام کرے۔

۲۳۲۔ نقش آیۃ الکرسی برائے حفظ ما تقدم تحفظ از صدد یو و پری و جن و شیطان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ يَا مُجِيْبَ دَعْوَاتِ الْمُضْطَرِّيْنَ يَا اِلٰهَ الْعَالَمِيْنَ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۶۷۱ | ۳۶۷۴ | ۳۶۷۷ | ۳۶۶۴ |
| ۳۶۷۶ | ۳۶۶۵ | ۳۶۷۰ | ۳۶۷۵ |
| ۳۶۶۶ | ۳۶۷۹ | ۳۶۷۲ | ۳۶۶۹ |
| ۳۶۷۳ | ۳۶۶۸ | ۳۶۶۷ | ۳۶۷۸ |

لکھ کر پھر یہ نقش آیۃ الکرسی والا لکھا جائے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈالا جائے۔

## ۲۳۳۔ قید سے رہائی کے لیے

| | | |
|---|---|---|
| ۱۸ | ۴۸ | ۶ |
| ۱۲ | ۲۴ | ۳۶ |
| ۴۲ | یاباسط | ۳۰ |

اگر کسی شخص کو سزا ہو یا قید کا اندیشہ ہو یا گرفتار ہو گیا ہو یہ نقش لکھ کر پشت پر سیدھے شانہ کی طرف چسپاں کر دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رہائی ہو۔

نوٹ: اس نقش میں ۶ کے پہاڑے کی چال ہے۔

## ۲۳۴۔ برائے قوت رفتار و دفع کسل مجرب ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| مقتدر | قوی | قائم | قادر |
| قائم | قادر | مقتدر | قوی |
| قادر | قائم | قوی | مقتدر |
| قوی | مقتدر | قادر | قائم |

یہ نقش لکھ کر کمر میں باندھے ان شاء اللہ المولیٰ الکریم فائدہ تام ہوگا۔ مجرب المجرب ہے کتنی ہی محنت کرے یا چلے ہرگز نہ تھکے۔ نقش یہ ہے۔

## ۲۳۵۔ درد بدن فوراً دور ہونے کا مجرب عمل

"دادا صاحب کی گھوڑی وہی اندھیری رات فلاں کا درد فلاں جگہ کا جائے یہی لگی میری آس" پڑھ کر دم کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ درد کافور ہو۔

## ۲۳۶۔ تیزی ذہن و یادداشت و حفظ وغیرہ کے لیئے

اسمائے ذیل چینی کی رکابی پر لکھ کر ۳ یا ۱۱ دن بہتر ہے کہ ۲۱ دن پلائے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَبِّ مُوْسٰى وَهَارُوْنَ وَعِيْسٰى بہتر ہو کہ ایک طرف یہ نقش دوسری طرف نقش تطمئن القلوب کندہ کیا ہوا بنوالیں اسی کو دھو کر روزانہ پلائیں۔

## ۲۳۷۔ برائے امساک

یہ دونوں نقش لکھ کر بروقت کمر میں باندھے مجرب المجرب ہے۔

دوسری طرف

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲ | ۲ | ۳۲ | عو ۳ | عو | عه |
| ۹ | ۹ | ۹ | ۸۸ | عو ۵ | عو ۲ |
| ۲۳ | عو ۳ | عو ۱ | ۹۹ | ۸۸۳ | ۲۲ |

ایک طرف

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۳ | عه |
| ۱ | ۵ | ۹ |
| ۶ | ۷ | ۲ |



Marfat.com

## ۲۳۸۔ برائے زوج صالح (کنواری کی شادی کے لیے)

عبارات ذیل کو لکھ کر گلے میں ڈالے۔ یہ عبارت اگر شوہر بدکار ہو تو بی بی لکھ کر گلے میں پہنے اور کنواری لڑکی نیک شوہر چاہے تو وہ بھی پہنے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَمِنْ کُلِّ شَیْءٍ خَلَقْنَاہُ زَوْجَیْنِ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ قَوْلِکَ ھٰذَا وَبِحُرْمَۃِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ اَنْ تَرْزُقَ فُلَانَۃَ بِنْتِ فُلَانَۃَ زَوْجًا مُوَافِقًا غَیْرَ مُخَالِفٍ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

## ۲۳۹۔ برائے محبت وعداوت وبرآمدن مال مسروقہ اس کا عمل کر لیں بہت سے کام آئے گا

چالیس دن اس عمل کو ہزار بار درود شریف اَجِبْ یَا اِسْرَائِیْلُ یَا طَاطَائِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ سَامِعًا مُطِیْعًا بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ اس کے ساتھ ایک نقش لکھے۔ چلہ پورا ہونے پر سب تعویذوں کی آردِ گندم میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دے۔ پھر روزانہ سو بار عمل مذکور مع دس دس بار درود شریف پڑھتا رہے۔ اور ایک نقش روزانہ لکھتا رہے۔ بروقتِ ضرورت امور مذکورہ کے لیے نقش لکھ کر بھاری پتھر کے نیچے دابے۔ بعد حصول مراد فاتحہ خواجگان وحضراتِ سلسلہ رضویہ حامدیہ دلائے اور نقش دریا میں ڈال دے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶ | ۱۹ | ۲۲ | ۹ |
| ۲۱ | ۱۰ | ۱۵ | ۲۰ |
| ۱۱ | اجب اسرافیل یا طاطائیل یادردائیل سامعا مطیعا بحق یااللہ مقصد حاصل گردد (جو مقصد ہو لکھے) | ۱۷ | ۱۴ |
| ۱۸ | ۱۳ | ۱۲ | ۲۳ |

## ۲۴۰۔ گرفتاری سارق

نابالغ بچے کے ہاتھ پر روشنائی اور روغن لگا کر یہ عزیمت پڑھے اور ماش یا جو پر دم کر کے بچہ کے مارے ۷ یا ۹ بار مارنے سے چور کی صورت بچہ کو نظر آئے گی۔ عزیمت یہ ہے

عزمت علیکم فتحون فتحون فتحون جنتك جنتك جنتك شفيها شفيها شفيها عطيشا عطيشا عطيشا سرورا سرورا سرورا قدور اقدورا قدورا سهلا سهلا سهلا نهلا نهلا نهلا احضروامن جانب المشارق والمغارب بحق سليمان بن داؤد عليهما السلام۔



Marfat.com

۲۴۱۔ برائے ناف

موم جامہ کر کے ناف پر باندھے نقش یہ ہے۔ یاد رکھیے کہ ۲۱ جگہ دہرے واؤ بنیں گے۔



۲۴۲۔ برائے حفاظت اطفال و آفات و بلیات باذنِ اللہ تعالیٰ چھوٹا چراغ اور اس کے روشن کرنے کی ترکیب

ہر مہینے کی چوتھی شب کو یہ چراغ خوشبودار روغن اور چار بتی ڈال کر اس طرح روشن کرے کہ چراغ کا رخ سمتوں کی طرف رہے۔ یعنی چراغ میں جہاں مشرقی لکھا ہے وہ رخ پورب کی طرف اور جہاں مغربی لکھا ہے وہ پچھم کی طرف اور جہاں جنوبی لکھا ہے وہ رخ دکھن کی طرف اور جہاں شمالی لکھا ہے رخ اُتر کی طرف رہے اور جب روشن کر چکیں تو اس کی روشنی میں اپنے سب بچوں کو بٹھائیں اور بہتر یہ ہے کہ ہر روز اپنے کھانے میں سے ایک مٹھی آٹا نکال کر علیحدہ رکھتے جایں جتنا آٹا مہینے پر جمع ہو جائے اس کی روغنی روٹی پکائیں اور کچھ حلوا پکائیں اس پر فاتحہ دے کر ان چاروں بزرگوں جن کے اسماء گرامی چراغ میں کندہ ہیں ان کی ارواح کو بخشیں تا کہ رزق میں برکت ہو، پھر کعبے کی طرف منہ کر کے اس طرح بیٹھ کر کہ چراغ اپنے سامنے رہے، ۵۷ بار یاغنی یا کریم یا احد یا منعم پڑھے۔ اول و آخر ۱۰۔۱۰ بار درود شریف پھر گیارہ بار یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للّٰہ پڑھے۔ پھر سولہ مرتبہ یا ساداتنا عبدالکریم المغربی و عبدالجلیل الجنوبی و عبدالرحیم المشرقی و عبدالرشید الشمالی اغیثونی بحق غوثنا و غوثکم الشیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنھم پڑھ کر بچوں پر اور سب گھر والوں پر دم کر کے ایک ایک گھونٹ پے اور سب کو پلائے۔ ہر مہینے اسی طرح کرے اور ہر سال رجب کی چار تاریخ کہ ان چاروں سلاطین کے عرس کی تاریخ ہے فاتحہ وغیرہ میں خاص اہتمام کرے اور پھر اس چراغ کی برکت دیکھے۔ زیادہ تعریف کی ضرورت نہیں، عمل کر کے دیکھ لیجیے اور اس چراغ کی بدولت باذن اللہ تعالیٰ ایسے مریضوں کو

شفا ہوئی ہے جن کو اطباء جواب دے چکے تھے۔

## ۲۴۳۔ برائے شفاء امراض:

اگر بیمار کی صحت کے لیے روشن کرے اور جس طرح پڑھنے کو لکھا ہے اسی طرح پڑھے، جب پڑھ چکے تو ۱۵۴۴۵ بار کہے شافی شفا شفا شافی اول وآخر درود شریف پڑھتے وقت مریضوں کا اس چراغ کی روشنی میں بیٹھنا ضروری ہے۔ اگر نہ بیٹھا جا سکے تو لیٹ سکتے ہیں۔ جب پڑھ چکے تو ایک مریض ہو یا دو، جتنے بھی ہوں سب پر دم کرے اور جو دوا حکیم دیتا ہے اس پر بھی دم کرے مولیٰ تعالیٰ کے فضل وکرم سے شفا پائے گا۔




## ۲۴۴۔ برائے وسعت رزق وحصولِ دولت وغنا

چاہیے کہ بماہِ ثابت عروجِ ماہ بعد نماز مغرب تازہ وضو کرے پھر شافی شفا شفا شافی بے گنتی پڑھے۔ پھر دو رکعت نفل پڑھے صلاۃ الاسرار کی نیت سے اور ہر رکعت میں سورۂ اخلاص ۱۱ بار پڑھے۔ بعد سلام ۱۱ بار درودِ غوثیہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ پڑھ کر یا رسول اللہ یا نَبِیَّ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ وَاَمْدِدْنِیْ فِیْ قَضَآءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ ایک بار پڑھے پھر ۳ یا ۱۱ بار اپنے

مقصد کے لیے دعا کرے۔ پھر یہ چراغ اسی ترکیب سے روشن کرے اور اسی طرح چراغ کے سامنے بیٹھے کہ خود کو چراغ کے سامنے رکھے اور گیارہ بار درود غوثیہ اور ۱۶ بار یا سادا تنا پوری عبارت اور ۱۱ بار شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ پڑھے اور ۵۴۳ بار یا غنی یا کریم یا احد یا منعم پڑھے پھر گیارہ بار درود غوثیہ پڑھے۔ ۴۱ رات تک ایسی جگہ پڑھے کہ وہاں پر کوئی دوسرا نہ رہے۔ اور لوبان سلگائے پھر شب چہارم ہر ماہ خالی مقام پر عمل بدستور پڑھتا رہے۔ مگر چلہ ختم ہو جانے کے بعد ۵۴۳ بار نہ پڑھے بلکہ ۱۷۵ بار پڑھے لیکن ہر سال ۴ رجب کو فاتحہ چاروں سلاطین کی جن کے اسماء اس چراغ میں کندہ ہیں، خاص اہتمام کے ساتھ کرنا چاہیے۔

**ترکیب:** اول درود غوثیہ ۷ بار، الحمد شریف ایک بار، آیۃ الکرسی ایک بار قل ھو اللہ شریف ۷ بار، پھر درود غوثیہ ۳ بار پڑھ کر حضور پر نور تاجدار انبیاء ﷺ کی روح پاک کو نذر کرے۔ پھر تمام انبیاء کرام علیہم السلام، صحابہ کرام، اہل بیت وائمہ کرام پھر حضور پر نور سیدنا غوث اعظم و جملہ مشائخ کرام پھر حضور اعلیٰ حضرت اور سب بزرگان دین رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ارواح طیبات کو بخشے پھر خصوصاً جن بزرگ کی نیاز کی گئی ہے ان کی روح پاک کو بخشے۔ چاہیے کہ باادب کھڑا ہو کر نیاز دے۔ چراغ خورد کا بیان ختم ہوا۔

## عامل کے لیے ایک عجیب وغریب تحفہ

ذیل کی دعا صبح قبل طلوع آفتاب اور شام کو غروب آفتاب سے پہلے صرف ایک بار پڑھ لیا کریں۔

ف: جس سے کسی دن سب وظائف رہ جائیں تو یہ تنہا ان سب کی جگہ کافی ہے۔ نیز رات اور دن کے ہر نقصان کی تلافی ہے:

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ۔

عامل کے لیے یہ مثل آب حیات کے ہے چاہیے کہ حفظ کر لیں۔

## ۲۴۵۔ اعلیٰ حضرت مجدد دین وملت قدس سرہٗ کا ایک خط جو ہر مسلمان کے لیے ایک نعمت ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ ط برادر دینی ویقینی سنی تو مستقل باذن المولیٰ الکریم سلمہٗ بعد سلام مسنون سید ضمیر الحسن سلمہٗ کی زبان حال پر ملال زبانی انتقال برخودار معلوم ہوا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ط اللہ کا ہے جو اس نے لیا اور اسی کا ہے جو اس نے دیا اور ہر چیز کی اس کے یہاں عمر مقدر ہے اس سے کمی بیشی نا متصور ہے۔ بے صبری سے گئی چیز واپس نہیں آسکتی ہاں اللہ کا ثواب جاتا ہے جو ہر چیز سے



Marfat.com

اعزّ واعلیٰ ہے اور محروم تو وہی ہے جو ثواب سے محروم رہے۔ صحیح حدیث میں ہے جب فرشتے مسلمان کے بچے کی روح قبض کر کے حاضر بارگاہِ رب العزت ہوتے ہیں، مولیٰ عزّ وجل فرماتا ہے (اور وہ خوب جانتا ہے) کیا تم نے میرے بندے کے بچے کی روح قبض کر لی۔ عرض کرتے ہیں ہاں اے رب ہمارے فرماتا ہے۔ کیا تم نے اس کے دل کا پھل توڑ لیا۔ عرض کرتے ہیں ہاں اے رب ہمارے۔ پھر اس نے کیا کہا۔ عرض کرتے ہیں تیری حمد بجالایا اور الحمدللہ کہا فرماتا ہے۔ گواہ رہو میں نے اسے بخش دیا اور جنت میں اس کے لیے ایک مکان تیار کرو اور اس کا نام بیت الحمد رکھو۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے تین بچے نابالغی میں مرجائیں گے آتشِ دوزخ سے اس کے لیے حجاب ہو جائیں گے۔ کسی نے عرض کیا کہ اگر دو مرے ہوں، فرمایا دو بھی۔ اُم المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کی کہ اگر کسی کا ایک ہی بچہ مرا ہو، فرمایا ایک بھی۔ اسے نیک سوالوں کی توفیق دی گئی۔ اس حکم میں ماں باپ دونوں شامل ہیں۔ آپ اور آپ کے گھر میں دونوں صاحب یہ دعا پڑھیں ان شاء اللہ عزوجل نعم البدل عطا فرمائے گا۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَسٰی رَبُّنَآ اَنْ یُّبْدِلَنَا خَیْرًا مِّنْھَا ط اِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا رَاغِبُوْنَ اَللّٰھُمَّ اْجُرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاخْلُفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْھَا

صحیح حدیث میں ہے جب حضرت ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقال ہوا اور رسول اللہ ﷺ نے ان کی زوجہ مقدسہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو یہ دعا تعلیم فرمائی اور ارشاد ہوا کہ جو چیز فوت ہوتی ہے اس سے بہتر ملتی ہے حضرت اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا نے دعا پڑھی مگر اپنے دل میں کہتی تھیں کہ ابوسلمہؓ سے بہتر کون ملے گا۔ عدت کے دن گزرنے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان سے نکاح فرمایا۔

## ۲۴۶۔ دعا حل المشکلات

جو اس دعا کو روزانہ بعد نمازِ فجر و بعد نماز عصر ۱۱۔۱۱ بار (مع اول و آخر) درود شریف پڑھے اس کو گیارہ فائدے ہوں گے۔ یعنی ہر مشکل آسان ہو۔ سب پریشانیاں دور ہوں۔ ایمان سلامت رہے۔ اللہ تعالیٰ ہر جگہ مدد فرمائے۔ دشمن برباد ہوں۔ حاسد اپنی آگ میں جلیں۔ نزع آسان ہو۔ قبر میں شاداں ہو نیکیوں کا پلہ بھاری ہو۔ قرض سے سبکدوشی ہو اگرچہ پہاڑ برابر ہو۔ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسْلِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ ط اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ کُلَّ مُھِمٍّ مِّنْ حَیْثُ شِئْتَ وَمِنْ اَیْنَ شِئْتَ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِدِیْنِیْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِدُنْیَایَ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَآ اَھَمَّنِیْ حَسْبِیَ



Marfat.com

اَللّٰہُ لِمَنْ بَغٰی عَلَیَّ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَنْ حَسَدَنِیْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَنْ کَادَنِیْ بِسُوْءٍ حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الْمَسْئَلَةِ فِی الْقَبْرِ حَسْبِیَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط

## ۲۴۷۔ عمل تسخیر خلائق جمیعاً

درعروجِ ماہ موافق نظر سعد کہ قمر بری از نحوست ہو، یہ نقش لکھے اور اپنی نظر کے سامنے رکھے اور یہ آیۃ کریمہ وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ط تا ۴۱ روز بلا ناغہ ۲۱۵۱ بار پڑھے اور ہر روز ایک نقش لکھ کر سامنے رکھ لیا کرے،

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۱۳ | ۲۲۷ | ۲۲۴ | ۲۲۱ |
| ۲۲۵ | ۲۲۰ | ۲۱۴ | ۲۲۶ |
| ۲۱۹ | ۲۲۲ | ۲۲۹ | ۲۱۵ |
| ۲۲۸ | ۲۱۶ | ۲۱۸ | ۲۲۳ |

بعد فراغت جملہ نقوش دریا میں ڈال آئے چاہیے کہ پڑھنے کی جگہ اور وقت مقرر کرلے کہ اس میں فرق نہ پڑے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مخلوقِ خدا کا ہجوم ہوگا اور عجیب وغریب کرشمے دیکھے گا۔ چاہیے کہ چلہ ختم ہونے کے بعد ۱۰ ابار مع درود اول وآخر ۱۱ بار آیہ مذکورہ پڑھتا رہے ناغہ نہ کرے تاکہ عمل قائم رہے۔

**نوٹ:** یہ عمل عجیب وغریب ہے عقلمند را اشارہ کافی است۔

## ۲۴۸۔ دریافت مرض سحر یا آسیب وغیرہ

۳ عدد مٹی کی پلیٹ یعنی سکوری پر ۳ نقش لکھ کرے مرتبہ مریض پر سے اتارے پھر آگ میں رکھ کر آگ خوب روشن کرے، جب آگ میں تپ جائے تو دیکھے اگر حروف سفید ہوجائیں تو جادو ہے، سرخ ہوجائیں تو چڑیل اور غائب ہوجائیں تو جن تصور کرے۔ سیاہ رہیں تو مرض بدنی ہے اور تینوں مختلف رہیں تو نظر بد ہے۔ نقش یہ ہے۔

۱۱ ۸۳ ۵ ع ۹ ح ۲ ۱۱۱ ۳۴

## ۲۴۹۔ برائے دیدار سید ابرار احمد مختار حبیب پروردگار

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ تُصَلِّیْ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جَسَدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ صَلَّ اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ۔



Marfat.com

بعد نمازِ عشاء ۱۲۱ یا ۱۰۱ یا ۱۰۰۱ مرتبہ غرض روزانہ طاق جتنا نبھ سکے حصول زیارت اقدس کے لیے اس سے بہتر صیغہ نہیں مگر خالص تعظیم شانِ اقدس کے لیے پڑھے۔ اس نیت کو بھی جگہ نہ دے کہ مجھے زیارت نصیب ہو۔ آگے ان کا کرم بے حدو انتہا ہے۔

فراق ووصل چہ خواہی رضائے دوست طلب — کہ حیف باشد از غیر اُو تمنائے

منہ مدینہ طیبہ کی طرف ہو اور دل حضورِ اقدس ﷺ کی طرف، دست بستہ پڑھے یہ تصور باندھے کہ روضۂ انور کے حضور حاضر ہوں۔ اور یقین جانے کہ حضور اقدس ﷺ مجھے دیکھ رہے ہیں میری آواز سن رہے ہیں۔ میرے دل کے خطروں پر مطلع ہیں۔

## ۲۵۰۔ دیگر الوظیفۃ الکریمہ

الوظیفۃ الکریمہ میں وہ دعائیں ہیں جو اعلیٰ حضرت عظیم البرکت قدس سرہٗ کے ورد میں تھیں۔ اگر کوئی مسلمان ان دعاؤں کو روزانہ ورد میں رکھے یقیناً ولی ہو جائے۔ جو زبان سے کہہ دے وہی ہو کر رہے اور اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان سب وظائف کی تمام سنی بھائیوں کو اجازت عطا فرمادی ہے۔

## ۲۵۱۔ دیگر دلائل الخیرات

دلائل الخیرات شریف جس میں درود ہی درود ہے۔ اس کا ایک حزب روزانہ پڑھنا اور ہمیشہ پابندی کرنا حصولِ مقاصد دینی و دنیاوی کے لیے کافی ہے۔

## ۲۵۲۔ برائے نامردی

بعد نمازِ صبح روزانہ چینی کی رکابی پر مشک وزعفران سے حسب ذیل عبارت لکھ کر پلائیں پھر خدا کی قدرت کا منظر دیکھیں۔

اول روز: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ؁ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا اَنْ تُعَافِیَنِیْ مِنَ الْعُنَّۃِ وَتَقْدِرَنِیْ عَلَی الْجِمَاعِ الْعُنَّۃِ وَصَلَّی اللّٰہُ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ؁ روز دوم: حٰمٓ عٓسٓقٓ یَا فَرْدُ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اَنْ تُعَافِیَنِیْ مِنَ الْعُنَّۃِ وَتَقْدِرَنِیْ عَلَی الْجِمَاعِ الْعُنَّۃِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔ روزِ سوم: کٓھٰیٰعٓصٓ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ اَنْ



Marfat.com

تَعَافِنِیْ مِنَ الْعِنَّۃِ وَتَقْدِرُنِیْ عَلَی الْجِمَاعِ الْعِنَّۃِ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

## ۲۵۴۔الخضاب من دون الاختضاب مجموعہ اعمال کا پوشیدہ خزانہ

یہ نسخہ اعلیٰ حضرت برادہ آہنی ایک سیر، سیسہ خالص ایک سیر، پارہ عمدہ ۱۶ تولہ، ۱۰ ماشہ، آم کچا جس میں جالی نہ پڑی ہو ۲۰۰ عدد۔

**ترکیب:** اول سیسہ کو خوب پگھلائیں۔ اور اس میں پارہ ڈالیں جب سرد ہو جائے تو لوہے کا برادہ اس میں ملا کر سب کو مثل سرمہ کے باریک پیس لیں۔ یہاں تک کہ برادہ سیسہ اور پارہ ایک جنس ہو جائیں۔ پھر آموں کا سر اس طرح کاٹیں کہ اس میں تتلی نکل آئے پھر ہر ایک امبیہ میں اس قدر دوائی بھریں کہ ان میں آجائے اور سب دوا دو سو (۲۰۰) امبیہ کو کافی ہو۔ پھر امبیہ کی ٹوپی اس کے اوپر رکھ کر اس کے لب ملا کر اس پر ببول کے کانٹے یا لوہے کی کیلیں مضبوطی کے لیے ٹھونک دیں کہ اس میں سے دوا نکلنے نہ پائے۔ پھر امبیوں کو چکنے گھڑے یا مٹکے میں بھر کر اس میں تل کا تیل اور گائے کا مساوی الوزن دودھ اس قدر ڈالیں کہ آموں سے چار انگل دودھ اور تیل اوپر کھڑا ہو جائے، بعدہ گھڑے کا منہ اچھی طرح بند کر کے زمین میں دفن کر دیا جائے بعد دو ہفتہ کے دیکھیں اگر آم سیاہ ہو گئے ہوں تو گھڑا نکال لیا جائے ورنہ پھر دفن کر دیا جائے اور کچھ عرصہ بعد گھڑا پھر نکال لیں اور ہر روز شام کو سوتے وقت ایک امبیہ نکال کر اس کے اندر کا مصالحہ پھینک دیں اور ایک آم دانہ الائچی اور زعفران کے ہمراہ کھائیں ان شاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں اتنی قوت پائیں گے کہ کبھی نہ دیکھی ہو گی۔ آنکھوں کی روشنی تیز اور حافظہ بہت اچھا ہو جائے گا۔ چہرے کا رنگ اور جھریاں نہ پڑیں گی۔ جب تک زندہ رہے گا۔ سفید بال چھ ماہ کے اندر گر جائیں گے اور ان کی جگہ سیاہ بال اگ جائیں گے۔ ان شاء اللہ اور جب بھی یہ دوائی کھائی جائے ترشی اور کثرتِ جماع سے پرہیز کیا جائے۔ اگر فیرنی کا استعمال زیادہ کریں پھر اللہ کی قدرت کا نظارہ کریں اللہ تعالیٰ ہر شے پر قادر ہے۔

## فقیر کے پدر بزرگوار جناب مولانا الحاج صوفی حکیم شاہ عزیز احمد

## صاحب مدّاح الرسول رضوی مدظلہم العالی کے عطا کردہ

بعض مجرب نسخے جن سے بہت سے مریض صحت یاب ہوئے ہدیہ ناظرین ہیں۔ مخلوقِ خدا کو فیض پہنچا کر دعائیں لیجیے۔

### خارش خشک ہو یا تر ان شاء اللہ تین دن میں آرام ہو گا

برگِ نیم سبز ایک تولہ۔ برگِ حنا (مہندی) سبز ایک تولہ چند قطرے پانی ڈال کر باریک پیس لیں اور پھر



Marfat.com

کپڑے میں رکھ کر نچوڑ لیں کہ کم از کم ایک تولہ عرق نکل آئے، نہار منہ پی لیں صرف تین روز مگر پرہیز شرط ہے وہ یہ کہ صرف بیسنی روٹی بغیر نمک کے گھی چور کر کے کھائیں اس کے سوا کچھ نہ کھائیں۔ اگر دس برس کی کھجلی ہوگی تو بھی ان شاء اللہ تعالیٰ تین دن سے زائد کی ضرورت نہ پڑے گی۔ عرق سے منہ کڑوا ہو جائے گا۔ کالے چنے بھنے ہوئے ذرا سے کھا کر منہ صاف کر لیں۔

## لقوہ کا تجربہ شدہ نسخہ سو فیصدی کامیاب

جیسے ہی لقوہ کی شکایت ہو فوراً بلا تاخیر مریض کو خالص شہد نیم گرم پانی میں ملا کر دیں۔ اور غذا میں جنگلی کبوتر کا شوربہ صبح وشام پلائیں۔ بس اس کے سوا اور کچھ نہ دیں۔ کم از کم پاؤ بھر شہد روزانہ صبح وشام پلایا کریں۔ گیارہ دن اور زیادہ سے زیادہ پندرہ دن میں ان شاء اللہ بالکل آرام ہوگا۔ کسی دوسری دوا کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

## دردِ گردہ کا مجرب نسخہ، گردہ اور مثانہ کی پتھری کا بلا اپریشن مجرب علاج

سنگ سرماہی ایک ماشہ، حجر الیہود ایک ماشہ ان دونوں کو خوب پیس کر جوارش زرعونی ۷ ماشہ میں ملا کر کھلائیں اوپر سے یہ دوائیں سونف کے عرق میں پیس کر پلائیں۔ تخم خربوزہ ۵ ماشہ، گوکھر وخورد ۵ ماشہ، دوقو ۴ ماشہ، کاکنج ۴ ماشہ، سونف ۵ ماشہ، شیرہ نکال چھان لیں اور شربت بزوری ملا کر پی لیں۔ مجرب المجرب ہے۔ دردِ گردہ ان شاء اللہ تعالیٰ پیتے ہی کافور ہو جائے گا۔ مگر چونکہ دردِ گردہ میں پتھری پیدا ہو جاتی ہے۔ پتھری کا کوئی ریزہ گردہ میں چبھتا ہے اور گردہ ایک نازک چیز ہے جب تک وہ ریزہ نکل نہ جائے درد کو سکون نہیں ہوتا۔ اکثر مریض اس درد میں ڈاکٹری علاج کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں اور ڈاکٹر صاحبان مارفیا (افیون) کا انجکشن دے دیتے ہیں جو گردوں کو سن کر دیتا ہے درد میں فوراً سکون معلوم ہوتا ہے مگر اس سے عارضی اور وقتی فائدہ حاصل کر کے بہت زیادہ نقصان گردوں کو پہنچتا ہے۔ یہ نسخہ گردہ کے مریض کے لیے آب حیات ہے۔ کم سے کم ایک ہفتہ اور پتھری بڑی ہوگئی ہو تو ۱۵ دن استعمال کریں اور مولیٰ تعالیٰ کی قدرت کا تماشہ دیکھیں۔ ساری پتھری ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستے خارج ہو جائے گی اور ان شاء اللہ ہمیشہ کے لیے اس موذی مرض سے نجات مل جائے گی۔ غذائیں: بکری کے گوشت کا شوربہ چپاتی مولی کی بھاجی، شلجم استعمال کریں۔ اور ایسے مریض چاول سے ہمیشہ پرہیز کریں۔

## عرق النساء یعنی رینگن کا درد

یہ مرض بعض مردوں کو گردوں کی کمزوری اور دائمی قبض کے باعث اور اکثر عورتوں کو رحم کی خرابی کے باعث ہوا کرتا ہے۔ سیدھی طرف کم الٹی طرف زیادہ دیکھنے میں آیا ہے۔ کولھے سے شروع ہوتا ہے اور پوری ٹانگ



Marfat.com

میں ہوتا ہے اور اکثر رینگتا ہے اسی وجہ سے رینگن کا درد کہلاتا ہے۔ فقیر کے خود بھی دو سال رہا ہے جتنا علاج کرتا مرض بڑھتا جاتا۔ آخر کار ایک درویشِ کامل سے یہ نسخہ ہاتھ آیا۔ صرف ۸ روز کے استعمال سے شفا ہوئی۔ جب سے بہت سے مریضوں کو دیا بفضلہٖ تعالیٰ سب کو شفا ہوئی۔ اسگند، ستاور سیمبل کی موصلی۔ سونٹھ، بدھارا سب ایک ایک تولہ۔ سب کو باریک کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور ہم وزن کچی شکر ملا کر پاؤ بھر شیر گاؤ سے نہار منہ ایک تولہ کھالیا کریں اور سوتے وقت معجون سورنجان ا تولہ گرم پانی سے کھالیا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں اس موذی مرض سے نجات ہوگی۔ نیز یہ نسخہ مقوی باہ اور مغلظ بھی ہے۔ غذا: شوربا، چپاتی یا گیہوں کا دلیہ دودھ میں پکا کر استعمال کریں۔ باہ اور جریان میں پرہیز لازم ہے تا استعمالِ دوا جماع سے پرہیز کریں۔

## احتلام وقوت اور دافعِ جریان کے لیے مجرب ہے

چھوہارا ۵ عدد، مغز بادام شیریں ۵ عدد، مغز کدو ۶ ماشہ، ناریل ۲ تولہ، ہر چہار اشیاء کچل کر نصف سیر دودھ گاؤ میں خوب پکا کر ٹھنڈا کر کرے بطورِ ناشتہ صبح کو ناشتہ کریں اگر گرمی کا زمانہ ہو تو تخم کاہو ۶ ماشہ کا شیرہ نکال کر پکاتے وقت شامل کرلیا کریں۔

## حلوا موسم سرما برائے جریان وسرعت

چنے کی دال پاؤ سیر، گائے کا دودھ آدھا سیر میں خوب پکاؤ۔ جب سب دودھ جذب ہوجائے سل پر پیس لیں اور پاؤ سیر گھی خالص میں بگھار پاؤ سیر شکر ملا کر حلوا بنا کر رکھ لیں اور ایک چھٹانک روزانہ بطورِ ناشتہ استعمال کریں۔

## حب آواز کشا

مغزِ بادام شیریں ۷ عدد، مغز تخم کدو شیریں ۶ ماشہ، گوند ببول بریاں ۶ ماشہ، گوند کتیرہ بریاں ۴ ماشہ، تخم خشخاش سفید ۹ ماشہ، گلنار فارسی ۴ ماشہ، عناب ولایتی ۹ دانہ، رُب السوس ۴ ماشہ، تخم کتان ۶ ماشہ، ست گلو ۴ ماشہ، ادرک ۹ ماشہ، مویز منقیٰ ۱۵ ادانے، نشاستہ ۹ ماشہ، دانہ الائچی سرخ ۴ ماشہ، تخم میتھی ۶ ماشہ سب کو باریک پیس کر بقدرِ ضرورت شہد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ کالی کھانسی والے کو صبح اور رات سوتے وقت ایک ایک گولی دینا چاہیے۔ میلاد خوان، نعت خواں، مقررین اور مواعظین تقریر کرتے وقت اس گولی کو منہ میں رکھ کر چوستے رہیں یا پان میں رکھ کر کھائیں۔ جتنا آواز سے کام لیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اتنی ہی آواز کھلے گی اور سریلی ہوجائے گی۔ نیز یہ گولیاں ہر قسم کی کھانسی خصوصاً کالی کھانسی کے لیے بھی اکسیر کا حکم رکھتی ہیں۔



Marfat.com

## پرانے زہریلے زخم خصوصاً سرطان کا لاجواب مرہم

سنگِ جراحت ۲ ماشہ، دانہ الائچی ۳ ماشہ، سفید کافور ۶ ماشہ، سفیدہ کاشغری ۵ ماشہ، پرانا ٹاٹ سوختہ کی راکھ ایک تولہ، پوست ہلیلہ ۵ ماشہ، انزروت ۳ ماشہ، کسی حلال جانور کے جلے ہوئے بالوں کی راکھ ۳ ماشہ، افیون ۳ ماشہ، موم خالص ۵ ماشہ۔

**ترکیب:** پہلے افیون کو سرسوں کے روغن میں حل کرلیں، پھر موم پگھلائیں اور یہ حل کیا ہوا روغن اس میں ملائیں۔ پھر باقی دوائیں جو پہلے خوب باریک پیس کر رکھ لی گئی ہوں ملادیں بس مرہم تیار ہے۔ اور پھایہ بنا کر زخم پر لگائیں۔ یہ مرہم کنٹھ مالا کے لیے بھی اکسیر ہے۔

## ضروری ہدایات:

کنٹھ مالا کے مریض کو مرہم کے ساتھ ۵ عدد منڈی صبح اور ۸ عدد شام کو پانی کے ساتھ تین ماہ تک کھلاتے رہنا کنٹھ مالا کے اثر کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیتا ہے اور ہلکے بخار میں جو کنٹھ مالا کے سبب قائم ہو جاتا ہے جاتا رہتا ہے اور مریض بالکل تندرست ہو جاتا ہے۔

## اکسیر شکم

یہ گولیاں ہیضہ، دردِ شکم، باؤ گولہ، بدہضمی، ضعف معدہ، بھوک کی کمی میں اسم بامسمّٰی ہیں۔ بنا کر مریضوں پر استعمال کیجیے اور دعائیں لیجیے۔ نسخہ یہ ہے، مدار کا پھول منہ بند سہاگہ بریان، پودینہ خشک، فلفل سیاہ، لونگ، سونٹھ، نمک سیاہ سب ایک ایک تولہ سب باریک پیس لیجیے اور پیستے وقت چند قطرے پانی ڈالتے جائیے یہ دوا جتنی باریک پسے گی اتنی ہی زود اثر ہوگی۔ اتنا پیسے کی مثل میدہ ہو جائے۔ لیس پیدا ہو کر گولی باندھنے کے قابل ہو جائے۔ چنے کے برابر بنالیں۔ بعد غذا یا جب ضرورت ہو گرم پانی سے کھلائیں۔

## پیٹ کے کیڑے

پیٹ کے کیڑے مارنے کا بے نظیر نسخہ: پلاس پاپڑا ۳ ماشہ، تخم کرنجوا ۳ ماشہ، اجوائن پوربی ۳ ماشہ، کمیلہ ۳ ماشہ، بابڑنگ ۳ ماشہ، ان سب دواؤں کو خوب باریک پیس کر قند سیاہ ۳ تولہ میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائی جائیں۔ مریض کو ایک گولی روزانہ شکر کے شربت کے ہمرہ کھلائیں۔ پیٹ کے سب کیڑے مر کر نکل جائیں گے اور آئندہ کے لیے ان کی پیدائش بند ہو جائے گی۔ دوا کم از کم ۱۵ روز تک بلاناغہ سوتے وقت کھلائی جائے۔

### برائے استحاضہ

گیرو ایک تولہ۔ مصطگی رومی ۸ ماشہ، کہربا شمعی ۴ ماشہ۔ تینوں کو باریک پیس کر ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گ زبان ۵ تولہ۔ شربت انجبار ایک تولہ کے ہمراہ پلائیں کیسا ہی خون جاری ہو خواہ حلق سے یا ناک سے یا رحم سے ان شاء اللہ اس سے رک جائے گا۔ بہت مجرب المجرب ہے۔

## بعض تجربہ شدہ مجرب اعمال

### ناجائز دوستی اور محبت چھڑانے کا تجربہ شدہ عمل

اگر کوئی چاہے کہ دو آدمیوں کے درمیان جدائی اور عداوت پیدا ہو جائے تو یہ تعویذ لکھ کر کسی بزرگ شہید کے مزار پر جائے اور کسی اینٹ میں مزار یا متصل مزار یا چبوترے میں اس تعویذ کو جو موم جامہ کیا ہو خوشبو لگا کر اینٹوں کے اندر رکھ دے اور بعد فاتحہ کے صاحب مزار کی طرف متوجہ ہو کر کہے کہ یہ امانت آپ کے پاس رکھے جاتا ہوں جس وقت میری حاجت پوری ہوگی تو میں آپ کے مزار پر شیرینی وعطر و ہار پھول حاضر کرکے فاتحہ دلاؤں گا۔ جب دونوں کے درمیان جدائی ہو جائے مزار پر جائے نذر و نیاز کرے اور تعویذ نکال اور آٹے کے گلے میں رکھ کر دریا میں ڈال دے۔ نقش یہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ذالبطش الشدید | یاقاھر | لایطاق |
| انت الذی | انتقامه | انت الذی |
| لایطاق | یاقاھر | ذالبطش الشدید |

الٰہی بحرمت غضب و غصہ و قہر خود مابین فلاں بن فلاں و مابین فلاں بنت فلاں جدائی و عداوت شود۔ والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیامۃ بحق یا قہار قہرت والقہر فی قہرک یا قہار

### دشمن کو دوست بنانے کا عمل

تسمیہ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ بستم خواب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں فَعَلَ رَبُّکَ بِاَصْحٰبِ الْفِیْلِ ۔ اَلَمْ یَجْعَلْ بستم الخ کَیْدَھُمْ فِیْ تَضْلِیْلٍ وَّ اَرْسَلَ عَلَیْھِمْ بستم الخ طَیْرًا اَبَابِیْلَ تَرْمِیْھِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجّیل فَجَعَلَھُمْ بستم الخ کَعَصْفٍ مَّاْکُوْلٍ الخ۔ یہ سورت ۷ بار پڑھ کر شکر پر دم کریں اور مطلوب کو کھلائیں اور اگر نہ سکیں تو چیونٹیوں کو ڈال دیں۔



Marfat.com

ِرائے محبت زن وشوہر بروز جمعہ لکھے اگر بیوی سخت ہوتو مرد اور مرد تشدد کرے تو عورت اپنے بازو پر باندھے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۵۳۷۳ | ۱۵۳۸۷ | ۱۵۳۸۴ | ۱۵۳۸۱ |
| ۱۵۳۸۵ | ۱۵۳۸۰ | ۱۵۳۷۴ | ۱۵۳۸۶ |
| ۱۵۳۷۹ | ۱۵۳۸۲ | ۱۵۳۸۹ | ۱۵۳۷۵ |
| ۱۵۳۸۸ | ۱۵۳۷۶ | ۱۵۳۷۸ | ۱۵۳۸۳ |

## ردوعورت ہر دو کی محبت کے لیے

(از اعلیٰ حضرت) مرد کو مطیع کرنا ہو تو عورت باندھے اور عورت کو مطیع کرنا ہو تو مرد باندھے۔

| | |
|---|---|
| لا الہ الا اللّٰہ | ۱۱ |
| عـــ اللّٰہ مرد | اللّٰہ اللّٰہ |

## ساعت نکالنے کا نہایت آسان طریقہ جو کسی کتاب میں نہیں ملے گا

نمبر ا اور نمبر ۲ وغیرہ جو ساعت سیارگان میں دیا ہوا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ بعد طلوع آفتاب پہلی ساعت یعنی پہلا گھنٹہ مثلاً دوشنبہ یعنی پیر کے دن طلوع آفتاب صبح ۶ بج کر ۳۰ منٹ پر ہے تو ۶ بج کر ۳۰ منٹ سے ۷ بج کر ۳۰ منٹ تک قمر کی ساعت پھر ۷ بج کر ۳۰ منٹ سے ۸ بج کر ۳۰ منٹ تک زحل کی ساعت پھر ۸ بج کر ۳۰ منٹ سے ۹ بج کر ۳۰ منٹ تک مشتری کی ساعت پھر اسی طرح ترتیب وار مریخ، آفتاب، زہرہ، عطارد، قمر اور پھر وہی زحل مشتری وغیرہ یوں ۲۴ گھنٹہ ہر روز ساعتوں کا چکر رہتا ہے۔ چونکہ ساتویں آسمان پر زحل چھٹے آسمان پر مشتری، پانچویں پر مریخ، چوتھے پر آفتاب، تیسرے پر زہرہ، دوسرے پر عطارد، پہلے پر قمر ہے اور ہر ستارہ ہر دن سے منسوب ہے۔ اس کو س نقشہ میں دیکھیے مع شرف وہبوط، نمبر اسی حساب سے ساعات بدلتی ہیں۔ نقشہ نمبر ۲ ملاحظہ کیجیے۔

| ہفتہ | جمعرات | منگل | اتوار۔ | جمعہ | بدھ | پیر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شنبہ | پنجشنبہ | سہ شنبہ | یک شنبہ | جمعہ | چہار شنبہ | دوشنبہ |
| زحل | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر |
| ساتویں آسمان پر | چھٹے آسمان پر | پانچویں آسمان پر | چوتھے آسمان پر | تیسرے آسمان پر | دوسرے آسمان پر | پہلے آسمان پر |
| زحل یعنی سنیچر کو | مشتری برہسپت کو | مریخ یعنی منگل کو | سورج کو | زہرہ یعنی شکر کو | عطارد یعنی بدھ کو | قمر (چاند) کو |
| شرف برج میزان یعنی ترازو میں<br>ہبوط برج حمل یعنی بھیڑ میں | شرف برج سرطان یعنی کیکڑا میں<br>ہبوط برج جدی یعنی مگر میں | شرف برج جدی یعنی مگر میں<br>ہبوط برج سرطان یعنی کیکڑا میں | شرف برج حمل یعنی بھیڑ میں<br>ہبوط برج میزان یعنی ترازو میں | شرف برج حوت یعنی مچھلی میں<br>ہبوط برج سنبلہ یعنی کنیا میں | شرف برج سنبلہ یعنی خوشہ میں<br>ہبوط برج حوت یعنی مچھلی میں | شرف برج ثور یعنی برکھ میں<br>ہبوط برج عقرب یعنی بچھو میں |



Marfat.com

## بابُ النجوم

# نقشہ نمبر۲ ساعت سیّارگاں

| ساعت | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| روز یکشنبہ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر | زحل |
| شب دوشنبہ | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد |
| دوشنبہ | قمر | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب |
| شب سہ شنبہ | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری |
| سہ شنبہ | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر |
| شب چہارشنبہ | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ |
| چہارشنبہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ |
| شب پنجشنبہ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر | زحل |
| پنجشنبہ | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد |
| شب جمعہ | قمر | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب |
| جمعہ | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری |
| شب شنبہ | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر |
| روز شنبہ | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ |
| شب یکشنبہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ | آفتاب | زہرہ | عطارد | قمر | زحل | مشتری | مریخ |

| دن | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سوموار | ۱ | ۱۳ | | | | | | متھن | ۳۲ ۲۱ | | | | | | | | بت پورنانگی بارہ وفات |
| منگلوار | ۲ | ۱۳ | | | | | | | | | | | | | | | |
| بدھوار | ۳ | ۱۴ | | | | | | | | | | | | | | | |
| دیروار | ۴ | ۱۵ | | | | | | کرک | ۵۵ ۲۲ | | | | | | | | |
| شکروار | ۵ | ۱۶ | | | | | | | | | | | | | | | |
| سنیچروار | ۶ | ۱۷ | | | | | | | | | | | | | | | |
| اتوار | ۷ | ۱۸ | | | | | | سنگھ | ۲۳ ۲۲ | | | | | | | | |
| سوموار | ۸ | ۱۹ | | | | | | | | | | | | | | | |
| منگلوار | ۹ | ۲۰ | | | | | | کنیا | ۵۲ ۲۰ | | | | | | | | |
| بدھوار | ۱۰ | ۲۱ | | | | | | | | | | | | | | | |
| دیروار | ۱۱ | ۲۲ | | | | | | | | | | | | | | | |
| شکروار | ۱۲ | ۲۳ | | | | | | تلا | ۱۶ ۵ | | | | | | | | |
| سنیچروار | ۱۳ | ۲۴ | | | | | | | | | | | | | | | |
| اتوار | ۱۴ | ۲۵ | | | | | | برچھک | ۳۹ ۵۲ | | | | | | | | |
| سوموار | ۱۵ | ۲۶ | | | | | | | | | | | | | | | |
| منگلوار | ۱۶ | ۲۷ | | | | | | دھن | ۵۴ ۲۷ | | | | | | | | |
| بدھوار | ۱۷ | ۲۸ | | | | | | | | | | | | | | | |
| دیروار | ۱۸ | ۲۹ | | | | | | | | | | | | | | | |
| شکروار | ۱۹ | [illegible] | | | | | | مکر | ۴ ۱۲ | | | | | | | | |
| سنیچروار | ۲۰ | ۲ | | | | | | | | | | | | | | | |
| اتوار | ۲۱ | ۳ | | | | | | کنبھ | ۱۰ ۳۷ | | | | | | | | |
| سوموار | ۲۲ | ۴ | | | | | | | | | | | | | | | |
| منگلوار | ۲۳ | ۵ | | | | | | مین | ۱۶ ۲۹ | | | | | | | | |
| بدھوار | ۲۴ | ۶ | | | | | | | | | | | | | | | |
| دیروار | ۲۵ | ۷ | | | | | | میکھ | ۲۳ ۲۰ | | | | | | | | |
| شکروار | ۲۶ | ۸ | | | | | | | | | | | | | | | |
| سنیچروار | ۲۷ | ۹ | | | | | | برکھ | ۲۳ ۰۰ | | | | | | | | |
| اتوار | ۲۸ | ۱۰ | | | | | | | | | | | | | | | |
| سوموار | ۲۹ | ۱۱ | | | | | | متھن | ۴۹ ۳۰ | | | | | | | | |
| منگلوار | ۳۰ | ۱۲ | | | | | | | | | | | | | | | |
| بدھوار | ۳۱ | ۱۳ | | | | | | | | | | | | | | | |

یہ خانہ بڑا کار آمد ہے اس خانہ میں سے ستاروں کی رفتار معلوم کریں کہ کونسا ستارہ کب بدل کر دوسرے برج میں آیا اور کب طلوع ہوگا کب غروب ہوگا اس کا ٹھیک وقت اس جدول سے معلوم کریں ۱۲

# جنتری کے نقشہ کو بغور دیکھیے

یہ صرف اس لیے دیا گیا ہے کہ آپ کو ہر مہینہ میں قمر یعنی چندر ماں کے ہبوط میں داخل ہونے کا وقت اور تاریخ معلوم کرنے میں آسانی ہو جس کو قمر در عقرب کہتے ہیں۔ لیکن اس کے لیے آپ کو ہر سال کی مشہور عالم جنتری کی ضرورت ہوا کرے گی جس سے اور بھی بہت سے کام نکلیں گے۔ یہ جنتری قریب قریب ہر شہر میں مل جاتی ہے۔

# قمر در عقرب دیکھنے کا طریقہ

سب سے پہلے بروج کے نام عربی اور ہندی میں معلوم کرنا چاہئیں وہ یہ ہیں۔

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عربی | حمل | ثور | جوزا | سرطان | اسد | سنبلہ | میزان | عقرب | قوس | جدی | دلو | حوت |
| ہندی | میکھ | برکھ | متھن | کرک | سنگھ | کنیا | تلا | برچھک | دھن | مکر | کنبھ | مین |

اب آپ نقشے کو دیکھیے جہاں داخلہ اوقات راس چندر ماں لکھا ہے جس پر بنا دیا گیا ہے کہ قمر کس تاریخ کو کس برج میں ہوگا۔ دیکھنے سے معلوم ہوا کہ منگل کے دن ۲ دسمبر ۱۹۵۲ء برج متھن میں ہوگا اور ۵ دسمبر تک رہے گا اور ۵ دسمبر کو کرک میں آئے گا اور ۷ دسمبر کو سنگھ میں اور ۹ دسمبر کو کنیا میں اور ۱۲ دسمبر کو تلا میں وغیرہ وغیرہ

اب آپ کو دیکھنا ہے کہ برج عقرب یعنی برچھک میں کس تاریخ اور کس دن آئے گا تو معلوم ہوا کہ ۱۴ دسمبر کو بروز اتوار ۳۹ گھڑی ۵۳ پل برچھک میں آئے گا یاد رکھیے کہ ۶۰ پل کی ایک اور ۲ گھڑی کا ایک گھنٹہ ہوتا ہے لہذا ۲۰ گھڑی کے ۱۶ گھنٹے ہوئے۔ اب طلوع آفتاب سے ۱۶ گھنٹے جوڑ دیجیے۔ مثلاً ۱۴ دسمبر کو طلوع کے خانہ میں جس پر دو بنا دیے ہیں۔ دیکھا تو ۶ بج کر ۵۴ منٹ پر طلوع ہے لہذا رات کے قریب قریب ۱۱ بجے چاند برج عقرب یعنی برچھک میں داخل ہوگا۔ اب یہ دیکھنا ہے کہ اس برج میں کب تک رہے گا تو چاند ہر برج میں تقریباً ڈھائی دن رہتا ہے۔ دیکھیے ۱۶ دسمبر بروز منگل دھن میں ۵۴ گھڑی ۳۷ پل پر آیا۔ ۵۴ گھڑی کے گھنٹے بنائے تو تقریباً ۲۲ گھنٹے ہوئے۔

کچھ منٹ کم یا کچھ منٹ کی بیشی یا پل وغیرہ کا شمار میں لانا آپ کے لیے ضروری نہیں ہے۔ صبح چھ بجے سے دوسرے دن صبح ۴ بجے تک ۲۲ گھنٹے ختم ہوتے ہیں۔ جس کے معنی یہ ہوں گے۔ کہ چاند دوسرے دن صبح یعنی ۱۷ دسمبر بروز بدھ قبل طلوع آفتاب برجِ عقرب "سے نکل کر برج قوس یعنی دھن میں صبح ۵ بجے آئے گا۔ اسی طرح ہر تاریخ کو چاند کی رفتار کا پتہ لگا سکتے ہیں کہ کس برج میں ہے مگر نظرات سعد و نحس دیکھنے کے لیے اس کی بھی ضرورت ہے کہ



Marfat.com

دیگر سیاروں کی رفتار معلوم کی جائے کہ وہ کس کس برج میں ہیں۔اس کے لیے مشہور عالم جنتری سے دوسرے کالم کا نقشہ بنا کر پیش کیا جاتا ہے تاکہ آپ ہمیشہ جنتری سے ہر ستارے کا حال معلوم کرسکیں کہ کون ستارہ کس برج میں ہے۔طلوع ہے یا غروب۔رفتار ستارے کی الٹی ہے یا سیدھی وغیرہ وغیرہ۔

**یہ نقشہ بھی ضرورت کے وقت بہت کارآمد ثابت ہوگا کہ کون ستارہ کس کا دوست ہے اور کون کس کا دشمن ہے اور کون ستارہ کس کس گھر کا مالک ہے**

| ستاروں کے نام | زحل یعنی سینچر | مشتری یعنی برہسپت | مریخ یعنی منگل | آفتاب یعنی سورج | زہرہ یعنی شکر | عطارد یعنی بدھ | قمر یعنی چندرمان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کون ستارہ کس گھر کا مالک ہے | برج جدی ودلو | برج حوت وقوس | برج حمل و عقرب | برج اسد | برج ثور و میزان | برج جوزاو سنبلہ | برج سرطان |
| دوست کون ہے | زہرہ عطارد | آفتاب قمرومریخ | آفتاب قمرومشتری | قمرمریخ مشتری | زحل عطارد | آفتاب زہرہ | عطاردو آفتاب |
| دشمن کون ہے | آفتاب قمرومریخ | عطارد وزہرہ | عطارد | زحل زہرہ | آفتاب قمر | قمر | زحل زہرہ |



Marfat.com

اس نقشہ میں صرف ضروری زائچے بنا دی گئیں غیر ضروری قصداً نہیں لی گئیں یہ نقشہ ہر ماہ کا مشہور عالم جنتری میں موجود ہے

## تقویم سیارگاں

نمبر۱۰ — کنڈلی یعنی زائچہ ۳۱ دسمبر




نمبر۹ — کنڈلی یعنی زائچہ ۲۳ تا ۳۰ دسمبر




نمبر۸ — کنڈلی یعنی زائچہ ۱۷ تا ۲۲ دسمبر




نمبر۷ — کنڈلی یعنی زائچہ ۹ دسمبر تا ۱۶ دسمبر




نمبر۶ — کنڈلی سکھر شدی کیم دسمبر تا ۸ دسمبر




| کنڈلی | نام ستارہ (نمبر۵) | راس (نمبر۴) | انش یعنی درجہ (نمبر۳) | بکری مارگی (نمبر۲) | طلوع و غروب (نمبر۱) |
|---|---|---|---|---|---|
| نمبر۱۰ | [illegible] | [illegible] | ۲۱ | ب | غ |
| | [illegible] | [illegible] | ۲۱ | ب | غ |
| | [illegible] | [illegible] | ۳ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۱ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۱۸ | ب | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۲۸ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۶ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۱۲ | م | ط |
| نمبر۹ | [illegible] | [illegible] | ۲۱ | ب | غ |
| | [illegible] | [illegible] | ۲۱ | ب | غ |
| | [illegible] | [illegible] | ۳ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۲۳ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۱۸ | ب | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۱۸ | م | غ |
| | [illegible] | [illegible] | ۱ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۹ | م | ط |
| نمبر۸ | [illegible] | [illegible] | ۲۲ | ب | غ |
| | [illegible] | [illegible] | ۲۱ | ب | غ |
| | [illegible] | [illegible] | ۲ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۱۵ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۱۸ | ب | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۱۰ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۲۷ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۳ | م | ط |
| نمبر۷ | [illegible] | [illegible] | ۲۰ | ب | غ |
| | [illegible] | [illegible] | ۲۲ | ب | غ |
| | [illegible] | [illegible] | ۲ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۲ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۱۹ | ب | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۵ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۲۰ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۲۳ | م | ط |
| نمبر۶ | [illegible] | [illegible] | ۲۲ | ب | غ |
| | [illegible] | [illegible] | ۲۲ | ب | غ |
| | [illegible] | [illegible] | ۱ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۲۹ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۲۰ | ب | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۲ | ب | غ |
| | [illegible] | [illegible] | ۱۳ | م | ط |
| | [illegible] | [illegible] | ۱۲ | م | ط |

نمبر۵ نمبر۴ نمبر۳ نمبر۲ نمبر۱

لوٹ:۔ جو ستارہ شرف میں ہوتا ہے وہ بہت قوی ہوتا ہے اور جو ستارہ ہبوط میں ہوتا ہے گویا وہ دشمن کے گھر میں قید ہے۔ اگر غروب بھی ہو گویا بیمار ہے اور اگر بکری یعنی الٹی رفتار ہے تو انتہائی تکلیف میں ہے۔ عقلمند کیلئے یہ اشارات کافی سے زیادہ ہیں ایک من علم کو دس من عقل کی ضرورت ہے۔

ذیل میں حاشیہ نمبر وار ملاحظہ ہو

نمبر۱ ط سے مراد طلوع اور غ سے مراد غروب ہے۔ نمبر۲ ب سے مراد بکری یعنی الٹی رفتار۔ م سے مراد مارگی یعنی سیدھی رفتار ہے۔

نمبر۳ اس میں جو ہندسے بنے ہیں اس سے درجہ مراد ہے کہ کون ستارہ کس برج میں کتنے درجے پر ہے۔

نمبر۴ اس میں نام راس یعنی جو ستارہ جس برج میں ہے اس کا نام لکھا ہے۔

نمبر۵ اس نمبر میں ستاروں کے نام لکھے ہیں۔

نمبر۶ نمبر۷ نمبر۸ نمبر۹ نمبر۱۰ ان سب نمبروں میں جو کنڈلیاں یعنی زائچے بنے ہیں ان کے ذریعہ سوائے قمر یعنی چندرماں کے باقی تمام ستاروں کا مقام معلوم کر سکتے ہیں کہ کن کن تاریخوں میں کون کون ستارہ کس کس برج میں ہے۔ یہ زائچہ تقریباً ایک ایک ہفتہ کا ہے۔ مگر جب آپ زائچہ بنائیں تو اس کے حساب سے ستارے زائچہ میں لکھ لیا کریں۔ ہاں چاند کو دوسرے نقشہ میں جو اس سے پہلے بنایا جا چکا ہے دیکھا کہ کس برج میں ہے لکھ لیا کریں کیونکہ چاند ہر ڈھائی دن کے بعد اپنی راس بدل دیتا ہے۔

مشہور عالم جنتری میں اسی طرف سیدھے ہاتھ کو ہر مہینہ کا ایک نقشہ دیا ہے وہ بھی بہت کارآمد ہے۔

# بابُ النّجوم

## راس اور پچھتر معلوم کرنے کا طریقہ جو بہت کار آمد ہے

ناظرین! دنیا کی تمام موجودات کو جوتشیوں نے اس نقشے پر تقسیم کر دیا ہے۔ بس اپنی راس اور پچھتر معلوم کرنے والے کو چاہیے کہ اپنے نام کا حرف اس نقشہ میں دیکھے۔ پس اس حرف کے اوپر جو راس لکھی ہے وہی اس شخص کی راس ہوگی اور جو پچھتر اسکے جانب راست لکھا ہے اس کا وہی پچھتر ہوگا۔ مثلاً ایک شخص رحیم بخش کی راس پچھتر معلوم کرنا۔ حروف اول ''ر'' زیریں تلا راس اور جانب راس اس کے پچھتر چترا لکھا ہے۔ پس رحیم بخش کی راس تلا اور پچھتر چترا ہے۔

| راس | نام پچھتر | حروف |
|---|---|---|
| حمل میکھ | | چو، لی، لو، لے، بو، آ |
| ثور برکھ | کرتکا، ۳، ۲، ۳، ۴، ۱، ۲ | ای، او، ے، او، وا، یا، دتی، بی، دو، بو، دے، بے، دو، بو |
| جوزا متھن | مرگو، ۴، ۲، ۳، ۴، ۱، ۲، ۳ | کا، کی، لو، گھا، انگا، چھا، کے، کو، ہا |
| سرطان کرک | پزبس، کھ، ۲، ۳، ۴، ۱، ۲، ۳، ۴ | ہی، ہو، ہے، ہو، ڈا، ڈی، ڈو، ڈے، ڈو |
| اسد سنگھ | مگھا، ۲، ۳، ۴، ۱، ۲، ۳، ۴، پھاگنی، اترا | ما، می، مو، مے، مو، ٹا، ٹی، ٹو، ٹے |
| سنبلہ کنیا | اترا، پھاگنی، ۳، ۴، ۱، ۲، ۳، ۴، ۱ | ٹو، پا، پی، پو، شا، اتاں، ٹھا، پے، پو |
| میزان تلا | چترا، ۴، اسواتی، ۲، ۳، ۴، ۱، ۲، ۳ | را، ری، رو، رے، رو، تا، تی، تو، تے |
| عقرب برچھک | بشاکھا، اترادھا، ۲، ۳، ۴، جیٹھا، ۱، ۲، ۳، ۴ | تو، نا، نو، نی، نے، نو، یا، یی، یو |
| قوس دھن | ہولا، ۲، ۳، ۴، ۱، ۲، ۳، ۴، ۱ | یے، یو، بھا، بھی، بھو، دھا، پھا، ڈھا، بھے |
| جدی مکر | اترا اکھاڑا، ۳، ۲، ۱، ۳، ۲، ۴، شروں، ۳، ۴، ۱، ۱ | بھو، جا، جی، جو، جوجے، کھا، کھوکھی، کھوکھے، گا، گی |
| دلو کنبھ | دھنشٹا، ۴، بکھامنت، ۲، ۳، ۴، ۲، ۳ | گو، گے، سو، سا، سی، سو، سے، سو، دا |
| حوت مین | پو بھادویہ، ۳ا، بھادرید، ۱، ۲، ۳، ۴، ۱، ۲، ۳، ۴ | دی، دو، تھا، جھا، انجان، دے، دو، چا، چی |

پچھتر جنم کنڈلی بناتے وقت دیکھنا ہوتا ہے اور گہری معلومات میں کار آمد ہے۔ ہمارے احباب اس نقشہ کو دیکھ کر صرف راس یعنی سائل کا طالع معلوم کر کے زائچہ تیار کریں۔ زائچہ بنا کر ساتوں ستارے جس برج میں ہوں وہاں وہاں لکھ کر ہر ستارے کی سعادت اور نحوست کے ذریعہ بہت سی باتیں معلوم کر کے حکم لگا سکتے ہیں اور یہ چیزیں ضرورت کے وقت عامل کو بہت کام دیں گی۔ مگر یہ بھی معلوم ہونا ضروری ہے کہ بارہ خانے کس کس کام سے

منسوب ہیں۔ اس کو ملاحظہ فرمائیں۔

## عامل کے لیے اس علم کا جاننا فی زمانہ بہت ضروری ہے

اس کتاب میں مختصراً آسان طریقہ سے جو اصول سمجھائے گئے ہیں گویا وہ سمندر در کوزہ ہیں مگر یک من علم رادہ من عقل باید کا مضمون ہے۔ اگر آپ اس کے اہل ہیں تو اسی سے بڑے بڑے کام ہو سکتے ہیں۔

## نام کی راس

معلوم کرنے کا جو طریقہ نقشہ بنا کر بتایا گیا ہے یہ نقشہ مشہور عالم جنتری میں بھی ملے گا۔ اب اس کے فوائد ملاحظہ ہوں۔

### پہلا فائدہ

اگر آپ نے کوئی عمل بطورِ زکوۃ پڑھنا ہے اور اس عمل کا عامل ہونا ہے تو ترکِ حیوانات، جلالی و جمالی کے ساتھ یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ میں عمل کس تاریخ کو شروع کروں جس کے شرائط نمبروار دیکھیے:

① عروج ماہ ہو جو کیم سے تقریباً دس تاریخ تک معتبر مانا جاتا ہے۔

② قمر برج عقرب میں نہ ہو ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان کا احتمال ہے۔

③ قمر اپنے طالع میں ہو یا کسی اپنے گھر میں یا شرف میں ہو اور کسی نحس ستارہ کی جیسے زحل اور مریخ کو ہندی میں سینچر اور منگل کہتے ہیں کہ یہ ستارہ نحسِ اکبر ہیں۔ چوتھی یا آٹھویں نظر نہ پڑتی ہو بلکہ دو سعد ستارہ مثل مشتری و زہرہ میں سے کوئی ستارہ یا پانچویں یا نویں نظر سے دیکھتا ہو کہ یہ نظریں سعد اکبر ہیں۔ تو ان شاء اللہ بلا تکلف کامیابی ہے۔ ان باتوں کی معلومات کے لیے سب سے پہلے آپ کو عروجِ ماہ اور شرفِ قمر کی تلاش ہوگی جس کی مثال ذیل میں ملاحظہ ہو۔

ماہ دسمبر ۱۹۵۳ء کا جو نقشہ دیا ہے۔ اس میں دیکھا کہ ۲۷ دسمبر مطابق ۹ ربیع الثانی کو قمر ۳۴/۴۰ یعنی ۳۴ گھڑی ۴۰ پل پر برجِ ثور یعنی برکھ میں آئے گا اور یہ قمر کے شرف کا گھر ہے۔

**نوٹ**: ۳۰ پل سے زائد ہو تو اس کو ایک گھڑی مان لیں اور ۳۰ پل سے کم ہوں تو چھوڑ دیا کریں اس سے ۳۵ گھڑی جس کے ۱۴ گھنٹے ہوئے گویا ۹ ربیع الثانی مطابق ۲۷ دسمبر ۱۹۵۲ء کو بعد غروب آفتاب آئے گا۔ اب نام کی راس نکالی مثلاً میرا نام اقبال احمد ہے۔ راس کے پہلے حرف سے میری راس برکھ ہوتی ہے۔ اسی راس سے زائچہ اس شکل کا بنایا۔ برکھ دوسرا برج ہے۔ نمبر ۲ سے زائچہ پر کر کے ستارے جنتری سے دیکھ کر لکھے تو یہ شکل ہوئی ہے۔ قمر کا حال معلوم ہے کہ وہ اس تاریخ میں برکھ میں ہے، وہاں لکھ دیا باقی ستاروں کا مقام دوسرے نقشے میں وہ کنڈلیاں



Marfat.com

ایک ہفتہ کہنا کر بتایا گیا ہے۔




دیکھا تو ۲۴ دسمبر سے ۳۰ دسمبر تک کی کنڈلی کے حساب سے اپنے زائچہ میں دیگر ستاروں کے نام لکھے تو یہ شکل ہوئی۔اس کے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ سینچر کی آٹھویں اور مریخ کی چوتھی نظر طالع پر پڑ رہی ہے اور یہ دونوں نظریں دشمنی کی ہیں اور ستارے بھی نحس ہیں۔ادھر قمر شرف میں ہے۔ برکھ راس کا مالک شکر پانچویں یعنی دوستی کی نظر سے اپنے گھر کی حفاظت کر رہا ہے۔ بعد عشاء سے سمجھا جاسکتا ہے کہ اس تاریخ کے بعد عشاء عمل شروع کرنا مساوی ہے اگرچہ کچھ تکالیف رہیں گی۔ دشواریاں پیش آئیں گی مگر انجام کار ان شاء المولیٰ الکریم کامیابی عطا ہو گی۔ عمل پورا ہوگا۔

## دوسرا فائدہ

یہ کہ جب کوئی ضرورتمند عامل کے پاس آکر اپنی حاجت پیش کر کے عمل یا تعویذ کا خواہش مند ہو تو اس کے نام سے راس معلوم کر کے اس گھر کے ایک ستارے کو دیکھے تو ضرور یا تو وہ ہبوط میں یعنی دشمن کے گھر میں ہوگا اور عجب نہیں کہ رجعت میں ہو یعنی الٹا چل رہا ہو جس کو بکرمی بھی کہتے ہیں اور کیا عجب کہ غروب بھی ہو تو عامل اگر اس علم کا اہل ہے تو وقتِ تکلیف کہ کب شروع ہوئی اور کب تک رہے گی معلوم کر سکتا ہے اور اس کا تدارک کر سکتا ہے کہ نماز کی پابندی کرو توبہ واستغفار کرو وغیرہ وغیرہ

## تیسرا فائدہ

محبت اور عداوت عشق ومحبت ومقدمات، دشمنوں کے مقابلے وغیرہ میں یہ علم سب سے زیادہ کارآمد ثابت ہو گا۔ مثلاً کوئی آتا ہے اور کہتا ہے کہ میری اہلیہ میکے جا کر بیٹھ گئی یا بیوی کہتی ہے کہ شوہر اتنے عرصہ سے روٹی کپڑا نہیں دیتا تو سائل کے نام کی راس معلوم کر کے اس کے ستاروں کو دیکھے تو یا تو دونوں کے ستاروں میں دشمنی کی نظر پڑتی ہو گی یا جس کو شکایات ہے اس کا ستارہ بکرمی ہوگا یا غروب ہوگا یا ہبوط میں ہوگا۔ یہ تینوں خرابیاں موجود ہوں گی تو یہ دیکھنا ہوگا کہ یہ خرابیاں کب تک ہوں گی۔ ستارہ کی حالت کب درست ہوگی وغیرہ وغیرہ۔ اس کیلئے نقش تکسیر جنہ، نقش محیط الاسرار اور دیگر محبت کے نقوش جو وقتِ مقررہ پر کندہ کیے جاتے ہیں کام لینے سے مقصد حاصل کر سکتا ہے ان شاء اللہ تعالیٰ اور ستاروں کی رفتار درست ہونے تک بتایا جا سکتا ہے کہ ان شاء اللہ اتنے عرصہ میں کام ہو جائے گا۔



Marfat.com

مگر ایسی حالت میں دونوں کے ستاروں کے نام سے نہ دیکھنا چاہیے بلکہ جو عامل کے پاس آئے، اس کے نام کا زائچہ بنا کر دیکھ لے۔ اگر بیوی ہے تو شوہر کا اور شوہر ہے تو بیوی کا ساتواں خانہ جو طالع کے بالمقابل ہوتا ہے، اس گھر کے مالک کو دیکھے کہ وہی خانہ بیوی یا شوہر کا ہے۔

## دشمن کا مقابلہ ہو

تب بھی ساتواں ہی خانہ دیکھنا ہوگا۔ اور پہلے اور ساتویں خانہ کے مالک ستاروں کی کمزوری اور قوت معلوم ک کے ہر بات کہ کون غالب اور کون مغلوب ہے۔ یہ سب بارہ خانوں کے منسوبات کو خوب سمجھ کر یاد نہ کریں تو فق کے پاس اس کا کوئی علاج نہیں۔







نوٹ: پچھتر اور راہ اور کیت کے چکر میں آپ نہ پڑیں ان سے گہرے معاملات میں کام لیا جاتا ہے۔ دوسر سائل کی راس کچھ بھی ہو یہ منسوبات کے خانہ اپنی جگہ قائم رہیں گے۔ مثلاً سائل کی راس تُلا ہے اور یہ ساتواں بر ہے تو ۷ کے ہندسہ کا طالع سے لکھنا شروع کریں گے اور اسی کے مقابل میکھ راس سے بی بی سے دسواں خانہ روزگ گیارھواں خانہ آمدنی کا مانا جائے گا۔

سائل کے سوالات کے لیے یہ بارہ خانوں کی خاصتیں ذہن نشین کرلیں۔ منسوبات خانہ اول جس کو طالع یا لگن کہتے ہیں۔

سوال سائل کا اگر اپنی ذات سے متعلق ہے تو زائچہ بنا کر طالع کے ستارہ کو دیکھے اور وہ ستارہ جس حال میں ہو یعنی اگر اپنے گھر میں ہے تو اچھا ہے گویا سسرال میں ہے اور مثل دولہا یا نواب کے ہے اور اگر ہبوط میں ہے یا رجعت میں یعنی الٹا چل رہا ہے یا غروب ہے تو کمزور ہے۔ اسی پر قیاس کر کے سائل کے حالات معلوم کر سکتے ہیں۔ مثلاً تن و جان، بیماری و تندرستی یا کوئی نیا کام مثل تجارت کا شروع کرنا۔ دکانداری نفع نقصان، خیر یا شر، راحت یا رنج، نصیبے کی بلندی یا شرف یا بزرگی چاہتا ہے تو اول خانہ کو دیکھے اور اس کے ستارہ کی قوت یا کمزوری معلوم کر کے جواب دیں۔

## منسوبات خانہ دوم

اگر سائل کا سوال دوسرے خانہ سے تعلق رکھتا ہو تو مثل مال اور معاش اور کسب دوکانداری اور قرض دینا اور لینا اور وصیت کرنا اور امانت رکھنا اور وصیت نامہ لکھنا اور فرمان شاہی اور غائب اور مسافر کا شہر میں آنا۔ اور حال غنا اور فقیری اور طعام نوش کرنا اور طالع طفل شیر خوار کا دیکھنا اور حال سخاوت و بخل معلوم کرنا۔ یہ احوال خانہ دوم سے تعلق رکھتا ہے۔ اگر سائل کا سوال ان باتوں سے ہو تو اس گھر کے کواکب اور طالع کو معلوم کر کے حکم خیر اور شر کے اوپر کرے۔

## منسوبات خانہ سوم

اگر سائل کا سوال اس خانہ سے متعلق ہووے مثلاً نقل و حرکت، نزدیک اور دور اور ملاقات کرنا دوستوں اور آشناؤں سے اور شہر و بازار میں جانا واسطے خرید و فروخت کے اور کوئی جنس رہن رکھنا اور تعبیر خواب کی نیک اور بد معلوم کرنا اور ضعف اور وبال اور حضیض اور اوج جس حال میں وہ ستارہ ہووے یا خانہ دوست یا دشمن میں سعد اور نحس یا ہمراہ اس کے یا ذنب کے یا قرآن مریخ یا زحل ہوئے یا احتراق میں یا رجعت میں ہوئے ان سب کو ملاحظہ کر کے جو کچھ کہ خیر و شر ہو اس پر حکم کرے تو ہرگز خطا نہ کرے گا۔ اور جو اپنی عقل کی خطا ہو تو مطابق نہ ہوگا۔

## منسوبات خانہ چہارم

اگر سائل کا سوال اس خانہ کا ہو مثلاً زراعت اور کاشت کار اور عمارت حال باپ سائل کا اور زمین اور باغ کے کرنا اور دفینہ اور تعلیم کودک اور بنائے شہر اور قلعہ اور بنیاد مکان کی رکھنا اور احوال خزانے کا معلوم کرنا اور خیر و شر



Marfat.com

دریافت کر کے احکام بیان کرنا۔

## منسوبات خانہ پنجم

اگر سائل کا سوال پانچویں خانہ سے تعلق رکھتا ہو مثلاً فرزند اور خطوط اور نامہ اور ہنڈی اور طلب امی
زنان سے اور دوستوں سے عشق اور محبت معشوق اور حال مردمانِ شہر کا اور سوال طلب حاملہ عورت کا واسطے فرز
کے اور شادی اور محفل اور تحفہ اور ہدیہ اور محاصل زمین و باغ اور زراعت اور نہر اور تالاب اور پل اور مالگواری سرکا
کرنا اور ملبوس اور پوشاک تیار کرنا مہمانی کرنا طلاق دینا وغیرہ وغیرہ

## منسوبات خانہ ششم

اگر بیماری، سحر جادو اور کنیز و غلام کی خرید و فروخت اور حالاتِ حمل اور دوسری زوجہ کے متعلق سوال ہو
اس خانہ کے ستارے کو دریافت کرے کہ کون سے خانہ میں اور کس حال میں ہے ویسا ہی حکم کرے۔

## منسوبات خانہ ہفتم

اگر نکاح کرنے اور شوہر وزن اور خصومت ان کے درمیان اور حسد ہمسائیگان اور لڑائی اور مقابلہ اور قص
عورتوں کا طرف مرد کے اور شادی اور محفل اور دشمنی اور مباحثہ اور میدان جدال وقتال اور سفر میانہ دو سوکوس سے کم ہو۔
اور زفاف اور مباشرت اور مواصلت اور باز نان و معشوقہ اور شکار اور قمار بازی ان سوالات سے متعلق ہو تو ساتویں گھ
کے ستارے پر حکم کرے۔

## منسوبات خانہ ہشتم

اگر میراث اور موت اور دہشت اور خوف و ہراس اور مال اور میراث اور گنج اور خزانہ پوشیدہ پانا اور مال
چوری کا اور غرق کشتی اور فقیری اور محتاجی اور دشواری حاجات سے سوال ہو تو آٹھویں گھر کے ستارے پر حکم کرے۔

## منسوبات خانہ نہم

اگر دور دراز سفر اور حج اور زیارات علم دین اور فقہ اور حدیث اور مکان اور مدرسہ اور مساجد اور نکاح
خطبہ اور کار ثواب اور دیکھنا خواب کا تعبیر اور اس کی راست سے سوال ہے یا دروغ سے تو نویں گھر کے ستارے پر حکم
کرے۔



Marfat.com

## منسوبات خانہ دہم

اگر ملک اور بادشاہ اور ولیعہد اور مجتہد العصر اور قاضی اور حاکمِ وقت کے آگے جانا اور گفتگو کرنا اور رجوع مقدمات کی کرنا اور شرف بزرگی اور روزگار طلب کرنا یا کوئی پیشہ اختیار کرنا اور احوال ماں باپ کا معلوم کرنا اور نوکری سے معزول ہونا پھر بحال ہونا اور احوال آسمان اور کواکب سے مطلع ہونا اور بارش کا حکم معلوم کرنا اور احوالِ خاص وعام معلوم کرنا چاہے تو دسویں گھر کے ستارے پر حکم کرے۔

## منسوبات خانہ یازدہم

اگر امید کسی جگہ ہو اور سعادت اور نیک بختی اور دولت اور راحت ہوگی یا نہیں اور دوستی بزرگان اور حرمت اور عشق و دوستی اور تجارت سے فائدہ ہوگا اور خرید و فروخت میں فائدہ ہوگا اور رشوت اور وکالت اور مقدمہ عدالت اور خرچ کرنا اور خانہ دشمن قدیم کا ہے اور اس کی سعادت اور نحوست کا ملاحظہ کرنا ہو تو گیارھویں گھر کے ستارے پر حکم کرے۔

## منسوبات خانہ دوازدہم

اگر دشمنان اور حاسدان اور بد بختی اور احوالِ قید خانہ یعنی محبوس اور قیدی کا اور رنج و مشقت اور خدمتگاری گونہ گونہ اور خرید و فروختِ چارپایاں بڑے مثل ہاتھی اور اونٹ اور گھوڑا اور بیماری قدیم ان سوالات سے ہو تو سعادت اور نحوست معلوم کر کے حکم کرے۔

بارہ برجوں میں کون کون سے بروج ثابت ہیں اور کون سے منقلب ہیں اور کون سے ذوجسدین ہیں اس نقشے سے معلوم کریں۔

| بروجِ منقلب | بروجِ ثابت | بروجِ ذوجسدین |
|---|---|---|
| حمل.........یعنی میکھ | ثور.........یعنی برکھ | جوزا.........یعنی متھن |
| سرطان.........یعنی کرک | اسد.........یعنی سنگھ | سنبلہ.........یعنی کنیا |
| میزان.........یعنی تلا | عقرب.........یعنی برچھک | قوس.........یعنی دھن |
| جدی.........یعنی مکر | دلو.........یعنی کنبھ | حوت.........یعنی مین |



Marfat.com

# سبعہ سیاروں کا شرف

## شرفِ شمس

ایک سال میں تین دن رہتا ہے۔ برجِ حمل میں شرف ہوتا ہے جب ۱۹ درجہ پر شمس بُرجِ حمل ہوتا ہے و
شمس کی زیادہ قوت کا وقت ہوتا ہے اور بعض برجِ حوت کے ۱۹ درجہ پر شرف بتاتے ہیں۔ فقیر کے نزدیک یہی معتبر
ہے۔ منجم اور حکماران ان ایام میں جو زمانہ شرف کا کہا جاتا ہے۔ اپنے نقوش اور طلسم مرتب کر رکھتے ہیں اور سال بھر
تک ان نقوش سے کام لیا کرتے ہیں بعض اس زمانہ میں قل ہو اللہ کا نقش یا حروفِ مقطعات قرآنی کندہ کرا کے پہن
کرتے ہیں یا کسی عقیق پر کتبہ کندہ کراتے ہیں خواہ اس عقیق کو طلائی انگشتری پر اسی اوقات میں نصب کراتے ہیں۔
یہ کتبہ جات اور نقوش وغیرہ بنا بر عزت اور فتوح دنیوی و خوشنودی امراء و اکابر و تلاشِ معاش و ترقی مدارج کو از حد
مفید ہیں۔ نوٹ: فقیر اس کے شرف میں صرف نقشِ محیط الاسرار و تکسیر جنہ کندہ کیا کرتا ہے۔

## شرفِ قمر

ایک ماہ میں سوا دو دن شرف رہتا ہے۔ برج ثور میں ۱۳ درجہ پر زیادہ ہوتا ہے۔ اسی طرح برجِ سرطان
میں عروج ہے۔ یہ وقت نہایت اچھے ہیں۔ اِس میں کوئی وقت استخراج کر لیا جاوے تو وہ وقت نہایت اچھا ہے۔
اس وقت کوئی کام شروع کیا جائے یا کوئی کتبہ مرتب کیا جاوے یا اس وقت میں کوئی تکسیر حب منقش کی جاوے
با ضابطہ کوئی نقش مرتب کیا جائے یا کوئی وظیفہ خواہ عمل شروع کیا جائے۔ بہت نافع اور مناسب ہے اسی طرح قمر برج
ہبوط یعنی قمر در عقرب ہو اور برج جدی یعنی برج وبال میں قمر سیر کرتا ہو تو بہت منع ہے اس میں عمل اور نقش وغیرہ کا
اثر کالعدم ہو جاتا ہے۔

## شرفِ زحل

۲۷ برس میں ڈھائی برس کو شرف رہتا ہے۔ دو درجہ پر زیادہ شرف ہوتا ہے اس زحل کا شرف ۲۷ برس کے
بعد آتا ہے۔ اس کے شرف میں آنکھوں کا سرمہ اور حُب کے نقوش مرتب کیے جاتے ہیں۔ اس وقت کے نقوش
بہت جلد اثر دیتے ہیں۔ یہ ستارہ نحس اکبر ہے۔ نحوست بدرجہ نہایت ہے مگر جب شرف میں ہوتا ہے تو سعد اکبر بن
جاتا ہے جن زائچہ پیدائش میں زحل خراب پڑ گیا ہے۔ اس خرابی کو شرفِ زحل کا نقش نہایت کار آمد تجربہ میں آیا ہے
گویا کایا پلٹ ہے (نقشِ اکسیر اعظم بھی مجرب ہے)

## شرفِ مشتری

بارہ برس میں ایک سال کو شرف رہتا ہے۔ برج سرطان میں ۱۵ درجہ پر شرف ہوتا ہے۔ یہ ستارہ سعدِ اکبر ہے۔ اس کی سعید نظر ہر ستارہ پر پڑنا اچھی ہوتی ہے۔ خراب ستارہ کا اثر شرف والی مشتری سے بدل جاتا ہے۔ چونکہ مشتری قاضی فلک ہے، اہل معاملہ اور عدالتوں سے متعلق جس کسی کے زائچہ پیدائش میں مشتری خراب گھر اور خراب حالت میں پڑی ہے وہ ہمیشہ غریبی اور پریشانی میں رہے گا۔ اور سنیچر کی نحوست کو مشتری میں تبدیل کیا کرتا ہے۔ برج قوس اور برج حوت میں مشتری کو عروج ہے۔ یہ زمانہ بھی اچھا ہے۔

## شرفِ مریخ

ڈیڑھ برس میں ۴۵ دن کو شرفِ مریخ آتا ہے۔ اس کے شرف میں نقش سیفی یا مثل اس کے دیگر نقوش کندہ کیے جاتے ہیں۔ افسرانِ پولیس کو یا جن لوگوں کے دشمن بہت ہیں مریخ ستارہ کے شرفی نقوش بہت ہی زیادہ کارآمد ہیں۔ برجِ جدی میں ۲۸ درجہ پر مریخ کو شرف اور برج حمل اور برج عقرب میں عروج ہوتا ہے۔

## شرفِ زہرہ

ایک سال میں ایک بار ۲۷ یوم کو شرف آتا ہے۔ برج حوت میں ۲۸ درجہ پر اس کو شرف ہوتا ہے۔ جب زہرہ برج حوت میں ۲۸ درجے پر ہوتی ہے یہ زمانہ زیادہ شرف کا ہے۔ درمیان دو اشخاص کے بابت محبت اور بیاہ شادی اور کارِ خوشی اور سامانِ عیش وغیرہ میں اسی ستارہ کا اثر رہتا ہے۔ جب زہرہ ستارہ برجِ ثور اور برجِ میزان میں پہنچ جاتا ہے۔ یہ زمانہ بھی بابتِ امورِ مذکورہ الصدر اچھا ہے۔ جب زہرہ ستارہ برج سنبلہ اور برج عقرب اور برج حمل میں پہنچ جاتا ہے۔ اس وقت پر کوئی کارِ خوشی نہ کرنا چاہیے اور طلسم اور نقوش بابت حب اور محبت وغیرہ نہ مرتب کرنا چاہیے۔ یہ وقت نہایت خراب ہے۔ میرا تجربہ ہے کہ اس زمانہ میں جن دو شخصوں میں میل و محبت ہے۔ خود بخود ان میں شکر رنجی پائی گئی جن کے سامانِ حب ادھورے ہیں وہ اس زمانہ میں بالکل ختم سی ہو جاتی ہے۔ حب بنانے میں ان اوقات مذکورۃ الصدر یعنی جب زہرہ ہبوط اور زوال میں ہو اس وقت محبت کے نقوش نہ لکھے جائیں بالکل اثر الٹا پڑے گا۔ یہ بھی تجربہ ہوا کہ جب زہرہ کو شرف ہوتا ہے تو خود بخود دو شخصوں کی آپس کی عداوت ذرا سے اشارہ اور کنایہ میں محبت میں بدل جاتی ہے۔

## شرفِ عطارد

سال میں ایک بار ۲۷ یوم کو شرف آتا ہے۔ برجِ سنبلہ میں شرف ہوتا ہے۔ اس ستارہ کے شرف میں نقوش اور



Marfat.com

طلسم بابت فہم اور دوستی عقل و تعلیم علم کے لکھے جاتے ہیں۔ برجِ سنبلہ میں شرف ہوتا ہے۔ ۱۵ درجے پر زیادہ زور شرف کا ہوتا ہے۔ برج حوت میں کمزوری اور اسی طرح برجِ قوس میں کمزوری ہوتی ہے۔

## رجب شریف کی چار تاریخ

یہ مبارک تاریخ سلاطینِ اربعہ کے وصال اور عرس کی ہے۔ اس میں نقوش حروفِ مقطعات و نقش یا عزیز اور نقش یا منان تیار ہوتے ہیں۔ فقیر اس کا خاص اہتمام کر کے کثرت سے یہ نقوش تیار کرتا ہے۔ تاکہ سال بھر تک کفایت کر سکیں اور اب عرصہ دو سال سے اکثر فرمائشات تینوں نقوش کے ساتھ آتی ہیں۔ فقیر ان تینوں نقوش کو ایک ہی انگشتری میں فٹ کر کے ارسال کر دیتا ہے۔

## خاص نوٹ

دست بستہ گزارش ہے کہ جو عمل پڑھا جائے یا کیا جائے اگر خدانخواستہ ضروری مدت پوری ہونے پر اس میں کامیابی نظر نہ آئے تو واسطے خدا کے اسے ترک نہ کیا جائے۔ بلکہ یقین کے ساتھ پڑھتے رہیں۔ آپ کو یقین ہے کہ زمین کے نیچے پانی ہے اور بتانے والا اپنے تجربہ کی بنا پر بتاتا ہے کہ سات ہاتھ کھودو پانی نکل آئے گا۔ کھودنے والا سات ہاتھ کھودتا ہے اور اگر پانی نہیں نکلتا تو وہ نا امید نہیں ہوتا بلکہ کھودے ہی جاتا ہے آخر کار پانی نکال لیتا ہے۔ تو مسلمان کو اللہ کے کلام اور بزرگانِ دین کے ارشادات پر کتنا یقین ہونا چاہیے۔

☆=☆=☆

اعلیحضرت عظیم البرکت اور دیگر اکابر اہل سنت کے مجموعہ

عملیات کا لاجواب انتخاب

یعنی

# شمع شبستان رضا

## حصہ دوم

مرتبہ

**اقبال احمد نوری**

قادری رضوی کتب خانہ

گنج بخش روڈ لاہور 042-7213575

Marfat.com

# شمعِ شبستانِ رضا

امام اہلسنت اعلیٰ حضرت ُمجدّ ددین وملّت ،شمع شبستان اصفیاء، زینت بزمِ اولیاء مولانا شاہ احمد رضا خان صاحب قدس سرہٗ اور دیگر اولیاء کرام کے مجموعہ ہائے اعمال کا انتخاب لاجواب یعنی شمع شبستان رضا' جس کا پہلا حصہ چند سال سے عوام وخواص کے قلوب کو منور کر رہا ہے۔اس کی مقبولیت کا اندازہ اس سے ہوگا کہ پہلا حصہ بہت کم مدت میں گیارہ ہزار کی تعداد میں زیورطبع سے آراستہ ہو کر ختم ہو چکا۔جتنی جتنی شمع اوّل کی مقبولیت بڑھتی گئی اتنی ہی حصہ دوم کی فرمائشات بڑھتی ہیں آخر وہ وقت آہی گیا کہ اب حصہ دوم آپ کے ہاتھوں میں ہے۔پہلے حصہ میں ناتجربہ کاری کی بناء پر بوت کچھ خامیاں رہ گئی تھیں ۔اسی لیے دوسرے حصہ کی ترتیب اور انتخاب میں کافی وقت صرف کرنے کا خیال تھا مگر مولیٰ تعالیٰ جو چاہتا ہے، وہی ہوتا ہے۔اس کی ترتیب وطباعت کا عزم اس وقت ہوا جب کہ عرس رضوی شریف میں صرف ۲۲ روز باقی ہیں۔اتنے وقت میں تلاش وجستجو ترتیب وکتابت، تصحیح و طباعت، کتنا دشوار اور اہم کام ہے۔ایسی حالت میں کوئی لغزش اور انتخاب وترتیب میں کسی قسم کی خامی نہ رہنا عجیب تر ہوگا۔

اس لیے اہل نظر حضرات سے استدعا ہے کہ وہ جہاں کہیں بھی خامی یا کمی پائیں تو براہ خدا فقیر کو مطلع فرما کر ماجور ہوں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اصلاح کردی جائے۔

اقبال احمد نوری

☆=☆=☆



Marfat.com

# فہرست شمع شبستان رضا......حصہ دوم


| عنوانات | صفحہ | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|---|
| تسخیر ومحبت کا بے مثل تحفہ | 9 | امراض زنانہ | 20 |
| باب اوّل کتاب الامراض | 15 | خون حیض کی کمی یا زیادتی | 21 |
| دردسر وغیرہ | 16 | نقش حمل گمشدہ | 21 |
| نقش درود شفاء برائے ہر مرض | 15 | نقش باؤ گولہ | 21 |
| دردِ کان | 16 | بچے نہ ہونے کے اسباب مع علاج | 21 |
| نقش آیات شفا | 16 | امتحان قسمت کہ صاحب اولاد ہوگی یا نہیں | 22 |
| سات سلام | 16 | عمل ان شاء اللہ بیٹا ہی ہو | 23 |
| امراض چشم | 16 | نقش اکسیر اطفال ونظر بد | 24 |
| گلے کا درد وجملہ امراض حلق | 17 | شیر خوار بچوں کے لیے | 24 |
| امراض دندان وقلب | 17 | بچے کے ڈرنے اور رونے کے لیے | 24 |
| نقش اختلاج وقلب | 17 | چراغ خورد برائے شفائے امراض | 25 |
| جاڑا بخار | 18 | برائے قوتِ باہ گولی پارہ | 27 |
| نقش میعادی بخار | 18 | بلغمی کھانسی کے لئے گولیاں | 27 |
| نقش بسم اللہ شریف برائے پرانے بخار | 18 | جوشاندہ برائے کھانسی ہر قسم | 27 |
| مرض لقوہ | 19 | لاجواب طلاء | 27 |
| فالج | 19 | نسخہ کایا پلٹ | 27 |
| نقش مرض جنون ومرگی | 19 | مقوی دماغ وزیادتی عقل | 28 |
| برائے پرانی کھانسی | 19 | پیٹ کے کیڑے مارنے کی دوا | 28 |
| نقش مرگی جنون کنٹھ مالا وغیرہ | 19 | روشنی چشم بڑھانے اور قائم رکھنے کا نقش | 28 |
| نقش ناف | 20 | نقش برائے ناف | 28 |
| نقش مرض احتلام | 20 | قوت باہ کے لئے عجیب نسخہ | 28 |

| عنوانات | صفحہ | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|---|
| نقش بواسیر خونی وبادی | 29 | باب دوم علم الاعداد | 33 |
| دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کا مجرب عمل | 29 | اعداد قمری نکالنے کا طریقہ | 33 |
| نقش برائے ہسٹریا | 29 | استخارہ از علم الاعداد | 34 |
| نقش حیض ونفاس | 29 | اعداد سے نقش بنانے کا طریقہ | 39 |
| نقش برائے پسلی | 30 | نقش بھرنے کا طریقہ | 39 |
| نقش جموگا ام صبیان | 30 | مفتاح النقوش | 40 |
| برائے دردِ سر | 31 | نقش بھرنے کے ۱۶ طریقے | 40 |
| نقش مرض دمہ | 31 | اسمائے باری تعالیٰ | 41 |
| دودھ بڑھانے کا عمل | 32 | اسم اعظم کی تحقیق | 44 |
| | | اسم اعظم کا مجموعہ | 48 |
| | | ہر اسم اسم اعظم ہے | 49 |
| | | آپ کا اسم اعظم | 49 |


## مختصر فوائد اسمائے باری تعالیٰ


| اسم | صفحہ | اسم | صفحہ | اسم | صفحہ | اسم | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یاھو | 50 | یا قدوس | 52 | یاقھار | 54 | یا غفار | 55 |
| یاالله | 50 | یاسلام | 52 | یاکبیر | 54 | یا عفو | 55 |
| یا رحمٰن | 51 | یامومن | 53 | یااکبر | 54 | یا وھاب | 55 |
| یارحیم | 51 | یامھیمن | 53 | یامتکبر | 54 | یا رزاق | 56 |
| یا مالك | 51 | یاعزیز | 53 | یاخالق | 55 | یا فتاح | 56 |
| یاملیك | 51 | یامعز | 53 | یاباری | 55 | یا عالم | 57 |
| یامَلِك | 51 | یاجبار | 54 | یاغفور | 55 | یا عالیم | 57 |




Marfat.com

| اسم | صفحہ | اسم | صفحہ | اسم | صفحہ | اسم | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| استخارہ سے متعلق | | یا حسیب | 62 | یا محصی | 68 | یا والی | 71 |
| خصوصی رپورٹ | 57 | یا جلیل | 63 | یا مبدی | 68 | یا متعالی | 72 |
| یا قابض | 57 | یا ذوالجلال | 63 | یا معید | 68 | یا بر | 72 |
| یا باسط | 58 | والاکرام | 63 | یا محی | 68 | یا تواب | 72 |
| یا خافض | 58 | یا مقسط | 64 | یا حی | 68 | یا منتقم | 72 |
| یا رافع | 58 | یا جامع | 64 | یا ممیت | 68 | یا رؤف | 72 |
| یا مذل | 58 | یا کریم | 64 | یا قیوم | 69 | یا معطی | 73 |
| یا سمیع | 59 | یا رقیب | 64 | یا واجد | 69 | یا منعم | 73 |
| یا بصیر | 59 | یا مجیب | 64 | یا غنی | 69 | یا نافع | 73 |
| یا حاکم | 60 | یا واسع | 65 | یا مغنی | 69 | یا حنّان | 73 |
| یا حکم | 60 | یا ودود | 65 | یا احد | 69 | یا منّان | 73 |
| یا حکیم | 60 | یا ماجد | 65 | یا واحد | 69 | یا مانع | 73 |
| یا عادل | 60 | یا مجید | 65 | یا وحید | 69 | یا ضار | 73 |
| یا عدل | 60 | یا باعث | 66 | یا صمد | 70 | یا نور | 73 |
| یا لطیف | 60 | یا شاهد | 66 | یا قادر | 70 | یا هادی | 74 |
| یا خبیر | 61 | یا شهید | 66 | یا قدیر | 70 | یا بدیع | 74 |
| یا حلیم | 61 | یا حق | 66 | یا مقتدر | 70 | یا باقی | 74 |
| یا عظیم | 61 | یا وکیل | 66 | یا مقدم | 70 | یا وارث | 74 |
| یا شکور | 61 | یا قوی | 67 | یا موخر | 70 | یا رشید | 74 |
| یا علی | 62 | یا متین | 67 | یا اوّل | 71 | یا صبور | 75 |
| یا حافظ | 62 | یا حامد | 67 | یا آخر | 71 | | |
| یا حفیظ | 62 | یا حمید | 67 | یا ظاهر | 71 | | |
| یا مقیت | 62 | یا محمود | 67 | یا باطن | 71 | | |




Marfat.com

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| سم اعظم سے متعلق ضروری نوٹ | 75 |
| زکوٰۃ کی قسمیں | 76 |
| عہدنامے کے فوائد | 78 |
| برائے وسعت رزق عمل مزمل شریف | 80 |
| نقش خرچ یومیہ ملنے کا | 81 |
| چراغ خورد برائے وسعت رزق | 81 |
| برائے قضائے حاجات | 83 |
| دس نمازیں | 83 |
| ترکیب صلاۃ الاسرار | 86 |
| عمل بینظیر برائے قضائے حاجات | 87 |
| عمل ہر مہم کی آسانی کے لیے | 88 |
| نماز قضائے حاجات | 88 |
| عمل حل المشکلات | 89 |
| نقش ۲۰ عجیب | 89 |
| دانہ سلیمانی حاصل کرنے کا عمل | 89 |
| دعوت یاوھاب | 90 |
| الحمد شریف کا عمل برائے ہر حاجت | 91 |
| بڑی سے بڑی مشکل کا حل | 91 |
| لاجواب استخارہ | 91 |
| نقش دفع جن وآسیب | 91 |
| نقش دافع سحر | 92 |
| برائے بواسیر خونی | 92 |
| نقش جامع الکمالات | 92 |
| نقش مرگی | 92 |
| نقش حفاظت تیر وتفنگ | 93 |
| نقش سورۂ جن | 93 |
| برائے جمیع مہمات ختم صغیر | 93 |
| درحصول ایمان ووسعت رزق | 94 |

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| برائے وصل دوست | 94 |
| قید سے خلاصی کے لیے | 94 |
| عمل ہر لاعلاج بیماری کا | 94 |
| بسم اللہ شریف کا خصوصی عمل | 95 |
| برائے وسعت رزق | 95 |
| معشوق خود عاشق ہو کر حاضر ہو | 95 |
| برائے محبت زن وشوہر | 96 |
| آسیب و دیو پری جن کا علاج اسمائے باری تعالیٰ سے | 96 |
| برائے دفع جنون و پاگل پن | 97 |
| خود اپنی روح کو حاضر لانے کا عمل | 97 |
| نقش خلاصی جن وآسیب | 98 |
| برائے صبر طفل بعداز جدائے شیر | 98 |
| دعائے تسخیر خلق | 98 |
| نقش اپنی محبت میں مبتلا کرنے کا | 98 |
| عمل برائے بغض وجدائی | 99 |
| عمل برائے محبت | 99 |
| استخارہ | 100 |
| چوری کا مال واپس ملنے کا عمل | 100 |
| دلوں کو تسخیر کرنے کا مجرب عمل | 101 |
| طریق ملاقات ارواح مرشداں | 101 |
| بدکاری کی عادت چھڑانے کے لیے یٰسین شریف کا مجرب عمل | 101 |
| نقش ہرکارہ | 102 |
| نقش چیچک جدید | 103 |
| عمل با مؤکل کے متعلق خصوصی ہدایات | 103 |




Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# ناظرینِ شمع شبستان رضا کے لیے راز و نیاز کی باتیں

شمعِ اول سے متعلق جہاں تعریف کے سینکڑوں خطوط آئے کہ اس کتاب کا ہر عمل کامیاب ہر نقش تیر بہدف ثابت ہوا وغیرہ وغیرہ۔ اسی سلسلے میں کچھ خطوط ایسے بھی آئے کہ ہم نے فلاں عمل کیا، کامیابی نہ ہوئی۔ میں ماہنامہ ''نوری کرن'' میں ایسے خطوط اور ان کے جوابات ہماری ڈاک کے تحت چھاپتا رہا۔ اس سلسلے میں چند باتیں عرض کرنی ہیں۔

نمبر۱: بغیر اجازت عامل کوئی عمل نہ کرنا چاہیے۔ اعمالِ روحانیت میں اجازت شرط اول ہے حضور نبی اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام ایک کافر سے فرماتے ہیں کہ اس درخت سے کہہ تجھ کو اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم بلاتے ہیں۔ وہ جا کر کہتا ہے اور درخت زمین کو چیرتا ہوا سرکار کی بارگاہ میں حاضر ہو کر سلام عرض کرتا ہے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم واپسی کا حکم فرماتے ہیں چلا جاتا ہے۔ وہ درخت یہ نہیں دیکھتا کہ کہنے والا کون ہے۔ مسلمان ہے یا کافر۔ آج میں آپ اور دیگر کروڑوں مسلمان ہیں کسی درخت کے پاس جا کر ایک دو بار نہیں چالیس روز ایک پاؤں پر کھڑے رہ کر ان الفاظ کو مسلسل رات دن رٹتے رہیں کوئی نتیجہ فراہم نہیں ہوگا۔ اس کافر نے ایک بار کہا اور درخت نے اس کے حکم پر عمل کیا۔ بات صرف وہی ہے حکم اور اجازت۔ لہذا بغیر اجازت کوئی عمل نہ کیا جائے۔ شمع شبستان رضا کی اجازت اور اس کی شرائط حصہ اول میں درج ہیں۔ پہلے ان شرائط کو ملاحظہ فرمائیں۔ پھر اسی کے مطابق اجازت حاصل کریں یا کسی عمل کی اجازت بطریق روحانیت لیں پھر عمل کریں۔ اس کے لیے استخارہ بہتر ہے۔

نمبر۲۔ یقین کامل ضروری ہے اجازت اور اعتقاد کامل کسی عمل کے اظہار اثر کے لیے روحانی برقی تار ہیں جو قلب و زبان کے ذریعہ متحرک ہو کر الیکٹرک شاٹ کی طرح اثر انداز ہوتے ہیں۔

## ہدایات برائے عاملین شمع شبستان رضا

یہ ہدایات حضرت قبلہ الحاج صوفی عزیز احمد صاحب مداح الرسولؐ رضوی بریلوی مدظلہٗ کو حجتہ الاسلام مولانا شاہ محمد حامد رضا خان صاحب خلفِ اکبر امام اہلسنت اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے بیعت و خلافت سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ اور جملہ تعویذات، عملیات کی اجازت عطا فرماتے وقت فرمائیں کہ خلاف شرع کے لیے نہ خود استعمال کریں نہ کسی اور کو دیں نہ بتائیں۔



Marfat.com

(۱) جس طرح عورتیں اکثر تسخیر شوہر چاہتی ہیں کہ ہمارے کہنے میں ہو جائے جو ہم کہیں وہی کرے۔ یہ حرام ہے حدیث میں اسے شرک فرمایا۔ اللہ عزّ وجل نے شوہر کو حاکم بنایا نہ کہ محکوم۔

(۲) یا یہ چاہتی ہیں کہ شوہر اپنی ماں بہن سے جدا ہو جائے۔

(۳) یا ان کو کچھ نہ دے ہم کو دے یہ سب مردود خواہشات ہیں۔

(۴) مقدماتِ فوجداری میں مسلمانوں کو نقشِ حفاظت دیے جائیں۔

(۵) دیوانی و مال کے مقدمات میں جب تک معلوم نہ ہو کہ یہ حق پر ہے نہ دیں کہ ظالم کی اعانت حرام ہے۔

(۶) حب و تسخیر عورت کے لیے نقش و عمل کسی کو نہ دیں اس میں مقصد اکثر وجہ فاسد ہوتا ہے اگر فی الواقع نکاح کا طالب ہو جب بھی صریح اندیشۂ معصیت ہے کہ اجنبی کی محبت دل عورت میں پیدا ہونا سم قاتل ہے۔ ممکن ہے کہ نکاح میں تعویق ہو یا اولیاء زن نہ مانیں اور محبت طرفین سے پیدا ہو چکی ہو تو اس کا نتیجہ برا ہوگا۔

(۷) یونہی تسخیر زن نہ چاہے بلکہ اولیائے زن کی تسخیر کہ وہ اس سے نکاح کر دیں اور یہ ان کا کفو نہیں۔ یعنی ایسا کم ہو کہ اس سے اس کا نکاح اولیائے زن کے لیے مطعونی یا معصیت شرعی ہو جب بھی ہرگز نہ دیں کہ یہ مسلمان کو مضرت رسانی ہے۔

(۸) بلکہ بہتر یہ ہے کہ اس مقصد کے لیے مطلقاً دیا ہی نہ جائے۔ نکاح خصوصاً ہندوستان میں عمر بھر کا ساتھ ہوتا ہے اور انجام کا علم اللہ عزوجل کو ہے ممکن ہے کہ یہ رشتہ اس کے لیے شر ہو تو شر کا سبب بننا نہ چاہیے۔ ایسوں کو ہمیشہ یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ استخارہ شرعی اور دعا کریں کہ عزوجل وہی کرے جو بہتر ہے۔

(۹) نہ خود کسی مسلمان کی ضرر رسانی کا کوئی عمل کریں نہ کسی کو بتایا جاوے اگرچہ وہ اپنی مظلومی اور اس کا ظالم و موذی ہونا ظاہر کرے۔ ہاں اگر ثبوتِ شرعی سے ثابت ہو جائے کہ وہ عام طور پر موذی و ظالم ہے تو اس کے لیے اس قدر ضرر کی خواہش روا ہے جس قدر کہ وہ حقدار ہے اس سے زیادہ حرام ہے اور ان کا صحیح معیار پر اندازہ خصوصاً اپنے معاملہ میں بہت دشوار ہوتا ہے۔ لہذا ایسے موقع پر ہمیشہ سپر ہی ہاتھ میں رہنی چاہیے اور تلوار سے کام نہیں لینا چاہیے۔ فقیر اس کا سختی سے پابند ہے۔

(۱۰) مسلمانوں کو بوجہ اللہ تعویذات و اعمال دیے جائیں دنیوی نفع کی تمنا نہ ہو جیسا کہ آج کل بحمد اللہ یہاں کا دستور ہے۔

(۱۱) کفار کو اگر نقش دیے جائیں تو پوشیدہ طور پر، علانیہ دینے کی اجازت نہیں اور وہ بھی ایسا نہ ہو جس سے کسی مسلمان کا نقصان ہو اور اس سے معاوضہ لینے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

(۱۲) جو لوگ اسلام کے کھلے دشمن ہیں یا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے شاتم ہوں انہیں تعویذات ہرگز نہ



Marfat.com

دیے جائیں کیونکہ ان کا ابتلائے عذاب وبلا ہونا منجانب اللہ تعالیٰ ہے اور عوام میں سے جو لوگ اپنی کم علمی کی وجہ سے ان کے پیروکار ہوں ان کو اگر تعویذات دیے جائیں تو ان سے معاوضہ لے لینا چاہیے یہ بارہ باتیں حسب ہدایت شہزادہ اعلیٰ حضرت قدس سرہ بغرضِ ہدایت تحریر ہیں۔ اللہ عزّ وجل عمل کی توفیق دے۔ آمین

# تسخیر ومحبت کا بے مثل تحفہ

عاملین، علماء ومقررین، حق پرست حق پسند، حق گو حضرات کے اکثر نفس پرست، شر پسند افراد دشمن بن جاتے ہیں اور دور حاضر میں اسلام دشمن عناصر کلمہ اور نماز کی آڑ میں اسلام کی جڑوں کو کھوکھلا کرنے والے صلح کلی قسم کی سنی عوام کی ہمدردیاں حاصل کر کے انھیں کے ذریعہ علمائے حق کو بدنام کرانے کی سعی کرنے لگے ہیں۔ خود الگ رہ کر دینداروں ہی کے ذریعہ دین کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں اور یہ دیندار نفس پرستی کی خاطر دین کے مبلغین کو ذلیل وخوار کرنے سے گریز نہیں کرتے۔

ایسے پر آشوب دور میں جبکہ عزت وآبرو کی حفاظت اہم ترین مسئلہ بن چکی ہے۔ ضرورت تھی کہ کوئی ایسا تحفہ پیش کیا جائے جو ان کی عزت وعصمت، اولاد اور دولت کے گرد حصار عظیم کا کام دے اور دشمن کسی مفسد اسکیم میں کامیاب نہ ہو سکے۔ اس کا ہر وار خالی جائے بلکہ اس کا وار اسی پر پلٹ جائے اسی خیال سے پہلے حصہ کی ابتدا ایسے ہی عمل سے کی تھی، یعنی دعائے جامع المطلوب ودافع الکروب جو کہ ایک عظیم حصار بھی ہے۔ گویا اس دعا کو ہر روز بعد نماز فجر پڑھنے والا دشمن پروف ہو جاتا ہے۔

## عمل تسخیر وعقد المحبت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ○ وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ○ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِيْ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَسَخِّرْلِيْ قَلْبَ فلاں بن فلاں بِمَهْرِ دُوْسْتِيْ اَللّٰهُمَّ سَخِّرْهُ لِيْ وَاجْعَلْهُ عَلَيَّ رَؤُفًا رَّحِيْمًا بِحَقِّ يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَالَ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ



Marfat.com

وَسَلِّمْ اَللّٰهُمَّ سَهِّلْ بِفَضْلِكَ يَا وَهَّابُ يَاتَوَّابُ يَا رَبِّ اَسْئَلُكَ يَا رَبَّاهُ يَا غَايَةَ يَارَغْبَتَاهُ ط
اَسْئَلُكَ اَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ وَتُنَوِّرَ قَلْبِيْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ وَ اَنْ تُعْطِيَنِيْ خَيْرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ
وَتُعَزِّزَنِيْ فِيْ قُلُوْبِ الْعُلَمَاءِ وَالْاَكَابِرِ ط يَا عَزِيْزُ تَعَزَّزْتَ بِالْعِزَّةِ وَالْعِزَّةُ فِيْ عِزَّةِ عِزَّتِكَ يَا عَزِيْزُ
يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ اِقْضِ حَاجَتِيْ يَا مُجِيْبَ الدَّعْوَاتِ
اِسْتَجِبْ دُعَائِيْ بِحَقِّ عِزَّتِكَ يَا عَزِيْزُ ط تَعَزَّزْتَ بِالْعِزَّةِ وَالْعِزَّةُ فِيْ عِزَّةِ عِزَّتِكَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ
يَاذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ج گرفتم سر فلاں ابن فلاں را یارب بہ سوئے من بمہر ودوستی بحق بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ط
وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي
النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ
تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْلَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ط قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ ط يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا
لِّلّٰهِ ط بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○
یارب بر ہر دو چشم فلاں ابن فلانہ رانگران من کن بمہر ودوستی بحق هٰذا الآيات اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا
قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ○ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ
وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ
طَرْفُكَ ط فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ مَنْ شَكَرَ
فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ط الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا رَبِّ ہر دو گوش فلاں ابن فلانہ راشنوا گردان
بسخن من بمہرو دوستی بحق وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَانْظُرْنَا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ
○ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَى اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ○ عَسَى اللّٰهُ اَنْ
يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ط وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ط وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ مَالِكِ
يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ یارب لب ودندان فلاں ابن فلانہ را گویا کن بہ
سخن من بمہر ودوستی بحق وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَ قَالَتْ هَيْتَ



Marfat.com

لَكَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّیْٓ اَحْسَنَ مَثْوَایَ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ؕ اِنَّا
لَنَرٰىهَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۝ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ یُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ
الْهٰلِكِیْنَ ۝ وَاهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ۔ یارب ہر دو دوست و سینہ فلاں ابن فلانہ گرفتار من کن
بمہر دوستی بحق فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنْ حَوْلِكَ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِی الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا
عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِیْنَ ۝ بحق كٓهٰیٰعٓصٓ و بحق طٰهٰ طٰسٓمّٓ یٰسٓ
صٓ حٰمٓ حٰمٓعٓسٓقٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ گرفتم دل و جان ہفت اندام فلاں
ابن فلانہ را بمہر و دوستی وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَیْنِیْ اِذْ تَمْشِیْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ
هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ یَّكْفُلُهٗ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ؕ اَللّٰهُمَّ یَا رَبِّ
بِحَقِّ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْكَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَعِزْرَائِیْلَ وَحَمَلَةِ الْعَرْشِ وَالْكُرْسِیِّ وَالرُّوْحَا نِیِّیْنَ
اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ تَوْرَاةِ مُوْسٰى وَاِنْجِیْلِ عِیْسٰى وَزَبُوْرِ دَاوٗدَ وَصُحُفِ اِبْرَاهِیْمَ وَفُرْقَانِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ
نِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ گرفتم
دل و جان ہفت اندام فلاں ابن فلانہ را خواہان و طالب من گرداں بمہر و دوستی خود بحق آدم صفی اللہ و
حوا و ہابیل و شیث و ادریس و نوح و ابراہیم و اسمٰعیل و اسحٰق و یعقوب و یونس و ہود و لوط و صالح و شعیب و
موسیٰ و ہارون و یوشع و ایوب و یونس و داؤد و سلیمان وذی الكفل وَالْیَسَعَ وَشَعْیَبَ وَالْخِضْرِ وَ
اِلْیَاسَ وَدَانِیَالَ وَجَرْجِیْسِ وَ اَرْمِیَا وَحِزْقِیْلَ وَشَمْعُوْنَ وَذِی الْقَرْنَیْنِ وَعِیْسٰى وَ مَرْیَمَ
وَسَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ ؕ یارب مہربان
من کن دل و جان فلاں بن فلانہ را بحق ایں آیات مکنون از اول تا آخر یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ
اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝
فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اے موکلاں و اے پریاں بشنوید گفتار من و بفرمان باشید و دوستی مرادر
دل فلاں بن فلانہ زیادہ گردانید بحق و حرمت ایں آیتہائے مکنون از اول تا آخر گرفتم دل و جان ہفت
اندام فلاں ابن فلانہ را بمہر و دوستی فلاں ابن فلانہ بحق وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ اِنَّهُمْ كَانُوْا یُسٰرِعُوْنَ
فِی الْخَیْرٰتِ وَیَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِیْنَ ۝ وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ



Marfat.com

مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ○ گرفتم دل وجان و ہفت اندام فلاں بن فلاں را بمہر و دوستی فلاں ابن فلان بحق ہمہ پیغمبران کہ اول ایشاں آدم صفی اللہ و آخر ایشاں سیدنا محمد المصطفےٰ ﷺ وبحق وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَهُمْ کَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ط هُوَ الَّذِیْٓ اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ ط قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰهُ ط وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ○ فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ط قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ط اِنَّا لَنَرٰهَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ○ گرفتم دل وجان فلاں بن فلاں را بمہر و دوستی فلان ابن فلاں بحق ہمہ پیغمبراں کہ اول ایشاں آدم، صفی اللہ و آخر ایشاں سیّدنا محمد المصطفےٰ ﷺ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ ط یارب ہر دو پائے فلان ابن فلاں فلانہ بجانب من رواں کن بمہر و دوستی بحق فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ وَخَسَفَ الْقَمَرُ وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ط وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ○ زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِیْنَ وَالْقَنَاطِیْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَیْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ط ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْهِمَآ اَنْ یُّصْلِحَا بَیْنَهُمَا صُلْحًا وَّالصُّلْحُ خَیْرٌ ط وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ط وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ کَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا ○ اِنَّهٗ عَلٰی ذٰلِكَ لَشَهِیْدٌ ○ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ ○ وَلَا الضَّآلِّیْنَ اٰمِیْنَ گرفتم دل وجان و ہفت اندام فلاں ابن فلانہ را بمہر و دوستی خود بنام خداوند العالمین اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ط لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ○ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○ فَقَالَ اِنِّیْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَیْرِ عَنْ ذِکْرِ رَبِّیْ حَتّٰی تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ط وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ○ گرفتم سی صد رگ و چہل و چہار پارہ استخوان فلاں ابن فلانہ را العشق و دوستی فلانہ ابن فلاں بنام خدائے تعالیٰ و بنام سیدنا محمد رسول اللہ صلوٰۃ اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ وعلیہم وعلیٰ آلہ بحرمت البیت الحرام والرکن والمقام و بحرمۃ خطیرۃ القدس وکالیدر صلوٰت اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ وعلیہم وعلیٰ آلہ گرفتم از فرق تا ناخن پائے فلاں بن فلانہ را بمہر و دوستی فلاں



Marfat.com

ابن فلانہ بمحبت وشفقت وعشق ونوازش بحق قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۚ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ ۝ قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ ۭ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰي كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۭ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ۭ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۭ وَكَفٰي بِاللّٰهِ حَسِيْبًا وَّكَفٰي بِاللّٰهِ وَلِيًّا وَّكَفٰي بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ۝ یارب بحق وحرمت آں نام کہ بر ساقِ عرش نوشتہ یارب چنانکہ عرش را بزرگ آفریدی مرا اور چشم و دل فلاں بزرگ گردان و بحق درچہ وصلیّت و دوستی کہ باب سیدنا محمد المصطفیٰ صلوٰۃ اللہ تعالیٰ علیہ داری بحرمت آں نام بزرگ کہ بر چشمۂ آفتاب و ماہتاب نوشتہ یارب بحق آن نام بزرگ کہ درزبور حضرت داؤد علیہ السلام نوشت یا حی یا قیوم چنانکہ آہن را در دستِ داؤد علیہ السلام نرم کردی یارب دل و جانِ فلاں را برائے من نرم کن و رحیم گردان یا رحیم یا کریم بحق یا اللہ بحرمتِ آن نام کہ بر خاتم سلیمان علیہ السلام نوشتہ بودی تا بر عالمیان بادشاہ شد یارب مرا بر سر فلاں بن فلانہ بادشاہ گردان یا اللہ رحمٰن یا رحیم یارب بحرمۃ نام مہدی کہ درقرآن مجید نوشتہ یا شافی چناں کہ سیدنا محمد مصطفیٰ صلوٰۃ اللہ تعالیٰ وسلامہٗ علیہ را برامتِ شفیق و مہربان گردانیدی یا مقلب القلوب والابصار دل و جان فلان بن فلاں را مشفق و مہربان من گردان و بر سریر فلک دل فلان ابن فلاں مرا بادشاہ گرداں و ہمہ حاجتہائے مرا روا گردان یا ذالجلال والاکرام یا قاضی الحاجات یا کافی المہمات یارب بحرمۃ آں نام کہ درانجیل نوشتہ یارب بحرمۃ الامام حسن المجتبیٰ و حرمت الامام حسین شہید کربلا و بحرمۃ الغوث الاعظم قطب الاقطاب یا مقلب القلوب وَالْاَبْصَار لَيِّنْ عَلٰى قُلُوْبَ جَمِيْعِ الْخَلَائِقِ بِالرَّحْمَةِ وَالرَّأْفَةِ اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِيْ جَمِيْعَ اَوْلَادِ اٰدَمَ وَبَنَاتِ حَوَّا يَارَؤُوْفُ ۳ بار بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۭ

عملِ عقدالمحبت جو قرآن مجید کی ۱۴ اسورتوں سے انتخاب کیے گے ہیں اس کے فوائد لکھنے کے لیے ایک دفتر ناکافی ہے مگر عقلمند کے لیے یہ مختصر ہی کافی ہے۔

نمبر ا: اگر کوئی شخص اپنی عمر میں ایک بار پڑھ لے اس میں یہ صفت پیدا ہو جائے گی کہ جس کسی کے دل کو مسخر کرنا چاہے تو اس کا دل مثل موم ہو جائے گا اور وہ مطیع ہو جائے گا۔



Marfat.com

چاہے تو اس کا دل مثل موم ہو جائے گا اور وہ مطیع ہو جائے گا۔

نمبر۲: اگر ایک بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے تو ایسا بے قرار ہو کہ بغیر طالب کے مطلوب کو قرار نہ آئے۔

نمبر۳: اگر روزانہ ایک بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرتا رہے تو ہر شخص پڑھنے والے کو دیکھتے ہی دوستی کرنے پر مجبور ہو جائے۔

نمبر۴: اور اگر گلاب پر دم کر کے چہرہ پر مل لے تو اہل دنیا میں سے جو بھی دیکھے دوستی کا دم بھرے۔

نمبر۵: اور اگر عطر گلاب یا کسی اور خوشبو پر دم کر کے محبوب کو سنگھا دے تو بغیر طالب کے اسے قرار نہ آئے اگرچہ اس کے درمیان پہلے سے دشمنی ہی کیوں نہ ہو تاہم وہ دوست ہو جائے۔

نمبر۶: لکڑی کی تسبیح کے سودانے لے کر ہر دانے پر عقد المحبت پوری پڑھ کر دم کرتا جائے۔ یہ ضروری نہیں کہ عمل ایک ہی دن میں کرے بلکہ جتنے دنوں میں کر سکتا ہو کرے، جب سو دانوں پر سو بار ختم کر چکے تو تنہا مکان میں جا کر انھیں جلائے تو معشوق کا دل اس طرح تڑپے کہ بغیر عاشق کے ایک پل قرار نہ آئے۔ (تصور شرط ہے)

نمبر۷: اگر مطلوب کہیں دور چلا گیا ہے تو لوبان پر سات بار دم کرے اور اسے جلائے اور جس سمت محبوب کا جانا معلوم ہو اس طرف دھویں کو حرکت دے تو وہ بے قرار ہو کر فوراً واپس آجائے اور اگر اپنے اوپر دم کر کے کسی کے سامنے جائے تو وہ شخص مطیع ہو جائے۔

نمبر۸: مطلوب کو عاجز کرنے کے لیے ۷ دن تک روزانہ ۲۱ مرتبہ پڑھے اور عود یعنی لوبان یا کالی مرچ پر دم کر کے آگ میں جلائے مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہو اگرچہ کتنا ہی دور ہو۔

☆☆☆



Marfat.com

## باب اوّل

# کتاب الامراض

شمع شبستانِ رضا حصہ اول میں سر سے پاؤں تک تقریباً ہر مرض کا علاج دیگر ہر تکلیف و مصیبت محبت و عداوت تمام دینی و دنیاوی ضرورتوں کا حل تعویذ و عملیات سے درج کر دیا گیا ہے اور عمل کامیاب بھی ثابت ہوا۔ مگر پھر بھی ہر ایک ان سے کماحقہٗ فائدہ حاصل نہ کر سکا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کسی بیماری کا علاج اور کسی تکلیف کا مداوا اس وقت آسان ہوتا ہے کہ جب اس کا سبب معلوم کر لیا جائے۔

(۱) دردِ سر: شمع شبستانِ رضا حصہ اول ۲ سے ۱۰ تک کے عملیات دردِ سر کے لے زود اثر ثابت ہوئے ہیں۔

(۲) اگر دردِ سر وقتی ہو یعنی اچانک پیدا ہونے والا تو اس کے لیے حصہ اول کے ۵ سے ۷ تک کسی بھی عمل سے کام لیں۔

(۳) اگر گرمی یا کمزوری یا دیرینہ چوٹ کے اثر سے ہو تو یہ دعا لکھ کر درد کی جگہ باندھیں اور پانی پر دم کر کے پلائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ج اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى يَا نُوْرَ النُّوْرِ يَا نُوْرَ النُّوْرِ يَا خَالِقَ النُّوْرِ يَا نُوْرَ كُلِّ نُوْرٍ يَا نُوْرُ لَيْسَ مِثْلَهٗ نُوْرٌ يَا نُوْرُ قَبْلَ كُلِّ نُوْرٍ يَا نُوْرُ بَعْدَ كُلِّ نُوْرٍ فِي النُّوْرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ خَالِصًا مِّنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ۔

(۴) اگر نزلہ کے سبب سے ہو تو حصہ اول نمبر ۸ کا نقش باندھنے کو دیں اور نمبر ۲۰ کی دعا ایک ایک سانس میں پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں ساتھ ہی نمبر ۱۰ یا نمبر ۱۸ کی دوائیں کھلائیں۔

(۵) اگر سحر جادو وغیرہ کا شبہ ہو نمبر ۳ کے عمل کے ساتھ نمبر ۹ کے نقوش بھی لکھ کر دیں یا اسی کتاب سے جن، سحر، آسیب، جادو کے باب سے کسی نقش کو نقل کر کے دیں۔ اگر جگر و معدہ کی خرابی سے درد ہو تو مذکورہ نقش و عملیات کے نقش درود شفا لکھ کر دیں۔ نقش درودِ شفاء۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۶۱ | ۶۶۴ | ۶۶۷ | ۶۵۴ |
| ۶۶۶ | ۶۵۵ | ۶۶۰ | ۶۶۵ |
| ۶۵۶ | ۶۶۹ | ۶۶۲ | ۶۵۹ |
| ۶۶۳ | ۶۵۸ | ۶۵۷ | ۶۶۸ |

Marfat.com

## دردِ کان

کان میں درد، نزلہ یا کان کے زخم، پھوڑا پھنسی کی وجہ سے ہوتا ہے اس کے لیے آیاتِ شفا پڑھ کر دم کریں یا نقش شفا لکھ کر دیں۔ اور نیم کے تازہ پتوں کا عرق نکال کر پھاڑ کر نیم گرم کان میں ڈالیں۔

## نقش آیاتِ شفا

آیاتِ شفاء ہر مرض کے لیے نہایت مجرب ہیں۔ ان کو پڑھ کر دم کریں حکیم ڈاکٹروں کے لیے گیارہ بار اس کا ورد بہت مفید ہے۔ اگر لکھ کر دینا ہو تو نقش شفاء اور اس کے نیچے آیاتِ شفا

| ی | ف | ا | ش |
|---|---|---|---|
| شفا | ۳۰۱ | ۹ | ۸۱ |
| ۳۰۳ | ۳ | ۷۸ | ۸ |
| ۷۹ | ۷ | ۳۰۲ | ۲ |

لکھ دیں۔ یَا شَافِیْ یَا کَافِیْ یَا سَلَامْ بِحَقِّ وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ: وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ: یَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ: وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ: قُلْ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّ شِفَآءٌ ط اگر نزلہ کے سبب ہو تو نقوش کے ساتھ نزلہ کی دعائیں بھی دیں۔

## سات سلام

نزلہ اور امراضِ شکم کے لیے اکسیر کا حکم رکھتے ہیں۔ اگر آیاتِ شفاء کے ساتھ لکھ کر دیں تو آنتوں کی دق اور سل کے لیے بھی مجرب ہے۔ درودِ شفاء کے ساتھ اس طرح لکھ دیں۔

بِحَقِّ اَلَیْسَ اللّٰهُ بِکَافٍ عَبْدَهٗ ط وَبِحَقِّ سَلَامٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی ط سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ o سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ سَلٰمٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ سَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ اللّٰهُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

## امراضِ چشم

دفتر کا کام یعنی زیادہ پڑھنے لکھنے اور نظر بد سے اگر آنکھ کی روشنی کمزور ہو گئی ہو تو حصہ اول نمبر ۱۳ کی آیات سات بار پڑھ کر دم کرنا اور پانی پر دم کر کے پینا مفید ہے۔

- اگر آنکھ میں زخم یا پانی کی شکایت ہو تو نمبر ۱۴ کا نقش بھی دیں۔
- دماغی کمزوری، نزلہ کی وجہ سے نظر کمزور ہو تو "نوری سرمہ" پر دم کر کے دیں۔ یہ سرمہ بہت مفید ہے۔
- ساتھ میں مقویات اور نزلہ کی دعائیں دیں۔



Marfat.com

- جالا، پھلی وغیرہ کے لیے آیاتِ شفا مع سات سلام ایک بار پڑھ کر نوری سرمہ پر دم کر کے دیں۔
- حصہ اول نمبر ۲ کے اسمائے حسنیٰ اور نمبر ۱۶ کا عمل بھی بہت سریع الاثر ہیں۔

## ۱۵۔ گلے کا درد و جملہ امراض حلق

گلے کا درد و جملہ امراض حلق کے لیے اسمائے باری تعالیٰ پڑھ کر گلے پر دم کر کے اور پانی پر دم کر کے پلائیں اور اسی کو لکھ کر باندھنے کو دے مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى يَا مَنْ خَلَقَنِيْ وَسَوَّانِيْ يَا مَنْ رَزَقَنِيْ وَرَبَّانِيْ يَا مَنْ اَطْعَمَنِيْ وَسَقَانِيْ يَا مَنْ تَوَاسَنِيْ وَاَدْنَانِيْ يَا مَنْ عَصَمَنِيْ وَكَفَانِيْ يَا مَنْ حَفِظَنِيْ وَكَلَانِيْ يَا مَنْ وَفَّقَنِيْ وَهَدَانِيْ يَامَنْ اَعَزَّنِيْ وَاَصْغَانِيْ يَا مَنْ اَمَاتَنِيْ وَاَحْيَانِيْ يَا مَنْ اٰنَسَنِيْ وَوَلَّانِيْ سُبْحٰنَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔

## ۱۶۔ امراض دندان و قلب

امراضِ دندان اور قلب کے تقریباً تمام عملیات و نقوش حصہ اول میں درج ہیں۔ مذکورہ وجوہات کو پیش نظر رکھ کر مختلف نقوش سے فائدہ اٹھائیں مگر امراض قلب میں اصلاحِ جگر و معدہ کا لحاظ رکھتے ہوئے نقوش دیا کریں کہ اکثر معدہ کی تبخیر کے سبب دل دھڑکنے لگتا ہے۔ اگر ایسا ہو تو جوارش کمونی ۵ ماشہ جوارش مصطگی ۵ ماشہ ملا کر صبح و شام کو ۹ بجے کھلانے سے ایک ہفتہ میں معدہ کی اصلاح ہو کر دل کا دھڑکنا موقوف ہوگا اور مریض شفایاب ہوگا۔

## ۱۷۔ اختلاج قلب

اختلاجِ قلب بہت سے امراض پیدا کرتا ہے۔ گھبراہٹ، پریشانی، ناگہانی خوف و ہراس، بدگمانی، موت کا ڈر، وسوسہ، بے خوابی، ڈراؤنے خواب، احتلام وغیرہ موذی امراض ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ اس کے لیے مذکورہ نقش کے ساتھ اصلاحِ شکم کے نقوش، آیاتِ شفا وغیرہ بھی دیں۔ اگر سحر جادو کا شبہ ہو تو نقشِ چہار قل وغیرہ نقوش سے انتخاب کر کے دیں۔

## ۱۸۔ اختلاج قلب زنانہ

عورتوں کو مذکورہ وجوہات کے علاوہ اکثر حیض و نفاس کی خرابی سے بھی یہ مرض پیدا ہوتی ہے۔ عورتوں کے امراضِ قلب میں ان وجوہات کو بھی پیش نظر رکھنا چاہیے جو کہ از حد ضروری ہے۔ جس کے لے مذکورہ نقوش کے ساتھ بسم اللہ شریف، آیاتِ شفا اور سات سلام کو نہ بھولنا چاہیے۔

Marfat.com

## ۱۹۔ جاڑا بخار

جاڑا بخار کے مریض کے لیے بھی چند باتوں پر غور کرنا ضروری ہے۔ بخار میعادی بھی ہوتا ہے میعادی بخار کو اتار دینا مریض کو خطرے میں ڈال دینا ہے۔ میعادی بخار چیچک یا موتی جھارا یا خسرہ کا پیش خیمہ ہے۔ اس لیے بخار کا علاج دوا کے ساتھ تعویذات و عملیات سے بھی کریں کہ یہ قدرتی طور پر اثر کرتے ہیں۔ جاڑے کے بخار میں اصلاحِ شکم کی طرف بھی توجہ دیں۔ یعنی بخار کے لیے دعاء تعویذ حصہ اول سے منتخب کرنے کے ساتھ نمبر ۳۶ اکسیر شکم نقش درود شفاء وغیرہ بھی دیں۔

### میعادی بخار

چیچک، موتی جھارا، خسرہ وغیرہ موذی امراض جس میں اول تو بچنا مشکل ہوتا ہے اور اگر مریض بچ جائے تو ہاتھ پاؤں یا صورت بگڑ جانے کا خطرہ ہوتا ہے۔ اس کے لیے بخار سے متعلق دوسرے نقش کے ام القرآن بغیر نقطے کے لکھ کر دینا اشد ضروری ہے۔ اگر دانے نکلنے سے پہلے یہ نقش ڈال دیا جائے تو نہ نکلیں گے اور نکل آئے ہوں تو آسانی سے ڈھل جائیں گے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بسم الله | الرحسم الرحمں | لله الحمد | العلمس رب | الرحسم الرحمں | یوم الدس ملك | نعبد اىاك | نستعس واىاك |
| الرحسم الرحمں | لله الحمد | العلمس رب | الرحسم الرحمں | یوم الدس ملك | نعبد اىاك | نستعس واىاك | الصراط اهدنا |
| لله الحمد | العلمس رب | الرحسم الرحمں | یوم الدس ملك | نعبد اىاك | نستعس واىاك | الصراط اهدنا | المسسقم |
| العلمس رب | الرحسم الرحمں | یوم الدس ملك | نعبد اىاك | نستعس واىاك | الصراط اهدنا | المسسقم | الدس صراط |
| الرحسم الرحمں | یوم الدس ملك | نعبد اىاك | نستعس واىاك | الصراط اهدنا | المسسقم | الدس صراط | انعمت الںهم |
| یوم الدس ملك | نعبد اىاك | نستعس واىاك | الصراط اهدنا | المسسقم | الدس صراط | الںهم انعمت | عىرالمغصوب |
| نعبد اىاك | نستعس واىاك | الصراط اهدنا | المسسقم | الدس صراط | الںهم انعمت | عىرالمغصوب | علىهم |
| نستعس واىاك | الصراط اهدنا | المسسقم | الدس صراط | الںهم انعمت | عىرالمغصوب | علىهم | ولاالضالں |

### نقش بسم اللہ برائے پرانے بخار

یہ اسماء لکھ کر تین روز پانی سے دھو کر پلائے۔ پہلے دن بسم اللہ ارحو ما۔ دوسرے دن الرحمٰن طبسوما تیسرے دن الرحیم یوسوما۔



Marfat.com

## مرض لقوہ

ایک موذی مرض ہے۔ رگوں میں خشکی کی وجہ سے خون کا دوران کم ہو جاتا ہے جس سے ایک جبڑہ کھنچ جاتا ہے اور منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔ اس کیلیے لوہے کی پلیٹ پر سورۂ زلزال شریف کندہ کرا کے دیکھتے رہنے سے یہ مرض جلد دور ہو جاتا ہے۔ یہ عمل بہت مجرب المجرب ہے۔ الملفوظ حصہ چہارم میں مرقوم ہے۔

## ۲۳۔ فالج

یہ اکثر نصف جسم پر ظاہر ہوتا ہے اور اس سے ایک جانب کا جسم بیکار ہو جاتا ہے۔ بائیں جانب کا بہت خطرناک ہوتا ہے۔ اس کے لیے اصلی شہد بہت مفید ہے غذا اور پانی کی جگہ یہی کھلایا اور پلایا جائے۔ شربت بنا کر پلانا اور اسی کو چٹانا بہت مجرب ہے۔ علاج ڈاکٹری ہو یا یونانی مگر شہد دینے سے غافل نہ ہوں۔ اگر کوئی احمق ڈاکٹر منع کرے تو اس کا علاج چھوڑ دیں مگر شہد نہ چھوڑیں۔ دیگر نقش دردِ شفاء و آیات شفا بسم اللہ شریف کا نقش بھی مریض کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر پلائیں۔

## ۲۴۔ مرض جنون مرگی

جنون مرگی پاگل کے لیے یہ نقش بے نظیر ہے۔ بعض لوگ عامل کی مدد کے بغیر اجازت کے بازاری کتابوں کے عمل کر بیٹھتے ہیں جس میں رجعت ہو جاتی ہے اس کے لیے بھی مفید ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۵۰۱ | ۳۵۰۴ | ۳۵۰۷ | ۳۴۹۳ |
| ۳۵۰۶ | ۳۴۹۴ | ۳۵۰۰ | ۳۵۰۵ |
| ۳۴۹۵ | ۳۵۰۹ | ۳۵۰۲ | ۳۴۹۹ |
| ۳۵۰۳ | ۳۴۹۸ | ۳۴۹۶ | ۳۵۰۸ |

## ۲۵۔ برائے کھانسی

بروز بدھ ۷، جگہ یا مستبین لکھ کر ہر ایک کی الگ الگ گولیاں بنالے اور ایک گولی روزانہ پانی سے کھلاۓ کتنی ہی پرانی کھانسی ہو ختم ہو جائے۔

## ۲۶۔ نقش دیگر جنون مرگی، شقیقہ، کنٹھ مالا

یہ نقش فقیر (اقبال احمد) کا بارہا کا آزمودہ ہے کہ نقش اول بے نظیر کے ساتھ اس نقش کو بھی دے ایک کو داہنے اور دوسرے کو بائیں بازو پر باندھیں اور صبح و شام اس بازو کا دوسرے بازو پر اور دوسرے کا پہلے بازو پر تا شفا بدلتے رہیں۔

محمد　　محمد　　محمد

اللّٰھم　محمد　صل　محمد　علی　محمد

محمد　　محمد　　محمد

## ۲۷۔ نقش ناف

ناف کا ہٹ جانا نظامِ شکم کو برباد کر دیتا ہے۔ ڈاکٹر لوگ اس طرف توجہ نہیں دیتے۔ طب میں اس کو کا
اہمیت دی گئی ہے۔ اکثر لوگ جن کو آنتوں کی ٹی بی تجویز کی جا چکی تھی مگر دیکھنے پر ناف کا فتور معلوم ہوا۔ اس کے بغ
بغیر دوا کے درست ہو گئے۔ ناف کو ہٹے اگر زیادہ عرصہ نہ ہوا ہو تو بسم اللہ شریف انگلی سے اس طرح ناف پر لکھ دے
سے فوراً واپس آجاتی ہے۔ کاغذ پر بسم اللہ شریف اس
طرح لکھ کر دیں اور بیچ کے دائرے میں یَا قَائِمُ یَا دَائِمُ یَا قَیُّوْمُ
لکھیں۔ اس نقش کو ناف پر باندھنے سے ناف قائم رہتی ہے اور درد بھی ختم ہو
جاتا ہے۔ اگر ناف کو ہٹے ہوئے زیادہ دن گزر چکے ہوں تو ایک




تولہ سرسوں کا تیل دو قطرے روغن موم ڈال کر پیٹھ پر روزانہ مالش کریں۔ پیٹ پر ہرگز نہ ملوائیں اور نقش بـ
اللہ شریف باندھنے کو دیں اور اسی کو پلیٹ میں لکھ کر پینے کو دیں۔

## ۲۸۔ نقش مرض احتلام

یہ نقش نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔ اگر احتلام کا مرض غلط کاریوں کی وجہ سے ہو تو عمل یٰسین شریف ہر فعل
کو چھڑانے کے لیے اکسیر ہے اور پیٹ کی خرابی کی وجہ سے ہو تو نقش ہذا کے ساتھ نقش
اکسیر شکم بھی دیں۔

| | |
|---|---|
| بحق ابی بکرؓ صدیق | بحق عمر فاروق اعظم |
| بگریزد شیطان لعین | ازھیبت عثمان نیابد<br>پیش من ھیبت علی شیر خدا |



**نوٹ:** اگر اپنے لیے لکھنا ہو تو پیش من لکھے اور دوسرے کو دینا ہو تو فلاں بن فلاں یعنی مریض اور اس کی
ماں کا نام لکھے۔

# امراض زنان

## ۲۹۔ حیض و نفاس کی کمی یا بے قاعدہ ہونا

اس مرض کی انتہائی بی پر ہوتی ہے۔ اس لیے اس پر زیادہ متوجہ ہونا چاہیے۔ نمبر ۱ اس کے لیے
سات سلام۔ نمبر ۲ اصحابِ کہف کے اسمائے گرامی۔ نمبر ۳ آیات شفاء۔ نمبر ۴ نقش بسم اللہ شریف



Marfat.com

نمبر ۵ درود شفاء وغیرہ بہت مفید ہیں۔

## ۳۰۔خون حیض ونفاس کی زیادتی

مردوں کو جریان، عورتوں کو پرسوت یعنی سیلان الرحم حیض ونفاس کی زیادتی بھی جسم کو گھلا دیتی ہے۔اس کے لیے آیاتِ شفاء درود شفاء، اسماء باری تعالیٰ ونقش دیگر حصہ اول سے نمبر ۲۵ اور نمبر ۸۹ کا لکھ کر دیں۔اگر مرد کو جریان کے لیے دینا ہو تو نقش نمبر ۳۵ میں بستم جربان منی فلاں بن فلاں لکھیں۔

## ۳۱۔حمل گمشدہ

اکثر حمل کے آثار ظاہر ہو کر معدوم ہو جاتے ہیں۔اسی طرح ایک مدت گزر جاتی ہے اس کے لیے یہ نقش مفید ہے۔ یہ نقش روٹی پر لکھ کر عورت کو کھلایا جائے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم صلی وسلم علیٰ سیدنا محمد وللہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| یارجائی | ۱ | ۶ | ۳ | ۸ | یا منائی |
| یا دوائی | ۴ | ۷ | ۲ | ۵ | یادوانی |
| یاشفائی | ۶ | ۱ | ۸ | ۳ | یا کفائی |
| کنیائی | ۷ | ۴ | ۵ | ۲ | برحمتك |
| همتی | | | | | بسم اللہ |

یاارحم الراحمین بسم اللہ الشافی الکافی یاحی حین لاحی فی دیمومۃ ملکہ وبقائہ یاحی وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

## ۳۲۔نقش باؤ گولہ

یہ مرض عورتوں کو اکثر ایام کی خرابی سے ہوتا ہے اور عجیب عجیب قسم کے دورے پڑتے ہیں۔عاملین جن آسیب کے پھیر میں وقت برباد کرتے ہیں۔یہ نقش ناف پر باندھیں فوراً شفا ہو۔درد یا دورہ ختم ہوتے ہیں اس نقش کو کھول کر رکھ دیں۔

| | | |
|---|---|---|
| لا الا ب ح ہ ہ ل د و و اا | ۱۰۰ | ۸ |
| الو ع این لا احد ع | لابت ۵۵ | ویادتا |
| ما هج دین ك ل | ۱۵۵لا" | لا |

## بچے نہ ہونے کے اسباب

یہ عمل فقیر (اقبال احمد) کو بزرگانِ دین سے دست بدست ملا ہے۔تجربہ سے صحیح ثابت ہوا۔ اہلسنت کی ضرورت کے پیش نظر طبع کیا جارہا ہے۔یہ عمل حضرت سلیمان علیہ السلام کو پریوں نے بتایا کہ اولاد سے محروم رہنے کی سات علتیں ہیں جو مع علامات وعلاج کے درج ہیں۔

- پہلی علت یہ ہے کہ عورت کا رحم یعنی بچہ دانی الٹ جاتی ہے۔

**علامت:** بعد صحبت عورت کے سر میں درد ہوتا ہے۔

Marfat.com

**علاج:** مغز بنولہ۔ مرغ کی بیٹ آپس میں حل کر کے حیض سے فارغ ہو کر تین روز روئی تر کر کے شیافہ لے۔ بعد تین یوم کے جماع کرے۔

❁ دوسری علت یہ ہے کہ عورت کے رحم کا منہ بند ہو جاتا ہے۔

**علامت:** بعد جماع اندامِ نہانی کے ساتھ تمام بدن درد کرتا ہے چہرہ زرد ہو جاتا ہے۔

**علاج:** ہیرا ہینگ، تل کے تیل میں حل کر کے بعد حیض تین روز شیافہ لے بعدہٗ جماع کرے۔

❁ تیسری یہ علت ہے کہ رحم کے منہ پر ورم یا گوشت آ جانے سے حمل قرار نہیں پاتا۔

**علامت:** بعد صحبت کمر میں درد ہوتا ہے۔

**علاج:** زیرہ سفید اور ہاتھی کا ناخن باریک پیس کر گائے کے گھی میں ملا کر شیافہ لے۔ بعد تین یوم صحبت کرے۔

❁ چوتھی علت یہ ہے کہ رحم کے سر پر کیڑا پیدا ہو جاتا ہے جو کہ نطفہ کھا جاتا ہے۔

**علامت:** ہڈیوں میں درد رہتا ہے۔

**علاج:** صابن۔ سجی کھار قدرے پانی میں ہم وزن حل کر کے بعد حیض تین روز شیافہ لے بعدہٗ جماع کرے۔

❁ پانچویں علت یہ ہے کہ اعتدال سے زیادہ رحم میں گرمی کا پیدا ہو جانا۔

**علامت:** دل کا دھڑکنا اور دل کے مقام پر درد ہونا۔

**علاج:** گائے کے گھی میں مغز نیب (نیم) گلِ گلاب پیس کر شافہ لے۔ بعد تین یوم صحبت کرے۔

❁ چھٹی علت یہ ہے کہ اعتدال سے زائد سردی جمع ہو جائے۔

**علامت:** بعد جماع چھاتی میں درد ہوتا ہے۔

**علاج:** کلونجی، زیرہ سیاہ ہم وزن پاؤ سیر تل کے تیل میں پکائیں۔ جب نصف رہ جائے تو روئی تر کر کے تین یوم شیافہ لیں۔ بعدہٗ جماع کریں۔

❁ ساتویں علت یہ ہے کہ دیو پری ام الصبیان کا اثر ہونا۔

**علامت:** بعد صحبت کسی قسم کا درد نہ ہونا۔

**علاج:** بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ یَا صَاحِبَ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ وَالْمُلْكِ الْقَدِیْمِ وَالْعَطَاءِ الْعَظِیْمِ وَالصِّرَاطِ الْمُسْتَقِیْمِ نیک ساعت میں مشک و زعفران سے لکھ کر بعد طہارت حیض کمر میں باندھے اور ہمبستر ہو۔

## امتحان قسمت کہ صاحب اولاد ہوگی یا نہیں

اکثر بے اولاد حضرات اپنی زندگی کا ثمر دیکھنے کی خواہش میں بڑی بڑی رقمیں برباد کر دیتے ہیں۔ اکثر عورتوں



Marfat.com

کی کشتیٔ حیات بھنور کی نظر ہو جاتی ہے۔ مگر گوہر مراد سے محروم ہی رہتی ہیں۔ اس لیے تندرستی اور پیسے کو داؤں پر لگانے سے پہلے امتحان قسمت ضروری ہے جو کہ حصہ اول ص ۸۷ پر درج ہے۔ سورۂ مزمل شریف بہتر ہے کہ عورت خود پڑھے۔ اگر صحیح نہ پڑھ سکے تو کسی حافظ قرآن سے پڑھوا کر اتنے دودھ پر دم کروالے کہ شکم سیر ہو جائے۔ نہ بچے اور نہ بھوکی رہے۔ بروز جمعرات روزہ رکھے۔ نماز کسی وقت کی قضا نہ ہو بیہودہ گفتگو سے پرہیز کرے۔ بہتر ہے کہ زیادہ وقت تلاوت قرآن کریم میں گزارے اور شام کو افطار میں اسی دودھ کو پی لے۔ اگر دودھ ہضم نہ ہو تو صبر کرے اور اگر ہضم ہو جائے تو مذکورہ امور کی طرف توجہ کرے یا کسی عمل ونقوش کا انتخاب کرے۔ نہایت مجرب ہے۔

اچھی قسم کا انار لے کر ۴ ٹکڑے کرے اور پاؤ بھر کشمش پاؤ بھر چنے بھنے ہوئے لے کر اس کے بعد سورۂ یٰسین شریف پڑھے۔ ہر مبین پر انار کے ٹکڑوں پر دم کرتا جائے۔ جب سورۂ یٰسین ختم ہو تو انار اور کشمش چنوں پر دم کر دے اور فاتحہ دے کر سات سلاطین کی روح پاک کو نذر کر کے کشمش اور چنے بچوں کو تقسیم کر دیں اور انار کا ایک ٹکڑا مرد کھائے اور دوسرا عورت کو کھلائے۔ شب کو ہمبستر ہو۔ اس کے بعد باقی دو ٹکڑے دونوں زن وشوہر کھالیں اور غسل کر کے نمازِ فجر ادا کریں۔ فجر کی سنتیں ادا کرنے کے بعد عورت ومرد گیارہ بار یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا ذَا الْعَرْشِ وَالْمُلْكِ الْقَدِيْمِ يَا رَحْمٰنُ يَا سَتَّارُ يَا غَفَّارُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ هُوَ الَّذِیْ يُصَوِّرُ فِی الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ بِحُرْمَةِ كُنْ فَيَكُوْنُ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ط

اگر دونوں میں ایک پڑھا ہو تو وہ زور سے پڑھے اور دوسرا ان کر دہراتا جائے۔ پھر فجر کے فرض ادا کریں۔ اگر دونوں ان پڑھ ہوں تو کسی سے پڑھا کر پانی پر دم کرا کے رکھ لیں جو فجر کی سنت اور فرض کے درمیان پی لیں۔ مولا تعالیٰ اپنے کرم سے نواز دے گا۔

## ۳۵۔ انشاء اللہ لڑکا ہی پیدا ہوگا

بزرگانِ خاندان رضویت کا لپی شریف کا مشہور و مجرب عمل جو بطور تحفہ حضرت والد ماجد صوفی عزیز احمد صاحب مداح الرسول مدظلہٗ کو عطا فرمایا۔ جس کے اولاد نہ ہوتی ہو یا لڑکیاں ہی ہوں لڑکا نہ ہو یا حمل ساقط ہوں یا پیدائش کے بعد انتقال کر جاتے ہوں تو کچے سوت کے سات تار، عورت کی پیشانی کے بال سے پاؤں کی انگلی تک ناپ لیں اور ساتوں تاروں کو ملا کر گیارہ بار آیۃ الکرسی شریف اس طرح پڑھے کہ ہر بار ایک گرہ لگاتے جائیں اور دم کرتے جائیں اس گنڈے کو عورت کی کمر پر باندھے۔ جب تک بچہ تولد نہ ہو ہرگز نہ کھولے۔ یہاں تک



Marfat.com

وقتِ غسل بھی جدا نہ کرے۔ جب آثارِ حمل ظاہر ہوں تو گھر کی پکائی ہوئی سفید میٹھی چیز پر حضور سیدنا غوث پاک رضی اللہ عنہ و شیخ محمد افضل صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور سیدنا اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کی فاتحہ دلائیں اور دو رکعت نماز ادا کرے۔ پھر کھڑے ہو کر بغداد شریف کی طرف منہ کر کے عرض کرے کہ حضور میرے لڑکا ہوگا تو حضور کی غلامی میں دے دوں گی اور اسکا نام غلام محی الدین رکھوں گی اس کے بعد یقین رکھے کہ لڑکا ہی ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ پس جب بچہ پیدا ہو تو غسل دے کر کانوں میں اذان کہیں اور وہ گنڈہ ماں کی کمر سے کھول کر بچے کے گلے میں ڈالے۔ بچے کی پیدائش کے دن ہر سال ایک روپیہ بطورِ نذرانہ ڈالتے رہیں جب بچہ گیارہ سال کا ہو تو ان گیارہ روپے کی شیرینی یا اس میں جتنا چاہے زیادہ کی نیاز دلائے اور اس گنڈے کو محفوظ جگہ دفن کر دیں۔

### ۳۶۔ نقش اکسیر اطفال و نظر بد

بچے کا رونا ضد کرنا، دودھ نہ پینا، نہ سونا، نظر بد وغیرہ بہت سے کاموں کے لیے مجرب ہے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ھا | ھا | ھا | ھا | ھا |
| ع | ع | ع | ع | ع |
| و | و | و | و | و |
| ط | ط | ط | ط | ط |
| اللہ | اللہ | اللہ | اللہ | اللہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| محمد | | محمد | | محمد | |
| اللّٰھم | محمد | صل | محمد | علی | محمد |
| محمد | | محمد | | محمد | |

۷۸۶ ۃۃۃۃۃۃ ✕ ععععععععع ۃ و صم

### ۳۷۔ شیر خوار بچوں کے لیے




یہ تعویذ کاغذ پر لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

### ۳۸۔ اگر کوئی بچہ رات کو ڈرتا یا چونکتا ہو

تو یہ سورۂ مبارکہ لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ بچہ دن رات آرام سے سوئے گا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَالْعَصْرِ۔ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ۔ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ۔



Marfat.com

# متفرق عمل ونقوش

## نسخہ جات مجربات مجموعہ اعمال برائے شفائے امراض

### چراغ روشن کرنے کی ترکیب برائے شفائے امراض

① جو حصہ اول میں مرقوم ہے چراغ کا عمل چاند کی چار تاریخ سے شروع کرنا بہتر ہے اور اگر مرض شدید یا خطرناک ہو اور چار تاریخ کے انتظار میں مرض کے بڑھ جانے یا مریض کی موت واقع ہو جانے کا امکان ہو تو فوراً عمل شروع کر سکتے ہیں۔ ایسے موقعوں پر تاریخ مقررہ پر چراغ روشن کرنا ضروری نہیں۔

② چراغ کو ایسی جگہ رکھ کر روشن کریں کہ اس کے سامنے بیٹھنے والا ایک مریض یا زیادہ جتنے بھی ہوں سب کا منہ قبلہ کی جانب ہو۔

③ چراغ میں چاروں سمت بتی رکھ کر روشن کی جائیں۔

④ چراغ کی جو بتی مشرق کی جانب رہے گی۔ چراغ میں اس بتی کی جگہ مشرق کھدا ہوا ہے لہٰذا چراغ کو اس طرح رکھیں کہ اس بتی کا رخ پورب کی جانب رہے جس پر مشرق لکھا ہوا ہے۔

⑤ مرض معمولی ہو یا شدید، چراغ کو ۴۰ یوم ضرور جلائیں اگر چہ مریض ۴۰ دن سے پہلے ہی شفایاب ہو جائے۔ اگر مجبوراً ترک کرنا پڑے تو نمبر ۶ کے مطابق فاتحہ دلا کر عمل تمام کرے۔

⑥ جس دن عمل شروع کریں اس دن تھوڑا آٹا اپنے خرچ کے آٹے میں نکال کر ایک برتن میں ڈال دیں۔ اس کے بعد ہر روز اسی طرح چراغ روشن کرنے سے پہلے ایک چٹکی آٹا ڈالتے رہیں۔ جب عمل ترک کر دیں۔ اس دن جمع شدہ آٹے کی روغنی روٹی یا پراٹھے اور کچھ حلوہ پکا کر سلاطین اربعہ یعنی خواجہ عبدالرحیم مشرقی، خواجہ عبدالکریم مغربی، خواجہ عبدالجلیل جنوبی، خواجہ عبدالرشید شمالی رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی فاتحہ دلا کر خود کھائیں۔ مریض کو کھلائیں اپنے اور پڑوس کے نابالغ بچوں کو کھلائیں۔

⑦ عمل شروع کرنے سے پہلے چراغ روشن کرنے والا خواہ وہ مریض ہو یا کوئی دوسرا تازہ وضو کرے اگر مریض وضو کرنے کے لائق نہ ہو یا پانی نقصان دیتا ہو تو تیمم کرا کے چراغ کے سامنے بٹھائے یا لٹائے مگر اس طرح کہ مریض کا منہ چراغ کی جانب رہے۔

⑧ اگر خلل دماغ کا مریض ہو تو اسکے لیے وضو یا تیمم کی حاجت نہیں مگر ایسے مریض کے لیے دو ایک افراد

عمل پڑھنے والوں کے علاوہ ہوں جو صرف ان کی دیکھ بھال رکھیں تا کہ عمل میں خلل نہ پڑے۔

⑨ اگر مریض خود پڑھ سکتا ہے تو خود پڑھے یا مریض کے دوست احباب یا اہل خانہ اس میں مرد وعورت کی قید نہیں نہ تعداد کا تعین ہے خواہ ایک شخص پڑھے یا چند افراد مل کر عمل کریں۔ خواہ کسی ایک مریض کی شفاء نیت سے پڑھیں تمام حاضرین کو فائدہ پہنچے گا۔

⑩ چراغ کو روشن کرنے کی جگہ رکھ کر مریض اور دیگر حاضرین چراغ روشن کرنے سے پہلے شافی شفا شفا شافی بغیر گنتی چند بار پڑھیں۔ بعدہٗ:

(ا) گیارہ بار درود غوثیہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ (ب) ایک بار یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ وَاَمْدِدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ پڑھ کر مریض اپنے لیے اور دیگر حضرات جس مریض کی شفا کی نیت سے حاضر ہوں اس کا نام لے کر شفاء کاملہ کی دعا کریں۔ اس کے بعد ایک شخص چراغ روشن کرے۔ بعد چراغ روشن کرنے کے (ج) دس بار درود شریف (د) ۴۲ بار یا غنی یا کریم یا احد یا منعم (ھ) دس بار درود شریف (و) گیارہ بار یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ (ز) ۱۶ بار یا ساداتنا عبدالکریم المغربی وعبدالجلیل الجوبی وعبدالرحیم المشرقی وعبدالرشید الشمالی اغثونی بحق غوثنا وغوثکم الشیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۱۵۴۴ بار شافی شفا شفا شافی۔ ۱۱ بار درود غوثیہ پڑھ کر پانی اور مریض پر دم کریں۔ جو مریض خود پڑھ رہا ہو وہ اپنے اوپر دم کرے پانی دم کیا ہوا مریض اور تمام حاضرین گھر کے سب بچے پئیں۔ اس کے بعد چراغ کو گل کر دیں۔ اسی طرح ہر روز عمل کریں۔

① یادرکھیے کہ عمل میں شرکت کرنے والے تمام حضرات ایک ہی مریض کی صحت کی نیت سے شریک ہوں یا ہر ایک مختلف مریضوں کی شفاء کے لے وہ شافی شفا شفا شافی ۱۵۴۴ بار سب مل کر پوری کریں جس طرح ختم خواجگان وغیرہ پڑھا کرتے ہیں۔

② اور اگر تمام حضرات اپنے لیے ہر ایک الگ الگ مریض کی شفاء کی نیت سے شریک ہو تو سوائے شافی شفا شفا شافی کے باقی الف سے ز تک ہر نمبر کے عمل کو مذکورہ تعداد میں ہر ایک شخص کو الگ الگ پڑھنا ضروری ہے۔ شفائے امراضِ مہلک میں چھوٹے چراغ کے بعد اگر کوئی عمل ہے تو وہ صرف بڑا چراغ ہے۔ آگے مرضی مولیٰ میں کس کا دخل ہے قضا حق ہے صبر کرنا چاہیے۔ (اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصَّابِرِیْنَ ط)
نسخہ جات صوفی عزیز احمد مدظلہ العالی



Marfat.com

## ۴۰۔ پارے کی گولی بنانے کی ترکیب

## جو قوت باہ اور بھوک بڑھانے میں بے مثل ہے۔

خالص چاندی کے ورق اور پارہ ہم وزن لے کر دونوں کو اتنا کھرل کریں کہ گولی بندھ جائے تو اس کو ایک دن رات سرکہ میں ڈال دیں جب سخت ہو جائے تو احتیاط سے رکھیں۔ اگر دودھ میں ڈال کر دودھ پکا کر پئیں تو دودھ جلد ہضم ہوگا۔ باہ اور بھوک زیادہ ہوگی۔ چہرہ پر سرخی نمودار ہوگی۔ نیز بلغمی امراض میں بہت فائدہ مند ثابت ہوگی۔

## ۴۱۔ بلغمی کھانسی کے لیے بے نظیر گولیاں

اصل السوس مقشر ۶ ماشہ، زوفائے خشک ۶ ماشہ، مرچ سیاہ ۲ ماشہ کوٹ چھان کر سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنا کر سائے میں خشک کر لیں بر وقت ضرورت منہ میں رکھ کر چوسیں۔ سارا بلغم جو سینے میں جمع ہو گیا ہے بآسانی خارج ہو کر کھانسی کو آرام ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

## ۴۲۔ دیگر ہر قسم کی کھانسی کے لیے جوشاندہ

گل بنفشہ ۳ ماشہ، گاؤزبان ۳ ماشہ بادیان ۳ ماشہ، تخم خطمی ۳ ماشہ، اصل السوس ۳ ماشہ، مویز منقیٰ ۷ دانہ، سپستان ۹ دانہ، پرسیاؤشان ۲ ماشہ، رات کو تازہ پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو چھان کر شربتِ بنفشہ ۲ تولہ یا شکر ۲ تولہ ملا کر پئیں۔ بہت جلد کھانسی اور بخار، بلغمی نزلہ زکام اور بدن میں جو درد وغیرہ نزلہ کے سبب سے ہوتا ہے۔ سب سے بفضلہٖ تعالیٰ نجات ہوگی۔ کم از کم ۵ دن ورنہ ۷ دن ضرور پئیں۔

## لاجوابِ طلاء

جوز بویہ ۱ عدد، کرم سرخ (یعنی گھینسا جو زمین کے اندر ہوتا ہے۔ مچھلی کے شکار کا چارہ بھی ہے) حب السلاطین یعنی جمال گوٹہ ۲ عدد، در مرارۂ دیک یعنی مرغ کے پتے میں خوب کھرل کریں۔ خوب گھونٹیں کہ سب ایک ہو جائے۔ یہ طلاء صرف تین روز ورنہ سات روز عضو پر مالش کریں۔ انتہائی مفید ثابت ہوگا۔

## ۴۴۔ دوائے عجیب و فعل غریب اس نسخہ کا نام کایا پلٹ ہے

ایک تربوز پختہ اور بڑا لے کر بیچ سے دو پارہ کریں ایک ٹکڑا علیحدہ رکھیں اور دوسرے ٹکڑے کو گودے سے خالی کر کے صندل سفید ۲ ماشہ، طباشیر ۲ ماشہ پیس کر باریک کر کے خالی ٹکڑے میں چاروں طرف بچھا دیں۔ اس کے اوپر کشمش جتنی آسکے بھر دیں اسکے بعد وہ دوسرا ٹکڑا جو علیحدہ رکھا ہے اس کے اوپر رکھ کر خوب مضبوطی کے ساتھ کسی چیز سے باندھ دیں اور آفتاب کے سامنے رکھ کر اور دس دن تک دھوپ میں پڑا رہنے دیں۔ رات کو سایہ میں رکھ دیا



Marfat.com

کریں۔ دس دن کے بعد کھولیں جو کچھ برآمد ہوا سے کپڑے میں چھان کر شیشے کے برتن میں سنبھال کر رکھ لیں۔ ہر روز نہار منہ دو ماشہ کھالیا کریں اور پھر قدرتِ الٰہی کا مشاہدہ کریں۔ (مگر احتمال است کہ شراب نگردد وسکر نیاورد ورنہ حرام باشد)

## ۴۵۔ مقوی دماغ وزیادتی عقل وخرد ودافع دردِ سر کہنہ

قرنفل ۳ ماشہ، زنجبیل ۳ ماشہ، تخم خرفہ ۳ ماشہ، جوز الطیب ۳ ماشہ، سنبل ۳ ماشہ، شونیز ۱ ماشہ سب کو ملا کر سفوف بنا کر رکھ لیں۔ سہ چند شہد خالص کا قوام کریں اور جب قوام تیاری پر آئے تو اس میں ایک لیموں کا عرق نچوڑ دیں۔ بعدہ سفوف شامل کر کے معجون بنا کر رکھیں۔ ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک روزانہ صبح اور سوتے وقت ہمراہ عرق گاؤزبان ایک چھٹانک یا پانی سے کھالیا کریں۔ یہ معجون دماغ کو قوت دے گی۔ عقل زیادہ کرے گی اور کمزوری دماغ سے جو دردِ سر لاحق ہوگا رفع ہوگا۔

## ۴۶۔ پیٹ کے کیڑے مارنے کا جوشاندہ

شاہترہ ۵ ماشہ، بابڑنگ ۵ ماشہ، پوست ہلیلہ زرد ۵ ماشہ، آدھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب چھٹانک بھر رہ جائے چھان کر شکر بقدرِ ضرورت ملا کر پلا دیں۔ سات روز تک پلانا کافی ہے۔

## ۴۷۔ روشنیِ چشم بڑھانے اور قائم رکھنے کا عمل

یہ نقش خاص اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کا مستخرجہ ہے بڑا زود اثر اور مجرب ہے لکھ کر موم جامہ کر کے سر پر باندھیں جس طرف کی آنکھ میں تکلیف زیادہ ہو یا جالا پڑ رہا ہو اسی طرف کی آنکھ اور کان کے درمیان رہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| اليوم حديد | فبصرك | عنك غطائك | فكشفنا |
|---|---|---|---|
| ۱۱۶۹ | ۵۳۲ | ۱۱۲ | ۳۹۳ |
| ۵۳۳ | ۱۱۷۲ | ۳۹۰ | كافى |
| شافى | ۱۱۰ | ۵۳۴ | ۱۱۷۱ |

## ۴۸۔ نقش برائے ناف

اس نقش کی اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ نے بہت تعریف فرمائی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۸۱۶ | ۳۸۱۹ | ۳۸۲۲ | ۳۸۰۹ |
| ۳۸۲۱ | ۳۸۱۰ | ۳۸۱۵ | ۳۸۲۰ |
| ۳۸۱۱ | ۳۸۲۴ | ۳۸۱۷ | ۳۸۱۴ |
| ۳۸۱۸ | ۳۸۱۳ | ۳۸۱۲ | ۳۸۲۳ |

## ۴۹۔ قوتِ باہ کے لیے عجیب الاثر نسخہ

تخم پیاز گھر کے اندر یا محفوظ جگہ پر بوئے۔ جب شاخیں نکلیں اور جڑ کی گرہیں بقدر سپاری کے ہو جائیں۔



Marfat.com

اس کے اوپر کی شاخوں کو تھوڑا کاٹ کر پھینک دیں۔ باقی شدہ ہر شاخ میں ماشہ ماشہ بھر پارہ ڈال دیں۔ یہاں تک کہ پک جائیں اور کھانے کے قابل ہو جائیں تو ایک گرہ پیاز زمین سے نکالیں اور سالن کے ہمراہ پکا کر کھائیں۔ اسی طرح ہر ساتویں روز ایک گرہ پیاز کھائے۔ عمر رسیدہ لوگوں کے لیے اس سے بہتر کوئی شاید ہی دوسرا نسخہ ہو۔

## ۵۰۔ نقش بواسیر خونی وبادی کے لیے بے نظیر ہے




گیہوں کے آٹے کی ٹکیہ پکا کر یہ نقش لکھ کر مریض کو ۷ روز تک کھلائے، انشاء اللہ اس موذی مرض سے نجات ہو یہی نقش انگشتری میں کندہ کرا کے رکھے۔ اور پہنے تو اس مرض سے نجات ہو۔

## ۵۱۔ دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کا مجرب نقش

۷۸۶

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فلاں | الرحیم | الرحمن | اللہ | بسم |
| بسم | فلاں | الرحیم | الرحمن | اللہ |
| اللہ | بسم | فلاں | الرحیم | الرحمن |
| الرحمن | اللہ | بسم | فلاں | الرحیم |
| الرحیم | الرحمن | اللہ | بسم | فلاں |

ایک رانگ کی تختی پر یہ نقش لکھے اور فلاں کی جگہ دشمن کا نام لکھ دے اور ہینگ سے دھونی دے کر چولہے میں دفن کر دے۔ بہتر ہو کہ منگل کے روز بعد طلوع آفتاب اس نقش کو کندہ کرائے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | رَسُوْلُ | مُحَمَّدٌ | اِلَّا اللّٰهُ | لَآ اِلٰهَ |
| یَاغَفَّارُ | یَاسَتَّارُ | یَارَحِیْمُ | یَارَحْمٰنُ | یَااللّٰهُ |
| یَاشَکُوْرُ | یَاغَفُوْرُ | یَابَدُّوْحُ | یَاوَهَّابُ | یَاکَرِیْمُ |

۵۲۔ جو عورتیں ہسٹیریا کے مرض میں مبتلا ہوں اس نقش کو کندہ کر کے انگشتری میں رکھ کر پہنیں۔

## ۵۳۔ نقش، حیض ونفاس جاری کرنے کے لیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ی | م | ہ | ح |
| دہ | د | عد | ۱۱۵ |
| مرع | ۱۱ | ۱۵ | دو |
| ۱۹ | ۲ | ۳ | ۱۱ |

اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کے بائیں ران پر باندھیں۔

## ۵۴۔ خونِ حیض کو روکنے کے لیے

یاقابض ۷۸۶ یاقابض

| | | | |
|---|---|---|---|
| عـه | عـه | عـه | عـه |
| ۱۹ | ۱۹ | ۱۹ | ۱۹ |
| ۹ | ۹ | ۹ | ۹ |
| ۷ | ۷ | ۷ | ۷ |

خونِ حیض بار بار آتا ہو اور زیادہ آتا ہو اور بند کرنا مقصود ہو تو یہ نقش لکھ کر عورت کی کمر میں باندھے۔



Marfat.com

## ۵۵۔ نقش بچوں کی پسلی کے لیے

بچوں کی پسلی چلنے کے عارضے میں یہ دونوں نقش دوطرفہ کندہ کرا کے پہنا دیں۔اس عارضہ سے بچوں کا محفوظ رہنا لازمی امر ہے۔انشاءاللہ العزیز۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴۲ | ۱۰۰۹ | ۱۴۷ | ۴۰۲ |
| یاسلام | یاحفیظ | یامومن | یاشافی |
| ۱۴۸ | ۴۰۱ | ۱۴۳ | ۱۰۰۸ |
| ۴۰۰ | ۱۴۵ | ۱۰۱۱ | ۱۴۴ |
| ۱۰۱۰ | ۱۴۵ | ۳۹۹ | ۱۴۶ |




## ۵۶۔ نقش جموگا

یہ مرض اکثر بچوں کو ہو جاتا ہے۔بچہ رنگ بدلتا ہے۔اینٹھتا اکڑتا ہے۔جبڑے سخت ہو جاتے ہیں اور آخر کو راہی ملک عدم ہو جاتا ہے۔چونکہ اس مرض کا اثر صبیان سے تعلق رکھتا ہے اور ماں کے پیٹ سے بھی اثر ہو جاتا ہے۔جس کا ظہور بچہ کی پیدائش کے بعد جموگا یا پسلی کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔اس کے دفع کرنے کے لیے اس دعا کو مع دونوں نقشوں کے لکھے اور نیلے کپڑے میں بند کر کے حاملہ عورت کے باندھے۔جب بچہ پیدا ہو تو فوراً اُتار کر بچہ کے گلے میں ڈالیں۔

دعا یہ ہے: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شطوشاشصصاحت ام الصبیان ابنًا صالحًا طویل العمر محمد وعلی و حسن و حسین و صلی اللّٰہ علیٰ خیر خلقہٖ محمدٍ وّاٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ یَا حَافِظُ یَاحَفِیۡظُ۔

اور دعا کے نیچے یہ نقش لکھے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| عمر | عمر۹ | ۲ | ۷ |
| ۶ | ۳ | ۶عمر | ع عمر |
| عمر۸ | عمر۳ | ۸ | ۱ |
| عمر | ۵ | عمرعمر | ۷عمر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| عمر۲ | ۶ | ۴۵ | ۷ |
| ۳۹ | ۳ | ۴۶ | ۳ |
| ۵ | ۴۲ | ۸ | ۴۴ |
| ۴ | ۸۴ | ۱ | ۴۷ |

## ۵۷۔ برائے دفع جموگا

اس نقش کو چاندی کی تختی پر کندہ کرا کے بچے کے گلے میں ڈالے۔بچہ اس موذی مرض سے محفوظ رہے گا اور اگر مبتلا ہو چکا ہے تو اس مرض سے نجات پا کر انشاءاللہ تندرست وتوانا ہو جائے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۳۱ سلام | ۱۱۰ علی | ۱۱۶ موسیٰ | ۲۶۸ وھرون |
| ۱۱۷ | ۲۶۷ | ۱۳۲ | ۱۰۹ |
| ۲۶۶ | ۱۱۴ | ۱۱۲ | ۱۳۳ |
| ۱۱۱ | ۱۳۴ | ۲۶۵ | ۱۱۵ |



Marfat.com

# درد سر اور آدھے سر کے درد کے لیے مجرب نقوش

## برائے درد سر

| | | | |
|---|---|---|---|
| ط | ط | ط | ط |
| ط | ط | ط | ط |
| ط | ط | ط | ط |
| ط | ط | ط | ط |

## پورے سر کے درد کے لیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ص | ع | ی | ه | ك |
| ی | ه | ك | ص | ع |
| ك | ص | ع | ی | ه |
| ع | ی | ه | ك | ص |
| ه | ك | ص | ع | ی |

آدھے سر کے درد کے لیے جس طرف درد ہو اس کے دوسری طرف موم جامہ کر کے باندھے۔

٧٨٦

| | | |
|---|---|---|
| اللّٰه | اللّٰه | اللّٰه |
| اللّٰه | اللّٰه | اللّٰه |
| اللّٰه | اللّٰه | اللّٰه |

## برائے درد سر

جو کسی طرح قابو میں نہ آتا ہو۔

جمعہ کے دن صبح پہلی ساعت میں جو کہ زہرہ کی ساعت کہلاتی ہے، لکھے اور موم جامہ کر کے سر پر باندھے۔ انشاء اللہ فوراً درد کو سکون ہو۔

بحق کہیعص وبحق حمعسق بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

| | | |
|---|---|---|
| یابدوح | یابدوح | یابدوح |
| یابدوح | یابدوح | یابدوح |
| یابدوح | یابدوح | یابدوح |

## نقش دمہ

حضور مفتی ہند نے نقش دمہ کے لیے دیا تھا۔ محبت علی صاحب کا ایک ہفتہ یہ نقش پہنے سے مرض جاتا رہا۔

بسم اللّٰه الرحمٰن الرحيم

٧٨٦

| ١١٠١٩ | | ٧١٢ | ١٦٥١ |
|---|---|---|---|
| ٨ | ٥٧٩ | ٥٨٢ | ١ |
| ٥٨١ | ٢ | ٧ | ٥٨٠ |
| ٣ | ٥٨٤ | ٥٧٧ | ٦ |
| ٥٧٨ | ٥ | ٤ | ٥٨٣ |

7767

اب ع ع ع بحرمة لااله الا اللّٰه محمد رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه واله واصحابه وسلم



Marfat.com

## دودھ بڑھانے کا عمل

عورتوں کا دودھ اکثر نظر اور کبھی خون کی کمی یا بیماری کی وجہ سے سوکھ جاتا ہے یا اتنا کم ہو جاتا ہے کہ بچے کی شکم سیری نہیں ہو پاتی۔اس کے لیے دودھ بڑھانے کی رکابی جو حصہ اول میں موجود ہے بہت ہی مجرب ہے مگر یہاں ایک ایسا عمل تحریر کیا جاتا ہے جو عورتوں اور جانوروں گائے بھینس بکری سب کے لیے مفید ہے۔

سورۂ قدر: إِنَّآ أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ آخر سورۃ تک ۲۱ بار پڑھ کر تین دن تک کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلائے اور جانوروں کو نمک پر دم کر کے دے انشاء اللہ دودھ وافر مقدار میں پیدا ہوگا۔

☆=☆=☆

باب نمبر۲

# عِلمُ الاَعداد

## ۶۲۔علم الاعداد

عاملین کے لیے بہت ضروری اور اہم فن ہے کوئی عمل ایسا نہیں جس میں اعداد کی قید نہ ہو۔ کسی آیت یا اسم کا نقش تو علم الاعداد کے بغیر بھر ہی نہیں سکتے۔ اس کتاب میں اعداد نکالنے اور ان کا نقش بنانے کا طریقہ اور ضروری امور میں ان سے کس طرح کام لیا جاسکتا ہے۔ مختصراً تحریر کیا جارہا ہے۔

### جدول اعداد قمری

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ا<br>۱ | ب<br>۲ | ج<br>۳ | د<br>۴ | ہ<br>۵ | و<br>۶ | ز<br>۷ |
| ح<br>۸ | ط<br>۹ | ی<br>۱۰ | ک<br>۲۰ | ل<br>۳۰ | م<br>۴۰ | ن<br>۵۰ |
| س<br>۶۰ | ع<br>۷۰ | ف<br>۸۰ | ص<br>۹۰ | ق<br>۱۰۰ | ر<br>۲۰۰ | ش<br>۳۰۰ |
| ت<br>۴۰۰ | ث<br>۵۰۰ | خ<br>۶۰۰ | ذ<br>۷۰۰ | ض<br>۸۰۰ | ظ<br>۹۰۰ | غ<br>۱۰۰۰ |

### جدول اعداد ایامِ فارسی

۶۳۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شنبہ<br>۲۵۷ | یکشنبہ<br>۳۸۷ | دوشنبہ<br>۳۶۷ | سہ شنبہ<br>۴۲۲ | چہارشنبہ<br>۵۶۶ | پنجشنبہ<br>۴۱۲ | جمعہ<br>۱۱۸ |

اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ نے اعداد نکالنے کے کئی طریقے تحریر فرمائے ہیں۔ جن میں سے دو بہت مشہور ہیں اعداد قمری دوسرے اعداد شمسی۔ اعداد قمری کی جدول تحریر کردی گئی ہے۔ اعدادِ شمسی سے کس طرح اور کیا کام لیے جا سکتے ہیں۔ دوسرے حصے میں اس کی گنجائش نہیں اس لیے اعدادِ قمری پر ہی اکتفا کی جاتی ہے کہ عام طور پر اسی سے کام لیا جاتا ہے۔



Marfat.com

کسی آیت یا نام کے اعداد نکالنا ہوں تو اس میں جو جو حروف ہوں ان کے اعداد اس نقشہ کو دیکھ کر نکال لیں مثلاً اقبال احمد میں ا۔ق۔ب۔ا۔ل۔ا۔ح۔م۔د کا مجموعہ ۱۸۷ ہوتا ہے۔(نوٹ) اردو میں کچھ حروف زائد استعمال ہوتے ہیں مثلاً پ۔چ۔ژ۔گ۔ اس لیے یہ خیال رکھنا ضروری ہے کہ پ، ب میں شامل ہوگا۔ چ، ج میں ژ، ز میں گ، ک میں شمار ہوگا۔ اس طرح پ (۲)، چ (۳) ژ (۷)، گ (۲۰) عدد ہوں گے ساتھ ہی یہ بھی یاد رکھیں کہ جو حروف لکھنے میں آتے ہیں اعداد الٰہی کے نکلتے ہیں۔ بعض لوگ تشدید والے الفاظ جو دو بار پڑھنے میں آتے ہیں۔ ان کے دوگنے اعداد شمار کرتے ہیں۔ یہ طریقہ خود ساختہ اور غلط ہے۔

## ۶۴۔ استخارہ از علم الاعداد

نقل از مجموعہ اعمال اعلیٰ حضرت عطا فرمودہ حضرت محدث احسان علی صاحب مدظلہ مدرس مدرسہ منظر الاسلام بریلی۔ مریض کے متعلق اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ جسمانی مرض ہے یا سحر جادو کسی نے کیا ہے یا آسیب ہے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ مریض کے نام کے حروف اور جس دن سائل نے سوال کیا ہے اس دن کے حروف لے کر دونوں کے عدد نکال لیے جائیں پھر دونوں کے اعداد جمع کر کے چار سے تقسیم کریں اگر تین باقی رہیں تو خلل آسیب ہے اور اگر دو باقی رہیں مرض جسمانی ہے اگر ایک باقی رہے تو اندرونی بخار ہے اور چار سے برابر تقسیم ہو جائے تو سحر جادو تصور کریں۔ اور جو معلوم ہو اس کا علاج کریں۔ مثلاً سائل نے شنبہ یعنی سنیچر کے روز سوال کیا کہ میری بہن جس کا نام اکبری ہے۔ اس کو کیا مرض ہے تو شنبہ کے اور اکبری کے اعداد نکالے جائیں گے۔

| ش | ن | ب | ہ | ا | ک | ب | ر | ی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۰۰+ | ۵۰+ | ۲+ | ۵+ | ۱+ | ۲۰+ | ۴+ | ۲۰۰+ | ۱۰ |

ان سب کو جمع کیا جائے تو ۵۹۰ ہوئے۔ ان کو ۴ سے تقسیم کیا ۵۹۰÷۴ تو ۲ بچے معلوم ہوا کہ مرض جسمانی ہے۔ سحر، آسیب جادو وغیرہ نہیں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

## اگر سوال کرے کہ مریض صحت یاب ہوگا کہ نہیں

نام مریض کے اور مریض کی ماں کے نام کے اعداد اور جس دن سوال کیا ہے اس دن کے اعداد سب کو جمع کر کے ۳ سے تقسیم کرے اگر ایک بچے تو مرض سخت ہے۔ بہ دشواری صحت پائے گا۔ اگر دو بچیں مرض بدرجۂ اوسط ہے علاج سے جلد شفا ہوگی اور اگر ۳ بچیں یعنی برابر تقسیم ہو جائے تو علامت زیست منقطع کی ہے خواہ مرض ہو یا آسیب وغیرہ۔



Marfat.com

## گر سوال کرے کہ پہلے میرا انتقال ہوگا یا زوجہ کا

تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ شوہر کا نام مع والدہ اور زوجہ کا نام مع والدہ جمع کر کے ۲ سے تقسیم کرے۔ اگر ایک بچے تو پہلے مرد کا اور اگر ۲ بچیں تو زوجہ کا۔

## گر سوال کرے کہ حاملہ کے لڑکا ہوگا یا لڑکی

تو حاملہ کے نام کے اعداد اور جس روز سوال کیا ہے اس دن کے عدد جمع کرے اگر ایک بچے تو لڑکا ہوگا ۲ بچیں تو لڑکی ہوگی اور ۳ بچیں تو حمل خام ضائع ہونے کی علامت ہے۔

## گر سوال کرے کہ حمل زن تمام ہوگا یا ضائع

عدد نام حاملہ کے اور جس دن سوال کیا ہے اس دن کے اعداد جمع کر کے ۲ سے تقسیم کریں اگر ا بچے تو حمل تمام ہو کر بچہ صحیح وسلامت پیدا ہوگا اور اگر ۲ بچیں تو قبل از وقت ضائع ہونے کی علامت ہے۔

## گر سوال کرے کہ فلاں عورت کو حمل ہے یا نہیں

تو عدد اس عورت کے نام کے اور اس دن کے جمع کر کے ۳ سے تقسیم کرے اگر ایک بچے عورت حاملہ ہے ۲ بچیں تو نہیں اور اگر ۳ بچیں تو حمل تھا غائب ہوگیا۔

## اگر سوال کرے کہ فلاں حاکم عادل ہے یا ظالم

سوال کیا ہے عدد نکال کر جمع کر کے ۳ سے تقسیم کرے۔ اگر ا بچے حاکم عادل ہے ۲ بچیں تو حاکم ظلم وعدل میں میانہ روش اختیار کے ہوئے اور اگر تین بچیں تو ظالم ہے۔

## اگر سوال کرے کہ مابین مرد وزن وصل ہوگا یا نہیں

تو نام مرد مع والدہ اور نام زن مع نام والدہ کے سب عدد نکال کر جمع کر کے ۵ سے تقسیم کرے اگر ایک یا ۳ یا ۵ باقی رہیں تو دونوں کا آپس میں وصل ہوگا اور دوستی قائم رہے گی اور اگر ۲ یا ۴ باقی رہیں تو ہرگز دونوں کے درمیان دوستی اور وصل کی امید نہیں۔

## اگر سوال کرے کہ فلاں شخص دوستی سے پیش آئے گا یا نہیں

چاہیے کہ سائل کے نام کے اعداد اور اس دن کے اعداد نکال کر جمع کر کے ۴ سے تقسیم کرے اگر ایک بچے تو جانی دشمن ہوا گر ۲ بچیں تو دوستی ضرور ہوا گر ۳ بچیں بظاہر دوستی اور محبت جتائے۔ مگر بباطن دلی دشمنی رکھے۔ اگر ۴



Marfat.com

بچیں ہر طرح ظاہر و باطن دوستی و محبت رکھے۔

## اگر سوال کرے کہ فلاں چیز یا مال ہاتھ آئے گا یا نہیں

چاہیے کہ سائل کے نام کے اعداد اور دن کے اعداد نکال کر جمع کر کے ۴ سے تقسیم کرے اگر ا بچے ہاتھ نہیں آئے گا مگر بہ دشواری اور اگر ۲ بچے تو ہاتھ آئے گا بآسانی۔

## اگر سوال کرے کہ مال مجھے کہاں سے دستیاب ہوگا

مندرجہ بالا طریقے سے اعداد نکال کر جوڑ کر ے ۷ سے تقسیم کرے۔ اگر ا بچے تو عورتوں سے یا جو لکھنے کا کام کرتے ہیں وغیرہ اگر ۲ بچیں تو مردوں سے اگر ۳ بچیں تو زمین کی پیداوار سے اگر ۴ بچیں تو سفر کرنے سے اگر ۵ بچیں تو میراث و ترکہ سے وغیرہ وغیرہ، ۶ بچیں تو تجارت سے اگر ۷ بچیں تو قرض سے۔

## اگر سوال کرے کہ فلاں عورت سے شادی کرتا ہوں موافقت رہے گی یا نہیں

چاہیے کہ نام سائل مع والدہ کے نکال کر سب کو جمع کر کے تین سے تقسیم کرے۔ اگر ا بچے عورت سے موافقت رہے۔ ۲ بچیں موافقت نہ ہو۔ ۳ بچیں تو عورت صالح ہونے کی علامت ہے۔

## اگر سوال کرے کہ فلاں شخص کس حالت میں ہے

اعدادِ نام سائل و اعداد اس دن کے جمع کر کے ۳ سے تقسیم کرے اگر ا بچے تو عیش میں ہے اگر ۲ بچیں تو زندہ ہے مگر تکلیف میں ہے۔ ۳ بچیں تو بہت نازک حالت میں ہے۔

## اگر سوال کرے کہ یہ دو تن یکجا ہوں گے یا نہیں؟

نام سائل اور دن کے اعداد نکال کر جمع کر کے ۲ سے تقسیم کرے اگر ا بچے تو نہیں اگر ۲ بچیں تو ہاں۔

## اگر سوال کرے کہ یہ خبر صحیح ہے یا جھوٹ؟

مندرجہ بالا طریقے سے سائل اور دن کے اعداد نکال کر اور جمع شدہ کو دو سے تقسیم کرے اگر ا بچے تو جھوٹ اور ۲ بچے تو صحیح و درست ہے۔

## اگر سوال کسی غائب کے متعلق پوچھے کہ کس حال میں ہے؟

نام سائل اور روز کے اعداد شمار کر کے جمع کر کے ۴ سے تقسیم کرے۔ اگر ا بچے تو قید میں ہے ۲ بچیں جلد واپس آئے اگر ۳ بچیں ہرگز واپس نہ آئے۔ اگر ۴ بچیں تو ہفتہ یا دو ماہ یا دو سال میں واپس آئے یا خیریت کی خبر پہنچے۔

**اگر سوال کرے کہ غائب زندہ ہے یا مردہ؟**

غائب کا نام مع والدہ اور اس روز کے اعداد شمار کر کے ۲ سے تقسیم کرے اگر ا بچے مردہ اور ۲ بچیں تو زندہ ہے۔

**اگر سوال کرے کہ غائب واپس آئے گا یا نہیں؟**

مندرجہ بالا طریقہ سے اعداد نکال کر دو سے تقسیم کرے اگر ا بچے تو نہ آئے اور ۲ بچیں تو واپس آئے۔

**اگر سوال کرے کہ یہ امید پوری ہوگی یا نہیں؟**

نام روز اور سائل کے اعداد جمع کر کے ۲ پر تقسیم کرے۔ اگر ا بچے تو بر آئے ۲ بچیں تو نہیں اور کس تدبیر سے بر آئے گی۔ اس کے لیے مندرجہ بالا اعداد کو ۳ سے ضرب دے کر ۴ سے تقسیم کرے، اگر ا بچے تو تجارتِ پارچہ سے ۲ بچیں تو چاندی کی تجارت سود مند ہوگی اگر ۳ بچیں تو حیوانات کی تجارت سے اور ۴ بچیں تو سب بے سود۔

**اگر سوال کرے کہ اس دوا سے فائدہ ہوگا یا نہیں؟**

چاہیے کہ سب دواؤں کے نام اور دن کے اعداد نکال کر جمع کر کے ۳ سے تقسیم کرے اگر ا بچے تو فائدہ مند ہے اگر ۲ بچیں تو حکم میانہ یعنی مضر نہ مفید اور ۳ بچیں تو اس دوا سے نقصان پہنچنے کا احتمال ہے۔

**اگر سوال کرے کہ سفر کروں یا نہ کروں؟**

عدد نام سائل اور عدد یوم سب کو جمع کر کے ۲ سے تقسیم کرے اگر ا بچے سفر نہ کرے۔ اور اگر ۲ بچیں تو کرے۔

**اگر سوال کرے کہ اس سفر میں فائدہ ہوگا یا نہیں؟**

سائل اور دن کے اعداد جمع کر کے ۳ سے تقسیم کرے ا بچے تو نقصان، ۲ بچیں تو نفع، ۳ بچیں تو حکم اوسط ہے۔

**اگر سوال کرے کہ گریختہ کس سمت گیا ہے؟**

مندرجہ بالا طریقہ سے اعداد نکال کر تین گنا کرے یعنی تین سے ضرب دے کر حاصل اعداد کو ۴ سے تقسیم کرے اگر ا بچے تو جانب مشرق، ۲ بچیں تو شمال یعنی اتر، ۳ بچیں تو جانب مغرب اور ۴ بچیں تو جنوب یعنی دکھن کی سمت گیا ہے۔

**اگر سوال کرے کہ مال مسروقہ ملے گا یا نہیں؟**

مندرجہ بالا طریقہ سے عدد نکال ۲ سے تقسیم کرے اگر ا بچے تو نہیں اور ۲ بچیں تو ہاں۔

## اگر سوال کرے کہ چور مرد ہے یا عورت؟

سائل اور دن کے اعداد جمع کر کے ۲ سے تقسیم کریں اگر ا بچے تو مرد ہے اور ۲ بچیں تو عورت۔

## اگر سوال چور کے رنگ وغیرہ کا ہے؟

تو مندرجہ بالا طریقہ سے اعداد نکال کر ۴ سے تقسیم کرے اگر ا بچے تو رنگ کالا سفید مائل بہ زردی، اگر ۲ بچیں تو رنگ سرخ مائل بہ سبزی، ۳ بچیں تو رنگ گندمی سانولہ ہے۔

## اگر سوال پوچھے کہ فلاں سے رنجش ہے مقدمہ چل رہا ہے انجام کیا ہوگا؟

چاہیے کہ عدد نام اس روز کے اور دونوں مدعی و مدعا علیہ کے ناموں کے اعداد سب جمع کر کے ۴ سے تقسیم کریں۔ اگر ا بچے تو سائل غالب آئے ۲ بچیں تو اس کے برعکس، ۳ بچیں تو صلح کی امید ہے۔ ۴ بچیں تو رنجش و خصومت زیادہ ہونے کی علامت ہے۔

## اگر سوال کرے کہ کونسا کام کروں جس سے فائدہ ہو؟

عدد نام سائل اور دن کے اعداد نکال کر ۴ سے تقسیم کرے اگر ایک بچے تو تجارت زمین سے پیدا ہونے والی اشیاء کی، دو بچیں تو کھیتی اور زراعت وغیرہ اگر ۳ بچیں تو تجارتِ پارچہ، اگر ۴ بچیں تو نوکری اور ملازمت سے مال ہاتھ آئے گا۔

## اگر سوال کرے کہ فلاں کے ساتھ شرکت کرنا مفید ہوگا یا نہیں؟

نام سائل اور دن کے اعداد جمع کر کے ۲ سے تقسیم کرے اگر ا بچے تو شرکت بری ہے اور ۲ بچیں تو مفید ہے۔

## خصوصی نوٹ باب استخارہ علم الاعدد

(از اقبال احمد) علم اعداد کے استخارے اکثر دیکھنے میں آئے۔ عموماً اس علم کے ماہرین اس کے خصوصی اشارے مخفی رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ علم الاعداد سے لوگ کماحقہٗ فائدہ نہیں اٹھاتے۔ اس استخارہ میں بھی ایک امر مخفی نظر آتا ہے۔ وہ یہ کہ سائل کے نام اور دن کے اعداد کے ساتھ اس کے سوال کے اعداد بھی شامل کرنا ہوں گے۔ یعنی سائل کے نام اور اس دن کے جس دن سوال کیا جا رہا ہے دونوں کے اعداد اور سائل کا پورا سوال جو اس کی زبان سے الفاظ ادا ہوں لکھ لے اور اس پوری عبارت کے اعداد نکالے انشاء اللہ جواب صحیح نکل آئے گا۔



Marfat.com

## ۶۵۔ نقش بنانے کا طریقہ

عام طور پر دو قسم کے نقوش سے زیادہ تر کام لیے جاتے ہیں۔ مربع اور مثلث۔ نقش مربع ۱۶ خانے کا ہوتا ہے اور مثلث ۹ خانے کا۔ جس آیت یا اسم کا نقش بنانا ہو اس کے اعداد نکال کر جمع کر لیں۔ پھر قانون کے ۳۰ عدد کم کر کے ۴ سے تقسیم کریں اور حاصل عدد سے نقش پر کریں۔ مثلاً بسم اللہ شریف کے اعداد ۷۸۶ ہوتے ہیں۔ ۷۸۶ میں سے ۳۰ کم کیے تو باقی ۷۵۶۔ اب ان کو ۴ سے تقسیم کیا تو ۷۵۶÷۴=۱۸۹ حاصل عدد ہوئے اب ۱۸۹ ہی سے مربع نقش بھرا جائے گا۔

## ۶۶۔ نقش مربع بھرنے کا طریقہ

خانہ اول میں ۱۸۹ اور خانہ دوم میں ۱۹۰ اسی ترتیب سے نقش بھر لیں۔ اب اس کے اعداد کو جس طرف سے بھی جوڑیں گے ۷۸۶ ہو جائیں گے۔

اسی طرح ہر آیت اور ہر اسم کا نقش بنایا جا سکتا ہے۔

**نوٹ:** اگر کسی کے اعداد پورے تقسیم نہ ہوں تو نقش بھرتے وقت کسر دینا پڑتی ہے اگر ۱ بچے تو تیرھویں خانہ میں ایک بڑھائیں۔ اگر دو بچیں تو نویں خانہ میں ایک بڑھائیں اور ۳ بچیں تو پانچویں خانہ میں ایک بڑھائیں۔ مثلاً اسم باری تعالیٰ حلیم کے عدد نکالے ۸۸ ہوئے۔ ۳۰ قانون کے کم کیے ۵۸ بچے اب ۴ سے تقسیم کیا۔ ۵۸÷۴=۱۴|۲ اس تقسیم میں ۲ بچے۔ اب اسم یا حلیم کا نقش ۱۴ سے بھرنا ہے اور نویں خانہ میں ایک بڑھانا ہے یعنی نویں خانہ میں بجائے ۲۲ کے ۲۳ لکھیں گے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۹۶ | ۱۹۹ | ۲۰۲ | ۱۸۹ |
| ۲۰۱ | ۱۹۰ | ۱۹۵ | ۲۰۰ |
| ۱۹۱ | ۲۰۴ | ۱۹۷ | ۱۹۴ |
| ۱۹۸ | ۱۹۳ | ۱۹۲ | ۲۰۳ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۱ | ۲۵ | ۲۸ | ۱۴ |
| ۲۷ | ۱۵ | ۲۰ | ۲۶ |
| ۱۶ | ۳۰ | ۲۳ نواں خانہ میں ایک بڑھائیں | ۱۹ |
| ۲۴ | ۱۸ | ۱۷ | ۲۹ |



Marfat.com

## مفتاح النقوس یعنی کلید راز سربستہ راز

### سیدی امام اعلیٰ حضرت۔ عطا کردہ: ڈاکٹر محمد صدیق صاحب

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱<br>برائے حفاظت جان و صحت از بیماری | ۱۴<br>برائے جائز دوستی ومحبت و تسخیر عوام | ۱۱<br>برائے حصول مراد و دولت وصحت از زحمت | ۸<br>برائے محفوظی خوف مفسدین و متعصبین |
| ۱۲<br>برائے دافع اعداد و مقہوری اعداء | ۷<br>برائے دفع مرض و امان از غرقِ آب | ۲<br>برائے حفاظتِ مال و زر چور دشمن سے | ۱۳<br>برائے جدائی وعداوت بربادیٔ دشمناں |
| ۶<br>برائے حفاظت از سانپ بچھو وحاسدین | ۹<br>برائے گریہ وطفلاں از درد شکم و امراضِ شکم | ۱۶<br>برائے فتح یابی مقدمات و ملاقاتِ ارواح وروحانیاں | ۳<br>برائے اصلاح وصلح دوست و برادران |
| ۱۵<br>برائے فراخی زراعت و دافع کرم از کھیتی | ۴<br>برائے زبان بندی وعقد النوم | ۵<br>برائے عشق فراواں اور محبوب کو حاضر لانے | ۱۰<br>برائے تسخیر افسران حاکمان و امیران |

جس مقصد کے لیے نقش دینا ہو اسی خانہ سے شروع کریں۔ مذکورہ بالا طریقہ نقش پر کرنے کا جو درج ہے اس پر عمل کر کے آپ کسی ایک اسم باری تعالیٰ سے ہر کام لے سکتے ہیں۔ خانہ مقصد سے صحیح بھرنے کا طریقہ درج ذیل ہے۔

| ۱<br>برائے حفاظت جان و صحت از بیماری | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۴ | ۱۱ | ۸ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۳ |
| ۶ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۱۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

| ۲<br>برائے حفاظت مال از چور دشمن | | | |
|---|---|---|---|
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |

| ۳<br>برائے اصلاح وصلح دوست و برادران | | | |
|---|---|---|---|
| ۵ | ۶ | ۲ | ۱۱ |
| ۱۰ | ۳ | ۱۳ | ۸ |
| ۱۵ | ۶ | ۱۲ | ۱ |
| ۴ | ۹ | ۷ | ۱۴ |

| ۴<br>برائے زبان بندی و عقد النوم | | | |
|---|---|---|---|
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ |
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ |
| ۷ | ۱۲ | ۱۳ | ۲ |
| ۱۴ | ۱ | ۸ | ۱۱ |

| ۵<br>برائے عشق فراواں اور محبوب کو حاضر کرنے کا | | | |
|---|---|---|---|
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |

| ۶<br>برائے حفاظت از سانپ وبچھو وحاسدین | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | ۵ | ۱۶ | ۳ |
| ۱۵ | ۴ | ۹ | ۶ |
| ۱ | ۱۴ | ۷ | ۱۲ |
| ۸ | ۱۱ | ۲ | ۱۳ |

| ۷<br>برائے دفع مرض وامان از غرقِ آب | | | |
|---|---|---|---|
| ۷ | ۱۴ | ۴ | ۹ |
| ۱۲ | ۱ | ۱۵ | ۶ |
| ۱۳ | ۸ | ۱۰ | ۳ |
| ۲ | ۱۱ | ۵ | ۱۶ |

| ۸<br>برائے محفوظی خوف از مفسدین و متعصبین | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۵ | ۶ | ۱۲ | ۱ |
| ۴ | ۹ | ۷ | ۱۴ |
| ۵ | ۱۶ | ۲ | ۱۱ |
| ۱۰ | ۳ | ۱۳ | ۸ |



Marfat.com

۹
برائے گریہ اطفال از دردِ شکم و امراضِ شکم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶ | ۳ | ۱۰ | ۵ |
| ۹ | ۶ | ۱۵ | ۴ |
| ۷ | ۱۲ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۸ | ۱۱ |

۱۰
برائے تسخیر افسران و حاکمان و امیران

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |
| ۶ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۳ |
| ۱ | ۱۴ | ۱۱ | ۸ |

۱۱
برائے حصولِ مراد و دولت و صحت و از زحمت

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۱ | ۸ | ۱۱ |
| ۷ | ۱۲ | ۱۳ | ۲ |
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ |
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ |

۱۲
برائے دفع اعداء و مقہوری اعداء

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۷ | ۱۴ |
| ۱۵ | ۶ | ۱۲ | ۱ |
| ۱۰ | ۳ | ۱۳ | ۸ |
| ۵ | ۱۶ | ۲ | ۱۱ |

۱۳
برائے جدائی و عداوت و بربادیِ دشمناں

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۷ | ۹ | ۴ |
| ۱ | ۱۲ | ۶ | ۱۵ |
| ۸ | ۱۳ | ۳ | ۱۰ |
| ۱۱ | ۲ | ۱۶ | ۵ |

۱۴
برائے جائز دوستی و محبت و تسخیرِ عوام

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

۱۵
برائے فراخیِ زراعت و دفع کرم از کھیتی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |

۱۶
برائے فتح یابی مقدمات و ملاقاتِ ارواحِ روحانیاں

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵ | ۱۰ | ۳ | ۱۶ |
| ۴ | ۱۵ | ۶ | ۹ |
| ۱۴ | ۱ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۱ | ۸ | ۱۳ | ۲ |

# نقشہ اسمائے باری تعالیٰ مع اعدادِ قمری

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سَلَامٌ ۱۳۱ | قُدُّوسٌ ۱۷۰ | مَلِكٌ ۹۰ | رَحِيمٌ ۲۵۸ | رَحْمٰنٌ ۲۹۸ | هُوَ اللهُ ۱۱ ۶۶ |
| خَالِقٌ ۷۳۱ | مُتَكَبِّرٌ ۲۶۲ | جَبَّارٌ ۲۰۶ | عَزِيزٌ ۹۴ | مُهَيْمِنٌ ۱۴۵ | مُؤْمِنٌ ۱۳۶ |
| رَزَّاقٌ ۳۰۸ | وَهَّابٌ ۱۴ | قَهَّارٌ ۳۰۶ | غَفَّارٌ ۱۲۸۱ | مُصَوِّرٌ ۳۳۶ | بَارِئٌ ۲۱۳ |
| خَافِضٌ ۱۴۸۱ | رَافِعٌ ۳۵۱ | بَاسِطٌ ۷۲ | قَابِضٌ ۹۰۳ | عَلِيمٌ ۱۵۰ | فَتَّاحٌ ۴۸۹ |
| لَطِيفٌ ۱۲۹ | عَدَلٌ ۱۰۴ | بَصِيرٌ ۳۰۲ | سَمِيعٌ ۱۸۰ | مُذِلٌّ ۷۷۰ | مُعِزٌّ ۱۱۷ |



Marfat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خبیر | رقیب | مجیب | واسع | حکم | ودود |
| ۸۱۲ | ۳۱۲ | ۵۵ | ۱۳۷ | ۶۸ | ۲۰ |
| عظیم | غفور | شکور | علی | کبیر | حفیظ |
| ۱۰۲۰ | ۱۲۸۶ | ۵۲۶ | ۱۱۰ | ۲۳۲ | ۹۹۸ |
| مقیت | حسیب | جلیل | کریم | مجید | باعث |
| ۵۵۰ | ۸۰ | ۷۳ | ۲۷۰ | ۵۷ | ۵۷۳ |
| شہید | حق | قوی | وکیل | متین | ولی |
| ۳۱۹ | ۱۰۸ | ۱۱۶ | ۶۶ | ۵۰۰ | ۴۶ |
| حمید | محصی | مبدی | معید | محیی | ممیت |
| ۶۲ | ۱۴۸ | ۵۶ | ۱۲۴ | ۶۸ | ۴۹۰ |
| حی | قیوم | واجد | ماجد | واحد | احد |
| ۱۸ | ۱۵۶ | ۱۴ | ۴۸ | ۱۹ | ۱۳ |
| صمد | قادر | مقتدر | مقدم | مؤخر | اول |
| ۱۳۴ | ۳۰۵ | ۷۴۴ | ۱۸۴ | ۸۴۶ | ۳۷ |
| اٰخر | ظاہر | باطن | والی | متعالی | بر |
| ۸۰۱ | ۱۱۰۶ | ۶۲ | ۴۷ | ۵۵۱ | ۲۰۲ |
| توّاب | منتقم | منعم | عفو | رؤف | مالک الملک |
| ۴۰۹ | ۶۳۰ | ۲۰۰ | ۱۵۶ | ۲۸۶ | ۲۱۲ |
| ذوالجلال | والاکرام | رب | مقسط | جامع | غنی |
| ۸۰۱ | ۲۹۹ | ۲۰۲ | ۲۰۹ | ۱۱۴ | ۱۰۶۰ |
| مغنی | معطی | مانع | ضار | نافع | نور |
| ۱۱۰۰ | ۱۲۹ | ۱۶۱ | ۱۰۰۱ | ۲۰۱ | ۲۵۶ |



Marfat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هَادِیْ ۲۰ | بَدِیْعٌ ۸۶ | بَاقِیْ ۱۱۳ | وَارِثْ ۷۰۷ | رَشِیْدٌ ۵۱۴ | صَبُوْرٌ ۲۹۸ |
| دَیَّانْ ۶۵ | بَصِیْرٌ ۳۰۲ | اَکْبَرُ ۲۲۳ | دَافِعْ ۱۵۵ | دَلِیْلٌ ۷۴ | دَآئِمْ ۴۶ |
| قَدِیْمٌ ۱۵۴ | شَافِیْ ۳۹۱ | حَلِیْمٌ ۸۸ | حَنَّانْ ۱۰۹ | مَنَّانْ ۱۴۱ | سَرِیْعٌ ۳۴۰ |
| مُقِیْمٌ ۱۹۰ | سُبُّوْحٌ ۷۶ | حَافِظْ ۹۸۹ | سَتَّارْ ۶۶۱ | صَانِعْ ۲۱۱ | مُسَبِّبُ الْاَسْبَابِ ۲۰۱ |
| اَحْکَمُ الْحَاکِمِیْنَ ۲۲۹ | مُحْتَسِبٌ ۵۱۰ | کَافِیْ ۱۱۱ | وَافِیْ ۹۷ | عَادِلْ ۱۰۵ | حَکِیْمٌ ۷۸ |
| ثَابِتْ ۹۰۳ | زَکِیٌّ ۳۷ | مُعَظَّمٌ ۱۰۵۰ | نَصِیْرٌ ۳۵۰ | مُتَکَلِّمٌ ۵۳۰ | سُبْحَانْ ۱۲۱ |
| قَدِیْرٌ ۳۱۴ | مَحْمُوْدٌ ۹۸ | صِدْقٌ ۱۹۴ | نَقِیٌّ ۱۶۰ | نَقَصٌّ ۵۱۰ | قَائِمْ ۱۴۲ |
| اِلٰہٌ ۳۶ | مُخْفِیٌّ ۷۳۰ | بُرْهَانْ ۲۵۸ | سُلْطَانْ ۱۵۰ | سَلَمْ ۱۳۰ | حَامِدْ ۵۳ |
| شَاهِدْ ۳۱۰ | جَمِیْلٌ ۸۳ | مَالِكْ ۹۱ | مَلِیْكٌ ۱۰۰ | حَاکِمْ ۶۹ | عَالِمْ ۱۴۱ |
| اَعْلٰی ۱۱۱ | وَحِیْدٌ ۲۸ | مُعِزٌّ ۱۲۷ | مُعِیْنٌ ۱۷۰ | مُسْتَبِیْنٌ ۵۶۲ | قَرِیْبٌ ۳۱۲ |

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ج | د | ہ | و | ز | ح | ط | ی | ک | ل | م | ن |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۲۰ | ۳۰ | ۴۰ | ۵۰ |



Marfat.com

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| س | ع | ف | ص | ق | ر | ش | ت | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ |
| ٦٠ | ٧٠ | ٨٠ | ٩٠ | ١٠٠ | ٢٠٠ | ٣٠٠ | ٤٠٠ | ٥٠٠ | ٦٠٠ | ٧٠٠ | ٨٠٠ | ٩٠٠ | ١٠٠٠ |

اپنی ذات کے لیے اسم استخراج کرنے کا طریقہ اپنے نام کے اعداد نکال کراتنے ہی اعداد کا اسم باری تعالیٰ تلاش کیجیے۔ اگر ایک اسم نہ ملے تو دو اسمائے باری ملا کر اپنا اسم اعظم بنا لیجیے۔ مثلاً میرے نام کے اعداد ١٨٧ ہیں کوئی ایک اسم جس کے ١٨٧ اعدد ہوں نہیں ملا اس لیے دو اسم ملا کر اپنا اسم اعظم بنایا۔ یا سُبحٰان کے اعداد ١٢١ اور یااللّٰہُ کے ٦٦ دونوں کے اعداد ملا کر ١٨٧ ہو گئے۔ اب اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فرمان کے مطابق یاسبحان یااللہ کے اعداد دوگنا کر کے یعنی ٣٧٤ بار ورد میں رکھے تو اسم کی تلاوت اسم اعظم کا کام دے گی۔

## اسم اعظم شریف کی تلاش

اکثر عاملین، عابدین، زاہدین بلکہ عام مسلمین صدیوں سے اسم اعظم کی تلاش وجستجو میں سرگرداں ہیں۔ کتنی ہی کتابیں تصنیف کی گئیں اور اکثر نے اس تلاش میں کتب وتفاسیر واحادیث کے مطالعہ میں زندگیاں وقف کر دیں مگر کسی ایک نقطے پر سب کی نگاہیں مرکوز نہ ہوسکیں عوام تو عوام، خواص اور عالم علم روحانیات بھی اس امر پر متفق نہ ہوسکے کہ فلاں اسم ہی اسم اعظم ہے اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کے والد ماجد مولانا نقی علی خاں صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی تصنیفِ لطیف احسن الدعاء میں نو بشارتوں میں اسم اعظم شریف کی طرف اشارہ فرمایا ہے اور امام اہلسنت والجماعت اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ نے ان گیارہ بشارتوں کا اضافہ فرما کر ٢٠ کا عدد پورا کر دیا جو کہ ہدیۂ قارئین ہے۔

## اسمِ اعظم کی تحقیق

ازقلم امامِ اہلسنت اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ اور آپ کے والد ماجد مولانا نقی علی خاں صاحب رحمتہ اللہ علیہ قال الرضا: یہاں بیس بشارتیں ہیں۔ ٩ حضرت مصنف علام قدس سرہٗ نے ذکر فرمائیں اور گیارہ فقیر سگِ کوئے قادری غفرلہٗ نے بڑھائیں۔

### بشارت

حدیث میں آیۂ کریمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ کی نسبت فرمایا یہ اسم اعظم ہے جو اس کیساتھ دعا کرے قبول ہو۔ علماء فرماتے ہیں آیۂ کریمہ قبول دعا خصوصاً دفع بلا میں تمام اثر رکھتی ہے۔

**قال الرضا:** سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ



Marfat.com

میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا وہ اسم اعظم نہ بتادوں کہ جب اس کو پکارا جائے اجابت کرے اور جب اس سے سوال کیا جائے، عطا فرمائے وہ دعا یہ ہے جو حضرت یونس علیہ السلام نے تین تاریکیوں میں کی تھی۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ خاص حضرت یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے تھا یا سب مسلمانوں کے لیے؟ فرمایا تو نے خدا کا ارشاد نہ سنا کہ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَ نَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَ کَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ۔ یعنی پس ہم نے یونس علیہ السلام کی دعا قبول فرمائی اور اسے غم سے نجات دی اور یوں ہی نجات دیں گے ایمان والوں کو رواہ احمد والترمذی و النسائی والحاکم مطولا واللفظ لہ والبیہقی والضیاء فی المختارۃ۔

## بشارت ۲

سید عالم ﷺ نے ایک شخص کو کہتے ہوئے سنا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اِنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَیَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

ارشاد فرمایا خدا کی قسم تو نے اللہ تعالیٰ سے وہ اسم اعظم لے کر سوال کیا کہ جب اس سے سوال کیا جائے اللہ تعالیٰ عطا کرتا ہے اور جب اس سے دعا کی جاتی ہے تو قبول فرماتا ہے۔

## قال الرضا

رواہ احمد وابن شیبۃ وابوداؤد والترمذی والنسائی و ابن ماجۃ وابن حبان والحاکم۔ امام ابوالحسن علی مقدسی وامام عبدالعظیم منذری وامام ابن حجر عسقلانی وغیرہم ائمہ رحمہم اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ اس حدیث کی اسناد میں کوئی طعن نہیں اور دربارۂ اسم اعظم یہ سب احادیث سے جید و صحیح تر ہے۔

## بشارت ۳

ایک حدیث میں آیا اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے: وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ۔ الٓمّٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ قال الرضا: رواہ ابن شیبۃ وابوداؤد والترمذی وابن ماجہ عن اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا۔

## بشارت ۴

بعض علماء یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کو اسم اعظم کہتے ہیں۔

**قال الرضا:** سری بن یحییٰ قدس سرہ بعض اولیاء سے راوی ہیں۔ دعا کرتا تھا اللہ تعالیٰ سے کہ مجھے اسم



Marfat.com

اعظم دکھادے۔ مجھے آسمان میں ایک ستارہ نظر پڑا جس پر لکھا تھا: یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

**بشارت ۵**

بعض علماء نے یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ کو اسم اعظم کہا ہے۔

**بشارت ۶**

حضور اکرم ﷺ نے زید بن صامت رضی اللہ عنہ کو یوں دعا کرتے سنا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

فرمایا یہ اللہ کا وہ اسم اعظم ہے کہ جب اس سے پکارا جائے۔ اجابت کرے اور جب مانگا جائے عطا فرمائے

اخرجہٗ احمد وابن ابی شیبۃ والاربعۃ وابن حبان والحاکم عن انس رضی اللہ عنہ

**بشارت ۷**

حدیث میں ہے ام المؤمنین صدیقہ رضی اللہ عنہا نے یوں دعا کی:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَدْعُوْکَ الرَّحْمٰنَ وَاَدْعُوْکَ الْبَرَّ الرَّحِیْمَ وَ اَدْعُوْکَ بِاَسْمَآئِکَ الْحُسْنٰی کُلِّھَا مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَالَمْ اَعْلَمْ اَنْ تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمَنِیْ

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ان میں سے اسم اعظم ہے۔ رواہ ابن ماجہ

**بشارت ۸**

ابو درداء وابن عباس رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں اسم اعظم رَبُّ رَبُّ ہے رواہ الحاکم۔ حدیث میں آیا نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب بندہ یَا رَبُّ یَا رَبُّ کہتا ہے۔ رب عزوجل فرماتا ہے لَبَّیْکَ اے میرے بندے مانگ کہ تجھے دیا جائے۔ رواہ ابن ابی الدنیا عن عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

**بشارت ۹**

حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے خواب میں دیکھا کہ اسم اعظم اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ہے۔



Marfat.com

**بشارت ۱۰**

ابوامامہ باہلی صحابی رضی اللہ عنہ کے شاگرد قاسم بن عبدالرحمٰن شامی کہتے ہیں: اسم اعظم اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے۔

**بشارت ۱۱**

امام قاضی عیاض نے بعض علماء سے نقل فرمایا اسم اعظم کلمۂ توحید ہے۔

**بشارت ۱۲**

امام فخرالدین رازی و بعض صوفیاء کرام نے کلمہ ھو کو اسم اعظم بتایا۔

**بشارت ۱۳**

جمہور علماء فرماتے ہیں کہ اللہ اسم اعظم ہے کذا رواہ الیھم القاری حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں شرط یہ ہے کہ تو اللہ کہے تو اس وقت تیرے دل میں اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ نہ ہو۔

**بشارت ۱۴**

بعض علماء نے بسم اللہ شریف کو اسم اعظم کہا۔ حضور غوث الثقلین رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ بسم اللہ زبان عارف سے ایسی ہے جیسے کُن کلام خالق سے۔

**بشارت ۱۵**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو ان پانچ کلموں سے ندا کرے اللہ تعالیٰ سے جو مانگے اللہ تعالیٰ عزوجل عطا فرمائے۔ لا الٰہ اِلَّا اللّٰہ واللّٰہ اکبر، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

**بشارت ۱۶**

اوپر گزرا کہ جو شخص یاارحم الراحمین تین بار کہے فرشتہ کہتا ہے مانگ کہ ارحم الراحمین نے تیری طرف توجہ فرمائی۔

**بشارت ۱۷**

پانچ بار یا ربَّنا کہنے کا فضل امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے گزرا۔

**بشارت ۱۸**

یہی خاصیت اسمائے حسنیٰ کی ہے۔ قال الرضا۔



Marfat.com

## بشارت ۱۹

ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث میں ہے حضور سید المرسلین ﷺ نے فرمایا جبرئیل میرے پاس
دعائیں لائے اور عرض کی جب حضور ﷺ کو کوئی حاجت پیش آئے انھیں پڑھ کر دعا مانگیے۔

یَا بَدِیْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا صَرِیْخَ الْمُسْتَصْرِخِیْنَ یَا غِ
الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَا کَاشِفَ السُّوْءِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ یَا
الْعَالَمِیْنَ بِكَ اُنْزِلَ حَاجَتِیْ وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِهَا فَاقْضِهَا ط

## ۴۶۔۷۱۔ اسم اعظم شریف کا مجموعہ

ظفر جلیل شرح حصن حصین میں لکھتے ہیں کہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے (اسم اعظم کی
میں) ایک رسالہ علیحدہ تصنیف کیا ہے کہ بہ سبب خوف ضخامت اس پر اکتفاء کیا جاتا ہے کہ بعض محققین نے کہا
دعا جامع سب اقوال کی ہے کہ سب اسم اعظم جو بزرگوں سے منقول ہیں، اس میں آجاتے ہیں، دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا بَدِیْعُ السَّمٰ
وَالْاَرْضِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا خَیْرَ الْوَارِثِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا سَمِیْعُ الدُّعَاءِ یَا اَلْ
اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا عَالِمُ یَا سَمِیْعُ یَا عَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا مَالِكَ الْمُلْكِ یَا مَلِكُ یَا سَلَامُ یَا حَ
قَدِیْمُ یَا قَائِمُ یَا غَنِیُّ یَا مُحِیْطُ یَا حَکِیْمُ یَا عَلِیُّ یَا قَاهِرُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْ
مَخْفِیْ یَا مُعْطِیْ یَا مَانِعُ یَا مُحْیِ یَا مُقْسِطُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا رَبُّ یَا رَ
رَبُّ یَا وَهَّابُ یَا غَفَّارُ یَا قَرِیْبُ یَا. لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ
حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ وَاِسْمُ اللّٰهِ تَعَالٰی الْاَعْظَمُ الَّذِیْ اِذَا سُئِلَ بِهٖ اَعْطٰی وَاِذَا دُعِیَ بِهٖ اَ
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنِّیْ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ
یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

## فوائد

اس دعا کو پڑھ کر جو دعا مانگی جائے اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے اور جو مقصد ہو پورا فرماتا ہے۔

### [ہر] اسم، اسم اعظم ہے

فقیر (اقبال احمد) اسمِ اعظم کی تحقیق جدید تو نہیں کرسکتا تھا مگر بزرگوں کی بیاضوں اور اکابرین کی تصنیفات کا [مط]العہ ضرور کیا جاتا ہے جس سے میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ ہر اسمِ باری تعالیٰ جل شانہٗ اسم اعظم ہے اور اسمائے باری [تع]الیٰ کے متعلق بزرگوں نے ارشاد فرمایا ہے کہ اسمائے حسنیٰ کا انحصار ۹۹ پر نہیں جیسا کہ مشہور ہے لوامع النجوم میں لکھا [ہے] کہ ایک ہزار نام اللہ تعالیٰ کے وہ ہیں جن کو سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا اور ہزار نام وہ ہیں جو کہ فرشتوں کے سوا [کو]ئی نہیں جانتا اور ایک ہزار نام وہ ہیں جو مسلمانوں کی زبانوں سے جاری ہیں جن میں سے تین سو توراۃ اور تین سو [ز]بور میں اور تین سو انجیل میں اور سو کلام اللہ شریف میں مذکور ہیں۔ عام طور پر مشہور ہے کہ قرآن میں ۹۹ نام ایسے [ہیں] جو سب پر ظاہر ہیں اور ایک پوشیدہ کہاں رہا۔ ساتھ ہی غور طلب یہ امر بھی ہے کہ مختلف صحابہ کرام رضوان اللہ [اجم]عین نے اسم اعظم کی جو نشاندہی فرمائی ہے، وہ کسی ایک اسم سے متعلق نہیں جدا جدا اسم باری کو اسم اعظم بتایا جس [س]ے اس نتیجہ پر پہنچنا آسان ہے کہ ہر اسم اسم اعظم ہے اور اسمائے باری تعالیٰ کی کثرت اس بات پر دلالت کرتی [ہ]ے۔ کہ ہر اسم کسی کی ذات سے منسوب ہو کر وہ اسم خاص اس کے لیے اسمِ اعظم کا کام دیتا ہے۔

## آپ کا اسمِ اعظم

اس سر بستہ راز کو بھی امام اہلسنت اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ظاہر فرما کر ہماری مشکل [آ]سان فرمادی۔ ایک سائل کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں۔

**[ع]رض:** حضور میرے بھتیجا پیدا ہوا ہے اس کا کوئی تاریخی نام تجویز فرمادیں۔

**ارشاد:** تاریخی نام سے کیا فائدہ، نام وہ ہوں جن کے احادیث میں فضائل آئے ہیں۔ [می]رے اور میرے بھائیوں کے جتنے لڑکے پیدا ہوئے ہیں میں نے سب کا نام محمد رکھا یہ اور بات ہے کہ یہی نام [تا]ریخی بھی ہو جائے۔ حامد رضا خاں کا نام محمد ہے اور ان کی ولادت کی تاریخ ۹۲ھ میں ہوئے اور نام مبارک کا [ع]دد بھی بانوے ہے۔ ایک دقت تاریخی نام میں یہ ہے کہ اسماء حسنیٰ سے ایک یا دو جن کے اعداد موافق عدد نام قاری [ہو]ں عدد نام دو چند کر کے اگر پڑھے جاتے ہیں تو وہ قاری کو اسم اعظم کا فائدہ دیتے ہیں۔ تاریخی نام سے مقدار [ب]ہت زیادہ ہو جائے۔ مثلاً اگر کسی کی ولادت ۱۳۲۹ھ میں ہوئی تو اس کے مطابق اسماء حسنیٰ ۲۶۵۸ بار پڑھے [ج]ائیں گے اور محمد نام ہوتا تو ایک سو چوراسی بار، دونوں میں کس قدر فرق ہوا۔ (پھر اس نام اقدس کے فضائل میں یہ [چ]ند حدیثیں ذکر (فرمائیں) ایک حدیث میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو میری محبت کی [و]جہ سے اپنے لڑکے کا نام محمد یا احمد رکھے گا اللہ تعالیٰ باپ اور بیٹے دونوں کو بخشے گا۔ ایک اور روایت میں ہے جن

مشوروں میں کسی کا نام محمد یا احمد شریک ہو اس میں برکت رکھی جاتی ہے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ تمھارا نقصان ہے کہ تمھارے گھروں میں دو یا تین محمد ہوں۔

# مختصر فوائد اسمائے باری تعالیٰ

## ۷۴ ۔ یا ھُو

اسم ذات باری تعالیٰ ہے۔ صاحب تنویر الاسماء تحریر فرماتے ہیں کہ اہل تحقیق نے اسم اعظم کہا ہے اور یہ خا ترین اسم ہے اسمائے باری تعالیٰ سے اور اسمائے حسنیٰ میں سب سے پہلے واقع ہوا ہے۔ اگر کوئی شخص ۲۹ بار ھُوْ تو آتشِ دوزخ اس پر حرام ہو۔ جس کا دل آخرت کے انجام سے لرزاں و ترساں ہو اللہ کا ذکر کرے حشر میں مط ہوگا۔ تنویر الاسماء میں ہے حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا اگر کوئی شخص پنجشنبہ کو روزہ رکھے اور چینی کے پیالے پر لَا اِلٰہ اِلَّا ھُوَ لکھ کر آبِ باراں یا آبِ چشمہ سے دھو کر روزہ افطار کرے۔ مرضِ نسیاں ختم ہو جائے جو یاد کرے کبھ بھولے۔ مسحور کو پلائے سحر دفع ہو۔ اگر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو ہر بلا سے محفوظ رہے۔ دشمنوں پر مظفر و منصور ہو اچھے برے کی نظر میں مقبول القول ہو ہر دلعزیز ہو۔ تنویر میں ہے کہ ایک مجلس میں بارہ ہزار مرتبہ یا اللّٰہُ یا ھُوْ کے جن وانس، وحوش وطیور و جملہ مخلوقات مسخر و مطیع ہوں۔ پرند چرند انس کرنے لگیں۔ خواص اشیاء وعلوم مخفیات منکشف ہوں۔

## ۷۵ ۔ یا اللّٰہُ

یہ نام اسم ذات ہے اور تمام صفاتِ الٰہیہ کا جامع ہے۔ تنویر میں ہے اگر کوئی شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو مستجاب الدعوات ہو جائے۔ صاحب دلائل تحریر فرماتے ہیں کہ جو کوئی بعد ہر نماز سو (۱۰۰) بار پڑھتا ر صاحب کشف اور باطن ہو اور جو کوئی تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) بار اسم کو لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر دریا ڈالے، خدا چاہے چالیس روز میں مراد حاصل ہو (اگر چہ تخت، شاہی کی تمنا ہو) دیگر اعمال و وظائف کتاب ہٰذ بھی ملیں گے اور حصہ اول نمبر ۱۱۵، ۱۱۹ اور ایک خاص عمل دستِ غیب کا نمبر ۱۲۸ پر درج ہے کیونکہ وہ عمل صرف یوم کا ہے اس لیے اکثر نظر انتخاب اسی پر ٹھہرتی ہے۔ چاہیے کہ اس عمل کو مؤکل کی حاضری کی نیت سے نہ پڑھے اس زمانہ میں عمل یا مؤکل کرنا بہت دشوار ہے۔ اس لیے بہتر طریقہ یہ ہے کہ عمل تین یوم اسی ترکیب سے بغیر جلالی و جمالی کے پڑھے صرف جھوٹ و دیگر ممنوعاتِ شرع سے بچتا رہے بعد تین یوم ۴۰۰ مرتبہ روزانہ ورد رکھے انشاء اللہ روزانہ جس چیز کی خواہش ہو ضرورت غیب سے پہنچتی رہے۔ اس اسم کے مؤکل غائبانہ ۲۱

اطاعت کریں گے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔ (اقبال احمد) نقش اسم اللہ کا سونے کی پتر پر کندہ کرا کے انگشتری میں پہنے معزز ہو۔

## ۷۶ ۔ یَا رَحْمٰنُ

جو لوگ امور دینی و دنیاوی میں کاہلی و غفلت کی وجہ سے اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں انھیں چاہیے کہ بعد ہر نماز سو مرتبہ مداومت کریں۔ تنویر میں ہے کہ اس کے دل کو ظلمت و غفلت و سستی سے پاک کرے۔ جو بچے پڑھنے سے بھاگتے ہوں اور دل نہ لگتا ہو، ان کو پنجوقتہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔ صاحب دلائل فرماتے ہیں اگر مرگی والے کے کان میں ۴۰ مرتبہ ایک سانس میں پڑھ کر دم کرے فوراً ہوش میں آئے (کشف) اگر چالیس روز دو ہزار پانچ سو مرتبہ باشرائط تلاوت کرے تمام اسرار مشاہدہ کرے۔

## ۷۷ ۔ یَا رَحِیْمُ

امام علی رضا رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ اس اسم کو ۲۸۵ مرتبہ روزانہ تلاوت کرے تو اس کا انجام بخیر ہو۔ مرتے وقت با ایمان جائے۔ سکرات و قبر و پل صراط کی منزلیں آسان ہوں۔ برائے قضائے حاجات اسم یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم، شمع شبستان رضا حصہ اول نمبر ۱۱۵ پر عمل مرقوم ہے۔ بہت زود اثر اور مجرب ہے۔ ہر روز ۵۰۰ مرتبہ پڑھے تو دولت مند ہو خلق اللہ مہربان ہو۔

## ۷۸ ۔ یَا مَالِكُ یَا مَلِیْكُ یَا مَلِكُ

یہ اسماء ہم معنیٰ ہیں اور ہم صفات ہیں ان تینوں اسماء میں سے جو بھی (۹۱، ۱۰۰ یا ۹۰ آپ کے نام کے مطابق ہوں تو ان کو اسی تعداد یعنی قاعدہ اول کے مطابق پڑھیں۔ امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ اسماء بہت ہی سریع الاجابت ہیں مگر (ان میں سے) کسی اسم کو آٹھ ہزار ایک سو (۸۱۰۰) مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے ضرور قبول ہو انشاء اللہ (تنویر الاسماء) دستی، بیروزگاری کے لیے یَا مَلِكُ ۹۰ بار مَلِیْكُ ۱۰۰ بار، یَا مَالِكُ ۹۱ بار روزانہ پڑھے تو خلق سے بے نیاز ہو اور دولت دنیا اس کی جانب رجوع کرے (تنویر) اگر اس اسم کو اسم قدوس سے ملا کر پڑھے یعنی (الملک القدوس ۶۰ بار) تو اگر صاحب ملک یعنی صاحب عزت و اقبال ہو یا کاروبار اور ملازمت یا جس عہدے پر فائز ہو تو مولیٰ تعالیٰ اس کے ملک یعنی نسب کو قائم و دوائم رکھے اور عزت و حرمت ملے اگر ۹۰ بار ہی پڑھے تو دل منور ہو۔ (دلائل الخیرات شریف)

دیگر حصہ اول نمبر ۱۳۰ میں عمل شجر زر میں اسم کے پڑھنے کا طریقہ مرقوم ہے اس نقش کو سونے کی تختی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھے۔ اور اس کے گرد آیۃ قل اللھم مالک الملک تا بغیر حساب



Marfat.com

لکھے تو لوگوں میں ہیبت والا ہو۔ یہ نقش افلاطون نے ذوالقرنین کے لیے تیار کیا تھا جس کے اثر سے شیر کانپتے تھے۔ (تنویر)

| | | |
|---|---|---|
| ۳۷ | ۱۳ | م |
| ۳۳ | ل | ۲۷ |
| ك | ۴۷ | ۲۳ |

## ۷۹۔ یا قُدُّوْسُ

اگر اس اسم کو وقت زوال ۱۷۰ مرتبہ پڑھتا رہے اس کا دل معصیت سے صاف ہو کر روشن ہو جائے اور کوئی اسم سُبُّوح کے ساتھ قُدُّوسْ بعد نمازِ جمعہ روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھائے ملکوتی صفات پیدا ہو جائیں۔ ج دشمن کے خوف سے بھاگنے کے سوا چارہ نہ ہو تو بکثرت پڑھے۔ اس کے اور دشمنوں کے درمیان حصار قائم جائے یا ان کی نظروں سے پوشیدہ ہو جائے۔ (ظفر جلیل) سبوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلٰئِکَةِ وَالرُّوحِ اگر کوئی تع حرف کہ ۲۲ ہے

اتنے سو مرتبہ یعنی ۲۲۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھے تو کبھی کسی کے سامنے دستِ سوال دراز کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے اور اتنے ہزار مرتبہ یعنی ۲۲ ہزار مرتبہ چالیس یوم با احتیاط ممنوعاتِ شرع پڑھ کر بعدہٗ ۱۷۰ بار پڑھتا رہے تو خود کیمیا بن جائے۔ (نقش از منقولِ تنویر)

| | | | |
|---|---|---|---|
| سبوح | قدوس | رب الملئكة | والروح |
| والروح | رب الملئكة | قدوس | سبوح |
| قدوس | سبوح | والروح | رب الملئكة |
| رب الملئكة | والروح | سبوح | قدوس |

## ۸۰۔ یا سَلَامُ یا سَلٰمُ

یہ اسم بغیر الف کے بھی لکھا گیا ہے اور الف کے ساتھ بھی۔ صرف اعداد میں فرق ہے جس کی وجہ سے دو لکھا گیا ہے۔ اس اسم پاک کا پڑھنے والا افعالِ رذیلہ اور کردارِ قبیحہ سے محفوظ ہو جاتا ہے (ظفر جلیل) بعد نماز ایک ہزار بار پڑھنے سے علم اور جودت یعنی ذہن میں تیزی اور قوتِ حافظہ زیادہ ہو (دلائل) اسم کا ذاکر بوجہ علم مشہور ہو جاتا ہے۔ اور شہر بہ شہر عوام وخواص اس کی مدح وثناء کرنے لگیں۔ (تنویر)

## ۸۱۔ یا سَلَامُ یا اَللّٰہُ

شفائے امراض کے لیے یہ مجرب ہے۔ مرض شدید میں مریض کے سرہانے بیٹھ کر اس طرح پڑھے کہ سرہانے میں مریض کے سر سے مس ہوتی رہے۔ جب تسبیح ختم ہو اس تسبیح کو مریض کے تکیہ کے نیچے رکھ د دوسرے دن وقت مقررہ یا کچھ قبل پھر تسبیح نکال کر اسی طرح پڑھے اور تسبیح سرہانے رکھ دے اسی طرح تین دن یا شب یہ عمل کرے اور تسبیح مریض کے سرہانے تا شفا ہی رکھی رہنے دے انشاء اللہ پہلے دن سے افاقہ ہو اور جلد ش حاصل ہو۔ (تنویر)



Marfat.com

برائے قضائے حاجات، گوشۂ خلوت یا گوشۂ مسجد میں نصف شب میں دو رکعت نماز ادا کرے اور حضوریٔ قلب کے ساتھ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ کھڑے ہو کر پڑھے جو حاجت ہو پوری ہو اور اگر ۴۰ دن اسی طرح پڑھے تو علم ظاہر و باطن حاصل ہو اور کل مخلوق مسخر ہو (تنویر)

## ۸۲ ۔ یَا مُؤْمِنُ

امام ہشتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو کوئی روزانہ ایک سو چھتیس ۱۳۶ بار پڑھے تو قلب میں ایمان کی لہریں موجزن ہو جائیں شیخ مغربی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا اگر ایک ہزار ایک سو بتیس مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو گواہوں کی بدگوئی اور امراض خبیثہ سے محفوظ رکھے۔ شیخ عبد المجید مغربی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ شہوتِ نفس اور غضب سے خالی ہو کر خلوت میں باستقلال بہ زبان و قلب ذکر میں محو ہو کر کہ نفس کا بھی وجود نہ رہے عمل پڑھے بعد ۴۱ یوم گزرنے کے دیوار پر ایک خاص نور ظاہر ہوگا۔ جس کا اظہار ناممکن ہے۔ ذاکر کا قلب انوارِ معرفت سے منور ہو جائے گا اور ذاکر خود اپنے آپ کو بحر انوار میں جلوہ گر دیکھے گا۔ اس کے بعد اس ذاکر میں ایسی لطافت پیدا ہو جائے گی کہ جو اسے دیکھ لے باایمان ہو جائے اور گنہگار تائب ہو جائے گا۔ (تنویر)

## ۸۳ ۔ یَا مُهَیْمِنُ

اس اسم مبارک میں ہیبت و عظمت کی بہت بڑی خاصیت ہے اور دشمنوں کے قلب کو مرعوب کرنے اور رعب و وجاہت سے مسخر کرنے کی تاثیر ہے۔ اس اسم کے ذاکر پر سخت دل موم ہو جاتے ہیں اور کارہائے مشکل آسان ہو جاتے ہیں۔ ناقابل برداشت بوجھ اٹھانے کی قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ (تنویر) نہ مخلوق سے اس کو برائی پہنچے نہ کوئی اسے برائی و نقصان پہنچا سکے (ظفر جلیل) شیخ مغرب علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ جو شخص ۴۰ یا ۷۰ روز بوقت صبح بعد غسل ختم عمل تک کسی سے بات نہ کرے۔ اچھا لباس پہن کر ۸۴۹۶ مرتبہ اس اسم کو پڑھے، ایسی تسخیر پیدا ہو کہ خود متحیر ہو جائے۔ (تنویر)

## ۸۴ ۔ یَا عَزِیْزُ یَا مُعِزُّ

یہ دونوں اسماء ہم معنی اور ہم صفات ہیں۔ شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ اسم اذکار متوکلین سے ہے اس لیے اس اسم کے ساتھ اور کسی اسم کو نہ ملائے۔ (تنویر) اور امام اہلسنت اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ نے پنج گنج قادریہ میں بعد نمازِ فجر یَا عَزِیْزُ یَا اَللّٰہُ سو بار تحریر فرمایا ہے جو کہ خاندانِ قادریہ کا معمول رہا ہے اور مجربات سے ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ کسی دوسرے اسم کے ساتھ پڑھنے میں اس کے فوائد کبریٰ میں کمی نہ ہوگی بلکہ مثل دوسرے اسماء کے زود اثر و قوی تر ہو جائے گا۔ (اقبال احمد) اگر اس کا نقش چاندی پر کندہ کرا کے انگشتری میں رکھ کر پہنے تو دشمن پر غلبہ و تقویٰ حاصل ہو۔ پیش حکام و سلاطین معزز ہو۔ اشرار و خرافات عالم سے مامون رہے۔ اسرار عزت سے آراستہ ہو

(تنویر) اگر اسم پاک کو اس طرح پڑھیں :یَا عَزِیْزُ عَزِّزْنِیْ تُعَزَّزْتُ بِعِزَّتِكَ یَامُعِزُّ نمازِ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان ۲۱۱ بار پڑھیں تو عوام و خواص حکام و رعایا بلکہ ہر شے مسخر ہو اور اپنے گرد ہجوم دیکھے۔ مگر شرط یہ ہے کہ ہر مومن کے ساتھ اخلاق حسنہ سے پیش آئے۔ دیگر عمل شجر زر شبستانِ رضا حصہ اول نمبر ۱۳۳ پر مرقوم ہے۔ جو شخص عمل یَا عَزِیْزُ اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا کسی اور طریقے سے پڑھے تو اس کے آخر میں لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ تا وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمُ ایک بار اول آخر درودِ مندرجہ ذیل دس بار پڑھے (فوائد کبریٰ) صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ یا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَلَّمَ عَلَیْكَ یا حَبِیْبَ اللّٰهِ فضائل آخر میں درج ہیں۔

## ۸۵ ۔ یَا جَبَّارُ یَا قَهَّارُ

یہ دونوں اسم جلالی اور مقہوری اعداء کے لیے بہت زود اثر ہیں ان کے عاملین کو چاہیے کہ اگر کسی کے اسم اعظم میں یہ اسماء یا ان میں کا ایک آئے تو وہ بادشاہ و حاکم یا ان کے مثل رعب و ہیبت عزت و عظمت پائے گا۔ مگر کسی او طریقے اور دشمنوں کے لیے پڑھے تو یہ خیال رکھے کہ دشمن مومنین میں سے ہوں تو ذلیل و خوار اور ان کی ہلاکی کی نیت سے ہرگز نہ پڑھے۔ بلکہ اس لیے کہ دشمن نقصان نہ پہنچا سکیں تو اتنا ہی کافی ہے باقی مرضی مولا پر چھوڑ دے کیونکہ کسی مومن کو ذلیل و خوار و برباد و ہلاک کرنا جائز نہیں۔ اگرچہ اسکا ظلم برداشت سے باہر ہو۔ اپنا مقصد تو اتنا سے حاصل کرے کہ دشمن کی دشمنی کا اثر نہ ہو۔ وباللہ التوفیق۔ دیگر عمل مقہوریٔ اعداء و فتح بر دشمنان شبستان رضا اول نمبر ۱۴۵، ۱۴۷ اور نقش یَا قَاهِرُ نمبر ۱۵۲ پر درج ہے۔ شیخ بونی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اس اسم کی دعوت ۴۰ روز کی ہے۔ دس ہزار مرتبہ روزانہ بہ پابندیٔ شرائط خلوت میں پڑھے۔ نفس میں پاکیزگی اور طبیعت میں انکساری اور نیک نیتی پیدا ہو۔ مقاصد میں کامیابی اور دشمن پر غلبہ حاصل ہو، عظیم القدر اور جلیل القدر و جلیل المرتبہ گردانا جائے۔ (تنویر) شیخ ابوالعباس احمد فرماتے ہیں کہ مریدوں اور اہل ریاضت کے لیے مناسب ہے کہ نفس مغلوب اور شہوت سے محفوظ رہے۔ (تنویر) اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ نے اسم یاجبار یا اللہ پنج گنج قادریہ میں نمازِ عصر کے بعد ۱۰۰ بار تحریر فرمایا ہے۔

## ۸۶ ۔ یَا کَبِیْرُ یَا اَکْبَرُ یَا مُتَکَبِّرُ

امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر مباشرت سے پہلے اس اسم کو دو مرتبہ پڑھ لے تو پروردگار عالم فرزند صالح عطا فرمائے گا (تنویر) شیخ عبدالمجید مغربی نے فرمایا ہے کہ یہ ذکر صالحین اور عابدین کے اذکار ہے۔ اس اسم کے ذاکر میں شائستگی اور امور میں باقاعدگی پیدا ہو جاتی ہے اور نظر عوام و خواص میں عزت و حرمت پیدا ہو جاتی ہے اور ہر سرکش ذلیل و سرنگوں ہو جاتا ہے۔ ۶۳۶ مرتبہ یَا مُتَکَبِّرُ بعد نماز صبح تلاوت کرنی چاہیے۔ اگر کوئی شخص دو سو بتیس مرتبہ اس اسم کبیر کو پڑھے گا۔ بزرگی حاصل ہو۔ شیخ ابوالعباس ابن علی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں

اسم یَا کَبِیْرُ کا ذکر اذکارِ جلیلہ سے ہے اور جو خواص اسم متکبر کے ہیں وہی اسم مبارک کبیر کے ہیں۔ان اسماء کے ذکر سے ہر سرکش اور بادشاہ مطیع ہو جاتا ہے۔(تنویر) دعائے حیدری شمع شبستانِ رضا حصہ اول نمبر ۱۴۵ پر مرقوم ہے جس میں ۱۴۵ اسماء باری تعالیٰ مذکور ہیں۔ان میں اکبر اور متکبر بھی ہیں۔دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے دعائے حیدری قوی تر اور مجرب ہے اکبر کو اسم اللہ کے ساتھ ملا کر پڑھے یعنی اللہ اکبر۔

## ۸۷ ۔ یَا خَالِقُ یَا بَارِئُ یَا مُصَوِّرُ

امام علی رضا ابن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو شخص دستکاری یا کار نازک اور مشق کتابت کرنے یا صاحبِ قلم ہو (یعنی لکھنے کا کام زیادہ کرتا ہو) اور اس میں کسی وجہ سے خلل پڑتا ہو وہ ان اسماء کی تلاوت کرے سب تکالیف دور ہوں اور سہولت حاصل ہو یا سلاطین (حکام بالا) سے تعلقات ہوں اور کوئی درمیان میں فساد کرتا ہو یعنی ان تعلقات میں مخل ہو یا حکام کو برگشتہ کرتا ہو یا اندیشہ ہو تو اسم یا خالق کی تلاوت کی برکت سے تمام درمیانی نقصانات دور ہوں اور جملہ حالات بہتر ہو جائیں۔(تنویر) شیخ مغرب علیہ الرحمتہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص اولاد نرینہ سے محروم ہو یا تنگی رزق کا شکار ہو وہ ان اسماء کا ورد کرے۔اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا کر دے اور وہ اس کے لیے قیامت تک عبادت میں مشغول رہے اور پڑھنے والے کا چہرہ نورانی کر دے اور جو کوئی ہفتہ میں سو بار اسم یا باری پڑھے حق تعالیٰ اس کو قبر میں نہ چھوڑے بلکہ ریاض قدس میں لے جائے۔اور بے اولاد ہو تو سات دن روزہ رکھے اور نزدیک افطار ۲۱ بار یَا مُصَوِّرُ پڑھے اور پانی پر دم کر کے بیوی کو پلا دے فرزند نیک ہو۔(ظفر جلیل)

## ۸۸ ۔ یَا غَفُوْرُ یَا غَفَّارُ یَا عَفُوُّ

امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب انسان پر روزی تنگ ہو یا پریشانی دامن گیر ہو یا کوئی مصیبت پیش آئے یا اولاد کی تمنا ہو یا زیادتی مال و متاع چاہتا ہو اس کو چاہیے کہ خلوص دل سے پروردگار عالم کی درگاہ میں توبہ کرے اس نیت کے ساتھ کہ آئندہ ان خطاؤں کا مرتکب نہ ہو گا تو یہ جس شے کو طلب کرے گا، حاصل ہو گی اور ہر شدت و سختی دور ہو ظالم و موذی کی ایذا اور ظلم سے محفوظ رہے ان امور میں یہ تینوں اسماء سریع التاثیر ہیں (تنویر) پنج گنج قادریہ میں یا غفار یا اللہ کا عمل بھی مرقوم ہے سو بار بعد نمازِ عشاء یہ سب فوائد حاصل ہوں گے۔انشاء اللہ تعالیٰ

## ۸۹ ۔ یَا وَهَّابُ

جو کوئی فقر و فاقہ میں مبتلا ہو، اس اسم کو پڑھے اور لکھ کر پاس رکھے، حق تعالیٰ اس کو اتنا دے کہ حیران رہ جائے اور اگر نماز چاشت کے بعد بھی سجدے میں ۷ بار کہے اللہ تعالیٰ خلقت سے بے پرواہ کر دیتا ہے۔اگر کوئی حاجت اہم ہو تو نصف شب کو وضو کر لے اور ۳ سجدے اور ہر سجدہ میں سو بار وہاب کا ورد کرے اس طرح کہ ہاتھ کی ہتھیلیاں



Marfat.com

اوپر رہیں مثل دعا کے، انشاء اللہ تعالیٰ پہلی شب میں ہی حاجت پوری ہو ورنہ تین شب کرے، کامیاب ہو۔ (ظفر جلیل) اور شیخ مغربی فرماتے ہیں کہ اگر کوئی مہم پیش آئے یا کسی چیز کا طالب ہو یا کوئی مراد حاصل کرنا ہو یا کسی دوسرے کے ہاتھ میں قید ہو یعنی مقروض ہو یا محنت سخت برداشت کرنی پڑتی ہو یا رزق کی تنگی ہو یا طلب راہ حقیقت ہو یا دنیا کا مال حاصل کرنا ہو یا دوست سے ملاقات کی تمنا ہو یا اعلیٰ درجہ کی حکومت (یا ملازمت) حاصل کرنا ہو یا دشمن کو دفع کرنا ہو۔ اس کے علاوہ کوئی سی بھی مراد رکھتا ہو تو بوقتِ نیم شب وضوئے کامل کر کے دو رکعت نماز بجا لائے شب جمعہ ہو تو بہتر ہے اور مسجد میں یا خانہ خلوت میں اس عمل کو کرنا چاہیے۔ بعد نماز سر برہنہ کر کے دست بدعا ہو کر سو مرتبہ یا وہاب کہے بعدہٗ حق تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے اس عمل کو متواتر تین شب کرے انشاء الوہاب مقصد پورا ہو (تنویر) عمل دعوت یا وہاب شمع اول نمبر ۱۸۵ پر بھی مرقوم ہے۔ ہمت اور استقلال درکار ہے۔

## ۹۰۔ یَا رَزَّاقُ

رزق ضروریاتِ زندگی کا نام ہے اور اسم رزاق کے پڑھنے والے کو خزانہ غیب سے روزی ملتی ہے جو کوئی طلوعِ صبح صادق کے بعد نمازِ فجر سے پہلے اپنے مکان کے چاروں کونوں پر کھڑے ہو کر دس دس بار اسم یا رزاق تلاوت کرے کبھی اس کے گھر میں ضعف اور مفلسی نہ ہو۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ گھر میں قبلہ رخ کھڑا ہو اور داہنے ہاتھ کے گوشے سے شروع کرے اور اس کونے سے دوسرے کونے تک اس طرح جائے کہ قبلہ سے رخ نہ پھرے اور ہر گوشے میں قبلہ رخ ہی کھڑا ہو کر یہ اسم پڑھے۔ بہت مجرب ہے (ظفر جلیل) شمع اول ۱۲۹ نمبر پر بھی اس کا عمل درج ہے۔ جناب امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو شخص تین سو آٹھ مرتبہ بعد نمازِ فجر پڑھ لیا کرے تو رزق کشادہ ہو اور شیخ بونی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو نصف شعبان میں کثرت سے پڑھے اور انگشتری میں کندہ کر کے پہن لے تو پروردگارِ عالم سال بھر کا رزق عطا فرمائے (تنویر) یہ نقش مسلمان کو حروف میں اور غیر مسلم کو ہندسوں میں لکھ کر دو۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ان اللہ ۵۵۲ | ھوالرزاق ۵۶۶ | ذوالقوۃ ۵۶۳ | المتین ۵۶۰ |
| المتین ۵۶۴ | ذوالقوۃ ۵۵۹ | ھوالرزاق ۵۵۳ | ان اللہ ۵۶۵ |
| ھوالرزاق ۵۵۸ | ان اللہ ۵۶۱ | المتین ۵۶۸ | ذوالقوۃ ۵۵۴ |
| ذوالقوۃ ۵۶۷ | المتین ۵۵۵ | ان اللہ ۵۵۷ | ھوالرزاق ۵۶۲ |

## ۹۱۔ یَا فَتَّاحُ

یہ اسم مبارک ہر کار مشکلہ جس کا حل دشوار ہو، اس اسمِ مبارک اور پاک کی برکت سے آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔ ظفر جلیل میں ہے جو بعد نماز فجر دونوں ہاتھ سینے پر رکھ کر ستر (۷۰) بار یا فتاح کا ورد کرے اس کے آئینہ دل سے زنگ و میل دور ہو اور نور و صفائی کی ارزانی ہو یہ اسم پاک امتحان دینے والوں اور وکیلوں، مناظروں، نئی نئی ایجادات کرنے والوں، مفکروں، مبلغوں اور مقرروں کے لیے شمع شبستان کا کام دیتا ہے۔ شیخ بونی رحمتہ اللہ علیہ



Marfat.com

فرماتے ہیں یہ اسم سالکوں کے لیے مناسب ہے جو کثرت سے اس کا ورد کرے تو پروردگار ابواب فتح ونصرت کشادہ فرمادے اور جو شخص دو رکعت نماز ادا کرے رکعت اول میں بعد فاتحہ یٰسین شریف اور دوسری میں بعد فاتحہ سورۂ تبارک الذی پڑھے بعد نماز ۴۸۹ مرتبہ یا فتاح پڑھے تمام مشکلات آسان ہوں ہر حاجت برآوے۔ غیبی امداد شامل ہو (تنویر) اس اسم کا پڑھنے والا تسخیر اور مقدمات میں کامیابی کے لیے نقش محیط الاسرار شریف سامنے رکھے اور نگاہ اس پر رہے۔ آنکھ میں تسخیر پیدا ہو۔

## ۹۲۔ یَا عَالِمُ یَا عَلِیْمُ

امام ہمام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں اگر کوئی اپنے دل میں اس اسم کی کثرت کرے تو پروردگار اپنے خزانۂ علم سے سرفراز فرمائے (تنویر) یہ اسم پاک استخارے اور اسرار مخفی کے اسرار کے اظہار کے لیے مخصوص ہے۔ گر یہ جاننا چاہے کہ اس مقدمہ کا انجام کیا ہوگا۔ لڑائی میں کس کی فتح ہوگی۔ تجارت میں نفع ہوگا یا نقصان شرکت مفید ہوگی، سفر اچھا ہوگا، اسی قسم کے دیگر امور مخفی جو قبل از وقت معلوم کرنا چاہتے ہوں تو تین شب جمعہ، بعد نصف شبہ باوضو تازہ دو رکعت نماز ادا کرے اور بعد نماز ایک سو پچاس مرتبہ اس اسم کو پڑھے اس کے بعد بستر خواب پر جائے اور درود میں مشغول رہے یہاں تک کہ سو جائے، بس انشاء اللہ خواب میں بتا دیا جائے گا اور جو کچھ معلوم ہوگا اس میں بغیر کسی ولی کامل کی دعا کے ردوبدل نہ ہوگا۔ یعنی جو معلوم ہوگا ویسا ہی ظہور میں آئے گا۔ (تنویر)

## ۹۳۔ استخارہ سے متعلق خصوصی ہدایت

اگر استخارہ سے کسی عظیم نقصان کی خبر ملے تو پریشان نہ ہو کہ یہ ہو کر رہے گا مگر بعض عمل ایسے ہیں جن کے کرنے سے قضائے مبرم ٹل سکتی ہے۔ دعا جامع المطلوب ودافع الکروب اور عمل تسخیر وعقد المحبت جو ابتدائے کتاب میں مرقوم ہے اس کے لیے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ اکثر بزرگانِ دین اسمائے حسنیٰ کے ورد کو بھی مجرب فرماتے ہیں اگر اس اسم مبارک کو چار سو پچاس مرتبہ اور پانچ سو (۵۰۰) بار درود شریف پڑھے تو ہر مشکل آسان ہو (تنویر) عمل یَا عَلِیْمُ شمع اول نمبر ۱۳ پر بھی درج ہے اور بھی کئی عمل مرقوم ہیں۔

## ۹۴۔ یَا قَابِضُ

اگر دشمن قوی ہو یا جان ومال کا خطرہ ہو۔ اس اسم کو تین شب متواتر بہ نیت آوارگی دشمن پڑھے، دشمن مقہور ہو اور مقصد حاصل ہو۔ یہ وہ اسم ہے کہ اس کی قوت سے فرشتۂ موت روح قبض کرتا ہے اگر کوئی شخص اس کا ورد کرے تو اسکی مشکلیں آسان ہوں اور قوت وہیبت زیادہ ہو۔ اس اسم کا نقش خون اور بواسیر روکنے کے لیے اکسیر ہے۔ (تنویر) یہ نقش شمع اول نمبر ۳۵ پر درج ہے۔ جو شخص پیسے کے لین دین کے وقت یہ اسم پڑھے کبھی نقصان نہ ہو۔

## ۹۵۔ یا باسِطُ

امام اعظم رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ ارشاد فرماتے ہیں اگر بوقت صبح دس مرتبہ ہاتھ پھیلا کر یا باسط کہے اور ہاتھ چہرے پر مل لے تو حق تعالیٰ کسی کا محتاج نہ کرے۔ رزق کشادہ ہو۔ غم والم دور ہوں، تنگدست اور مبتلائے قحط نہ ہو (تنویر) شیخ بونی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر طالب صادق اس اسم کو اس طرح پڑھے کہ اپنے نفس کو شہوت سے جسم کو حرام سے زبان کو کلام بد سے، نظر کو محرمات سے کان کو غیبت سے، ہاتھ کو ممنوعات سے، دل کو معاصی سے، عقل کو خواہش سے روح کو کرامت کی طرف التفات کرنے سے اور غیر کی جانب خمیدہ ہونے سے روکے تو کامل ہو جائے۔ تسخیر کے لیے اسم یا باسط یا ودود کا ورد کرے۔ برائے وسعتِ رزق عمل یا باسِطُ شمع اول ۱۳۲ پر درج ہے۔ عاملین فرماتے ہیں کہ اسم یا ودود یا باسط کے اعداد میں اپنے نام کے اعداد شامل کر کے اس طرح نقش بنائے کہ اللّٰہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء کا مربع حصار کیے ہو تو اس کے پہننے یا گلہ یا غلہ میں رکھنے اور دوکان پر لگانے سے ایسی برکت ہو کہ حیران رہ جائے (مگر اللہ کے نام پر یومیہ آمدنی سے کچھ نکالنا ضروری ہے۔)

<table>
<tr><td>اللّٰہ لطیف</td><td>بعبادہ</td><td>یرزق</td><td>من یشاء</td></tr>
<tr><td>من یشاء</td><td colspan="2" rowspan="2">یرزق بعبادہ<br><br>اللّٰہ لطیف من یشاء</td><td>اللّٰہ لطیف</td></tr>
<tr><td>بعبادہ</td><td>یرزق</td></tr>
<tr><td>یرزق</td><td>من یشاء</td><td>اللّٰہ لطیف</td><td>بعبادہ</td></tr>
</table>

## ۹۶۔ یا خَافِضُ

یہ اسم پاک دشمنوں کی شقاوت وعداوت سے محفوظ و مامون رہنے کے لیے خاص ہے۔ شیخ بزرگ فرماتے ہیں جو شخص حیوانی فضائل سے اپنے نفس کو پاک کر کے اس اسم کو پڑھے۔ دشمن پر فتح ہو اور مخلوق پر برگزیدہ اور مالدار ہو (ظفر جلیل) اگر اسم یا رافع یا خافض کے اعداد میں اپنے نام کے اعداد شامل کر کے نقش ریشمی کپڑے یا چاندی پر کندہ کرا کے اپنی ٹوپی کے اندر سی لے تو ضعف وغم دور ہو۔ تحصیل علم میں آسانی ہو۔ امتحان میں امتیازی نمبر حاصل ہوں۔

## ۹۸۔ یا مُذِلُّ

شیخ جلال الدین محمود تبریزی فرماتے ہیں اگر دشمن قوی ہو جابر و ظالم ہو، جس سے خوف جان لاحق ہو تو وضو کامل کر کے دو رکعت نماز ادا کرے بعد نماز سجدے میں ۷۷ مرتبہ یہ اسم بتضرع وزاری پڑھے، حق تعالیٰ امان میں



Marfat.com

رکھے دشمن ذلیل وخوار ہو (تنویر) یہ علم تسخیر عطارد کے لیے ہے۔ شیخ شہاب الدین سہروردی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ اگر تسخیر عطارد کی تمنا ہے تو ساٹھ روز کی خلوت اختیار کرے اور دس ہزار مرتبہ روزانہ یَا مُذِلُّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَھْرِ عَزِیْزٍ سُلْطَانُہٗ یَا مُذِلُّ کی تلاوت کرے اور ان ایام میں دوسرا کوئی وظیفہ یا عمل ہرگز نہ پڑھے۔ بید انجیر سے چوکی سہ پایہ تیار کر کے اور ہر پایہ پر اسم مذکور تحریر کرے اور بالائے چوکی اسم یا اللہ تحریر کرے اور زیریں چوکی بخور روشن کرے اور سوائے ضروریاتِ ضروریہ کے خلوت سے باہر ہرگز نہ جائے نہ کسی کو اندر آنے دے آخر دعوت ملک عطارد بصورتِ مرد پیر حاضر ہوگا اور مژدہ مبارک کے ساتھ اطاعت وتسخیر قبول کرے گا۔ اس کے بعد عامل کو اختیار ہے کہ جس وقت چاہے ملک عطارد کے بتائے ہوئے قاعدے کے مطابق اس سے ملاقات کرے۔ (تنویر)

اس کے عامل میں بہت سی خوبیاں پیدا ہوں گی۔ زبان سے علم وہنر کی باتیں ادا ہوں جن کو سن کر عقلاء زمانہ تعجب کریں، حق سبحانہ تعالیٰ عزیز ومحترم گردانے، ذلت وخواری دور ہو اور عامل کے اک اشارے پر ذلیل عزیز اور عزیز ذلیل ہوں۔ گدا مسند بادشاہی کرے اور بادشاہ گدا ہو جائے۔ (تنویر)

## ۹۹۔ یَا سَمِیْعُ

امام علی رضا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس اسم پاک کو پڑھنے والا مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے۔ اہل تحقیق لکھتے ہیں کہ اس کے عامل کو چاہیے کہ فحش غیبت سے اپنی زبان وکان کو بچائے۔ محمد احمد تمیمی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ اگر روزانہ بعد نمازِ فجر سات مرتبہ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ پڑھے تمام دن مہمات سے کفایت فرمائے اور مشکلات سے محفوظ رہے۔ (تنویر) اگر اس کا نقش لکھ کر اپنی ٹوپی میں رکھے مراتب بلند ہوں عزیز الخلائق ہو۔ (مجموعۂ اعمال) شمع اول نمبر ۱۴۰۔ دوسرا عمل دشمن وبدگو، بدخواہ کو مسخر کرنے کا شمع اول نمبر ۱۶۳ پر درج ہے۔ اگر اس کے نقش کو شرف قمر میں کندہ کرا کے انگشتری میں پہنے اور اس اسم کو بکثرت پڑھے تو مقبول القول اور مستجاب الدعوات ہو جائے، فتوح بے شمار حاصل ہوں۔ (تنویر) اس کا نقش دھو کر بواسیر والے کو پلائے شفاء ہو۔ اگر آٹھ یوم چار سو اڑسٹھ (۴۶۸) مرتبہ جس نیت سے پڑھے وہ مراد حاصل ہو۔ (تنویر)

## ۱۰۰۔ یَا بَصِیْرُ

اہل تحقیق فرماتے ہیں جو اس اسم کا ورد کرے اور اپنی چشم کو عیوبِ خلق اور امر خلافِ شرع سے روکے تو اللہ تعالیٰ اسے بینائی ظاہر وباطن عنایت فرمائے اس اسم مبارک کی برکت سے انبیاء علیہم السلام کو معراج حاصل ہوئی اور اولیاء مقرب بارگاہِ الٰہی ہوئے اگر روزِ جمعہ نمازِ سنت اور فرض کے درمیان ایک سو مرتبہ اسم کی تلاوت کرے تو عنایات ومکاشفات واسرار، اسمائے الٰہی سے مشرف ہو۔ (تنویر) ظفر جلیل میں روز پنجشنبہ لکھا ہے۔ بہتر ہے کہ روز پنجشنبہ اور جمعہ دونوں دن نمازِ فجر کی سنت وفرض کے درمیان پڑھے اور عصر کی سنتیں پڑھ کر اس اسم کی تلاوت کرے پھر



Marfat.com

فرض با جماعت ادا کرے۔ (اقبال احمد)

## ۱۰۱ ۔ یَا حَاکِمُ یَا حَکَمُ یَا حَکِیْمُ

اس اسم میں صفات ہائے عجیب و غریب ہیں کوئی مہم درپیش آئے قید و مجبوری، قید و غربت، تنگی معیشت دور اندیشی یا مثل اس کے تو اس اسم کا ورد کرے شیخ بونی علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی اسم کی مداوت کرتا ہے اس پر امورِ حقیقیہ اور مواہب الٰہیہ کھول دیے جاتے ہیں اور اگر کوئی اس اسم کے اعداد کے موافق روزانہ بعد ہر نماز کے تلاوت کرے تو پروردگارِ علم، فہم وحکمت عطا فرمائے اور اس مشکل کو سلجھانے میں دشواری نہ ہو۔ (تنویر) اس اسم کا عامل جس مشورے میں شریک ہو بہتر اور مفید رائے دے۔ اور اس کی رائے علم وحکمت وفہم ودانش پر مبنی ہو جس مشکل کا حل بڑے بڑے مفکر اور اہل دانش نہ نکال سکتے ہوں اس کا حل اس کا عامل تلاش کرے گا۔ اس لیے حکیم و ڈاکٹر اور وکیلوں کے لیے اس اسم اعظم کی تلاوت مفید ہے۔

## ۱۰۲ ۔ یَا عَادِلُ یَا عَدْلُ

جو مرد مومن قبر وحشر کی ہولنا کیوں سے ڈرتا ہو اور یہ خوف ہو کہ میرے ماتحت اور محکوم افراد کو میری ذات سے کوئی اذیت یا دکھ پہنچ گیا ہو تو قبر و قیامت میں اس کی سزا کیا ہوگی۔ کیونکہ ارشادِ باری ہے کہ میں اپنے رحم و کرم سے اپنے قصور تو معاف فرمادوں گا مگر میرے کسی بندے کے حقوق کسی پر ہوں تو وہ میں معاف نہ کروں گا۔ وہ بندہ خود معاف کردے تو اسے اختیار ہے۔ لہٰذا آخرت کی باز پرس سے ڈرنے والے افسران، مجسٹریٹ، جج اور کارخانوں کے منیجر و مالکان وغیرہ کو اس اسم کا ورد کرنا چاہیے۔ یَا عَادِلُ کے عدد (۱۰۵) ان اعداد کو ۴ سے اور یَا عَدْلُ کے ۱۰۴ اعداد کو ۳ سے ضرب دے کر پڑھے تو اللہ تعالیٰ اپنی صفت عدل کا پرتو اس پر ڈال دے۔ ۱۲۔ اگر ہر شب جمعہ کو ۲۰ روٹی کے ٹکڑوں پر تحریر کر کے کھائے تو نور ایمان زیادہ ہو، خامیاں اور برائیاں دور ہوں گی اگر بعد نمازِ صبح بغیر کسی سے بات کیے پانچ ہزار تین سو سولہ بار پڑھے تو پروردگار عالم جمیع ظالمان کو دفع فرمائے اور امن وسکون حاصل ہو اور نماز سے پہلے چار مرتبہ العدل کہے تو دعا مستجاب ہو (تنویر) جو شخص بروز جمعہ روٹی کے بیس ٹکڑوں پر لکھ کر کھائے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے خلق کو مسخر کردے۔ (ظفر جلیل)

## ۱۰۳ ۔ یَا لَطِیْفُ

اس اسم کی برکت سے حق تعالیٰ طالبان کو علم عطا فرماتا ہے اور عابدین و مومنین کے اعمال کو اس کے صدقہ میں ملائکہ آسمان پر لے جاتے ہیں جو شخص اس اسم کی مداومت کرے اس کو چاہیے کہ خلقِ خدا سے بہ لطف و شفقت پیش آئے تاکہ حق تعالیٰ ذاکر کو مظہر لطف بنادے (تنویر) جو ملازمت یا روزگار سے محروم ہو یا فقر و فاقہ میں مبتلا ہو یا کم آمدنی کی وجہ سے پریشان ہو یا بوجہ غربت کوئی مونس نہیں یا بیمار ہے اور غمخوار نہیں یا لڑکیاں ہیں اور شادی نہیں



Marfat.com

ہوتی یا کثیر العیال ہے تو وضو کامل کرے اور دو رکعت نماز ادا کرے اور اس اسم کو حصولِ مقصد کے لیے سو بار پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے کام کو سرانجام فرمائے گا، انشاء اللہ۔ (ظفر جلیل) عمل یا لطیف مجرب وسعت رزق کا شمع اول نمبر ۱۲۷ پر دیکھیے۔

## ۱۰۴ ۔ یَا خَبِیْرُ

اس اسم کا عامل عالم خواب و بیداری میں پوشیدہ حالات سے باخبر ہو جاتا ہے۔ (تنویر) یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا شَهِیْدُ اَرْشِدْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یعنی دو رکعت نماز ادا کرے اور اس کا ثواب سیدنا غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روح پاک کو بخشے اور بعد نماز ۱۲۱ بار یہ عزیمت پڑھے جو معلوم کرنا ہو عالم خواب یا نیم خواب، نیم بیداری یا عالمِ بیداری میں دیکھ لے۔ (مجموعہ اعمال)

## ۱۰۵ ۔ یَا حَلِیْمُ

اہل تحقیق نے فرمایا ہے کہ اسم کی برکت سے مخلوق کا آب و طعام مرتب کیا گیا ہے اور اسی کی برکت سے عالم قائم ہے۔ اگر کوئی ۸۸۳ بار روزانہ تلاوت کرے تو خلقت مہربان ہو۔ (تنویر) اس اسم کو کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر وقتِ آبپاشی کھیت میں چھڑکے۔ زراعت میں برکت اور کھیتی آفاتِ ارضی و سماوی سے محفوظ رہے گی۔ (ظفر جلیل) شیخ حاجی ناصر الدین اور شیخ عبد المجید مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہما متفق ہیں کہ اگر بیمار کے سرہانے ایک بار سورۂ فاتحہ اور دس بار یَا حَلِیْمُ پڑھے تو مرض کے ہیجان اور شدت میں فوراً تخفیف ہو اور مریض شفایاب ہو (تنویر)

## ۱۰۶ ۔ یَا عَظِیْمُ

شیخ مغرب علیہ الرحمۃ ارشاد فرماتے ہیں کہ اس اسم کا ذاکر جس کی جانب نگاہ اٹھاوے وہ بیساختہ تعظیم کے واسطے کھڑا ہو جائے۔ (تنویر) جس شخص کو لوگ بہ نظر حقارت دیکھتے ہیں بوجہ غربت و افلاس، تنگی رزق و بے روزگاری یا جو شخص اپنے علم اور خاندانی افتخار کے مطابق عہدہ یا ملازمت حاصل کرنے میں ناکام رہے وہ شرفِ آفتاب میں نقش مربع چاندی پر کندہ کرا کے انگشتری میں رکھے اور اس اسم کا ورد کرے، معظم و مکرم ہو۔

## ۱۰۷ ۔ یَا شَكُوْرُ

اہل تحقیق فرماتے ہیں اس اسم کا ذاکر مستجاب الدعوات ہو جائے اور پروردگارِ عالم اپنے انعامات کے لیے مخصوص فرمالے اور مقام کشف حاصل ہو، دنیا و آخرت کی نیکیاں اور بھلائیاں حاصل ہوں (تنویر) اگر آنکھوں کی روشنی کم ہو جائے یا بصارت ختم ہو جائے اس اسم کو ۴۱ بار پڑھ کر اپنے ہاتھوں میں پانی لے کر دم کرے اور منہ پر ڈالے اور آنکھوں پر ملے مولیٰ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی واپس فرمادے۔ (ظفر جلیل)



Marfat.com

## ۱۰۸ ۔ یَا عَلِیُّ

جو شخص اس اسم کی تلاوت کرے اگر ذلیل وخوار ہو تو عزیز ادنیٰ ہو تو اعلیٰ مرتبے پر پہنچے فقیر ہو تو مالدار ہو جائے۔ غریب الوطن ہو تو وطن کی واپسی کا سامان مہیا ہو جائے۔ دشمن پر تسلط ہو، ملوک وسلاطین میں تقرب حاصل ہو۔ اگر اس اسم کا نقش انگشتری میں پہنے اور اس کا ورد کرے تو ایسے عجیب وغریب اثرات ملاحظہ فرمائے کہ خو حیران ہو جائے۔ اگر حاکم یا بادشاہ ہے تو لشکر ورعایا اطاعت میں سر تسلیم خم کر دے اور اگر وہ انگشتری لڑکی کو پہنا جائے جس کی شادی نہ ہوئی تو یہ برکت اسمِ معظم کی ہوگی کہ پیغام آنا شروع ہو جائیں۔ (تنویر) بہتر ہے کہ عَلِیُّ الْعَظِیْمُ کو ملا کر پڑھے یا اسم علی اور عظیم کو پڑھنے کے بعد آیۃ الکرسی شریف کو تین بار پڑھے۔

## ۱۰۹ ۔ یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ

اس اسم کا عالم خوف حاکم، ظلم ظالمین، شر شیاطین سے محفوظ رہتا ہے۔ چرند وپرند، حشرات الارض سے محفوظ مامون رہتا ہے۔ جنگلات کا کام کرنے والوں، فوجی جوانوں، جہاز رانوں کو اس کا ورد ضرور کرنا چاہیے۔ ساتھ بچوں کو آسیب و بیماری سے محفوظی کے لیے اس کا نقش دینا چاہیے۔ امام علی رضا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تعداد کے مطابق کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھے تو وسوسۂ شیطان وخیالاتِ فاسدہ، خوف سلاطین، سانپ، بچھو کے گز سے محفوظ رہے۔ لاعلاج مریض کو باندھے شفایاب ہو (تنویر)

## ۱۱۰ ۔ یَا مُقِیْتُ

یہ اسم نفس کو مطیع اور روح کو مسخر کرنے میں یکتا ہے یعنی جو شخص نفس کو تابع کر لیتا ہے وہ پانی پر مثلِ زمین اور فضائے بسیط میں پرواز کرتا ہے اور روح مسخر ہو جاتی ہے تو جسم روح کی مانند لطیف ہو جاتا ہے اس کے قرب وبعد یکساں ہو جاتے ہیں روح کی طرح جسم آسمانوں کی سیر کرتا ہے اور یہ اسم بے سہاروں کا سہارا اہل تحقیق نے فرمایا ہے کہ اس اسم کے دریائے معرفت میں غرق ہو کر پڑھے اور اپنا زیادہ وقت خدمت خلق صرف کرے اور ہر دوست و دشمن پر شفقت وجود وسخا کرنے میں دریغ نہ کرے تا کہ حق تعالیٰ نفس کو مطیع اور رو کو مسخر فرما دے۔ (تنویر)

## ۱۱۱ ۔ یَا حَسِیْبُ

اس اسم کی برکت سے کراماً کاتبین اور ملائکہ مقربین بندوں کے اعمال پر مطلع ہوتے ہیں۔ شر وخوف دشمن اور بدمزاج بدکار عورت، اسی طرح بیوی اپنے عیاش اور بدکار مرد کے لیے، ملازم اپنے جابر وظالم حاکم جس سے وقت عزت وآبرو کا خطرہ ہو تو چہار شنبہ یا پنجشنبہ کو روزہ رکھے اور بعد ہر نماز ۷ مرتبہ کہے۔ حَسْبِیَ اللّٰہُ انشاء

چند بار عمل کرنے سے عاداتِ بد و افعالِ قبیحہ سے نجات حاصل ہو (تنویر) اگر اعداد اسم کے مطابق بغیر صوم ورد کرے تو اس سے حاجات بر آویں۔ مال و اہل فرزند آفاتِ ارضی وسماوی سے محفوظ رہیں۔ شریر کند ذہن، کام اور پڑھنے سے بھاگنے خوف وڈر سے رونے یا نظر سے بیمار ہونے والے بچوں کو مٹی کے پیالے یا آبخورے پر یا حبیب ویا مقیت سات بار پڑھ کر دم کرے بعدہٗ پانی اس میں سے خود پیے اور بچا ہوا پانی بچے کو پلائے۔ (ظفر جلیل)

## ۱۱۲۔ یَا جَلِیْلُ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

یہ دونوں اسم خواص میں یکتا ہیں۔ حضرت امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں (ان میں سے کوئی) اسم اگر سات روز تک روٹی کے ایک ٹکڑے پر لکھ کر خود کھائے باقی روٹی صدقہ کردے تو تمام مخلوق مسخر ہو اور باکرام پیش آئے۔ اس اسم کا پڑھنے والا خدا اور بندگانِ خدا کے سامنے معزز و مکرم ہو اور جمیع مقاصد و مرادات حاصل ہوں۔ اگر سفید کاغذ پر لکھ کر مکان میں رکھے برکت ہو، لوگ اس کی جانب رجوع کریں۔ (ظفر جلیل)

حاملہ عورت باندھے تو حمل اسقاط سے محفوظ رہے اور بچہ جن و آسیب، ام صبیان کے خلل سے مامون ہے۔ اگر کھانے یا پانی پر دم کر کے طرفین کو کھلائیں تو صلح ہو، سیسہ کی تختی پر لکھ کر مطلوب کی صورت بنا کر اس کے مکان میں رکھ دیں۔ نکسیر جاری ہو اور مٹی کا پتلا بنا کر لکھ کر سکھا کر برادہ بنا کر ظالم کے گھر میں ڈالے برباد ہو جاوے۔

## ۱۱۳۔ یَا مُقْسِطُ

یہ اسم قوی باہیبت ہے۔ اس کے پڑھنے والے سے لوگ خوفزدہ رہتے ہیں۔ بڑے سے بڑا جابر و مفسد اس سے آنکھ ملانے سے گریز کرتا ہے۔ اس کے عامل میں یہ صفت اس وقت تک باقی رہتی ہے جب تک وہ کسی کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک نہ کرے اگر کسی کا حق کسی نے دبا رکھا ہے۔ اگر شوہر بے انصافی سے عورت کا حق غصب کرتا ہے تو اس اسم کے اعداد کے مطابق پڑھے اگر چالیس روز تک اس کا اثر شوہر کے فعل سے ظاہر نہ ہو یعنی شوہر اس کا حق محبت، حق زوجیت ادا نہیں کرتا تو یہ ہرگز نہ سمجھے کہ اس کا اثر نہیں ہوا بلکہ اپنا حامی تصور کرے کہ مجھ پر بھی شوہر کا حق باقی ہے اور میں اس کو ادا نہیں کر پاتی۔ یہ خیال کر کے ہر تکلیف برداشت کرتے ہوئے شوہر کی خدمت کرے اور اس اسم کا ایک چلہ کرے اس نیت سے کہ اگر مجھ میں خامی ہے تو میری اور میرے شوہر کی اصلاح فرمادے اپنے عدل سے۔ (اقبال احمد)



Marfat.com

## ۱۱۴ ۔ یَا جَامِعُ

اس اسم کی برکت سے جمیع مخلوقات جناب سلیمان علیہ السلام کی مسخر تھی (تنویر) اگر کوئی شخص پریشان حال ہو، اعزاء واحباب سے دور ہو، محبوب کی جدائی میں بے قرار ہوتو بروز یکشنبہ بوقت چاشت غسل کرے اور دو رکعت نماز ادا کر کے منہ آسمان کی طرف کرے، دونوں ہاتھ پھیلا کر دس مرتبہ یا جامع کہے اور اس طرح کہ جب پہلی بار جامع پڑھے داہنے ہاتھ کی ایک انگلی بند کرے، دوسری بار پر دوسری اسی طرح دس بار میں دسوں انگلیاں بند کر لیں پھر بے شمار اس اسم کا ورد کرے بعدۂ ہاتھ کھول کر منہ پر پھیر لے محبوب حاضر ہو۔ (ظفر جلیل) یہ عمل ہرگز ہرگز غیر عورت یا غیر مرد کے لیے تو کیا اس کے لیے بھی نہ کرے جس سے منگنی ہو چکی ہو نکاح نہ ہوا ہو صرف فرار شدہ یا میکے بیٹھ جانے والی کے لیے اسی طرح وہ عورت اپنے شوہر کے لیے بھی کرے جس کا شوہر غائب یا لڑ کر چلا گیا ہو۔

## ۱۱۵ ۔ یَا کَرِیْمُ

شیخ ابوالعباس احمد بن علی بونی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں جو شخص اس اسم کی مداومت کرے تو مدتِ حیات تک معزز و مکرم رہے اور مستجاب الدعوات ہو جائے۔ تنگدستی و مفلسی دور ہو۔ دولت اور وسعت رزق حاصل ہو (تنویر) اس اسم کی برکت سے علم و دولت وعزت وشہرت جو بھی نعمت حاصل ہو وہ کریم و سخی دے کر واپس نہ لے، اس یقین کے ساتھ عمل کرے۔ اگر سوتے وقت بستر پر لیٹنے کے بعد پڑھے اور پڑھتے پڑھتے سو جائے تو شب بھر فرشتے اس کے لیے دعا کریں۔ (ظفر جلیل) پنج گنج قادریہ میں یا کریم یا اللہ بعد نماز ظہر سو بار مرقوم ہے۔ (الوظیفۃ الکریمیہ)

## ۱۱۶ ۔ یَا رَقِیْبُ

یہ اسم پاک محافظتِ حسن و جمال اولاد، زر و مال، کاروبار، کھیتی، ملازمت وغیرہ کے لیے ہے، یہ اسم معانی اوصاف میں بہت وسیع ہے۔ اگر کسی کے حسن جمال، اولاد، اموال عزت و مال کے حاسد ورقیب زیادہ ہوں، یا کسی کی منگنی ہو چکی ہو اور حاسدین درمیان میں حائل ہوں اور کشیدگی پیدا کی گئی ہو تو اس اسم کا ورد کرنا چاہیے۔ جو مال ملکیت بوجہ دشمنی وحسد چھن گئی ہو اس کے حصول کے لیے بھی اس کا عمل بہتر ہے۔ حضرت امام علی رضا رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ جس دشمن کے مقابلہ کی طاقت نہ ہو اس کے لیے سات بار ہر نماز سے پہلے پڑھ لیا کرے (تنویر) گھر بار کھیتی وغیرہ کو تنہا چھوڑتے وقت دشمن کے نقصان پہنچانے کا خطرہ ہو تو اس اسم کو سات بار پڑھ کر جس کی حفاظت مقصود ہو تو اس کے گرد دم کر دے واپسی تک کوئی نقصان نہ پہنچا سکے۔ (ظفر جلیل)

## ۱۱۷ ۔ یَا مُجِیْبُ

اس اسم کی برکت سے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے گلے پر چھری کند ہو گئی تھی۔ امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر جو دعا مانگی جائے قبول ہو۔ اگر کسی دعا و عمل کے آخر میں ۲۶ مرتبہ



Marfat.com

یا سریع یا مجیب پڑھے تو فوراً ظہور ہو۔ (تنویر) شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس اسم کے نقش کو پاس رکھے تو ہر بلا سے محفوظ رہے۔ اگر کوئی سخت مہم درپیش ہو یا کسی امر میں مضطرب ہو تو ایک مجلس میں نوے ہزار مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ حاجت پوری ہو بغایت مجرب ہے (تنویر) شیخ بونی رحمۃ الرحمۃ نے فرمایا ہے کہ اگر کسی حاکم یا بادشاہ کو مسخر کرنا ہو تو اس کی تصویر خلوت میں اپنے پاس رکھے اور اس اسم کے نقش کو نئی ٹھیکری پر لکھ اپنے پاس رکھے اور خلوت میں اس اسم کو پڑھنا شروع کرے۔ مقصد حاصل ہو۔ اگر اس کا نقش چاندی پر کندہ کرا کے پاس رکھے قبولیتِ دعا کی برکت حاصل ہو۔ (ظفر جلیل)

## ۱۱۸ ۔ یَا وَاسِعُ

اہل طریقت نے فرمایا ہے کہ جو شخص حریص ہو تو اس کے لیے یہ اسم نافع ہے۔ اگر ۳۷ بار روزانہ ورد میں رکھے تو حق تعالیٰ اپنے افضال کی بارش فرمائے۔ اگر کوئی ۱۰۲۵ مرتبہ پڑھے علو مرتبہ، منزلتِ عالی، تسخیر قلب سلاطین و امراء، رفعتِ جاہ و منزلت، احوال عجیب و حالاتِ غریب اور وسعت رزق کے مفاد حاصل ہوں۔ اگر اس کے نقش کو لکھ کر کسی مکان یا دوکان یا ذخیرہ، تجوری میں رکھیں برکت حاصل ہو۔ (تنویر) تسخیر کے لیے ۷۰ یوم روزانہ ۷۰ مرتبہ پڑھے تو عالی مرتبت ہو تمام مخلوق مطیع و مسخر ہو وسعتِ رزق کے لیے ۱۵ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھے۔ (تنویر)

## ۱۱۹ ۔ یَا وَدُودُ

یہ اسم حب کے لیے عاملین میں بہت مشہور ہے۔ اہل تحقیق فرماتے ہیں کہ اگر اس کا عامل اپنے بیگانے ہر ملنے والے سے اخلاق و محبت سے پیش آئے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنا محبوب بنالے۔ (تنویر) امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اگر کوئی خواہشات نفسانی میں متبلا ہو، شرابی یا زانی ہو، کذاب اور ایذائے اہل اسلام میں کوشاں رہتا ہو تو ۹۶۰ مرتبہ اسم یا ودود اور اول و آخر ۵۳ بار یہ آیۂ کریمہ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَ يُعِيْدُ۔ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ۔ پڑھے پھر یہ دعا پڑھے انشاء اللہ نیک انسان بن جائے گا۔ اسی طرح فاحشہ عورتوں کو سدھارنے کے لیے بھی یہ عمل کرنا چاہیے۔ (تنویر)

## ۱۲۰ ۔ یَا مَاجِدُ یَا مَجِیْدُ

جو شخص صاحب عزت و بزرگی ہونا چاہے اس اسم کا ورد کرے۔ اگر کوئی شخص ذلیل و رسوا ہو یا کسی وجہ سے یہ گمان ہو کہ ذلیل و رسوا ہو جائے گا۔ مثلاً کسی کی امانت رکھی تھی، خرچ کر چکا یا مالدار تھا اب مفلس ہے اور لڑکے یا لڑکی کی شادی کرنا ہے جس میں پردہ فاش ہونے کا اندیشہ ہے تو اس اسم کا ورد کرے مولیٰ تعالیٰ اس کی برکت سے ایسا ذریعہ عطا فرمادے گا کہ ذلت و رسوائی سے محفوظ رہے گا۔ (تنویر) امانت میں خیانت، رشوت یا مزدور و ملازم کا

پیسہ کوئی الزام رکھ کر کاٹنا یا کسی کی بھول سے فائدہ اٹھانا اس کی رقم مار لینا حرام ہے۔ ایسا کرنے والا اپنے پچھلے فع
سے توبہ کرے اور آئندہ کے لیے عہد کرے، پھر عمل کرے شیخ ابوالعباس فرماتے ہیں کہ یہ عمل امراء اور بادشاہو
کے حسب حال ہے۔

## ۱۲۱ ۔ یَا بَاعِثُ

اس اسم کو برائے صفائی باطن و دفع وسوسۂ شیطان و تزکیۂ نفس پڑھے۔ اگر کسی شخص میں شہوت، غفلت و حر
اور بخل بہت ہو تو اس اسم کو بوقتِ خواب لیٹ کر سینے پر ہاتھ رکھ کر پانچ سو (۵۰۰) بار پڑھنا چاہیے۔ (تنویر)
عبدالمجید مغربی فرماتے ہیں کہ یہ اسم پریشانیوں کو پیدا کرنے والے اسباب کو دفع فرماتا ہے۔ اس اسم میں سرا
ہے اس کا ذکر اس فرد کے لیے بہت مناسب ہے جس کی ہمت پست ہو چکی ہے۔ زندگانی اور صحت و حفظ برا
قوائے جسمانی وروحانی کی عجیب وغریب تاثیر اس اسم میں موجود ہے۔ (تنویر)

## ۱۲۲ ۔ یَا شَهِیْدُ یَا شَاهِدُ

اہل حقیقت نے فرمایا ہے کہ اس اسم کے ذاکر کو برے کاموں اور دروغ گوئی سے بچنا ضروری ہے۔ جو شخ
روزانہ اعداد اس اسم کے مطابق ورد میں رکھے، اس کے اہل وعیال ہر بلا سے محفوظ رہیں۔ اگر کسی کی بیوی یا
نافرمان شریر ہو تو روزانہ صبح کو اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر ۲۱ مرتبہ یہ اسم پڑھ کر دم کرے مطیع و فرمانبردار ہو۔ (
جلیل) اگر ہر نماز کے بعد اعدادِ اسم کے مطابق پڑھے تو قلبِ ذاکر سے حجاب اٹھ جائیں۔ (تنویر)

## ۱۲۳ ۔ یَا حَقُّ

کسی سے لڑائی ہو جائے یا کسی قسم کا لین دین کا معاملہ ہو یا مقدمہ ہو پنچایت کے طور پر فیصلے لیے کچھ لوگ
ہونے والے ہوں اور خود کا حق پر ہونے کا یقین ہو۔ ساتھ یہ بھی گمان ہو فیصلہ شرعی طور پر اس کے خلاف ہوگا تو
اسم کا ورد کرے۔ (تنویر)
شیخ مغرب رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا کہ گمشدہ شے کے حصول کے لیے ایک کاغذ کے کونوں پر گمشدہ ک
اور درمیان میں یا حق تحریر کرے، دستیاب ہو (تنویر) اور ظفر جلیل میں اتنا اضافہ کیا ہے کہ اس کاغذ کو اپنی ہتھ
رکھے اور ہاتھوں کو مثل دعا اٹھائے اور نظر آسمان کی جانب ہو پھر اس اسم کو شفیع لائے یعنی اس کا ورد اعداد اسم
مطابق کرے تو وہی شے ملے یا اس سے بہتر۔ اگر قیدی نصف شب کو سر ننگا کر کے ایک سو آٹھ بار پڑھے
پائے۔

## ۱۲۴ ۔ یَا وَکِیْلُ



Marfat.com

اس اسم کے ذاکر کو یہ یقین کرنا چاہیے کہ حق تعالیٰ مخلوقات کی کفایت کرنے والا ہے۔ اس اسم کا ذاکر تمام خوف سے مامون رہے۔ اگر مقامِ خوف پر تلاوت کرے۔ خواہ خوف بہائم ہو یا خوف برق و رعد یا خوف زلزلہ، اسے پروردگار محفوظ رکھے۔ (تنویر) شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اس اسم میں حصولِ مرادات کی تاثیر کلی موجود ہے۔ جو شخص اس اسم مبارک کی تلاوت کرے اگر مسافر ہے بخیریت وطن واپس آئے۔ قید ہے تو نجات پائے۔ مقروض ہو تو قرض ادا ہو۔ اگر بہ نیت دفع دشمن پڑھے دشمن مقہور ہو۔ (تنویر)

## ۱۲۵ ۔ یَا قَوِیُّ

یہ اسم بہت قوی الاثر ہے۔ اس کی تلاوت کا اثر فوراً ظاہر ہوتا ہے۔ اس کے عامل پر ایک دو نہیں ہزاروں دشمن بلکہ پوری فوج بھی غلبہ حاصل کر کے ظلماً نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ دفع بیماری کے بعد کی کمزوری کے لیے یا وقت سے پہلے بوڑھے یا کمزور اور چلنے پھرنے سے معذور ہو جانے والے یا معذور ہو جانے کا خطرہ ہو تو یَا قَادِرُ یَا قَوِیُّ یَا قَائِمُ یَا دَآئِمُ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پینا چاہیے۔ (اقبال احمد)

شارحین نے مستند طریقہ دشمن سے محفوظ رہنے کا بتایا ہے کہ آٹا خمیر کر کے ایک ہزار گولیاں بنائے اور ہر گولی پر اسم مذکور ایک بار پڑھ کر دم کرتا جائے اور پرندوں کو کھلاتا جائے اور دشمن کا تصور رکھے۔ اس کے شر سے محفوظ رہیں گے۔ (تنویر)

## ۱۲۶ ۔ یَا مَتِیْنُ

اس اسم کا عامل اگر اپنی چشم کو نامحرم سے محفوظ رکھے تو اس کی محبت و ہیبت دوست و دشمن ہر ایک کے قلب میں خون کی گردش کے ساتھ دوڑنے لگے اگر کسی خاص ذات کو مسخر کرنا ہو تو خوشبودار پھول یا میوہ دم کر کے دے۔ وہ خوشبو سونگھے یا میوہ کھائے تو مہربان ہو (تنویر) جو بچہ چلنے سے معذور ہو اس اسم کا نقش باندھے چلنے لگے۔ بچے کی ماں کے دودھ نہ ہو اس اسم کو لکھ کر ماں کو پلائے، دودھ بہت ہو۔ (ظفر جلیل)

## ۱۲۷ ۔ یَا حَامِدُ یَا مَحْمُوْدُ یَا حَمِیْدُ

اس اسم پاک کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے اس اسم کا عامل محویت میں گم ہو کر پڑھے اور خالص حمد و ثناء کی نیت رکھے تو صفاتِ محمودہ سے متصف ہو جاتا ہے۔ اس اسم کے قاری کی حاضر و غائب تعریف ہو گی۔ یہ اسم تسخیر و محبت اور افعال بد سے بچانے میں بہت زود اثر ہے ان میں سے کوئی اسم یا تینوں اسماء لکھ کر پلائے جائیں تو تمام بری عادات چھوٹ جائیں۔ (تنویر) شریر بد چلن نافرمان بچوں کے لیے پیالے پر یہ عبارت کندہ کرا کے رکھ لیں اسی میں پانی پلائے۔ (ظفر جلیل) یَا حَمِیْدُ الْفَعَّالِ ذَالْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ یَا حَمِیْدُ۔



Marfat.com

## ۱۲۸ ۔ یَا مُحْصِیْ

اس اسم کا پڑھنے والا عذابِ قبر وحشر سے امان پاتا ہے اگر روزِ جمعہ یا شب جمعہ میں ایک ہزار مرتبہ پڑ
حسابِ عاقبت آسان ہو (تنویر) یہ اسم اکاؤنٹنٹ اور کلرکوں کے لیے آب حیات کا حکم رکھتا ہے، کتنا ہی کام کرنا
آسان ہو جائے اور حساب کتاب میں غلطی ہو تو فوراً محسوس ہو جائے جو علم حساب پڑھتا ہو یا امتحان دیتا ہو یا جس
کے حساب میں غلطیاں زیادہ ہوں وہ اس کا ورد کرے (تنویر)

## ۱۲۹ ۔ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ

جس امر مشکل، مکان یا دوکان کی تعمیر، کارخانہ وغیرہ غرض کسی بھی کام کی ابتدا کرتا ہے اس وقت اس اسم کا ۹
مرتبہ پڑھ کر آغاز کیا جائے۔ بحسن وخوبی انجام کو پہنچے۔ (تنویر) شیخ عبدالمجید مغربی فرماتے ہیں اگر طالب فرزند قب
صحبت ۵۶ مرتبہ مرد وعورت پڑھ لیں، مولا تعالیٰ اپنی قدرتِ کاملہ سے فرزند عطا فرمائے اگر زن حاملہ ورد میں رکھے
بچہ صحیح وسالم پیدا ہو اور دروقت پیدائش تکلیف نہ ہو۔ (تنویر)

## ۱۳۰ ۔ یَا مُحْیِیْ یَا حَیُّ

یہ اسم مورچہ پر جانے والے فوجی سپاہیوں، سمندر میں غوطہ لگانے والوں، بس، ٹیکسی، رکشہ ڈرائیور وغ
خصوصاً پہاڑی علاقوں میں سفر کرنے والوں یا پہاڑی علاقوں میں کام کرنے والوں پل اور سرنگیں بچھانے وا
غرض ہر وہ کام جس میں موت کا خطرہ ہو۔ یہ اسم پاک ۹۵ مرتبہ پڑھ کر گھر سے نکلے سلامت گھر واپس آئے۔
لوگ دریاؤں کے قریب رہتے ہیں، سیلاب یا زلزلوں کا خطرہ رہتا ہو وہ اس کا ورد رکھیں جانی ومالی نقصان سے محفو
رہیں۔ (تنویر وظفر وفوائد کبریٰ وغیرہ)

## ۱۳۱ ۔ یَا مُمِیت

یہ اسم پیرانِ طریقت اور رہنمایانِ شریعت کے لیے ضروری ہے کہ اس اسم کی برکت سے نفس امارہ مطیع ومسخر
جاتا ہے۔ امام جعفر الصادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں بوقت خواب اپنے دونوں ہاتھ سینے پر رکھ کر ۴۹۰ مرتبہ یَا مُمِیْتُ
پڑھے، اس کے بعد سو جائے، حق تعالیٰ اس کے نفس کو مطیع ومسخر کر دے (تنویر) دیگر ہلاکی وبربادی دشمن کے لیے
یہ اسم مخصوص ہے۔ شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ پانچ اسم یَا مُضِرُّ یَا مُبْتَدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا مُحْیِی یَا مُمِیْتُ
اگر طالب علم ان اسماء کا ورد کرے تو عالم ہو جائے۔ پروردگارِ عالم فہم وادراک عقل وذہن لطیف عطا فرمائے۔ ہ
مشکلات میں آسانیاں پیدا ہوں۔ (تنویر)



Marfat.com

## ۱۳۲ ۔ یَا قَیُّوْمُ

اس اسم کی مداومت کی برکت سے عمر دراز ہوتی ہے۔ مرادات میں کامیابی، دشمنوں پر غلبہ اور دلوں پر تصرف حاصل ہوتا ہے۔ سیدنا امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ دیکھا میں نے بوقتِ شدت جناب رسول مقبول ﷺ کو یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کہا فوراً راحت حاصل ہوئی۔ جو شخص طالب عزت وجاہ اور ترقی کاروبار ہو برائے قدرت وسرعت واجابت وقضائے حاجات وحصولِ مقاصد وفتح مقدمات اس اسم مبارک میں سب تاثیرات موجود ہیں۔ شیخ بونی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں وقتِ سحر اس کا وردکرے تو خلق مسخر ہو، اکثر اکابرین نے اسم یا حی یا قیوم کو اسم اعظم فرمایا ہے۔ (تنویر)

## ۱۳۳ ۔ یَا وَاجِدُ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُ

یہ اسمائے الٰہیہ حصولِ دولت وغناء کے لیے امتیازی شان رکھتے ہیں۔ یا واجد حصول کشف کے لیے عاملین کا معمول رہا ہے۔ جو شخص حلال ذریعۂ معاش کا متلاشی ہو یا تاجر جس کی تجارت حسب منشاء نہ چلتی ہو یا اولاد کثیر ہو خورد ونوش کا انتظام قلیل ہو یا بالکل نہ ہو، اس لیے حرام وناجائز ذرائع معاش تلاش کرنے سے بہتر ہوگا کہ ان میں سے کوئی ایک اسم منتخب کرکے وردکرے یا ایسی دعائیں جن میں یہ اسماء بھی شامل ہوں عمل میں لائے اللہ تعالیٰ طیب سے طیب وطاہر رزق کثیر عطا فرمائے اور وہ بے نیاز اس قدر دے کہ خرچ سے بچ رہے۔ ان اسماء کو اپنے اعداد اسم کے مطابق وردکرے۔

## ۱۳۴ ۔ یَا اَحَدُ یَا وَاحِدُ یَا وَحِیْدُ

ان اسماء میں سے کسی اسم کے ذکر سے ذاکر کا دل ایسا بے خوف اور مطمئن ہو جاتا ہے کہ بڑے سے بڑے خطرے اور لرزا دینے والے واقعے، حراساں کر دینے والے ماحول میں بھی بے فکر رہے اور خوف قریب نہیں آتا۔ یہاں تک کہ پھانسی کے تختے پر بھی اس کے قلبی اطمینان وسکون کا وہ نورانی جلوہ ہوتا ہے کہ جس کو دیکھ کر نمرود وشداد دوراں بھی کانپ کر اپنے آپ کو اس کے قدموں میں ڈال دیتے ہیں، گویا اس واحد ویکتا کی وحدانیت کے جلوے اس اسم کے ذاکر کو اپنی آغوش میں لے لیتے ہیں۔ اس لیے عاملین اور اہل تحقیق اس اسم کو شاہان وذمہ داران مملکت اور فوجی افسران کے لیے تحفۂ قدرت بتاتے ہیں۔ (از شارحین اسماء باری) اگر کوئی شخص سخت مہم یا بیماری میں مبتلا ہو، خطرناک راستوں میں بوجہ تنہائی کسی مقام پر خوف ہو تو ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے مہم آسان بیمار شفایاب ہو اور خوف وحواس دور ہو (تنویر)

Marfat.com

## ۱۳۵ ۔ یَا صَمَدُ

اس اسم کا ذاکر اہل اللہ میں سے ہوتا ہے اور اس اسم کا پڑھنے والا بھوکا نہیں رہتا۔ یا بھوک پیاس کی شدت سے محفوظ رہتا ہے۔ اکثر عاملین وکاملین نے یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ کو اسم اعظم بتایا۔ شیخ مغرب رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں، اسم یَا صَمَدُ کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو رزق میں وسعت اور کاروبار میں برکت ہو۔ (تنویر) کتاب مفتاح الجناں میں مذکور ہے کہ اگر شب جمعہ بعد از نصف شب میں باوضو ایک ہزار مرتبہ حضور قلب سے پڑھے تو قاری میں عظیم اثرات پیدا ہوں، اگر کوئی فسق وفجور میں مبتلا ہو تو اس کے لیے تین روزے رکھے اور ہر روز ساعتِ مشتری میں ایک ہزار مرتبہ یہ اسم پڑھے اور اس کے لیے دعا کرے، وہ شخص فسق وفجور سے تائب ہو۔ محبت کے لیے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پہلے طالب پیے۔ پھر وہ پانی مطلوب کو پلا دے، محبت میں بے چین ہو۔ (تنویر)

## ۱۳۶ ۔ یَا قَادِرُ یَا قَدِیْرُ یَا مُقْتَدِرُ

یہ اسماء ہر بڑے سے بڑے، اہم سے اہم اور مشکل سے مشکل امور میں مشکل کشائی فرماتے ہیں۔ جب اپنے اور بیگانے، دوست واحباب سب الگ ہو جائیں۔ اور کوئی ہمدرد، حامی ومددگار تو کیا بات کا پوچھنے والا بھی نہ ہو۔ ایسے نفسا نفسی کے موقع پر ان اسماء سے کسی اسم کا بھی ذکر اس کی کشتی حیات کو ساحلِ مراد پر لگانے کے لیے کافی ہے خصوصاً نجومی جس وقت وحشت انگیز خبریں دیں اور انسانوں کو مبتلائے وحشت کر دیں ان کے خود ساختہ دعووں کو جھٹلانے اور ستاروں کے اثراتِ بد سے محفوظ رہنے کے لیے ان اسماء سے کسی اسم کا ذکر بہتر ہے۔ (شرح اسمائے باری)

## ۱۳۷ ۔ یَا مُقَدِّمُ

اس اسم کی برکت سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے طور پر کلام کیا۔ امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ بوقتِ خواب اس اسم کو پڑھے دشمنوں کے حملے، چوری کے خوف، مکان کے گرنے، جہاز کے ڈوبنے کے خوف سے محفوظ رہے۔ (تنویر)

## ۱۳۸ ۔ یَا مُؤَخِّرُ

شیخ بونی علیہ الرحمتہ فرماتے ہیں کہ جب انسان کی عمر قریب اختتام پہنچے اور عمل خیر کچھ بھی نہ ہوں، گناہوں کی کثرت ہو، قبر وحشر کا خوف دامن گیر ہو تو اس اسم کی مداومت کرے حق تعالیٰ گناہوں کو معاف فرمائے اور عمر دراز فرمائے تاکہ نیک اعمال کر سکے۔ (تنویر) اسی لیے عاملین اس اسم کو مایوس مریضوں کو کثرت سے پڑھنے کو بتاتے



Marfat.com

ہیں۔ مولیٰ تعالیٰ اپنی رحمت سے شفا دیتا ہے۔ چاہیے کہ بقدرِ شفاء عبادتِ الٰہی سے غافل نہ ہو۔

## ۱۳۹ ۔ یَا اَوَّلُ

شیخ مغرب فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص طالب فرزند ہو یا دفینہ حاصل کرنا چاہتا ہوں، فتوحاتِ غیبی کا طالب ہو تو چاہیے کہ چالیس جمعہ بعد نماز جمعہ مداومت کرے مقصد حاصل ہو۔ شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس اسم کا ذاکر اپنے کل مقاصد میں سابق رہے گا اور اگر اسم کو یا آخر کے ساتھ ذکر کرے تو مقام کشف حاصل ہو۔ (تنویر)

## ۱۴۰ ۔ یَا اٰخِرُ

شیخ بونی علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے کہ اس نام کی قرأت کرے اس کو قوت و نصرت بے اندازہ حاصل ہو۔ اور جو بھی دشمنی کرے ہلاک ہو جائے، مقابلہ کرے مغلوب ہو۔ جو شخص اس اسم کے اور دشمن کے نام کے اعداد شامل کر کے نقش بنائے اور ہفتہ کی پہلی ساعت میں لوہے پر کندہ کرے اور اسی تعداد کے مطابق پڑھے اور اس نقش کو آگ میں داب دے، دشمن ہلاک ہو۔ (تنویر)

## ۱۴۱ ۔ یَا ظَاھِرُ یَا بَاطِنُ

یہ دونوں اسمائے باری تعالیٰ اصلاح اور نورانیت کے لیے خاص ہیں۔ یہ اسماء ظاہر و باطن کی اصلاح فرما کر ذاکر میں روحانیت پیدا کر دیتے ہیں۔ کشفِ قبور اور استخارہ کے عاملین میں مشہور ہیں۔ شیخ مغرب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بعد نمازِ چاشت پانچ سو مرتبہ پڑھے تو حق تعالیٰ دیدۂ دل کو ظاہر و باطن میں نورانی کر دے۔ خوابِ غفلت سے بیداری عنایت فرما دے اور تاریکی دل سے دفع ہو۔ (تنویر) جس کے دوستوں، ساتھیوں یا اہل معاملہ میں سے جو بھی ایسا ہو کہ دل میں کچھ اور زبان پر کچھ ایسے دوستوں سے کافی نقصان پہنچ جاتا ہے۔ لہٰذا ان کا ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ اس اسم کے ذکر کی برکت سے اس کے دوستوں کی بھی اصلاح فرما دیتا ہے اور اس کے ذاکر کے دوست احباب یا غیر سب اسی طرح پیش آئیں جو ان کے دل میں ہے۔

## ۱۴۲ ۔ یَا وَالِیُ

یہ اسم پاک دست کار محنتی حضرات کے لیے خاص ہے کہ اس اسم کی برکت سے کم وقت میں زیادہ کام انجام پاتا ہے۔ اس اسم کا عامل اگر ٹھیکیدار ہو یا مزدور، وہ کبھی خالی نہ رہے۔ اس کے کام کی قدر بہت ہو جو مزدوری مانگے، ملے۔ مالکان اس سے کام کرنے کے لیے ہر قیمت پر تیار رہیں۔ اگر اس اسم کو برتن پر لکھ کر پانی سے دھو کر مکان یا دوکان کے گوشوں نیز بالا خانہ پر چھڑکیں تو چوری، بجلی، آندھی، طوفان، بارش، سیلاب، زلزلہ اور جملہ آفات سے محفوظ رہے۔ (تنویر)



Marfat.com

## ۱۴۳ ۔ یَا مُتَعَالِیُ

اہل تحقیق نے فرمایا ہے کہ اس اسم کو بہ عجز و انکساری پڑھنا چاہیے اور خلقِ خدا میں خود کو حقیر سمجھے تاکہ حق تعالیٰ مرتبہ بلند فرمائے اور غیب سے ہر کام سرانجام پائے اگر کوئی عورت بعد فراغت حیض و نفاس اس اسم کی تلاوت کرے تو جملہ آفات سے محفوظ رہے۔ شیخ بونی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس اسم کا ذکر کرکے کسی بادشاہ کے پاس جائے وہ عزت سے پیش آئے اور جو حاجت ہو پوری ہو۔

## ۱۴۴ ۔ یَا بَرُّ

حضرت امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں اگر نابالغ بچہ کو یہ اسم یاد کرادے اور وہ اس کو پڑھتا رہے یہاں تک کہ سن بلوغ کو پہنچے، تمام عمر آفاتِ روزگار سے محفوظ رہے۔ شیخ مغرب فرماتے ہیں اس اسم کا ذاکر جس چیز کا طالب ہو حاصل ہو۔ شیخ ابوالعباس احمد بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو شخص اس اسم کا ذکر کرے انعاماتِ الٰہیہ کی فراوانی ہو۔ (تنویر)

## ۱۴۵ ۔ یَا تَوَّابُ

جو شخص بہ سبب گناہوں کے تکلیف و مصیبت یا زر کی تنگی میں مبتلا ہو، اس اسم کی برکت سے اس کے گناہ مغفور ہوں رحم و کرم کی بارش ہو۔ ۴۰۹ بار روزانہ ورد میں رکھے اور بعد فراغ جو دعا کرے قبول ہو۔ جو شیرخوار بچہ روتا ہو اس پر ستر (۷۰) مرتبہ پڑھ کر دم کرے ہر مرض و آفات و بلیات سے محفوظ رہے۔ (تنویر) اس اسم کا ذاکر جو اس کی معانی و صفات میں غرق ہو کر پڑھے اولیائے کاملین میں شمار ہو۔ گناہ و فواحش سے اس کا دل متنفر ہو جائے۔ (شرح اسماء)

## ۱۴۶ ۔ یَا مُنْتَقِمُ

برائے فتح و ظفر خصوصاً جن لوگوں کے کاروبار، کارخانوں، دکانوں کو بوجہ حسد سفلی کے ذریعہ باندھ دیا جاتا ہے یا جو لوگ برے دوستوں یا نفس کے فریب میں آکر اپنی عزت و دولت کو قمار بازی، سٹہ، ریس میں برباد کر چکے ہوں اور اپنی کھوئی ہوئی دولت و عزت کو حاصل کرنا چاہتے ہوں تو سچے دل سے تائب ہو کر یا تَوَّابُ یا منتقم کا ورد کرے انشاء اللہ تعالیٰ پھر وہی دن ہوں گے اور وہی راتیں۔

## ۱۴۷ ۔ یَا رَؤُفُ

یہ اسم مبارک تسخیر و محبت اور دشمن کے پنجہ ظلم سے رہائی کے لیے پڑھنا چاہیے اس کے عامل کو ہر فرد انسیت و محبت سے دیکھے اگر اس کے عامل کے پاس ایک پیسہ نہ ہو اور وہ بڑے سے بڑا کاروبار کرنا چاہے تو لوگ اسے بخوشی



Marfat.com

قرض دیں اور تقاضا نہ کریں۔ کیونکہ عامل کو قرض دینے والے کو اللہ تعالیٰ بڑی برکت دیتا ہے۔ اگر کوئی بہ نیت خیانت اس عمل کو کرے تو ذلیل وخوار ہو، ورنہ عظمت و وقار اس کے قدم چومے۔ (شرح اسماء)

## ۱۴۸ ۔ یَا مُعْطِیُ یَا مُنْعِمُ یَا نَافِعُ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ

یہ اسمائے الٰہیہ حصولِ دولت وغنا کے لیے مخصوص ہیں۔ برائے نفع تجارت وسعتِ رزق حلال میں امتیازی شان رکھتے ہیں۔ بڑے بڑے وظائف وعملیات اور چلہ کشی اور محنتِ شاقہ کے بعد جو چیز حاصل نہیں ہوتی۔ وہ چند یوم میں ان اسمائے الٰہیہ میں سے کسی بھی اسم مبارک کی برکت سے حاصل ہو جاتی ہے۔ اگر کسی کو روپیہ پیسہ دیتے وقت یا معطی کا ورد دل میں کرے تو اللہ تعالیٰ اس اسم کی برکت سے اس سے زیادہ عطا کرے۔ اگر دستکار اپنا کارخانہ یا دکان کھولتے وقت یا منعم کا ورد کرے تو کام زیادہ اور اچھا اور جلد بکنے والا تیار ہو اور دکان پر زیادہ بکری ہو۔ یا حنان بعد نمازِ فجر اور یا منان بعد نمازِ عشاء اعدادِ اسم کے مطابق پڑھا جائے خیر کثیر اور دولت برکت والی حاصل ہو۔ (ظفر جلیل۔ تنویر)

## ۱۴۹ ۔ یَا مَانِعُ

اہل تحقیق فرماتے ہیں جو شخص اس کا ورد کرے تو لازم ہے کہ کسی فرد کو اذیت نہ پہنچائے تاکہ حق تعالیٰ ذاکر سے بلائے دنیا وآخرت کو دور فرمادے۔ اگر کسی کی زوجہ نافرمان ہو تو بستر خواب پر اس اسم کو پڑھے موافقت پیدا ہو جائے۔ شیخ مغرب فرماتے ہیں کہ یہ اسم خوفزدہ کرنے کے لیے بہت بہتر ہے۔

## ۱۵۰ ۔ یَا ضَارُّ

اس اسم کا ذاکر ہر ضرر سے محفوظ رہتا ہے۔ خواہ عزت و مال یا اہل وعیال سے متعلق ہو۔ شیخ مغرب فرماتے ہیں اگر کوئی طالب عزت و مال جاہ و بزرگی ہو تو ہر شب پڑھے اور امام علی رضا رضی اللہ عنہ نے شب جمعہ سو بار پڑھنے کو فرمایا ہے۔ (تنویر)

## ۱۵۱ ۔ یَا نُوْرُ

اس اسم پاک کی برکت سے جسم وقلب منور ہو جاتا ہے۔ انوارِ الٰہیہ کا نزول ہوتا ہے۔ امام علی رضا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ۲۵۶ مرتبہ اس اسم کو روزانہ ورد میں رکھے تو قلب نورانی ہو اور آنکھیں نورِ الٰہی سے منور ہوں۔ اس کے قاری سے ہر شخص عزت و احترام سے پیش آئے۔ شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ جو اس کا ورد کرے نورِ ایمان سے اس کا دل منور ہو جائے۔ (تنویر)



Marfat.com

## ۱۵۲ ۔ یَا هَادِیُ

اس اسم پاک کو عالمین کا ہر کارہ کہتے ہیں یعنی ہر کام اس اسم پاک کی برکت سے انجام پاتا ہے۔ شیر خوار بچوں کا رونا، شریر و نافرمان بچوں، کج خلق بدکردار مرد و عورت کے سدھارنے کے لیے خاص طور پر اس کے عمل کیے جاتے اور نقش دیے جاتے ہیں۔ سیدی مرشدی حضور مفتی اعظم ہند مدظلہٗ ہر غیر مسلم کو خواہ وہ کسی بھی ضرورت و حاجت کو لے کر آیا ہو دیگر نقوش کے ساتھ اعداد میں اس نقش کو ضرور دیتے تھے۔ (اقبال احمد)

## ۱۵۳ ۔ یَا بَدِیْعُ

اگر اس اسم کو بوقتِ دعا ستر مرتبہ پڑھے تو دعا مستجاب ہو۔ جس شخص سے اس کی کوئی محبوب شے چھین لی گئی ہو یا کسی امر مشکلہ میں سرگشتہ ہو کسی معاملہ میں پریشان ہو یا کوئی والی یا حاکم اپنے عہدے سے معزول کر دیا گیا ہو تو غسل کر کے جامہ پاک پہنے اور رزقِ حلال سے صدقہ دے اور بعد تصدق دو رکعت نماز ادا کرے اور ستر مرتبہ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ اور ایک ہزار مرتبہ یَا بَدِیْعُ پڑھے ان شاء اللہ مقصد میں کامیابی حاصل ہو۔ (تنویر)

## ۱۵۴ ۔ یَا بَاقِیُ

اسی اسم کی برکت سے حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ جب کہ پہلوانی کیا کرتے تھے کسی نے آپ کو چت نہیں کیا اور اسی کی برکت سے منصب ولایت سے سرفراز فرمائے گئے۔ شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس اسم کا ذاکر کبھی بیمار نہیں ہوتا۔ اگر بادشاہ ذکر کرے تو ملک پر زوال نہ آئے۔ شیخ مغرب فرماتے ہیں کہ اگر ہر شب سو مرتبہ اور شب جمعہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے مستجاب الدعوات ہو جائے۔

## ۱۵۵ ۔ یَا وَارِثُ

اس اسم پاک کی برکت سے اس کا ذاکر اپنی قوم میں سردار و معظم ہو۔ صاحب اولاد ہو، اموال میں برکت ہو، روزی فراخ ہو، شیخ بونی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ وسعتِ رزق کے لیے اس کی تلاوت مفید ہے اور کوئی شخص اس اسم کے دریائے وسعتِ معانی میں غرق ہو کر یعنی صاحب حال ہو کر پڑھے تو قبیلہ کی سرداری حاصل ہو، اولاد میں کثرت، اموال میں برکت ہو۔ (تنویر)

## ۱۵۶ ۔ یَا رَشِیْدُ

اس اسم کا عامل کسی قوم کا لیڈر یا رہنما ہو تو وہ قوم سرفراز ہو۔ اس کے مشورے اور اس کے حکم کی تعمیل سے وہ قوم یا قبیلہ ترقی کی منازل پر گامزن ہو۔ علو مرتبت، عظمت و شہرت کا چرچا ہو۔ حضرت امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ



Marfat.com

عنہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی اس کا ورد کرے اس کے تمام امور نہایت سہولت اور حسن و خوبی سے انجام پائیں اور شیخ احمد فرماتے ہیں کہ بعد نمازِ صبح و مغرب کے کھڑے ہو کر ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو مہمات میں بلاسعی کامیابی نصیب ہو۔ اگر بہ نیتِ استخارہ پڑھے تو ہر کام کا انجام اور نفع و ضرر کا حال عالمِ خواب یا حالتِ بیداری میں معلوم ہو۔ (تنویر)

## ۱۵۷ ۔ یَا صَبُوْرُ

اس اسم پاک کے ذکر سے سختیوں پر صبر حاصل ہوتا ہے اور اس اسم کا ذاکر کوئی سخت کام کرنے سے عاجز نہیں ہوتا۔ اگر کسی عظیم صدمے اولاد یا کسی عزیز و محبوب کے انتقال کی وجہ سے خلل دماغ، حافظہ کی خرابی وغیرہ امور لاحق ہو جائیں تو اس اسم کے نقش کو دھو کر پلائے۔ (تنویر) اگر کسی رنج و غم اور درد و مشقت کے موقع پر، خوف و دہشت کے وقت یا دشمنان و حاسدان کی زبان اپنی بدگوئی سے بند کرنا ہو تو ایک ہزار تیس بار پڑھے۔ (ظفر جلیل)

# اسمِ اعظم سے متعلق ضروری نوٹ

**۱۵۸:** چند اسمائے باری تعالیٰ جل شانہٗ کے مختصر خواص جو کتب سے حاصل کر سکے برائے افادۂ عوام اہل اسلام نقل کر دیے گئے ہیں جو اسمائے باری تعالیٰ لکھنے سے رہ گئے یا جو لکھے تو گئے مگر ان کے خواص ان صفحات میں درج نہ ہو سکے ان کے لیے صرف اتنا کافی ہے کہ آپ کے نام کے اعداد کے مطابق ایک یا دو اسمائے باری الٰہی جو آپ کا اسمِ اعظم ہے۔ اگر آپ کے اسمِ اعظم میں کوئی ایسا اسم آئے جس کے اوصاف اس کتاب میں درج نہ ہوں تو مایوس نہ ہوں، بلکہ جن اسمائے ذات و صفات کی شرح درج ہے ان کو پڑھ کر یقین کامل رکھیں کہ میرے اعداد کے مطابق میرا جو اسم اعظم ہے اس میں تمام وہ اوصاف موجود ہیں جو دیگر اسماء کے تحت بیان ہوئے۔

جس طرح کہ اسم یَا سُبْحَان کہ اس کی شرح درج نہیں مگر مرا اسمِ اعظم سبحان اللہ ہے۔ یہ اسی اسم اعظم کی برکت ہے کہ شمع شبستانِ رضا کا دوسرا حصہ آپ کے سامنے ہے۔ صرف سترہ روز کی محنت کا نتیجہ ہے میں مسودہ تیار کرتا جا رہا ہوں اور کاتب صاحب کتابت کر رہے ہیں۔ اسی اسم پر بھروسہ کرتے ہوئے کاتب صاحب سے وعدہ کر لیا ہے کہ آپ کا ہاتھ رکنے نہ پائے گا۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمَ۔

اسمائے باری تعالیٰ کے جدا جدا خواص لکھنے کی ضرورت اس لیے محسوس ہوئی کہ کسی فرد کو اسمِ اعظم کی تلاش نہ ہو یا اس کے نام کے اعداد اتنے زیادہ ہوں کہ اس سے دو چند روزانہ ورد میں رکھنے کا اس کے پاس وقت نہ ہو تو وہ

کسی اہم ضرورت پر اپنے حسب حال کسی اسم کا انتخاب کر کے اس سے فائدہ اٹھا سکے۔

## زکوٰۃ کی قسمیں

یہ ایک ایسا راز پنہاں ہے جس سے ہزاروں عاملین واقف نہیں صرف کاملین کے ارشاد کے مطابق عمل کر رہے اور اسی کی تعلیم دوسروں کو دیتے رہے زیادہ سے زیادہ کسی سائل کے جواب میں یہ فرما دیتے کہ کسی آیت یا کی زکوٰۃ سوا لاکھ ہے جو اکتالیس یوم میں پوری کرنی چاہیے، اس کے سوا یہ علم نہیں کہ سوا لاکھ کی تعداد ہر آیت یا کی ہے اور وہ زکوٰۃ کی قسموں میں سے کس قسم کی زکوٰۃ ہے۔ آیا سوا لاکھ کی زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد اس عمل سے بھر کام لے سکتے ہیں۔ یا وقتی طور پر۔ اگر عمر بھر کے لیے عامل ہو جائے گا تو ہر روز کسی مخصوص تعداد میں پڑھنے ضرورت ہے یا نہیں۔

### قسم اول

عامل اپنے نام کے اعداد کے مطابق ۴۱ یوم روزانہ پڑھے تو وہ عمل ایک دفعہ کام دے گا ہمیشہ نہیں۔

### قسم دوم

عمل کے جتنے حروف ہوں اتنے سو مرتبہ روزانہ پڑھے یہ زکوٰۃ بھی ایک ہی بار کام دیتی ہے۔ مگر قسم اول بہتر ہے۔

### قسم سوم

جو عمل پڑھنا ہو اس کے حروف کی تعداد جتنی ہو اتنی ہزار مرتبہ روزانہ ۴۱ یوم پڑھے تو ہمیشہ کے لیے عامل ہو جائے گا۔ عامل اس کا سیف زبان ہوتا ہے پھر وقتِ ضرورت ایک مرتبہ پڑھنا کافی ہوتا ہے۔

### قسم چہارم

زکوٰۃ صغیر۔ عمل کے اعداد جتنے ہوں اتنے ہی بار روزانہ پڑھے۔ یہ زکوٰۃ عمل ہے اور بہتر و معتبر بھی۔

### قسم پنجم

**زکوٰۃ کبیر:** عمل کے اعداد قمری کو حروف عمل سے ضرب دو اور حاصلِ ضرب کو روزانہ پڑھو۔ یہ زکوٰۃ صغیر سے زیادہ قوی ہے۔ ہمیشہ کے لیے عامل ہو جائے گا۔



Marfat.com

## قسم ششم

**زکوٰۃ اکبر:** عمل کبیر کے اعداد کو پھر حروف کی تعداد سے ضرب دے کر روزانہ پڑھیں۔ کبیر سے بھی زیادہ قوی ہے کہ اس اسم کے مؤکل سامنے آکر عامل سے ملاقات کریں گے۔

## قسم ہفتم

**زکوٰۃ کبائر۔** عمل اکبر کی تعداد کو پھر حروف کے اعداد سے ضرب دے کر پڑھیں۔ یہ اکبر سے بھی زیادہ قوی ہے۔ اس اسم کے مؤکل خادم ہو کر ہر وقت ساتھ رہیں گے۔

## قسم ہشتم

**زکوٰۃ اکبر الکبائر:** یہ آخری زکوٰۃ ہے یعنی عمل اکبر کی تعداد کو پھر حروف کے اعداد سے ضرب دے کر پڑھیں اس کو کبریت احمر یا لعل سپید کہتے ہیں۔ اسی تعداد کو اسم نصاب کہتے ہیں۔

**نوٹ:** ان اقسام میں تعدادِ عمل کثیر ہو جاتی ہے۔ اسماء باری تعالیٰ کی تلاوت تو ممکن ہے مگر آیات قرآنی کی زکوٰۃ صغیر بھی ادا کرنا ممکن نہیں۔ اس لیے اکابرین نے یہ طریقہ درج فرمایا ہے جس کی پانچ قسمیں ہیں۔

قسم اول: **عشر:** نصاب کی نصف تعداد کو کہتے ہیں۔

قسم دوم: **دورِ مدور:** عشر کے نصف کو کہتے ہیں۔

قسم سوم: **قُفل:** دورِ مدور کے نصف کو کہتے ہیں۔

قسم چہارم: **بذل:** قُفل کے نصف کو کہتے ہیں۔

قسم پنجم: **ختم:** بذل کے نصف کو کہتے ہیں۔

بالکل معمولی طریقہ پر زکوٰۃ کی قسمیں اور بھی ہیں مگر ان میں یہ خطرہ ہوتا ہے کہ عمل کبھی فائدہ کرتا ہے کبھی نہیں۔ یا صرف ایک دفعہ یہ عمل کام دیتا ہے۔ ہاں یہ ایک فائدہ یقیناً ہے کہ کسی عمل کے اعداد اتنے زیادہ ہیں کہ زکوٰۃ صغیر ہی ادا کرنا مشکل ہو تو وہاں یہ طریقہ کام دے گا۔

**اصغر:** یعنی تعدادِ صغیر کا نصف کر کے پڑھے اس کو اصغر کہتے ہیں۔

**صغائر:** اگر اصغر کی تعداد بھی دشوار ہو تو اصغر کا نصف کر کے پڑھیں اس کو صغائر کہتے ہیں۔

**اصغر الصغائر:** صغائر کے نصف کو اصغر الصغائر کہتے ہیں۔



Marfat.com

یہ زکوٰۃ ادنی قسم کی ہے۔اس سے کمتر نہیں واللہ سبحانہ تعالیٰ علم (کاشف الاسرار شریف) زکوٰۃ کبیر، اکبر، کبائر اوراکبرالکبائر: ان اقسام کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کہ ایک ہی نشست میں یہ تعداد پوری کی جائے یا ہر روز اتنی تعداد میں عمل پڑھا جائے بلکہ اسے تقسیم کر کے حاصلِ عدد کے مطابق ۴۱ دن میں اس تعداد کو پورا کیا جا سکتا ہے۔

## عہد نامہ معہ اسناد و فوائد

۱۶۰۔ اَللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ وَھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعْھَدُ اِلَیْکَ فِیْ ھٰذِہِ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ فَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ فَاِنَّکَ اِنْ تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ تُقَرِّبْنِیْ اِلَی الشَّرِّ وَ تُبَاعِدْنِیْ مِنَ الْخَیْرِ لَا اَتَّکِلُ اِلَّا بِرَحْمَتِکَ فَاجْعَلْ لِّیْ عِنْدَکَ عَھْدًا تُوَفِّیْہِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

### اسناد و فوائد عہد نامہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو کوئی اس عہد نامہ کو ساری عمر میں ایک بار پڑھے، خدا چاہے تو ساتھ ایمان کے جاوے اور اس کے جنتی ہونے کا میں ضامن ہوں۔

### ۱۶۱۔ جملہ امراض سے محفوظی

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ آدمی کے بدن میں تین ہزار بیماریاں ہیں، ایک ہزار کو حکیم جانتے ہیں اور دو ہزار کی دوا کوئی نہیں جانتا جو کوئی عہد نامہ کو اپنے پاس رکھے خدا تعالیٰ اس کو تین ہزار بیماریوں سے محفوظ رکھے۔

### ۱۶۲۔ سانپ بچھو، سحر جادو اور بد گویوں کی بد گوئی سے محفوظ رکھے

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اکرم ﷺ سے سنا کہ جو کوئی عہد نامہ اپنے پاس رکھے وہ سانپوں اور بچھوؤں سے امن میں رہے اور سحر، جادو اس پر کارگر نہ ہوں اور بد گویوں کی زبان بند ہو جائے اور اگر چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پانی کسی دردمند کو پلائے یا کاغذ پر لکھ کر پانی میں دھو کر مریض کو پلائے تو انشاء اللہ شفائے کامل پائے۔

## ۱۶۱۔عہد نامہ کے توسل سے جملہ حاجات کی ضمانت

حضرت سیدہ خاتونِ جنت رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ جو کوئی عہد نامہ شفیع ئے اور اس کے وسیلہ سے دعا کرے، حاجت اس کی اللہ تعالیٰ پوری کرے اور اگر مشک وزعفران سے لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر جس کو ۳ یا ۷ روز پلاوے عقل وفہم زیادہ ہو اور جو کچھ یاد ہو ہرگز نہ بھولے یعنی حافظہ قوی ہو۔

## ۱۶۴۔قبر کی کشادگی اور نور اور منکر نکیر کے سوال وجواب میں آسانی کے لیے مجرب ہے

حضرت امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ وجہہٗ فرماتے ہیں کہ میں نے سنا سید عالم ﷺ سے کہ جو کوئی اس عہد مہ کو ۱۴ بار پڑھ کر مردے کے نام بخشے قبر اس کی مغرب سے مشرق تک کشادہ ہو اور پر نور ہو اور اگر مردے کی قبر ں رکھے تو اس مردہ کو سات پیغمبروں کا ثواب ملے اور سوال منکر نکیر آسان ہو اور اللہ تعالیٰ ایک لاکھ گز داہنے سے ر چالیس ہزار گز بائیں سے اور چالیس ہزار گز پاؤں سے عذاب کو دور کرے اور قبر اس کی ایسی کشادہ ہو کہ آنکھ کام ہ کر سکے یعنی اس کا احاطہ نہ کر سکے۔

## ۱۶۶۔عہد نامہ کا ورد متشکل ہو کر قبر میں انیس ہو

عہد نامہ کی اللہ تعالیٰ نے ایک صورت بنائی ہے کہ قبر میں پاس رہے گی اور جب قیامت کو صاحب قبر اٹھے گا ذیہ فرشتہ بن کر سامنے آئے گی اور حلہ بہشت لا کر پہنائے گی اور براق پر سواری کرے گی۔حق تعالیٰ فرمائے گا: ے بندۂ مومن تیرے ساتھ عہد نامہ ہے تو خوش ہو کر دنیا میں تو نے ہر روز پڑھا ہے۔آج میں اس عہد کو وفا کرتا ہوں تاج سر پر رکھ حلہ بہشتی، براق پر سوار ہو اور بغیر حساب وعذاب سے بہشت میں جا اور جس کی شفاعت کرے، سے بخشوں جب اس شخص کو اس طرح تاج وخلعت پہنے قیامت کے دن لوگ دیکھیں گے کہ منہ چودھویں کے چاند کی طرح ہوگا۔یہ کروفر دیکھ کر میدانِ محشر میں غل مچا ہوگا کہ یہ کوئی پیغمبر یا کوئی صدیق یا کوئی بزرگ ہے کہ ایسی شان وبزرگی سے آتا ہے۔فرشتہ نگہبانِ بہشت کہے گا کہ یہ کوئی پیغمبر نہیں ہے بلکہ ایک بندۂ خدا اور محمد مصطفیٰ ﷺ کا امتی ہے۔دنیا میں عہد نامہ اپنے ساتھ رکھتا اور ہر روز اس کا ورد کرتا تھا۔اسی کا یہ سارا فیض ونور اور برکت ہے، تب خلقت کفِ افسوس ملے گی اور کہے گی کہ اتنی مدت ہم دنیا میں رہے مگر افسوس کہ ہم عہد نامہ سے غافل رہے۔واللہ اعلم بالصواب



Marfat.com

## ۱۶۶۔ برائے وسعتِ رزق عمل سورۂ مزمل شریف

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے رزق میں فراخی ہو، پیسے سے جیب خالی نہ رہے، دینی اور دنیاو
جائز ضروریات حسب منشا پوری ہوتی رہیں اور کبھی کسی کے آگے ہاتھ نہ پھیلانا پڑے بلکہ وقت آنے سے پہلے ہی
سے سامان ہو جایا کرے تو سورۂ مزمل شریف ہمارے بتائے ہوئے طریقہ سے روزانہ بعد از نماز فجر صرف ایک
پڑھ لیا کرے۔ تقریباً ۱۰۔۱۱ سال سے والد ماجد حضرت قبلہ صوفی صاحب مداح رسول کے بھی عمل میں ہے اور وا
صاحب قبلہ کی طرف سے عام سنی حضرات کو اس کے پڑھنے کی اجازت ہے۔ پڑھنے کا خاص طریقہ اور ترکیب
حسب ذیل ہے۔ اول درود شریف ۱۰ بار، آیت الکرسی ایک بار۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّىْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ
اِلَيْهِ ۷۰ بار، ۷ بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ (ایک سانس میں ۷ بار) زَمِّلْنِ
بِلُطْفِكَ الْخَفِىِّ ۷ بار قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا۔ نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا۔ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْا
تَرْتِيْلًا۔ (وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ط وَمَنْ يَّتَوَ
عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ط قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ط) ۵۰ بار
سَنُلْقِىْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا۔ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِىَ اَشَدُّ وَطْاً وَّ اَقْوَمُ قِيْلًا۔ اِنَّ لَكَ فِى النَّهَارِ
طَوِيْلًا۔ ط وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ط رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا
فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا۔ (سو بار یا دس بار) رَبَّنَاۤ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّ
وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ط (۳۰ بار یا ۳ بار) وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْ
وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا۔ وَذَرْنِىْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِى النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا۔ اِنَّ لَدَيْنَاۤ اَنْكَا
وَّجَحِيْمًا۔ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّ عَذَابًا اَلِيْمًا۔ يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِ
مَّهِيْلًا۔ اِنَّاۤ اَرْسَلْنَاۤ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَاۤ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا۔ فَعَص
فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا۔ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِ
ـنِ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ط كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا۔ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ج فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى
سَبِيْلًا۔ رَبَّنَاۤ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُ
وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ (۳۰ بار یا ۳ بار) اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَىِ الَّيْلِ

Marfat.com

...ہٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ
...بَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى وَاٰخَرُوْنَ
...رِبُوْنَ فِى الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاقْرَءُوْا
...تَيَسَّرَ مِنْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ اَلَا اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ
...ُوْرُ ؕ (۲۱ بار ایک سانس میں) وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا
...ظَمَ اَجْرًا ؕ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

درود شریف دس بار پھر سجدے میں جا کر یہ دعا ۷ بار پڑھے اَللّٰهُمَّ يَا مُفَتِّحُ فَتْحًا يَا مُسَبِّبُ سَبَبًا يَا
...رِّجُ فَرَجًا يَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ يَا مُيَسِّرُ يَسِّرْ وَيَا مُدَبِّرُ دَبِّرْ وَيَا مُتَمِّمُ تَمِّمْ بِالْخَيْرِ ط بہتر ہو گا کہ اول ۴۰
...تک پہلی تعداد سے پڑھ لیں۔ ۴۰ روز بعد کم والی تعداد سے ہمیشہ ورد میں رکھیں اگر آپ بھی کوئی بات دریافت
...نا ہو تو جوابی خط سے معلوم کر سکتے ہیں۔ (اقبال احمد نوری)

## ۱۶۔ روزانہ خرچ کرے مگر جیب کبھی خالی نہ رہے

یہ نقش مشک و زعفران سے بھوج پتر پر لکھے۔ اگر دستیاب نہ ہو تو بوجہ مجبوری کاغذ پر لکھے اور بیچ کے
...نہ میں خرچ یومیہ لکھے اور موم جامہ کرکے بازوؤں پر باندھے اس عمل کے بعد عمل مزمل شریف شروع




کرے۔ اگر اس نقش کو چاندی کے پتر...
...کندہ کرا کے اپنے پاس رکھے ایک طرف یہ
...ش دوسری طرف تکسیر جنہ تو اس نقش سے بہت
...سے فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔ فرمائش آنے پر
...ار کر کے بھیجا جا سکتا ہے۔

# چراغ خورد برائے وسعت رزق و حصول دولت وغنا

(۱) ماہ ثابت یا ہر عروج ماہ میں بعد نماز مغرب تنہائی میں عمل شروع کیا جائے گا اور ۴۱ یوم کا چلہ ہو گا۔

(۲) چراغ کو ایسی جگہ رکھیں کہ چراغ اور آپ کا منہ کعبہ کی طرف رہے اور چراغ کسی میز یا اسٹول پر رکھیں کہ سینے کے مقابل رہے۔ چاروں کونوں میں روئی کی بتیاں رکھیں اور خوشبودار تیل یا عمدہ گھی



Marfat.com

ڈالیں۔

(۳) چراغ کی بتی کے ایک نشان پر پچھم کھڑا ہوا ہے خیال رہے کہ وہ بتی پچھم ہی کی طرف رہے۔

(۴) بعد نماز مغرب تازہ وضو کر کے یَا غَوْثَ الثَّقَلَیْنِ یَا کَرِیْمَ الطَّرَفَیْنِ اَغِثْنِیْ وَاَمْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ بے گنتی چند بار پڑھے پھر دو رکعت نماز صلوٰۃ الاسرار کی نیت سے پڑھے جس کی ترکیب اسی کتاب میں درج ہے۔

(۵) بعد نمازِ فجر چراغ کے سامنے بیٹھ کر ۱۱ بار درود غوثیہ پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

(۶) ایک باریَا رَسُوْلَ اللّٰہِ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ وَاَمْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ۔

(۷) ۳ بار اپنا مقصد عرض کر کے بارگاہِ الٰہی میں دعا کر کے چراغ روشن کرے۔ پھر ۱۱ بار درودِ غوثیہ۔

(۸) ۱۶ باریَا سَادَاتِنَا عَبْدِالْکَرِیْمِ الْمَغْرِبِیْ وَعَبْدِ الْجَلِیْلِ الْجُنُوْبِیْ وَعَبْدَ الرَّحِیْمِ الْمَشْرِ وَعَبْدَالرَّشِیْدِ الشَّمَالِیْ اَغِیْثُوْنِیْ بِحَقِّ غَوْثِنَا وَغَوْثِکُمْ اَلشَّیْخِ عَبْدِالْقَادِرِ جِیْلَانِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمْ پڑھے۔

(۹) ۱۱ باریا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ پڑھے۔

(۱۰) ۵۴۳ ۱ باریا غنی یا کریم یا احد یا منعم پڑھے پھر درودِ غوثیہ ۱۱ بار، الحمد شریف ایک بار، آیۃ الکر ایک بار، سورۃ اخلاص ۷ بار، درود غوثیہ ۳ بار پڑھ کر سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام انبیاء علی السلام وصحابہ کرام، اہلبیت اطہار، سیدنا غوث اعظم اور سلاطین اربعہ رضوان اللہ علیہم اجمعین ارواح پاک کو ثواب نذر کرے۔ (۱) بعد ۴۱ یوم چلہ پورا ہونے کے بعد ہر روز بعد نمازِ مغر درود غوثیہ ۳ بار دعا نمبر ۴ ایک بار، دعا نمبر ۶ ایک بار، دعا نمبر ۸ ایک بار، نمبر ۱۰، ۱۷۵ بار درودِ غو ایک بار پڑھتا رہے اور ہر سال رجب کی ۴ تاریخ کو فاتحہ سلاطین اربعہ اہتمام کے ساتھ کرتار کبھی مفلس اور کسی کا دستِ نگر نہ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ بعزت فراخ روزی عطا فرمائے گا، کارو ترقی کرے گا، ملازم ہے تو تنخواہ اور عہدہ میں ترقی ہوگی۔ یہ عمل بوڑھے، مفلس اور بے سہارا حضرات کے لیے بیش قیمت خزانہ ہے۔



Marfat.com

# قضائے حاجات کے لیے تیر بہدف نمازیں (از حسن الوفا)

## ۱۶۹۔ ترکیب اول

وضو تازہ اچھی طرح کرکے دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ بعد سلام عرض کرے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰى رَبِّیْ فَيَقْضِیْ حَاجَتِیْ اور اپنی حاجت کا ذکر کرے یہ دعا صحیح حدیث میں تعلیم فرمائی ہے۔ قال الرّضا۔ ایک نابینا خدمت اقدس حضور سید عالم ﷺ میں حاضر ہوکر اپنی بینائی کا شاکی ہوا۔ حضور نے یہ نماز و دعا ارشاد فرمائی۔ انہوں نے مسجد میں جا کر پڑھی۔ کچھ دیر نہ گزری تھی کہ دونوں آنکھیں کھل گئیں تو گویا کبھی اندھے نہ تھے۔ اس دعا کے اول و آخر الٰہی درود رسالت پناہی صلوات اللہ وسلامہ علیہ اور آمین پر ختم۔ اور شروع میں اللہ تعالیٰ کو اسماء طیبہ سے ندا کرے۔ (احسن الدعاء) بہتر ہے کہ ذکر اسمائے حسنیٰ میں جو دعا لکھی ہے اول آخر پڑھیں۔

## ۱۷۰۔ ترکیب دوم

نمیری و ابن بشکوال وہیب بن درد سے روایت کرتے ہیں جو بندہ بارہ رکعت ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ و آیت الکرسی و سورۂ اخلاص پڑھے پھر سجدے میں یہ کلمات کہے:

سُبْحَانَ الَّذِیْ لَبِسَ الْعِزَّ وَقَالَ بِهٖ ط سُبْحَانَ الَّذِیْ تَعَطَّفَ بِالْمَجْدِ وَتَكَرَّمَ بِهٖ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَحْصٰى كُلَّ شَیْءٍ بِعِلْمِهٖ ط سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا يَنْبَغِی التَّسْبِيْحُ اِلَّا لَهٗ ط سُبْحَانَ ذِی الْمَنِّ وَالْفَضْلِ ط سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْكَرَمِ ط سُبْحَانَ ذِی الطَّوْلِ وَالنِّعَمِ اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ وَجَدِّكَ الْاَعْلٰى وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّاتِ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ط۔

پھر خدا تعالیٰ سے وہ سوال کرے جس میں گناہ نہیں مثلاً یہ کہے اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ اور اس حاجت کا ذکر کرے۔ اللہ تعالیٰ مدد فرمائے۔ وہب کہتے ہیں ہمیں پہنچا ہے کہ یہ ترکیب اپنے بے وقوفوں اور ابلہوں کو نہ سکھاؤ کہ گناہوں پر دلیری نہ کریں۔

## ۱۷۱۔ ترکیب سوم

عبدالرزاق نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ نبی ﷺ نے فرمایا جو شخص خدا سے حاجت رکھتا ہو، تنہا



Marfat.com

مکان میں باوضوئے کامل چار رکعت پڑھے۔ پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور ستر بار لاحو
پڑھے اگر اس پر قرض ہو، ادا ہو جائے۔ اور جو وطن سے دور ہو خدا تعالیٰ اسے گھر پہنچا دے اور جو آسمان کے بر
گناہ رکھتا ہو اور استغفار کرے خدا اس کے گناہ بخش دے اور جو اولاد نہ رکھتا ہو، خدا اسے اولاد دے۔ اور جو خدا
دعا نہیں کرتا خدا اس سے ناراض ہوتا ہے۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، اپنے احمقوں کو یہ دعا نہ سکھاؤ کہ اس
نافرمانی سے استعانت کریں گے۔

## ۱۷۲۔ قال الرضا: ترکیب چہارم

حضرت امام احمد اپنی مسند میں ابو درداء رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں میں نے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا جو
کامل طور پر کرے یعنی بمراعات و سنن و آداب اور پھر دو رکعتیں پورے طور پر پڑھے یعنی باستجماع سنن و مستحبات
حضور قلب پھر جو کچھ اللہ تعالیٰ سے مانگے۔ عاجل یا آجل اللہ تعالیٰ اسے عطا فرماتے ہیں۔ امام حافظ ابن
عسقلانی علیہ الرحمہ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں اس کی سند حسن ہے۔

## ۱۷۳۔ ترکیب پنجم

ترمذی ونسائی وابن خزیمہ وابن حبان وحاکم حضرت انس رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں کہ ان کی والدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا ا
دن صبح کو خدمت اقدس حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئیں اور عرض کی کہ حضور مجھے کچھ کلمے ایسے تعلیم فرما
کہ نماز میں پڑھا کروں ارشاد فرمایا: دس بار اللہ اکبر، دس بار سبحان اللہ، دس بار الحمد للہ کہہ پھر جو چاہے جو
العزت سے مانگ، اللہ عزوجل عطا فرمائے گا۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

**اقول:** اس کا طریقہ یوں کہ دو رکعت بوضوئے تازہ و حضور قلب پڑھے۔ قعدے میں بعد درود شریف
اکبر، سبحان اللہ والحمد للہ دس دس بار کہہ کر دعا ئے مقصود ایسے لفظوں سے کرے جو نماز میں مخل نہ ہوں مثلاً اَسْئَلُكَ
تُؤْتِيَنِيْ لِيْ حَاجَاتِيْ كُلَّهَا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مَا كَانَ مِنْهَا اِلٰى خَيْرٍ وَّ لَكَ رِضًا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔ اٰمِیْ

## ۱۷۴۔ ترکیب ششم

ترمذی وابن ماجہ وحاکم حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے
جسے اللہ تعالیٰ یا کسی آدمی سے حاجت ہو چاہیے کہ اچھی طرح سے وضو کرے، دو رکعت پڑھے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی
ثنا کرے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے پھر کہے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَكِيْمُ الْكَرِيْمُ ط سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِيْ



Marfat.com

اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا ھَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا حَاجَۃً ھِیَ لَکَ رِضًا اِلَّا قَضَیْتَھَا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

## ۱۷۵۔ ترکیب ہفتم

اصبہانی انس رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مولا علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا۔ اے علی! کیا میں تمہیں وہ دعا بتادوں کہ جب تمہیں کوئی غم یا پریشانی ہو، اسے عمل میں لاؤ تو باذن اللہ تمہاری دعا قبول اور غم دور ہو، وضو کے بعد دو رکعت نماز پڑھو اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود خوانی اور اپنے سب مسلمان مرد اور مسلمان عورتوں کے لیے استغفار کرو۔

پھر کہو اَللّٰھُمَّ اَنْتَ تَحْکُمُ بَیْنَ عِبَادِکَ فِیْمَا کَانُوْا فِیْہِ یَخْتَلِفُوْنَ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ط لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیْمُ الْکَرِیْمُ ط سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ کَاشِفَ الْغَمِّ مُفَرِّجَ الْھَمِّ مُجِیْبَ الدَّعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ اَدْعُوْکَ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَرَحِیْمَھُمَا فَارْحَمْنِیْ فِیْ حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ لِقَضَائِھَا وَنَجَاحِھَا رَحْمَۃً تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَحْمَۃٍ مِّنْ سِوَاکَ ط

## ۱۷۶۔ ترکیب ہشتم

حاکم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں رات یا دن میں بارہ رکعتیں ہر دو رکعت پر التحیات پڑھ کر پچھلی التحیات کے بعد اللہ تعالیٰ کی ثناء اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بجالاؤ۔ پھر سجدے میں فاتحہ سات بار آیۃ الکرسی سات بار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ دس بار پڑھ کر اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مُنْتَھَی الرَّحْمَۃِ مِنْ کِتَابِکَ وَاسْمِکَ الْاَعْظَمِ وَجَدِّکَ الْاَعْلٰی وَکَلِمَاتِکَ التَّامَّۃِ پھر اپنی حاجت مانگ کر، پھر سر اٹھا کر دائیں بائیں سلام پھیرو اور اسے بیوقوفوں کو نہ سکھاؤ کہ وہ اس کے ذریعہ سے دعا مانگیں گے تو قبول ہوگی۔ احمد بن حرب و ابراہیم بن علی و ابوزکریا و حاکم نے کہا ہے کہ ہم نے اس کا تجربہ کیا تو حق پایا، فقیر کہتا ہے، غفر اللہ تعالیٰ لہٗ فقیر نے بھی چند بار تجربہ کیا تیر بے خطا پایا، یہاں تک کہ بعض اعزہ کے امتداد شدید و اشتد اد مدید ہوا۔ حتیٰ کہ ایک روز بالکل نزع کے آثار طاری ہوگئے۔ سب عزیز واقارب رونے لگے۔ فقیر ان سب کو روتا چھوڑ کر دروازۂ کریم پر حاضر ہوا، یہ نماز پڑھی۔ اس کے بعد مریض کی طرف چلا۔ وسوسہ کہ شاید خبر نوع دگر سننے میں آئے، وہاں گیا تو بحمد اللہ تعالیٰ مریض کو بیٹھا پایا، مرض جاتا رہا۔ چند روز میں قوت بھی آگئی واللہ الحمد۔ اس کی کامل ترکیب پنج سورہ رضویہ میں مرقوم ہے۔



Marfat.com

## ۱۷۷۔ ترکیب نہم

حافظ ابوالفرج ابن الجوزی بطریق ابان بن ابی عباس انس رضی اللہ عنہ سے راوی کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسے اللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت دنیا وآخرت کی ہو، وہ پہلے کچھ صدقہ کرے، پھر بدھ، جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھے پھر جمعہ کو مسجد میں جاکر بارہ رکعتیں پڑھے۔ دس رکعتوں میں الحمد ایک بار آیۃ الکرسی دس بار اور آخر کی دو رکعت میں الحمد ایک بار قل ھو اللہ پچاس بار، پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت مانگے، جو حاجت ہو دنیا وآخرت کی اللہ تعالیٰ پوری فرمائے۔

## ۱۷۸۔ ترکیب دہم

امام ابوالحسن نور الدین علی بن جریر لخمی شطنونی قدس سرہ العزیز بہجۃ الاسرار شریف میں بسندِ صحیح حضور سیدنا غوث الاعظم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ارشاد فرماتے ہیں: من استغاث بی فی کربۃ کشف عنہ جو کسی سختی میں میری دہائی دے وہ سختی دور ہو جائے۔ وَمَنْ نَادَانِیْ بِاسْمِیْ فِیْ شِدَّۃٍ فُرِجَتْ عَنْہُ۔ اور جو کسی مشکل میں میرا نام لے کر ندا کرے وہ مشکل آسان ہو جائے۔ وَمَنْ تَوَسَّلَ بِیْ اِلَی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ فِیْ حَاجَۃٍ قُضِیَتْ لَہٗ اور جو کسی حاجت میں اللہ عزوجل کی طرف مجھ سے توسل کرے وہ حاجت روا ہو جائے اور جو شخص دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد فاتحہ سورۂ اخلاص گیارہ بار پھر بعد سلام نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجے وَیَذْکُرُنِیْ ثُمَّ یَخْطُرُ اِلٰی جِھَۃِ الْعِرَاقِ اِحْدٰی عَشَرَۃَ خُطْوَۃٍ وَیَذْکُرُ اِسْمِیْ وَیَذْکُرُ حَاجَۃً فَاِنَّھَا تُقْضٰی بِاِذْنِ اللّٰہِ تَعَالٰی۔ اور مجھے یاد کرے پھر عراق شریف کی طرف گیارہ قدم چلے اور میرا نام لیتا جائے پھر اپنی حاجت کا ذکر کرے تو بیشک وہ حاجت باذن اللہ تعالیٰ پوری ہو۔ یہ مبارک نماز اس سلطان بندہ نواز اکابرِ دین مثل امام جہضم وامام یافعی مولانا علی قاری مولانا شیخ محقق محدث دہلوی وغیر ہم رحمہم اللہ نے نقل وروایت فرمائی اور اعلیٰ حضرت نے ایک مبسوط رسالہ اس کی تحقیق و اثبات وردِ شکوک وشبہات میں مسمّٰی بنام تاریخی "انھار الانوار من یم صلوٰۃ الاسرار مقلب بہ العجج البھیۃ لمحب الصلوٰۃ الغوثیہ" اور دوسرا رسالہ ۱۳۰۵ھ عربی مختصر اس کی ترکیب وکیفیت وطریقہ حضرات مشائخ قدست اسرارہم میں مسمّٰی بنام تاریخی ازھار الانوار من صبا صلوٰۃ الاسرار لکھا۔

## ۱۷۹۔ ترکیب صلوٰۃ الاسرار شریف

جسے دینی یا دنیوی حاجت ہو بعد سنن مغرب صلاۃ الاسرار کی نیت، سے قرب الٰہی کے لیے اور سیدنا غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہدیہ پیش کرنے کے لیے دو رکعت نماز پڑھیں۔ اگر تازہ وضو کرلیں تو بہتر ہے نیز اگر پہلے کچھ صدقہ دے دیں تو جلد مطلب حل ہو اور ردِ بلا کا سبب ہو۔ نماز میں بعد فاتحہ جو قرآن یاد ہو وہ پڑھیں اگر قل ہو



Marfat.com

اللہ شریف گیارہ بار پڑھے تو بہتر ہے۔ حسب دستور نماز پوری کرے پھر قبلہ رو کھڑے ہو کر سورۂ فاتحہ ایک بار، آیۃ الکرسی ۷ بار بعدہٗ درود پاک اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰینَا مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَابْنِہِ الْکَرِیْمِ وَاُمَّتِہِ الْکَرِیْمَۃِ یَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ پڑھے۔ پھر اپنے دل کو مدینہ کی طرف متوجہ کر کے گیارہ بار کہے یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ وَاَمْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ۔ پھر گیارہ قدم عراق کی طرف چلے (معتدل) خضوع و آداب ملحوظ رکھے اور یہ خیال کرے کہ گویا بغداد شریف حاضر ہوں اور روضۂ پاک میرے سامنے اور سرکار اس میں قبلہ رو آرام فرما ہیں اور چاہیے کہ ان کے کرم پر اعتماد رکھے اور یہ سمجھے کہ وہ رضی اللہ عنہ دیکھ رہے ہیں اور ہر قدم پر یہ کہتا جائے یَا غَوْثَ الثَّقَلَیْنِ یَا کَرِیْمَ الطَّرَفَیْنِ اَغِثْنِیْ وَاَمْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ پھر اللہ سبحانہٗ تعالیٰ سے عرض کرے یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ لابار یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِجَاہِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَبِجَاہِ ابْنِہٖ ھٰذَا السَّیِّدِ الْکَرِیْمِ غَوْثِ الْاَعْظَمِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ۔ اب مطلب کہے پھر تین بار آمین کہے پھر درود شریف ۳ بار پڑھے۔ بہتر یہ ہے اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتِمِ النَّبِیِّیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ پر ختم کرے اور بکوشش روئے اور رونا نہ آئے تو رونے جیسا منہ بنائے تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری فرمادے گا۔




## ۱۸۰۔ عمل بے نظیر قضائے حاجات

جس کا پڑھنے والا کبھی اپنے مقصد میں ناکام نہیں رہتا اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط ۷۸۶ مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء ۴۰ روز تک بلاناغہ پڑھتے رہیں اور یہ نقش بسم اللہ شریف کا چاندی کی تختی پر کندہ کرا کے پڑھتے وقت سامنے رکھیں، اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور ہر روز جب یہ عمل ختم کریں تو اسی نقش کو روزانہ زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پی لیا کریں، جب چلہ پورا ہو جائے تو ایک نقش روزانہ کاغذ پر لکھ کر رکھیں تاکہ عمل قائم رہے۔ یہ نقش ہر حاجتمند کو دے سکتے ہیں اور کندہ شدہ نقش عامل ہمیشہ اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ الکریم اس کا



Marfat.com

پڑھنے والا بے شمار فوائد دیکھے گا۔ اس کے سینکڑوں دشمن کیوں نہ ہوں ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔ ہر شخص مسخر ہو، دولت قدم چومے، باعزت رہے، ہر دلعزیز ہو۔ جو زبان سے کہہ دے وہ پتھر کی لکیر ثابت ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| ٦٦ | ٥٢٤ | ١٩٦ |
| ٣٩٢ | ٢٦٢ | ١٣٢ |
| ٣٢٨ | اجب یا جبرئیل بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم جملہ حاجات روا گردانی ومقصودِ ما را حسب المدعا برآوردہ خیر گردانی جملہ مشکلات حل گردانی | ٤٥٨ |

## ۱۸۱۔ ہر مہم کی آسانی کے لیے صرف ایک رات کا عمل تیر بہدف

دن کو روزہ رکھے رات کو بعد نماز عشاء تازہ وضو کر کے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو ایک ہی جگہ میں بارہ ہزار مرتبہ اس طرح پڑھے کہ ہر ہزار مرتبہ پڑھنے کے بعد ۲ رکعت نماز نفل پڑھتا جائے۔ اس طرح گویا ۲۴ رکعت نمازِ نفل اور بارہ ہزار بار بسم اللہ شریف پڑھی جائے گی۔ جب یہ عمل ختم ہو تو ۹۰ بار مندرجہ ذیل قسم آخر تک پڑھے۔ انشاء اللہ المولیٰ تعالیٰ الکریم بڑی سے بڑی مشکل آسان ہو۔ دعائے قسم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا حَلِيْمُ يَا عَلِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا قَيُّوْمُ يَا دَآئِمُ بِـ طَنْبُهُوْحُ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِفَضْلِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِمَنْزِلَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِرْفَعْ قَدْرِيْ يَا اللّٰهُ وَيَسِّرْ اَمْرِيْ يَا اللّٰهُ وَاشْرَحْ صَدْرِيْ يَا اللّٰهُ وَاَجْبِرْ كَسْرِيْ وَاَغْنِ فَقْرِيْ وَطَوِّلْ فِيْ طَاعَتِكَ عُمْرِيْ وَيَسِّرْ اَمْرِيْ وَمَتِّعْ بِسَمْعِيْ وَبَصَرِيْ يَا مَنْ هُوَ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ الٓمٓ الٓمٓصٓ الٓرٰ الٓمٓرٰ حٰمٓ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ بِاِسْمِ الْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْقُوَّةِ بِاِسْمِ الْجَبَرُوْتِ وَالْعَظَمَةِ وَاَنْ تَجْعَلَنِيْ مِنْ عِبَادِكَ الْمُتَّقِيْنَ ط وَاَهْلِ طَاعَتِكَ الْمُحِبِّيْنَ وَاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ط وَنَصْرًا مُّعِيْنًا وَمَخْرَجًا فِي الدَّارَيْنِ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ط اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط بِفَضْلِكَ وَبِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ط

## ۱۸۲۔ نماز قضائے حاجت

یہ وہ نماز ہے جس کو نماز اشراق کہتے ہیں۔ اس کے لیے شرط یہ ہے کہ نماز فجر کے بعد وہیں بیٹھا ذکر الٰہی کرتا رہے اور جب طلوع آفتاب کو ۲۰ منٹ گزر جائیں تو اپنے مقصد کے لیے ۴ رکعت نمازِ اشراق کی نیت سے اس طرح

پڑھے کہ رکعت اول میں بعد الحمد شریف کے سورۂ والشمس دوسری میں واللیل، تیسری میں والضحیٰ، چوتھی میں الم نشرح پڑھ کر رکعات پوری کرے۔اور سلام پھیر کر اپنے مقصد کی دعا کرے۔

## ۱۸۳۔عمل حل المشکلات

یَا فَتَّاحُ الَّذِیْ فَتَحَ کُلَّ اَبْوَابِ ایک سو گیارہ بار اول وآخر درود شریف ۱۱۔۱۱بار پڑھے ۳یا ۷ بار دن میں ورنہ زیادہ سے زیادہ ۲۱ روز میں مقصد پورا ہو۔اس کے لیے وقت بعد نمازِ عشاء بہتر ہے۔

## ۱۸۴۔بیں کا نقش ہر کام کے لیے مجرب ہے

یادردائیل　یابدوح　یاجبرائیل

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ٢ | ٧ | ١١ | | |
| | ١٠ | ٤ | ٦ | |
| | | ٨ | ٩ | ٣ |

یاتنکفیل

## دانہ سلیمانی حاصل کرنے کا مجرب عمل

یہ عمل ہر مطلب برآری کے لیے بذریعہ غیبی امداد مفید اور مؤثر ہے۔چاہیے کہ جس کے اعداد ۱۰۹۳ ہیں۔اسی تعداد سے یہ عزیمت ۴۰ روز تک پڑھے ترکِ حیوانات کے ساتھ پڑھے۔جب چالیسواں دن آئے تو اس دن حجرہ میں خوب لوبان وغیرہ سلگائے اور اس عزیمت کو حسب معمول پڑھے۔پڑھتے پڑھتے ناگاہ اس کا مؤکل صفرائیل جو دانہ سلیمانی کا محافظ ہے اس عزیمت کا تابع ہو کر اچھی صورت میں حاضر ہوگا اور سلام کرے گا۔چاہیے کہ سوائے سلام کا جواب دینے کے اور کوئی کلام نہ کرے جب تک کہ ۱۰۹۳ بار عزیمت کی تعداد پوری نہ ہو جائے۔یہاں تک کہ وہ خود کلام کرے گا۔اور پوچھے گا کہ تیرا کیا مقصد ہے مجھ سے طلب کر۔اس سوال کا جواب عزیمت کی تعداد ختم کرنے کے بعد دے یعنی یہ کہے کہ میرا مقصد تیری تسخیر ہے۔مجھ سے کلمۂ محمدی کی قسم کے ساتھ عہد کرو کہ جب میں تم کو طلب کروں فوراً حاضر ہو جاؤ گے۔جب یہ عمل مکمل ہو جائے تو اس مؤکل کو رخصت کر دے اور اس عزیمت کو روزانہ ۳۹۰ بار ورد میں رکھے تا کہ عمل قائم رہے۔

عزیمت: اَجِبْ یَا صَفْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَا صَمَدُ یَا قَیُّوْمُ یَا رَبُّ اگر ایک چلہ میں مؤکل حاضر نہ ہو تو تین چلہ تک برابر حسب معمول یہ عمل پڑھتا رہے۔انشاء اللہ تیسرے چلہ میں ضرور مسخر ہوگا اور عہد و پیمان کرے گا۔بعدۂ اگر چاہے کہ کسی مطلب کے لیے مؤکل کو بلائے یا دانہ سلیمانی طلب کرے فوراً اس دانہ کو لانے کے لیے مؤکل غائب ہو جائے گا۔اس کے واپس آنے تک اسی جگہ عامل ٹھہرا رہے۔یہاں تک کہ وہ حاضر ہو کر مطلوبہ دانہ عامل کے روبرو پیش کرے گا۔چاہیے کہ تعظیم کرے اس دانہ کی اور اس کو سر آنکھوں پر رکھے اور حیض و نفاس والی



Marfat.com

عورت اور جنابت والے مرد کی نظر سے پوشیدہ رکھے اور یہ بھی ضروری ہے کہ اس دانہ کو خلاف شرع کام کے لیے ہرگز طلب نہ کرے، کیونکہ اگر ایسی نیت سے عمل کیا گیا تو مؤکل ہرگز مسخر نہ ہوگا بلکہ نقصان پہنچائے گا۔ اس کے ذریعہ ہر جائز کام لیا جاسکتا ہے۔ جس کا طریقہ وہ مؤکل خود بتائے گا۔

**تنبیہ:** یہ عمل مجربات میں سے ہے مگر اس میں ترکِ حیوانات جلالی ضروری ہے جس کی تشریح طویل ہے بہتر ہوگا کہ لوکی کی ترکاری بغیر مرچ کے اور جو کی روٹی خود پکا کر کھاتا رہے اور روزانہ پانی دریا کا کسی نمازی آدمی سے منگا کر رکھ لے اور تا اختتام عمل اسی کو پیتا رہے۔ مخلوقِ خدا اور دین کی خدمت کی نیت سے اس عمل کو پڑھتا رہے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ایک ہی چلے میں سو فیصدی امید ہے اگر یہی نیت رہی تو عامل کی ضروریاتِ زندگی امید و خیال سے زیادہ قدرتاً پوری ہوں گی کہ عامل خود حیران رہ جائے گا۔

## ۱۸۶۔ دعوت یا وہاب

نوچندی جمعرات کو بشرطیکہ اس روز قمر درعقرب نہ ہو بعد نمازِ صبح یعنی آفتاب نکلنے کے فوراً بعد دو رکعت نماز حاجت ایسے مکان میں پڑھے کہ کوئی اسے نہ دیکھے، پھر ۳ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد بحضورِ قلب قبلہ رو چودہ ہزار مرتبہ اسمِ مبارک یَا هَيْبُتْ پڑھے (اعلیٰ حضرت قدس سرہ کے پیر و مرشد نے اسی طرح لکھا ہے اور اس میں کنایہ ہے یا وہاب) اور اس تعداد کو ختم کرنے کے بعد بھی ۳ مرتبہ درود شریف پڑھے اور کوشش کرے کہ شمار میں فرق نہ ہونے پائے (شروع کرنے سے پہلے تسبیح کے دانوں کو گن لے کہ پورے ۱۰۰ ہیں یا کم یا زیادہ، اگر زیادہ ہوں تو نکال دے اور کم ہوں تو پورے ۱۰۰ کرے تاکہ تعداد میں بھول نہ ہو) بعدہٗ روزانہ بعد طلوع آفتاب کے درمیان یعنی سورج طلوع ہونا شروع نہ ہو ۱۴ مرتبہ یَا هَيْبُتْ سیدھے ہاتھ کی انگلیوں کی گرہوں میں پڑھے۔ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ چودہ مرتبہ اس طرح پڑھے کہ سیدھے ہاتھ کی چھنگلیا کے نیچے سے اوپر کو ہر گرہ پر یہ اسم پڑھنا شروع کرے یہاں تک کہ انگوٹھے کے برابر والی انگلی تک ۱۲ مرتبہ ہو جائے گا۔ جب بارہ مرتبہ اس طرح پورا کرے تو انگوٹھے کے دو گرہوں پر دوبارہ پڑھے تاکہ ۱۴ مرتبہ پورا ہو جائے۔ ہر روز جس حال میں بھی ہو وضو یا بے وضو یہاں تک کہ اگر ڈر ہو کہ آفتاب نکل آئے گا تو بحالت غسل ہی پڑھ لے تاکہ قبل طلوع آفتاب کی قید میں فرق نہ پڑے۔ ۱۵ یا ۲۱ دن اسی طرح پڑھتا رہے تاکہ عمل میں قوت اور اثر پیدا ہو جائے۔ کسی حاجت کے لیے پڑھنا ہو تو چاہیے کہ بعد نمازِ عشاء خلوت و تنہائی میں ۲ رکعت نماز حاجت پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے ۳ بار سورۂ اخلاص پڑھے بعد سلام پھیرنے کے ۳ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد خاموشی سے بیٹھا رہے اور دل میں اسم تکرار کرتا رہے۔ جب نصف شب گزرے وضو کرنے کے بعد دو رکعت نماز حاجت پڑھے بعدہٗ قبلہ رو الٹے پاؤں پر کھڑا ہو کر اور سیدھے پاؤں کے تلوے الٹے پاؤں کے زانوؤں پر رکھے اور چودہ مرتبہ سیدھے ہاتھ کی انگلیوں

اسم مذکور حسب معمول پڑھے اور الٹے ہاتھ کی انگلیوں کی گرہوں پر شمار کرتا جائے۔ یہاں تک کہ چودہ مرتبہ چودہ چودہ بار ہو کر کل تعداد ۱۹۶ بار بار ہو جائے پھر فوراً هب لِیْ رِزْقًا وَّاسِعًا ۱۴ مرتبہ پڑھ کر ۳ مرتبہ درود شریف پڑھے اور اسی جگہ سو جائے۔ اگر صبح کو اثر مرتب نہ ہو تو دوسری اور تیسری رات کو بھی اسی طرح پڑھے۔ انشاء اللہ کیسا ہی مشکل کام کیوں نہ ہو پورا ہوگا۔ پھر عمل کے برقرار رکھنے کے لیے ۴۰۰ مرتبہ اول و آخر ۳۔۳ بار درود شریف برابر روزانہ اسم یَا هَیُوْثُ پڑھتا رہے، یہ عمل مجربات میں سے ہے اور بارہا کا تجربہ ہے۔ بعض کا کام فوراً ہوا اور بعض کا کام دوسرے دن، اور بعض کا تیسرے دن۔ بہر حال اس عمل کا پڑھنے والا محروم ہرگز نہیں رہا ہے۔

## ۱۸۸۔ الحمد شریف کا عمل برائے ہر حاجت مجرب ہے

ام القرآن یعنی سورہ فاتحہ کو ایک ہی جلسہ میں عشاء کی نماز کے بعد سے صبح کی نماز تک پانچ ہزار مع اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار پڑھے لامحالہ حاجت پوری ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ و بکرم نبیہ گو ہر مراد حاصل ہو۔

## ۱۸۹۔ بڑی سے بڑی مشکل حل ہونے کا لاجواب عمل

منقول از سید جلال الدین بخاری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ بعد نماز عشاء وضو تازہ کر کے دو ہزار مرتبہ مع بسم اللہ شریف یہ بیت ایک ہی جلسہ میں پڑھے فوراً مشکل حل ہو فَسَهِّلْ یَا اِلٰهِیْ كُلَّ صَعْبٍ: بِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ اگر چند مسلمان بیٹھ کر ایک ہی جلسہ میں سوا لاکھ دفع اس کا ختم پڑھیں بڑی سے بڑی مشکل آسان ہو۔

## ۱۹۰۔ لاجواب استخارہ

یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً لِلّٰه ط ایک ہزار مرتبہ اول و آخر ۱۰۔۱۰ بار درود شریف پڑھ کر سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی پر دم کر کے سر کے نیچے رکھ کر سو جائے۔ انشاء المولیٰ الکریم اپنی ہر مشکل کا حل اسی شب میں معلوم ہو جائے گا اور جائز مقصد یقیناً حاصل ہوگا۔

## ۱۹۱۔ نقش دفع جن و آسیب

یہ نقش معظم چاندی کے پتر پر کندہ کر کے مریض اپنے پاس رکھے اور روزانہ اسی کا پانی دھو کر خود پیے یا کسی بھی مریض کو پلایا جائے انشاء اللہ العزیز فی الفور شفا پائے۔






## ۱۹۲۔ نقش دافع سحر آسیب، دیو، پری مجرب ہے

بحکم خدا تعالیٰ آسیب، دیو، پری وغیرہ فی الفور بھاگ جائے اور مریض کو شفاء ہو۔ اگر کسی مکان میں اس قسم کا اثر ہو تو نہایت خوشخط لکھ کر مکان یا دوکان میں لٹکائیں فوراً آسیب جن و پری وغیرہ دفع ہو مجرب ہے۔

## ۱۹۳۔ برائے بواسیر خونی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۵۲ | ۶۶ | ۲۹۳ | ۲۸۹ |
| ۱۵۲ | ۶۶ | ۲۹۳ | ۲۸۹ |
| ۱۵۲ | ۶۶ | ۲۹۳ | ۲۸۹ |

یہ نقش پان پر لکھ کر گڑ میں لپیٹ کر مریض کو چالیس روز کھلائے انشاءاللہ خاطر خواہ شفاء ہو۔ یہ نقش مجربات میں سے ہے۔ چاہیے کہ بدھ کے دن سے یہ عمل شروع کرے۔

## ۱۹۴۔ نقش جامع الکمالات

| | | | |
|---|---|---|---|
| سلام ۱۳۱ | قولا ۱۳۷ | من رب ۲۹۲ | رحیم ۲۵۸ |
| ۲۹۳ | ۲۵۷ | ۱۳۲ | ۱۳۶ |
| ۲۵۶ | ۲۹۰ | ۱۳۹ | ۱۳۳ |
| ۱۳۸ | ۱۳۴ | ۲۵۵ | ۲۹۱ |

یہ نقش سونے کے پتر پر اور بدرجۂ مجبوری چاندی پر شرف آفتاب یعنی برجِ حمل میں ہو اور قمر سعد نظر سے ناظر ہو کندہ کر کے جو اپنے پاس رکھے بے حد نفع دینی و دنیوی سے بہرہ یاب ہو اس نقش کی تعریف وخاصیت لکھنے سے قلم عاجز اور زبان قاصر ہے۔

## ۱۹۵۔ برائے صرع یعنی مرگی مجرب المجرب

مرگی کا مرض بڑا موذی مرض ہے اس سے بچنے کے لیے ہزاروں تدابیر اختیار کرنے کے باوجود کماحقہٗ کامیابی نہیں ہوتی مگر آپ یقین رکھیں کہ اس نقشِ معظم کی برکت سے مکمل شفاء ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

**ترکیب:** ہفتہ یا منگل کے روز سفید مرغ کے خون سے یہ نقش کاغذ پر لکھا جائے گا اور مریض کے گلے میں موم جامہ کر کے پہنایا جائے گا۔ مرغ کا رنگ مکمل طور پر سفید ہو کوئی داغ دھبہ دوسرے رنگ کا نہیں ہونا چاہیے۔ تعویذ لکھنے سے پہلے غسل کریں اور دو رکعت نماز دوگانہ پڑھ کر ۱۱ عدد شیرینی لڈو ہوں یا امرتی بالوشاہی یا پیڑہ وغیرہ جو بھی اچھی اور پسند ہو کسی مسلمان کی دوکان سے لا کر پہلے سے رکھ لیں۔ نمازِ دوگانہ پڑھ کر فاتحہ دیں اور نفل و فاتحہ و شیرینی کا ثواب حضور بابا سین اور حضور غوث اعظم اور حضور اعلیٰ حضرت و دیگر مشائخ کرام بسلسلۂ قادریہ کی ارواحِ



Marfat.com

پاک کو نذر کریں۔اس کے بعد تعویذ لکھیں اور شیرینی غرباء کو خصوصاً بچوں کو تقسیم کردیں۔(آیۃ الکرسی اور چاروں سورتیں پوری لکھی جائیں اور بالکل صحیح ہوں)۔

## ۱۹۶۔نقش حفاظت تیر وتفنگ وغیرہ

رمضان کے آخر مہینہ میں بروز جمعہ عصر ومغرب کے درمیان یہ نقش لکھے اور آخر خانہ میں اس کا نام مع والدہ کے لکھا جائے۔یہ نقش جس کے پاس رہے گا اس پر تیر وتفنگ نیزہ وشمشیر وغیرہ اثر نہ کرے گا اور کسی قسم کا سحر جادو وغیرہ اس پر کارگر نہ ہوگا۔جملہ آفات وبلیات سے محفوظ رہے گا۔ خوشی و شادمانی میسر ہو گی۔ ہر شخص مطیع و مسخر ہو گا، مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد والہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الم | الم | المحن | الر | الر | الر |
| المر | المر | المر | کھیٰعص | طہ | طسم |
| طس | طسم | الم | الم | الم | الم |
| یٰس | ص | حم | حم | حمعسق | حم |
| حم | حم | حم | ق | ن | فلان بن فلان |

## ۱۹۷۔ نقش سورۂ جن

اس نقش کا عامل ہر قسم کے جن، آسیب، سحر اور جادو وغیرہ کو دفع کرسکتا ہے۔(یک من علم رادہ من عقل باید)۔① چاہیے کہ ایک نقش لکھ کر گلے میں ڈالے۔② پلیٹ پر لکھ کر تازہ پانی سے دھو کر مریض کو پلائے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰۲۱۴ | ۲۰۲۰۷ | ۲۰۲۱۲ |
| ۲۰۲۰۹ | ۲۰۲۱۱ | ۲۰۲۱۳ |
| ۲۰۲۱۰ | ۲۰۲۱۵ | ۲۰۲۰۸ |

③ آسیب یا جن زیادہ سرکش ہو تو چراغ میں اس کو کندہ کر کے مریض کے سامنے رکھے اور روشن کرے کہ مریض اس کی روشنی میں بیٹھے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء کامل ہو۔

## ۱۹۸۔برائے جمیع مہمات ختم صغیر حضور سیدنا عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ

اول ۱۱۱ بار درود شریف کلمہ تمجید ۱۱۱ بار بعدہٗ سورۂ الم نشرح ۱۴۱ بار پھر سورۂ یٰسین ایک بار پڑھے۔عروج ماہ میں جمعرات سے شروع کرے۔انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ پڑھنے سے جملہ مہمات حسب منشاء حل ہوں گے۔مجرب اور آزمودہ ہے۔



Marfat.com

## ۱۹۹۔ در حصول ایمان و وسعتِ رزق مجرب است

بعد ہر نمازِ فرض فوراً بغیر کلام کیے آیۃ الکرسی پڑھ کر یہ آیت کریمہ ایک بار پڑھے۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَ
عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ؕ

پھر ایک بار سورۂ فاتحہ، ۳ بار سورۂ اخلاص، ۳ بار درود شریف پڑھ کر آسمان کی طرف دم کرے۔

**فائدہ:** حق تعالیٰ اس کی روح بغیر توسط ملک الموت قبض فرمائے اور اسی وقت داخلِ جنت فرمائے
زندگی میں روزی اس کی فراخ ہوگی سکراتِ موت میں آسانی اور قبر میں کشادگی و راحت ہوگی۔ ایمان پر خا
گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)

## ۲۰۰۔ برائے وصلِ دوست اور بھاگے ہوئے اور بچھڑے ہوئے سے

## ملاقات صرف ایک دن کا تجربہ شدہ عمل

چاہیے کہ یہ اسم اعظم ایک ہزار بار برائے ملاقات و وصلِ دوست ایک ہی نشست میں پڑھے بلاتوقف
دوست ایک ہی عمل میں ہو جائے، آزمودہ ہے، اسمِ اعظم یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الْجِيْمِ يَا جَامِعَ
شَيْءٍ عَنْ صِفَاتِهٖ يَا جَامِعُ۔ بعد تمام اس عمل کے ۱۰۰ مرتبہ یا جامع پڑھے۔

## ۲۰۱۔ قید سے خلاصی کے لیے مجرب و آزمودہ گیارہ روز کا عمل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ سُبْحَانَ الْقَادِرِ الْقَاهِرِ الْقَوِيِّ الْكَافِيْ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ
حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْ
اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

روزانہ بعد نماز فجر ۱۰۰ مرتبہ پڑھے اور آخر میں ۳۔۳ بار درود شریف پڑھنے کے دوران کسی سے بات چی
کرے انشاء اللہ گیارہ روز گزرنے نہ پائیں گے کہ رہائی کی چٹھی مل جائے گی۔

## ۲۰۲۔ ہر وہ بیماری جس سے اطباء اور مریض عاجز آچکے ہوں شفا پانے کا مجرب عمل

سورۂ قل یایھا الکفرون مع بسم اللہ ایک ہزار بار پڑھ کر سرسوں کا تیل ایک بوتل پر دم کر کے محفوظ ر
جب کوئی مریض کسی قسم کے درد یا دیگر تکالیف کا عامل کے پاس آئے تو ذرا سا تیل اس میں سے دے دیا جا



Marfat.com

کہہ دیا جائے کہ ایک ایک قطرہ سوتے وقت مریض کے کان میں ڈال دیں اور درد کی جگہ مالش کریں۔اس سے ہر قسم کی تکلیف رفع ہوگی اگر سوتے میں طرح طرح کی ڈراؤنی خوابیں آتی ہوں اس سے نجات ہوگی اگر کسی قسم کا خطرہ آسیب وغیرہ کا ہو اس سے نجات ہوگی اور جو دوا مریض کے استعمال میں آ رہی تھی اور اثر نہیں کرتی تھی تو انشاء اللہ کرے گی۔

## ۲۰۳۔بسم اللہ شریف پڑھنے کا ایک خاص طریقہ جس کے پڑھنے سے زندگی میں کسی اور عمل کی ضرورت نہ پڑے گی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہر روز فجر کی نماز کے بعد پڑھ لیا کریں اول و آخر درود شریف ۳۔۳ بار پڑھ کر اپنے جملہ مقاصد کی دعا کر لیا کریں ناغہ نہ کریں نیز طلوع و غروب کے وقت ۹۰ بار روزانہ کا ورد مع اول آخر درود ۲۲۔۲۲ مرتبہ ہر وظیفے سے بے نیاز کردے گا۔

## ۲۰۴۔برائے وسعت رزق و ادائے قرض و وصولیابی قرض کے لیے مجرب عمل

یہ عمل صرف تین روز اس ترکیب سے پڑھ لیں کہ تین روز روزہ رکھیں اور ہر روز بعد نمازِ عشاء یہ دونوں آیتیں بارہ ہزار مرتبہ پڑھیں تا کہ سحری تک عمل پورا ہو جائے بعد میں سحری کھائیں۔انشاء اللہ غیب سے روزی پہنچے۔قرض دار ہو تو بآسانی ادا ہو جائے اور اگر کسی پر اپنا پیسہ آتا ہو اور وہ نہ دیتا ہو تو بآسانی وصول ہو جائے۔بعد تین روز کے ہر روز بعد نمازِ فجر ۱۰۱ بار معہ اول و آخر درود ۳۔۳ بار پڑھتے رہیں تا کہ عمل قائم رہے۔آیتیں دونوں یہ ہیں۔اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِیْزِ الْوَهَّابِ ط اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا فَلْیَرْتَقُوْا فِی الْاَسْبَابِ ط اول و آخر درود شریف ۱۱،۱۱ بار۔

## ۲۰۵۔معشوق خود عاشق ہو جائے

یہ دعا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر چائے یا شربت میں یا ویسے ہی محبوب کو پلا دیں نیز اگر شوہر بیوی سے محبت نہ کرتا ہو تو کاغذ پر لکھ کر چاندی کے تعویذ میں رکھ کر عورت اس نقش کو چوٹی میں باندھے اور اگر مرد سے اس کی بیوی نفرت کرتی ہو تو شوہر اپنے بازو پر باندھے ان شاء اللہ کسی دوسرے نقش کی ضرورت نہ پڑے گی۔دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَا سَیِّدُ یَا سَیِّدُ یَا سَیِّدُهٗ اَللّٰهُمَّ مَوَدَّتً مَحَبَّتً بَیْنَ فُلَانِ بْنِ فُلَانُ عَلٰی حُبِّ فُلَانُ بِنْتِ فُلَانٌ كَمَا بَیْنَ اٰدَمَ وَحَوَّا كَمَا بَیْنَ اِبْرَاهِیْمَ وَسَائِرَةَ كَمَا بَیْنَ یُوْسُفَ وَزُلَیْخَا كَمَا بَیْنَ مُحَمَّدٍ وَّعَائِشَةَ وَمَارِیَةِ وَكَمَا بَیْنَ عَلِیِّ وَّفَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ وَبِحَقِّ



Marfat.com

یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ وَبِحَقِّ الرَّحْمٰنِ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ط وَبِحَقِّ بـ
نہ حروف ابجد وَ بِحَقِّ این اِسْمِ اَعْظَمْ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ
خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی سَائِرِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔

## ۲۰۶۔ برائے محبت زن وشوہر

یہ نقش لکھ کر اگر مرد سے بیوی متنفر ہے تو مرد اپنے الٹے بازو پر باندھے اور اگر بیوی سے شوہر متنفر ہے تو عورت اپنے سیدھے بازو پر باندھے، موم جامہ ضرور کرلیا جائے۔

۷۸۶

| | | | |
اے صاحب فال نیت مبارک ہے تمام کاروبار تیرے بخوبی انجام پائیں گے اور کچھ فکر نہ کر مراد تیری حاصل ہوگی اور اس نیت سے درگزر کرنا چاہیے۔امام فخر رازی فرماتے ہیں کہ صاحب فال کو اپنی نیت کا ثمرہ مل جائے گا۔ ان شاءاللہ تعالیٰ

لا : قولہ تعالیٰ۔ لَا اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۔

اے صاحب فال حرف لا دلالت کرتا ہے کہ جس عمل اور شغل کے درپے ہے اس کو چھوڑ دینا چاہیے کہ حاصل نہ ہو اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اس کی نیت اور اندیشہ ہونا چاہیے جو اچھا ہے، ایسے کام سے پرہیز کرنی چاہیے اگر پرہیز نہ کرے گا زیاں دیکھے گا۔ان شاءاللہ تعالیٰ

ی : قولہ تعالیٰ۔ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔

اے صاحب فال حرف ی اس پر دلالت کرتا ہے کہ اس نیت میں تم کو خوشی حاصل ہوگی اور امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صاحب فال کو چاہیے کہ اس نیت سے درگزر نہ کرے کہ جلدی مراد حاصل ہوگی۔ ان شاءاللہ تعالیٰ

## ۵۔ راس یعنی طالع معلوم کر کے زندگی کے مختصر حالات جاننے کا طریقہ

جس کا طالع دیکھنا ہو اس کے اور اس کی ماں کے نام کے اعداد جمع کر کے ۱۲ سے تقسیم کریں جو عدد حاصل ہو اس کا ثمرہ پڑھ لیں اور اگر برابر تقسیم ہوجائیں تو نمبر (۱۲) کا ثمرہ دیکھیں۔



Marfat.com

**نوٹ:** ہر مرد و عورت کے لیے جن نقوش کا نام لکھا ہے اگر منگانے میں تکلیف ہو تو ہر اک کے نیچے جو نقش عبارت میں لکھا ہوا ہے وہ ہاتھ سے لکھ کر دے سکتے ہیں، ہماری طرف سے اجازت ہے۔

# ۶۔ خواص طالع مرد میں

## ۱۔ بُرجِ حمل

(میکھ) ستارہ اس کا مریخ یعنی منگل ہے (اس طالع کا مرد خوش طبع، خوش خلق ہوگا۔ دو عورتیں اس کی قسمت میں ہیں، مگر آرام ایک ہی سے پائے گا۔ اولاد بہت ہوگی۔ سیاہ لباس اس کے نامناسب ہے۔ اکثر برے کام کر کے شرمندہ ہوگا۔ آگ و پانی سے بچنا بہتر رہے گا۔ نظر بد سے اکثر و بیشتر نقصان پہنچے گا۔ عقیق کی انگوٹھی اس کو پہننا خوب ہوگا۔ خرید و فروخت یعنی تجارت سے نفع ہوگا۔ اگر کچھ نقصان بھی ہوا تو جلد بدل جائے گا۔ زندگی کا پہلا دور تکالیف میں دوسرا دور متوسط تیسرا دور آرام سے گزرے گا۔ عبادتِ خدا میں کاہلی ہرگز نہ ہو۔ اکثر بیماری سردی وبائی سے ہوا کرے گی۔ اگر عمر چالیس برس سے گزر گئی تو نوے برس کی عمر تصور کی جائے۔ نیا چاند دیکھتے وقت درود شریف پڑھنا بہتر ہے چوپائے مثل گائے بھینس بیل بکری وغیرہ پالنا مبارک ہے مندرجہ ذیل تعویذ زندگی بھر کے لیے مفید ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، یعنی نقش جامع المطلوب۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اَللّٰهُ سَمَعْطُوْنَ الَّذِيْ لَهُ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى بِغِعَآءِ الْعُلٰى وَتَسَاوِيْ وَلَيَاءِيْ يَسْتَحْيِهٖ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا رَؤُفُ يَا دَيَّانُ يَا سُبْحَانُ يَا سُلْطَانُ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا اٰهِيًا يَا اَشْرَاهِيًا يَا هُوْ ط

تکسیر جنہ معہ محیط الاسرار نقش مفید ہے۔

## ۲۔ بُرجِ ثور

(برکھ) ستارہ اس کا زہرہ یعنی شکر ہے، نشانی دولتمندی و عیش و کامرانی ہے۔ نکاح بہت کی خواہش کرے گا لیکن عمدہ عورت ایک ہی سے کارروائی ہوگی۔ شرع کے خلاف کام نہ کرے تاکہ اس کا کام مرضی کے مطابق پورا ہو۔ چارپایوں سے اکثر نقصان ہوتا رہے گا۔ جس کے ساتھ وفا کرے گا۔ جفا پائے گا، جو کچھ کمائے گا اڑا دے گا، اولاد بہت ہوگی۔ اکثر آنکھ کی بیماری میں مبتلا رہے گا۔ شعبان کا مہینہ طلب حاجت کے لیے بہت مناسب ہے۔ بیماری اکثر معدہ و صفرا اور درد سینہ اور دردِ کمر سے ہوگی۔ پہلے اور چوتھے سال خیریت سے گزر جائیں تو عمر اسی (۸۰) برس تصور کرنی چاہیے۔ سفر میں بہت فائدہ ہوگا لیکن خرچ کر ڈالے۔ حج کعبہ اس کے نصیب میں ہے۔ آخر



Marfat.com

عمر میں دولت ہاتھ آئے گی۔ ان شاء اللہ۔ مندرجہ ذیل تعویذ اس کے لیے بہتر ہے نقش جامع المطلوب
عبارت۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط يَا حَلِيْمُ يَا كَرِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا بَاقِيُ يَا وَالِيُ يَا عَلَّام الْغُيُوْبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَنْتَ اَهِيًا شَرَاهِيًا مَرَسطبها وَحِفْظُهٗ هٰذَا الْكِتَابِ۔

۱۱ ۱۸ ۱۹ ۸۹ ۹۰ ط طیا اکسیر اعظم معہ سیفی۔

## ۳۔ بُرجِ جوزا

(متھن) ستارہ اس کا عطارد یعنی بدھ ہے۔ اس طالع کا مرد بامروت، خوش عادت، ہوشیار، اپنوں اور پڑوسیوں سے نیکی کرے گا لیکن بدلہ برائی سے پائے گا اور بزرگوں کی صحبت اس کے لیے مفید ہے۔ حرام مال سے پرہیز کرے ورنہ ایک روپیہ حرام کا تین لے کر جائے گا۔ سفر میں تکلیف اٹھائے گا، مال بہت ہاتھ آئے گا یا تو کرے گا یا کوئی ایسا کام کرے گا جس سے حج کا ثواب پائے گا۔ جناب سید عالم ﷺ کی خواب میں زیارت نصیب ہوگی۔ باغ وکھیتی سے فائدہ ہوگا۔ اولاد بہت ہوگی مگر ان کی طرف سے دکھیا رہے گا بلغمی امراض، درد سینہ درد سر کی اکثر تکلیف ہوگی۔ شہد اور کلونجی صبح منہ نہار کھانا مفید ہوگا زرد اور نیلی آنکھوں والے سے خطرہ رہے گا۔ قبلہ کی طرف سفر کرنا مبارک ہے۔ دوسری اور پانچویں برس کی تکلیف سے بچ گیا تو ان شاء اللہ تعالیٰ عمر اس کی نوے (۹۰) برس کی ہوگی۔ مندرجہ ذیل تعویذ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو بہت موثر ہو۔ یعنی نقش جامع المطلوب عبارت۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا وَالِيُ وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰهُ وَ حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اِهِيًا شَرَاهِيًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ مَعْصُوْمٌ مِنْ كُلِّ هَيْكَلٍ۔

اوہ اھا۱۱ ۱۱ ۱۱ عہ ۱۱ ۲ ۲۷۲ ۱۱ ۱۱ ۱۱ ۱۱ع

## ۴۔ بُرجِ سرطان

(کرک) ستارہ اس کا قمر (چندرما) ہے اس طالع کے مرد کی دو صورتیں ہیں اول سانولے رنگ کا مضبوط طاقتور، دوسرا گورا چٹا نحیف اور کمزور لیکن دونوں صورتیں دولت مندی کی نشانی ہیں۔ سفر بہت کرے گا اور فائدہ کمائے گا البتہ وفا کا بدلہ جفا سے پائے گا۔ اس کے بدگو بہت ہوں گے۔ زندگی کا ابتدائی حصہ پریشانی میں گزرے گا اور بقیہ حصہ آرام وراحت میں، انجام بہر حال بخیر ہوگا۔ اگر رنج وغم میں گھبرائے نہیں اور یقین رکھے کہ



Marfat.com

کارساز ہے تو سب کام ان شاء اللہ آسان ہو جائیں گے۔ سینہ اور اعضاء پر ایک تل ہے وہ مبارک ہے بھائیوں اور دوستوں سے محبت کرے گا، وفا پائے گا۔ ماں باپ سے جدا ہو جائے گا۔ نکاح کئی کرے گا۔ لیکن کارروائی ایک ہی سے ہوگی اور اولاد بہت ہے لیکن اوپری خلل کا اندیشہ رہے گا۔ بیماری اکثر دردِ کمر اور سرد ہواؤں سے ہوگی۔ حاسد بہت ہوں گے، لیکن کوئی کچھ نہ بگاڑ سکے گا۔ سفید لباس پہننا مناسب ہوگا۔ اس کے لیے ماہ ربیع الاول دن سنیچر ہر کام کے لیے مبارک ہوگا۔ نیا چاند دیکھ کر پانی پر نظر کرنا بہت بہتر ہوگا۔ اگر کسی سے کچھ لینا ہو تو دائیں جانب کھڑا ہو ساتویں اور اٹھارھویں برس خیریت سے گزرے تو نوے برس کی عمر تصور کرنا چاہیے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ نقش جامع المطلوب بہتر رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط يَا مَنَّانُ يَا دَيَّانُ يَا غُفْرَانُ يَا بُرْهَانُ يَا سُبْحَانُ يَا سُلْطَانُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا اٰهِيًا اَحِيًا اَلْعَجَل۔

السّاعۃ ۱۱ ۱۱ ۱۱ ۱۱۵ ۱۱ ۳۳ ومح

## ۵۔ بُرجِ اسد

(شمس) ستارہ اس کا شمس یعنی سورج ہے اس طالع کا مرد سفید، خوش رو، خوش سخن، ابرو کشیدہ، بزرگوں کے حضور چرب زبانی اور تند خوئی سے پیش آئے گا اور خیال نہ کرے گا۔ میں نے کیا کہا۔ لعو ولہب، کھیل کود کو دوست رکھے گا۔ ایک بڑا بھاری رنج بھی اس کو پہنچے گا، کسی کی ضمانت کرنا اچھا نہیں۔ اعضا پر نیک بختی کا نشان ہے۔ بزرگ لوگ اس کی بات کو معتبر سمجھیں گے، مال و اسباب بہت کمائے گا لیکن خرچ کر ڈالے گا۔ اپنی سادگی کے سبب دشمنوں کو بھی دوست جانے گا، دشمن بہت ہوں گے چاہیے کہ کسی سے اپنے دل کا بھید نہ کہے ماں باپ اس سے پہلے انتقال کر جائیں گے۔ اولاد، بیماری اکثر دردِ سر، دردِ شکم وغیرہ ہوگی ایک مدت تک اس کا کام اندھیرے میں پڑا رہے گا، پھر بعد کو سب کام درست ہو جائیں گے۔ اس کو چاہیے کہ دشمنوں کی نصیحت قبول نہ کرے۔ عمر چار برس یا طبعی ہوگی، جمعرات کا دن سرخ و سبز لباس، گائے بیل بکری اس کے لیے مبارک ہیں۔ ان شاء اللہ نقش جامع المطلوب معہ عبارت اس کے لیے بہتر ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط يَا فَتَّاحُ اللّٰهُ الَّذِيْ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا غَفُوْرُ يَا وَدُوْدُ يَا بَاسِطُ يَا بَاقِيُ مَلَح محمود حرمت سائِل فانّك معصوو۔

عطیف ۱۱ ۲۲ ۲۴ ۱۱۳ ۳ ۱۱ ۵۵۱ ۶۹ ۱۱ ۷۷ ۱۱۹ ہ محمح

## ۶۔ بُرجِ سنبلہ

(کنیا) ستارہ اس کا عطارد یعنی بدھ ہے۔ اس طالع کا مرد میٹھی زبان والا ہوگا مگر اس کو جھوٹ بولنا ہرگز سزاوار نہیں۔ راست گوئی اور سچائی سے فائدہ دیکھے گا۔ نماز میں سستی اور کاہلی نہایت مضر ثابت ہوگی۔ غصہ کو ضبط کرنا بہتر ہوگا۔ کسی سے شرکت کرنا بہتر نہیں۔ اکثر کاموں میں غصہ جلد آئے گا لیکن فوراً اتر جائے گا۔ مال بہت جلد بات کہنے میں پیدا کرے گا لیکن صرف کر ڈالے گا۔ بدن میں ایک نشان ہوگا جو دولت و اقبال کی نشانی ہے۔ دشمن اور بدگو بہت ہوں گے۔ لوگ اس کے سامنے تو نیکی سے پیش آئیں گے اور پیٹھ پیچھے برائی کریں گے لیکن کچھ بگاڑ نہ سکیں گے چار پائے قسمت میں بہت زیادہ ہیں، ماں باپ سے میراث ملے گی۔ بہن بھائی سے جدائی اختیار کرے گا۔ دو عورتوں سے نکاح کرے گا اولاد ہوگی کم جیے گی۔ زندگی کا پہلا دور قدرے تکلیف میں اور آخری نہایت اچھا گزرے گا۔ عمر پانچ برس یا طبعی۔ رجب کا مہینہ سبز لباس، چار پائے نرینہ مبارک ہوں گے۔ آسیبی خلل سے اکثر بیماریوں میں بتلا رہنے کا امکان ہے۔ ان شاء اللہ نقش جامع المطلوب معہ عبارت بہتر رہے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَبِقُدْرَةِ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَاحِدٌ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کٓهٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ اٰهِیًا اَشْرَاهِیًا اَدُوْنَی اَصْبَاوُتَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔

## ۷۔ بُرجِ میزان

(تلا) ستارہ اس کا زہرہ یعنی شکر ہے۔ اس کی تین صورتیں ہیں۔ اول سرخ و سفید ابرو کشادہ، دوسرے بلند قامت، تیسرے غمگین چہرہ خوش خلق۔ اگرچہ کسی پر اپنی جان بھی قربان کردے گا تب بھی کوئی اس کی قدر و منزلت نہ کرے گا۔ کسی کی ضمانت نہ کرے تجارت سے نفع پائے گا گردن یا بازو پر ایک تل ہے جو نیک بختی کی علامت ہے۔ اپنا خواب ہر کسی سے نہ کہے رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو خواب میں دیکھے گا، اپنا مطلب و مراد پائے گا۔ خدا کا شکر بجالانا چاہیے۔ اس کا ستارہ نیک ہے عبادتِ خدا میں کاہلی نہ کرے۔ اپنے دل کا بھید کسی سے نہ کہے کیونکہ دشمن اور بدگو بہت ہیں۔ حرام مال اپنے مال میں نہ ملائے اور نہ اس کی طرف توجہ کرے کہ سزاوار نہیں۔ اگر ایک پیسہ حرام کا پیدا کرے گا، دس پیسے حلال کے جاتے رہیں گے اپنے کسی کام میں ہمت نہ ہارے۔ خدا کے نام سے ہر کام شروع کرے۔ زندگی خوب گزارے گا۔ ماں باپ اس سے پہلے مرجائیں گے۔ قسمت میں اولاد بہت ہے۔ چھوٹے لڑکے سے آرام پائے گا۔ بہن بھائی سے وفا کم عمر آٹھ برس یا نوے برس، رمضان کا مہینہ سبز لباس۔ مبارک نقش



Marfat.com

با مع المطلوب معہ عبارت ان شاءاللہ ہر طرح مفید و ثابت ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّ غَمٍّ سَيَنْجَلِي بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ بِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ لَا فَتٰى اِلَّا عَلِي لَا سَيْفَ اِلَّا ذُوالْفِقَارِ العجل العجل

## ۸۔ بُرجِ عقرب

(برچھک) ستارہ اس کا مریخ یعنی منگل ہے، اس طالع کا مرد سفید پوست بلند قامت، حاکموں کے سامنے چرب زبان، خوش نصیبی کا یہ حال کہ اگر مٹھی میں مٹی لے گا تو سونا ہو جائے گی۔ بیوی اور اولاد سے بہت فائدہ پائے گا۔ حج کرے گا یا کوئی ایسا کام کرے گا کہ اس سے حج کا ثواب ہوگا۔ زندگی بہت ہوگی، لوگوں میں عزیز و بزرگ ہو گا۔ بے غم واندوہ عمر گزارے گا۔ عزیزوں سے فائدہ ہوگا۔ ماں باپ سے نفع کم پائے گا۔ بیماری اکثر دردِ شکم، دردِ ناف اور دردِ قولنج سے ہوگی۔ میٹھے انار کا کثرت سے استعمال مفید ہوگا۔ نماز، شرع کی پابندی، قسمت میں چار چاند لگا دے گی۔ لڑکپن میں آگ پانی سے خوف ہے۔ دشمن اگرچہ بہت ہیں مگر غالب نہ ہوں گے۔ البتہ ایک شخص دبلا پتلا اس کا دشمن ہے، اس کے فریب سے بچتا رہے۔ عمر میں ایک سخت مصیبت پیش آئے گی لیکن عاقبت بخیر ہوگی عمر ستر برس یا طبعی ہوگی۔ تحفۂ نوری ان شاءاللہ اس کے لیے مفید ہوگا۔ واللہ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَيَا لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ وَاَتَى اللّٰهُ غَالِبٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَاَلَا اِلَى اللّٰهِ الْقَلْبِ اٰهِيًا اَشْرَاهِيًا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

۲۲ ۱۱۸ ۹۱۹ ۶۶۰۰۰ ۳۳۹ مح

## ۹۔ بُرجِ قوس

(دھن) ستارہ اس کا مشتری یعنی برہسپت ہے۔ اس طالع کا مرد خوش رو، خوش مزاج، خوش لباس، فراخ روزی، اول عمر میں پریشانی اور ابتری ہے آخر میں دوستی اور بہبودی ہوگی۔ مال بہت جمع کرے گا۔ چوپائے جانور سے نفع پائے گا۔ حرام سے نقصان پہنچے گا۔ دوستوں سے راحت و آرام، ماں باپ سے روزی کم، بھائی بہنوں سے ناموافقت اولاد کی طرف سے خوشحالی، دنیا کے رنج و غم سے فارغ البال، بیماری اکثر آسیب سے پائے گا۔ دریا کا سفر مبارک ہوگا۔ کوئی کام بند نہ ہوگا۔ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھے گا۔ دین و دنیا کی سب مرادیں حاصل ہوں گی۔ ایک شخص کرنجی آنکھوں والے سے ڈرتا رہے اور اس سے بچنے کی تدبیر کرتا رہے ان شاء



Marfat.com

اللہ کوئی دشمن غالب نہ ہوگا۔ نقش جامع المطلوب ان شاء اللہ ہر طرح مفید ہوگا۔ واللہ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اٰھِیًا شَرَاھِیًا یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا دَیَّانُ یَا بُرْھَانُ یَا شَافِیْ یَا کَافِیْ۔ ۱۲ ۱۸ ۱۴ ۸۱ ۲۳ ۹۸ عہ ـــو مج

## ۱۰۔ بُرجِ جدی

(مکر) ستارہ اس کا زحل یعنی سنیچر ہے۔ اس طالع کا مرد نیک خلقت، سخن گو، چرب زبان ہوگا۔ اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہے۔ نماز میں کاہلی نہ کرے۔ حرام اور ناجائز مال کی طرف ہرگز توجہ نہ کرے ورنہ بہت نقصان اٹھائے گا۔ راستی سچائی سے فائدہ مند ہوگا۔ حصول دنیا کے لیے بہت کوشش کرے گا۔ لیکن ملے گا نہیں مگر جو نصیب میں ہوگا۔ لوگوں پر اپنی جان بھی فدا کر دے تب بھی اس کی کوشش کی کوئی قدر و منزلت نہ سمجھیں۔ جسم میں ایک تل ہوگا جو دولت و اقبال کی نشانی ہے۔ آخر عمر میں بہت مال ہاتھ آئے گا۔ اور کچھ چیز زمین سے پائے گا۔ چارپایوں سے نقصان اٹھائے گا۔ حاکم وقت سے کبھی کبھی کچھ فائدہ پہنچے گا۔ پچھم کی طرف سفر مبارک ہوگا، اولاد نصیب میں بہت ہے مگر جیے گی کم، زندگی دراز، قرض دینا اچھا نہیں، سفر کرنا بہتر ہے مگر خیانت نہ کرے۔ ماں باپ سے جدائی، میراث کم، بھائی بہن خدمت گزار ہوں گے۔ بیماری اکثر درد زانو سے ہوگی۔ نیا چاند دیکھ کر قرآن پاک کا دیکھنا بہتر ہے۔ ہر حاجت کے لیے ربیع الاول مہینہ مبارک ہوگا۔ چار اور اٹھارہ برس کی بیماری سے اگر محفوظ رہا تو عمر اس کی سو برس تصور کی جائے۔ نقش مخمس اور یہ عبارت ان شاء اللہ تعالیٰ مفید ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا کَرِیْمُ یَا عَلِیْمُ یَا اَحْمَدُ یَا حَمِیْدُ یَا دَانَا یَا بِیْنَا یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ ۱ ۱۱۱ ۱۲۹ ۲۴ ۱۱ ۱۱

## ۱۱۔ بُرج دلو

(کنبھ) ستارہ اس کا زحل یعنی سنیچر ہے۔ اس طالع کا مرد دولت مند، پاکدامن جس قدر بزرگ ہوتا جائے گا اس کا کام نیک ہوتا جائے گا۔ اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہے کیونکہ دشمن اور بدگو بہت ہیں۔ ایک بڑا بھاری رنج اٹھائے گا لیکن انجام بہتر ہوگا۔ کسی کی ضمانت نہ کرے اس پر افتراء و بہتان بہت اٹھیں گے۔ چاہیے خدا پر بھروسہ رکھے اور صبر کرے، قبلہ کی طرف سفر کرنا بہتر رہے گا۔ خرید و فروخت اور زراعت اس کے حق میں مفید ہے۔ کسی طرح حرام مال سزاوار نہیں، زندگی عیش و عشرت سے گزرے گی، مال بہت ہاتھ آئے گا۔ ماں باپ سے راحت پائے گا لیکن ان سے جدائی اختیار کرے گا۔ دو عورتوں سے نکاح کرے گا۔ بعض کام ناشائستہ کرے گا۔ لیکن فوراً قبول کرلے گا۔ جو اہم کام پیش آئے گا جلد انجام کو پہنچے گا۔ علم میں حریص ہوگا۔ کسی قدر آتش مزاج ہوگا۔ لیکن دل



Marfat.com

ں کینہ نہ رکھے گا۔ عمر چھ برس یا اسی ﷺ ے برس تصور کرے۔ جامع المطلوب مع عبارت نقش ان شاء اللہ تعالیٰ
ں کے لیے مفید ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ
سَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ اٰهِيًّا شَرَاهِيًّا اودنی صادت اشدی وحلمو
سم کنح محح محح۔ ۱۱ ۱۵۱ء ۷۷ ۹۸ ۱۱ محح

ا۔ بُرجِ حوت

(مین) ستارہ اس کا مشتری یعنی برہسپت ہے اس طالع کا مرد بلند قامت، خوش کلام، گندم گوں، ابرو کشیدہ، ریف طبع، خوش سخن خلق ہوگا۔ نوادرات (عجیب وغریب چیزوں) پر جان فدا کرے گا۔ دشمن بہت ہیں، اکثر بت کریں گے لیکن غالب نہ ہوں گے۔ اپنی بات میں سے جو بات یہ کہے گا لوگ قبول کریں گے۔ اپنی سادہ لوحی ے سبب دوست دشمن میں فرق نہ کر سکے گا۔ خلق کی نظروں میں عزیز اور اپنے کام میں باتمیز، بری صحبت سے پرہیز رے گا۔ دینے میں خوش، لینے میں ناخوش، درمیان عمر میں نحس ستارے کے سبب کرے گا کچھ ہوگا کچھ۔ نظر بد ے نقصان پائے گا، چاہیے کہ کوئی دعا چشم بد سے بچنے کی اپنے پاس رکھے۔ پڑوسیوں سے نیکی کرے گا۔ عوض میں ری پائے گا۔ شاید عورتیں نکاح میں کئی ہوں گی۔ دو اور تیرہ برس خیر سے گزر گئے تو عمر طبعی ہوگی۔ رجب کا مہینہ عہ کا دن ہر کام کے لیے مبارک ہے۔ ہر کام کے لیے محیط الاسرار مع نقش تکسیر جنہ نہایت مفید ہوگا۔ ان شاء اللہ نالٰی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ
ظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا عج عج ۱۱ ۲۲ ۲۳ ۹۴ ۶۵ محح

## ۷۔ یہ فالنامہ صرف عورتوں کے لیے ہے

جس عورت کے واسطے دیکھنا ہو اس کا اور اس کی ماں کے نام کے اعداد جوڑ کر ۱۲ سے تقسیم کریں جو عدد حاصل ہو اس کا ثمرہ پڑھ لیں اور اگر کچھ نہ بچے تو نمبر ۱۲ کا ثمرہ دیکھیں۔

ا۔ بُرجِ حمل: (میکھ)

ستارہ اس کا مریخ یعنی منگل ہے اس طالع کی عورت خوش رفتار، خوش گفتار، عقل مند اور ہوشیار ہوگی۔ سینہ گردن یا بازو پر ایک تل ہوگا۔ جو نیک بختی کا نشان ہے۔ جھوٹ بولنا اور امانت میں خیانت کرنا اس کو ساز گار نہیں۔



Marfat.com

جلد غضبناک ہونا اور جلد ہی غصہ کا فرو ہونا اور اس کی عادت میں داخل ہوگا۔ پڑوس میں ایک شخص اس کا دشمن ہے اس سے ہوشیار رہے۔ اول عمر میں بہت رنج و مصیبت اٹھائے گی۔ آخر عمر آرام سے گزرے گی۔ والدین سے راحت پائے گی۔ شوہر اکثر مہربان رہے گا۔ اولاد ہوگی مگر جیے گی کم۔ ام صبیان (مسان) کا فساد رہے گا۔ دوا و دعا کرنے سے ان شاء اللہ جاتا رہے گا۔ اپنے دل کا بھید کسی سے نہ کہے ورنہ نقصان اٹھائے گی، تیسری اور چوتھی سال خیریت سے گزر گئی تو ستر برس کی عمر تصور کرنا چاہیے، سبز لباس اس کے لیے مبارک و بہتر ہے تکسیر جنہ مع محیط الاسرار ایک طرف اور دوسری طرف مندرجہ ذیل آیات کا نقش ہمیشہ گلے میں پڑا رہنا اور اسی کا پانی دھو کر پینا نہایت مفید رہے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ۔ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔

## ۲۔ بُرجِ ثور: (برکھ)

ستارہ اس کا زہرہ یعنی شکر۔ اس طالع کی عورت خوش خلق، نیک سیرت، عقل مند خوش سخن، دستکار ہوگی۔ چاہیے کسی سے کتنا ہی سلوک کیوں نہ کرے بدلہ برائی سے پائے گی۔ اس کے حق میں یہ بات اچھی نہیں کہ جو کچھ دل میں آتا ہے، بے سوچے سمجھے زبان پر لے آتی ہے۔ چاہیے کہ اپنا بھید کسی سے نہ کہے۔ ایک شخص نیلی آنکھوں والا، کوتاہ قد اس سے دشمنی رکھتا ہے لیکن غالب نہ ہوگا، کسی کو قرض دینا پسند کرے گی، مگر قرض لینا پسند نہ کرے گی۔ کبھی کبھی مثل آتش کے گرم اور غصے سے اپنے آپ سے باہر ہو جانا لیکن جلد ہی ٹھنڈا پڑ جانا عادت میں داخل ہوگا۔ ماں باپ سے اتنی راحت پائے گی کہ دیگر بہن بھائی اسے دیکھ کر خار کھائیں گے۔ شوہر مہربان ہوگا، کبھی آزردہ خاطر بھی ہوگا۔ تھوڑی دیر کے لیے درمیانی عمر میں نیستی چند روز کے لیے آئے گی۔ عمر کا آخری حصہ بہتر گزرے گا۔ کبھی کبھی کمر میں شدت کا درد اور شانہ کا کانپنا، اور یہ شکایت رحمی خرابی کے سبب ہوگی۔ اولاد بہت ہوگی مگر بچے کم۔ اس کو چاہیے کہ اپنے سر کی کنگھی کسی کو نہ دے۔ اپنے خاص بدن کا کپڑا کسی کو نہ دے اور تہوار کے دن سر نہ دھوئے۔ دو اور چھ برس کی عمر خیر سے گزر جائے گی تو عمر ساٹھ برس تصور کرنا چاہیے۔ شعبان کا مہینہ، جمعرات کا دن ہر کام کے لیے مبارک ہے۔ ایک طرف نقش سورۂ اخلاص اور دوسری طرف اکسیر اعظم اس کے لیے ان شاء اللہ بہت مفید ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ اثنوثا یا سقیا حیاقویا یا اللہ



Marfat.com

اللّٰہُ حَسْبِیَ اللّٰہُ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

## ۳۔ بُرجِ جوزا: (مثقن)

ستارہ اس کا عطارد یعنی بدھ ہے۔ اس طالع کی عورت گندم گوں، بلند قامت، نیک زبان، رحمدل، خوش گفتار اور ہر دل عزیز ہوگی۔ کسی عضو میں ایک تل یا نشان رکھتی ہے وہ نیک بختی کی نشانی ہے۔ اپنوں اور پڑوسیوں سے نیکی کرے گی۔ عوض میں بدی پائے گی۔ اسے چاہے کہ اپنے دل کا بھید کسی سے نہ کہے۔ دشمن بکثرت ہیں خاص کر جس نے دوشوہر کیے ہیں، کوتاہ قد سیاہ چشم اس سے بہت بغض رکھتی ہے مگر یہ دوست دشمن کو نہیں پہچانتی جو کچھ دل میں آتا ہے کہہ ڈالتی ہے۔ ہمیشہ اس کے کام ابتر رہیں گے۔ چاہیے کہ خدا تعالیٰ سے دعا مانگتی رہے اور نماز میں کاہلی نہ کرے تاکہ ستارے کی نحوست دفع ہو اور اپنی مراد کو پہنچے۔ اکثر سردی اور خشکی کے سبب زانوؤں اور پیڑو میں درد ہونے کا امکان ہے۔ ہڑ کا مربہ یا گلقند دو تولہ سوتے وقت گرم پانی سے کھانا مفید ہوگا۔ کسی سے عداوت پیدا ہو جائے گی۔ بارہ اولادیں قسمت میں ہیں مگر جئیں گی کم، اور آسیب سے مضرت پہنچے گی۔ بدھ کے دن سر نہ دھویا کرے۔ نیا چاند دیکھ کر پانی کو دیکھے۔ اگر دو برس یا سولہ برس کی عمر کی بیماری سے محفوظ رہی تو عمر اسی برس تصور کی جائے۔ تکسیر جنہ مع سیفی ان شاء اللہ نہایت مفید ہوگا۔ واللہ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَافِعُ یَا مُعِیْنُ یَا مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ وَحَفِیْظُ صَاحِبِ ھٰذَا الْکِتَابِ بِحَقِّ ھٰذَا تَقْدِیْرًا اھیا شراھیا اصولی صادت صادث۔ ۱۱ ۲۱ ۲۲ ۲۴ ۱۱ ۱۱ ۵۵ ۳۳ مخ

## ۴۔ بُرجِ سرطان: (کرک)

ستارہ اس کا قمر یعنی چندرما ہے۔ اس طالع کی عورت میانہ قد، ابرو کشیدہ، چالاک ہوگی۔ سینہ پر یا اور اعضاء پر نیک بختی کا نشان ہے، جس قدر بزرگ ہوگی، کام بھی بزرگ ہوگا۔ عمر بھر میں دو مرتبہ نحس ستارے کے سبب پریشانی میں مبتلا ہو جائے گی۔ دشمن اور بدگو بہت ہوں گے، ظاہر میں لوگ دوستی کریں گے، باطن میں دشمنی، بدنظر سے مال اولاد کا نقصان اٹھائے گی۔ اپنی بات میں سچی ہوگی۔ جھوٹ کو دشمن سمجھے گی۔ کسی قسم کا حرام مال اس کو سزاوار نہیں۔ ایک بڑی بھاری مصیبت قسمت میں ہے۔ دشمنی اور بدگوئی اس کے حق میں پہلے اس کے اپنوں ہی سے نکلے گی۔ والدین سے نفع کم پائے گی۔ اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہے۔ اس پر تہمت اور افتراء بہت ہوگا۔ رنج بہت اٹھائے گی اولاد ہوگی مگر جیے گی کم۔ بیماری اکثر سردی خشکی اور درد کمر سے ہوگی۔ چھاچھ اور کھٹائی سے پرہیز



Marfat.com

کرے۔گل سرخ شہد سے معجون کر کے کھائے۔ایک شخص نیلی آنکھ والا اس کے شوہر کے درمیان دشمنی کرادے گا۔ کبھی کبھی شوہر کے ساتھ زبان درازی بھی کرے گی۔چاہیے کہ اس کو ترک کرے۔نماز میں کاہلی نہ کرے۔عمر تیس برس یا اسی برس تک۔اس کے لیے شوال کا مہینہ منگل کا دن ہر کام کے لیے مبارک ہوگا۔گائے بھینس کا ہونا اور سبز رنگ کا لباس اس کے لیے مبارک ہوگا۔نقش جامع المطلوب ان شاء اللہ اسکے لیے بہت مفید ہوگا۔واللہ تعالیٰ اعلم۔

بسم اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ مِنْ زَوَالِ الْاِیْمَانِ وَشَرِّ الشَّیْطٰنِ اَللّٰھُمَّ یَا قَدِیْمَ الْاِحْسَانِ یَا غَفُوْرُ یَا رَحِیْمُ یَا رَحْمٰنُ حٰمٓعٓسٓقٓ اھیا اشراھیا ازوفی اصاوت الوفی یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

۱۱۱ ۲۲ ۵۵ ۴۳ ۵۵۴ ۶ ۶۶ مجح

## ۵۔برجِ اسد: (سنگھ)

ستارہ اس کا شمس یعنی سورج ہے۔س طالع کی عورت، بلند قامت، نیک خو، خوبصورت، خوش خلق، روزی فراخ ہوگی، زندگی ہنسی خوشی سے گزارے گی۔مگر اول میں رنج و مصیبت بہت اٹھائے گی۔اس کے ہاتھ میں گن نہیں ہوگا۔بدلہ نیکی کا بدی سے پائے گی۔پہلے کچھ تکلیف اٹھائے گی بعد میں سب بگڑے کام بن جائیں گے۔ آتش مزاج ہوگی، کبھی کبھی شوہر سے زبان درازی بھی کرے گی۔نماز میں کاہلی ہرگز ہرگز نہ کرے گی۔ایک شخص اس کے مال میں خیانت کرے گا ہوشیار رہے۔والدین سے اوسط نفع رہیگا۔اولاد ہوگی مگر شاید کم جیے گی۔درد کمر، خشکی، درد زانو وغیرہ سے رہی گی۔قند کھایا کرے سم چرے ہوئے جانور مبارک ہیں۔نیا چاند دیکھ کر سنہری روپہلی چیز دیکھے عمر طبعی ہوگی۔نقش جامع المطلوب اپنے پاس رکھے ان شاء اللہ کارآمد ہوگا۔واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۲ ۸۱ ۱۱ ۲۹ ۲۲۸ ۸۲ ۱۱ ۲۳ ۶۱۱

## ۶۔برجِ سنبلہ: (کنیا)

ستارہ اس کا عطارد یعنی بدھ ہے۔اس طالع کی عورت خوش شکل، ابرو کشیدہ، رنگ سرخ یا سفید، اعضاء پر ایک تل عزت و اقبال کی نشانی ہے۔اپنے بعض عزیزوں سے جدا ہو جائے گی۔دوست بہت ہوں گے۔ایک شخص بلند قد، سانولا رنگ، سبزی مائل اس کا دشمن ہے اس سے ہوشیار رہے، جھوٹ بولنا اس کو سزاوار نہیں ہوگا۔لیکن کوئی کچھ بگاڑ نہ سکے گا۔جاہل آدمیوں کے پاس نہ بیٹھے۔کچھ دنوں کسی ایسی چیز کی تمنا میں دل بستگی رہے جس کا ترک و حصول دونوں ناممکن ہوں گے۔بھید اپنا کسی سے نہ کہے تو مرادیں حاصل ہوں گی۔والدین نہایت محبت کریں گے۔بہن بھائی اذیت و تکلیف پہنچائیں گے۔اس کا قدم شوہر کے لیے مبارک ہے۔طاق اولاد قسمت میں ہے۔



Marfat.com

عمر طبعی ہے نقش جامع المطلوب ان شاء اللہ اس کو بہت مؤثر ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط يَا حَمِيْدُ يَا دَآئِمُ يَا قَائِمُ يَا عَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ يَا شَكُوْرُ يَا دَانَا يَا بِيْنَا وَهُوَ الْحَقُّ۔

## ۷۔ بُرجِ میزان: (تُلا)

ستارہ اس کا زہرہ یعنی شکر ہے۔ اس طالع کی عورت کے اعضاء پر ایک تل یا کوئی نشان ہوگا وہ اقبال کی نشانی ہے۔ روزی فراخ ہوگی۔ زندگی عیش و شادمانی سے گزارے گی۔ ایک زمانہ بختی کا اس کے سر پر گزرنے والا ہے۔ دشمن اور بدگو بہت ہیں لیکن کوئی غالب نہ ہوگا۔ ایک مدت تک کسی ایسی چیز کی تمنا میں دل بستگی رہے گی، جس کا چھوڑنا اور ملنا ممکن نہ ہوگا۔ چاہیے کہ عفت اور پاکدامنی اختیار کرے تو بگڑے کام سنور جائیں گے۔ اول مصیبت آخر کو عیش ہے۔ آتش مزاجی کی وجہ سے کفر کے کلمات کہہ بیٹھتی ہے ترک کرنا چاہیے۔ حرام چیز سے بالکل پرہیز کرے شوہر مہربان رہے گا۔ بیماری اکثر بلغم صفرا سے ہوگی۔ آنکھوں کے نیچے اندھیرا سا معلوم ہونے لگے گا۔ اکثر کچھ ایسی حالت رہے گی کہ نہ تو بیمار نہ تندرست، دعا مانگنے سے سب مرادیں حاصل ہوں گی، عمر تین برس یا نو برس یا طبعی ہوگی۔ رنگین کپڑے مبارک ہوں گے۔ سورۂ اخلاص معہ سیفی ان شاء اللہ اس کے لیے بہت مؤثر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط يَا هَادِيُ يَا مَهْدِيُ يَا حَمِيْدُ يَا اَحْمَدُ يَا مُحَمَّدُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا دَآئِمُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ۔

۱۱ ۹ ط ط ۱۷ ۲۲ ۴۴ ۳ ۱۱ ۳ ۱۳ ــــــــــــہ مح

## ۸۔ بُرجِ عقرب: (برچھک)

ستارہ اس کا مریخ یعنی منگل ہے۔ اس طالع کی عورت خوش مزاج، خوش رفتار، سینے پر ایک تل اور کوئی نشان رکھتی ہوگی وہ نیک بختی کی علامت ہے روز بروز اس کا ستارہ ترقی پر ہے۔ رنج و مصیبت بہت اٹھائے گی۔ چاہیے کہ بڑوں کی نصیحت قبول کرلیا کرے۔ دل کا بھید کسی سے نہ کہے، ایک مرتبہ کچھ دھوکہ سے کھائے گی۔ صبر کرے اور غصہ کو ترک کرے۔ زندگی ہنسی خوشی گزاردے گی۔ بادی اور سردئ معدہ وغیرہ کے سبب اکثر بیماری ہوگی۔ دردِ سر و دردِ کمر و دل کا کانپنا بھی اس کے ساتھ ہے۔ جسم میں سنسنی اور بوجھ سا معلوم ہونے کی شکایت کثرت سے رہے گی۔ والدین سے فیض پائے گی، بہن بھائی سے وفا کم۔ اولادیں کئی ہیں لیکن ایک سے آرام پائے گی۔ عمر تیس سال یا طبعی ہوگی۔ ذیل کا نقش ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو مؤثر ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم نقش سورہ نصر۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا غَفُوْرُ یَا وَدُوْدُ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْدِ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ یَا نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا مُغِیْثُ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ۔

۱۱۱ ۱۱۲۰ ۱۱۹ ھ ف

## ۹۔ بُرجِ قوس: (دھن)

ستارہ اس کا مشتری یعنی برہسپت ہے۔ اس طالع کی عورت کی تین صورتیں ہیں۔ اول سفید رنگ، فراخ روزی، دوسرے خوش خلق، تیسرے غریب دوست اور مہربان پہلو میں کوئی تل یا نشان ہے وہ دولت کی نشانی ہے وسیع القلب اور خدا کی طرف دل کو رجوع کرنے والی، بات کی سچی، جھوٹوں کی دشمن، اس کو ایک نقصان پہنچے گا۔ مگر اللہ تعالیٰ عوض فرمائے گا، کسی ایسی جگہ سے فائدہ پہنچے گا، جہاں سے گمان بھی نہ ہوگا۔ خیانت نہ کرے، عبادت خدا میں غفلت نہ برتے۔ ہر مراد آسانی سے حاصل ہو جایا کرتی ہے اور اپنی موجودہ زندگی سے گھبرا کر موت کو ترجیح دینے لگتی ہے، صبر کرنا چاہیے، سارا کام بن جائے گا۔ والدین سے معمولی فائدہ پہنچے گا۔ بہن بھائیوں سے راحت و خوشی حاصل ہوگی۔ بیماری اکثر رطوبت صفرا معدہ اور اندرونی بخار سے ہوگی۔ سونٹھ شہد ملا کر کھایا کرے۔ عمر چار برس، سات برس یا اسی برس ہے۔ نقش مخمس اس کے لیے ان شاء اللہ تعالیٰ مفید ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا نُوْرُ یَا عَلِیُّ یَا نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا طعوس یا طوطیا مفصلہ ۱۱۱ ۸۲ ۳ ۱۱۸ ط طالع لہ رحج

## ۱۰۔ بُرجِ جدی: (مکر)

ستارہ اس کا زحل یعنی سنیچر ہے۔ اس طالع کی عورت بامروت، ہوشیار، فراخ روزی ہوگی۔ ایک آزار سخت اس کی قسمت میں ہے، دلی بھید کسی کو نہ بتائے کسی کے لیے کتنی ہی مصیبت جھیلے مگر اس کی قدر و منزلت کوئی نہ ہو۔ سچائی پسند ہے۔ کچھ دنوں کسی ایسی شے کی محبت مس مبتلا رہے گی کہ نہ تو وہ شے مل سکتی نہ اسے یہ چھوڑ سکتی ہے، ہمیشہ فکر و اندیشہ میں رہتی ہے۔ اکثر مایوس ہو جایا کرتی ہے۔ تھوڑے دنوں بعد مراد دلی حاصل ہو جائے گی۔ پڑوسیوں سے محبت کر کے بدی پائے گی۔ کبھی کبھی شوہر سے رنجش ہو جایا کرے گی۔ اولاد زیادہ ہے لیکن جیے گی کم۔ اولاد کے نہ جینے کی وجہ یہ ہے کہ شوہر اس کا قبرستان گیا تھا۔ وہاں کسی کو اس سے نقصان پہنچا تھا۔ رحم کے اندر ہوا کا خلل ہے۔ آنکھوں کے تلے اندھیرا سا چھانے لگتا ہے اور دل میں رعشہ سا پھیل جاتا ہے۔ بدن میں سستی اور کاہلی رہتی ہے۔ کھٹائی وغیرہ سے پرہیز کرے۔ سونٹھ، جوز، گل کاسنی شہد میں ملا کر کھایا کرے۔ عمر طبعی ہے۔ ذیل کا نقش ان شاء اللہ



Marfat.com

تعالیٰ اس کو بہت مؤثر ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم یعنی نقش سورۂ نصر معہ سورۂ اخلاص دوطرفہ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ بحق اھیًا شراھیًا اَدُوْنِیْ بے اَصْبَاوُتْ اَصْمَاوُنَ الْعَجَلُ۔

۶۲ ۱۶ ۱۹ ۱۳ ۲ عجّ عجّ عجّ عجّ

۱۱۔ بُرجِ دلو: (کنبھ)

ستارہ اس کا زحل یعنی سینچر ہے۔ اس طالع کی عورت جاذبِ نظر با مروت و کامران ہوگی۔ اس پر تہمت و بہتان بہت ہوگا لیکن عزت میں فرق نہ آئے گا۔ عمر اچھی کٹے گی۔ البتہ درمیان میں کچھ دن پریشانی میں گزریں گے۔ والدین سے نفع اوسط، بھائی بہن سے بھی وفا کم۔ شوہر مہربانی کرے گا۔ بارہ لڑکی لڑکے قسمت میں ہیں۔ عمر طبعی ہوگی۔ نقش سورۂ فاتحہ ایک طرف اور دوسری طرف اکسیر اعظم گلے میں ڈال لے۔ ان شاء اللہ پناہ میں رہے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْكُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ۔ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ؕ

۱۲۔ بُرجِ حوت: (مین)

ستارہ اس کا مشتری یعنی برہسپت ہے۔ اس طالع کی عورت ابرو کشیدہ، ہر دل عزیز ہوگی۔ رنج و غم بہت سہے گی۔ آتش مزاج، ہاتھ میں کوئی گن خاص نہیں جس سے نیکی کرتی ہے وہی غیبت کرتا ہے۔ دشمن بہت ہیں۔ شوہر سے کبھی خلاف نہ ہو۔ نماز میں کبھی غفلت نہ برتے۔ شوہر کی فرمانبرداری کرے۔ سب بلائیں رد ہوں اور مراد دلی حاصل ہو۔ دشمن پامال ہوں۔ اس کی زندگی اوسط ہے۔ بیماری اکثر سر درد اور درد گردن سے رہے گی۔ عمر دو برس یا نوے برس یا طبعی۔ رمضان کا مہینہ جمعہ کا دن ہر کام کے لیے مبارک ہے۔ ان شاء اللہ ذیل کا نقش اس کے لیے نہایت کارآمد ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ اکسیر اعظم مع سیفی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ یَا قَائِمُ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا دَیَّانُ یَا بُرْھَانُ یَا سُبْحَانُ یَا سُلْطَانُ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

ا و ۴۴ ۴۴ ۱۱۱ ھ ۱۱ ھ ح

## ۸۔ عمل از سیدنا شاہ ابوالحسین صاحب احمد النوری مارہروی قدس سرّہٗ

یہ مبارک عمل تمام ضروریاتِ زندگی کے لیے بفضلہ ایک بیش بہا نعمت ہے دولت قدموں میں ہوگی۔ حاجت مندوں کا میلہ سا لگا رہے گا۔ وہ اطباء جن کی طرف مریض متوجہ نہیں ہوتے یا وہ لوگ جن کا کاروبار اور جائز روزگار نہیں چلتا، اس عمل کو ضرور کریں۔

سَرَایُوْ ۔ لَزَرْعٌ ۔ زَوْشَا ۔ مَنُوْعَا ۔ عَالِمًا ۔ یَتَصُوْنَ ۔ سَلِیْخَا مَلِیْخَا ۔ مَلْخُوْمًا ۔ یَاقَیُّوْمًا ۔ بِحَقِّ کٓہٰیٰعٓصٓ ۔ حٰمٓعٓسٓقٓ

اس کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ اول گیارہ مرتبہ درود شریف بعدہٗ سورہ اِذَاجَاءَ نصر اللہ پوری سورت ۲۵ مرتبہ بعدہٗ اوپر والا عمل ۷۰ مرتبہ بعدہٗ گیارہ مرتبہ درود شریف طلوع آفتاب کے وقت مشرق کی طرف منہ کر کے روزانہ پڑھ لیا کریں اور اگر ابر ہو تو پورب کی طرف منہ کر کے جہاں چاہیں بیٹھ کر پڑھ لیا کریں، ناغہ کبھی نہ کریں۔ حتی الامکان نماز با جماعت کی پابندی اور کم از کم ہفتہ میں تین بار غسل ضرور کرلیا کریں۔ ہر سنی کو اس عمل کی اجازت ہے۔

## ۹۔ اب وہ خطوط پیش خدمت ہیں جو شبستان رضا حصہ اول و دوم کی تعریف اور سوم کی خواہش وطلب میں ادارہ کو موصول ہوئے۔

### خط نمبرا:

از محمد اسحاق خان وارثی ایم ایم سی اینڈ ایم بی پوسٹ شکر گنج بریلی۔ یوپی

مکرمی اقبال صاحب! سلام مسنون۔

کتاب مستطاب شمع شبستانِ رضا اول و دوم کے جس کسی بھی عمل یا تعویذ کو ستعال کیا تیر بہدف۔ اس کتاب کا ہر نقش وہر مجرب عمل کارآمد ہے اس کتاب کو شائع کر کے جناب والا نے دنیائے سنیت پر احسانِ عظیم فرمایا ہے۔ شمع شبستانِ رضا حصہ سوئم کا اعلان سن کر از حد مسرت ہوئی۔ شدت سے انتظار کر رہا ہوں۔ رب تبارک وتعالیٰ آپ کو اجر عظیم عطا کرے۔ آمین۔

### خط نمبر۲:

از محمود میاں ابن کبیر میاں پٹیل موذنِ مسجد، کاسارو ڈولی۔ جی بی روڈ تھانہ بمبئی۔



Marfat.com

بخدمت جناب مولانا عزیز احمد صاحب قبلہ مداح الرسول رضوی بریلوی۔ السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ شمع شبستانِ رضا حصہ سوم کی اشاعت کی اطلاع پا کر بے حد مسرور ہوا۔ میرے حقیر خیالات و اظہار حقیقت کو آپ کتاب مذکور میں اشاعت کر کے ممنون فرمائیں گے۔ شمع شبستانِ رضا حصہ اول و دوم سے

① حصہ اول نقش گریۂ اطفال آزمایا۔ نقش باندھتے ہی رونے والے بچے فوراً چپ ہو گئے اور آرام سے انھیں نیند آ گئی۔

② نقش برائے گھیگا پھولنا، بھینس پر یہ نقش باندھے اور ساتھ ہی متعلقہ دعا کا عمل بھی کیا، بھینس کے تھن کی سوجن ختم ہو گئی اور خون کا آنا بھی بند ہو گیا۔

③ نقش اختلاجِ قلب، ایک صاحب عرصہ سے اختلاجِ قلب میں مبتلا تھے انھیں یہ نقش لکھ کر دیا گیا تو اس کے فضل سے شفایاب ہو گئے۔

④ نقش تطمئن القلوب مع تیزئ ذہن، ایک بچہ علم سے بھاگتا تھا اور نہایت شریر تھا اس پر یہ نقش عظیم آزمایا تو وہ بے حد شریف اور نرم ہو کر علم کا شیدائی بن گیا۔ بفضلہٖ تعالیٰ۔

⑤ عمل عجیب شمع شبستانِ رضا اول شہادت کی انگلی سے لکھنا یُعَزِّبُهُمْ اس عمل کو کئی مریضوں پر آزمایا۔ جو شخص روتا تلملاتا ہوا آیا اس کو آرام ہوا۔ کئی اشخاص کو انگشتِ شہادت سے لکھ کر دیا تو دردِ سر، بچھو کا ڈنگ اور دیگر کئی قسم کی شکایتوں پر تیر بہدف ثابت ہوا۔

⑥ دیگر عملیات دردِ دندان و تپ لرزہ آزمائے، مؤثر پایا۔

⑦ عمل دیگر برائے خاص عداوت حصہ اول عمل نمبر ۱۵۷ کو بیحد کامیاب پایا۔ فوری اثر ہوا اور مراد برآئی۔ بہتوں کو ناجائز دوستی اور ان کے ناجائز تعلقات چھڑانے میں بے حد مؤثر اور مجرب پایا۔

⑧ عمل نمبر ۲۰۶ برائے محبتِ زن و شوہر فی زمانہ اس عمل کی سخت ضرورت محسوس کی گئی اور اس عمل نے بڑا اثر دکھایا، کئی اجڑے گھر بسائے بفضلِ خدا تعالیٰ۔

## خط نمبر ۳:

از عبد الرحمٰن خان بھائی۔ مادھوپور (گھیڈ) ضلع جونا گڑھ (گجرات)

مکرمی جناب اقبال صاب مدیر نوری کرن، دام ظلکم۔ شمع شبستانِ رضا حصہ سوم کی اطلاع پا کر بہت خوشی ہوئی جس طرح سے اس حصہ اول کو مفید و مؤثر پایا۔ امید ہے کہ حصہ سوم بھی ویسا ہی کارآمد ثابت ہوگا۔ مرض وا لیعنی درد گھٹیا کے لیے آپ نے نقش شفائے امراض اور پڑھا ہوا تیل جو روانہ کیے تھے اس سے بے انتہا فائدہ ہوا۔ جو مرض ڈاکٹر نہ ٹھیک کر سکے وہ آپ کے نقش کے استعمال سے اچھا ہو گیا اور مریض کا اپاہج پن ۸۵ فیصد دور ہو گیا۔



Marfat.com

براہِ کرم حصہ سوم میں مرض وا یعنی درد گھٹیا کے نقوش بھی شامل کر کے ممنون فرمائیں تاکہ خلقت کو فائدہ ہو۔ ان کو جو نقش اور دم کیا ہوا تیل بھیجا گیا، اس کا خلاصہ یہ ہے کہ دعائے حیدری جو کہ عرصہ دراز سے فقیر کے ورد میں روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھتا ہوں اس میں چونکہ درود شریف خود موجود ہے۔ لہٰذا اول آخر مزید پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ جب کبھی جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہو یا سوتے میں ڈراؤنی خوابیں پریشان کن نظر آتی ہیں۔ یہاں تک کہ مریض پر کوئی آسیب، بھوت، چڑیل وغیرہ سوار ہو تو سرسوں کے تیل پر دم کر کے کانوں میں ڈالنے اور جسم پر مالش کرنے سے اس قسم کی جملہ شکایات رفع ہو جاتی ہیں۔ یہی تیل ان کو بھیجا گیا تھا یہ دعا شبستانِ رضا حصہ اول نمبر ۱۴۵ کے پڑھنے سے عام دشمنوں پر ہر طرح غلبہ حاصل ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ ہر قسم کا آسیب اس کے عامل سے گھبراتا ہے اور ڈرتا ہے۔ نقش ان کو شفائے امراض بھیجا گیا تھا۔ جو اب تک چھپا نہ تھا اب تیسرے حصے میں چھاپ دیا گیا ہے۔

## آسیب کی آزمائش کی فی الواقع مریض پر آسیب ہے یا کہ محض ڈھونگ رچا رکھا ہے!!

اس کے لیے بھی یہی تیل مریض کے دونوں کانوں میں دو دو قطرہ ڈال کر کانوں میں کلمہ کی انگلیاں لگا کر اتنا دبائیں کہ سوراخ بند ہو جائیں اور مریض کو تکلیف بھی نہ ہو۔ اگر کوئی آسیب ہے تو فوراً واویلا کرے گی کہ ہائے جلا، ہائے مرا وغیرہ وغیرہ تو اس کے قول و اقرار لے کر کہ آئندہ نہ آئے انگلیاں ہٹالے اور فوراً اسی ۸۰ کا نقش یعنی نقش سیفی موم جامہ کیا ہوا مریض کے بازو پر باندھے اور اگر مریض نے محض ڈھونگ رچایا ہوا ہے تو اس تیل کے ڈالنے سے اس پر کوئی اثر نہیں ہوگا۔ جس سے آپ یقین کر لیں کہ یہ سب بناوٹ ہے اور اپنی حکمت عملی سے آسیب کا پتہ لگائیں اور جو تدابیر مناسب ہوں عمل کے لیے بروئے کار لائیں اس سلسلہ میں ہمارا تجربہ ملاحظہ فرمائیں۔ آسیبی خلل کی آزمائش پر اپنی حسنِ تدبیر۔

**خط نمبر ۴:**

از ابراہیم فتح محمد پانچ کنواں ہرن والی پولی۔ مکان نمبر ۳-۲۰۰ احمد آباد نمبرا

مخلص و محبی جناب مختار نسیم صاحب مینیجر رضوی کتب خانہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

میں نے ماہِ رجب کی چاند کی ۱۳ تاریخ کو عمل اسم یا اللہ شروع کیا تھا۔ سہ شنبہ کا دن تھا دوسرے روز مؤکل سفید پوشاک پر لگے ہوئے شکل میں حاضر ہوئے۔ تیسرے دن سیاہ پوش پر لگے ہوئے ہاتھ میں زنجیریں بجاتے ہوئے حاضر ہوئے۔ چوتھے روز نماز مغرب میں چار مؤکل حاضر ہوئے پھر چلے گئے کوئی قول و اقرار یا بات نہ کی۔ اسی طرح کبھی چار کبھی تین اور کبھی دو حاضر ہوتے رہے۔ اسی طرح اکیس دن پورے ہوئے۔ بائیسویں رات



Marfat.com

انسانی شکل میں مؤکل پھر حاضر ہوئے مگر کوئی قول و اقرار نہ کیا۔ لہٰذا ان تمام باتوں کو مطلع کر کے یہ جاننا ضروری ہے کہ کس وجہ سے رکاوٹ پڑتی ہے۔ براہِ کرم قبلہ صوفی صاحب کی صلاح اور ان کے مشورے سے آگاہ کریں تاکہ یہ عمل پایۂ تکمیل کو پہنچ سکے۔ شبستان رضا حصہ سوم کا بے چینی سے انتظار ہے۔

اس کے مفصل جواب کے لیے ترک حیوانات جمالی وجلالی والا مضمون بغور پڑھیں گے۔ تو تمام باتیں آپ پر خود بخود منکشف ہو جائیں گی۔ والسلام

الفقیر عزیز احمد مداح الرسول رضوی عفی عنہ

## خط نمبر ۵:

از امیر خاں قادری رضوی موضع تلیا پور، ڈاکخانہ خاص بریلی۔

محترمی مکرمی جناب الحاج صوفی اقبال احمد صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

نقشوں والی انگشتری کی جتنی تعریف فہرست میں ہے اسے اس سے بھی زیادہ مؤثر اور کار آمد پایا۔ میرے ایک دوست مسمّی مسرور خاں ضلع ہردوئی کا بیان ہے کہ ان کے چند دشمنوں نے راستے میں بغرض قتل گھیر لیا۔ وہ انگشتری کے اثرات پر بھروسہ کر کے اور اللہ پر بھروسہ رکھتے ہوئے راستہ سے نہ ہٹے۔ دشمنوں کی ہمت نہ ہوئی کہ ان پر وار کر سکیں اور وہ سب چپ چاپ ہٹ گئے۔ نقش سیفی، نقش حفاظتِ جان، نقش تکسیر جنہ، نقشِ محیط الاسرار، نقشِ مخمس، نقشِ معاونِ حمل، معہ استقرار حمل، نقش سورۂ اخلاص، نقشِ مرگی، تحفۂ نوری کا کیا کہنا۔ جن مریضوں کو دیے بحمد اللہ سو فیصدی فائدہ ہوا۔

## خط نمبر ۶:

سید محمد غیور علی حسنی حسینی قادری رضوی، جاورہ۔ مدھیہ پردیش۔ (بھارت)

برادرِ طریقت عالی جناب اقبال احمد صاحب نوری مدظلہ العالی، سلام مسنون!

مزاج گرامی! ایک نسخہ شبستانِ رضا حصہ سوم کا فقیر کو ضرور ارسال کریں۔ کب تک چھپے گا جواب ضرور دیں شمع شبستان رضا حصہ اول و دوئم کے نقوش و عملیات کے متعلق کچھ تجربات بیان کر رہا ہوں اپنی حصہ سوم میں شائع فرما دیں۔

① نقش سیفی، اس نقش مبارکہ کو آسیب زدہ مریض کے ہاتھ میں دیتے ہی مریض اچھلنے لگتا ہے اور فوراً ہی آسیب سے اسے چھٹکارا مل جاتا ہے۔ دردِ شکم اور کسی عضو میں درد ہو تو اس نقش کے اثر سے درد دور ہو جاتا ہے۔ اس نقش کی برکت سے آسیب کی جان گھبرانے لگتی ہے۔



Marfat.com

② نقش درودِ شفاء، سبحان اللہ حیض ونفاس واستحاضہ جیسے امراض میں بہت کامیاب ہے۔ ایک مریضہ جس کو ۳ ماہ سے مسلسل استحاضہ جاری رہا اور ڈاکٹر و وید اس کا علاج کرتے کرتے پریشان ہو گئے تھے اس نقش کو دھو کر پلانے سے چوتھے روز ہی مرض رفع ہو گیا برائے دفع استحاضہ نمبر۴ ۵ حصہ دوم والا نقش بھی مفید پایا۔ جب کہ بچہ شکم میں اور خون جاری ہو گیا تھا اس کے باندھتے ہی خون بند ہو گیا۔

③ یا مجیب اور یا بدیع کا عمل، دعا کی قبولیت میں ان کو زوداثر پایا۔

④ نادِ علی کرم اللہ وجہہ' کی نذر کیا تین یوم میں کامیابی حاصل ہوئی۔

⑤ عمل یا لطیف، حصہ اول برائے وسعتِ رزق زوداثر پایا۔

⑥ نقش الحمد شریف، چیچک کیسا بھی ہو، اس میں اسے بے حد کامیاب پایا، بارہا کا آزمودہ ہے۔ علاوہ ان کے دیگر نقوش وعملیات استعمال میں لایا، سب کو مؤثر پایا، خصوصاً محیط الاسرار اور تکسیر جنّہ کو بہت ہی زوداثر پایا۔ امید ہے کہ حصہ سوم بھی ایسی ہی کارآمد کتاب ہوگی۔

## خط نمبر ۷:

از عبدالحفیظ ثمر ایڈیشنل اوتھ کمشنر پٹنہ، ہائی کورٹ (بہار) بھارت

جنابِ من ۵ نقوش والی انگشتری کو مفید و بہت مؤثر پایا۔ اس انگشتری کی وجہ سے میرے ایک دوست سانپ سے بچے اور بالآخر سانپ مارا گیا۔ اس انگوٹھی کے استعمال سے میری صحت اچھی ہو گئی اور پیشہ میں بھی برکت ہے۔ علاوہ اس کے استعمال سے میرے گھر والے بھی اس کے استعمال سے بڑے پرسکون رہتے ہیں۔ شبستانِ رضا کے اکثر وظائف وعملیات میرے ورد اور عمل میں رہتے ہیں سب ہی کو کارآمد پایا۔ عمل اسم یا اللہ کامیاب رہا (مگر اس کی تفصیل بتانے کی اجازت نہیں ہے، معاف فرمائیں) حصہ سوم چھپ چکا ہے تو مطلع کریں۔

## خط نمبر ۸:

از شمشاد علی انسپکٹر آئی ٹی آئی، فوربس گنج ضلع پورنیہ بہار، بھارت

مکرمی! سلام مسنون میری شادی کو آٹھ برس ہو گئے۔ تین بچے ہیں۔ اہلیہ اس وقت حمل سے ہیں، ان پر آسیب کا خلل بہت شدید ہے۔ بچپن ہی سے ان کو آسیبی شکایت ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ بال لمبے کرنے کی وجہ سے خبیث نے بچپن ہی سے ان کو پکڑ لیا ہے۔ تمام عامل ومولوی صاحبان دعا وتعویذ کر کے ہار گئے ہیں۔ بہار شریف درگاہ پر لے کر گیا اور کچھ چھ شریف بھی گیا مگر کامیابی نہ ہوئی۔ خبیث ہر وقت بدن پر سوار۔ جب تعویذ وغیرہ چلتا ہے اس وقت تو حالت ان کی کچھ ٹھیک رہتی ہے۔ ورنہ پھر دیوانگی طاری ہو جاتی ہے۔ رات میں بالکل چت سوتی

ں اور ہاتھ دونوں سر سے اوپر رہتے ہیں۔ مجھے قطعی دیکھنا نہیں چاہتی، بچوں پر بھی حملہ کر بیٹھتی ہے اور سرخ گرم ہے سے داغ ڈالتی ہیں۔ کھانا پینا سب بند رہتا ہے۔ جب کبھی ہوش میں آتی ہے تو تکلیف بتاتی ہے۔ حاضرات یرہ بھی کرایا ہے۔ مگر بے سود رہا۔ اکثر عاملوں اور مولوی صاحبان پر جو علاج معالجہ کے لیے آتے ہیں حملہ کر بیٹھتی ہے۔ سال بھر سے کافی شدت ہے۔ گھر کا غلہ روٹی بھی غائب ہو جاتا ہے۔ سخت آفت اور مصیبت ہے آپ اس سلسلے میں ہماری مدد فرمائیں تا کہ ہمیں اس بلا سے نجات ملے۔

**جواب:** محترم جناب ماسٹر صاحب وعلیکم السلام ثم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

آپ کی اہلیہ کا حال اول تا آخر پڑھا۔ معاملہ سخت ہے مگر کلامِ خدا کے حضور سب ہیچ ہے اسی پر بھروسہ کر کے ین کامل رکھیے کہ وہ رب کریم اس موذی شیطان اور اس کی ذریات سے نجات عطا فرمائے گا۔ ایک چراغ کندہ رہ بھیج دیا گیا ہے جس میں ہر روز ایک فتیلہ نیا روز لکھ کر روشن کرنا ہوگا اور یہ عمل کم از کم ۴۰ روز متواتر کرنا ہوگا۔ ید تراکیب ہمراہ چراغ روانہ ہوگا اور یہ عمل کم از کم ۴۰ روز متواتر کرنا ہوگا۔ مزید تراکیب ہمراہ چراغ روانہ ہوگی۔ ھر میں ۴۰ روز بلا ناغہ ۷ بار اذانیں بلند آواز سے دینا شروع کر دیں۔ اپنی اہلیہ کے قد سے ناپ کر بالوں سے ؤں کے انگوٹھے تک نیلے سوت کے سات تار بھیج دیں تا کہ اس کا گنڈا بنا کر آپ کو بھیج دیا جائے۔ علاوہ اس کے د مجھے جو محنت کرنا ہوگی۔ یہاں سے وہ کی جائے گی۔ والسلام

الفقیر عزیز احمد مداح الرسول رضوی

ط نمبر ۹:

محمد صدیق قادری رضوی، کوٹھی باڑی پوسٹ، نیتوریا، ضلع پورلیا، مغربی بنگال

قبلہ و کعبہ عالی جناب حضرت صوفی صاحب والحاج اقبال احمد صاحب! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ فقیر آپ کی کتاب شمع شبستانِ رضا و دیگر نقوش و انگشتری سے کام لیتا رہتا ہے اور بفضلہٖ تعالیٰ کامیابی ہوتی رہتی ہے۔

① چار نقش کی انگشتری کو دھو کر پانی پلا دینے سے دل کی دھڑکن فوراً ٹھیک ہو جاتی ہے۔

② نقش اکسیرِ اعظم سے کام لیتا ہوں، اس سے قے، متلی، دردِ شکم وغیرہ میں فائدہ ہو جاتا ہے۔ روتے ہوئے بچوں اور ایسے بچوں کو جو کہ دودھ نہیں پی پاتے ہیں، ان کو اس نقش کا پانی دھو کر پلانے سے ان کا رونا بند ہو جاتا اور دودھ پینے لگتے ہیں۔

**خط نمبر ۱۰:**

ابوالکلام احمد خطیب جامع مسجد کسم کھور، فرخ آباد، یوپی، بھارت

محب ومحترم جناب اقبال احمد صاحب زید مجدکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

جب سے آپ کے یہاں سے اجازت حاصل کی ہے اور شبستانِ رضا کے عملیات یا تعویذات کو کام میں لاتا ہوں اللہ کے فضل سے سب میں کامیاب رہا ہوں۔ چند معلومات چاہتا ہوں کہ حضرت مطلع فرمادیں تاکہ خلق خدا کی خدمت کرسکوں اور ہر کام میں کامیابی حاصل ہو سکے۔

① سانپ، بچھو اور کتے کے کاٹے کے متعلق آسان ومجرب عملیات

② گھر میں، کھیتوں میں چوہے یا کیڑے وغیرہ لگ جانے کو ختم کرنے کے متعلق آسان ومجرب عملیات یا جو بھی طریقہ ہو۔

③ جائز طور پر من پسند شادی اور بعد شادی اکثر والدین لڑکی کو بھیجتے نہیں یا وہ خود نہیں آتی تو اس کے متعلق تاکہ اس کے آنے میں رکاوٹ نہ ہو۔

④ آسیب، بھوت، چڑیل وغیرہ کے دفعیہ کے متعلق عملیات وغیرہ

⑤ ناجائز تعلقات چھڑانے کے متعلق کچھ عملیات وغیرہ

**دوسرا خط:** مکرمی اقبال صاحب مسنون!

تسخیرِ عوام وحکام کے متعلق عملیات بتادیں۔ نقش تکسیر جنہ مع محیط الاسرار کام اور بری عادت چھڑانے والا نقش بھی بے سود رہا۔ ① ایک بات بہت اہم ہے، گھر میں آسیبی خلل ہے، بسا اوقات وہ لڑکوں اور لڑکیوں کے ساتھ آکر لیٹ جاتا ہے اور میاں بیوی جیسے تعلقات کرتا ہے پھر بچے بھی پیدا ہوتے ہیں اور وہ مرجاتے ہیں۔ براہِ کرم اس معاملہ میں میری مدد فرمائیں اور کچھ عمل کردیں۔ ② شبستانِ رضا حصہ اول میں عمل اسمِ ذات کا ہے جس کی کم سے کم میعاد تین دن اور زیادہ سے زیادہ میعاد اکیس روز ہے اس کو کرنا چاہتا ہوں، اجازت درکار ہے اور خاص ترکیب بھی بتادیں اور گھر مکان کو کیلنے کی مکمل ومفصل ترکیب درکار ہے۔

**جواب:** مکرمی سلام مسنون!

آپ کا جواب بذریعہ تحریر قریب ناممکن ہے کیونکہ آپ نے اتنے کثیر سوالات کر ڈالے ہیں۔ آپ خود تشریف لائیں۔ اسم یا اللہ کے عمل کی آپ کو اجازت ہے مگر کسی دنیوی مقصد اور موکل کو حاضر کرنے کی نیت سے نہ کریں۔ آپ عامل بھی بننا چاہتے ہیں اور وہ بھی ایک دو نہیں تمام عملیات کا ایک ہی وقت میں اور ہر چیز میں آسانی ڈھونڈتے ہیں، لوگوں نے ایک ایک عمل کے پیچھے عمریں خراب کردیں۔ ہر عمل کے واسطے پاکیزگی نفس اور تقویٰ

ہت ضروری ہیں۔ اپنے اندر روحانیت ونورانیت پیدا کریں تاکہ ہم خاکیوں سے نوری مؤکل مانوس ہو سکیں۔
آپ دعائے حیدری حصہ اول، صبح سے شام تک پڑھ کر عمل میں لائیں۔ چالیس روز کے اندر صرف سادہ کھانا، سبزی، ساگ وغیرہ استعمال کریں۔ معمولی ترک حیوانات کے کریں، گوشت، انڈا، مچھلی، پیاز، لہسن وغیرہ سے پرہیز کریں۔ پھر بھی اگر آپ کے جملہ مطالبات ان شاء اللہ المولی الکریم حل نہ ہوں تو فقیر کا دامن اور آپ کا تھ ہوگا۔ بھوت، چڑیل، جن، آسیب سب آپ سے پناہ مانگیں گے۔ تسخیر کے واسطے جس کو اس کا نقش دیں گے امیاب ہوں گے۔ نقش سیفی حصہ اول میں درج ہے وہ اسی دعا کا نقش ہے۔ بغیر محنت کے کچھ بھی حاصل نہیں وتا۔ کیلوں کے متعلق جو آپ نے دریافت کیا ہے وہ چوکور ہوتی ہیں۔ لمبائی ایک بالشت اور ہر کیل کا وزن پاؤ سیر وتا ہے تفصیل اسی حصہ سوم میں ملاحظہ کریں۔

## ط نمبر ۱۱:

از عبد الباسط رضوی کشور نگر ضلع کٹک اڑیسہ۔
مکرمی جناب اقبال صاحب سلام مسنون!
آپ کے نقوش وانگشتری کے استعمال سے بیروزگاری کو روزگار، عہدہ میں ترقی، امتحان اور مقدمہ میں کامیابی ملی۔ یہ انگشتری دردزہ میں بڑی کارآمد ہے۔ دوبار اچانک سانپ میرے اوپر بیٹھ گیا لیکن انگشتری کو دیکھ کر ٹ گیا اور اس طرح مارا گیا۔ دیگر نقوش سے اکثر بیماریاں دور ہوگئیں۔ اور ہر طرح فائدہ اٹھایا اور کامیابی رہی۔

## خط نمبر ۱۲:

از فضل حق اشرفی محلہ لکڑ گنج مسجد پیر عزیز اتواری بازار، ناگپور نمبر ۲ بھارت
جناب اقبال صاحب قبلہ سلام شوق۔ شمع شبستان رضا حصہ سوم کی ترتیب کا پا کر بڑی مسرت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو کامیابی عطا فرمائے۔
شبستانِ رضا حصہ اول بڑی کارآمد کتاب ہے۔ اکثر نقوش آسیب کے مریضوں، پاگلوں، دق سل کے مریضوں کے لیے استعمال میں لایا بفضلہ تعالیٰ کامیابی رہی۔
نقش اکسیر اعظم، نقش دردِ شفا و دیگر کندہ شدہ نقوش شبستان رضا حصہ اول و دوم کام میں لایا اور خدا کے فضل سے سب میں کامیابی ملی۔ حصہ دوم کے بھی کچھ عملیات ونقوش کا تجربہ کیا اور کامیاب رہا۔ نقش تکسیر جنہ بھی بڑا کامیاب رہا اور کارآمد ثابت۔ نقش ''جیب خالی نہ رہے'' میرے پاس موجود ہے اس کی برکت سے بڑا فائدہ ہے اور میری جیب خالی نہیں رہتی۔ عملیات کے سلسلہ میں اب مجھے ان کتابوں کی موجودگی میں اور کسی کتاب کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔



Marfat.com

## خط نمبر ۱۳:

قبلہ محترم معظم صوفی صاحب دست بستہ سلام۔ بعد سلام کے گزارش ہے کہ سید عبدالمنان صاحب بستوی قصبہ دھتوری پوسٹ بڑھنی یارو ضلع بستی سے ۱۸۔ فروری ۱۹۷۱ء کے خط میں تحریر فرمایا تھا کہ ایک لڑکی سکھ کی ہے جو کبھی ہنستی ہے کبھی رونے لگتی ہے، فحش گالیاں بکتی ہے اس کے لیے کوئی نقش یا تعویذ مرحمت فرمائیں۔ اس وقت آپ سے شبہ فرمایا تھا کہ اس لڑکی کی عمر زائد ہے اور ایام ماہواری کی خرابی ہے ان کو خط لکھ کر اس کی عمر اور حیض کے بارے میں معلومات کریں اور ایک نقش تکسیر جنۃ معہ محیط الاسرار اعدادی کندہ شدہ بھیج رہا ہوں وہ لڑکی کے گلے میں تھیلی کے اندر سی کر ڈال دیں اور صبح وشام اس کو دھو کر پانی پلائیں اور ہاتھ منہ پر ملیں۔ آج ۱۶ فروری ۱۹۷۱ء کو ان کا خط موصول ہوا ہے کہ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ صوفی صاحب کی تجویز صحیح تھی، لڑکی کی عمر ۲۵ سال ہے نام درشن کور ماں کا نام درگا دیوی ہے۔ دو سال پیشتر ۴، ۶ ماہ ماہواری بالکل بند تھی، مگر اب دو سال سے تھوڑا تھوڑا ضرور آتا ہے۔ جس کا رنگ گندمی لیے ہوئے کالا ہوتا ہے، حسب ارشاد نقش گلے میں ڈال دیا گیا ہے اور اس کا پانی دھو کر پلایا اور ہاتھ منہ پر ملا جا رہا ہے۔ لہذا حضور گزارش ہے کہ غور فرما کر مزید علاج سے آگاہ فرمادیں۔

**تجویز:** جب ماہواری شروع ہونے کو ہو، ایک دو روز پہلے سے یہ نسخہ بہ ترکیب ذیل استعمال کرایا جائے۔ پرسیاوشاں ۶ ماشہ، مویز منقی ۷ دانہ، گاؤزبان ۵ ماشہ، سونف ۶ ماشہ، مکوخشک ۶ ماشہ، تخم خربوزہ ۶ ماشہ، گوکھرو خورد ۶ ماشہ، بابڑنگ ۴ ماشہ، سونٹھ ۴ ماشہ، سنائے مکی ۶ ماشہ، گلسرخ ۶ ماشہ، پوست املتاس ا تولہ۔ سب دواؤں کو ململ کے کپڑے کی پوٹلی باندھ کر ۳ سیر پانی میں پکائیں جب پانی دو سیر کے قریب رہ جائے تھوڑا تھوڑا نیم گرم پی پی کر شام تک ختم کر دیں۔ متواتر سات روز تک ہر روز نیا نسخہ پکایا جائے گا۔

**پرہیز:** اس دوا کے درمیان صرف گیہوں کا دلیہ پستا یا نمکین پکا پکا کر کھائیں۔ ۷ روز کے بعد سے روز روٹی شوربہ کے ساتھ یا گاجر، شلغم، چقندر کی ترکاریاں، مگر چاول، گول کدو، مسور، ارد، چنے کی دال، ٹھنڈی اور بادی چیز ہرگز نہ کھائیں۔ دوا کے استعمال کے پندرہ روز کے بعد اطلاع دیں کہ اب کیا کیفیت ہے۔

محمد یعقوب رجب محلہ اسمٰعیل گنج لہریا سرائے دربھنگہ سے تحریر فرماتے ہیں۔

قبلہ صوفی صاحب محلہ کے چند غریبوں کے یہاں آتشزدگی ہو جایا کرتی ہے یہ شیطانی حرکت ہے محمد ابراہیم کی ایک بچی جس کی عمر دس سال کی ہے وہی بچی کہتی ہے کہ فلاں کے مکان میں وہ آگ لگی اور سب لوگ دیکھتے ہیں تو ٹھیک اسی کے مکان میں آگ لگی ہوتی ہے لوگ جا کر بجھا دیتے ہیں۔

قریب ۲ سال سے یہ حرکت ہو رہی ہے روزانہ اور کبھی کبھی دوبارہ آگ لگتی ہے۔ بہت سی تدبیریں کی گئیں تو اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہوئی مگر پھر ایک دو ماہ سے یہ حرکت روز ہو رہی ہے۔ اب آپ سے استدعا ہے کہ جو تدبیر مناسب ہو خیال



Marfat.com

رمائیں تاکہ یہ بلا دور ہو اور غریبوں کی پریشانیاں و مصیبتیں دور ہو جائیں۔

**جواب:** آتشزدگی کے واقعات کو پڑھا۔ عمل دفع ذیل ہے اس پر عمل فرمائیں۔

محلّہ کے کچھ لوگ ایسے شخص کو لے کر جس کو سورۂ یٰسین شریف صحیح حفظ ہو۔ بعد نمازِ عشاء ایک جگہ جمع کر کے ب اذانیں کہیں۔ پھر وہ شخص باوازِ بلند سورۂ یٰسین شریف پڑھتا ہوا ایسے راستے سے چلے کہ محلّہ کا حصار کرتا ہوا اسی بلہ پر واپس آجائے جہاں سے چلے تھے اور یٰسین شریف پر مبین آجائے وہاں پر آذانیں کہیں۔ یٰسین شریف میں ات جگہ مبین آتی ہے۔ سات اذانیں اور یٰسین شریف پوری ہو جائے گی اور محلّہ کا حصار بھی ہو جائے گا۔ دیگر ہر نص فرداً فرداً اپنے اپنے مکان میں بھی بعد نمازِ مغرب مکان کے صحن میں کھڑے ہو کر سات بار باوازِ بلند اذانیں ہیں۔ اس عمل کو گیارہ یا ۲۱ دن متواتر کریں ان شاء اللہ تعالیٰ تمام بلائیں دور اور دفع ہوں گی اور بستی والے چین سے رہیں گے۔ والسلام

☆☆☆

مکرمی و محترمی قبلہ و کعبہ حضرت صوفی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔

عرض یہ ہے کہ فدوی کے مکان میں ایک جن کا ٹھکانہ ہونے کے سبب سے مکان میں رہنے والوں کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔ اس مکان میں رہنے والے اولاد سے محروم رہتے ہیں میں بھی اولاد سے محروم ہوں۔ بتایا جاتا ہے کہ یہ اثر اسی جن کا ہے۔ اگرچہ کچھ علاج وغیرہ کے لیے تجاویز کی جاتی ہیں تو حد سے زیادہ تکلیف شروع ہو جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے پھر علاج کو ملتوی کرنا پڑتا ہے یا پھر بالکل چھوڑنا پڑتا ہے۔ مؤثر علاج و دعا سے مطلع کریں۔ اس کی وجہ سے میری والدہ جو مجھ کو گود میں لیے ہیں کو اکثر ڈکار آنے لگتے ہیں اور تمام جسم میں درد رہتا ہے اور پریشانی حد سے زیادہ رہتی ہے۔ کبھی ان کو خواب میں بھی وہ جن آکر خزانہ وغیرہ دکھاتا ہے۔ ہم کو اس کے خزانہ کی ضرورت نہیں۔ بہتر یہ ہے کہ وہ جن معہ خزانہ کے ہمارا مکان چھوڑ دے۔

اس کے متعلق آپ تجویز اور علاج پیش کریں۔ اگر نقش وغیرہ ہو تو اس کا ہدیہ بھی تحریر فرمادیں اب اس فدوی کی یہ حالت ہے کہ اسی آسیب کے اثر سے پیٹھ کے نیچے اس حصہ میں پیٹ کے اوپر حصہ میں کلیجہ کے آس پاس ایک ایسی پکڑ ہے جس سے جکڑ سی محسوس ہوتی ہے اور پیٹ بھاری نظر آنے لگتا ہے، پورے جسم میں پھیل جاتا ہے جس کی وجہ سے نہ تو سکون نصیب ہوتا ہے اور نہ ہی کسی کام کی طرف دھیان رہتا ہے۔ میں ایک سرکاری ملازم پیشہ آدمی ہوں، غریب ہوں اور بہت پریشان حال ہوں، اسی آسیب کے سبب دفتر کے کام بھی بگڑ جاتے ہیں، اکثر لوگ خواہ مخواہ دشمن ہو جاتے ہیں اور میرے خلاف ناحق کام کرتے ہیں۔ دیگر عالموں کو دکھایا لیکن کوئی مؤثر علاج نہ ہوا۔ آپ کا نام میرے ایک عزیز جناب ایل عبدالقادر صاحب کی زبانی سن کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں، ان کا کہنا ہے کہ آپ کا ادارہ واحد ہے جو اس قسم کے علاجوں کا ماہر ہے اور ماشاء اللہ کامیابی ہو رہی ہے۔



Marfat.com

بعض عاملوں کا کہنا ہے کہ مجھے جادو کے اثرات بھی ہیں جو کہ ۲۵ سال قبل کیا گیا تھا۔ اور ایک ضروری بات یہ بھی ہے کہ میں سرکاری ملازم ہونے کی وجہ سے تبادلہ، افسر جہاں چاہتے ہیں کر دیتے ہیں جن سے میرے فرائض یعنی نماز، روزہ کی پابندی میں بے حد خلل پڑتا ہے۔ پریشانی ہوتی ہے۔ اس لیے مجھے ایک جگہ جہاں میری طبیعت لگتی ہے اور فرائض کے انجام دینے میں کوتاہی نہ ہوتی ہو ایسی جگہ مستقل طور پر تبادلہ ہو جائے اور پھر کوئی مجھے وہاں سے نہ ہٹا سکے۔ ایسا کوئی عمل یا تعویذ ہو تو ارسال فرمائیں۔ ان شاء اللہ ہدیہ ضرور ادا کروں گا۔ میرا مؤثر علاج بھی تحریر فرمائیں۔ میں اولاد سے بھی محروم ہوں شادی ہوئے ۱۳ سال کا عرصہ ہو چکا ہے اور اولاد کی آرزو بھی پوری نہیں ہوئی۔ میرا نام عبدالرؤف ہے اور میری والدہ کا نام قریشہ بی صاحبہ ہے، جوابی لفافہ منسلک ہے جواب سے ضرور نوازیں۔ فقط والسلام۔ ناچیز عبدالرؤف۔ مشورہ مندرجہ ذیل ہے۔

## ۱۱۔ اگر کسی مکان میں کسی قسم کا آسیبی خلل ہو

## ۱۹۴۔ نسخہ کثرت حیض کو روک کر باقاعدہ ماہ بماہ ہوگا

لعاب بیدانہ ۳ ماشہ، شیرہ تخم کاہو مقشر ۳ ماشہ، شیرہ بیخ کبابہ ۳ ماشہ، شیرہ عناب ۵ دانہ، شیرہ تخم تربوز ۳ ماشہ، شیرہ تخم خرفہ سیاہ ۳ ماشہ سب کو پانی میں پیس کر چھان کر شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر پی لیا کریں کم از کم سات روز متواتر۔

## یہ نسخہ دل کی دھڑکن کو بھی نفع دے گا

مفرح بارد ۶ ماشہ اول کھا کر عرق گاؤزبان ۵ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ اوپر سے پی لیں۔

## حیض کی کمی یا بالکل بند

برائے حیض شبستان رضا حصہ اول والا نسخہ بہت کارآمد اور ہمارا برسوں کا تجربہ شدہ ہے۔ اس مرض



Marfat.com

حیض نہیں آتا کچھ مدت آ کر بند ہو جاتا ہے یا کم آتا ہے شدتِ درد سے تکلیف ہوتی ہے اور اعضاء شکنی اور بے چینی ہوتی ہے۔ پیڑو کے مقام پر درد ہوتا ہے۔ جب خون کی کمی ہو تو رنگ پھیکا ہو جاتا ہے۔ چہرہ پر زردی چھا جاتی ہے۔ جسم کمزور ہو جاتا ہے سستی اور کاہلی بڑھ جاتی ہے۔

## ۱۹۵۔ نسخہ ماہواری کھولنے کے لیے

حب خرظم ۵ ماشہ، بادیان ۷ ماشہ، گاؤزبان پوست خربزہ ۵ ماشہ، پرسیاؤشان ۷ ماشہ، پاؤ سیر پانی میں جوش دیں جب آدھا رہ جائے صاف کر کے شربت بزوری ۴ تولہ معتدل ملا کر پلائیں۔ شربت بزوری کو دو حصے کر لیں۔ صبح کو ۲ تولہ ملا کر پی لیں۔ پھوکس شام کو پکا کر مل چھان کر دو تولہ شربت ملا کر پی لیں۔

## برص یا سفید داغ

اس مرض میں بدن پر سفید داغ ہو جاتے ہیں جن کو اطباء برص کے نام سے پکارتے ہیں۔ یہ انتہائی خراب بیماری ہے جو انسان کے حسن و جمال کو ملیامیٹ کر دیتی ہے۔ یہ خون کی خرابی سے ہوتی ہے۔ اکثر یہ مرض موروثی ہوا کرتا ہے اور کبھی کبھی مچھلی کھا کر دودھ پی لینے سے ہو جاتا ہے۔

## ۱۹۶۔ نسخہ سفید داغ دور کرنے کا

چاکسو ۲ تولہ، انجیر ۲ تولہ، تخم پنواڑ ۲ تولہ سب کو مٹی کے برتن میں آدھ پاؤ پانی ڈال کر بھگو دیں۔ صبح کو بغیر ملے ہوئے نتھار کر شہدِ خالص ۲ تولہ ملا کر پی لیا کریں اور اس کا پھوکس پیس کر سفید داغوں پر ملیں۔ عرصہ تک یہ عمل کرنے سے شکایت دور ہو جاتی ہے۔ کم از کم چالیس روز تک یہ نسخہ استعمال کریں۔ اگر کچھ باقی رہے تو مزید چالیس روز استعمال کریں۔ مچھلی، گڑ، کھٹائی سے پرہیز کریں۔

## سوداوی، خارش وغیرہ

یہ مرض خون کی خرابی سے ہوتا ہے۔ یہ سوداوی ہوتا ہے۔ یہ شکایات خون کے احتراق اور سوداویت سے پیدا ہوتی ہے اور کبھی ہاضمہ خراب رہنے سے پیدا ہوتا ہے۔

## ۱۹۷۔ نسخہ برائے خارش وغیرہ

شاہترہ ۷ ماشہ، چرائتہ ۷ ماشہ، سرپھوکا ۷ ماشہ، منڈی ا تولہ، ہلیلہ سیاہ ۶ ماشیہ، صندل سرخ ۵ ماشہ رات کو گرم پانی ۳ چھٹانک میں بھگو دیں۔ صبح کو مل چھان کر شربت عناب ۲ تولہ ملا کر کم سے کم ۱۱ روز ورنہ ۲۱ روز استعمال کریں۔



Marfat.com

## تپ یعنی بخار

گرمی کے موسم میں دھوپ وغیرہ میں چلنے یا فاسد مادہ رک جانے سے بخار ہو جاتا ہے۔منہ کا مزہ خرا ہوتا ہے۔زبان خشک ہوتی ہے۔پیاس شدت کے ساتھ ہوتی ہے۔بخار سردی کے ساتھ چڑھتا ہے۔اور بے چ زیادہ ہوتی ہے۔بعض اوقات قے ہونے لگتی ہے ایسی حالت میں یہ نسخہ دیں۔

### ۱۹۸۔نسخہ بخار ہر قسم

گل بنفشہ ۷ ماشہ،گل سرخ ۷ ماشہ،گل نیلوفر ۷ ماشہ،گل خطمی ۷ ماشہ،تخم خیارین ۷ ماشہ،آلو بخارا ۵ دا شب درآب گرم تر داشتہ،صبح وشام نیلوفر ۴ تولہ حل کردہ بنوشد۔

## نسخہ جات متفرقات

### ۱۹۹۔نسخہ برائے بیخوابی یعنی شب کو نیند نہ آتی ہو

اگر کسی کو رات کے وقت نیند نہ آتی ہو تو سفید پیاز کا پانی دو تولہ اور ادرک کا پانی دو تولہ ملائیں اور دونو ملا کر پلائیں۔چندروز بعد نیند آنے لگے گی۔

### ۲۰۰۔بواسیر خونی ہو یا بادی دور ہونے کا مجرب عمل

جس کو بواسیر ہو ایک دانہ لاکھ کا سوراخ دار لے کر تین مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھے اور ۲۱ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ۔شروع چاند میں بعد نماز فجر پڑھے اور وہ لاکھ کمر میں باندھ لے۔ان اللہ بواسیر دور ہو جائے گی۔

### ۲۰۱۔نسخہ سر کے گنج کا

(۱) انار کا چھلکا،خشک دھنیا،ہلدی،مردار سنگ،جلی ہوئی لہڑ،ان سب کو باریک پیس کر اور چھان کر چھڑکیں۔(۲) رائی نصف بھونی ہوئی اور نصف کچی باریک پیس کر تل کے تیل میں ملا کر دن میں کئی بار لگائیں ڈالی دوائیں ہم وزن لی جائیں۔

### ۲۰۲۔سفید بالوں کو سیاہ کرنے کا خضاب

ملتانی مٹی،مردار سنگ اور چونا برابر لے کر لوہے کے دستے سے آملہ کے پانی کے ساتھ خوب گھوٹیں کہ چیزیں ایک جان ہو جائیں پھر دو روز تک رکھا رہنے دیں تاکہ چونے کی تیزی دور ہو جائے۔بعد دو یوم



Marfat.com

استعمال کریں۔ سفید بال سیاہ ہو جائیں گے مگر مرد کے لیے ناجائز ہے۔

## ۲۰۳۔ جوئیں اور لیکھیں مارنے کا نسخہ

اگر کسی عورت مرد بچے بوڑھے کے سر میں جوئیں خواہ لیکھیں پڑ گئی ہوں اور جاتی نہ ہوں تو لیموں کے عرق میں کالی زیری پیس کر بالوں میں خوب طرح سے لگائیں تو سب جوئیں اور لیکھیں مر جائیں گی۔

## ۲۰۴۔ سر خبادہ بچوں کے لیے نسخہ

نیم کی پتیاں، لکرونده کی پتیاں، چاکسو، مکو کے بیج، صندل سرخ، نرکچور، سب برابر وزن میں لے کر پیس کر دودھ پانی کے ہمراہ ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک ۷ روز تک کھلائیں۔

## ۲۰۵۔ چیچک نکلنے سے آنکھ میں اگر دانے پڑ گئے ہوں

سماق (ایک قسم کا دانہ ہوتا ہے جو عطاروں کے پاس ملتا ہے) کو گلاب میں تر کر کے صاف کر کے تھوڑا سا کافور ملا کر رات دن میں چند بار ٹپکائیں۔

## ۲۰۶۔ بال خورے یعنی جس کے بال نہ جمتے ہوں

اول آملہ کے پانی سے اس جگہ کو دھوئیں۔ پھر نوشادر کو باریک پیس کر مکھن میں ملا کر ملیں۔ ایک ہفتہ تک ان شاء اللہ بال پیدا ہوں گے۔

## ۲۰۷۔ قے کو روکنے کا علاج

پودینہ خشک ۳ ماشہ، لونگ ۳ عدد، الائچی خورد ۳ ماشہ، مصری ۲ تولہ گلاب میں جوش کر کے فوراً پلائیں۔

## ۲۰۸۔ جسم میں گرمی کا لگنا اور کھجلی دور کرنے کا نسخہ

صندل سفید گھس کر کافور، عرق لیموں میں ڈال کر جسم میں ملیں۔ شکایت گرمی کی رفع ہو اور کھجلی کا مرض دور ہو۔

## ۲۰۹۔ منہ کا آنا خواہ پھنسیوں کا ہونا یا منہ سے خون کا آنا

گلاب کے پھولوں کو جوش دے کر کلیاں کریں یا خشک پھولوں کو خوب باریک سفوف کر کے منہ میں چھڑکیں۔

## ۲۱۰۔ فالج کا مجرب نسخہ

لہسن کا جوا پہلے روز ایک دوسرے روز دو، تیسرے روز تین چوتھے روز چار، اسی طرح ہر روز ایک عدد بڑھائیں کہ چالیسویں روز چالیس عدد ہو جائیں اور اسی ترکیب سے پانی سے نگل لیا کریں۔ اس کے بعد اسی طور سے گھٹانا شروع کریں۔ یعنی اکتالیسویں روز پھر ۳۸ پھر ۳۶ پھر ۳۵ یہاں تک کہ ایک تک نوبت پہنچے۔ خدا چاہے



Marfat.com

مرض فالج جاتا رہے گا۔

## ۲۱۱۔ برائے درد شکم

(۱) چنے کے برابر ہینگ لے کر بھون کر ۳ ماشہ گڑ کے ساتھ کھائیں۔ درد شکم نہ ہوگا۔ (۲) اگر اچانک کسی وجہ سے پیٹ میں درد پیدا ہو جائے تو ذیل کا نسخہ استعمال کریں۔ درد شکم رفع ہوگا۔ الاچی کلاں ۳ ماشہ، دارچینی ۳ ماشہ تیزپات ۳ ماشہ جوش دے کر پلانے سے فائدہ ہوگا۔

## ۲۱۲۔ آنکھ کی روشنی بڑھانے کے لیے

ایک تولہ ناریل چھلکا اتار کر ہمراہ مصری کے روزانہ کھائیں۔

## ۲۱۳۔ دردزہ کی تکلیف کے لیے

اگر ارنڈ خربوزے کا دودھ مقامِ رحم پر لگایا جائے تو فوراً بچہ کی پیدائش ہوگی۔

## ۲۱۴۔ جوئیں دور کرنا

اگر چقندر کے پانی سے سر دھویا جائے تو جوئیں نہ پڑیں۔

## ۲۱۵۔ چھجنہ یا اکوتہ کے لیے

بکری کے پہلو کی ہڈی جلا کر باریک پیس کر تھوڑے آٹے میں خمیر کر کے پھر ایک روٹی تیار کریں ایک رخ روٹی کا پکا کر اس رخ کو اکوتہ پر باندھیں۔

## ۲۱۶۔ سانپوں کا بھگانا

نوشادر پسا ہوا جس جگہ چھڑک دیں، وہاں سے سانپ بھاگ جائے گا۔ اور یہ تاثیر رائی اور سرسوں میں بھی ہے۔

## ۲۱۷۔ سانپ کے زہر کا دفعیہ

لہسن کو دو ٹکڑے کر کے مقام پر باندھنے سے زہر اتر جائے گا۔ اسی طرح مولی کچل کر باندھنے سے زہر جائے گا۔ ان شاء اللہ

## ۲۱۸۔ نسخہ گنٹھیا کے لیے نہایت مجرب ہے

لونگ ا تولہ، طباشیر ا تولہ۔ سیاہ مرچ ا تولہ۔ دارچینی ا تولہ، بہمن سرخ ا تولہ، بالچھڑ ا تولہ، مصطگی ا تولہ، شقاقل



Marfat.com

لہ، ناگرموتھا اتولہ، چوب چینی اتولہ الائچی کلاں اتولہ، جائفل ۴ عدد، اسطوخودوس اتولہ، بسفائج اتولہ، افتیمون ا
لہ، گل سرخ اتولہ، زنجبیل اتولہ، دارفلفل اتولہ، عقرقرحا اتولہ، سورنجان شیریں اتولہ، تودریین اتولہ، کشنیز خشک ا
لہ، زعفران اتولہ، مغز بادام اتولہ، پستہ اتولہ، چلغوزہ اتولہ، کھوپرا اتولہ، مغز خربوزہ اتولہ۔ مغز خیارین اتولہ۔ مغز
بوزا اتولہ، مصری کوزہ ۷ تولہ، بورا شکر اکلو کے قوام میں معجون بنائیں۔ خوراک ۹ ماشہ تا اتولہ اور کم وزیادہ مرضی
بیب پر موقوف ہے۔ ان شاء اللہ بہت جلد گنٹھیا کو آرام ہوگا۔

## ق کا بخار یا بلغمی بخار

دق جب شروع ہو تو فوراً اس کے علاج کی طرف توجہ کرنا چاہیے۔ یہ مرض مردوں کی بہ نسبت جوان ورتوں کو زیادہ دیکھا گیا ہے اور سبب اس کا اکثر رحم کی خرابی ہے۔ یہ مرض ورثہ میں بھی اکثر اولاد میں بھی پایا جاتا ہے۔ یعنی ماں باپ کو اگر دق ہوتی ہے اور اسی مرض میں انتقال ہوا ہو تو اولاد میں اس کے اثرات پائے جاتے ہیں۔ شروع میں مرض پر توجہ نہ ہونے سے مرض بڑھ جاتے ہیں اس کے تین درجے بیان کیے جاتے ہیں۔ درجہ ول میں خون جلتا ہے۔ مثال کے طور پر ایک چراغ روشن ہے اگر مزید اس میں میں روغن نہ ڈالیں تو پہلے تیل جل کر تم ہو کر دوسرا درجہ شروع ہوا۔ اب بتی میں جو تیل ہے وہ جلے گا۔ جب وہ بھی ختم ہو جاءگا۔ تو بتی جلنا شروع ہوگی۔ دق کا تیسرا درجہ ہے تقریباً یہ لاعلاج ہے لہذا جیسے ہی خفیف بخار شروع ہو فوراً مندرجہ ذیل تدابیر عمل میں لائی جائیں۔ صبح کے وقت منہ کا مزا کڑوا ہونا، بعد دوپہر کے طبیعت کا گر جانا، بخار مستقل ہلکا اور تیز ہونا۔ صبح کے وقت عموماً نبض کمزور ہو جاتی ہے۔

## ۲۱۹۔ ابتدائے دق میں یہ نسخہ نہایت مفید ثابت ہوا ہے

اصلی ست گلو ا تولہ، طباشیر ا تولہ، دانہ الائچی خورد ا تولہ، خوب باریک پیس کر کپڑے میں چھان کر ا ماشہ کی پڑیاں بنالیں۔ صبح و دوپہر شام شربت بنفشہ ایک ایک تولہ میں ملا کر چٹاتے رہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دوا کے اختتام تک بخار ختم ہو جائے گا۔ کھانسی بھی ہو تو شربتِ اعجاز۔ اتولہ کے ساتھ دیں۔ غذا میں مونگ کی دال، پالک کا ساگ، چپاتی یا بکری کے گوشت کا شوربہ یا کلیجی کا شوربہ وغیرہ۔

## ۲۲۰۔ بلغمی بخار

یہ بخار اکثر نابالغ بچیوں کو ایسے وقت میں جبکہ وہ سن بلوغ کے قریب پہنچتی ہیں، دیکھا گیا ہے، جوان العمر میں بھی ہوتا ہے، مردوں میں بہت کم دیکھنے میں آتا ہے۔ اس بخار کی نبض دق کے بخار سے اس قدر مشابہ ہوتی ہے کہ اکثر ڈاکٹر صاحبان اس بخار کو دق کا بخار سمجھ کر علاج شروع کر دیتے ہیں۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ



Marfat.com

علاج غلط کرنے سے دق نہیں تھی مگر ہو جاتی ہے۔ حالانکہ دونوں کا علاج بالکل مختلف ہے۔ چونکہ میری خالہ زاد بہن جب بیمار ہوئی تو اس کے علاج میں کافی تجربہ ہوا۔ ڈاکٹری علاج شروع ہو چکا تھا۔ اور دو ڈاکٹروں نے دق بتادی تھی۔ جب میں نے دیکھا تو شدت کا بخار تھا اور کان میں سخت درد۔ اس وقت میں نے خمیرہ مروارید کے ہمراہ حب شفا کھانے کو دی کہ خمیرہ مروارید میں ایک گولی رکھ کر صبح و شام کھاتی رہے۔ ایک ہفتہ کے اندر کان کا پھوڑا پھٹ گیا مواد نکل گیا اور تکلیف تو گولی دیتے ہی کم ہوگئی بخار اتر گیا۔ آٹھویں روز میں نے نبض دیکھی تو کلمہ کی انگلی پر حرکت زیادہ اور نبض میں تیزی تھی جس سے میں نے جانا کہ اس نبض سے ڈاکٹر صاحبان کو مغالطہ ہوا کہ انھوں نے اس کو دق کا بخار قرار دیا۔ فقیر نے اپنا مجرب نسخہ استعمال کرایا، دو ہفتہ میں غسلِ صحت کرا دیا۔

## ۲۲۱۔ بلغمی بخار کا مجرب نسخہ معہ ترکیب

خوبکلاں (خاکسی) ۷ تولہ لے کر ۱۴ پڑیاں بنالیں۔ ایک پڑیا روزانہ آدھ پاؤ پانی میں پکا کر چھان کر شربت ۲ تولہ ملا کر نہار منہ پلائیں مگر ہر روز پکاتے وقت یہ خاص خیال رکھیں کہ پہلے روز ایک بار جوش دے کر پلائیں۔ دوسرے روز ۲ مرتبہ تیسرے روز تین بار، اسی طرح سات روز تک ہر روز ایک ایک جوش بڑھاتے جائیں یعنی اک بار آگ پر رکھیں اور دوا کا پانی جوش کرنے لگے تو آگ سے اتارلیں اور آدھے منٹ کے بعد پھر آگ پر رکھی پھر جب جوش آئے تو اب یہ دو مرتبہ کو جوش ہو گیا۔ بس اسی طرح ۷ روز تک ۷ بار اور آٹھویں روز بھی ۷ بار جوش کر کے پلائیں پھر نویں روز ۶ بار، دسویں روز ۵ بار، گیارھویں روز ۴ بار، بارھویں روز ۳ بار، تیرھویں روز ۲ بار، چودھویں روز ایک بار۔ یعنی پہلے روز سے ۷، ۸ روز تک ایک ایک جوش بڑھائیں، ساتویں آٹھویں روز ۷، ۷ بار پھر ایک ایک جوش کم دیا جائے گا۔ یہ چودہ روز کا کورس ہے۔ ان شاء اللہ چھ مہینے کا بخار ہوگا تو اس نسخہ سے مکمل فائدہ ہو جائے گی۔

## ۲۲۲۔ حب شفاء

یہ گولیاں بروقت انجکشن کا کام کرتی ہیں۔ کان کا درد ہو، پیٹ کا درد، گردہ کا درد، قولنج کا درد، سر کا درد، غرض اس قسم کی کوئی بھی تکلیف ہو اور کوئی دوا وقت پر نہ ملے بلکہ دیگر دوائیں دینے سے بھی تکلیف بدستور رہے تو ایسے وقت میں ایک گولی خمیرہ مروارید ۴ ماشہ کے ہمراہ کھلائیں۔ خمیرہ بھی نہ ملے تو گڑ میں لپیٹ کر کھلا دیں اور پھر قدرتِ الٰہی کے کرشمے دیکھیں۔ فوائد ان شاء اللہ تعالیٰ (شبستان رضا حصہ چہارم المعروف بہ عزیز الخلائق) میں بالتفصیل ملاحظہ فرمائیں کہ کس کس مرض میں کس کس بدرقہ کے ساتھ ان گولیوں سے فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

**۲۲۳۔ نسخہ حب شفاء**

تخم جوز ماثل یعنی دھتورہ کے بیج ایک تولہ، سونٹھ دو تولہ، ریوند چینی ۸ ماشہ، گوند ببول ا تولہ، خوب باریک کوٹ چھان کر پانی ڈال ڈال کر اتنا باریک پیسیں کہ دانہ نہ رہے پھر چنے برابر گولیاں بنا کر اوپر سے چاندی کا ورق چڑھا لیں اور وقتِ ضرورت کام میں لائیں۔

**۲۲۴۔ نسخہ امرت دھارا**

ست پودینہ ا تولہ، ست اجوائن ا تولہ، کافور ا تولہ، روغن الائچی دو تولہ، روغن جائفل ا ماشہ، روغن لونگ ا ماشہ، سب کو ایک عمدہ شیشی میں ملا لیں سب عرق بن جائے گا۔ یہ دوا سر سے پاؤں تک ہر مرض کے کام آتی ہے۔ گویا ایک حکیم ڈاکٹر گھر میں موجود ہے اور پیٹ کی تمام بیماریوں کے لیے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ صرف ایک قطرہ پانی میں ملا کر پلایا جاتا ہے۔ ہیضہ، کالرا، بدہضمی وغیرہ میں ٹھنڈے پانی میں دیں۔ قبض ہو تو بعد غذا ایک قطرہ گرم پانی میں لیا کریں۔

## درویشی اور فقیری نسخے

**۲۲۵۔ نسخہ دافع جریان:** موصلی سیاہ ا تولہ، موصلی سفید ا تولہ، ثعلب مصری ا تولہ، شقاقل مصری ا تولہ، تالمکھانہ ا تولہ، بنسلوچن ا تولہ، ستاور ا تولہ، گوکھرو خورد ا تولہ، گوکھرو کلاں ا تولہ، ہڑ خورد ا تولہ، الائچی خورد ا تولہ، الائچی کلاں ا تولہ، زیرہ سفید ا تولہ، گوند ببول ا تولہ، چینا گوند ا تولہ، پودینہ خشک ا تولہ، اجوائن دیسی ا تولہ، مصری چینی ۲۰ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں، خوراک ۵ ماشہ ہمراہ دودھ آدھ پاؤ۔

**۲۲۶۔ نسخہ ماہواری جاری کرنے کا:** بابڑنگ ۲ تولہ، بادکھمبہ ۲ تولہ، تخم گندرا تولہ، نرکچور ڈیڑھ تولہ، سونٹھ ا تولہ، سب کو کوٹ چھان کر تین حصے کر کے تین روز ہر روز ڈیڑھ پاؤ پانی میں پکا کر چھان کر بقدرِ ضرورت شکر ملا کر پلائیں۔ ۳ روز میں شفاء ہو ان شاء اللہ تعالیٰ۔

**۲۲۷۔ نسخہ از بوعلی شاہ قلندر:۔** رحمۃ اللہ علیہ اور جگر کی خرابی سے بخار قائم ہو کر دق کے درجہ تک بھی پہنچ گیا ہو ان شاء اللہ تعالیٰ:۔ سنائے مکی ۸ تولہ، سونٹھ ۲ تولہ، سونف ۲ تولہ، انیسون ۲ تولہ، نمک لاہوری ۲ تولہ چھان کر سفوف بنالیں اور تین ماشہ صبح ۳ ماشہ شام آب تازہ کے ساتھ استعمال کریں۔ جگر پر ورم ہو تو عرق مکو کے ساتھ دیں۔ کھانے میں گیہوں کا دلیا میٹھا یا نمکین جیسا اچھا لگے۔

**۲۲۸۔ نسخہ قبض کشا از بابا فرید گنج شکر**

سنائے مکی ۲ تولہ، سونٹھ ۲ تولہ، کالی مرچ ۲/۱ ۲ تولہ، الائچی کلاں ۶ ماشہ، نمک لاہوری ۳ تولہ، خوراک ۳



Marfat.com

ماشہ سوتے وقت پانی سے۔

## ۲۲۹۔خواب میں نہ ڈرے آرام سے سووے

برائے دفع ڈر، خوف۔ جو لڑکا یا کوئی خواب میں ڈرتا ہو اس کے لیے یہ نقش نہایت مفید ہے۔ اس کو لکھ کر ڈرنے والے کی گردن میں باندھ دے پھر وہ کبھی خواب میں نہ ڈرے گا۔ اور ہر خطرے سے محفوظ رہے گا۔ نقش یہ سامنے درج ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| یافتاح | یافتاح | یافتاح | یافتاح |
| یافتاح | یافتاح | یافتاح | یافتاح |
| یافتاح | یافتاح | یافتاح | یافتاح |
| یافتاح | یافتاح | یافتاح | یافتاح |

## ۲۳۰۔نیند نہ آنے کا طلسم

اگر کسی کو نیند زیادہ آتی ہو تو الو کو ماریں اور مرنے کے بعد جو اسکی ایک آنکھ کھلی رہے گی اس کو لے کر کپڑے میں باندھیں اور گردن میں لٹکالیں۔ جب تک وہ لٹکی رہے گی نیند نہیں آئے گی، جب اتار لیں گے تو نیند آئے گی (الو کی ایک آنکھ بند رہتی ہے اور ایک آنکھ کھلی رہتی ہے) لہذا کھلی ہوئی آنکھ لیں تو نیند نہ آئے گی جب تک بازو سے جدا نہ ہوگی۔

## ۲۳۱۔عمل کشف قبور

پہلے قبر پر جا کر اس طرح سلام کرے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الْقُبُوْرِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اِنَّا اِنْشَآءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَاحِقُوْنَ ط پھر سرہانے قبر کے مؤدب بیٹھ کر انگشتِ شہادت قبر پر رکھے اور آنکھیں بند کرے ۲۱ مرتبہ یَا رُوْحُ یَا رُوْحُ اور ۲۱ بار یَا رُوْحَ الْاَرْوَاحِ یا رُوْحَ الْاَرْوَاحِ کہے بعد کو سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ بے تعداد کہتا رہے جب تک مقصد حاصل نہ ہو اور حصول مراد کی علامت یہ ہے کہ اہل قبر بالمشاہدہ سامنے آئے اور حکم کرے۔ ترکیب کشف روح کی یہ ہے۔ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوْحِ

## ۲۳۲۔عمل سفر میں گئے ہوئے کے کامیاب واپس آنے کا

جس کسی کا کوئی عزیز یا دوست سفر کو گیا ہو اور چاہے کہ وہ کامیابی کے ساتھ واپس آجائے تو سورہ فاتحہ اکتالیس بار درمیان سنت اور فرض فجر کی نماز کے پڑھا کرے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ وہ کامیاب واپس آئے اور مریض کی صحت کے واسطے بھی اسی طرح پڑھے۔



Marfat.com

اعلیحضرت عظیم البرکت اور دیگر اکابر اہلِ سنّت کے مجموعہ

عملیات کا لاجواب انتخاب

یعنی

# شمع شبستانِ رضا

## حصّہ چہارم

مرتبہ

اقبال احمد نوری

قادری رضوی کتب خانہ

گنج بخش روڈ لاہور 042-7213575

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اَللّٰهُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَا

سراج بزم اولیائے کاملین شمع شبستانِ علماء وفاضلین امام اہلسنت اعلیٰ حضرت

مولانا شاہ محمد احمد رضا خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور

ولی ابن ولی، عالم ابن عالم، متقی ابن متقی حضور مرشدی مفتی اعظم ہند شہزادۂ اعلیٰ

حضرت مولانا شاہ محمد مصطفٰے رضا خاں صاحب مدظلہم العالی و

دیگر

اکابرین ملت، علمائے اہل سنت، اولیائے امت، عاملین بابرکت کاملین باوجاہت رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے عملیات، مجربات سے شمع شبستان رضا حصہ اوّل، حصہ دوم، حصہ سوم اور پنجسورہ رضویہ کے ذریعہ آپ حضرات فیض یاب ہوتے رہے۔ اب عزیز الخلائق ہدیہ ناظرین ہے، امید ہے کہ اس کتاب کے تعویذ وعملیات کے ذریعہ حصولِ فیض کے وقت اس احقر العباد اقبال احمد نوری کو بھی دعا میں یاد رکھیں گے۔ مولیٰ تعالیٰ جمیع سنی صحیح العقیدہ حضرات کو مرشدی حضرت مفتی اعظم ہند دامت برکاتہم القدسیہ کے صدقے میں اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ وجملہ عاملین وکاملین کے فیض وبرکات ومجربات سے جمیع مقاصد دینی ودنیوی میں کامیابی عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین بجاہ حبیب رب العالمین وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد وآلہ وصحبہ اجمعین

اقبال احمد نوری



Marfat.com

# فہرست مضامین شمع شبستانِ رضا حصہ چہارم (عزیز الخلائق)



| عنوانات | صفحہ | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|---|
| تعارف | 6 | نقشہ حروف آتشی بادی آبی خاکی | 19 |
| دعاء منظوم شجرہ عالیہ قادریہ رضویہ | 7 | حروف کے ذریعہ امراضِ سر کا علاج | 19 |
| اسم اللہ و محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مناسبتیں | 8 | ======دستِ راست کا علاج | 19 |
| گذارش احوال | 11 | ======دست چپ کا علاج | 20 |
| طلسم سبع سیارگان | 12 | ======پشت کا علاج | 20 |
| ====== | 12 | ======امراضِ شکم کا علاج | 20 |
| خصوصی ہدایات | 13 | ======پائے راست کا علاج | 20 |
| عاملین کے فرمان کے مطابق ہدایت | 14 | ======پائے چپ کا علاج | 21 |
| ترک جلالی اور جمالی کا مختصر اجمالی بیان | 14 | ======دوسرا طریقہ علاج | 21 |
| اہل نجوم کی رائے | 15 | ======حصول کشف کا طریقہ | 21 |
| اوقات کی تقسیم | 15 | حروف کے ظاہر و باطن موکلوں کے | |
| شرف سیارگان | 15 | نام، اعداد کا نقشہ | 22 |
| تاریخ کا لحاظ | 16 | ہر لفظ کے موکل معلوم کرنے کا طریقہ | 23 |
| اپنا طالع یعنی برج معلوم کرنے کا طریقہ | 16 | پہلا طریقہ موکل باطنی کے ساتھ | 24 |
| نقشہ بارہ بروج مع عربی اور ہندی | 16 | پڑھنے کا | |
| فیضان الحروف | 17 | دوسرا طریقہ موکل ظاہری و باطنی کے | 25 |
| اللہ کا ولی کون | 17 | ساتھ پڑھنے کا | |
| عربی اردو حروف کی تشریح | 18 | تیسرا طریقہ موکل ظاہری و باطنی کے | 25 |
| مصنف جواہر خمسہ کے ارشادات | 18 | ساتھ پڑھنے کا | |
| حروف سے فائدہ حاصل کرنے کا طریقہ | 18 | چوتھا طریقہ موکل ظاہری و باطنی کے | 27 |
| حروف کے ذریعہ علاج جسمانی | 18 | ساتھ پڑھنے کا | |





Marfat.com

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| پانچواں طریقہ موکل ظاہری و باطنی کے ساتھ پڑھنے کا | 27 |
| مرگی کا نہایت مجرب نقش اور ایک غلط فہمی کا ازالہ | 29 |
| **باب الاستخارہ** | 30 |
| استخارہ کے متعلق مسئلہ | 30 |
| پہلا تسبیح کے ذریعہ استخارہ | 31 |
| دوسرا طریقہ پانی سے استخارہ | 31 |
| تیسرا طریقہ نماز کے ذریعہ استخارہ | 31 |
| نماز استخارہ حسنین کریمین | 32 |
| روزانہ پیش آنے والی باتوں کے لئے استخارہ | 32 |
| استخارہ غوثیہ | 33 |
| اعداد قلبی نکالنے کا طریقہ | 33 |
| درود غوثیہ واستخارہ صحابہ کرام | 33 |
| استخارۂ نکاح | 34 |
| استخارہ سورۂ فاتحہ | 35 |
| استخارہ باموکل | 35 |
| **باب کشف وشرح صدر** | 37 |
| عملیات کشفِ باطن وکشف قبور وغیرہ | 37 |
| کشف اور استخارہ میں فرق | 37 |
| کشف اور علم غیب | 37 |
| اولیاء کرام کے کشف وعلم کے متعلق ارشادات | 37 |
| ارشاد حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ | 38 |
| عملیات کشف کے متعلق ضروری ہدایات | 38 |
| تکبر اور بغض وحسد کی برائی | 38 |
| حروف کے ذریعہ کشف حال | 39 |
| کشف باطن کا سریع الاثر طریقہ | 41 |
| کشف قبور کا طریقہ | 41 |
| حروف کی نسبت سے اسم اللہ کے عملیات | 44 |
| عملیات برائے کشف مجرب و آزمودہ | 53 |
| ماخوذ از جواہر خمسہ | 59 |
| ہفت پیکر | 60 |
| عملیات برائے کشف بزرگان دین | 62 |
| ملاقات ارواحِ مقدسین | 62 |
| ملاقات حضرت خضر علیہ السلام | 62 |
| حصول کشف ومراد | 63 |
| آئینہ قلب پر جلا کرنے کا طریقہ | 63 |
| برائے کشف القلوب | 64 |
| برائے نورانیتِ قلوب | 64 |
| برائے کشف القبور | 64 |
| درودِ کشف | 65 |
| **باب برائے قضائے حاجات** | 66 |
| درود برائے قضائے حاجات | 67 |
| عملیات برائے قضائے حاجات | 68 |
| عمل از کیمیائے سعادت برائے قضائے حاجات | 67 |
| عمل دیگر برائے قضائے حاجات | 68 |
| اسمائے جبروت کے پڑھنے کا طریقہ | 68 |




Marfat.com

| عنوانات | صفحہ | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|---|
| شب جمعہ کا عمل برائے قضائے حاجت | 70 | عمل ونقش دیگر بسم اللہ شریف برائے | |
| بہت آسان عمل برائے قضائے حاجت | 71 | وسعت رزق | 82 |
| عمل برائے سخت ترین مہمات | 71 | نماز برائے حصول روزگار | 83 |
| عمل حل مشکلات | 71 | نقش وسعت رزق | 83 |
| عمل اسم یا کافی | 71 | عمل ونقش برائے وسعت رزق | 84 |
| عمل اسم یا غیاث | 72 | انگشتری برائے روزگار دولت وغنا | 84 |
| عمل نادِ علی | 72 | عمل بے تاج بادشاہ | 85 |
| عمل بسم اللہ شریف | 72 | تاج عزت وکرامت | 85 |
| عمل الحمد شریف | 73 | عمل اسم یا مغنی | 86 |
| عمل دیگر الحمد شریف | 73 | بے پڑھے اور کچی زبان والے کے لئے | |
| تیسرا عمل الحمد شریف | 73 | ہدایات | 87 |
| عمل شب جمعہ برائے قضائے حاجات | 74 | عمل اسم یا اللہ | 87 |
| عمل سورۂ اخلاص | 74 | عمل اسم یا مجیب | 88 |
| تین روز میں کام پورا ہونے کا عمل | 75 | ادائے قرض کے لیے | 88 |
| درود محمود برائے قضائے حاجت | 75 | حصول روزگار کے لئے | 88 |
| **باب الغنا** | 77 | حصول برکت کے لئے | 88 |
| ضروری ہدایات وعملیات | 77 | باجماعت نماز کے لئے چند ضروری ہدایات | 88 |
| عزت ودولت کا تاج درود تاج اور اس کے | | چند ہدایات برائے خیر وبرکت | 89 |
| فضائل | 79 | ہدایات برائے حصول خیر وبرکت | 89 |
| یٰسین شریف کا عمل | 80 | فاتحہ خیر وبرکت کا ذریعہ ہے | 91 |
| نقش حصول دولت وغنا | 81 | خیر وبرکت کا بہترین عمل | 91 |
| وسعت رزق | 81 | برائے خیر وبرکت اسمائے جبروت والحمد | 91 |
| نقش بسم اللہ شریف برائے حصول دولت | | شریف پڑھنے کا طریقہ | 91 |
| وعزت | 82 | برکات اسم یا اللہ | 91 |





Marfat.com

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| برکات کوقائم رکھنے کانقش وعمل | 92 |
| نقش دیگر برائے خیروبرکت | 92 |
| عمل افزائش خیروبرکت | 93 |
| برائے فراوانی خیروبرکت | 93 |
| خرقہ خیروبرکت | 93 |
| **باب القرض** | 94 |
| قرض سے متعلق ضروری ہدایات | 94 |
| عملیات برائے ادائے قرض | 95 |
| عمل غم اورقرض سے نجات کے لئے | 96 |
| قرض سے نجات پانے اور وصول ہونے کاعمل | 96 |
| ادائے قرض وحصول دولت کے لئے عمل ونقش | 97 |
| عمل ونقش دیگر قرض وصول ہونے اورادا ہونے کا | 98 |
| **باب التسخیر الخلق** | 99 |
| دعائے تسخیر القلوب وجامع المطلوب | 99 |
| درود تسخیر مع ہدایات | 101 |
| عمل محبوب خلائق مع نقش | 102 |
| عمل برائے تسخیر اسمائے باری تعالیٰ | 102 |
| اسمائے جبروت پڑھنے کاطریقہ | 104 |
| اسم یابدوح باموکل | 105 |
| اسم یابدوح باموکل پہلاطریقہ | 105 |
| اسم یابدوح باموکل دوسراطریقہ | 107 |

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| عمل برائے ملاحظہ عجائبات وغائبات | 107 |
| عمل برائے تسخیر وحصول دولت | 108 |
| عمل سورۂ اخلاص برائے تسخیر | 108 |
| عمل تسخیر خلائق باموکل | 108 |
| عمل دیگر برائے تسخیر خلق | 109 |
| عمل تسخیر برائے علماء کرام | 109 |
| عمل برائے تسخیر خاص وعام | 110 |
| عمل تسخیر اسم یاعظیم | 110 |
| نقش عجیب جامع التسخیر | 110 |
| عمل یاودود | 111 |
| عمل سورۂ اخلاص باموکل | 112 |
| دشمن پرغالب آنے اورمسخر کرنے کاعمل | 113 |
| **باب المحبت خصوصی** | 114 |
| خصوصی محبت سے متعلق اشد ضروری ہدایات ومجرب عملیات | 114 |
| **باب العداوت** | 127 |
| عداوت سے متعلق اشد ضروری ہدایات ومجرب عملیات | 127 |
| فالنامہ واستخارہ درمنسوب حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ | 133 |
| دوسرا فالنامہ عمل رمل سے متعلق نہایت معتبراور تجربہ شدہ | 136 |
| تعبیر خواب سے مختصر ہدایات واشارات | 141 |




Marfat.com

# دعاءِ منظوم شجرۂ عالیہ قادریہ رضویہ

جو جمیع مقاصد دینی و دنیوی کے لیے مجرب و آزمودہ ہے۔ ہر روز صرف ایک بار بعد از نماز فجر اور کسی اہم ضرورت یا مصیبت جو کسی طرح حل نہ ہوتی ہو بعد ہر نماز کے تین بار اس طرح پڑھیں کہ دل کے جذبات بہ شکل اشک آنکھوں سے نمودار ہو کر دامن کو نم کردیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تیسرے روز ہی گوہر مراد سے دامن بھر کر اٹھے گا۔

یا الٰہی رحم فرما مصطفیٰ ﷺ کے واسطے　یا رسول اللہ کرم کیجیے خدا کے واسطے
مشکلیں حل کر شہ مشکل کشا کے واسطے　کربلائیں رد شہید کربلا کے واسطے
سید سجاد کے صدقے میں ساجد رکھ مجھے　علم حق دے باقر علم ہدا کے واسطے
صدقِ صادق کا تصدق صادق الاسلام کر　بے غضب راضی ہو کاظم اور رضا کے واسطے
بہر معروف و سری معروف دے بے خود سری　جند حق میں گن جنید با صفا کے واسطے
بہر شبلی شیر حق دنیا کے کتوں سے بچا　ایک کا رکھ عبدِ واحد بے ریا کے واسطے
بوالفرح کا صدقہ کر غم کو فرح دے حسن و سعد　بوالحسن اور بوسعید سعد زا کے واسطے
قادری کر قادری رکھ قادریوں میں اٹھا　قدر عبدالقادرِ قدرت نما کے واسطے
اَحْسَنَ اللّٰہُ لَہٗ رِزْقًا سے دے رزقِ حسن　بندہ رزاق تاج الاصفیاء کے واسطے
نصرابی صالح کا صدقہ صالح و منصور رکھ　دے حیات دیں محی جانفزا کے واسطے
طور عرفان و علو و حمد و حسنیٰ و بہا　دے علی موسیٰ حسن احمد بہا کے واسطے
بہر ابراہیم ہم پر نارِ غم گلزار ہو　بھیک دے داتا بھکاری بادشاہ کے واسطے
خانۂ دل کو ضیاء دے روئے ایماں کو جمال　شہ ضیا مولیٰ جمال اولیاء کے واسطے
دے محمدؐ کے لیے روزی کر احمد کے لیے　خوان فضل اللہ سے حصہ گدا کے واسطے
دین و دنیا کی مجھے برکات دے برکات سے　عشق حق دے عشقِ حق انتما کے واسطے
حب اہل بیت دے آل محمد ﷺ کیلئے　کر شہید عشق حمزہؓ پیشوا کے واسطے
دل کو اچھا تن کو ستھرا جان کر پر نور کر　اچھے پیارے شمس دیں بدر العلی کے واسطے
دو جہاں میں خادم، آل رسول اللہ کر　حضرت آلِ رسول مقتدا کے واسطے
کر عطا احمد رضائے احمد مرسل مجھے　میرے مولیٰ حضرت احمد رضا کے واسطے

صدقہ ان اعیان کا دے چھ عین عزو علم و عمل
عفو عرفان عافیت احمد رضا کے واسطے



Marfat.com

# اللہ جل جلالہ محمد ﷺ

## سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ

طالب ومطلوب ملتے ہیں، غنچہ ہائے وصل کھلتے ہیں۔ اگر ایک طرف یکتائی ووحدت کی کلیاں کھل رہی ہیں تو دوسری طرف کثرت وجلوت کے پھول مہک رہے ہیں مطلوب اپنے طالب کا طالب ہے اور طالب اپنے مطلوب کا مطلوب۔ یہ اس کا پیارا وہ اس کا محبوب۔ اہل دل کو دعوتِ فکر ہے تاکہ وہ دیکھیں کہ جن محبّ ومحبوب کے اسماء مبارکہ کے حروف واعداد میں اتنی مناسبتیں ہیں تو ذوات کی حقیقت کا کیا عالم ہوگا۔ یعنی اسم اللہ جل جلالہٗ اور اسم محمد ﷺ۔

**پہلی مناسبت:** اللہ کے حروف چار۔ محمد ﷺ کے حروف بھی چار۔

**دوسری مناسبت:** اللہ کے چاروں حروف بے نقط، محمد ﷺ کے چاروں حرف بھی بے نقط۔

**تیسری مناسبت:** اللہ جل جلالہٗ کے پہلے دو حروف چھوڑ کر تیسرے حرف پر تشدید ہے تو محمد ﷺ کے پہلے دو حرف چھوڑ کر تیسرے حرف پر بھی تشدید ہے۔

**چوتھی مناسبت:** اسم اللہ میں دو حروف احاد ہیں اور دو عشرات تو محمد ﷺ میں بھی دو حروف احاد ہیں اور دو عشرات۔

یہ توتھیں حروف کی مناسبتیں آیئے اب اعداد کی مناسبتیں ملاحظہ فرمایئے۔

**پانچویں مناسبت:** اللہ کے عدد ۶۶، محمد ﷺ کے عدد ۹۲، ۹۲ اور ۶۶ کی اکائی اور دہائی کے عددوں کو بغو دیکھیے تو اکائی میں بھی خاص نسبت اور دہائی میں بھی۔ یعنی جن اعداد میں مناسبت ہے وہ یہ ہیں ۲۔۴۔۶۔۸ اسی طرح ۳۔۶۔۹ ایک کو سب سے نسبت ہے۔ اب دیکھیے کہ ۶۶ اور ۹۲ کی اکائی دہائی میں کیسی پیاری نسبت ہے۔ دونوں کی اکائی ۲ اور ۶ ہے۔ دو تیا ۶ اور دہائی ۶ اور ۹ یہ دونوں ۳ سے تقسیم ہو جاتے ہیں۔ تین دونی چھ اور تین تیا نو ۹۔ سبحان اللہ وبحمدہٖ۔

**چھٹی مناسبت:** ۶۶ کے عدد کو اگر ۲ سے تقسیم کریں تو برابر سے تقسیم ہو جائے گا۔ ۶۶÷۲=۳۳ اسی طرح محمد ﷺ کے عدد ۹۲÷۲=۴۶

**ساتویں مناسبت:** اسم اللہ کے اعداد ۶۶ کی اکائی دہائی کو آپس میں ضرب دے کر اکائی دہائی کو جمع کریں تو حاصل عدد ۹ ہوگا۔ یعنی چھ چھکے ۳۶، چھ اور تین نو۔ بالکل اسی طرح اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اعداد ۹۲ کی اکائی



Marfat.com

ہائی کو ضرب دے کر حاصل شدہ اکائی دہائی کو جمع کرو تب بھی حاصل عدد ۹ ہوگا۔

نو دونی ۱۸......۸+۱=۹

**ناظرین کرام:۔** آپ کو معلوم ہے کہ ۹ کے عدد میں کیا خوبیاں ہیں:۔

سنیئے! پہلی بات تو یہ ہے کہ چونکہ اسم اللہ اور اسم محمد ﷺ کے اعداد کی اکائی دہائی کو ضرب دے کر پھر اکائی ہائی کو جمع کیا تو ۹ کا عدد کیوں آیا ۸ یا ۷ یا ۶ یا ۵ یا ۴ یا ۳ یا ۲ کیوں نہ آیا۔ کیسے آتا کہ یہ سب اعداد جھوٹے ہیں ۹ کا عدد سب سے بڑا۔ اور اتنا بڑا کہ بڑے سے بڑا فلسفی بھی ۹ سے بڑا عدد پیش نہیں کر سکتا۔ اس ۹ کے عدد میں ایک ایسی خصوصیت بھی پوشیدہ ہے جو اور کسی عدد میں نہیں۔ یعنی اس ۹ کے عدد کی کتنی ہی قلب ماہیت کی جائے کہ ظاہری طور پر دیکھنے والا اسے معدوم سمجھے لیکن اہل نظر کو اسی میں ۹ کے جلوے نمایاں نظر آئیں گے۔ مثلاً ۹ کا پہاڑہ ایک سے ۱۰ تک پڑھتے چلے جائیے۔ ۹ اکن ۹، ۹ دونی ۱۸۔ ایک اور آٹھ ۹، ۹ تیے ۲۷۔ ۲ اور ۷: ۹، ۹ چوک ۳۶۔ ۳ اور ۶: ۹، ۹ پنجے ۴۵۔ ۵ اور ۴: ۹، ۹ چھکے ۵۴۔ ۴ اور ۵: ۹۔ ۹ ستے ۶۳، ۶ اور ۳: ۹۔ ۹ اٹھے ۷۲۔ ۷ اور ۲: ۹ نیم ۸۱۔ ۸ اور ۱: ۹۔ ۹ ساون ۹۰: ۹ کے نو ہی صفر تو صفر ہے ہی۔ اسی طرح ۱۰۰ تک، ہزار تک، لاکھ تک ۹ کا پہاڑہ پڑھیں گے تو بظاہر اعداد کی شکلیں مختلف نظر آئیں گی مگر جب اعداد کو آپس میں جوڑیں گے تو حاصل عدد ۹ ہی ہوگا۔

**آٹھویں مناسبت:** اگر اسم اللہ کے حروف کو ملفوظی کر کے لکھیں اور پھر ان کی تلخیص کر لیں یعنی مکرر حروف گرا دیں اور باقی ماندہ حروف کے اعداد کبیر کو بسیط اور بسیط کو صغیر اور صغیر کو اصغر باقاعدہ جفر بنائیں تو حاصل عدد ۳ ہوگا۔ مثلاً الف۔ لام۔ ھا: ال ف ل م ل م ہ ا باقی حروف تلخیص شدہ یہ ہیں۔ ال ف م ہ ان کے اعداد ہوئے ۱۔ ۳۰۔ ۸۰۔ ۴۰۔ ۵ = ۲۱ = ۲+۱: ۳ اسی طرح اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ملفوظی کیا تو میم حا میم دال۔ م ی م ح ا م ی م دال۔ تلخیص شدہ حروف یہ ہیں۔ م۔ ی۔ ح۔ ا۔ د۔ ل ان کے اعداد ۴۰۔ ۱۰۔ ۸، ۴، ۳۰، ۲۱۔ ۲+۱: ۳۔

**ناظرین کرام:** آپ مندرجہ بالا مضمون پڑھ کر شاید یہ خیال فرمائیں کہ بھلا عملیات اور نقوش کی کتاب سے اور اس مضمون سے کیا تعلق ہے۔ تو فقیر نے برکت کے لیے کتاب کی ابتداء جہاں اس مبارک مضمون سے کی وہاں اہل دل اور اہل محبت حضرات کے لیے ان کی روحِ ایمان میں ایک نئی روح کا اضافہ بھی ہوگا۔ رہا عوام کا فائدہ تو وہ بھی سن لیجیے کہ جب پہلی بار مضمون فقیر کے علم میں آیا تو فقیر نے اسی کسوٹی کو پیش نظر رکھ کر سب سے پہلے صوفی اقبال احمد کے اعداد کو اپنے نام یعنی عزیز احمد کے اعداد سے جانچا۔ اقبال احمد کا پیدائشی نام فقیر نے نثار احمد رکھا تھا جس کے اعداد ۶۰۴ اور عزیز احمد کے اعداد ۱۴۷، چونکہ اکائی میں اختلاف تھا اور ۷۔ ۸ برس کی عمر کا گزرا ہوا زمانہ نظر کے سامنے آیا تو بجائے نثار احمد کے ان کا نام اقبال احمد رکھ دیا۔ اس نام کے اعداد میں ۱۸۷ اور فقیر کے نام کے اعداد ۱۴۷۔ اس طرح اکائی۔ دہائی۔ سینکڑہ سب میں مناسبت پیدا ہوگئی اور دیکھیے کہ! اللہ عزوجل



Marfat.com

کے جتنے نبی اور رسول آئے سب اللہ کے محبوب اور پیارے ہیں اور سب کے ناموں میں اللہ عزوجل کے اسم مبارک کے اعداد سے ایک یا دو یا اس سے زیادہ مناسبتیں ملیں گی۔ مگر سیدنا آدم علیہ السلام کا ابتدائی ۳۰۰ برس کا زمانہ کس طرح گزرا، یہ خیال اچانک مندرجہ بالا مضمون لکھتے وقت آیا تو فوراً اعداد پر نظر گئی کہ ۶۶ اور ۴۵ جو حضرت آدم علیہ السلام کے نام کے اعداد ہیں۔ دونوں کی اکائی میں نسبت نہیں دہائی میں ہے ساتھ ہی آدم وحوا کے اعداد کی مناسبت اکائی میں بھی مناسبت دہائی میں بھی مناسبت اور ہر دو اعداد ۳ سے برابر تقسیم بھی ہو جاتے ہیں مزید تشریح آگے بغور ملاحظہ فرمائیں۔

لہٰذا آپ جب کسی نوزائیدہ بچے کا نام رکھیں تو مندرجہ بالا نسبت کو پیش نظر رکھ کر رکھیں اور کسی لڑکے لڑکی کی نسبت کرنا ہو تو جہاں اور تمام باتیں خاندانی حالات، چال چلن وغیرہ معلوم کیے جاتے ہیں ساتھ ہی دونوں کے ناموں کی مناسبت ضرور دیکھ لیا کریں۔

الفقیر عزیز احمد مداح الرسول رضوی
عفی عنہ

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# گزارشِ احوالِ واقعی

تعویذ وعملیات پر مشتمل کسی کتاب کی تصنیف تو کیا اولیائے کرام کی بیاض اور کتب عملیات اور عاملین کے رموز واشارات کو سمجھنا اور سمجھ کر عوام کو سمجھانا اور اس کی حقیقت کو عوام پر تحریری طور پر واضح کرنا اور دلکش ترتیب سے کتاب کو زینت بخشنا آسان کام نہیں، بلکہ دشوار اور بہت دشوار ہے اور وہ بھی مجھ جیسے مصروف انسان کے لیے کتنا مشکل ہے۔ دن تو کارِ دنیا کے ساتھ ساتھ احباب کے ہجوم میں گزر جاتا ہے، رات کو تصنیف وتالیف۔ مضمون نگاری قدرے آسان ہے مگر مسلسل تقاریر کے پروگرام۔ ایسی حالت میں اوراد ووظائف پر مشتمل کسی انمول کتاب کی ترتیب وتدوین اور تزئین کا ارادہ کرنا میرے بس سے باہر تھا۔ مگر احباب کی مسلسل فرمائشات اور اس پر الدماجد حضرت قبلہ صوفی عزیز احمد صاحب مداح الرسول رضوی مدظلہٗ کا اصرار جس کو ٹال دینا بھی مجھ ناتواں کے بس کی بات نہیں آخرش اس خالقِ یکتاء کے بھروسے پر کام شروع کر دیا۔ اب تکمیل بھی اسی کے یدِ قدرت میں ہے۔ میں کیا اور میرے علم وعمل کی بساط کیا، مگر سیدی مرشدی حضور مفتیٔ اعظم ہند قدس سرہ العزیز کے ذریعہ امام اہلسنت اعلیٰ حضرت محمد احمد رضا خان صاحب قدس سرہٗ کے فیوض وبرکات کے جو آبشار جاری ہوئے اسی کا صدقہ ہے کہ اولیائے امت کے ذاتی بیاض، عاملین وکاملین کے مخصوص اوراد ووظائف خصوصاً مجموعہ اعمال اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی ورق گردانی نصیب ہوئی۔ خدمت خلق جو ہمارے اکابر کا طرۂ امتیاز رہا ہے، اسی کے پیش نظر کتابی شکل میں شمع شبستانِ رضا کے تین حصے زیورِ طباعت سے آراستہ کر کے ہدیہ ناظرین کیے گئے یہ کتاب عزیز الخلائق بھی اسی زنجیر کی حسین کڑی ہے۔ مولیٰ تعالیٰ محبوبانِ بارگاہ کے صدقے میں شرفِ قبولیت کے تاج زریں سے سرفراز فرمائے آمین اکابرین کرام، علمائے عظام سے دست بستہ گزارش ہے کہ اس کتاب کے مضامین میں اس فقیر حقیر سے کہیں فروگزاشت ہوئی ہو فقیر کو مطلع فرمادیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اسے درست کر دیا جائے۔ احسان عظیم ہوگا۔

اقبال احمد نوری



Marfat.com

# طلسم سیارگان

زمانہ سکندر ذوالقرنین میں قومِ یاجوج ماجوج آدمیوں کو نہایت ہی تکلیف دیتی تھی۔ ہزار ہا آدمی اس نو
کے وہ قوم کھا گئی۔ آخر عاجز ہو کر وہاں کے باشندوں نے سکندر ذوالقرنین بادشاہ کی خدمت میں عرض کیا کہ یہ ق
ہم کو تکلیف دیتی ہے۔ سکندر نے اپنے لشکر کو جمع کر کے اس قوم پر چڑھائی کی۔ بہت لڑائیاں ہوئیں مگر ہر بار فو
سکندر کو شکست ہوئی۔ تب سکندر نے جو حکما اس کے ہمراہ تھے سب کو جمع کر کے کہا کہ کوئی طریقہ دفعِ نحوستِ فلکی
تیار کرو کہ اس پر فتح ہو۔ حکماء نے بموجب ارشاد بادشاہ کے بالاتفاق یہ سات طلسم ساتوں ستاروں سیاروں کے
کیے اور لکھ کر بادشاہ کے بازو پر باندھے، بعدہٗ سکندر نے فوج کو آراستہ کر کے اس قوم پر پھر حملہ کیا۔ خداوند کریم
ان طلسموں کی تاثیر سے فتح دی اور قوم مذکور نے شکست پائی۔

## ساتوں ستاروں کی نحوست زائل کرنے میں یہ ساتوں طلسم اپنی نظیر آپ ہیں

مگر ان کے متعلق انوارِ نجوم میں لکھا ہے کہ ہر طلسم جس ستارہ سے منسوب ہے اس کو اسی ستارہ کے شرف
لکھا جائے۔ مثلاً زحل کا طلسم شرف زحل میں مشتری کا طلسم شرف مشتری میں۔ مریخ کا طلسم شرف مریخ
آفتاب کا طلسم، شرف آفتاب میں، عطارد کا طلسم شرفِ عطارد میں، زہرہ کا طلسم شرف زہرہ میں، قمر کا شرف قمر
یا ان میں ہر ستارہ اپنے گھر میں ہو یا اپنے دوست کے گھر میں ہو لیکن پھر بھی ہر ایک کے بس کی بات نہیں ک
معلومات ہونے کے ساتھ ہر طلسم کی تیاری میں پھر بھی برسوں لگ جائیں گے۔ حکماء نے جو یہ ساتوں
ذوالقرنین کو لکھ کر دیے تو کیا تمام ستارے اس وقت شرف میں تھے یا اپنے گھر میں تھے یا اپنے دوست کے گھ
تھے نہیں اور یقیناً نہیں۔ لہٰذا فقیر نے مناسب جانا کہ ساتوں طلسم سلاطین اربعہ کے وصال یعنی چار رجب شر
کو بلاک بنوا کر اور ساتھ ہی ان طلسموں کے آس پاس دعائے دافع الکروب جامع المطلوب بھی شامل کر کے طر
لی جائے تو عام حاجت مندوں کی دنیاوی تمام ہی مشکلات مثلاً لاعلاج بیماریوں، قرض، مالی پریشانیاں، مقد
میں فتح، دشمنوں پر غلبہ، تسخیر حکام، تسخیر خلائق، تسخیر زوجین وغیرہ وغیرہ سب کے لیے اکسیر ثابت ہوگا۔ مگر اس
لیے ۴ رجب کا انتظار کرنا ہوگا۔ ہاں اگر آپ کاغذ پر لکھ کر کام میں لائیں تو شوق سے فقیر کی طرف سے اجا
ہے۔



Marfat.com

طلسمِ زحل

| |
|---|
| صـــــــــہ |
| طسحـــــــ |
| معکعھع |
| ۵۱ ۵۱. ۵۱ |

| طلسم مشتری | طلسم مریخ | طلسم آفتاب |
|---|---|---|
| مصعـــــہ ممـــہ | ۵ ۵ ۵ | هـــــــــھ |
| اعلمسطـــــــــہ | ع ع ۱ ۵ د ص | س کھمھمسط |
| ممـہ | س س س | معـــــــــع |
| مـــــــہ | | طـــــــــم |

| طلسم زہرہ | طلسم عطارد | طلسمِ قمر |
|---|---|---|
| عا ھا لا مہ لہ | ممہ مـہ د | ۵۵۵ ۳ ۵ بد |
| آلا لمس کمض | عسرٗ لا ع ص | طسطسھ بمالا |
| | مسلسا مکہ | ۱۱۱ ع ۵ س ص م م م |

## خصوصی ہدایات

تعویذات سے کماحقہٗ فائدہ حاصل کرنے کے لیے چند باتیں پیش نظر رکھیے!

① جن بزرگانِ دین نے خدمتِ خلق کے لیے تعویذات کو استخراج فرمایا، سمندر کو کوزہ میں تبدیل فرما کر ان پڑھ غریب کمزور انسان پر احسانِ عظیم فرمایا ہے کہ کتنی محنت شاقہ کے بعد بڑی بڑی دعاؤں، سورتوں کے اعداد نکال کر تعویذ ونقوش کی شکل میں ترتیب دے کر ۴۰ دن کے چلے، ترک حیوانات وجلالی و جمالی زکوٰۃ وغیرہ سب کچھ اپنی ذات پر برداشت کرنے کے بعد غلامانِ مصطفیٰ ﷺ کو بخش دیا۔ صرف اتنا حکم فرمایا کہ حسب استطاعت تعویذ لکھ کر روزانہ دریا میں ڈال دیں تاکہ مؤکل تم سے بھی مانوس ہو جائیں۔ اس کے بعد جس کو یہ نقش دیا جائے گا فوراً اثر ظاہر ہوگا۔ غرض تعویذ لکھتے وقت اگر معلوم ہو کہ یہ کس کا استخراج فرمودہ ہے تو ان کی فاتحہ دلائے یا تعویذ لینے والے کو تاکید کر دے کہ فلاں بزرگ یا تمام بزرگانِ دین کی فاتحہ دلا کر پہنیں۔

② تمام بزرگانِ دین اولیائے کرام کی عظمت و بزرگی اور ان کے کشف و کرامات، تصرفات اور ان کے عطیات پر کامل یقین رکھے کہ اللہ تعالیٰ نے محبوبانِ بارگاہ کو عالم میں تصرف کی قدرت عطا فرمائی ہے جس طرح والدین کو اولاد پر شوہر کو بیوی پر، حاکم کو محکوم پر، بادشاہ کو رعایا پر اختیارات عطا فرمائے ہیں۔ اسی طرح



Marfat.com

روحانی بادشاہوں کو ہم غلاموں پر اختیارات عطا فرمائے ہیں۔

③ تعویذ لکھتے وقت پاک ہونا کہ ناپاکی میں جادو اور سفلی کے عمل کیے جاتے ہیں اور علوی میں ہر نقش کے حرف کے تابع مؤکلین ہیں جو بحالتِ ناپاکی اس کی اطاعت سے بری الذمہ رہتے ہیں۔

④ جن نقوش میں آیاتِ قرآنی بھی لکھی جاتی ہیں ان کو بغیر وضو کے نہ لکھے اور جس کو دے پہلے دریافت کرلے کہ وضو ہے کہ نہیں کہ بغیر وضو قرآن یا کسی آیتِ قرآن کو چھونا ناجائز ہے اگر موم جامہ کرلیا گیا ہے تو کوئی حرج نہیں۔

⑤ نقش ترتیب سے لکھا جائے کہ جو چال بزرگانِ دین نے مقرر فرمائی ہیں اس میں بہت سی حکمتیں پوشیدہ ہیں۔

⑥ جن نقوش میں لکھنے کے اوقات درج ہوں۔ ان کو انھی وقتوں میں لکھیں مگر اشد ضرورت کے تحت ان بزرگانِ دین کے کرم وشفقت عفو ودرگزر پر نظر رکھتے ہوئے جس وقت چاہیں لکھ سکتے ہیں۔

⑦ نقوش لکھتے وقت جائز ضروریات کو پیش نظر رکھیں۔ مثلاً عورتوں کو شوہر کی زبان بندی اور فرمانبرداری کا ہرگز نہ دیں کہ شرعاً مرد عورت پر حاکم ہے۔ (دوم) جو عورت شوہر کے ماں باپ، بہن بھائی میں نا چاہے تو اسے بھی تعویذ ہرگز نہ دیں کہ جو مومنین میں نفاق پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے اللہ اسے ذلیل کرتا ہے۔ ہاں مرد اپنی بیوی پر نامہربان ہو، بے جا سختی کرتا ہو اس کو محبت کا نقش دین جس میں ہادی بھی شامل کردیں۔

۱۰۔ عاملین کے فرمان کے مطابق ہدایات: ہر وقت پاک رہے، ہر روز تازہ کرے بہتر ہے کہ ختم عمل تک سونے کے سوا ہر وقت باوضو رہے، ہر روز روزہ رکھے، کسی سے بات کرے جو کچھ کہنا ہو لکھ کر دے۔ بغیر سلا کپڑا پہنے، خوشبو لگائے، تنہائی اختیار کرے، دریا کا پانی پیئے میں دال چاول، پھل فروٹ دھو کر کھائے۔ شمار کا خیال رکھے۔

۱۱۔ ترکِ جمالی: جسے عاملین جمالی اور ترکِ جلالی کے نام سے منسوب کرتے ہیں۔ گوشت، انڈا، سرکہ، کچی پیاز، لہسن اور جماع سے پرہیز کرنا چاہیے۔

ترکِ جلالی: گوشت، مچھلی، انڈا، شہد، سرکہ، مشک، کسی قسم کا کشتہ، پیاز، لہسن کا سالن، دال، جس میں کھاد دی گئی ہو، ہرگز نہ کھائے۔ کسی دھات کے برتن میں نہ پکائے، نہ کسی دھات کے چلائے۔ لکڑی کی ڈوئی اور مٹی کی ہانڈی، سب برتن کھانے پینے کے مٹی کے ہوں۔ چھری، چاقو جس پر ہاتھی دانت یا کسی جانور کی ہڈی کا دستہ لگا ہوا استعمال نہ کرے۔ چمڑے کے جوتے، ٹوپی گھڑی کا تسمہ جس میں چمڑا ہو نہ پہنے، جماع نہ کرے، بال اور ناخن نہ کاٹے۔ دوسرے کے بستر



Marfat.com

سوئے اور نہ اپنے بستر پر کسی کو سونے دے۔ گھی، تل اور سرسوں کا تیل استعمال نہ کرے۔ اگر خون نکلنے کا خوف ہو تو دانتوں میں خلال نہ کرے۔

۱۲۔ **اہل نجوم کی رائے:** تعویذ و عملیات تاثیر پیدا کرنے کے لیے جن ساعتوں اور تاریخوں میں کون سا عمل کرنا چاہیے۔

**ساعتِ مشتری:** میں کشائش رزق، ترقی مدارج و تسخیر و محبت، غائب کو حاضر لانے، رفع بیماریاں، ترقی علم وغیرہ کے تعویذ و عملیات کرنا زود اثر ثابت ہوتے ہیں۔ مشتری اہل علم حضرات سے منسوب ہے۔

**ساعت زہرہ:** میں زبان بندی، خواب بندی وغیرہ کے تعویذات و عملیات کرنا مفید ہوتے ہیں۔ زہرہ عورتوں سے منسوب ہے۔

**ساعت عطارد:** میں محبت، خواب بندی، زبان بندی، تیغ بندی کے تعویذات و عملیات سریع الاثر ثابت ہوتے ہیں۔ یہ عطارد اہل دیوان و کیلوں و محرروں سے منسوب ہے۔

**ساعت شمس:** میں تسخیر سلاطین اور بادشاہان اور صحت و امراض کے تعویذات و عملیات بہتر ثابت ہوتے ہیں۔ شمس حکامِ بالا، سلطان و بادشاہ سے منسوب ہے۔

**ساعت قمر:** میں محبت و اخلاص و شفائے امراض کے لیے تعویذ و عملیات بہتر و مؤثر ثابت ہوتے ہیں

**ساعت زحل:** میں ہلاکی دشمنان عداوت اور دشمن کے گھر و کاروبار کو برباد کرنے کے تعویذات و عملیات تیر بہدف ثابت ہیں۔ زحل دہقانوں اور مشائخ حضرات سے منسوب ہے۔

**ساعت مریخ:** میں عداوت و تفریق، مقہوری اعداء، جنگ و مقدمات میں مقابل کی شکست و ہلاکت کے تعویذ و عملیات میں کامیاب ثابت ہوتے ہیں۔ مریخ فوج و اسلحہ جنگ سے منسوب ہے۔

۱۳۔ **اوقات کی تقسیم:** وقت صبح، محبت، تسخیر، ترقی روزگار و کشائش رزق وغیرہ کے لیے زود اثر ہے۔ وقتِ نیم چاشت: صحت از بیماری کے لیے زود اثر ہے۔

وقت ظہر: عداوت، بغض، ہلاکت، زبان بندی وغیرہ کے لیے زود اثر ہے۔

وقت عشاء: خواب بندی، استخارہ، ترقی مراتب وغیرہ کے لیے زود اثر ہے۔

۱۴۔ **زوال و شرفِ سیارگاں:** مشتری، زہرہ، عطارد، شمس، قمر کے شرف میں تسخیر و محبت، کشائش رزق کے تعویذ و عملیات۔ شمس و قمر کے شرف میں شفائے امراض۔ زوال زہرہ، عطارد میں خواب بندی وغیرہ شرف زحل و مریخ میں فتح و ظفر و جنگ و مقدمات میں کامیابی وغیرہ۔ ہبوط قمر و زحل میں بغض و عداوت، تفریق و مقہوری اعداء (دشمن) ہلاکت وغیرہ۔ خانہ شرف کی جانب رجعت میں واپسی، مفرور، قاتل،



Marfat.com

زانی، چور اور قیدی کی واپسی کے لیے۔

۱۵۔ **تاریخ کا لحاظ:** محققین کے نزدیک مندرجہ ذیل تاریخوں میں جو کام بھی شروع کیا جائے گا، پورا ہو گا۔ ۱۱، ۱۴ محرم۔ ۱، ۳ صفر، ۱۰، ۲۰ ربیع الاول۔ ۱، ۸ ربیع الآخر۔ ۲، ۱۱ جمادی الاولیٰ ۱۳، ۱۵ رجب، شعبان۔ ۹، ۲۰ رمضان۔ ۷، ۶ شوال۔ ۲، ۵ ذیقعدہ۔ ۲، ۷ ذی الحجہ۔ اہل نجوم کے نزدیک غرض منہ طالع یعنی برج کے مطابق یہ تاریخیں نحس ثابت ہوتی ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج حمل کے واسطے ۲۔ ۶۔ ۱۱۔ ۲۰۔ ۲۹ | برج ثور کے واسطے ۴۔ ۹۔ ۲۴۔ ۲۵۔ ۲۸ |
| برج جوزا کے واسطے ۴۔ ۱۳۔ ۱۷۔ ۲۸۔ ۳۰ | برج سرطان کے واسطے ۲۔ ۸۔ ۱۳۔ ۱۸۔ ۲۸ |
| برج اسد کے واسطے ۶۔ ۱۲۔ ۱۶۔ ۲۱۔ ۲۵ | برج سنبلہ کے واسطے ۶۔ ۱۲۔ ۱۷ |
| برج میزان کے واسطے ۲۲۔ ۲۳۔ ۲۸ | برج عقرب کے واسطے ۴۔ ۹۔ ۱۳۔ ۲۵۔ ۲۴۔ ۲۸ |
| برج قوس کے واسطے ۳۔ ۴۔ ۹ | برج جدی کے واسطے ۱۷۔ ۲۲۔ ۲۴۔ ۲۵ |
| برج دلو کے واسطے ۲۔ ۱۲۔ ۱۷۔ ۲۳ | برج حوت کے واسطے ۳۔ ۱۴۔ ۲۹ |

## ۱۶۔ اپنا طالع یعنی برج معلوم کرنے کا طریقہ

اہل اسلام میں وقت پیدائش ستارے کی ساعت وغیرہ دیکھ کر نام رکھنے کا رواج نہیں ایسے حضرات کو اپنا برج معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے اور اپنی ماں کے نام کے اعداد نکال کر ۱۲ سے تقسیم کریں جو باقی بچیں برج حمل سے اتنے ہی خانے گنتے چلے جائیں، جہاں عدد ختم ہو وہی اس کا برج ہوا۔ مثلاً کسی کا نام نثار احمد ہے اور ماں کا نام حمیدن ہے۔ دونوں کے اعداد کا مجموعہ ہوا ۹۱۶، بارہ پر تقسیم کیا تو ۴ بچے۔ معلوم ہوا کہ نثار احمد کا طالع سرطان ہے۔ گویا ا بچے تو حمل، ۲ بچے تو ثور، ۳ بچے جوزا، ۴ بچے تو سرطان علیٰ ہذا القیاس اور پورا تقسیم ہو جائے تو حوت۔

## ۱۷۔ نقشہ بارہ بروج مع عربی و ہندی

| نام برج عربی | حمل | ثور | جوزا | سرطان | اسد | سنبلہ | میزان | عقرب | قوس | جدی | دلو | حوت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نام برج ہندی | میکھ | برکھ | متھن | کرک | سنگھ | کنیا | تلا | برچھک | دھن | مکر | کنبھ | مین |



Marfat.com

# ۱۸۔ فیضان الحروف

تمام اورادووظائف سے قبل مفرد حروف کے فیضان واثرات کا ذکر کرنا اشد ضروری ہے کہ عام طور پر دنیا اس سے بے خبر ہے کہ مفرد حروف بھی کچھ اثرات اپنے اندر رکھتے ہیں عوام کے خیال میں تو حروف مرکب ہوکر جب کوئی لفظ بامعنی بنتا ہے تو اس کے فوائد مرتب ہوتے ہیں اگر وہ لفظ اچھے معنی پر مبنی ہو تو اچھا اثر اور برے معنی پر مبنی ہو تو برا اثر مرتب ہوتا ہے۔ انفرادی طور پر ان حروف کی کوئی حیثیت عوام کی نظر میں نہیں مگر حقیقت کچھ اور ہے۔

## مفرد حروف کی حقیقت:

اس سلسلے میں اتنا عرض کردینا کافی ہے کہ عربی حروف جن شکلوں میں آج ہمارے سامنے ہیں اور جو آواز پیدا ہوتی ہے وہ خالقِ کائنات کی طرف سے ایک مبارک تحفہ ہے کہ آدم علیہ السلام کے قلب پر القا فرما دیا گیا تھا۔ آپ کی اولاد میں جن کو آپ کی صحبت وقربت جتنی رہی وہ اسی قدر حروف سمجھی اور ان کے مخارج اور ان کی آواز اور ان کی تراکیب لفظی ومعنوی حقیقتوں سے واقف ہوئے اور جن کو آپ کی صحبت جتنی مختصر حاصل ہوئی وہ اتنا ہی ان حروف کی حقیقت سے بیگانہ رہا۔ اکثر حسب ضرورت اپنے مافی الضمیر کی افہام وتفہیم کے لیے آوازیں نکالتے اور نقطوں، لکیروں کے ذریعہ ایک دوسرے سے بات کرتے۔ یہاں تک کہ دنیا میں مختلف (زبانیں) حروف کی شکلیں اور آوازیں وجود میں آگئیں۔ سیدنا آدم علیہ السلام کی اولاد کی مدت حمل صرف آٹھ یا نو گھنٹے ہوتی تھی۔ البتہ حضرت شیث علیہ السلام کی مدت حمل ۸ یا ۹ ماہ ہے۔ اس لیے کسب فطرۃ کا موقع آپ کو زیادہ ملا اور صحبت بھی آپ ہی کو زیادہ ملی۔ اسی فطرت کا اثر ہے کہ حروف اصلی شکلِ ملکوتی میں آج ہمارے سامنے ہیں۔

**مسئلہ:** اسی لیے حکم شریعت ہے کہ ان حروف عربی کا احترام کیا جائے۔ ان حروف کو مفرد یا مرکب زمین پر لکھنا جہاں لوگوں کے قدم پڑتے ہوں جائز نہیں اور جس کاغذ پر یہ حروف لکھے ہوں یا چھپے ہوں اس کاغذ کا پھینکنا جائز نہیں بلکہ ان کو اٹھا کر کسی حفاظت والی جگہ پر رکھ دینا ثواب ہے۔ اردو کے الفاظ چونکہ عربی کے ہمشکل ہیں اور حروف کی آواز بھی ان کے مثل ہے اس لیے ان کا احترام بھی اسی طرح کرنا چاہیے۔

## ۱۹۔ اللہ کا ولی:

فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ زمین پر کتاب اللہ (یا اس کا جز) گرے تو اس کی حفاظت کے لیے اللہ تعالیٰ فرشتوں کو بھیج دیتا ہے۔ وہ فرشتے اپنے پروں پر اس کی نگرانی کرتے ہیں، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی ولی اسے اٹھا لیتا ہے اور جو زمین سے کوئی پرزہ اٹھالے جس پر اللہ کے ناموں میں سے کوئی نام ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے نام کو علیین میں بلند کرے گا۔ اور اس کے ماں باپ کے عذاب میں کمی کرے گا۔ اگرچہ وہ کافر مرے ہوں۔ (رواہ الصغیر طبرانی)

## ۲۰۔عربی اردو حروف

عربی میں کل حروف ۲۸ ہیں اور اردو میں یہ حروف زائد ہیں پ۔ٹ۔چ۔ڈ۔ڑ۔ژ۔گ۔اسی لیے اہل معرفت نے ان زائدہ شدہ حروف کی اعدادی قیمت لگائی ہی نہیں مگر اس لیے کہ یہ حروف ملکوتی کے مشابہ ہیں، ان کو انھی کے تابع قرار دیا۔

پ۔ب کے مشابہ ہے کہ اس کے عدد۲ ہیں۔ٹ۔ت کے مشابہ ہے اس کے اعداد بھی ۴۰۰ ہیں۔چ ج کے مشابہ ہے کہ اس کے عدد بھی ۳ ہیں۔ڈ۔د کے مشابہ ہے اس کے ۴ اور ڑ۔ر کے مشابہ ہے۔اس کے ۲۰۰ ژ۔ز کے مشابہ ہے اس کے ۷ گ۔ک کے مشابہ ہے، اس کے ۲۰۔

## ۲۱۔جواہر خمسہ

استاد العالمین حضرت محمد غوث صاحب گوالیاری رحمتہ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔کہ یہ اٹھائیس حروف اصل ہیں اٹھائیس نام اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے ہیں۔ ہر حروف کا ایک مؤکل روحانی ہے جو اسم الٰہی کے ذکر میں مشغول ہے۔ اصل حروف بسیط ہیں جس وقت حروفِ مذکور کی دعوت ادا کی مؤکلاتِ حروف ادا ہو گئے اور روحانیت ان کی مکاشفہ ومشاہدہ میں آئی۔ان سے اٹھائیس اسماء الٰہی دریافت ہوئے اور ان اٹھائیس اسماء الٰہی سے منازلِ قمر (جن کو ہندی میں پچھتر کہتے ہیں) دریافت ہوئیں۔

## ۲۲۔حروف سے فائدہ حاصل کرنے کا طریقہ

ان اٹھائیس حروف کا عمل کشفِ باطن اور حصولِ مقاصد کا ذریعہ ہے اگر تمام حروف کے صفات پر جدا جا روشنی ڈالی جائے تو اسی پر ایک ضخیم کتاب مرتب ہو سکتی ہے۔مگر یہاں تو ان کا ذکر صرف اس لیے کیا جا رہا ہے کہ جب ان مفرد حروف میں یہ تاثیرات پنہاں ہیں تو ان حروف سے مرکب الفاظ اور بامعنی جملے جو آیاتِ قرآنی او اسمائے ربانی پر مشتمل ہیں اگر ان کو خزانہ قدرت کی کنجی کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ان حروف سے فائدہ حاصل کرنے کے کئی طریقے ہیں۔

## ۲۳۔حروف کے ذریعہ علاج جسمانی

یہ حروف ہر بیماری کے علاج میں تیر بہدف ثابت ہوتے ہیں۔آپ بھی فائدہ حاصل کریں او دوسروں کو بھی فائدہ حاصل کرنے میں امداد پہنچائیں اور اس احقر العباد (اقبال احمد نوری) کے لیے د کریں۔جسم انسانی چار عنصر سے مرکب ہے۔آب وخاک، بادو آتش۔اور یہ اٹھائیس حروف ان چار عناصر حکمران ہیں۔گویا تمام جسم ان اٹھائیس حروف کے تابع ہے۔



Marfat.com

# ۲۴۔ نقشہ حروف

| سیارگان | آتشی | بادی | آبی | خاکی | تفصیل |
|---|---|---|---|---|---|
| زحل | ا | ب | ج | د | ان چاروں حروف کی حکمرانی سر پر ہے۔ |
| مشتری | ہ | و | ز | ح | ان چاروں حروف کی حکمرانی داہنے بازو پر ہے۔ |
| مریخ | ط | ی | ک | ل | ان چاروں حروف کی حکمرانی بائیں بازو پر ہے۔ |
| شمس | م | ن | س | ع | ان چاروں حروف کی حکمرانی پشت پر ہے۔ |
| زہرہ | ف | ص | ق | ر | ان چاروں حروف کی حکمرانی شکم پر ہے۔ |
| عطارد | ش | ت | ث | خ | ان چاروں حروف کی حکمرانی داہنی ران پر ہے۔ |
| قمر | ذ | ض | ظ | غ | ان چاروں حروف کی حکمرانی بائیں ران پر ہے۔ |
| تفصیل | صفرا آگ | خون ہوا | بلغم پانی | سودا مٹی | |

## ۱/۲۵۔ امراض سر خصوصاً پاگل پن

سر کے بالوں سے گردن تک سب امراض کے لیے مثلاً بالوں کا گرنا، بال خورا، گنج، کمزوری دماغ، بھولنا، کمزوری حافظہ، درد سر، درد کان و دانت امراض چشم، آواز کا بند ہونا، حلق میں درد ہونا، کل امراض سر کے لیے یہ نقش ساعت زحل میں لکھ کر سر میں باندھنے کو دیں۔ دماغی امراض خصوصاً پاگل پن کے لیے ہر روز یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔

اجب یا اسرافیل بحق الف

اجب یا دردائیل بحق دال

اجب یا جبرائیل بحق باء

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | ب | ج | د |
| د | ج | ب | ا |
| ب | ا | د | ج |
| ج | د | ا | ب |

## ۲/۲۶۔ امراض دست راست:

داہنے ہاتھ کے ناخن سے لے کر نصف سینے شانے تک کسی قسم کا درد تکلیف داہنے طرف کا فالج وغیرہ کے لیے ساعتِ مشتری میں لکھ کر بازو پر باندھنے کو دیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یا دوریائیل بحق ہا

اجب یا انکفیل بحق حا

اجب یا رفتمائیل بحق واو

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہ | و | ز | ح |
| ح | ز | و | ہ |
| و | ہ | ح | ز |
| ز | ح | ہ | و |

## ۳/۲۷۔ امراض دست چپ:

نصف شانے سینے سے الٹے ہاتھ کی انگلی تک کے ہر ہر مرض ہر ہر تکلیف بائیں طرف کے فالج، شانے کا درد، جوڑوں کے درد۔ دل کے امراض گھبراہٹ (ہارٹ اٹیک) یعنی دل کی تمام بیماریوں میں مریخ کی ساعت میں لکھ کر الٹے بازو پر باندھنے کو دیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یا اسماعیل بحق طا

اجب یا طاطائیل بحق لام — اجب یا سر کیطائیل بحق یا

| | | | |
|---|---|---|---|
| ط | ی | ک | ل |
| ل | ک | ی | ط |
| ی | ط | ل | ک |
| ک | ل | ط | ی |

## ۴/ امراض پشت

درد کمر، پھیپھڑوں کی تکلیف، دمہ، دق اور سل، رقتِ منی، احتلام وغیرہ امراض میں ساعت شمس میں لکھ کر پشت پر کمر میں باندھیں اور یہی نقش پلیٹ پر رکھ کر پلائیں۔

اجب یا روپائیل بحق میم

اجب یا لوماثیل بحق عین — اجب یا حولائیل بحق نون

| | | | |
|---|---|---|---|
| م | ن | س | ع |
| ع | س | ن | م |
| ن | م | ع | س |
| س | ع | م | ن |

## ۵/۲۹۔ امراض شکم

درد شکم ناف کا ٹلنا، آنتوں کی دق، گردے مثانے کی تمام تکلیفات میں نقش ساعت زہرہ میں لکھ کر پیٹ پر بندھوائیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یاسر حمائیل بحق فا

اجب یا اھماکائیل بحق را — اجب یا اھجمائیل بحق صاد

| | | | |
|---|---|---|---|
| ف | ص | ق | ر |
| ر | ق | ص | ف |
| ص | ف | ر | ق |
| ق | ر | ف | ص |

## ۶/۳۰۔ امراض پائے راست:

داہنی ران سے پاؤں تک انگلی میں ہر قسم کی تکلیف، عرق النساء، رانگن کے درد وغیرہ میں ساعت عطارد میں لکھ کر ران پر بندھوائیں اور یہی نقش لکھ کر دھو کر پلائیں۔ انشاء اللہ فوراً آرام آ جائے۔

اجب یاھمرائیل بحق شین

اجب یا اھمکائیل بحق خا — اجب یا عزرائیل بحق تا

| | | | |
|---|---|---|---|
| ش | ت | ث | خ |
| خ | ث | ت | ش |
| ت | ش | خ | ث |
| ث | خ | ش | ت |

## ۳۱/۷۔امراض پائے چپ

بائیں ران سے پاؤں کی انگلی تک ہر قسم کی تکلیف بائیں پاؤں میں رانگن کا درد وغیرہ میں ساعت قمر میں لکھ کر بائیں ران میں باندھنے کو دیں اور یہی نقش لکھ کر پلائیں۔

اجب یا اسرافیل بحق ذال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ذ | ض | ظ | غ |
| غ | ظ | ض | ذ |
| ض | ذ | غ | ظ |
| ظ | غ | ذ | ض |

اجب یا عزرائیل بحق غین

اجب یا جبرائیل بحق ظا

بحق یا میکائیل بحق ضاد

## ۳۲۔دوسرا طریقہ علاج

حروف آتشی: الف۔ ھا ۔ طا ۔ میم۔ فا ۔ شین ۔ ذال ۔ یا نار کونی بردًا و سَلامًا۔

حروف آبی: جیم۔ زا ۔ کاف ۔ سین ۔ قاف ۔ ثا ۔ ظا ۔ سلامٌ علٰی نوحٍ فی العٰلمین ۔

حروف بادی: با ۔ واؤ ۔ یا ۔ نون ۔ صاد ۔ تا ۔ ضاد ۔ سلامٌ قولًا من رّب رحیم۔

حروف خاکی: دال ۔ حا ۔ لام۔ عین ۔ را ۔ خا ۔ غین ۔ سلامٌ علٰی مُوسٰی و ھارون ۔

یہ حروف حکیم کے مشورے سے دینا زیادہ بہتر ہے۔ کیونکہ وہ علاج بالضد کرتے ہیں کہ سردی اور تری میں گرم اور خشک دوائیں استعمال کراتے ہیں اور گرمی و خشکی میں سرد و تر۔ اسی مناسبت کو پیشِ نظر رکھ کر حروف سے فائدہ اٹھایا جائے ورنہ آپ کے لیے آسان تدبیر یہی ہے کہ بالمثل ہی علاج کریں یعنی بخار اور گرمی کی وجہ سے تکلیف ہو تو حروف آتشی دیں کہ آخر میں جو عبارت زیادہ کی گئی ہے وہ گرمی اور صفرا کو بڑھائے گی نہیں، بلکہ سلامتی کے ساتھ اعتدال پر لے آئے گی۔

## ۳۳۔حروف کے ذریعہ حصولِ کشف

ان مفرد حروف سے بیک وقت کئی فائدے حاصل ہوتے ہیں اور ان سے فوائد حاصل کرنے کے کئی طریقے ہیں جب ہم غور کرتے ہیں تو ہر حرف دو حیثیتوں سے ہمارے سامنے آتے ہیں۔ پہلی حیثیت مکتوبی دوسری لفظی۔ مکتوبی، ابجد اور ملفوظی یہ، الف، با، جیم، دال۔ ہر حرف کے دو موکل ہیں۔ ایک ظاہری دوسرا باطنی۔ موکل ظاہری کو صفاتی بھی کہہ سکتے ہیں اور موکل باطنی کو ذاتی۔ مکتوبی (ا) کا موکل باطنی اسرافیل اور موکل ظاہری آئیل ہے اور باعتبار ملفوظی ''الف'' کے موکل چھ ہوں گے ''ا'' کے دو ''لام'' کے دو ''ف'' کے دو۔ ہر ایک کا نام کئی حروف سے مرکب ہوتا ہے۔ مثلاً میرا نام اقبال احمد ہے اس میں ۹ حروف مکتوبی ہیں۔ اس میں سے مکرر حروف الگ کیے تو بچے (ا۔ ق۔ ب۔ ل، ح، م، و۔ تخلیص شدہ کل سات حروف ہیں۔ ان کے موکل ہوئے ۔۱۴۔ اور اگر اپنے نام کو ملفوظی کیا تو یوں ہوا۔ الف، قاف، با، الف، لام، الف، حا،



Marfat.com

میم، دال، کل مجموعہ ہوا، ۲۵ اور مکرر حروف گرائے تو کتنے رہے۔ ا، ل، ف، ق، ب، م، ح، ی، د۔ کل حروف جن کے مؤکل ظاہری و باطنی ۱۸ ہوئے۔

اور صاحب جواہر خمسہ نے دعوتِ حروف کے تین طریقے درج فرمائے ہیں۔ اول باعتبار مرکز اور مدار حاصل کرے اور باعتبار اسمائے الٰہی استخراج کر کے ملا کر دعوت دے یہ سب سے قوی تر ہے مگر یہاں تو صرف مفرد حروف کے فوائد سے متاثر ہو کر اہل اسلام کو اسمائے باری تعالیٰ اور آیاتِ قرآنی و اعمالِ احادیث کا شوق دلانا ہے اور اعتقاد کی پختگی پیدا کر کے ان بیش بہا خزانوں سے مالا مال کرنا ہے۔ اس لیے آسان طریقے پر فائدہ حاصل کرنے کا ذریعہ بتا دینا چاہتا ہوں۔ اعدادِ ملفوظی اس طرح نکلتے ہیں مثلاً الف ہے۔ اس کے ہجے میں تین حرف ہیں۔ ا، ل، ف۔ الف کا ایک، لام کے تیس، ف کے اسی۔ کل ۱۱۱۔

## مؤکل حروف ظاہری و باطنی

| مفرد حروف ابجد | اعداد حروف تنزل ابجدی | اعداد حروف ملفوظی | اسمائے مؤکل ظاہری | اعداد حروف تنزل ابجدی | اعداد حروف ملفوظی | اسمائے مؤکل باطنی | اعداد حروف تنزل ابجدی | اعداد حروف ملفوظی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ۱ | ۱۱۱ | آئیل | ۹۴۲ | ۲۴۶ | اسرافیل | ۳۸۲ | ۷۰۶ |
| ب | ۲ | ۳ | بائیل | ۴۴ | ۲۴۹ | جبرائیل | ۲۴۷ | ۴۰۰ |
| ج | ۳ | ۵۳ | جائیل | ۴۵ | ۲۹۹ | کلکائیل | ۱۱۲ | ۴۶۶ |
| د | ۴ | ۳۵ | دائیل | ۴۶ | ۲۸۱ | دردائیل | ۲۵۰ | ۴۶۴ |
| ہ | ۵ | ۶ | ہائیل | ۴۷ | ۲۵۲ | دوریائیل | ۲۶۲ | ۴۵۳ |
| و | ۶ | ۱۳ | وائیل | ۴۸ | ۲۵۹ | رفتمائیل | ۷۶۲ | ۱۰۶۶ |
| ز | ۷ | ۸ | زائیل | ۴۹ | ۲۵۴ | شرفائیل | ۶۱۲ | ۸۲۵ |
| ح | ۸ | ۹ | حائیل | ۵۰ | ۲۵۴ | تنکفیل | ۵۹۰ | ۷۷۱ |
| ط | ۹ | ۱۰ | طائیل | ۵۱ | ۲۵۶ | اسمائیل | ۱۴۳ | ۵۱۴ |
| اِجبْ عَزْرَائِیلُ بحق تایا تَوَّابُ | ۴۰۹ | اِجبْ عَزْرَائِیلُ بحق تایا تَنَوَّرُ | ۷۵۶ |

## ثا

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَجبْ مِیکَائِیلُ بحق ثا یا ثَابِتُ | ۹۰۲ | اَجبْ مِیکَائِیلُ بحق ثا یا ثَوَابُ | ۵۰۹ |

## خا

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَجبْ مَهْکَائِیلُ بحق خایا خَبِیرُ | ۸۱۴ | اَجبْ مَهْکَائِیلُ بحق خایا خَاتِمُ | ۱۰۴۱ |
| اَجبْ مَهْکَائِیلُ بحق خایا خَالِقُ | ۷۳۱ | اَجبْ مَهْکَائِیلُ بحق خایا خَافِضُ | ۱۴۸۱ |
| اَجبْ مَهْکَائِیلُ بحق خایا خَاسِرُ | ۸۶۱ | اَجبْ مَهْکَائِیلُ بحق خایا خُدَا | ۶۰۵ |

## ذال

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَجبْ اَهْرَائِیلُ بحق ذال یا ذَاکِرُ | ۹۲۱ | اَجبْ اَهْرَائِیلُ بحق ذال یا ذُوالْجَلَال | ۸۰۱ |
| اَجبْ اَهْرَائِیلُ بحق ذال یا ذِکْرُ | ۹۲۰ | اَجبْ اَهْرَائِیلُ بحق ذال یا ذاالجلال والاکرام | ۱۱۰۰ |



Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| **ضاد** | | | |
| اِجبْ عَطکائِیلُ ضاد یا ضَارُّ | ۱۰۰۱ | اِجبْ عَطکائِیلُ ضاد یا ضَامِنُ | ۸۹۱ |
| اِجبْ عَطکائِیلُ ضاد یا ضَارِبُ | ۱۰۰۳ | | |
| **ظا** | | | |
| اَجبْ لُوزَائِیلُ بحق ظایا ظَاهِرُ | ۱۱۰۶ | اَجبْ لُوزَائِیلُ بحق ظایا ظَهِیرُ | ۱۱۱۵ |
| اَجبْ لُوزَائِیلُ بحق ظایا ظَهُورُ | ۱۱۱۱ | | |
| **غین** | | | |
| اَجبْ لُوخَائِیلُ بحق غین یا غَنِیُّ | ۱۰۶۰ | اَجبْ لُوخَائِیلُ بحق غین یا غَالِبُ | ۱۰۴۳ |
| اَجبْ لُوخَائِیلُ بحق غین یا غَافِرُ | ۱۲۸۱ | اَجبْ لُوخَائِیلُ بحق غین یا غَافِیُ | ۱۰۶۱ |
| اَجبْ لُوخَائِیلُ بحق غین یا غَیَاثُ | ۱۵۱۱ | اَجبْ لُوخَائِیلُ بحق غین یا غَفِیرُ | ۱۲۹۰ |
| اَجبْ لُوخَائِیلُ بحق غین یا غَفُورُ | ۱۲۸۶ | اَجبْ لُوخَائِیلُ بحق غین یا غَمْخَوارُ | ۱۸۴۷ |
| اَجبْ لُوخَائِیلُ بحق غین یا غَفَّارُ | ۱۲۸۱ | اَجبْ لُوخَائِیلُ بحق غین یا غَیُّورُ | ۱۲۱۶ |
| اَجبْ لُوخَائِیلُ بحق غین یا غَوثُ | ۱۵۰۶ | ........................ | ...... |

# عملیات برائے کشف مجرب وآزمودہ

## ماخوذ از جواہر خمسہ

(ا) اَجبْ یَا اِسرَافِیلُ بحَقِّ اَلِفُ یا اَللّٰہُ اَلْمَحْمُوْدُ فی کُلِّ فَعَالِهٖ یا اَللّٰہُ اور اگر فعالہ کے ف کو زبر کے ساتھ پڑھے تو تمام افعالِ حسنہ اس کو حاصل ہوں گے۔ مستجاب الدعوات ہوگا یہاں تک کہ پانی کے لیے دعا کرے گا پانی برسے گا اور کسی مسلمان کی ترقی درجات کے لیے دعا کرے گا ترقی ہوگی اور کسی دشمن کی ہزیمت چاہے گا تو ہزیمت ہوگی۔ اگر فعالِہ کے ف کو زیر کے ساتھ پڑھے گا تو دشمن ہلاک ہوں۔ مگر دشمن حق پر ہے تو رجعت ہو اور خود کو نقصان پہنچے، بہتر ہے کہ ف کو زبر کے ساتھ پڑھے۔ ہر مقصد حاصل ہو اور روزانہ کے پیش آنے والے واقعات دکھائے یا بتا دیے جاتے ہیں۔ ہر روز ۳۸۳ بار یا ۱۱۲ بار بمجبوری ۶۶ بار، ۷ بار اول وآخر درود شریف۔

(ب) اَجبْ یَاجِبرَائِیلُ بِحَقِّ بایا بَارُّ فَلَاشَیٌٔ کُفُوَهٗ یُدَانِیهِ وَلَا اِمْکَانَ لِوَصْفِهٖ یا بَارُّ۔ اگر بارٌ کو ر پر پیش

اور لِوَصْفِہٖ کی ہ کو زیر کے ساتھ پڑھے، دل اس کا مصفیٰ آئینے کی مثل ہو، حق تعالیٰ کے جلوے دیکھے جاسکیں اور فسق و فجور سے باز رہے اور صفات ملکی سے موصوف ہو۔ اور کسی صاحب عمل کے چہرے پر نظر ڈالے اس کے دل میں عبرت پیدا ہو اور کبھی برائی اور معصیت کے پاس نہ پھٹکے۔ اور اگر یابارُ یعنی رے پر زبر اور لِوَصْفِہٖ یعنی ہ پر جزم جس شہر یا قصبہ یا گاؤں میں صاحب عمل پڑھے گا وہ جگہ ویران و برباد ہو جائے اور تمام کھیت کھلیان اور تمام درخت اور پھل اور باغات خشک ہو جائیں۔ ہر روز ۲۴۷ بار یا ۲۰۳ بار بجبوری ۷ بار اول و آخر درود شریف ۳ بار۔

(ج) اَجِبْ یَا کُلْکَائِیْلُ بِحَقِّ جِیْمٍ یَا جَلِیْلُ۔ اَلْمُتَکَبِّرُ عَنْ کُلِّ شَیْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُہٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُہٗ یَا جَلِیْلُ۔ یَا جَلِیْلُ لام پر پیش اور صِدْقُ بغیر لام الف اور وَعْدَہٗ کو دال کو معجمہ پڑھے جو کچھ زمین کے ساتوں طبق کے نیچے ہے عامل پر ظاہر ہوگا۔ اگر لام پر جَلِیْلَ یعنی زبر اور اَلصِّدْقُ لام الف کے ساتھ اور وَعْدَہٗ دال مہملہ کے ساتھ پڑھے، عامل ہونے کے بعد ۴۱ بار پڑھے اور اپنے اوپر دم کرلے تو خلائق کی نظر سے غائب ہو اور جب چاہے کہ ظاہر ہو تو پہلے طریقے سے پڑھے تو خلق میں ظاہر ہو جائے گا۔ ہر روز ۱۴۲ بار بجبوری ۷ بار اول آخر درود شریف ۹ بار۔

(د) اَجِبْ یَا دَرْدَائِیْلُ بِحَقِّ دَالَ یَا دَائِمُ بِلَا فَنَاءٍ وَّلَا زَوَالَ لِمُلْکِہٖ وَ بَقَائِہٖ یَا دَائِمُ۔ اگر فَنَاءٍ ہمزہ کو دو زیر کے ساتھ پڑھے تو تمام عالم ظاہری و باطنی اس کو فنا دکھائی دے۔ اگر فناءَ ہمزہ زبر کے ساتھ پڑھے، تمام عالم ظاہر باطن بے حجاب دیکھے اور دونوں عالم میں سالک کا مرتبہ حاصل ہو۔ ہر روز ۲۵۰ بار یا ۴۶ بار بجبوری ۷ بار اول و آخر درود شریف ۷ بار۔

(ہ) اِجِبْ دوریائیل بِحَقِّ ھَا یَاھَادِیْ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَاتَھْتَدِیْ الْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ یَا ھَادِیْ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ۔ اس کا عامل اندھیرے میں اسی طرح دیکھتا ہے جس طرح روشنی میں دیکھتا ہے، نہ دریا میں ڈوبے، نہ جنگل میں ہلاک ہو۔ دریائی جانور اور جنگل کے وحشی اس کے مطیع ہوں۔ سانپ بچھو اس کے حکم پر عمل کریں۔ بے دینی، گمراہی، فسق و فجور اور معصیت کی تاریکیوں میں کبھی نہ بھٹکے گا اور جس بے دین بد مذہب، فاسق و فاجر کو نیکی کی تلقین کرے وہ از بس اس کے حکم کی تعمیل کرے اور ہر برائی سے تائب ہو۔ اول و آخر درود شریف ۲۱ بار ہر روز ۲۶۲ بار یا ۲۰ بار۔

(و) اَجِبْ یَا رَفْتَمَائِیْلُ بِحَقِّ وَاو یَا وَاحِدُ الْبَاقِیْ اَوَّلُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاٰخِرُہٗ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ یَا وَاحِدُ روزانہ ۶۲۷ بار یا ۱۹ بار اول آخر درود شریف ۹ بار۔ اگر اول یعنی لام کو زبر پڑھے تو عامل کو ابتدائے آفرینش سے فنا کے عالم تک کا علم ہو اور اس پر کچھ بھی مخفی نہ رہے اور اول یعنی لام پر پیش اور آخرہٗ خا کو زبر کے ساتھ پڑھے۔ تمام عالم مسخر ہو اور سب اس کی اطاعت کریں۔



Marfat.com

(ز) اَجِبْ یَا شَرْ فَائِیْلُ بِحَقِّ زا یَا زَکِیُّ، الطَّاهِرُ من کُلِّ آفَةٍ بِقُدُسِہٖ یَا زَاکِیْ۔ اگر اس کے عامل کا شیخ یعنی عالم باعمل متقی ہے تو اس کا مؤکل اس کے پیر کی شکل میں حاضر ہو اور ہر جائز خواہش بغیر طلب کے پوری کرے۔ اگر بحق زَاکِیْ الطاہر بغیریا کے پڑھے تو سات قلندر جو اس عالم میں ہیں حاضر ہو کر فرمانبرداری کا وعدہ کریں اور بحق زایازَاکِیْ الطَّاهِرُهَا پر زبر پڑھے تو ارواح عالم صاحب عمل کے روبرو ہو کر اپنا حال بیان کریں اور عامل جس مشکل مہم میں ان سے مدد چاہے مدد کریں ہر روز ۸۲۲ بار یا ۳۸ بار بجبوری ۷ بار، اول آخر درود شریف ۷ بار۔

(ح) اَجِبْ تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ حَا یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ اس کا عامل جس مریض کو بہ نیت وعافیت دیکھے گا خدا کے فضل و کرم سے وہ مرض جاتا رہے گا جس کو تعویذ دے گا مؤثر ہوگا۔ اور تمام قول و فعل اس کے درست ہوں گے۔ اگر لَا حَیِّ یَا کو زیر کے ساتھ پڑھے گا تو باکشف ہو اور تمام ارواحِ عالم کا معائنہ کرے گا۔ ہر روز ۵۹۰ بار یا ۱۸ بار اول وآخر درود شریف ۱۸ بار۔

(ط) اَجِبْ یَا اِسْمَائِیْلُ بِحَقِّ طَا یَا طَاهِرُ الْمُطَهِّرُ لِنُفُوْسٍ مِنَ الرِّجْسِ وَالذَّنْبِ وَالْجَوْرِ وَالْکُرْبَةِ وَالْاٰفَةِ وَالْبَلَاءِ یَا طَاهِرُ۔ اس کا عامل پاک باطن اور بغض وکینہ، حسد، ظلم وجور، تشدد اور گناہ کبیرہ وصغیرہ سے محفوظ رہتا ہے۔ نہ کسی بد باطن، بدکردار سے کبھی صدمہ پہنچے اور جس کو نظر بھر کر دیکھ لے وہ تابع ہو کر پرہیزگار بن جائے گا اور کبھی اس کی اطاعت سے منہ نہ پھیرے گا ہر روز ۲۱۵ بار یا ۱۴۳ بار بجبوری ۷ بار۔ اول وآخر درود شریف ۷ بار۔

(ی) اَجِبْ یَا سَرَاکِیطَائِیْلُ بِحَقِّ یَا یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَهُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۶۱۱ بار ۹ یوم بعدہ ۸۵ بار۔ اس کے عامل کی آنکھ میں تسخیر وجلال پیدا ہو، چہرے پر عظمت وجلال اور ہیبت حق ظاہر ہو جس کو بنظر غائر دیکھ لے مردہ نظر آئے اور جس مردہ اور بیمار کو بنظر شفقت ورحمت دیکھے شفایاب ہو۔ مردہ قلب زندہ ہو اور نیک اعمال کی طرف مائل ہو۔ ہر روز ۳۲۷ بار یا ۳۸ بار بجبوری ۹ بار اول وآخر درود شریف ۹ بار۔

(ک) اَجِبْ یَا حَرُوْزَائِیْلُ بِحَقِّ کَافَ یَا کَافِیُ الْمُوْسِعُ لِمَا خُلِقَ لَہٗ مِنْ عَطَایَا فَضْلِہٖ یَا کَافِیْ۔ اس کے عامل کو سانپ بچھو، درندہ وغیرہ کوئی بھی نقصان نہ پہنچا سکے اور ان میں سے کسی جانور کو دیکھے اور اس کے حملہ کا اندیشہ ہو یا سانپ بچھو کسی کو کاٹ لے تو اس کے عامل کا نام لے کر قسم دینے سے زہر ختم ہو جاتا ہے اور حملہ کرنے والا پلٹ کر بھاگ جائے۔ اگر الْمُوْسِعُ سین کو زبر سے پڑھے تو خدا تعالیٰ اس کو غیب سے رزق عطا فرمائے اور دل غنی کرے اور کبھی مخلوق کا محتاج نہ ہو۔ ہر روز ۲۶۳ بار یا ۱۱۱ بار یا بجبوری ۸ بار، اول وآخر درود شریف ۱۱ بار۔

(ل) اَجِبْ یَا طَاطَائِیْلُ بِحَقِّ لَامْ یَا لَطِیْفُ بِاَوْصَافِ کَمَالِہٖ بِاللَّطَافَةِ وَاللَّطَافَةُ فِیْ لَطَافَةِ لَطَافَتِكَ یَا

لَطِیْفُ ۔ سات ہزار بار سات یوم۔ بعدہٗ ۱۲۹ بار۔ اس کی روزانہ زندگی ہمیشہ خدا کے لطف وکرم میں بسر ہو۔ جو کوئی عامل کے پاس آئے اس کے قلب کا حال اس طرح دیکھے جیسے آئینہ میں اپنا عکس دیکھتا ہے جس کی قبر پر جائے آنکھ بند کر کے توجہ کرے چند بار ہی پڑھے صاحب قبر کا حال دیکھے اور بات کرے اور اہل قبر کے دوست اور رشتہ دار کے متعلق جو کہے وہ اس کو انجام دے۔ اگر اہل قبر ولی اللہ ہے تو کسی بھی مسلمان کے لیے سوال کرے پورا ہو۔ ہر روز ۱۲۹ بار یا ۶۱ بار بجبوری ۷ بار اول آخر درود شریف ۷ بار۔

(م) اَجِبْ یَا رُوْیَائِیْلُ بِحَقِّ مِیْمٍ یَا مَنَّانُ ذُوالْاِحْسَانِ قَدْعَمَّ کُلَّ الْخَلَائِقِ مَنُّہٗ یَا مَنَّانُ۔ اس کا عامل خود اکسیر بن جاتا ہے۔ اس کے عامل کے پاس ایک مرد عالم غیب سے آتا ہے اور وہ علم سکھاتا ہے کہ جس پتھر پر نظر ڈالے سونا بن جائے۔ اگر مَنُّہٗ نون پر پیش پڑھے اور خالص اللہ کے لیے اس ذکر میں مشغول ہو تو ایک شخص عالم کیمیا غیب سے ظاہر ہو اور صرف اس کی ایک نظر فیض اثر سے یہ عامل صاحب عرفان وایقان ہو۔ ہر روز ۲۰۸ بار یا بجبوری ۷ بار۔ اول آخر درود شریف ۷ بار۔

(ن) اَجِبْ یَا حَوْلَائِیْلُ بِحَقِّ نُوْنٍ یَا نَقِیُّ مِنْ کُلِّ جَوْرٍ لَمْ یَرْضَہٗ وَلَمْ یُخَالِطْہُ فِعَالُہٗ یَا نَقِیُّ اس کے ذاکر کو عالم میں تصرف کی قدرت حاصل ہو جس کے لیے جو چاہے وہی ہو اگر فِعَالُہٗ یَا نَقِیُّ یعنی زبر کے ساتھ پڑھے تو عامل جس کسی کو کسی عمل کی اجازت دے وہ ہی تاثیر ہو۔ اور عامل کے سامنے جس کا نام لیا جائے اس کی حقیقت کی تصویر بن کر سامنے دکھائی دے اور اگر فِعَالَہٗ یَا نَقِیًّا یعنی فا کو زیر کے ساتھ اور لام کو زبر کے ساتھ اور کی یا کو تشدید کے ساتھ پڑھے اور اس کی ۷۰ خلوتیں کرے ہر ہفتہ میں ایک نیا اسرار ظاہر ہو اور بعد ۲۱ ہفتوں کے عالم ہیمیا کا ظہور ہو کر اس کے تحت وتصرف میں آئے (کشف کسبی کے درجات ہیں کیمیا، ریمیا، سیمیا اور چوتھا مقام ہیمیا ہے)۔ سرائے باطن بھی ایسے ہی معمور وآباد ہے جیسے سرائے ظاہری مگر سرائے باطن میں ارواحِ انبیاء علیہم السلام، صدیقین، شہداء، صالحین جلوہ فرما ہیں جن کی زیارت سے مشرف ہو اور جسے چاہے دکھا سکے گا۔ ہر روز ۱۶۰ بار یا ۸۶ بار بجبوری ۷ بار اول آخر درود شریف ۷ بار۔

(س) اَجِبْ یَا ھَمْوَاکِیْلُ بِحَقِّ سِیْنٍ سُبْحَانَکَ یَا اِلٰہَ الْاٰلِہَۃِ الرَّفِیْعِ جَلَالُہٗ یَا اَللّٰہُ اس کے عامل پر معرفت کا دروازہ کھل جائے گا اور ثابت قدمی میسر ہوگی۔ اگر الرَّفِیْعَ جَلَالُہٗ یعنی عین کو زبر اور لَہٗ کے لام پر پیش کے ساتھ پڑھے تو اس کا ثمر بیان کرنے کی طاقت زبان وقلم میں نہیں۔ عامل خود دیکھے گا۔ اگر عین کو زبر اور لِہٖ کے لام اور زیر کے ساتھ پڑھے تو عامل جس کے لیے چند بار پڑھے ہلاک وبرباد ہو، مگر مسلمان کے واسطے بربادی یا نقصان کا عمل جائز نہیں۔ البتہ بدمذہب کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ ہر روز ۱۴۱ بار یا ۱۱۲ بار، بجبوری ۷ بار اول وآخر درود شریف ۷ بار۔

(ع) اَجِبْ یَا لُوْمَائِیْلُ بحق عَیْنَ یَا عَلَّامَ الْغُیُوْبِ فَلَا یَغُوْبُ شَیْءٌ مِّنْ حِفْظِہٖ یَا عَلَّامُ۔ اس کا عامل تمام علوم ظاہری کا حافظ ہو اور علوم باطن یعنی لوح محفوظ اسمائے اعظم کی برکت سے اس پر منکشف ہو اور عامل اپنی نظر سے دیکھے۔ ہر روز ۱۴۱ بار یا ۱۲۸ بار یا ۷ بار اول و آخر درود شریف ۷ بار۔

(ف) اَجِبْ یَاسر حمائیل بِحَقِّ فَایَا فتاح اِفْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ یَا رَحِیْمُ وَرِزْقُكَ یَا رَزَّاقُ وَکَرَمُكَ یَا کَرِیْمُ وَنِعْمَتِكَ یَا مُنْعِمُ ط اَسْئَلُكَ یَا فَتَّاحُ۔ اس کا عامل کتنا ہی لاچار و مجبور، حلال روزی سے مایوس ہو، جب اپنے بیگانوں نے منہ موڑ لیا ہو، کمزور بیمار ہو، کوئی سہارا نہ ہو، مگر اللہ تعالیٰ اپنے خوانِ کرم کا ایک حصہ اسے عطا فرمائے جبکہ اس کے خوان کرم کا ایک ذرہ ساری دنیا کی نعمتیں ہیں۔ بس اپنے سینے کو حسد سے محفوظ رکھے اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے لطف اندوز ہو۔ ہر روز ۴۸۹ بار یا ۳۶۹ بار بمجبوری ۸ بار۔ اول و آخر درود شریف ۱۴ بار۔

(ص) اَجِبْ یَا اَهْجَمَائِیْلُ بِحَقِّ صَادٍ یَا صَمَدُ مِنْ غَیْرِ شِبْهَةٍ فَلَاشَیْءَ کَمِثْلِہٖ یَا صَمَدُ۔ اس کا عامل ہر ایک شخص کے مافی الضمیر سے واقف ہو جاتا ہے خواہ وہ کسی بھی زبان میں بات کرے اور تمام جانوروں کی بولیوں سے آگاہ ہو اور تمام اسمائے صفات پر تصرف ہو اگر کَمِثْلُہٗ لام دھا کو پیش کے ساتھ پڑھے تو اپنی صورت میں تمام عالم کو دیکھے تجلی ذات اس پر ظاہر ہو۔ ہر روز ۳۴۱ بار یا ۹۱ بار بمجبوری ۸ بار۔ اول و آخر درود شریف ۹ بار۔

(ق) اَجِبْ یَا عِطْرَائِیْلُ بِحَقِّ قَافٍ یَا قَاهِرُ ذُوالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَا قَاهِرُ اس کے عامل کو دینی و دنیوی کاموں میں ترقی ہو گی ہر مشکل کام قدرتِ خدا سے انجام پائے گا۔ جس کو شفقت و رحمت کی نظر سے دیکھے گا وہ بھی عنایت رب سے نوازا جائے گا۔ اگر قَاهِرُ الف کو ہ سے متصل پڑھے تو جس کو چاہے زیر و زبر کر دے۔ اگر ایک ہفتہ دو پرانی قبروں کے درمیاں احرام باندھ کر ننگے سر ۳۰۶ بار پڑھے تو جس کے لیے پڑھے اس کو زرد تصور کرے تو بیمار ہو اور سرخ تصور کرے تو ہلاک ہو۔ ہر روز ۳۲۱ بار یا ۳۰۶ بار یا بمجبوری ۷ بار اول و آخر درود شریف ۲۱ بار۔

(ر) اَجِبْ یَا اَمْوَاکِیْلُ بِحَقِّ رَایَا رَحِیْمُ کُلِّ صَرِیْخٍ وَّ مَکْرُوْبٍ غِیَاثُہٗ وَمَعَاذُ یَا رَحِیْمُ۔ اس کا عامل عشق الٰہی سے سرشار ہو ہر شے میں حق سبحانہٗ تعالیٰ کے جلوے اگر غِیَاثُہٗ ثا زبر کے ساتھ رَحِیْمُ میم زبر سے پڑھے تو دنیا و عقبیٰ میں کوئی ایسی بات پیش نہ آئے جو رنج و غم تکلیف و مصیبت کا سبب بنے بلکہ جب یہ گماں ہو کہ فلاں مصیبت آئی ہے۔ یا فلاں تجارت میں نقصان ہونے والا ہے اس دعا کو پڑھے اس سے محفوظ رہے بلکہ وہم و گمان سے زیادہ منافع ہو۔ روزانہ ۲۵۸ بار یا ۱۰۸ بار یا بمجبوری ۷ بار۔ اول و آخر درود شریف ۱۱ بار۔

(ش) اَجِبْ یَا هَمْرَائِیْلُ بِحَقِّ شِیْنَ یَا شَافِیْ یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاهُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ صَدَقْتَ یَا شَافِیْ۔ اس کا عامل سوائے موت کے ہر مرض کی شفاء بن جائے۔ جس پر تین بار پڑھ کر دم



Marfat.com

کرے مرض دفع ہو جائے۔ اس کے پاس مریضوں کا ہجوم رہے اور کوئی مایوس نہ پھرے۔ اگر ہمیشہ دیکھ کر پڑھے نگاہ میں یہ تاثیر پیدا ہو جائے کہ جس کو بھی نسخہ دے تیر بہدف ثابت ہو۔ اور نظر بھر کر دیکھنے ہی سے مرض جاتا رہے اگر سات بار روزانہ لکھتا رہے تو قلم میں یہ اثر پیدا ہو جائے کہ جس کو بھی نسخہ لکھ کر دے تیر بہدف ثابت ہو، جس کو یہ اسم یا شین لکھ کر دے مریض شفایاب ہو۔ ہر روز ۳۹۱ بار یا صرف ۹۴ بار یا مجبوری ۷ بار اول و آخر درود شریف شفاء ۷ بار۔

(ت) اَجِبْ یَا عِزْرَائِیْلُ بِحَقِّ تَایَاتَامٌ فَلَا تَصِفُ الْاَلْسِنُ کُلُّ کُنْہِ جَلَالِ مُلْکِہٖ وَعِزِّہٖ یَاتَامٌ۔ اس کا عامل مقبول عوام و خواص ہو جاتا ہے۔ امراء و سلاطین اس کے تابع اور فرماں بردار ہوں اور وہ مقام ملے جو ملک کے بادشاہ یا صدر یا وزیر اعظم کو حاصل ہوتا ہے اگر تامّ کے میم اور اَلْسَنَ کے سین اور نون کو زبر سے پڑھے تو ایسا بادشاہ یا صدر مملکت ہو کہ جس کی حکومت نہ صرف انسانوں کی زبان و قلم پر ہو بلکہ دلوں پر بھی حکومت ہو اور اس کی اقلیم کی ظاہری و باطنی دولت کی کثرت ہو کہ جس کو چاہے عطا کرے۔ ہر روز ۱۴۱ بار مجبوری ۵۶ بار اول و آخر درود پاک ۱۱ بار۔

(ث) اَجِبْ یَا مِیْکَائِیْلُ بِحَقِّ ثَا یَاثَابِتُ رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکَافِرِیْنَ۔ اس کا عامل ایسی روحانی قوت اپنے اندر پاتا ہے جس سے وہ خود حیران ہوتا ہے کہ ایسا کیوں ہوا اور کیسے ہو گیا۔ کسی دور کی چیز کو اٹھانا چاہتا ہو تو وہ قریب ہو جاتی ہے، دور جانا ہو تو راستہ سمٹ کر قریب ہو جاتا ہے، گھنٹوں کا راستہ منٹوں میں طے ہو جاتا ہے، ہمراہی بھی حیران ہو جاتے ہیں اور خود بھی متعجب رہتا ہے، جسمانی اعتبار سے وہ کتنا ہی کمزور ہو اس میں روحانی قوت اتنی ہوتی ہے کہ اس کے کام کو دیکھ کر دنیا حیران ہوتی ہے۔ دنیا کی نظر میں جو کام وہ نہ جانتا ہو اس طرح کرتا ہے جس طرح کوئی ماہر فن کرتا ہے۔ اس کا عامل مستقل مزاج در گزر کرنے والا ہوتا ہے۔ مگر وقت ضرورت سینکڑوں کے مقابلے سے نہ ڈرتا ہے نہ بھاگتا ہے نہ دشمن کے وار اس پر اثر کرتے ہیں۔ ہر روز بعد نماز ظہر یا مغرب ۹۰۳ بار یا مجبوری ۸۰ بار اول و آخر درود شریف ۲۱ بار یا ۳ بار۔

(خ) اَجِبْ یَامِیْکَائِیْلُ بحق خَا یَا خَالِقُ من فی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کُلٌّ اِلَیْہِ مَعَادُہٗ یَا خَالِقُ۔ اس کے عامل کو مَافِی الارحام حاصل ہو جاتا ہے کہ بچہ ماں کے پیٹ میں کس طرح پرورش پاتا ہے۔ کس طرح گوشت پوست، ہڈیاں بنتی اور سنورتی ہیں، کس طرح روح جسم میں داخل ہوتی ہے، رحم میں نر ہے یا مادہ اور اس کی صلاحیت و حقیقت کیا ہے۔ عمر کیا ہے اور بڑا ہو کر کیا کرے گا۔ اگر خالق کے قاف کو زبر کل کے لام کو پیش بغیر تنوین اور معادٗ کے ذال کو زبر کے ساتھ پڑھے، تمام جمادات، معدنیات کا علم حاصل ہو کہ کس زمین میں کون سی اشیاء ہیں کتنی قیمتی ہیں۔ اس زمین سے کون سا درخت پیدا ہوگا۔ وہ درخت کی ماہیت سے بھی واقف ہوگا جو بغیر بیج کے اگے گا۔ ہ



Marfat.com

روز بعد نماز تہجد یعنی قبل از فجر بجبوری بعد نماز فجر ۱۳۱۷ بار بجبوری ۷۵ بار اول و آخر درود شریف ۹ بار۔

(ذ) اَجِبْ یَا اَهْرَائِیْلُ بِحَقِّ ذَال یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام ذَاالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام۔ اس کا عامل عزت وعظمت و بزرگی میں وہ مقام حاصل کر لیتا ہے جو امیر و کبیر، حاکم وزیر جس کے لیے دن رات سرگرداں رہتے ہیں بلکہ اس کے عامل کے حضور زانوئے ادب تہہ کرتے نظر آتے ہیں اس کی حکومت کا سکہ جن وانس، وحوش وطیور کے قلوب پر چلتا ہے۔ ہر روز ۱۳۱۷ بار یا ۲۴۸ بار یا ۵۸ بار بجبوری ۷ بار اول و آخر درود شریف ۱۴ بار۔

(ض) اَجِبْ یَا عَطْکَائِیْلُ بِحَقِّ ضَادِ یَا ضَارُّ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ یَا ضَارُّ۔ اس کا عامل دوسرے کو نقصان پہنچانے سے اپنے آپ کو بچائے رکھے تو شیر اس کی سواری میں رہے، سانپ کو ہاتھ میں مثل کوڑے کے پکڑے وہ زہریلے بچھو جن کے کاٹنے سے موت واقع ہو جائے بے ضرر شے ثابت ہو، غرضیکہ زہریلی شے اور ہر زہریلا جانور اور ہر درندہ صفت انسان خواہ وہ افسر ہو یا حاکم وغیرہ کبھی ضرر و نقصان پہنچانے کے قابل نہ رہے۔ ہر روز ۱۰۱ بار یا ۸۰۵ بار یا ۱۴۱ بار بجبوری ۷ بار، اول و آخر درود شریف ۷ بار۔

(ظ) اَجِبْ یَا لُوْزَائِیْلُ بِحَقِّ ظَا یَا ظَاهِرُ سُبْحَانَكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الظَّاهِرُ الْمُظْهِرُ یَا ظَاهِرُ۔ یہ بہترین استخارہ بھی ہے وقت ضرورت اس کے ذریعے فرار شدہ کا حال معلوم کرنے، بیماری کی کل کیفیت اور اس کو دوا سے یا عمل سے فائدہ ہوگا یا چوری کیا گیا مال کہاں رکھا ہے وغیرہ وغیرہ فوری طور پر معلوم کرنے کے لیے مجرب ہے اور اس کے عامل کو ان فیوض کے ساتھ ساتھ علوم سفینہ یعنی جو علوم کتب میں موجود نہیں ظاہر ہو جاتے ہیں۔ خزانے اور دفینے معمولی جدوجہد سے حاصل کر لیتا ہے۔ ہر روز ۱۱۰۶ بار یا ۸۵ بار بجبوری ۷ بار اول و آخر درود شریف ۱۱ بار۔

(غ) اَجِبْ یَا لُوْخَائِیْلُ بِحَقِّ غَیْن یَا غِیَاثُ یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ وَّمُجِیْبِیْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ وَّمُوْنِسِیْ عِنْدَ كُلِّ وَحْشَةٍ وَّمَعَاذِیْ عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ وَّرَجَائِیْ حِیْنَ یَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثِیْ۔ اس کے عامل کو اللہ تعالیٰ تمام مکروہات پر رنج و غم سے نجات دیتا ہے۔ ہر کام اور ہر حالت جو خلاف شرع نہ ہو جس میں دنیا و آخرت کا ضرر نہ ہو پورا فرماتا ہے رزق حسنہ عطا فرماتا ہے اور خزانہ غیب نے ظاہری و باطنی نعمتیں عطا فرماتا ہے اور اس کا دل اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتوں کو دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔ ہر روز ۱۷۸ بار مغرب اور عشا کے درمیان اول و آخر درود شریف ۵ بار جس دن وقت نہ ملے تو ۱۴ بار انتہائی مجبوری و بیماری میں صرف ایک بار۔

اگر کوئی شخص الف سے غین تک کسی حرف کا عامل بننا چاہتا ہو اور اس کے مؤکل کو تابع کرنا چاہے تو ایک لاکھ



Marfat.com

پچیس ہزار (۱۲۵۰۰۰) کی تعداد کو ۴۱ دن یا ۲۸ دن میں پورا کرے اور خلوت اختیار کر رے۔ پرہیز جمالی وجلالی پر کار بند رہے عمل پورا ہونے تک کسی سے بات نہ کرے۔ اگر ضرورت پڑے تو لکھ کر دے اگر ان پابندیوں کے ساتھ عمل کر لیا تو پھر کبھی کوئی عمل نہ کرنے کی ضرورت نہ ہوگی۔ مؤکل کو جو حکم دے گا وہ انجام دے گا اور جو چاہے گا اس پر ظاہر ہوگا جس کسی کو عمل کی اجازت دے گا ایک بار پڑھنے سے اسے وہ سب کچھ حاصل ہوگا جو عامل کو حاصل ہے۔

## ۶۹۔ ہفت پیکر

جو کوئی دعائے ہفت پیکر کو سات روز مسلسل بالترتیب ایک ہزار بار پڑھے گا، کشف قلوب وقبور حاصل ہو گا اور عالم روحانیت اور عالم ملائکہ اس پر ظاہر ہوگا۔ بہتر ہے کہ یہ عمل شب شنبہ سے یعنی جمعہ کو دن گزار کر ہفتہ کی شب سے شروع کرے اول وآخر درود شریف ۲۱ بار ہر روز اسی یقین کے ساتھ پڑھے کہ آج ہی مدعا حاصل ہوگا۔ یقین کی کمزوری یا کثافتِ گناہ کو لطافت سے بدلنے کے لیے سات یوم عمل کرنا پڑتا ہے ورنہ پہلے ہی دن کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

شب جمعہ کو:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ يَا جَلِيْلُ تَجَلَّلْتَ بِالْجَلَالِ وَالْجَلَالُ فِيْ جَلَالِ جَلَالِكَ يَا جَلِيْلُ يَا دَائِمُ الْمَعْبُوْدِ يَا مُنْعِمُ الْمَقْصُوْدِ وَمَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَا اَحْكَمَ الْحَاكِمِيْنَ۔

شب یکشنبہ کو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ يَا لَطِيْفُ بِاَوْصَافِ كَمَالِهٖ بِاللَّطَافَةِ وَاللَّطَافَةُ فِيْ لَطَافَةِ لَطَافَتِكَ يَا لَطِيْفُ اِنَّا سَمِعْنَا كِتَابًا مِّنْ م بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَيَهْدِيْ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ وَّيَاخَيْرَ الرَّازِقِيْنَ۔

شب دوشنبہ کو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ يَا سَمِيْعُ الْبُرْهَانِ وَاِذْ صَرَفْنَا اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ يَا سَمِيْعُ تَسَمَّعْتَ بِالسَّمْعِ وَالسَّمْعُ فِيْ سَمْعِ سَمْعِكَ يَا سَمِيْعُ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ط وَهُوَ الْحَقُّ الْوَكِيْ



Marfat.com

اَحْسَنَ الْخَالِقِیْنَ ط

شب سہ شنبہ کو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ یَا مُعِزُّ یَا مُذِلُّ یَا عَلِیْمُ یَا عَظِیْمُ تَعَظَّمْتَ الْعَظْمَۃِ وَالْعَظْمَۃُ فِیْ عَظْمَۃِ عِظْمَتِکَ یَا عَظِیْمُ فَاعْلَمْ اَنَّـہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِکَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ مُتَقَلَّبَکُمْ وَمَثْوٰاکُمْ وَیَا خَیْرَ النَّاصِرِیْنَ ط

شب چہار شنبہ کو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ یَا رَحِیْمُ تَرَحَّمْتَ بِالرَّحْمَۃِ فِیْ رَحْمَۃِ رَحْمَتِکَ یَا رَحِیْمُ یَا حَفِیْظُ تَحَفَّظْتَ بِالْحِفْظِ وَالْحِفْظُ فِیْ حِفْظِ حِفْظِکَ یَا حَفِیْظُ یَا مُکْرِمَ الصَّادِقِیْنَ مُنْعِمَ الْحَافِظِیْنَ ط

شب پنجشنبہ کو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ یَا کَرِیْمُ تَکَرَّمْتَ بِالْکَرَمِ وَالْکَرَمُ فِیْ کَرَمِ کَرَمِکَ یَا کَرِیْمُ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاللّٰہُ بَصِیْرٌ مبِمَا تَعْمَلُوْنَ یَا سَرِیْعَ الْحَاسِبِیْنَ ط

شب جمعہ کو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ یَا غَفُوْرُ تَغَفَّرْتَ بِالْمَغْفِرَۃِ وَالْمَغْفِرَۃُ فِیْ مَغْفِرَۃِ مَغْفِرَتِکَ یَا غَفُوْرُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ط بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط



Marfat.com

# عملیات برائے کشف مجربات بزرگان دین

## ۷۱۔ ملاقات ارواح مقدسین

جب ارواح طیبین مقدسین رضوان اللہ علیہم اجمعین سے شرف ملاقات حاصل کرنا ہو یا کسی اہم ضر
اور حاجت کو حل کرنا مقصود ہو تو سورہ یٰسین شریف اس طرح پڑھیں۔ سورۂ یٰسین شریف میں سات مبین
سورہ یٰسین شروع کریں۔ جب پہلی مبین پر پہنچیں تو یہ دعا تین بار پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط سُبْحَانَ الْمُنَفِّسِ عَنْ کُلِّ مَدْیُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُفَرِّ
کُلِّ مَحْزُوْنٍ سُبْحَانَ النَّاصِرِ کُلِّ مَظْلُوْمٍ سُبْحَانَ الْمُخْلِصِ عَنْ کُلِّ مَسْجُوْنٍ سُبْحَا
جَعَلَ خَزَائِنَہٗ بَیْنَ الْکَافِ وَالنُّوْنِ سُبْحَانَ الْھِمَمِ اَمْرُہٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَ
سُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّ اِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ

اسی طرح ہر مبین پر تین بار یہ پڑھیں۔ تین دن میں مقصود حاصل ہو۔

## ۷۲۔ ملاقاتِ خضر علیہ السلام

حضرت ابراہیم تیمی جو اعظم ترین اولیاء کرام میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ یہ عمل خضر علیہ السلام۔
تعلیم فرمایا۔ اس عمل سے تین فائدے بیک وقت حاصل ہوتے ہیں۔ اول سید عالم ﷺ کی زیارت سے
ہو۔ دوسرے خضر علیہ السلام کی ملاقات ہو۔ تیسرے آپ ملاقات کر کے حاجات حل کرنے کی تدبیر بتائی
طلوع آفتاب و قبل غروب آفتاب سورہ فاتحہ ۷ بار، سورہ فلق اور سورہ ناس ۷ بار، سورہ اخلاص ۷ با
کافرون ۷ بار، آیت الکرسی ۷ بار، کلمہ تمجید ۷ بار۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَحَبِیْبِكَ وَنَبِیِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ۷بار اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْ
وَالْمُسْلِمَاتِ اَلْاَحْیَاءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ مُجِیْبُ الدَّعْوَاتِ وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ یَا
الْحَاجَاتِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۷بار اَللّٰھُمَّ یَارَبِّ اِفْعَلْ بِیْ وَبِھِمْ عَاجِلًا وَّ آ
الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ مَا اَنْتَ لَہٗ اَھْلٌ وَّ لَا تَفْعَلْ بِنَا یَا مَوْلٰنَا مَا نَحْنُ لَہٗ اَھْلٌ اِنَّكَ

جَوَّادٌ کَرِیْمٌ مَلِكٌ بَرٌّ رَّئُوْفٌ رَّحِیْمٌ
۷ بار اس کا ثواب سید عالم ﷺ وحضرت خضر علیہ السلام وجمیع ارواح امت محمد ﷺ کو بخشے۔ تین روز میں ستارہ قسمت بالائے عرش نظر آئے اور مشرف بہ زیارت سید عالم ﷺ ہو۔ اگر ہر روز ورد میں رکھے اس کو غیب سے بے مشقت روزی ملے۔

## ۷۳۔ حصول کشف ومُراد

حضرت سیدی شیخ نظام الدین اولیاء قدس سرہٗ العزیز نے یہ عمل تعلیم فرمایا کہ اگر اپنے مقصد ومراد کے متعلق دریافت کرنا ہو کہ یہ کام کس طرح ہوگا یا کیسے کیا جائے تو یہ عمل مجرب ہے۔ شب یکشنبہ یا روز یکشنبہ یعنی اتوار کی شب یا دن میں جو وقت بھی مقرر کرے یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ ۲۰۰ بار دوشنبہ کو یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ ۲۰۰ بار۔ سہ شنبہ کو یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ۲۰۰ بار چہار شنبہ کو یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ ۲۰۰ بار پنجشنبہ کو یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۲۰۰ بار۔ جمعہ کو یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ ۲۰۰ بار۔ شنبہ کو یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ۲۰۰ بار ہر روز اول وآخر درود شریف ۱۰۔۱۰ بار۔

## ۷۴۔ آئینہ قلب پر جلا کرنے کیلئے

یہ عمل عجیب ترین ہے۔ اس عمل کو کرنے والا ایسے حیرت انگیز مناظر دیکھتا ہے کہ خود محو حیرت رہتا ہے۔ یہ عمل تہجد پڑھنے والوں کے لیے ہے۔ تہجد کا وقت عشاء پڑھ کر سونے کے بعد جس وقت آنکھ کھلے وہ ہی تہجد کا وقت ہے۔ مثلاً اگر عشاء ۹ بجے پڑھ کر سو گیا۔ سوا نو بجے آنکھ کھل گئی تو وہ ہی وقت تہجد ہے۔ تہجد کے لیے سونا شرط ہے۔ تہجد کی کم سے کم ۴ رکعت اور افضل بارہ رکعت اور زیادہ کی کوئی مقدار نہیں ۶ سلام سے بارہ رکعت پڑھنا ہیں۔ ہر پہلی رکعت میں بعد الحمد والضحیٰ دوسری میں الم نشرح ۳۔۳ بار پڑھیں۔ بعدہٗ یَا جَلِیْلُ تَجَلَّلْتَ بِالْجَلَالِ وَالْجَلَالُ فِیْ جَلَالِ جَلَالِكَ یَا جَلِیْلُ ۷۳ بار اول وآخر درود شریف ۳۔۳ بار۔ اس کے بعد اس طرح دعا کر کے سو رہیں۔ (آخر شب میں پڑھیں تو ہرگز نہ سوئیں فجر قضا ہونے کا خطرہ ہے) وہ دعا یہ ہے ''اے اللہ تو نے عالم کو بے سبب پیدا نہ کیا اور آسمان کو بے ستون کھڑا کیا۔ تنور سے پانی جاری کیا اور پتھر سے ناقہ کو نکالا۔ عیسیٰ علیہ السلام کو بغیر باپ کے پیدا فرمایا، اور آدم علیہ السلام کو بغیر ماں باپ کے ظہور میں لایا اور ہمارے نبی امی محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہ وبارک وسلم کو علم اولین وآخرین سے سرفراز فرمایا۔ الٰہی اس نبی اُمّی کی برکت سے مجھ کو نور ایمان وعرفان کمالی عطا فرما اور نفس ودل وجان کو اپنے نور احدیت ووحدانیت سے روشن کر۔ آمین بحق سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین۔



Marfat.com

## ۷۵۔ برائے کشف القلوب

سیدنا جنید لغدادی رحمۃ اللہ علیہ سے یہ دعا منقول ہے پہلے دو نفل پڑھ کر جمیع اہل اسلام کو اس کا ثواب بخشے
بعدہ درود شریف ۲۱ بار یانُورُ تَنَوَّرْتَ بِالنُّورِ وَالنُّورُ فِي نُورِ نُورِكَ يَانُورُ ۲۵۶ بار پڑھ کر یوں دعا کرے۔
الٰہی جب یونس علیہ السلام نے دعا کی کہ ظلمت و تاریکی سے نجات دے تو نے ان کی دعا قبول فرمائی۔ الٰہی میری
دعا قبول فرما اور گناہوں کی تاریکی سے نجات دے اور ابراہیم علیہ السلام نے دُعا کی کہ تو مردے کس طرح زندہ کرتا
ہے مجھے دکھا تو ان کی دعا قبول فرمائی۔ الٰہی میری دعا بھی قبول فرما اور میرے مردہ دل کو زندہ فرمادے۔ بحرمت سید
المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم و بارک امین یارب العالمین یاارحم الرحمین۔ بعدہٗ درود شریف ۹۰ بار۔

## ۷۶۔ برائے نورانیت قلب:

یہ عمل کشف قبور اور کشف قلوب کے لیے بہت مجرب ہے اول دو رکعت نفل ادا کریں پھر یَا جَمِیْلُ
تَجَمَّلْتَ بِالْجَمَالِ فِي جَمَالِ جَمَالِكَ يَا جَمِيْلُ ۲۳۶ بار، پھر ۷۰ ستر بار یہ دعا پڑھیں۔

اِلٰهِي قَلْبِي مَحْجُوبٌ وَّنَفْسِي مَعْيُوبٌ وَهَوَائِي غَالِبٌ وَعَقْلِي مَغْلُوبٌ وَطَاعَتِي قَلِيْلٌ
وَمَعْصِيَتِي كَثِيْرٌ وَلِسَانِي مُقِرٌّ بِالذُّنُوبِ فَكَيْفَ حِيْلَتِي يَاسَتَّارَ الْعُيُوبِ وَغَفَّارَ الذُّنُوبِ اغْفِرْ
ذُنُوبِي كُلَّهَا يَا غَفَّارُ يَاسَتَّارُ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط

اول و آخر درود شریف گیارہ بار۔

## ۷۷۔ برائے کشف قبور:

جب چاہے کہ صاحب قبر کے وسیلے سے فیض حاصل کرے اور اپنی حاجت روائی کے لیے آسان
معلوم کرے تو نماز مغرب یا بعد نماز عشاء غسل کرے اور خوشبو سے کپڑوں کو بسائے اور صاحب مزار کے حضور
ہو اور یوں عرض کرے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَآ اَهْلَ الْقُبُوْرِ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ اِنَّآ اِنْ شَآءَ اللهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ
فاتحہ پڑھے پھر اہل مزار کے چہرے کے سامنے باادب دو زانو بیٹھ کر یہ درود شریف ۲۴۵ بار پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ
عَلٰى رُوْحِ وَجَسَدِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْعٰلَمِيْنَ وَعَلَى الْاَرْوَاحِ وَالْاَجْسَادِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَالصِّدِّ
وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَالْاَوْلِيَآءِ الْكَامِلِيْنَ وَالْعُلَمَآءِ الرَّاشِدِيْنَ وَجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَآ
الرّٰحِمِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ط پڑھ کر ثواب اس کا صاحب مزار کی روح کو بخشے اور اسی طرح سلام عرض کر کے
چلا جائے۔ دوسری شب کو حسب دستور بعد سلام یہ ہی درود شریف ۱۱ بار پڑھیں پھر انگشت شہادت قبر پر



Marfat.com

آنکھیں بند کر کے ۲۱ بار یَا رُوْحُ یَارُوْحُ کہے پھر ۲۱ بار یَارُوْحَ الْاَرْوَاحِ کہے۔ اس کے بعد قبر سے انگلی ہٹا لے سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۸۵۰ بار پھر درود شریف ۱۱ بار پڑھ کر ثواب بخشے اور سلام عرض کر کے واپس آجائے۔ تیسری شب کو حسب دستور سلام و درود و فاتحہ کے بعد یَا رُوْحَ الْاَرْوَاحِ ۲۱ بار اور سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۱۳ بار پڑھ کر سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ بیشمار پڑھتا رہے، یہاں تک کہ صاحب مزار کے دیدار سے مشرف ہو اور جو حاجت ہو عرض کرے۔

## ۷۸۔ درود کشف:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْاَنْوَارِ وَالْاَسْرَارِ وَكَاشِفِ الْاَسْتَارِ وَكَاشِفِ الْاَسْرَارِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نُوْرَ الْاَنْوَارِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَعْدِنَ الْاَسْرَارِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا كَاشِفَ الْاَسْتَارِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا كَاشِفَ الْاَسْرَارِ اِكْشِفْ عَيْنِيْ اِكْشِفْ قَلْبِيْ اِكْشِفْ صَدْرِيْ يَا كَاشِفَ الْاَسْرَارِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ خُذْ بِيَدِيْ اَعِيْنُوْنِيْ اَغِيْثُوْنِيْ يَا صَادِقُ صِدْقٌ قَوْلُكَ مَنْ عَسُرَتْ عَلَيْهِ حَاجَةٌ فَلْيُكْثِرْ بِالصَّلٰوةِ عَلَيَّ فَاِنَّهَا تَكْشِفُ الْهُمُوْمَ وَالْغُمُوْمَ وَالْكُرُوْبَ تُكَثِّرُ الْاَرْزَاقَ وَتَقْضِي الْحَوَائِجَ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْكَ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

جب سونے کا قصد ہو ۱۱ یا ۱۱ بار پڑھیں۔

اس باب میں جو عملیات درج کیے جارہے ہیں وہ تقریباً ہر صورت اڑی سے اڑی اور کڑی سے کڑی مشکل میں کام آنے والے ہیں۔ اس باب سے کسی عمل کو اپنی حاجت اور ضرورت اور اپنی اہلیت کے مطابق انتخاب کرنا آپ کا کام ہے۔ ہر عمل مجرب آزمودہ اور سریع الاثر ہے مگر یہ خیال کرنا ضروری ہے کہ جس کام کے لیے عمل کریں وہ جائز ہو۔ دوسرے اپنی زندگی کے ہر حصے پر نظر ڈالیں کہ جو مشکل مجھے درپیش ہے کبھی کسی دوسرے مسلمان کو میرے ذریعہ میری وجہ سے تو کوئی شکایت یا کوئی تکلیف نہیں پہنچی ہے۔ مثلاً مقدمہ جسمانی تکلیف واذیت، روپے پیسے کا لین دین، ہیر پھیر یا مسلمان کو اس کی اشد ضرورت پر جس کو تم انجام دے سکتے تھے مگر بوجہ بخل یا بخوف ناداری ٹھکرا دیا ہو، وغیرہ وغیرہ۔ اگر ایسا ہے تو اس مسلمان سے معافی چاہے۔ اگر وہ دور ہو یا انتقال کر چکا ہو تو عمل شروع کرنے سے قبل دو نفل پڑھ کر اس کے لیے ایصال ثواب کرنا ضروری ہے اور اس کے گناہوں کی بخشش اور اس کے درجات کی بلندی کی دعا کرے قضائے حاجات کے لیے سب سے بہتر تدبیر یا کسی عمل میں اثر پیدا کرنے کے لیے ماں باپ کی دعا حاصل کر لینا اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ اگر دونوں میں سے ایک موجود ہو یا دونوں انتقال کر چکے ہوں تو



Marfat.com

ان کی قبر پر حاضر ہو کر ان کی روح کو ایصال ثواب کر کے ان کے وسیلے سے رب قدیر سے مدد چاہیں، پھر عمل کریں انشاء اللہ کبھی ناکام نہ ہوں گے۔

قضائے حاجات کے تیر بہدف عملیات شمع شبستان رضا کے تین حصوں اور پنجسورہ رضویہ میں بھی درج ہیں، ان کے ہوتے ہوئے اور عملیات کی ضرورت تو نہ تھی صرف ضروری ہدایات کا درج کر دینا ہی کافی تھا جس کا اس کتاب میں اہتمام کر دیا گیا ہے مگر عاملین جن کو عملیات کے جمع کرنے اور ہر ضرورت مند کو نئے نئے عملیات بتانے کا ذوق ہوتا ہے۔ان کے ذوق کی تکمیل کے لیے چند عملیات تحریر کیے جا رہے ہیں۔اہل حاجت کو عمل بتانے سے قبل اس کی کتاب زندگی کا مطالعہ کر کے ضروری ہدایات پر عمل کرنے کی تاکید شدید کر دیں۔

## ۸۰۔درود برائے قضائے حاجات:

یہ درود تنجینا ہے بہت مشہور مگر اس کی کرامتوں سے عوام ناواقف ہیں۔صرف عاملین اس کی برکات سے واقف ہیں۔قضائے حاجت کے لیے اس کے پڑھنے کی ترکیب بھی سینہ بسینہ چلی آ رہی ہے۔غالباً اس کی ترکیب حدیث شریف کے مضمون سے وضع کی گئی ہے۔غرض درود تنجینا ہر ایک مشکل میں کام آتی ہے۔اس کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ ہر روز بعد نماز عشاء کھڑے ہو کر پڑھے اور دو نفل برائے قضائے حاجت ادا کرے۔اگر حاجت دینی ہو تو قبلہ رخ اور اگر کوئی حاجت دینوی ہو مثلاً حصول دولت یا ادائے قرض حصول ملازمت ترقی کے لیے جنوب کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو۔اگر دشمن کو مغلوب کرنا ہو یا مقدمے سے برأت مقصود ہو، کسی روٹھے ہوئے کو اپنی طرف مائل کرنا ہو اور اپنی محبت میں دیوانہ کرنا ہو تو جانب شمال رخ کر کے کھڑے ہو کر پہلے دن دس بار دوسرے دن ۲۰ بار، تیسرے دن ۳۰ بار غرضیکہ جب تک حاجت پوری نہ ہو دس بار ہر روز بڑھاتے جائیں مایوسی اور ناکامی کا خیال بھی دل میں نہ آنے پائے۔پس درود شریف کے فیوض و برکات کی بارش میں خود کو نہاتا تصور کرے۔درود تنجینا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَلْاَعْلَی الدَّرَجَاتِ تُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

ایک بزرگ کا فرمان ہے کہ ایام بیض میں تین روزے رکھے اور شب میں بعد نماز عشاء دو نفل پڑھ کر دست بستہ بیٹھ کر دریائے محبت سید عالم ﷺ میں ڈوب کر نہایت خضوع و خشوع کے ساتھ ایک ہزار بار پڑھے۔اگر پہلے



Marfat.com

ہی روز کام ہو جائے تب بھی تین روز پڑھنا چاہیے اور ہر روز روزہ بھی رکھیے۔ بس حاجت کے پورا ہو جانے کے بعد ادائے شکر نعمت کی نیت سے پڑھے اور اس کا ثواب سید عالم ﷺ کی روح پاک کو بخشے۔ اگر بعد ہر نماز کے سو بار پڑھتا رہے تو اس کی ہر ضرورت دینی اور دنیوی کی بجا آوری سید کونین ﷺ کے ذمہ کرم پر ہو۔

## ۸۱۔ عملیات برائے قضائے حاجات:

## ۸۲۔ عمل از کیمیائے سعادت برائے قضائے حاجت:

یہ عمل ایسا سریع الاثر ہے کہ اس کی تعریف سے قلم وزبان قاصر ہیں۔ بسا اوقات پڑھتے پڑھتے اثر ظاہر ہوتا ہے۔ یہ عمل ایک دن کا ہے اور زیادہ سے زیادہ ایک ہفتے کا۔ کیسی ہی حاجت اور ضرورت کیوں نہ ہو، اگر چہ حاکم وقت کی معزولی یا تبادلہ یا اس سے بھی کٹھن حاجت ہو، مگر یہ خیال رہے کہ ایسی کوئی حاجت نہ ہو کہ جس سے کسی مسلمان کو نقصان پہنچے یا اس کے دل کو صدمہ پہنچے۔ یہ عمل سات دن میں وقت مقررہ پر ایک سو بار روزانہ پڑھے اول و آخر درود شریف ۲۱ بار اور اگر ایک ہی دن میں کام کو انجام دینا ہو تو ایک ہی شب میں سات سو بار پڑھے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ وَاَنَا الْعَبْدُ فَمَنْ يَّدْعُ الْعَبْدُ اِلَّا الرَّبَّ يَا رَبّ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنَا الْمَخْلُوْقُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَخْلُوْقُ اِلَّا الْخَالِقَ يَارَبّ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَالِكُ وَاَنَا المملوك وَمَنْ يَّدْعُ الْمَمْلُوْكُ اِلَّا الْمَالِكَ يَا رَبّ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْغَنِيُّ وَاَنَا الْفَقِيْرُ فَمَنْ يَّدْعُ الْفَقِيْرُ اِلَّا الْغَنِيَّ يَارَبّ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْقَوِيُّ وَاَنَا الضَّعِيْفُ فَمَنْ يَّدْعُ الضَّعِيْفُ اِلَّا الْقَوِيَّ يَارَبّ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْقَيُّوْمُ وَاَنَا الزَّائِلُ فَمَنْ يَّدْعُ الزَّائِلُ اِلَّا الْقَيُّوْمَ يَا رَبّ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْعَفُوُّ وَاَنَا الْمُسِيْئُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمُسِيْئُ اِلَّا الْعَفُوَّ يَارَبّ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّحِيْمُ وَاَنَا الْخَاطِي فَمَنْ يَّدْعُ الْخَاطِي اِلَّا الرَّحِيْمَ يَارَبّ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُغِيْثُ وَاَنَا الْمُسْتَغِيْثُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمُسْتَغِيْثُ اِلَّا الْمُغِيْثَ يَارَبّ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُجِيْرُ وَاَنَا الْمُسْتَجِيْرُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمُسْتَجِيْرُ اِلَّا الْمُجِيْرَ يَارَبّ

اللهم انت العزيز و انا الذليل فَمَنْ يَّدْعُ الذليل الا العزيز يا رب

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُعْطِی وَاَنَا السَّائِلُ فَمَنْ یَّدْعُ السَّائِلُ اِلَّا الْمُعْطِی یَا رَبّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْوَھَّابُ وَاَنَا الْبَائِسُ فَمَنْ یَّدْعُ الْبَائِسُ اِلَّا الْوَھَّابُ یَارَبّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُفَرِّجُ وَاَنَا الْمَغْمُوْمُ فَمَنْ یَّدْعُ المغموم اِلَّا الْمُفَرِّجُ یَارَبّ
اَللّٰھُمَّ انت الْمُنْجِی وَاَنَا الْغَرِیْقُ فَمَنْ یَّدْعُ الْغَرِیْقُ اِلَّا الْمُنْجِی یَارَبّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّازِقُ وَاَنَا الْمَرْزُوْقُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَرْزُوْقُ اِلَّا الرَّازِق یَارَبّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْکَاشِفُ وَاَنَا الْمُضْطَرُّ وَمَنْ یَّدْعُ الْمُضْطَرُّ اِلَّا الْکَاشِفُ یَارَبّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ سَیِّدُ وَاَنَا الْمُبْتَھِلُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمُبْتَھِلُ الا السیّد یارب
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ سَیِّدِیْ وَمَوْلَایْ فَاغْفِرْ ذُنُوْبِیْ مِنَ النَّارِ بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ
وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔

۸۳۔ دیگر اسمائے جبروت برائے قضائے حاجت:

کسی ایسی جگہ جہاں سر اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو یہاں تک کہ ٹوپی بھی سر پر نہ ہو تین دن یہ عمل کرے اگر موسم سرما میں شدید سردی کی وجہ سے یا بارش کے سبب کھلے مقام پر نہ پڑھ سکے تو طشت میں پانی بھر کر سامنے رکھ لے کہ چہرہ اس میں نظر آئے اور چراغ یا روشنی کسی قسم کی پشت کے پیچھے ہو کہ عکس سر کا پانی میں پڑے ۱۴۳ بار اسمائے جبروت پڑھے اور کچھ شیرینی پر فاتحہ دلا کر خود کھائے یا اہل وعیال، دوست احباب کو تقسیم کرے۔

۸۴۔ اسمائے جبروت: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

یَا نُوْرُ تَنَوَّرْتَ بِالنُّوْرِ وَالنُّوْرُ فِیْ نُوْرِ نُوْرِكَ یَا نُوْرُ
یَا عَزِیْزُ تَعَزَّزْتَ بِالْعِزَّةِ وَالْعِزَّةُ فِیْ عِزَّةِ عِزَّتِكَ یَا عَزِیْزُ
یَا جَلِیْلُ تَجَلَّلْتَ بِالْجَلَالِ وَالْجَلَالُ فِیْ جَلَالِ جَلَالِكَ یَا یَا جلیل
یَا وَاحِدُ تَوَحَّدْتَ بِالْوَاحْدَانِیَّةِ وَالْوَاحْدَانِیَّةُ فِیْ وَحْدَانِیَّةِ وَحْدَانِیَّتِكَ یَا وَاحِدُ
یَا فَرْدُ تَفَرَّدْتَ بالفردانیة وَالْفَرْدَانِیَّةُ فِیْ فَرْدَانِیَّةِ فَرْدَانِیَّتِكَ یَا فَرْدُ
یَا جَمِیْلُ تَجَمَّلْتَ بِالْجَمَالِ وَالْجَمَالُ فِیْ جَمَالِ جَمَالِكَ یَا جَمِیْلُ
یَا عَظِیْمُ تَعَظَّمْتَ بِالْعَظْمَةِ وَالْعَظْمَةُ فِیْ عَظْمَةِ عَظْمَتِكَ یَا عَظِیْمُ



Marfat.com

يَاكَبِيْرُ تَكَبَّرْتَ بِالْكِبْرِيَاءِ وَالْكِبْرِيَاءُ فِيْ كِبْرِيَاءِ كِبْرِيَائِكَ يَاكَبِيْرُ
يَاكَرِيْمُ تَكَرَّمْتَ بِالْكَرَمِ وَالْكَرَمُ فِيْ كَرَمِ كَرَمِكَ يَاكَرِيْمُ
يَاقَدِيْرُ تَقَدَّرْتَ بِالْقُدْرَةِ وَالْقُدْرَةُ فِيْ قُدْرَةِ قُدْرَتِكَ يَاقَدِيْرُ
يَاجَبَّارُ تَجَبَّرْتَ بِالْجَبَرُوْتِ وَالْجَبَرُوْتُ فِيْ جَبَرُوْتِ جَبَرُوْتِكَ يَاجَبَّارُ
يَاقَهَّارُ تَقَهَّرْتَ بِالْقَهْرِ وَالْقَهْرُ فِيْ قَهْرِ قَهْرِكَ يَاقَهَّارُ
يَامَلِيْكُ تَمَلَّكْتَ بِالْمَلَكُوْتِ وَالْمَلَكُوْتُ فِيْ مَلَكُوْتِ مَلَكُوْتِكَ يَامَلِيْكُ
يَاقُدُّوْسُ تَقَدَّسْتَ بِالْقُدْسِ وَالْقُدْسُ فِيْ قُدْسِ قُدْسِكَ يَاقُدُّوْسُ
يَارَبُّ تَرَبَّبْتَ بِالرَّبُوْبِيَّةِ وَالرَّبُوْبِيَّةُ فِيْ رَبُوْبِيَّةِ رَبُوْبِيَّتِكَ يَارَبُّ
يَارَحِيْمُ تَرَحَّمْتَ بِالرَّحْمَةِ وَالرَّحْمَةُ فِيْ رَحْمَةِ رَحْمَتِكَ يَارَحِيْمُ
يَاوَهَّابُ تَوَهَّبْتَ بِالْوَهْبَةِ وَالْوَهْبَةُ فِيْ وَهْبَةِ وَهْبَتِكَ يَا وَهَّابُ
يَامَنَّانُ تَمَنَّنْتَ بِالْمِنَّةِ وَالْمِنَّةُ فِيْ مِنَّةِ مِنَّتِكَ يَامَنَّانُ
يَاحَكِيْمُ تَحَكَّمْتَ بِالْحِكْمَةِ وَالْحِكْمَةُ فِيْ حِكْمَةِ حِكْمَتِكَ يَا حَكِيْمُ
يَا مَجِيْدُ تَمَجَّدْتَ بِالْمَجْدِ وَالْمَجْدُ فِيْ مَجْدِ مَجْدِكَ يَا مَجِيْدُ
يَاحَنَّانُ تَحَنَّنْتَ بِالْحِنَّةِ وَالْحِنَّةُ فِيْ حِنَّةِ حِنَّتِكَ يَاحَنَّانُ
يَاحَمِيْدُ تَحَمَّدْتَ بِالْحَمْدِ وَالْحَمْدُ فِيْ حَمْدِ حَمْدِكَ يَاحَمِيْدُ
يَاحَلِيْمُ تَحَلَّمْتَ بِالْحِلْمِ وَالْحِلْمُ فِيْ حِلْمِ حِلْمِكَ يَاحَلِيْمُ
يَاقَدِيْمُ تَقَدَّمْتَ بِالْقِدَمِ وَالْقِدَمُ فِيْ قِدَمِ قِدَمِكَ يَاقَدِيْمُ
يَاشَهِيْدُ تَشَهَّدْتَ بِالشَّهَادَةِ وَالشَّهَادَةُ فِيْ شَهَادَةِ شَهَادَتِكَ يَاشَهِيْدُ
يَاقَرِيْبُ تَقَرَّبْتَ بِالْقُرْبِ وَالْقُرْبُ فِيْ قُرْبِ قُرْبِكَ يَاقَرِيْبُ
يَانَصِيْرُ تَنَصَّرْتَ بِالنُّصْرَةِ وَالنُّصْرَةُ فِيْ نُصْرَةِ نُصْرَتِكَ يَانَصِيْرُ
يَاشَكُوْرُ تَشَكَّرْتَ بِالشُّكْرِ وَالشُّكْرُ فِيْ شُكْرِ شُكْرِكَ يَا شَكُوْرُ
يَاخَالِقُ تَخَلَّقْتَ بِالْخَلْقِ وَالْخَلْقُ فِيْ خَلْقِ خَلْقِكَ يَاخَالِقُ



Marfat.com

يَارَزَّاقُ تَرَزَّقْتَ بِالرِّزْقِ وَالرِّزْقُ فِيْ رِزْقِ رِزْقِكَ يَارَزَّاقُ
يَافَتَّاحُ تَفَتَّحْتَ بِالْفَتْحِ وَالْفَتْحُ فِيْ فَتْحِ فَتْحِكَ يَافَتَّاحُ
يَاعَلِيْمُ تَعَلَّمْتَ بِالْعِلْمِ وَالْعِلْمُ فِيْ عِلْمِ عِلْمِكَ يَاعَلِيْمُ
يَارَفِيْعُ تَرَفَّعْتَ بِالرَّفْعِ وَالرَّفْعُ فِيْ رَفْعِ رَفْعِكَ يَارَفِيْعُ
يَاحَافِظُ تَحَفَّظْتَ بِالْحِفْظِ وَالْحِفْظُ فِيْ حِفْظِ حِفْظِكَ يَاحَافِظُ
يَاسَلَامُ تَسَلَّمْتَ بِالسَّلَامِ وَالسَّلَامُ فِيْ سَلَامِ سَلَامِكَ يَاسَلَامُ
يَاوَاصِلُ تَوَصَّلْتَ بِالْوَصْلِ وَالْوَصْلُ فِيْ وَصْلِ وَصْلِكَ يَاوَاصِلُ
يَافَاضِلُ تَفَضَّلْتَ بِالْفَضْلِ وَالْفَضْلُ فِيْ فَضْلِ فَضْلِكَ يَافَاضِلُ
يَافَاعِلُ تَفَعَّلْتَ بِالْفِعْلِ وَالْفِعْلُ فِيْ فِعْلِ فِعْلِكَ يَافَاعِلُ
يَافَارِضُ تَفَرَّضْتَ بِالْفَرْضِ وَالْفَرْضُ فِيْ فَرْضِ فَرْضِكَ يَافَارِضُ
يَاسَمِيْعُ تَسَمَّعْتَ بِالسَّمْعِ وَالسَّمْعُ فِيْ سَمْعِ سَمْعِكَ يَاسَمِيْعُ
يَاسَامِعُ يَامُجِيْبُ يَا اللّٰهُ يَاعَزِيْزُ يَالَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عليه تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ يَاقُدُّوْسُ
اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَغْفِرَلِيْ ذُنُوْبِيْ وَتَرْحَمَنِيْ
وَتَتُوْبَ عَلَيَّ وَاَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ وَتَكْفِيَ مُهِمَّاتِيْ وَتَسْتَجِيْبَ دَعْوَتِيْ وَتَتَقَبَّلَ عِبَادَتِيْ
بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

پڑھنے کا طریقہ اور ہدایات نمبر میں آئندہ صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔

## ۸۵۔ برائے قضائے حاجت شب جمعہ کا عمل:

یہ عمل صرف ایک رات کا ہے۔ شب جمعہ کو تازہ غسل کرے۔ پاک وصاف کپڑے پہنے اور دو رکعت نما
قضائے حاجت کی نیت سے پڑھے۔ اس کے بعد مدینہ شریف کی جانب منہ کر کے دست بستہ کھڑے ہو کر
جمعہ چند بار بغیر شمار کے پڑھے۔ صلی اللہ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً وَّسَلَامًا
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اس کے بعد قبلہ رخ بیٹھ کر ۵ ہزار بار یہ دعا پڑھے۔ يَامُسَهِّلُ سَهِّلْ كُلَّ صَعْبٍ اَصْبَحْتُ
جِوَارِ اللّٰهِ وَاَمْسَيْتُ فِيْ اَمَانِ اللّٰهِ بعدہ درود شریف ۱۱بار۔



Marfat.com

## ۸۶۔ برائے قضائے حاجت بہت آسان عمل:

یہ عمل سید عالم ﷺ نے تعلیم فرمایا ہے بہت آسان اور زود اثر ہے بعد نماز فجر سو مرتبہ پڑھے اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار۔ ایک ہفتہ میں کامیابی نصیب نہ ہو تو خطا اپنی سمجھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ يَاقَدِيْمُ يَا دَآئِمُ يَا قَآئِمُ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ يَااَحَدُ يَا صَمَدُ يَامَنْ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ يَامَنْ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔

## ۸۷۔ برائے سخت ترین مہمات:

یہ عمل بھی بہت آسان ہے اور مجرب ہے جن بزرگ ترین ہستی سے یہ عمل منقول ہے فرماتے ہیں کہ اگر سات دن میں کام پورا نہ ہو تو قیامت کے دن میرا دامن اور اس کا ہاتھ ہو۔ اس کو لکھ کر سات دن بہتے پانی میں ڈالے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ اِلَى الْمَوْلَى الْجَلِيْلِ الْمُبِيْنِ الْمُغْفِرَةِ وَاَنْتَ الْغَفَّارُ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ اور ۷ بار یہ دعا پڑھے۔ اِلٰهِيْ بِحُرْمَةِ كُنْ فَيَكُوْنُ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ پہلی دعا سو بار اور دوسری دعا ۷۰ بار سات یوم میں ورد رکھے انشاء اللہ کامیاب و بامراد ہو۔ اول و آخر درود شریف ۲۱ بار۔

## ۸۸۔ حل مشکلات:

یہ عمل حل مشکلات کے لیے بے نظیر ہے۔ بعد عصر ۲۹۸ بار اول و آخر درود شریف ۹ بار ہر مشکل اور ہر حاجت غیب سے پوری ہو۔ یَارَحْمٰنُ كُلِّ شَيْءٍ وَّوَارِثَهٗ وَرَاحِمَهٗ يَارَحْمٰنُ۔

## ۸۹۔ عمل اسم یَاکَافِیُ:

یہ عمل ہر کڑی سے کڑی مہم اور تمام دشواریوں اور کل مشکلات میں اسم اعظم کا کام دیتا ہے اور ہر ضرورت غیب سے حل ہو جاتی ہے۔ اگر ہمیشہ ورد میں رکھے کبھی کوئی مشکل ہی نہ پیش آئے۔ اگر ۲۸ روز میں سوا لاکھ پڑھ کر زکوٰۃ ادا کرے تو دوسروں کی مشکلات کو بھی حل کر سکتا ہے۔ مریدین و معتقدین، عزیز و اقارب کی دستگیری پر قدرت حاصل ہو۔ چار دن ہر نماز کے بعد ۱۱۱ بار، صرف پہلے دن نماز فجر سے قبل بھی ۴۱ بار پڑھے کہ اس طرح

چاروں میں کل حروف کے اعداد جو ۲۲۶۱ ہوتے ہیں، پوری ہو جائے گی۔ اول آخر درود شریف ۱۱ بار یَــا کَــافِـ
الْمُوْسِعِ لِمَاخَلِقَ لَہٗ مِنْ عَطَایَافَضْلِہٖ یَا کَافِیْ۔

## ۹۰۔ عمل اسم یا غیاثُ:

یہ عمل تاثیر میں عقلوں کو حیران کرنے والا ہے جو حضرات عمل کرتے ہیں اور ناکامی کا شکوہ کرتے ہیں، تو اثر ظاہر ہوتا ہے مگر بہت مختصر یا کسی عمل سے فیض جاری ہو کر بند ہو جاتا ہے۔ تو یہ عمل کرے یا جس عمل میں ا خامیوں کی وجہ سے ناکامی کا خوف ہو تو اس دعا کو ایک بار یا ۳ بار ے بار یا ۸ بار پڑھے کبھی ناکام نہ ہوگا بلکہ عین امر کے مطابق ظہور ہوگا۔ اہل قلم و علم حضرات غور کریں کہ جو دعا دوسرے عمل کو تاثیر بخشے اور اس کے موکلوں کو اس طرف مائل کرنے کی ایسی قدرت رکھتی ہے تو جو کوئی اسی دعا کو اپنا عمل بنالے اس کی فریاد رسی اور کامیابی میں شک ہو سکتا ہے۔

یَاغِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَّ مُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَّ مُوْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَمَعَاذ
عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَّ رَجَائِیْ حِیْنَ یَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثُ

اگر یَــاغِیَــاثِیْ پڑھے تو ۱۵۲ بار اور اگر یَــاغِیَــاثُ پڑھے تو ۱۵۱ بار بعد نماز عشاء کبھی بیٹھ کر کبھی کھڑے ہو کر کبھی ٹہل پڑھے مگر قلب و زبان اور دماغ دعا کے الفاظ مخارج زیر۔ زبر اور معانی کی جانب متوجہ رہے کھڑے بیٹھے پڑھنے کا مقـ اپنی اضطراری پریشانی کی کیفیت کو ظاہر کرنا ہے۔ اگر کمزور اور مظلوم صرف ۹۹ بار پڑھے اور ہمیشہ ورد میں رکھنا چا ۴۰ بار اول آخر درود شریف ۹ بار۔

## ۹۱۔ عمل ناد علی:

نادعلی شریف قضائے حاجات حل مشکلات میں مشہور و مقبول ہے جواہر خمسہ میں لکھتے ہیں کہ غزوہ تبوک میں جب لشکر اسلام پر شکست کے آثار ظاہر ہوئے تو سرکار کائنات ﷺ مسلمانوں کی پریشانی دیکھ کر مغموم ہونے لگے۔ ا وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام یہ کلمات یعنی ناد علی شریف لے کر حاضر ہوئے اور سید عالم ﷺ نے انہیں پڑھا۔ تی مرتبہ بھی پورے نہ ہوئے تھے کہ شیر خدا حاضر آئے اور لشکر کفار پر عقاب کی طرح جھپٹے۔ چند ہی ساعت میں کچھ ق ہوئے باقی فرار ہو گئے۔ اس فتح سے بہت سامال غنیمت مسلمانوں کے ہاتھ آیا۔ گویا ناد علی شریف ایسے دشوار اور مشکل مواقع پر تیر بہدف دعا ثابت ہوتی ہے۔ ہر مہم میں ۴۴ بار بعد نفل نماز کھڑے ہو کر پڑھے اول و آخر درود شریف ۱۱ بار۔

نَادِ عَلِیًّا مَظْھَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْہُ عَوْنًا لَّکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ ھَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِنُبُوَّتِکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَبِوِ لَایَتِکَ
عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ۔



Marfat.com

۹۲۔ عمل بسم اللہ شریف:

بسم اللہ شریف کی برکات سے کون واقف نہیں مگر یہاں قضائے حاجات کے لیے پڑھنے کا طریقہ درج کیا جارہا ہے۔ اول تازہ وضو کرے اور دوگانہ ادا کرے اس کے بعد ایک ہزار بار بسم اللہ شریف پھر دو نفل ادا کرے وراپنی حاجت بارگاہ الٰہی میں پیش کرے۔ پھر ایک ہزار بار بسم اللہ شریف پھر دو نفل پھر بسم اللہ شریف ایک ہزار ، غرض اسی طرح بارہ ہزار کی تعداد پوری نہ کر پائے گا کہ مراد حاصل ہو جائے گی مجرب اور آزمودہ ہے اول آخر درود شریف ۱۱ بار

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّظْھَرِ الْجَلَالِ وَالْجَمَالِ مِرَاتِ الذَّاتِ الصِّفَاتِ مَخْزَنِ الْمُشَاھِدَاتِ مُوْصِلُ الْعِبَادَاتِ اِلٰی رَبِّ الْاَرْبَابِ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتٍ لَّکَ۔

۹۳۔ عمل الحمد شریف:

شب شنبہ کو بعد نماز عشاء دو نفل بہ نیت قضائے حاجت پڑھ کر ۳۰ بار الحمد شریف اور فجر کی سنت اور فرض کے بعد درمیان دس بار شب یکشنبہ کو ۴۰ بار، فجر میں ۲۰ بار، شب دوشنبہ کو ۵۰ بار فجر میں ۳۰ بار، سہ شنبہ کو ۶۰ بار فجر میں ۴۰ بار فجر میں ۷۰ بار اسی طرح دوسرے ہفتہ میں ۱۰۔۱۰ بار کم کرتے جائیں۔ انشاء اللہ پہلے ہفتہ میں مشکل حل ہو جائے ورنہ پورا عمل ہونے تک ضرور بالضرور۔ اب تک جس کو بھی یہ عمل بتایا پہلے ہی ہفتہ میں کامیابی ہوئی۔ اول و آخر درود شریف ۱۰ بار۔

۹۴۔ عمل دیگر الحمد شریف:

اگر کسی پر قرض کثیر ہو اور کوئی سبیل اس کے ادا کرنے کی نہ ہو یا کوئی اشد ضرورت درپیش ہو تو یہ عمل تین روز کرے بہتر ہے کہ دن میں روزہ رکھے اور رات کو یہ عمل کرے بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھ کر اس طرح الحمد شریف پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَا کَرِیْمُ یَا لَطِیْفُ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا رَؤُوْفُ یَا کَرِیْمُ یَا عَطُوْفُ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ یَا مُعْطِیْ یَا مُغْنِیْ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ یَا عَالِمَ السَّرَائِرِ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ یَا سَرِیْعُ یَا قَرِیْبُ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ط

۱۰۰ بار، آمین ۲۱ بار اول آخر درود شریف ۱۱ بار۔



Marfat.com

## ۹۵۔تیسرا عمل الحمد شریف:

یہ عمل بھی اپنی تاثیر میں بے نظیر ہے اگر حاجت دینی ہو تو قبلہ رخ اور حاجت دینوی ہو تو جانب رخ کر کے نوچندی اتوار کو یہ عمل شروع کرے کتنا ہی اہم کام ہو عمل پورا ہونے سے قبل ہی کام انجام پاتا ہے اتوار ۱۹ بار بسم اللہ شریف بعدہٗ ۵۰۰ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اور آمین ۱۰۰ بار، بروز پیر الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بار آمین ۱۰۰ بار، بروز منگل مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۲۱۱ بار آمین ۱۰۰ بار، بروز بدھ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بار آمین ۱۰۰ بار بروز جمعرات اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۴۰۱ بار آمین ۱۰۰ بار، بروز جمعہ صِرَاطَ الَّذِيْنَ عَلَيْهِمْ ۱۰۰ بار آمین ۱۰۰ بار۔ بروز ہفتہ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۷۰۴ بار اور آمین ۱۰۰ بار ہر مقررہ پر پڑھیں۔ جس وقت آسانی ہو وہ وقت مقرر کر لیں اور ہر روز درود شریف ۲۱ بار اول آخر پڑھیں۔

## ۹۶۔عمل شب جمعہ برائے قضائے حاجات:

بعد نصف شب جمعہ تازہ غسل کرے اگر سو کر اٹھے تو دو رکعت نماز تہجد اور سویا نہ ہو تو دو رکعت نفل حاجت کی نیت سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے تین بار سورۂ اخلاص پڑھے بعد سلام تین قضائے حاجت پڑھے پھر ایک ہزار بار يَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ پھر اپنے لیے دعا کرے اور اَللّٰهُمَّ اقْضِ حَاجَتِيْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ يَا مُجِيْبَ الدَّعْوَاتِ دس بار يَا مُدَبِّرَ الْاَ پھر درود شریف نماز فجر تک پڑھتا رہے۔

## ۹۷۔عمل سورہ اخلاص:

یہ عمل عجیب ترین ہے حل مشکلات کے ساتھ فرحت قلبی بھی حاصل ہوتی ہے مگر وہ حیرت انگ دیکھتا ہے جس سے نظر ہٹانے کو دل نہیں چاہتا اگر اہل ذوق چاہیں تو اس کی دعوت بھی دیں مگر خلوت اختی گی، کسی سے کلام نہ کرے۔ ایک پرہیزگار خادم رکھیں کہ وہ ضروریات کو انجام دے۔ غذائیں صرف چنے یا جو کی روٹی کھائیں۔ باقی ہدایات ترک جمالی و جلالی میں ملاحظہ فرمائیں اور اس پر عمل کریں۔ خلوت میں چھ ہزار بار بطریق مذکور ذیل پڑھیں۔ دن میں روزہ رکھے۔ ۴۰۰ بار روزانہ دن رات میں پڑ اوقات میں درود استغفار پڑھیں یا سوئیں۔

اور قضائے حاجت کے لیے ۶۰۰ بار ایک دن رات میں یا تین دن میں ۲۰۰ بار ہر سہ روز پڑھیں درود شریف ۴۱ بار طریقہ یہ ہے اَللّٰهُمَّ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ يَا اَ الصَّمَدُ يَا صَمَدُ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ يَا مَنْ لَّمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا يَا مَنْ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَهٗ



Marfat.com

لوٗا اَحَدٌ اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَلِی خُدَّامَ ھٰذِہِ السُّوْرَۃِ الشَّرِیْفَۃَ اَنْ تُجِیْبُوْلِی اِلٰی مَا اُرِیْدُ اِنَّا رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ۔ جب ۲۰۰ تعداد پوری ہو جائے یا ایک دن میں ۶۰۰ کی تعداد پوری کرنا ہو تو ہر ۲۰۰ کے بعد ایک بار یہ دعا پڑھیں۔ اُقْسِمْتُ عَلَیْکُمْ اَیُّھَا الْخُدَّامُ ھٰذِہِ السُّوْرَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَنْ تُجِیْبُوْلِی مَاتَعْتَدُوْنَہٗ اِلَّا مَا اَسْمَعْتُمُ الْاِجَابَۃَ دَعْوَتِی وَبِطَاعَتِی فَاَسْرِعُوا وَاحْضِرُوْا وَاَطِیْعُوْا بِحَقِّ قَوْلِہٖ تَعَالٰی اُدْعُوْنِی اَسْتَجِبْ لَکُمْ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِی سَیَدْخُلُوْنَ جَھَنَّمَ دَاخِرِیْنَ ط اس عمل کو شروع کرتے ہی تین موکل عامل کی مدد کے لیے متعین ہو جاتے ہیں اور جب تک کہ عامل کی ضرورت پوری نہ کر دیں واپس نہیں جاتے۔ اگر عامل کی ذات یا عامل کی وجہ سے کسی مومن مرد یا عورت کا دل نہیں دکھا ہے اور ان کی آہیں حائل نہ ہوں تو موکل سامنے حاضر ہو کر یوں کہتے ہیں اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَیُّھَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ ۔ اس کے جواب میں یوں کہے۔ وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ یَا عِبَادَ اللہِ پھر وہ سوال کریں گے کہ تو نے ہمیں کس لیے یاد کیا ہے۔ اب اختیار ہے کہ ان سے اپنی حاجت بیان کرے۔ اگر محمود ہوگی تو فوراً پورا کریں گے اور اگر موکلین کو تابع کرنا ہو تو ان سے کہے کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ تم کو جب یاد کروں حاضر ہو اور میرا جو کام ہو انجام دو، اس پر وہ کوئی شرط پیش کریں گے اگر تم نے اسے پورا کرنے کا وعدہ کیا تو ہمیشہ خادم رہیں گے اور جب بھی اس میں کوتاہی برتی موکل حاضر نہ ہوں گے۔

### ۹۱۔ تین روز میں کام پورا ہو:

یہ عمل اچانک حاجت درپیش ہونے پر تو کسی دن بھی شروع کر سکتے ہیں مگر شب شنبہ میں شروع کرنا زیادہ بہتر ہے۔ شب شنبہ بعد از نماز عشاء تنہائی میں روشنی گل کر کے اول ۱۱ بار درود شریف ۱۹ بار بسم اللہ شریف بعدہٗ ایک ہزار بار یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ اور درود شریف ۱۱ بار شب یکشنبہ کو دریا یا تالاب، حوض یا چشمہ کے کنارے اس طرح بیٹھیں کہ پاؤں پانی میں رہیں۔ اول ۲۱ بار درود شریف ۱۹ بار بسم اللہ شریف بعدہٗ ۵۰۰ بار لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّی كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط درود شریف ۲۱ بار شب دوشنبہ کو کسی ایسے مقام پر جہاں سر اور آسمان کے درمیان کچھ حائل نہ ہو برہنہ سر ہو کے اول درود شریف ۴۱ بار بسم اللہ شریف ۱۹ بار یَاغِیَاثِی عِنْدَ كُلِّ كُرْبَۃٍ وَّ مُجِیْبِی عِنْدَ كُلِّ دَعْوَۃٍ وَّ مُوْنِسِی عِنْدَ كُلِّ وَحْشَۃٍ وَّ مَعَاذِی عِنْدَ كُلِّ شِدَّۃٍ وَّ رَجَائِی حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِی یَا غِیَاثِی ۷۸۱ بار درود شریف ۴۱ بار۔

### ۹۲۔ درود محمود برائے قضائے حاجت:

ایام بیض میں بعد نماز مغرب اسی جگہ بیٹھ کر یہ درود عشاء تک بے شمار بغیر وقفہ کے پڑھے کتنا ہی عظیم اور مشکل مگر جائز کام ہو ہر حالت میں پورا ہو۔ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط صرف ابتداء میں ۱۹ بار بعدہٗ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ شَجَرَةِ الْاَصْلِ النُّوْرَانِيَّةِ وَ
الْقَبْضَةِ الرَّحْمَانِيَّه وَمَعْدِنِ الْاَسْرَارِ الرَّبَّانِيَّةِ وَخَزَائِنِ الْعُلُوْمِ الْاِصْطَفَائِيَّةِ صَاحِبِ الْقَ
الْاَصْلِيَّةِ وَالْبَهْجَةِ السَّنِيَّةِ الرُّتْبَةِ الْعَلِيَّةِ مِنَ الدَّرَجَةِ النَّبِيُّوْنَ تَحْتَ لِوَائِهٖ فَهُمْ مِنْهُ وَاِلَيْهِ وَ
وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَرَزَقْتَ وَاَمَتَّ اِلٰى يَوْمِ تُبْعَثُ مَنْ اَقْلَيْتَ وَ
تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ



Marfat.com

# بَابُ الْغِنَا

غربت وافلاس ہو یا مال ودولت کی افراط، غیر مسلم حضرات کے لیے شان ربوبیت کا اظہار ہے کہ ہم ایسے پالنے والے ہیں کہ ہماری شان خالقیت کو فراموش کر کے سنگ وشجر شمس وقمر کی پرستش کر رہے ہیں اور ہمارے سوا سینکڑوں خدا بنا رکھے ہیں اور اپنے سے کمتر مخلوق کی عبادت کر رہے ہیں مگر ہم اپنے خوان کرم سے تم کو بھی نواز رہے ہیں اور ان پر جو تکلیف ومصیبت آتی ہے وہ بھی شان ربوبیت کا اظہار ہے کہ یہ حقیری تکلیف ومصیبت تم پر آئی ہے کہو ان سے جن کو تم پوجتے ہو کہ وہ اس کو دور تو کر دیں۔ انصاف پسند کہہ اٹھتے ہیں کہ جو اپنی مدد آپ نہ کر سکے وہ دوسروں کی کیا مدد کر سکے گا۔ غرضیکہ افلاس ودولت غیروں کی ہدایت کے لیے شان ربوبیت کا اظہار ہے اور مسلمانوں کے لیے امتحان ہے یا احسان۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ الٓمّٓ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَكُوْٓا اَنْ یَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ کیا لوگ اس گھمنڈ میں ہیں کہ اتنا کہہ لینے سے چھوڑ دیے جائیں گے کہ ہم ایمان لائے اور ان کا امتحان نہ ہوگا۔'' اس سے معلوم ہوا کہ تنگدستی، غربت وافلاس بھی امتحان ہے کہ کون صبر کرتا ہے اور کون اپنے خدا کو بھول کر حرام کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ مثلاً چوری، سود، سٹہ اور دوسرے کو نقصان پہنچا کر اپنا بھلا چاہتا ہے اور دولت وعزت دے کر امتحان اس طرح کہ کون شکر ادا کرتا ہے اور غریبوں کی مدد کرتا ہے۔ اس سلسلے میں چند اقوال جن کو اہل اللہ جواہر پاروں سے تشبیہ دیتے ہیں پیش کیے جاتے ہیں۔

- اولیاء اللہ کا ارشاد ہے دنیا خدا کی دشمن ہے، خدا کے دوست اس کے دشمن سے محبت نہیں کرتے۔
- حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص تمام آسمان وزمین والوں کے برابر عبادت کرے اور دولت دنیا سے محبت رکھے قیامت کو ندا فرمائی جائے گی کہ یہ شخص تھا جو خدا کے دشمن سے محبت کرتا تھا۔
- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں دو بھوکے بھیڑیے بھیڑوں کے غول میں اس قدر تباہی نہیں کرتے جس قدر دوستی مال وجاہ کی مسلمان کے دل کو تباہ کرتی ہے اور نفاق کو دل میں پیدا کرتی ہے جیسے پانی سبزے کو۔
- عارفین کا ارشاد ہے کہ دنیا تصرف کے لیے ہے محبت کے لیے نہیں، دنیا کی دولت حاصل کر و اپنی ذات اور اہل وعیال کے لیے اور راہ خدا میں خرچ کرو۔ اس کی محبت کو دل میں جگہ نہ دو کہ دل خدا کی محبت کے لیے ہے اس میں غیر کو آنے کی اجازت نہیں۔
- شبلی رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے سوال کیا زکوٰۃ کس قدر ہے فرمایا فقہاء کے مذہب میں دو سو درہم سے پانچ درہم دینا اور مذہب عشاق میں دو سو میں سے ایک بھی رکھنا جائز نہیں، بلکہ اس کے شکر میں جان بھی دے دینا



Marfat.com

چاہیے کہ اس نے اپنے کرم سے دیئے مگر ان کی محبت نہ دی اور اپنی راہ میں خرچ کرنے کی توفیق بخشی
- اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، اللہ تعالیٰ سود گھٹاتا اور صدقے کو بڑھاتا ہے اور اللہ دوست نہیں رکھتا ناشکرے گنہگار کو۔
- علماء فرماتے ہیں کہ سود کی کمائی چوری ہو جاتی ہے یا لٹ جاتی ہے یا آگ میں جل جاتی ہے یا خاک مل جاتی ہے یا حاکم ٹیکس میں چھین لیتا ہے یا اولاد عیاشی میں خرچ کر دیتی مگر خود کو اس سے کوئی نہیں۔
- اور صدقہ پرورش پاتا ہے۔جس طرح ایک دانے سے ۱۰ ابالیں پیدا ہوتی ہیں اور ہر بالی میں سو ہوتے ہیں۔صدقہ کا بدلہ دنیائے فانی میں بہت تھوڑا اور آخرت میں کل مزید انعام کے ساتھ ملتا۔
- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے اس امت کی پہلی نیکی یقین اور زہد ہے اور پہلا فساد بخل ہے۔یقین مراد اللہ تعالیٰ رازق و مالک ہے۔
- فرمایا ﷺ نے مسلمان جھوٹ اور خیانت کی خصلت پر پیدا نہیں کیا جاتا بلکہ وہ مشرف ہوتا ہے امانت سے بہ سبب تصدیق و ایمان کے۔
- فرمایا ﷺ نے جو تکبر کرتا ہے خدا اسے خوار کرتا ہے۔وہ اپنی نظر میں بڑا ہے اور لوگوں کی نظر میں سور سے بھی بدتر ہے۔
- ارشاد الٰہی ہے۔سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام پر وحی آئی کہ اے اسمٰعیل اگر تو مجھے پانا چاہتا ہے تو شکستہ کے پاس تلاش کر۔
- اور فرمایا ﷺ نے میری رضامندی اپنے ضعیفوں کے پاس تلاش کرو۔(اور مجھے راضی رکھ تو) ان کو راضی رکھو اس لیے کہ تم کو تمہارے ضعیفوں کی بدولت رزق دیا جاتا ہے (یہاں وہ لوگ ہیں جو حصول دولت میں کمزور اور مجبور ہیں)
- رسول اللہ ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو حکم دیا کہ مساکین سے محبت کرو اور ان کے قریب
- رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ انسان کے دل میں حسد اور ایمان اکٹھے نہیں رہتے فرمایا حسد سے بچو کہ حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح لکڑی آگ کو کھا ہے۔یہ وہ جواہر پارے ہیں جن کو پرو کر مسلمان اپنے گلے کی زینت بنا لے تو دنیا و آ سنور جائے۔

اب تو یہ بات سمجھ میں آ گئی ہوگی کہ غربت و افلاس بھی رحمت ہے کہ جس کا دل بوجہ غربت و افلاس کی سے ٹوٹا مگر وہ نہ تو خدا سے ناطہ توڑ کر غیر کی طرف مائل ہوا۔نہ احکام خداوندی کے خلاف حرام کو ذریعہ معاش


قادری رضوی کتب خانہ

مالداروں کی دولت دیکھ کر حسد کی گندگی میں ملوث ہوا بلکہ صبر و نماز کے ذریعہ اللہ اور رسولؐ ہی کی طرف لو لگائے ہے تو اس کا دل خدا کا گھر ہے۔ ایسوں ہی کے لیے ارشاد فرمایا۔ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ ط اے بندے میں تیری رگ جان سے قریب تر ہوں۔'' اللہ اکبر۔ شکستہ دل کا یہ اعزاز اسی پر بس نہیں خدا کے محبوب اکرم ﷺ ارشاد فرمائیں جو مجھے راضی رکھنا چاہے تو میری امت کے غریبوں کو راضی رکھے۔ اس پر بس نہیں۔ ام المومنینؓ اور صحابہ کرامؓ سے ارشاد ہوا کہ میری امت کے غریبوں فقیروں سے محبت کرو اور اسی پر بس نہیں کل روز قیامت تمہارا رب تبارک وتعالیٰ ارشاد فرمائے گا کہاں ہیں میرے محبوب کی امت کے غریب و مسکین، جب وہ حاضر آئیں گے تو فرمایا جائے گا کہ اے میرے بندو میں نے تمہیں ذلت و رسوائی کے لیے غریب نہیں کیا تھا بلکہ اس لیے کہ اگر تم صبر کرو تو آج تمہیں خلعت عزت و کرامت عطا کروں اور اس خلعت کو زیب تن کر لو اور جنت میں چلے جاؤ اور اسے بھی اپنے ساتھ لیتے جاؤ جس نے ترس کھا کر تمہیں کھلایا پلایا ہو۔ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ساری دنیا کی دولتیں اس اعزاز پر قربان۔

اس باب کی ساری ہدایتیں ان جواہر پاروں سے ظاہر ہیں کہ حصول دولت وغنا کے عملیات سے قبل بری عادتوں جوا، شراب، عیاشی، تکبر، سود، سٹہ وغیرہ سے تائب ہو، کبھی غریب کو حقیر نظر سے نہ دیکھے نہ جھڑکے بلکہ جو ممکن ہو اس کے ساتھ احسان کرے، مگر بدافعال غریب کو نقد نہ دے کہ وہ فاقہ نہیں توڑے گا بلکہ نشہ کرے گا۔ ہاں کھانا کھلا دے اور اپنا پرانا کپڑا پہنا دے۔ نیا دیا تو بیچ کر برے کام پر خرچ کرے گا۔

## ۱۰۱۔ عزت و دولت کا تاج یعنی درود تاج:

یہ درود شریف بہت محبوب و مقبول ہے اور اکثر کی ورد زبان اور حرز جان ہے اور کیوں نہ ہو کہ اس کا نام بھی درود تاج ہے یعنی رحمت و برکت کا لازوال تاج ہے۔ یعنی جب تنگدستی دور نہ ہونے اور روزگار نہ ملنے کی وجہ سے عزت کی حفاظت دشوار ہو جائے تو درود تاج بعد ہر نماز ۷ بار اور بعد نماز عشاء ایک بار بحضور قلب اور دن میں تلاش معاش میں نکلے تین دن ایسا ہی کرے اگر تین دن میں کوئی ذریعہ نہ نکلے تو چوتھے روز بعد فجر سے پڑھنا شروع کر دے جب تک پڑھتا رہے کہ کوئی آ کر اس کو خوشخبری نہ سنائے۔ درود تاج یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ۔ دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَاءِ الْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ط اِسْمُہٗ مَکْتُوْبٌ مَرْفُوْعٌ مَشْفُوْعٌ مَنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ سَیِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ جِسْمُہٗ مُقَدَّسٌ مُعَطَّرٌ مُطَھَّرٌ مُنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ ط شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْھُدٰی کَھْفِ الْوَرٰی



Marfat.com

مِصْبَاحِ الظُّلَمِ ط جَمِيْلِ الشِّيَمِ ط شَفِيْعِ الْاُمَمِ ط صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ ط وَاللّٰهُ عَاصِ
وَجِبْرِيْلُ خَادِمُهٗ وَالْبُرَاقُ مَرْكَبُهٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَسِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى مَقَامُهٗ وَقَابَ قَوْسَ
مَطْلُوْبُهٗ وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ ط خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ ط شَفِ
الْمُذْنِبِيْنَ اَنِيْسِ الْغَرِيْبِيْنَ ط رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِيْنَ رَاحَةِ الْعَاشِقِيْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِيْنَ شَمْسِ الْعَارِ
سِرَاجِ السَّالِكِيْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِيْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسَاكِيْنَ ط سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ نَ
الْحَرَمَيْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ وَسِيْلَتِنَا فِي الدَّارَيْنِ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَيْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَ
وَالْمَغْرِبَيْنِ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ مَوْلَانَا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ ط اَبِي الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ ا
نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ ط يٰۤاَيُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ صَلُّوْا عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ط

## ۱۰۲۔ یٰسین شریف کا عمل:

یہ عمل بہت زود اثر ہے۔ یٰسین شریف بعد نماز عشاء ایک بار اس طرح کہ ہر مبین پر درود تاج ۴۱ بار پڑھے۔ پہلے ہی دن کام سنور جاتا ہے۔ اگر یقین یا حضور قلب یا صحت لفظی میں کمی ہے تو دوسری بات ہے۔ ہر مبین پر درود شریف پڑھ کر دم کریں اور اس نقش کو ٹوپی میں رکھیں۔ یہ نقش معمولی غفلت سے غائب ہو جاتا ہے۔ حفاظت کرنا شرط ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٦٩١٨٨ | ٦٩١٩١ | ٦٩١٩٤ | ٦٩١٨٠ |
| ٦٩١٩٣ | ٦٩١٨١ | ٦٩١٨٧ | ٦٩١٩٢ |
| ٩٦١٨٢ | ٦٩١٩٦ | ٦٩١٨٩ | ٦٩١٨٦ |
| ٦٩١٩٠ | ٦٩١٨٥ | ٦٩١٨٣ | ٦٩١٩٥ |

## ۱۰۳۔ الحمد شریف:

حصول دولت و غنا کے لیے الحمد شریف اس طرح پڑھیں اول درود قضائے حاجت یعنی درود تنجینا ایک بعدہٗ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَاِسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَجَدِّكَ الْاَعْلٰى وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ ۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۷ بار درود تاج شریف ۷ بار اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۱۳ بار درود تاج ۱۲ بار مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۱۱ درود تاج ۱۱ بار اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۱۹ بار درود تاج ۱۹ بار صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۱۹ بار درود تاج ۱۹ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۲۵ بار درود تاج ۲۵ بار آمین ۵ بار پھر یہ دعا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّيْ فِيْ حَاجَتِيْ هٰذِهٖ لِتَقْضِيَ لِيْ حَاجَتِيْ ۳ بار۔

## ۱۰۴۔ نقش حصول دولت وغنا:

اس نقش کو چراغ پر کندہ کرا کے عروج ماہ میں عمل کرے۔ اس نقش کی چار بتی اچھے گھی سے روشن کرے اور درود تاج یا درود قضائے حاجت (تنجینا) ایک بار یا ۷ پڑھے اسکے بعد بسم اللہ شریف ۷۸۶ بار اس کے بعد یہ دو نقش کاغذ پر لکھے پہلا اور دوسرا الگ الگ رکھے پہلا آٹے میں گولی بنا کر دریا میں یا تالاب جس میں مچھلیاں ہوں ڈالے دوسرا اپنے پاس رکھے۔ دوسرے روز تین نقش لکھے پہلے دونوں دریا میں ڈالے۔ آخری ایک نقش پہلے ایک نقش کے ساتھ ملا کر اپنے پاس رکھے۔ اسی طرح ہر روز ایک نقش بڑھاتا جائے۔ پہلے میں آخری اپنے پاس رکھے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۲ بسم | ۶۶ اللہ | ۳۲۹ الرحمن | ۲۸۹ الرحیم |
| حی ۳۳۰ یاقریب | کافی ۲۸۸ یاواصف | ۱۰۳ الباسط | ۶۵ یادیان |
| سلطان ۲۸۷ یاواسع | واحد ۳۳۳ یارزاق | ۶۸ یامحیی | ۱۰۴ الجلیل |
| ۶۷ یامحیط | ۱۰۵ یاعادل | ۲۸۶ یارؤف | وہاب ۳۲۸ یاقدیر |

الرحیم الرحیم الرحیم الرحیم

۱۹ دن یہ عمل کرے ۱۹ دن کے ۱۹ نقش اس کے پاس جمع ہو جائیں گے ان سب کو ایک جگہ موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں اور جب تک حسب منشاء کام نہ چل جائے یا ملازمت نہ ملے یا مستقل نہ ہو جائے ہر روز ۱۹ عدد نقش لکھتا رہے، چراغ بھی جلاتا رہے، بسم اللہ شریف بھی پڑھتا رہے۔ یہ ۱۹ نقش دریا میں ڈالتا رہے۔ اگر اس دوران کسی کو نقش دینا ہو تو ایک نقش زائد لکھے۔

## ۱۰۵۔ نقش وسعت رزق:

اس نقش کو کندہ کرا کے اپنے پاس رکھے اور یَا رَزَّاقُ تَرَزَّقْتَ بِالرِّزْقِ وَالرِّزْقُ فِیْ رِزْقِ رِزْقِكَ یَا رَزَّاقُ ۳۰۸ مرتبہ ۴ روز اس کے بعد اَلْوَهَّابُ ۲۷۰ مرتبہ ۴ روز اس کے بعد یَا رَزَّاقُ اَلْوَهَّابُ ۱۰ بار روزانہ پڑھ کر دم کرے۔




اول و آخر
درود شریف
۱۰ بار یا ۳ بار



Marfat.com

**۱۰۶۔ نقش حصول دولت و عزت:** بسم اللہ شریف کا یہ نقش شرف قمر میں کندہ کرائیں اور شرف قمر ہی میں اس کا عمل کریں۔ شرف قمر ہر ماہ ڈھائی دن تقریباً رہتا ہے۔ دن یا رات میں ساعت قمر ہی میں اس کا عمل بھی شروع کریں اول درود تاج ۷ بار بعدہٗ اَجِبْ یَا جِبْرَائِیل یَاھَمْوَاکِیْلُ یَارُوْ یَائِیْلُ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا طَاطَائِیْلُ یَا دُوْرِیَائِیْلُ یَا اَمْوَاکِیْلُ یَا تَنْکَفِیْلُ یَا حَوْلَائِیْلُ یَا سَرَاکِیْتَائِیْلُ بِحَقِّ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۷۸۶ بار پڑھ کر دم کر کے اپنے پاس عطر لگا کر رکھیں اگر ممکن ہو تو ہر روز ۱۹ بار بسم اللہ باموکل پڑھ کر نقش پر دم بھی کریں اور پانی پر دم کر کے پی لیا کریں اور باقی منہ ہاتھ پر مل لیا کریں۔

اجب یا جبرائیل بحق

| | الرحیم | الرحمن | بسم اللہ | |
|---|---|---|---|---|
| یا ہمواکیل | ۲۶۳ | ۲۵۸ | ۲۶۵ | یا اسرافیل |
| یاحولائیل | ۲۶۴ | یا اکرام | ۳۶۰ | یاروبائیل |
| یادوریائیل | ۲۵۹ | ۲۶۶ | ۲۶۱ | یا امواکیل |
| | یاطاطائیل | یاسراکیتائیل | یاتنکفیل | |

**۱۰۷۔ عمل بسم اللہ شریف برائے وسعت رزق:**

جو شخص ہر طرح مفلس و مجبور ہو اور کوئی ذریعہ معاش نہ ہو یا اب ذریعہ معاش پر قادر نہیں، کمزور بیمار ہے تو اس عمل کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے سوال کرے بے مشقت روزی عطا کرے۔ اگر روزے رکھنے پر قادر ہو تو بدھ جمعرات، جمعہ کا روزہ رکھے۔

جمعہ کو غسل کرے اور مسجد کو جائے۔ اگر ممکن ہو تو کچھ صدقہ کرے اگرچہ ایک نیا پیسہ ہی ہو یا ایک کھجور ہی ہو، اور مسجد میں جا کر قبلہ رو بیٹھ کر، اور اگر کمزور یا بیمار اتنا ہے کہ مسجد تک نہ جا سکے تو گھر میں ہی ایک سو گیارہ بار اس نقش کو سامنے رکھ کر اس طرح بسم اللہ الرحمٰن الرحیم شریف پڑھے۔ اول و آخر درود شریف پڑھ کرے بار پھر اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳ ۱۹۶ ۵۱۶ | ۳ ۱۹۹ ۵۱۹ | ۳ ۲۰۲ ۶۲۲ | ۳ ۱۸۹ ۵۰۹ |
| ۳ ۲۰۱ ۵۲۱ | ۳ ۱۹۰ ۵۱۰ | ۳ ۱۹۵ ۵۱۵ | ۳ ۲۰۰ ۵۲۰ |
| ۳ ۱۹۱ ۵۱۱ | ۳ ۲۰۲ ۵۲۲ | ۳ ۱۹۷ ۵۱۷ | ۳ ۱۹۲ ۵۱۲ |
| ۳ ۱۹۸ ۵۱۸ | ۳ ۱۹۳ ۵۱۳ | ۳ ۱۹۴ ۵۱۴ | ۳ ۲۰۳ ۵۲۳ |



Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ وَهُوَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۚ اَسْئَلُكَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۚ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ اَسْئَلُكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ اَسْئَلُكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۚ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۚ اَسْئَلُكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الَّذِيْ عَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَخَشَعَتْ لَهُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْيَتِهٖٓ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ ........

یہاں پر اپنی ضرورت کا ذکر کرے کہ مجھے رزق حلال عطا فرمایا رَزّاقُ یا یوں کہے کہ مجھے خرچ یومیہ عطا فرمایا مُعْطِی علاوہ جمعہ کے ہر روز ۱۹ بار بعد نماز عشاء پڑھا کرے اور اس نقش پر دم کرتا رہے کہ جس دن یہ عمل چھوٹ جائے گا تو اس نقش کے پاس رہنے کی وجہ سے عمل منقطع نہ ہوگا۔

## ۱۰۸۔ نماز برائے حصول روزگار:

ہر روز جب تک حسب منشاء کام نہ ملے بعد عشاء دو رکعت نماز نفل اس طرح ادا کرے کہ پہلی رکعت میں ثناء والحمد کے بعد وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۱۰ بار اور دوسری رکعت بعد الحمد وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۚ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا۔ ایک سو بار اور بعد سلام کے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ ۚ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ سو بار اور درود شریف ۱۰ بار پھر سجدے میں جا کر اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۷۰ بار پڑھے اور اللہ سے دعا کرے بہت مجرب ہے۔

## ۱۰۹۔ نقش وسعت رزق:

یہ نقش وسعت رزق کے لیے مجرب ہے یہ نقش ۵۵ عدد لکھے اور ہر نقش پر یہ دعا ایک بار پڑھ کر دم کرے۔ اَكْرِمْنِيْ وَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّاسِعَةً نِّعْمَةً كَثِيْرَةً بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۵۴ پہلے نقوش آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے اور آخری نقش اپنے پاس رکھے اس کے بعد ہر روز ایک نقش لکھتا رہے اور لکھتا رہے اور دس بار روزانہ یہ دعا ورد میں رکھے اور وہ نقش کسی حاجت مند کو

| اکرمنی وھب لی | من لدنک رحمتہ واسعۃ | ونعمۃ کثیرۃ برحمتک | یاارحم الراحمین |
|---|---|---|---|
| ۲۳۶۷ | ۵۹۹ | ۳۷۵ | ۱۳۷۸ |
| ۵۹۸ | ۲۳۶۴ | ۱۳۸۱ | ۳۷۶ |
| ۱۳۸۰ | ۳۷۷ | ۵۹۷ | ۲۳۶۵ |



Marfat.com

دے دیا کرے۔ اگر حاجت مند نہ آئے تو آٹھویں دن ان نقوش کو گولی بنا کر دریا میں ڈال دیا کرے۔

## ۱۱۰۔ برائے وسعتِ رزق:

حصول دولت وغنا اور وسعت روزگار کے لیے یہ عمل کرے۔ اول یہ نقش روز یکشنبہ پہلی ساعت میں لکھے اور اسی ساعت میں یہ عمل شروع کرے اور اگر یہ نقش کندہ کرائے تو تاکید کر دے کہ یہ نقش چاندی پر ساعت شمس میں کندہ کیا جائے اور اس عمل کو بروز یکشنبہ ساعت شمس یعنی پہلی ساعت میں شروع کریں اور درود تاج یا درود تنجینا تین بار پڑھیں اور اس کے بعد ۱۴۰۳ بار

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۹۰ | ۴۹۳ | ۴۹۶ | ۴۸۲ |
| ۴۹۵ | ۴۸۳ | ۴۸۹ | ۴۹۴ |
| ۴۸۶ | ۴۹۸ | ۴۹۱ | ۴۸۸ |
| ۴۹۲ | ۴۸۷ | ۴۸۵ | ۴۹۷ |

سُبْحَانَکَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَّ وَارِثَہٗ وَرَازِقَہٗ وَ وَرَاحِمَہٗ

سُبْحَانَکَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَّ وَارِثَہٗ وَرَازِقَہٗ وَرَاحِمَہٗ آخر میں درود شریف ۷ بار۔ اس عمل کی حد تین چلے تک ہے مگر تین چلے کمزور اعتقاد والے حضرات کو پیش آتی ہے۔

اس عمل میں یہ شرط ہے کہ جب یہ عمل شروع کرے تو پھر کسی سے اظہار نہ کرے کہ میں فلاں عمل کر رہا ہوں سوائے اس کے کہ جس نے بتایا ہو یا اجازت بخشی ہے اور جو اثرات وفوائد ظاہر ہوں ان پر مغرور نہ ہوں اور ہمیشہ پاکیزگی باطن کا خیال رکھے قلب وجسم اور لباس کو نجاستوں اور کثافتوں سے بچائے۔

## ۱۱۱۔ انگشتری برائے حصول روزگار و دولت وغنا:

یہ انگشتری خاص اسی مقصد کے لیے رضوی کتب خانہ بازار صندل خان بریلی شریف میں تیار کی جاتی ہے۔ اس انگشتری کا نقش شرف آفتاب میں کندہ کیا جائے گا جو اپریل ۷۴ء میں تیار کیا گیا۔ اس انگشتری کو حاصل کرنے کے بعد ساعت قمر میں یعنی روز دوشنبہ طلوع آفتاب سے لے کر ایک گھنٹہ قمر کی ساعت ہے۔ اس وقت سورج کی طرف منہ کر کے انگشتری ہاتھ میں لے کر یَا مَنَّانُ ذُوالْاِحْسَانِ قَدْ عَمَّ کُلَّ الْخَلَائِقِ مَنُّہٗ یَا مَنَّانُ ۹۹ بار پڑھیں اور اول درود شریف ۹ بار پھر انگشتری پہن لیں۔ اگر بعد نماز فجر ہمیشہ ورد میں رکھیں تو جو دعا کی جائے یا جو حاجت پیش آئے اور عائل دل سے جو چاہے پوری ہوگی۔



Marfat.com

## ۱۱۲۔عمل بے تاج بادشاہت:

یہ عمل اگر بے ایمان پڑھے دولت ایمان سے مالا مال ہو۔غریب پڑھے دولت مند ہو۔دنیا و آخرت میں سرفراز فرمایا جائے۔بے علم پڑھے دولت علم سے سینے کو بھر دیا جائے اور کمزور و مجبور عمل کرے تو شوکت و ہیبت سے نوازا جائے۔بلکہ اس کے عامل کو بے تاج کا بادشاہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا کیونکہ جو اس کے حضور حاضر ہو یا عامل جس کے سامنے جائے، تعظیم و تکریم سے پیش آئے۔مال دنیا بہت آئے مگر شرط یہ ہے کہ جو کچھ بھی آئے اسی دن خرچ کر ڈالے کل کے لیے روکے نہیں۔کیونکہ دینے والا کل کو اور دے گا، بہت دے گا۔قصداً دوسرے دن کے لیے روکنا عطائے ربی پر اعتماد کی کمزوری کی دلیل ہے اور یہ عمل کے اثر کو زائل کر دیتا ہے۔اگر خرچ کرتے کرتے خود بچ رہے تو کوئی حرج نہیں۔یہ عمل ۹۹ دن کا ہے یعنی ۳ ماہ اور ۹ دن کا۔اگر اتنے دن تنہائی اختیار کرے تو زیادہ بہتر ہے ورنہ حلال غذا جس میں حرام کمائی کا ایک پیسہ بھی شامل نہ ہو اسی پر قناعت کرے۔تنہائی اس کے لیے بہتر ہے کہ جب نہ کوئی پاس آئے، نہ یہ کسی سے بات کرے گا تو زبان قلب ونظر و جسم، دست و پاسب گناہ سے بچ رہیں گے اور اگر اپنی ذات پر اعتماد ہے تو خلوت بھی ضروری نہیں۔یَا عَجِیْبَ الصَّنَاءِ فَلَا تَنْطِقُ الْاَلْسِنُ بِکُلِّ ثَنَائِہٖ وَنَعْمَائِہٖ یَا عَجِیْبُ۔ ۹۹ روز تک پندرہ ہزار بار اس طرح پڑھے کہ دن میں دس ہزار بار اور شب ۵ ہزار بار۔دن کے عمل کو دو وقت میں تقسیم کر سکتے ہیں۔یعنی فجر سے دوپہر تک اور بعد ظہر سے مغرب تک دوپہر کا کھانا کھا کر قیلولہ کر کے ظہر میں اٹھ کر نماز ظہر ادا کرے پھر عمل شروع کر دے۔پہلے دن اول ۱۴۱ بار درود تاج ختم عمل پر ایک بار، اسی طرح تمام اوقات میں اول و آخر درود تاج پڑھے اور کبھی دوران عمل میں کسی سے بات کرنا ہو تو تعداد کا خیال رکھے اور ایک بار کوئی مختصر درود پڑھ کر بات کرے اور پھر درود پڑھ کر شروع کر دے اور ہر جمعہ کو غسل کرے۔سنت پڑھ کر مسجد جائے۔اگر کچھ پاس ہو تو کسی مستحق کو خیرات کرے اور سنتیں اپنے مقام پر آ کر پڑھے۔انشاء اللہ دوران عمل ہی عجائبات قدرت دیکھے گا۔حضرت محمد غوث رحمۃ اللہ علیہ گوالیاری جو اس کے عامل تھے تحریر فرماتے ہیں اس کے عامل کو حق تعالیٰ یہ کرامت عطا فرمائے گا کہ اس کا کلام حجت عالم ہو اور ہر بات اس کی قرآن و حدیث سے ہو جس کے لیے دعائے عافیت و دعائے ہلاکت کرے قبول ہو اور تمام جہان میں مشہور ہو اور نعمت ہائے گونا گوں سے مالا مال ہو اور فتوحات و کرامات کا ظہور ہو۔عامل کو لازم ہے کہ جو کچھ آئے، خرچ کر ڈالے، دوسرے دن کے لیے نہ رکھے خدا تعالیٰ دوسرے روز پھر عطا کرے گا۔

## ۱۱۳۔تاج عزت و کرامت:

یہ عمل پہلے عمل کی مثل نہیں مگر اس کے فضائل و اثرات کم بھی نہیں اور اس کو اس لیے درج کیا جا رہا ہے کہ

جس کو عمل مندرجہ بالا کرنے کی ہمت نہ ہو تو یہ عمل مختصر ہے آسانی سے سرانجام دیا جاسکتا ہے۔ یہ عمل چالیس روز تک چار ہزار بار اور یہ بھی ممکن نہ ہو تو صرف سولہ دن ایک ہزار بار اس کے بعد ۵۵ بار ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کرے اس کے آداب وہی ہیں جو اوپر درج ہیں اگر ہر دو عمل میں پیر کا تصور یا عامل جس نے اجازت اس کو دی ہے اس کا تصور کریں اور پیر انتقال کر چکا ہے تو اس کی روح کو فاتحہ پڑھ کر ثواب بخشیں اور اس کا تصور کر کے پڑھیں کہ اگر قسمت سے موکل اس کا حاضر ہو تو اچھی شکل میں آئے اور جب کوئی سامنے آئے تو آپ عمل ترک نہ کریں اور نہ ڈریں بلکہ بلند آواز سے عمل پڑھنا شروع کر دیں، اگر عمل کی تعداد ختم کے قریب ہے تو اسی پر بس نہ کریں بلکہ تعداد پڑھتے رہیں۔ جب وہ سوال کرے تو اس کے سوال کا جواب دیں اور اس سے اپنی خواہش بیان کریں۔ اگر موکل کو تابع کرنا ہے تو اس کے متعلق باادب کہیں، وہ جو شرط بتائے اگر آپ اس پر ہمیشہ قائم رہ سکیں تو وعدہ کریں ورنہ صرف اتنا کہیں کہ مجھے جس وقت جو حاجت پیش آئے آپ اسے انجام دیں میں آپ کی نظر عنایت کا طالب ہوں مطیع کرنا نہیں چاہتا۔ عمل یہ ہے۔

يَا عَظِيْمُ ذُوالثَّنَاءِ الْفَاخِرِ الْعِزِّ وَالْمَجْدِ وَالْكِبْرِيَاءِ فَلَا يَذِلُّ عِزُّهٗ يَا عَظِيْمُ۔

پڑھنے کا طریقہ وہی ہے جو اوپر درج ہے۔ اگر پیر متبع شریعت نہیں یا عقیدہ اس کا مشکوک ہے تو نقصان کا اندیشہ ہے۔ ایسی حالت میں آفتاب ہدایت ماہتاب سنیت حضور مفتی اعظم ہند دامت برکاتہم العالیہ جو ہم شبیہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ ہیں ان سے عقیدت و محبت کا رشتہ قلب میں پیدا کر کے آپ کا تصور کریں کہ نقصان سے محفوظ رہیں اور فیض کامل حاصل ہو سکے اور اجازت تحریری عملیات فقیر اقبال احمد نوری سے حاصل کریں۔

### ۱۱۴۔ عمل اسم یَا مُغْنِیُ:

یہ عمل حصول دولت و غنا کے لیے بے نظیر ہے مگر طریقہ عمل میں نہیں ملتا۔ اگرچہ یہ عمل بہت مشہور ہے مگر خیال یہ ہے کہ کسی نے فائدہ حاصل بھی کیا ہوگا تو اپنے اعتقاد اور خلوص نیت کے سبب یہی حال اکثر عملیات کا۔ جو کتب عملیات میں مرقوم دیکھے گئے مگر تجربہ سینہ بہ سینہ حاصل ہوا۔ اس میں اثر ہی کچھ اور دیکھا۔ یہاں اس کا درج کرنا اس لیے بہتر سمجھا کہ جو مغموم و مجبور حضرات اہلسنت اس سے فیض یاب ہوں گے ان کی دعائیں میرے حق میں عمل سے زیادہ قوی اور مفید ثابت ہوں گی۔ طریقہ یہ ہے اول درود تنجینا ۳ بار اس کے بعد اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُغْنِیُ وَاَنَا الْفَقِیْرُ فَمَنْ یَّدْعُ الْفَقِیْرُ اِلَّا الْمُغْنِیُ۔ ایک بار یَا مُغْنِیُ گیارہ سو بار اس کے بعد سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط وَاِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّھُمْ یَرْشُدُوْنَ ط یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ مَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَّ مُوْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَّ رَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثِیْ سات بار یا ۷۰



Marfat.com

## ۱۱۵۔ان پڑھ اور موٹی زبان والے حضرات کے لیے ہدایات:

خصوصی ہدایات جن کو بڑی دعائیں یاد نہیں ہوسکتیں ان کے لیے اسماء باری تعالیٰ سے کوئی اسم منتخب کر کے بتائیں مگر اس میں یہ خیال رہے جو لفظ ان کی زبان سے صحیح ادا ہو سکے اسی کے مطابق اسم باری تعالیٰ منتخب کریں مثلاً اسم مُغْنِیُ کو اکثر احباب یا مگنی پڑھتے ہیں اور اسم یا غَنِیُ کو یا گنی پڑھتے ہیں۔ اسی طرح کچی زبان اور مخارج سے ناواقف حضرات کو ایسے اسماء نہ بتائیں جن میں غ۔ ع۔ ص۔ ط۔ ق۔ ظ۔ ذ۔ ض۔ ش۔ فاہوں۔

یہ وہ حروف ہیں جو صحیح نہ کرائے جائیں تو غلط پڑھنے کی وجہ سے شدید نقصان پہنچ سکتا ہے مثلاً اسم یا بُدُوحُ کو اگر بڑی ح نہ ادا کی گئی اور دوچشمی ھ پڑھی یا بدوہ تو جس جگہ پڑھا جائے وہ ویران ہو جائے اور جھونپڑی میں پڑھے تو آگ لگ جائے۔ رجعت بھی ان ہی خامیوں کی وجہ سے ہوتی ہے۔ یہ چند سطریں ہر عامل کی ہدایت کے لیے کافی ہیں بوڑھے اور سیدھے بھولے حضرات کے اعتقاد میں بڑی پختگی اور سچائی ہوتی ہے اس لیے وہ جو بھی عمل کریں گے بہت جلد اثر ہوگا اور میرا تجربہ بھی اس پر شاہد ہے مگر فرق یہ ہے کہ ان کو ان کی اہلیت کے مطابق عمل کرانے والا نہیں ملتا اور ان کو ایسے وظیفے بتا دیے جاتے ہیں۔ جن کی صحیح ادائیگی وہ نہیں کر پاتے۔ نتیجہ صفر رہتا ہے مگر نقصان سے ان کی صدق اعتقادی محفوظ رکھتی ہے۔ ایسے حضرات کے لیے دو آسان عمل تحریر کیے جاتے ہیں۔

## ۱۱۶۔عمل اسم یا اللہ:

یہ عمل شمع شبستان رضا حصہ اول میں درج ہے مگر وہ باموکل ہے جس کی وجہ سے ہر شخص کماحقہ فائدہ حاصل نہ کر سکا۔ یہاں وہ طریقہ درج کیا جاتا ہے کہ جس سے ہر شخص فائدہ حاصل کر سکے۔ یہ عمل ہفتہ کا دن گزار کر اتوار کی شب میں یا پیر کا دن گزار کر منگل کی شب میں شروع کیا جائے۔ نصف شب کو بعد غسل کے وضو کرے پاک کپڑے پہنے پھر جائے نماز پر کھڑے ہو کر جو سورت یا آیت صحیح یاد ہو تین بار پڑھے پھر درود شریف جو بھی یاد ہو ۲۱ بار پڑھے پھر یَا اَللّٰہُ چار ہزار مرتبہ پڑھے۔ عمل کھڑے ہو کر ہی شروع کرے جب تھک جائے تو بیٹھ جائے، جب ستالے تو پھر کھڑا ہو جائے مگر عمل ترک نہ کرے، کھڑے بیٹھے پڑھتا ہے نہ اس کی طرف سے دھیان ہٹے۔ جب چار ہزار کی تعداد پوری ہو جائے اپنے لیے دعا کرے پھر ۲۱ بار درود شریف پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور سر سے پیر تک جہاں ہاتھ پہنچے جسم پر پھیر لے۔ مگر دعا ہاتھ پھیلا کر دعا کے طریقے پر مانگے اور اسی طرح درود پڑھے اگر درود کی گنتی نہ ہو سکے بے شمار پڑھے، اسی طرح تین روز عمل کرے۔ بعد تین دن کے بعد نماز عشاء صرف ۶۶ بار یہ اسم اسی ترکیب سے پڑھے۔ جب وہی دن آئے جس دن یہ عمل شروع کیا تھا اسی رات کو فجر میں اس وقت اٹھے کہ عمل پورا کر کے نماز باجماعت ادا کر سکے۔ غسل کر کے اسی طرح یَا اَللّٰہُ چار سو بار تین روز پڑھے، پھر ہمیشہ بعد

نمازعشاء اور بعد نماز فجر ۶۶ بار یہ اسم پڑھتا رہے۔غیب سے ہر ضرورت پوری ہو، جو چاہے کہیں نہ کہیں سے اسے پہنچے جس قسم کے کھانے کی خواہش ہو وہی اللہ تعالےٰ دے، جتنے پیسوں کی ضرورت ہو غیب سے کوئی ذریعہ پیدا ہو۔ جو قرض ہو تو ادا کرنے کی کوئی سبیل پیدا ہو۔فکر نہ کرے اگر قرض خواہ آئے تو قطعی پریشان نہ ہو انشاء اللہ ہرگز سختی نہ کرے گا اور اس سے بہت خوش اخلاقی سے پیش آئے گا۔وہ طلب کرے یا نہ کرے۔اس سے کہہ دے کے اللہ تعالیٰ جلد ہی انتظام فرمادے گا۔

۱۱۷۔عمل اسم یَا مُجِیْبُ:

فجر کی سنت اور فرض کے درمیان اس طرح کہ طلوع فجر سے قبل بستر چھوڑ دے اور وضو کر کے پاک صاف کپڑے پہنے اور عطر لگائے، جیسے ہی وقت فجر شروع ہو گھر میں دو رکعت سنت ادا کرے اور اسی جگہ بیٹھ کر درود شریف ۳۰ بار الحمد شریف سات بار پڑھ کر اپنے لیے دعا کرے اس کے بعد یَا مُجِیْبُ چار سو بار اس کے بعد درود شریف پڑھتا ہوا مسجد جائے جب تک نماز سے فارغ نہ ہو کسی سے کلام نہ کرے۔

۱۱۸۔ادائے قرض کے لیے: ۵۵ روز اس عمل کو کرے۔

۱۱۹۔حصول روزگار کے لیے: ۴۰ روز اس عمل کو کرے۔

۱۲۰۔اور حصول برکت کے لیے: ہر جمعہ کو فجر میں یہ عمل پڑھے۔باقی دنوں میں صرف ۵۵ بار ہر نماز سے پہلے پڑھتا رہے۔اگر کسی مجبوری یا جماعت یا جماعت کی ایک رکعت چھوٹنے کا خوف ہو تو بعد کو پڑھے۔

۱۲۱۔نماز با جماعت کے لیے چند ضروری ہدایات:

عملیات میں جہاں نماز با جماعت کی شرط ہے اس میں یہ خیال رہے کہ نماز سنی صحیح العقیدہ امام ہی کی اقتداء میں ادا ہو سکتی ہے جس کے قول و فعل سے عقیدہ میں شبہ ہو جائے اس کی اقتداء سے بھی گریز کرے اور جس مسجد میں امام سنی صحیح العقیدہ ہو مگر غسل و وضو اور نماز کے مسائل سے ناواقف ہو جس کی وجہ سے نماز صحیح ادا نہ ہوتی ہو تو اس کو نرمی سے مسائل بتاتا رہے اگر وہ اس پر عمل نہ کرے تو اس کی جماعت سے تنہا نماز پڑھنا بہتر ہے۔ہر وہ شخص جو صحیح نماز ادا کرنا چاہتا ہے وہ بہار شریعت حصہ دوم، سوم اور کتاب ''نماز کا آسان طریقہ'' اپنے پاس رکھے، اس کا مطالعہ کرے جو بات نہ سمجھ سکے کسی جاننے والے سے دریافت کرے۔عمل کے لیے نماز شرط ہے اور نماز کے لیے وضو اور مسائل نماز سے واقف ہونا شرط ہے۔جو نمازیں قضاء عمری کی اپنے ذمہ باقی ہوں جب تک انہیں پورا نہ کرے کوئی عمل ہرگز نہ کریں۔



Marfat.com

۱۲۱۔چند ہدایات برائے خیر و برکت:

چند ہدایات جن کو بھول کر یا جانتے ہوئے بھی عمل نہ کر کے خیر و برکت کھو دیتے ہیں اور معقول آمدنی ونے کے باوجود ضروریات پوری نہیں ہوتیں جس کے نتیجے میں مقروض ہو جائے یا رشوت، خیانت اور چوری یرہ کے عیوب کے مرتکب ہوتے ہیں مثلاً اپنے بچوں کے نام بگاڑ کر لینے یا ادھورے نام لینے سے برکت اڑ جاتی ہےاول تو حکم یہ ہے کہ اپنے بچوں کے نام اچھے رکھے جائیں تاکہ ان اچھے ناموں کی برکت سے رزق میں وسعت مگر بابرکت نام رکھنے کا رواج بہت کم ہوتا جا رہا ہے دوسرے اچھے نام بھی ادھورے لے کر پکارنا اور اکثر بگاڑ کر نا مثلاً کسی کا نام عبدالرحیم یا عبدالکریم ہے تو اسے رحیم یا کریم کہہ کر پکارنا ہی منع ہے نہ کہ اور بگاڑ لینا۔ ذرا غور تو یجیے کہ رحیم و کریم تو اللہ تعالیٰ کے نام ہیں، ان کو بگاڑ کر لینا کتنا بڑا جرم ہوگا۔ کیا ایسے گھر میں برکت کا نزول ہوگا۔ ضرت محمود علیہ الرحمۃ نے ایک دن ایاز کے بیٹے جن کا نام محمد تھا، اسے پسر ایاز کہہ کر مخاطب کیا۔ فوراً حاضر آئے مگر زرونے لگے۔ بادشاہ نے رونے کا سبب پوچھا، عرض کی آج آپ مجھ سے یا میرے بیٹے سے ناراض ہیں کہ یشہ اس کا نام لے کر پکارتے تھے، آج پسر ایاز کہہ کر پکارا ہے۔ بادشاہ نے کہا ایاز یہ بات نہیں بلکہ حقیقت یہ ہے ا تمہارے بیٹے کا نام بڑا مبارک ہے اور میں بغیر وضو یہ نام لینا بے ادبی تصور کرتا ہوں اور جس گھر میں مسلمان تے ہوں مگر نمازی کوئی بھی نہ ہو ایسے گھر کو حدیث میں قبرستان سے تشبیہ دی گئی ہے جس گھر میں آنے جانے الے بسم اللہ شریف اور جو کسی کام کو شروع کرتے وقت بسم اللہ نہ کہتے ہوں جس گھر میں خائن، جھوٹا، زانی، چور ہتا ہو، جس گھر میں مرد یا عورت جس پر غسل جنابت واجب ہو اور ایک نماز سے دوسری نماز کا وقت آنے تک غسل کرے اور جو طلوع آفتاب کے بعد سو کر اٹھنے کے عادی ہوں اور جو بغیر وجہ شرعی کسی مسلمان سے خصومت رکھتا ہو و قرآن بے وضو پڑھتا اور چھوتا ہو کہ منع ہے۔ ماں باپ کی نافرمانی کرنا اور شوہر کا بیوی بچوں کے کھلانے اور ہنانے میں بلاوجہ تنگی کرنا۔ بیوی کا شوہر سے ناراض رہنا لڑنا جھگڑنا گالی دینا، کھڑے ہو کر بالوں میں شانہ کرنا، انتوں سے ناخن کاٹنا یا ناخن بڑھانا یہ سب تنگی اور افلاس کا ذریعہ ہیں۔

۱۲۲۔ہدایات برائے خیر و برکت:

اپنے بچوں کے نام اچھے بابرکت رکھنا۔ حدیث شریف میں محمد نام رکھنے کی بہت تعریف آئی ہے اور پورا ام لے کر مخاطب کرنا صبح فجر سے قبل اٹھنا کہ حدیث شریف میں اس کی بہت تاکید ہے۔ حضور ﷺ فرماتے ہیں کہ صبح کا سونا روزی سے محروم کرتا ہے۔ ایک دن حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نماز پڑھ کر سو گئی تھیں۔ حضور کا گزر ہوا۔ آپ نے اپنے پاؤں سے جگا کر فرمایا۔ اے بیٹی کھڑی ہو جاؤ اور پروردگار سے روزی طلب کرو غافلین میں



Marfat.com

سے مت ہو۔ اللہ تعالیٰ صبح صادق اور طلوع آفتاب کے وقت لوگوں میں روزیاں تقسیم کرتا ہے صبح کو نماز فجر سے
اٹھنا، گھر پر وضو کرنا اور سنت پڑھ کر مسجد جانا، قرآن مجید کی تلاوت کرنا اگرچہ ایک ہی آیت ہو۔ شب جمعہ کو د
کثرت سے پڑھنا۔ جمعہ کو حجامت اور خطہ بنوانا، ناخن ترشوانا، غسل کرنا، مسجد میں جھاڑو دینا اور ہر مسلمان کو اللہ
رضا کے لیے سلام کرنا اور مسلمان کے سلام کا جواب دینا اللہ کی رضا کے لیے اپنے گھر میں یا کسی دوسرے مسلم
کے گھر میں داخل ہوتے یا باہر آتے اور کسی کام کو شروع کرتے وقت بسم اللہ کہنا وسعت رزق اور خیر و برکت کے
انمول موتی ہیں جو مسلمانوں کے سوا کسی کو بھی حاصل نہیں۔

غسل و تیمم کرتے وقت کی دعا۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ فِیْ دَارِیْ وَ بَارِکْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ اول تو
کرنا ہی باعث برکت ہے مگر قربان ہی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کہ آپ نے ایسی دعا بھی تعلیم فرمادی جو سو
پر سہاگہ ہے۔ ترجمہ "الٰہی تو میرے گناہ معاف فرمادے اور میرے گھر میں کشادگی اور میرے رزق میں برکت
فرما" اسی طرح مسجد میں داخل ہوتے وقت کی دعا۔ بِسْمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اغْفِ
ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ اللہ کے نام کے ساتھ مسجد میں داخل ہوتا ہوں اور اللہ تعالیٰ کے رسول پر درود
بھیجتا ہوں۔ اے اللہ تو میرے تمام گناہوں کو معاف کردے اور اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

دوسری دعا یہ ہے: اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ اسی طرح مسجد سے باہر آنے کی دعا بِسْمِ
وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ ترجمہ: اللہ کے نام
ساتھ رخصت ہوتا ہوں اور اللہ کے رسول پر درود و سلام بھیجتا ہوں، اے اللہ تو میرے گناہوں کو بخش دے اور ا
فضل کے دروازے مجھ پر کھول دے۔ دوسری دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ اے اللہ میں تجھ
تیرے فضل کا سائل ہوں۔ اسی طرح جب کام دھندے کی خواہش یا روزی کی تلاش میں گھر سے نکلو تو یہ دعا پڑ
قدم اٹھاؤ۔

بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَمَالِیْ وَدِیْنِیْ۔ اَللّٰھُمَّ اَرْضِنِیْ بِقَضَآئِكَ وَبَارِكْ لِیْ فِیْمَا قُدِّ
حَتّٰی لَآ اُحِبَّ تَعْجِیْلَ مَآ اَخَّرْتَ وَلَا تَاْخِیْرَ مَا عَجَّلْتَ

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ متوجہ ہوں، اپنی ذات اور اپنے دین کی طرف اے اللہ تو مجھے خوش کردے ا
ارادے سے اور جو کچھ میرے لیے مقدر کردیا ہے اس میں برکت و رحمت فرما تاکہ میں دیر سویر کو پسند نہ رکھوں
تو تاخیر فرما برکت دینے میں اور نہ جلدی کر روکنے میں۔

جب کسی مسلمان کو کھاتے دیکھو تو یوں کہو بَارَكَ اللّٰہُ تَعَالٰی تیرے کھانے میں برکت دے جو کوئی کسی مسلم
کو اللہ کی رضا کے لیے دعا دیتا ہے اللہ تعالیٰ اسی کے مثل دعا دینے والے کو بغیر مانگے دیتا ہے اور جب اپنے سا



Marfat.com

کھانا آئے تو یوں کہے اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْ مَارَزَقْتَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اے اللہ اپنی دی ہوئی روزی میں برکت دے اور آگ کے عذاب سے ہم کو بچا۔ ہم کھانا شروع کرتے ہیں۔ اللہ کا نام لے کر جو بڑا رحمٰن اور رحیم ہے۔

## ۱۲۳۔ فاتحہ خیر و برکت کا ذریعہ ہے:

یہ عمل بہت مقبول اور باعث خیر و برکت ہے کہ جب کھانا سامنے آئے۔ پہلے ایک بار درود شریف اور ایک بار الحمد شریف ۳ بار قل ھو اللہ شریف ایک بار درود شریف پڑھ کر سید عالم ﷺ اور تمام اولیاء اللہ اور تمام مسلمانوں کو اس کا ثواب بخش کر کھائے۔ اللہ تعالیٰ روز افزوں ترقی عطا فرمائے۔

## ۱۲۴۔ خیر و برکت کا بہترین عمل:

یہ عمل میرے تجربے میں ایک مدت سے ہے اور میں نے جس کو بتایا اس نے بھی تعریف کی۔ جب روپیہ پیسہ مال و زر کسی سے لے تو بسم اللہ شریف پڑھ کر لے اور جب کسی کو دے تو اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھ کر دے۔ اگر اس پر کچھ ہی دن پابندی کر لی تو کسی کو دینے سے کمی آئے گی نہ ہی آمد میں کمی واقع ہوگی۔ غرض کم آمدنی میں بھی خیر و برکت کا وہ عالم ہوتا ہے کہ اکثر دست غیب کا گمان ہونے لگتا ہے۔

## ۱۲۵۔ برائے خیر و برکت اسمائے جبروت:

بعد نماز فجر اسمائے جبروت ۳ بار اور ہر نماز کے بعد ایک بار برائے خیر و برکت بہت زود اثر ہے۔ اس کتاب میں اسمائے جبروت کی تشریح ہے۔

## ۱۲۶۔ الحمد شریف:

فجر کی سنت اور فرض کے درمیان بسم اللہ شریف کی آخری میم کو الحمد کی لام کے ساتھ ملا کر اس طرح پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ط آخر تک ایک سو بار مجرب و آزمودہ ہے۔

## ۱۲۷۔ برکات اسم یَا اِلٰہُ:

عام انسانی ذہنوں پر اس عمل کا اثر کم ہوتا ہے جس پر مشقت اور پابندیاں کم ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ بسم اللہ شریف کی برکات سے محروم رہتے ہیں۔ یہ عمل اور بھی آسان اور بے مشقت ہے۔ مگر پابندی کا ہے۔ یعنی نماز فجر کے بعد یَا اِلٰہُ الْاٰلِھَۃِ الرَّفِیْعَ جَلَالَہٗ یَآ اِلٰہُ ۱۵ بار اول آخر درود تسخیر ایک بار برکات بے شمار پائے اور اگر بے روزگار ہو اور کوئی سہارا نہ ہو آمدنی کا کوئی ذریعہ نہ ہو، بوجہ تنگدستی دوسروں کی نظر میں حقیر ہو تو پہلے ایک چلہ کرے جس



Marfat.com

میں غذا کی پاکیزگی کا لحاظ ہو یعنی ظاہری گندگی کا شبہ نہ ہو اور باطنی گندگی مثلاً چور، غاصب، سودخوار، راشی، خ
وغیرہ کے پیسے اس میں شامل نہ ہوں۔ اپنی محنت کی کمائی ہو یا کسی ایسے دوست سے التجا کرے جو حلال کمائی سے کما
ہو کہ وہ ایک چلہ آپ کو کھانا کھلائے یا پیسے دے دے اور آپ خود پکا کر کھائیں اور بعد نماز فجر ۱۵ بار پڑھتے رہیں
چلہ کے دوران بھی بعد نماز فجر ۱۵ بار کا ورد جاری رہے۔ پھر تسخیر اور دولت کی فراوانی دیکھیں۔ اس عمل میں بھی یہ ش
ہے کہ کسی کو اس عمل کی اجازت بھی دے جب بھی یہ نہ کہے کہ میں بھی اس عمل کو پڑھ رہا ہوں۔

## ۱۲۸۔ برکات کو قائم رکھنے کا نقش و عمل:

جس کو اپنی محنت یا کسی کی اعانت یا فضل رب سے اچانک ترقی مل جائے خواہ وہ ملازمت ہو،
وزارت و بادشاہت اگر اسے قائم رکھنا چاہے اور اس میں خلل واقع ہونے کا خطرہ ہو تو اس کو چاہیے کہ س
روزے رکھے اور پاک باطنی کا اہتمام کرے اور بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ یَا کَبِیۡرُ اَنۡتَ اللّٰہُ الَّذِیۡ لَا تَھۡ
الۡعُقُوۡلُ لِوَصۡفِ عَظۡمَتِہٖ اور آخر میں درود تسخیر گیارہ بار مگر شرط یہ ہے کہ اس عمل کو ترک نہ کرے اور احکام شر
عمل کرے اور اپنے زیردست رعایا اور ملازمین پر مہربان رہے کام میں کوتاہی نہ برتے۔ اگر یہ خطرہ ہو کہ
مشغولی یا بیماری کے عمل ترک ہو گیا تو کیا ہوگا۔ اس کے لیے ایک نقش چاندی یا سونے پر کندہ کرائے اور پڑ
وقت سامنے رکھے اور ہر تسبیح پر نقش پر دم کرتا جائے اور اس نقش کو ریشم کے رومال میں جس پر عطر لگا ہوا ہو لپیٹ




کر پاکٹ میں رکھے بہتر ہے کہ ٹوپی یا عمامے میں رکھا جائے مگر پینٹ یا کرتے کی جیب میں نہ رکھے کہ اس میں بے ادبی ہے۔ اس نقش کے پاس ہونے سے اگر کبھی اتفاقیہ عمل ترک ہو گیا تو اس کا اثر زائل نہ ہوگا۔

## ۱۲۹۔ نقش دیگر برائے خیر و برکت:

یہ نقش ساعت سعد میں کندہ کرائے اور صراحی یا پانی کے گلاس میں رکھے اکثر پانی میں سے پیا کرے




اور کھلی چھت پر بعد مغرب یا عشاء کے دو نفل جس میں فاتحہ کے بعد سورہ والضحیٰ تین بار پڑھے اور بعد سلام سجدہ میں ۵۰ بار یوں کہے یَا کَافِیۡ الۡمُوۡسِعُ لِمَا خُلِقَ لَہٗ مِنۡ عَطَآ یَا فَضۡلِہٖ اور اول آخر درود شریف ایک بار۔



Marfat.com

## عمل افزائش خیر و برکت:

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سو بار اول و آخر درود شریف ۳ بار اگر کبھی عمل میں دیر ہو جائے تو درمیان ہی میں نماز فرض جماعت سے ادا کریں عمل کی وجہ سے نماز قضا یا جماعت ترک نہ کریں بلکہ جو باقی رہے بعد کو پورا کریں مگر نماز یا مصافحہ میں درود کے سوا کوئی بات نہ کریں۔ یہ عمل مجرب و آزمودہ ہے۔

## ۱۳۱۔ برائے فراوانی خیر و برکت:

بعد نماز فجر درود تنجینا ۳ بار اس کے بعد لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَتَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۲۱ بار یا ۱۰ ا بار بعدہٗ درود شریف ۳ بار جو رزق اس دن کے لیے خدا کی طرف سے مقدر ہے اگر ۵ پیسے یا ایک روٹی یا ایک پیالی چائے اس دعا کے پڑھنے والے کو ملے اللہ تعالیٰ اسی میں برکت دے گا کہ اسے کوئی کمی محسوس نہ ہوگی اور خرچ میں تنگی نہ زیادہ کی حاجت و ضرورت پڑے گی۔ پس قادر مطلق کی قدرت کاملہ پر بھروسہ رکھے اور اس کی قدرت کا تماشہ دیکھے۔

## ۱۳۲۔ خرقہ خیر و برکت:

یہ علمائے کرام کا مجرب عمل ہے کہ جیب خرچ زائد اور آمدنی کم ہو اور وہ حرام کی طرف نظر نہ اٹھائیں، نہ علمی وقار کو فروخت کرنا گوارا کریں۔ تو اس موقع پر اس عمل کے ذریعہ خیر و برکت طلب کر لیتے ہیں۔ درحقیقت یہ عمل ہے بھی خزانہ غیب کی کنجی۔ بروز جمعہ غسل کرے۔ کپڑے پہننے کا ارادہ کرے تو ۴۶ مرتبہ سورۂ قدر پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس پانی کو کپڑوں پر چھڑکے باقی پانی پی لے۔ اگر یہ پانی گھر کے سب افراد کے کپڑوں پر چھڑکے اور انہیں پہنے جب تک وہ کپڑا اس کے جسم پر رہے گا اللہ تعالیٰ رزق اور زر و مال میں برکت دے گا۔ ایسا ہی ہر جمعہ کو کرے یا درمیان میں جب بھی کپڑے بدلے ایسا ہی کرے کبھی کسی کا دست نگر نہ رہے۔ مجرب ہے۔



Marfat.com

# بابُ القرض

قرض کے متعلق لوگوں کا خیال مختلف ہے۔ بعض کہتے ہیں قرض لینا برا ہے دینا اچھا اور بعض کہتے ہیں دینا ہے لینا اچھا ہے۔ کس کا قول صحیح ہے اور کس کا غلط۔ اس کو پرکھنے کے لیے احکام شرع پر غور کرتے ہیں تو قرض متعلق احکام سے متعلق احکام مختلف ملتے ہیں۔ کہیں قرض دینا منع ہے کہیں قرض دینا ثواب، کہیں قرض لینا ثواب اور کہیں قرض لینا گناہ اور ان میں بھی کئی صورتیں ہیں۔ مثلاً قرض لینا شرابی کا شراب کے لیے یا جواری کا جوئے کے لیے، سٹہ باز کا نمبر لگانے کے لیے یا معمہ بھیجنے یا لاٹری کا ٹکٹ خریدنے کے لیے وغیرہ وغیرہ۔ یہ کون نہیں کہ یہ گناہ ہے اور یہ قرض دینے لینے کو بھی علم ہے کہ یہ اس مقصد کے لیے لے رہا ہے تو دینا بھی اتنا بڑا جرم ہے گناہ ہے۔ اسی طرح کسی نیکی کے لیے قرض لینا بھی ثواب اور دینے والا بھی ثواب کا مستحق۔ مگر جائز امور میں قرض لینے کی دو صورتیں ہیں۔ مثلاً مکان کی تعمیر، بچوں کی شادی یا ایصال ثواب کے لیے اپنی ہستی سے زائد نام و نمود کی خاطر قرض لینا درست نہیں اور اپنی حیثیت کے مطابق فضول خرچی سے بچنے کے بعد بھی کچھ رقم کی کمی پڑے تو قرض لینے میں کوئی حرج نہیں۔

اسی طرح وہ لوگ جن کو ضروریاتِ زندگی پورا کرنے کے لیے بھی بڑی مشقت کرنا پڑتی ہے۔ پھر بھی کمی رہ جاتی ہے۔ ایسے حضرات ضروریتِ اصلیہ مثلاً گھر میں سر چھپانے کی جگہ نہیں رہی۔ چھت بوسیدہ ہو چکی ہے گرنے کا خطرہ ہے، اسے گرانے اور حسب حیثیت چھپر ڈلوانے۔ بچی کے نکاح میں چائے یا شربت کے لیے، میت کے کفن دفن کے لیے جس میں کپڑا ضرورت سے زائد نہ ہو، جیسے جائے نماز، اوپر کی چادر، گھڑے بدھنے، وقتِ جوڑا بغیر شامل کیے جو کفن دفن کے لیے خرچ ہو قرض لے کر کرنا درست ہے اگر چہ اس قرض کے ادا کرنے کا ذریعہ نہ ہو۔ اسی طرح ایسے مجبور شخص کو تیجہ چالیسواں کے لیے قرض لینا جائز نہیں اگر چہ یہ جائز امور ہیں مگر ایصال ثواب کرنا ہے وہ بغیر قرض لیے بھی ممکن ہے۔ یعنی اہل خانہ خود تلاوت کریں۔ جو پڑھے ہوئے نہیں سورۃ اخلاص یا کلمہ شریف پڑھیں جس کے شمار کے لیے مقطعے چنے آتے ہیں۔ بجائے چنوں کے تسبیح ورنہ۔ پڑھیں اور مرحوم کو ایصال ثواب کے لیے چلے جائیں کہ مٹھی بھر چنوں کی خاطر کوئی اپنے کام دھندے چھوڑ کر تیجے میں شرکت کے لیے نہیں آتا۔

اسی طرح گھر والوں کو چاہیے کہ اگر ایک روٹی جو اپنے فاقے کو توڑنے کے لیے موجود ہے اسی پر کلام شریف پڑھ ایصال ثواب کر دیں۔ قرض نہ لیں مگر عزیز و رشتہ دار اور اہل محلہ میں جو اس قابل ہیں خود بڑھ چڑھ کر



Marfat.com

کریں تو یہ قرض حسنہ میں شمار ہوگا۔ جس کا اجر اللہ تعالیٰ بہت زیادہ عطا فرمائے گا۔ اور اگر ضرورتِ اصلیہ کے لیے جو قرض لے اور دینے والا یہ جان لے کہ دے گا کہاں مگر اس کی ضرورت پوری کر دے اور اس کی شرم رکھ لے تو دینے والے کو اتنے ہی روپے یومیہ صدقہ کرنے کا ثواب ملے گا۔ اسی طرح جو کسی مسلمان کو جس کے متعلق یہ علم ہے کہ یہ حرام کام میں یا بے جا صرف نہ کرے گا اور وہ وعدے پر نہ دے سکے گا تو وعدہ کا دن گزرنے کے بعد سے اسے ہر روز اتنے پیسے خیرات کرنے کا ثواب اس کے نامۂ اعمال میں لکھا جاتا رہے گا جب تک کہ اسے ٹل نہ جائے۔

اور جو لوگ فضول خرچیاں کرتے ہیں مگر قرض کے چار پیسے بھی ادا نہیں کرتے اور جب تقاضا ہو تو الٹے ناراض ہوتے ہیں ان کو یہ بات یاد رکھنا چاہیے کہ قیامت کے روز بحکم رسول اللہ ﷺ تین پیسے کے بدلے ستر (۷۰) مقبول نمازیں اس کو دینا پڑیں گی۔ یہ کتنا بڑا خسارہ ہے اور سید عالم ﷺ فرماتے ہیں:

اَلدَّیْنُ شَیْنٌ لِلدِّیْنِ یعنی قرض عیب ہے دین کا۔ اور فرمایا قرض کے غم کے برابر کوئی غم نہیں اور آنکھ کے درد کے برابر کوئی درد نہیں۔

بہر حال قرض دینے والا یہاں گھاٹے میں ہے نہ وہاں۔ مگر قرض لینے کو بہت سوچ سمجھ کر قدم اٹھانا چاہیے کہ ضرورتِ شرعیہ کے لیے لیتا ہے اور نہ دے سکے اور مر گیا تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف سے قرض خواہ کو اجر دے کر راضی فرما دے گا ورنہ ساری زندگی کے اعمال دے کر بھی چھٹکارا پانا مشکل ہے۔

## ۱۳۴۔ عملیات برائے ادائے قرض

قرض کے متعلق جو کچھ لکھا گیا وہ بہت کم ہے مگر جو حق پسند اس بوجھ سے چھٹکارا پانا چاہتے ہیں وہ حرام ذرائع ہرگز اختیار نہ کریں کہ بعض پیشہ ور عاملین کے چکر میں پڑ کر گھوڑے اور سٹے کے نمبر پر اپنی رہی سہی عزت کو نہ برباد کریں بلکہ اس موقع پر اِسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ پر عمل کریں۔ یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ صبر اور نماز کے ذریعہ اللہ سے مدد چاہو تو دوڑو اللہ کی طرف اور اس کے حضور سر رکھ دو اور اسی سے مدد طلب کر دیکھو وہ تمہارے عیبوں پر تمہیں جھڑکتا نہیں بلکہ کتنے پیار سے اپنی طرف بلاتا ہے۔ اگر اس کی مرضی کے خلاف راستہ اختیار کیا تو تم فلاح پا سکتے ہو ہرگز نہیں، اللہ کے کلام میں کیا کچھ نہیں مگر سخی کے در پر آ تو پڑو اور اس کے ہو تو جاؤ پھر دیکھو سب مشکلیں آسان ہیں۔

باب القضائے حاجات میں ہر عمل ادائے قرض کے لیے ہے مگر پھر بھی چند عمل اس باب کے تحت تحریر کیے جاتے ہیں۔



Marfat.com

## ۱۳۵۔عمل غم اور قرض سے نجات کے لیے:

یہ عمل سید عالم ﷺ نے ایک صحابی کو رنج و غم اور قرض کے بار کو دور کرنے کے لیے صبح و شام پڑھنے کی تاکید فرمائی تھی اور چند ہی روز میں غم والم کے بار قرض سے سبکدوش ہو گئے۔ مگر حدیث شریف سے تعداد اس عمل کی ثابت نہیں اور اعلیٰ حضرت عظیم البرکت رضی اللہ عنہ تحریر فرماتے ہیں کہ آدھی رات ڈھلنے سے صبح کی کرن چمکنے تک صبح اور دوپہر ڈھلنے سے غروب آفتاب تک شام ہے۔ اس کے پیش نظر فقیر نے اس عمل کا وقت یہ مقرر کیا ہے کہ صبح طلوع فجر کے بعد نمازِ سنت سے فارغ ہو کر اسی مقام پر بیٹھا رہے اول درود تاج ۳ بار۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ ۲۱ بار فجر کی جماعت تک یہ دعا بے شمار پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعِجْزِ وَالْکَسْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلْبَۃِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ۔ آخر میں ایک بار درود تاج پڑھے اور شام کو عصر کی نماز کے بعد اسی جگہ بیٹھا رہے۔ اور بغیر کام کیے اسی طرح اذانِ مغرب تک اس دعا کو حضور قلب کے ساتھ اپنے غموں اور فکروں کو پیش نظر رکھ کر چشم نظر رکھ کر چشم نم پڑھتا رہے کہ یہ دعا ایسی ذات اقدس کی تعلیم فرمودہ ہے جس کے متعلق اعلیٰ حضرت تحریر فرماتے ہیں

وہ زباں جس کو سب کن کی کنجی کہیں　　اس کی نافذ حکومت پہ لاکھوں سلام

اسی زبانِ مبارک نے اس عمل کو ۲۱ دن کے لیے مقید فرمادیا ہے۔ فقیر نے اس عمل کو تجربہ نہیں کیا جو صاحب بھی یہ عمل کریں فقیر کو مطلع کریں۔ صبح شام سے اک اشارہ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ جب بھی غم والم کا ہجوم ہو رات دن پڑھتے رہیں۔ دست بکار، دل بیار، زبان باذکار۔ اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے صبح و شام ۱۱۔۱۱ بار تحریر فرمایا ہے۔

## ۱۳۶۔قرض سے نجات پانے اور وصول ہونے کا عمل:

اگر کسی پر آپ کی رقم ہے اور وہ نہیں دینا چاہتا۔ دینے کے لائق تو ہے مگر نیت خراب ہے، بدمعاش بدکار ہے وصول ہونے کی کوئی صورت نہیں یا کسی کو اس پر قرض ہے مجبوراً اور ضرورتاً لیا تھا مگر دینے کی کوئی سبیل نہیں یا بدکاری یا نادانی کی وجہ سے مقروض ہو گیا۔ اب ہوش آیا کہ میں اب تک کیا کرتا رہا، خدا کو چھوڑ کر حرام کی طرف کیوں متوجہ ہوا۔ وہ سچے دل سے توبہ کر کے اللہ کی طرف رجوع ہو تو ایسے خوش نصیب حضرات کے لیے یہ عمل مژدۂ رحمت ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الرِّضَاءَ بَعْدَ الْقَضَاءِ وَبَرْدَ الْعَیْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّۃَ النَّظْرِ اِلٰی وَجْھِکَ وَشَوْقًا اِلٰی لِقَائِکَ فِیْ غَیْرِ ضَرَّآءَ وَلَا مُضَرَّۃٍ وَلَا فِتْنَۃٍ مُّضِلَّۃٍ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی ع

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

بعد نمازِ عشاء ۱۰۱ بار، بعد نماز، ظہر ۹۱ بار، بعد نمازِ عصر ۸۱ بار، بعد نمازِ مغرب ۷۱ بار، بعد نمازِ عشاء ۶۱ بار، بعد فجر ۷۱ بار، بعد عصر ۹۱ بار، بعد مغرب ۷۱ بار، بعد مغرب ۷۱ بار، بعد عشاء ۱۱۱ بار، بعد فجر ۱۰۱، بعد ظہر ۹۱ بار، بعد عصر ۸۱ بار، بعد مغرب ۷۱ بار، بعد عشاء ۶۱ بار۔ اسی طرح ہر روز ہر نماز میں ردوبدل کرتا رہے۔ اگر سات دن میں اثر ظاہر نہ ہو تو جس دن عمل شروع کیا تھا اسی رات کو نصف شب کے بعد اٹھے اور غسل کرے پھر دروازۂ کریم پر حاضر ہو دو نفل ادا کرے اور کھڑے ہو کر یہ دعا شروع کرے۔

"اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰى رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتَقْضِیَ لِیْ حَاجَتِیْ۔"

پڑھتے پڑھتے کچھ دیر بعد بیٹھ جائے اور پڑھتا رہے، پھر سجدے میں جا کر پڑھے۔ اسی طرح کبھی سجدے میں کبھی کھڑے ہو کر کبھی بیٹھے پڑھے، روتا جائے پڑھتا جائے اور امید رکھے کہ اب حاجت پوری ہوئی، اب مژدہ ملا، یہاں تک کہ فجر طلوع ہو جائے۔ جب اتنا وقت باقی رہ جائے کہ مسجد پہنچ کر جماعت میں شامل ہو سکے گا بچشم نم مسجد کو جائے راستہ میں کسی سے کلام نہ کرے اور یہی پڑھتا رہے۔ جب دروازۂ مسجد پر پہنچے تو یوں دست بستہ عرض کرے۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔ تین بار مسجد میں داخل ہو کر السلام علیکم بلند آواز سے کہے اور کچھ وقفہ ہو تو درود پاک پڑھتا رہے۔ بعد نمازِ فجر پھر پہلی دعا پڑھ کر جس پر اتنا قرض ہے اس کے پاس جائے اور جس دوست یا عزیز سے بطور امداد رقم ملنے کی امید ہو یا وہ کر سکتا ہو مگر توجہ نہیں دیتا اس سے ملاقات کرے اور کچھ دیر رسمی گفتگو کر کے واپس چلا آئے۔ اپنی حاجت بغیر پوچھے نہ بیان کرے کہ اس کے دل میں ڈالنا تمہارا کام نہیں، بلکہ مقلب القلوب کا کام ہے مگر عمل ترک نہ ہو جب تک کہ آپ کی رقم مل جائے یا قرض کے بارے میں نجات نہ مل جائے اور روزگار حسب منشاء چل نہ جائے۔ عمل اسی طرح جاری رہے گا اور ہر ہفتہ بعد نصف شب کا عمل بھی جاری رہے گا۔

## ۱۳۷۔ ادائے قرض اور حصولِ دولت کے لیے عمل ونقش:

یہ عمل جمعہ کو شروع کرے۔ غسل کرے۔ وضو کرے، کپڑے پہنے، نماز سنت ادا کر کے مسجد جائے اور درود تنجینا ۷ بار، پھر ۷ بار یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ پھر ۷ بار درود تنجینا پڑھے۔ یہ سب کام خطبہ شروع ہونے سے قبل ختم ہو جائے۔ اور وقت زیادہ ہو تو اذانِ خطبہ شروع ہونے تک درود پڑھتا رہے اور دوسرے جمعہ کو بطریق مذکورہ پڑھے انشاء اللہ دوسرا جمعہ آنے سے قبل ہی قرض ادا ہو جائے اور گھر میں فراخی ہو۔ اگر خدانخواستہ دیر ہو تو اپنا قصور تصور کرے۔ مخارجِ صحتِ لفظی کسی اچھے

قاری سے درست کرے مگر عمل ترک نہ کرے۔ نفس کے دھوکے میں نہ آئے اور نفس سے کہے کہ تو جھوٹا ہے اور اللہ کا حبیب سچا ہے اور اگر سامنے والا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے اور جب بھی یہ عمل پڑھے اس پر دم کرے نقش کے ز میں اپنا مع والدہ کے نام کے لکھے یہ نقش جب تک پاس رہے قرض اور خرچ کی تنگی سے محفوظ رہے۔ اگر اس نقش کو کندہ کرا کے اور اسی طرح دم کر کے پاس رکھے۔ یہ عمل کسی وجہ سے ترک بھی ہو جائے گا تو اس نقش کی برکت سے گھر میں خیر و برکت کا نزول ہوگا۔ ترک ہو جانے پر اس نقش کو دھو کر اس کا پانی ہر جمعہ کو پی لیا کرے۔ اس کا نام درمیان میں لکھے۔ کندہ شدہ نقش میں سوئی سے ضرورتمند اور اس کی ماں کا نام لکھ دے۔




## ۱۳۸۔ دیگر عمل و نقش قرض وصول ہونے اور ادا ہونے کا:

یہ نقش اگر کسی پر آپ کی رقم ہو اور وہ دینا نہیں چاہتا یا آپ پر کسی کا قرض ہے اور اس کے نکلنے کی کوئ صورت پیدا نہیں ہوتی۔ آمدنی اتنی نہیں کہ اس میں سے بچا کر دیا جا سکے تو یہ نقش کندہ کرا کے اپنے پاس رکھے اور نج کی نماز کے بعد حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۴۵۰ بار بعد نماز عشاء کسی وقت مقررہ پر ۳۰۰ بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اس طرح پڑھیں تنہا کمرے میں یا مسجد کے گوشے میں جہاں کسی کے آنے امکان نہ ہو باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر پڑھے ایک پیالہ پانی کا اپنے سامنے رکھے۔ ہر چند لمحہ بعد انگلیاں بھگو کر ہاتھ او منہ پر ملے، اول و آخر درود شریف ۱۱ بار ہر روز بعد ختم عمل صبح و شام اس نقش پر دم کرے۔ جب تک یہ نقش پاس رہے گا۔ قرض کے غم سے محفوظ رہے گا اور جب ضرورت پیش آئے گی اللہ تعالیٰ اس کا حل پیدا فرما دے گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| لا الٰہ الا ۲۱۳ ۱۰۵ | انت سبحٰنک ۲۲۷ ۱۱۸ | انی کنت ۲۲۴ ۱۱۵ | من الظلمین ۲۲۱ ۱۱۲ |
| من الظلمین ۲۲۵ ۱۱۶ | انی کنت ۲۲۰ ۱۱۱ | انت سبحٰنک ۲۱۴ ۱۰۶ | لا الٰہ الا ۲۲۶ ۱۱۷ |
| انت سبحٰنک ۲۱۹ ۱۱۰ | لا الٰہ الا ۲۲۲ ۱۱۳ | من الظلمین ۲۲۹ ۱۲۰ | انی کنت ۲۱۵ ۱۰۷ |
| انی کنت ۲۲۸ ۱۱۹ | من الظلمین ۲۱۶ ۱۰۸ | لا الٰہ الا ۲۱۸ ۱۰۹ | انت سبحٰنک ۲۲۳ ۱۱۴ |



Marfat.com

## ۱۳۹۔ بابُ التسخیر خلق

تسخیر خلائق جس میں کسی ذاتِ خاص کی تخصیص نہیں ہوتی اس قسم کے عملیات کے لیے ان ہدایات کو پیشِ نظر رکھنا ضروری ہے کہ پہلے وہ اپنی زندگی کا محاسبہ کرے کہ کبھی دانستہ یا نادانستہ کسی ایسے فعل کا مرتکب تو نہیں ہوا جس سے دو مسلمانوں میں جدائی ہو گئی ہو۔ کبھی کبھی سچی بات ظاہر کر دینے سے بھی زن و شوہر میں، دو دوستوں میں، دو بھائیوں میں کشیدگی پیدا ہو جاتی ہے اور بعض لوگوں میں یہ عادت ہوتی ہے کہ دوسروں کی عیب جوئی میں مبتلا رہتے ہیں اور ذرا بھی موقع مل جاتا ہے تو اس کے عزیزوں، دوستوں میں شہرت دے کر ذلیل و رسوا کر دیتے ہیں یا خاندان میں نفرت کا بیج بو دیتے ہیں۔ یہ عادت تسخیر کے لیے سم قاتل ہے۔ اگر تسخیر کا عامل بھی اس عیب کا مرتکب ہوگا تو عمل کا اثر زائل ہو جائے گا۔ تسخیر کے عامل کے لیے ضروری ہے کہ پہلے اپنے سب گناہوں سے توبہ کرے خصوصاً اس عادت سے، تسخیر کے لیے خود عامل کے اندر سخاوت، مروت، محبت، اخلاقِ حسنہ، عفو تقاصیر کی صلاحیت ہونا ضروری ہے۔

## تسخیر

دارین کی فلاح و بہبود کا آسان ذریعہ ہے۔ مگر نفس اور ابلیس لعین کے مکر و فریب کی راہوں کو مسدود نہ کیا گیا تو آتش گناہ آخرت کی کھیتی کو جلا ڈالے گی۔ کیونکہ تسخیر کے عامل کے پاس مردوں عورتوں کا ہجوم رہتا ہے۔ اگر احکامِ شرع کی تعمیل میں ذرا بھی تساہل برتا اور تاویلات سے کام لیا تو زوالِ آخرت کا سبب بن جائے گا۔ خصوصاً علماء، مقررین، ائمہ، مرشدین وغیرہ حضرات رسم و رواج کی ہرگز پرواہ نہ کریں اور کسی مرد اور عورت کو تنہائی میں ہرگز نہ آنے دیں اور جو عورتیں آپ کے پاس کسی ضرورت یا عقیدت کی بناء پر آئیں ان کو پردے کی شدید تاکید کریں اور بغیر محرم کے اپنے پاس آنے سے روکیں۔ جہاں عورتوں میں پردے کا رواج نہیں وہاں بھی پردے کے احکام بتائیں۔ کسی کے گھر تنہا نہ جائیں خصوصاً جہاں کوئی مرد نہ ہو، کسی مریضہ کو جس کے ساتھ اسکا محرم نہ ہو ہرگز نہ دیکھیں کہ کبھی بضرورت جسم پر ہاتھ لگانا پڑتا ہے۔ یہ چند اشارات ہیں جن کو اپنے نفس پر اعتماد کر کے بھلا دیا تو اگر گناہ نہ بھی کیا ہو جب بھی بدنامی کا سبب بن سکتا ہے۔ جیسا کہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ مولیٰ تعالیٰ احکامِ شریعت پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین۔

## ۱۴۰۔ دعاء تسخیر القلوب و جامع المطلوب

یہ دعا شبستانِ رضا حصہ اول میں موجود ہے۔ مگر اعرابی اور لفظی غلطیاں باوجود کوشش کے اب بھی موجود ہیں جس کی وجہ سے کماحقہٗ فوائد حاصل نہ ہو سکے۔ جن حضرات نے خود تشریف لا کر یا خط کے ذریعے تصحیح کر لی وہ اس



Marfat.com

کے اب تک مداح ہیں۔ میں اس کے ساتھ ایک دعا ملا کر پڑھتا ہوں جس کے سبب وہ حیرت انگیز فوائد دیکھے ہیں
جن کا بیان خلاف مصلحت ہے۔ جس طرح میں پڑھتا ہوں یہاں بصحت اسی طرح درج کر رہا ہوں تا کہ آپ بھی
ان دو چند فوائد سے مستفید ہو سکیں۔ وباللہ التوفیق یہ دعا کم سے کم ۳ بار یا ۷ بار ہمیشہ ورد میں رکھیں۔ یہ دعا نحوست
سیارگان سے محفوظ رکھتی ہے۔ اس کی برکت سے میں اکثر نجومیوں کو رسوا کر چکا ہوں جب بھی کوئی کہتا ہے کہ فلاں
دن یا فلاں وقت تم پر مصیبت آنے والی ہے، میں ان کا مذاق اڑاتا ہوں، دوسرے لوگ شرط لگا لیتے ہیں اور الحمد
میں اس سے محفوظ رہتا ہوں۔ اسی طرح اس دعاء میں تسخیر بھی ہے اور یہ دعا استخارہ بھی ہے۔ جب کوئی حاجت
سونے کی جگہ پر گیارہ بار پڑھ کر بغیر کلام کیے سو جائے اس کا جواب بتا دیا جائے گا اور جب بھی کوئی حاجت پیش
آئے ہر نماز کے بعد ایک بار اور بعد نماز عشاء گیارہ بار پڑھے۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا مَلَائِکَۃُ کُلُّکُمْ بِاَمْرِ اللّٰہِ اَنْ تُغِیْثُوْنِیْ تُعِیْنُوْنِیْ وَاَنْ
تُمِدُّوْنِیْ فِیْ مُرَادِیْ وَمَقْصُوْدِیْ وَاحْفَظُوْالِیْ مَالِیْ وَاَھْلِیْ وَوَلَدِیْ وَوَالِدِیْ وَذُرِّیَّتِیْ وَاِخْوَانِیْ
وَاَحِبَّائِیْ وَاَصْدِقَائِیْ وَمَا اَحَاطَتْ عَلَیْہِ شَفْقَۃُ قَلْبِیْ مِنْ اٰفَاتِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَمِنْ نُحُوْسَاتِ
الزُّحْلِ وَالْمُشْتَرِیْ وَالشَّمْسِ وَالزُّھْرَۃِ وَالْعَطَارِدِ وَالْقَمَرِ وَالرَّاسِ وَالذَّنْبِ وَالْاَکْلِیْلِ وَمِنْ شَرِّ
کُلِّ ذِیْ شَرٍّ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّیَاطِیْنِ وَسَاحِرٍ وَّفَاجِرٍ وَّظَالِمٍ وَّبَاغٍ وَّمَارِدٍ وَّمُعَانِدٍ
وَّنَاطِقٍ وَّسَاکِتٍ وَّمُتَحَرِّکٍ وَّسَاکِنٍ وَّھَامَّۃٍ وَّلَامَّۃٍ وَّذَکَرٍ وَّاُنْثٰی وَمِنْ اٰفَاتِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ
وَمِنْ شَرِّ الْبَرِّیَّۃِ وَالْبَحْرِیَّۃِ اَجْمَعِیْنَ ط وَاَعْمُوْا اَبْصَارَھُمْ وَاقْبِضُوْا لِسَانَھُمْ وَاَیْدِیَھُمْ
وَعَلِّمُوْنِیْ وَعِلْمِ الَّذِیْ یَکُوْنَ نَافِعًا وَّصَرْفًا عَلٰی جَمِیْعِ الْعُلُوْمِ وَاَعْطُوْنِیْ رِزْقًا حَلَالًا طَیِّبًا
وَّجَلَبْتُکُمْ لِجَلْبِ قُلُوْبِ الْخَلْقِ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ اِلَیَّ بِالْمَوَدَّۃِ وَالْمَحَبَّۃِ وَانْصُرُوْنِیْ نَصْرًا
عَلٰی سَائِرِ الْاَعْدَآءِ وَاَخْبِرُوْنِیْ مَا فِی الْحَوَادِثِ الْخَیْرِ وَالشَّرِّ قَبْلُ الْوَقْتِ الْوُقُوْعِ وَمَا اَطْلَعُوْا
مِنْ اَخْبَارِ الْعَالَمِ اَلْعَجَلُ الْعَجَلُ اَلسَّاعَۃَ السَّاعَۃَ السَّاعَۃَ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا بِحَقِّ سَیِّدِ
الْاَبْرَارِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّرِیْفِ السَّیِّدِ
مُحِیِّ الدِّیْنِ حَضْرَتُ الشَّیْخِ عَبْدُالْقَادِرِ الْجِیْلَانِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ وَبِحَقِّ سُلَیْمَانَ ابْنِ
دَاوٗدَ عَلَیْھِمَا السَّلَامُ وَبِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

اس دعا کے ساتھ شامل کر کے جو دعا پڑھتا ہوں وہ صفحہ نمبر ۱۱۴ پر ہے۔ (مؤلف)



Marfat.com

## درود تسخیر

علمائے کرام کا ارشاد ہے کہ درود شریف کے فضل و برکات لکھنے سے قلم قاسر ہے زبان مجبور ہے دیگر عملیات میں محرومی اور رجعت کا امکان بھی ہے مگر درود شریف اس مضرت سے پاک ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ ہر عمل کی قبولیت درود شریف پر ہی موقوف ہے اور وہ بھی درود تسخیر جس کے فضائل و برکات کا مشاہدہ آپ خود کر سکتے ہیں اس کے لکھنے کی حاجت نہیں۔ صرف اتنا بتانا ہے اس کا ورد شروع کرنے سے قبل کسی غریب اور اگر یتیم مل جائے تو کیا کہنا اس کی دعوت کریں اور حسب حیثیت پر تکلف کھانا کھلائیں یا ناشتہ کرائیں اور اس طرح محبت و الفت سے پیش آئیں کہ جیسے پیر کی اولاد ہو یا کم از کم اپنی اولاد کی طرح۔ اس کے بعد اس درود کو شروع کر دیں۔ اور اگر ممکن ہو تو ہر روز یا جب بھی کوئی ایسا بچہ ملے شفقتِ پدری کے جوہر سے اس کے دل کو مسرور کرتے رہیں۔ ۴۸۴ ابار چار دن میں اس طرح پڑھیں کہ جمعرات کا دن گزار کر شبِ جمعہ کو بعد نمازِ عشاء پہلے دو نفل بہ نیتِ تسخیر ادا کریں۔ اس کے بعد ۳۱۷ بار اس درود شریف کو پڑھیں پھر دو نفل ادا کریں اور اس کا ثواب جمیع انبیاء و سید الانبیاء علیہم السلام و جمیع و اولیاء کرام و امت مرحومہ کی ارواح کو بخشیں۔ اسی طرح ہر چہار شب یعنی شب دوشنبہ تک عمل کریں۔ اس کے بعد ۱۷ ابار روزانہ ورد میں رکھیں۔ ہر روز عطر اور شکر پر دم کریں وہ عطر اپنے کپڑوں پر لگائی اور شکر وقت ضرورت استعمال کریں یا کرائیں۔ جس کی آپس میں کشیدگی ہوا سے دیں اور ۱۷ ابار یا ۹ بار یہ درود پاک اسے پڑھوا کر دم کرا دیں تو بہتر ہے ورنہ لوبان اسے پڑھ کر دیں، اس سے کہیں کہ یہ لوبان کی ڈلی پر زبان پھرا کر سلگائیں اور شربت یا چائے کو تھوڑا پی کر باقی اسی میں شامل کر دیں۔ اور وہ سب کو پلائیں۔ درودِ تسخیر یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ وَاَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ وَاَسْئَلُکَ بِالصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالسَّخَاوَۃِ وَمَعْدِنِ الْاَخْلَاقِ وَالْمُرَوَّۃِ وَمَعْدِنِ الْاَلْطَافِ وَالْمَوَدَّۃِ وَمَعْدِنِ التَّسْخِیْرِ وَالْمَحَبَّتِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمَحْبُوْبِیْنَ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ وَاَلِّفْ بَیْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ کَمَا سَخَّرْتَ وَاَلَّفْتَ بَیْنَ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ۔

ہر روز جتنی تعداد میں پڑھے آخر میں یہ دعا ضرور ملا کر پڑھے۔

یَامُؤَلِّفُ تَاَلَّفْتَ بِالْاُلْفَۃِ وَالْاُلْفَۃُ فِیْ اُلْفَۃِ اُلْفَتِکَ یَا مُؤَلِّفُ سَخِّرْلِیْ قُلُوْبَ الْمُؤْمِنِیْنَ کَمَا سَخَّرْتَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ فِیْ عَیْنِیْ تَسْخِیْرًا وَّسَخِّرْ فِیْ لِسَانِیْ تَسْخِیْرًا وَّسَخِّرْ وَجْھِیْ تَسْخِیْرًا وَّسَخِّرْ فِیْ نَفْسِیْ تَسْخِیْرًا کَثِیْرًا دَائِمًا یَا مُسَخِّرُ تَسْخِیْرَاتِ بِالتَّسْخِیْرِ وَالتَّسْخِیْرُ فِیْ تَسْخِیْرِ تَسْخِیْرِکَ یَا مُسَخِّرُ۔

## ۱۴۲۔عمل محبوب خلائق

یہ عروجِ ماہ میں شب جمعہ سے شروع کرے۔ وَاذْکُرْ فِی الْکِتٰبِ اِدْرِیْسَ ط اِنَّهٗ کَانَ صِدِّیْقًا
وَّرَفَعْنٰهُ مَکَانًا عَلِیًّا ط ہر شب جمعہ کو ۹۰ بار باقی دنوں میں صرف ۴۹ بار ورد رکھے۔ ۴۰ دن کے بعد اختیار ہے
بار ورد میں رکھے یا ۱۳ بار اور اگر ۹۰ ۴۹ بار نہ پڑھ سکے تو آیات کے اعداد ۲۷۷۶ ہیں۔ ان میں اپنے نام کے
شامل کرلیں اور نقش مربع پر کریں اور اس کے گرد یہ آیات لکھیں اور ۴۹ بار یہ دعا پڑھ کر ۴۰ روز دم کریں۔
روز کے اور ۴۰ روز تک ۱۳ بار پھر ۴۰ روز تک ۴ بار پڑھیں۔ اگر یہ نقش کندہ کرالیں تو بہتر ہے یہ نقش جب تک پاس رہے گا ہر ایک فرد خلوص محبت سے پیش آئے گا۔ ہر شخص تعریف کرتا ہوا جائے۔ اس نقش کا پانی اگر دشمن کو پلا دیا جائے اس کے دل میں بھی عقیدت و محبت پیدا ہو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۹۳ | ۶۹۷ | ۷۰۰ | ۶۸۶ |
| ۶۹۹ | ۶۸۷ | ۶۹۲ | ۶۹۸ |
| ۶۸۸ | ۷۰۲ | ۶۹۵ | ۶۹۱ |
| ۶۹۶ | ۶۹۰ | ۶۸۹ | ۷۰۱ |

(دائیں جانب) وَاذْکُرْ فِی الْکِتٰبِ اِدْرِیْسَ
(بائیں جانب) وَرَفَعْنٰهُ مَکَانًا عَلِیًّا

اِنَّهٗ کَانَ صِدِّیْقًا نَّبِیًّا

## ۱۴۳۔برائے تسخیر اسمائے باری تعالیٰ

اسمائے باری تعالیٰ اپنے نام کی مناسبت سے استخراج کر کے پڑھنے اور اسم اعظم تسخیر خلائق جمیع
کائنات کے لیے خاص ہے اور اسماء باری تعالیٰ کے استخراج کرنے کے کئی طریقے ہیں۔

① کسی کا نام غیاث الدین ہے یا عزیز احمد یا عبدالکریم وغیرہ تو ان کے لیے یہی اسماء اسم اعظم
غیاث الدین کے لے یَا غِیَاثُ، عزیز احمد کے لیے یا عزیز اور عبدالکریم کے لیے یا کَرِیْمُ۔ اسی طرح
کریم ﷺ بھی امت مسلمہ کے لیے اسم اعظم ہیں یعنی کسی کا نام محمد یا محمد احمد ہے یا محمد طٰہٰ ہے یا محمد یٰسین یا
یہی اسماء اس کے لیے اسم اعظم ہیں جس کا نام محمد ہے وہ مُحَمَّدُ یا جس کا نام محمد احمد ہے وہ ہر دو یا صرف ایک
کرے۔

**نوٹ:** حضور ﷺ کے اسمِ خاص محمد کے ساتھ یا کو ملا کر ورد کرنا منع ہے۔

② اپنے نام کے اعداد کے مطابق کوئی ایک اسم باری تعالیٰ یا دو یا تین اسماء مبارکہ جن کے
مجموعہ وہی ہو جو اس کے نام کا مجموعہ۔ مثلاً میرا نام اقبال احمد ہے۔ پہلے طریقے کے مطابق میرے لیے اسم
اَحْـــمَـــدُ ہے اور دوسرے طریقے کے مطابق میرے نام کے اعداد ۱۸۷ ہوتے ہیں۔ ایسا کوئی اسم باری



Marfat.com

دستیاب نہیں ہے جس کے اعداد ۱۸۷ ہو۔ اس لیے دو اسماء کو ملا کر بنایا گیا۔

سُبْحَانَ اللہِ یَا خَلِیْلُ یَا جَامِعُ یَا عَلِیْمُ یَا اَوَّلُ یَا سُبْحَانُ یَا مُحِیْطُ یَا مَنَّانُ یَا وَلِیُّ

(۳) اپنے نام کو ملفوظی کرے۔ پھر اعداد نکالے اور اس مجموعے کے اعتبار سے اسم باری کو استخراج کرے۔ مثلاً میرا نام اقبال احمد ہے اس کو ملفوظی کیا۔ الف (۱۱۱)، قاف (۱۸۱)، با (۳)، الف (۱۱۱)، لام (۱۷۱)، الف (۱۱۱)، حا (۹)، میم (۹۰)، دال (۳۵)۔ اب ملفوظی الفاظ کے اعداد کا مجموعہ ہوا ۷۲۲، ان اعداد کے اعتبار سے میرے لیے اسم یاوتر یا اللہ ہے۔

(۴) چوتھا طریقہ بہت آسان ہے اور وہ یہ ہے کہ اپنے نام کے حرفِ مرکز کی مناسبت سے استخراج کریں۔ اگر کسی کے نام کا حرفِ مرکز ہے الف، تو کوئی اسم الٰہی جس کا حرفِ مرکز بھی الف ہو اس کو پڑھیں۔ اگر کوئی ایسا اسم مل جائے جس کے اعداد کا بھی آپ کے نام کے اعداد کے مطابق ہوں تو نور علیٰ نور یا دو اسمائے باری کا انتخاب اعداد کے لحاظ سے کریں تو دونوں آپ کے حرفِ مرکز کے مطابق ہوں یا ایک ہی اسم مگر پڑھنے میں وہ مقدم رہے گا جو حرفِ مرکز کے مطابق ہوگا۔ مثلاً اپنے نام کو میں اسم اعظم کے لیے اس طرح پڑھتا ہوں یَا اَوَّلُ یَا عَلِیْمُ اس میں حرف مرکز کی مناسبت بھی ہے اور اعداد بھی۔

(۵) اپنے نام کے اعداد کی اکائی کی مناسبت سے اسم باری تعالیٰ کا استخراج جن دو افراد کے ناموں میں پائی جاتی ہے وہ گہرے اور سچے دوست ثابت ہوتے ہیں۔ باپ اور بیٹوں میں شوہر اور بیوی میں اگر یہ مناسبت ہو گی تو زندگی میں جدائی نہیں ہوگی اگر کسی کے نام میں اکائی اور دہائی میں بھی مناسبت ہوگی تو دونوں ایک جان دو قالب یعنی محب ومحبوب کی طرح سے زندگی بسر کریں، یہ ہی مناسبت اسم اللہ اور اسم محمدؐ میں پائی جاتی ہے۔ اسم اللہ کے اعداد ۶۶ اور اسم محمد کے ۹۲ ہیں۔ یہاں اکائی اور دہائی دونوں میں مناسبت ہے (اس کی تفصیل شروع کے صفحات میں گزر چکی ہے) اگر اپنے لڑکوں کا یا دوسروں کے لڑکوں کا نام رکھتے وقت اور شادی کا پیغام دینے سے قبل اس مناسبت کو ملحوظ رکھیں تو دونوں میں عداوت ونفرت کی وجہ سے کبھی جدائی نہ ہو گی۔ دیگر وجوہ کی بنا پر جدائی ہوگی وہ عارضی ہو گی۔ مثلاً میرے نام کے اعداد ۱۸۷ ہیں اور یَا وَاصِلُ کے ۱۲۷ ہیں اس اسم باری میں اکائی میں بھی مناسبت ہے اور دہائی میں بھی۔ اسی طرح "اَوَّلُ" کہ اس کے اعداد ۳۷ ہیں۔ اس کی اکائی میں مناسبت ہے۔ مگر دہائی میں نہیں۔ مگر حرف مرکز دونو کا الف ہے۔ اس لیے یَا اَوَّلُ کا ورد افضل رہے گا۔

مناسبت کا نقشہ، کون عدد کس کا دوست ہے

| یہ عدد کا دوست ہے اور یہ اس کے دوست ہیں | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ۱ | ۱ | ۱ | ۱ | ۱ | ۱ | ۱ | ۱ |
| | ۴ | ۶ | ۲ | | ۲ | | ۲ | ۳ |
| | ۶ | ۹ | ۶ | | ۳ | | ۴ | ۶ |
| | ۸ | | ۸ | | ۴ | | ۶ | |
| | | | | | ۸ | | | |
| | | | | | ۹ | | | |



Marfat.com

⑥ چھٹا طریقہ کلی ہے کہ اس کے اور تمہارے نام کے اعداد میں ظاہری مناسبت نہیں مگر دونوں گہرے دوست ہیں تو اس کی وجہ پر جب غور کیا تو ازروئے جفر دونوں میں مناسبت کلی موجود پائی جو قوی تر ہے یعنی ۱۸۲ ۳۵۷ ÷ ۷ سے برابر تقسیم ہو جاتی ہیں۔

⑦ اس کا دوسرا قاعدہ بھی ہے جو پہلے کی مثل تو نہیں مگر مفید ضرور ہے۔ مثلاً میرے نام کے اعداد کسی عدد سے برابر تقسیم نہیں ہوتے اور دو سے تقسیم کریں تو ایک بچے گا اور تین سے تقسیم کریں تو بھی ایک بچے گا اور چار سے تقسیم کریں تو تین بچیں گے۔ اب دوسرے نام کے اعداد یا باری تعالیٰ کے انتخاب کے لیے یہی طریقہ اپنائیں۔ مثلاً میں یا جلیل کا ورد کرنا چاہتا اور اس کے اعداد ہیں ۷۳ اور میرے نام کے اعداد ۱۸۷، نہ تو حرف مرکزی مناسبت ہے نہ اکائی ہیں، نہ بطریق ملفوظی مناسبت ہے ہاں باعتبارِ جفر مناسبتِ کلی اس اسم کو میرے نام سے یوں ہے کہ ۷۳ کو ۲ سے تقسیم کیا۔ تو ایک بچا اور میرے نام کے اعداد کو ۲ سے تقسیم کیا تب بھی ایک بچا۔ یہ قاعدے اس لیے درج کر دیے ہیں کہ اسمائے باری تعالیٰ سے کامل فوائد حاصل کیے جا سکیں اور کسی عمل کو پڑھنے سے قبل ان مناسبتوں پر غور کر لیا کریں تو رجعت اور دیگر مضرتوں سے محفوظ رہیں۔ س کی تفصیل گذشتہ صفحات پر ضرور ملاحظہ فرمائیں۔

## ۱۴۴۔ اسمائے جبروت پڑھنے کا طریقہ

برائے تسخیر اسمائے جبروت حیرت انگیز تاثیر رکھتے ہیں ہر نماز کے بعد ۴۱ بار پڑھے۔ اپنے گرد حصار پائے۔ اول و آخر درود شریف ایک ایک بار اور اگر درود تسخیر پڑھے تو نورٌ علیٰ نور، اسمائے جبروت گذشتہ صفحات لکھے ہیں۔ دیکھ کر پڑھیں اگر اس کا بہت جلد اثر دیکھنا چاہتے ہیں تو ۱۰۰ ۴۱ مرتبہ ۴۱ یوم پڑھیں۔ اسمائے جبروت دعوت دی جائے تو ہر حاجت کے لیے کافی ہے۔ جتنا چاہے خرچ کرے کبھی کمی نہیں آئے گی۔ جتنے کی ضرورت کسی نہ کسی ذریعہ سے مل جایا کرے۔ تھوڑے پیسوں میں برکت ہو کہ جتنا چاہو خرچ کرو کم نہ ہوں۔ اگر دشمن کا لشکر گھیر لے کچھ نہ کر سکے۔ تیر، تلوار اور گولی کچھ بھی نہ اثر کرے۔ پانی پر مثل زمین کے چلے، ہوا پر اڑے، مگر ان سے کوئی کام بغیر ضرورت، تفاخر یا کرامت و بزرگی دکھانے، جتانے کو کیا تو اثر زائل ہو جائے گا۔ مگر پڑھتا رہے جب بھی حقیقی ضرورت پیش آئے گی اثر خود بخود ظاہر ہو گا۔ مگر آپ کو یا کسی کو یہ احساس بھی نہ ہو گا کہ یہ کام کیسے اور یہ پیسے کہاں سے آئے۔ یہ گولی میرے ماری گئی تھی نشانہ بھی صحیح تھا پھر یہ چپٹی ہو کر کیوں گر گئی وغیرہ وغیرہ۔ اختیار سلب ہو جاتا ہے۔ دعوت کا طریقہ ہے کہ علاوہ دیگر ہدایات پر عمل کرنے کے ترکِ جلالی و جمالی بھی کرے پہلے دن بہ نیت نصاب ایک سو ترپن ۱۵۳ مرتبہ دوسرے دن بہ نیت زکوٰۃ پانچ سو تینتیس ۵۳۳ مرتبہ تیسرے دن نیت عشر پانچ سو ۵۰۰ مرتبہ چوتھے دن بہ نیت قفل دو سو دس ۲۱۰ مرتبہ، پانچویں دن بہ نیت دور مدور چار سو ساٹھ ۴۶۰



Marfat.com

مرتبہ، چھٹے دن بہ نیت بذل ۸۳۲ آٹھ سو بتیس مرتبہ، ساتویں دن بہ نیت ختم ایک سو چار ۱۰۴ مرتبہ، آٹھویں دن بہ نیت تکرار آٹھ سو اکتیس ۸۳۱ مرتبہ، نویں دن بہ نیت توہم پانچ سو اکیالیس ۵۴۱ مرتبہ قرأت کرے، اس کے بعد ایک ہفتہ تک سات ہزار بار پڑھے، اس سے غیب کے دروازے کھل جائیں گے اب عمل کو قائم رکھنے کے لیے ۴۱ بار روزانہ ورد میں رکھیں۔

## ۱۴۵۔ عمل اسم یا بدوح باموکل

عمل اسم یَا بُدُّوحُ جتنا آسان ہے اتنا ہی مشکل بھی ہے کیونکہ اس عمل میں رجعت بہت جلد ہوتی ہے اگر پیر باتصرف یا پابندِ شرع ہے یا اس اسم کے عامل کی اجازت سے شروع کرے تو رجعت سے محفوظ رہ سکتا ہے۔ اگر بدوح کے بجائے بدوھ پڑھا یا بدھو یعنی بڑی ح کے بجائے دوچشمی ہے (ھ) پڑھے گا تو نقصان کا زیادہ امکان ہے۔ اگر یا بدو پڑھے تو وہ گھر وہ بستی ویران ہو جائے گی یا وہاں کے باشندے طرح طرح کی مصیبتوں اور پریشانیوں کا شکار ہوں گے اور اگر یا بدوھ پڑھے گا تو اس گھر یا گاؤں میں آگ لگ جائے گی۔ اس عمل کا اثر بہت دیرپا ہے اس لیے نفع ونقصان کا اثر بھی دیر سے ظاہر ہوتا ہے اور ایک چلہ کا اثر برسوں باقی رہتا ہے۔ یہ عمل لیلی (رات کا) ہے۔ دن میں پڑھنے کے اثر بھی ایسے ہی ظاہر ہوں گے، ان وجوہ کے پیش نظر ہر ایک کو جو اس کا اہل نہ ہو یہ عمل نہ کرنا چاہیے، نہ بتانا چاہیے اور جو شخص کسی کو انتقاماً یہ عمل بتائے گا جس طرح اکثر حاسد اور دشمن کسی کو برباد کرنے کے لیے ہمدرد بن کر شراب اور جوئے کا عادی بنا دیتے ہیں۔ اگر کسی نے ایسا کیا تو جو نقصان پڑھنے والے کو پہنچے گا بتانے والا بھی اس سے محفوظ نہ رہے گا۔ عمل یَا بَدُّوح کے ذریعہ عمومی دونوں کام لیے جا سکتے ہیں۔ یہ عمل ہر دو کام میں مجرب ومشہور ہے۔ یہاں پر صرف تسخیر عمومی کے طریقے درج کیے جاتے ہیں۔ تسخیر خصوصی کا طریقہ باب التسخیر خصوصی میں ملاحظہ فرمائیں۔

## ۱۴۶۔ پہلا طریقہ

تسخیر عمومی کے لیے تین چلے بطریق افضل پرہیز شرعی پڑھنے اور طہارت کی پابندی کرے۔ اول چلے میں یَا جِبْرَائِیْلُ یَا تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ یا بُدُّوحُ ہزار بار روزانہ بعد مغرب سے کسی وقت طلوع فجر تک وقت کی پابندی سے پڑھے۔ اول آخر درود شریف ۴۱ بار۔ دوسرے چلے میں یا جِبْرَائِیْلُ یا تَنْکَفِیْلُ بحق یا بُدُّوحُ ۴۰۰ بار اول وآخر درود شریف ۱۴۱ بار۔ تیسرے چلے میں یَا جِبْرَائِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ یَا رَفْتَمَائِیْل یَا تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ یَا بُدُّوحُ ۴۰ بار۔ اس عمل کو خواہ بطریق اکمل پڑھے یا بطریق اجمل یا بطریق افضل۔

پہلے دن عمل ختم کرنے پر گیارہ نقوش پر نظر ڈالے اور جس پر دل قائم ہو اسی نقش کو ۲۰ عدد لکھے ۱۹ کو آٹے میں



Marfat.com

گولی بنا کر دریا میں ڈالے۔ ایک آخری کو دم کر کے اپنے پاس رکھے۔ اس کے نمبر دار ہر نقش کو ۲۰ عدد لکھیں ۱۹ د
آخری کو دم کر کے پاس رکھے۔ نمبر دار سے مراد یہ ہے کہ اگر پہلے دن ۱۰ نمبر کا نقش لکھا ہے تو دوسرے دن
تیسرے دن نمبر ۱۱ چوتھے دن نمبر ۱۲ اسی ترتیب سے نقل کرتا رہے۔ عمل کا ایک چلہ ہو یا تین، جب بھی عمل ختم ہوا
کا جو نقش ہے وہ عمر بھر کے لیے ہے، وہ آخری نقش اپنے پاس رکھے۔ اس سے پہلے کے جو نقش جمع ہو چکے ہیں
۲۴ گھنٹے اپنے پاس رکھے ایک منٹ کے لیے بھی جدا نہ کرے۔ جب دوسرے دن دوسرا نقش لکھ کر باندھے تو
کو کھول کر رکھ لے یا کسی حاجت مند کو دے، تسخیر اور روزگار کے لیے مفید ہوگا۔ یہ جمع شدہ نقوش ختم ہونے
جب بھی کسی کو لکھ کر دے تو وہی نقش جو آخری دن اس کو ملا ہے دے۔

۱




۲




۳




۴






Marfat.com

**۵**

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ٨ | ٢ | ١٠ |
| ٩ | ٧ | ۴ |
| ٣ | ١١ | ٦ |

اجب یاجبرائیل بحق یابدوح

**۶**




**۷**




**۸**




**۹**




**۱۰**

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨ | ٦ | ۴ | ٢ |
| ٢ | ۴ | ٦ | ٨ |
| ٦ | ٨ | ٢ | ۴ |
| ۴ | ٢ | ٨ | ٦ |

**۱۱**




## ۱۴۷۔دوسرا طریقہ

۴۰ دن ہر روز باپرہیز ۲۵۰۰ بار پڑھے اور ہر روز اوپر بتائی ہوئی ترکیب سے نقش انتخاب کرے اور ہر روز ترتیب وار ۲۰ عدد ہر نقش لکھتا رہے آخری ۲۴ گھنٹے پاس رکھے باقی ۹ نقش دریا میں ڈالے۔غرض آخری نقش اپنے پاس موم جامہ شدہ رکھے، کبھی اپنے سے جدا نہ کرے جب تک پاس رہے گا تسخیر اور دولت خوب رہے گی۔

## ۱۴۸۔عمل عجائبات وغرائبات

یَا دَیَّانُ الْعِبَادِ کُلٌّ یَقُوْمُ خَاضِعًا لِّرَهْبَتِهٖ وَرَغْبَتِهٖ یَا دَیَّانُ۔ یہ دعا بعد نماز عصر سے غروبِ آفتاب تک پڑھے اول وآخر درود شریف ۱۱ بار اور صبح کو سنت فجر اول وقت پڑھنے کے بعد سے فرض ادا کرنے تک اور فرض کے بعد سے طلوعِ آفتاب تک یَا مُعِیْدُ مَا اَنْبَاهُ اِذَا بَرَزَ الْخَلَائِقُ لِدَعْوَتِهٖ مِنْ مخافَتِهٖ یَا مُعِیْدُ اول آخر درود شریف ۹ بار۔یہ عمل عجیب وغریب ہے ۴۰ روز نہیں گزرنے پائیں گے کہ وہ عجائبات وغرائبات دیکھنے میں آئیں

گے کہ اس کا عامل بھی خود حیران ہوتا ہے اور دوسرے دیکھنے والے بھی حیران ہوتے ہیں۔ اگر اس عمل کو عمر بھ
طرح جاری رکھے تو زیادہ بہتر ہے ورنہ ۴۱ دن کے بعد عصر کی دعا ۴۱ بار اور بعد فجر کی دعاء ۴۶ بار ورد میں رکھیں

## ۱۴۹۔ برائے تسخیر و حصولِ دولت

یہ عمل ۴۰ دن کا ہے اور کیسا سریع الاثر ہے اس کا اندازہ آپ خود ہی کرلیں گے۔ عروج ماہ میں دو
طلوع آفتاب کے بعد پہلے دن یَا عَزِیْزُ الْمَنِیْعُ الْغَالِبُ عَلٰی اَمْرِہٖ فَلَا شَیْءَ یُعَادِلُہٗ یَا عَزِیْزُ ۵۹۸ بار، باقی
دن ۵۹۵ بار اور بعد نماز عشاء پہلے دن یَا حَمِیْدُ الْفِعَالِ ذَالْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ یَا حَمِیْدُ ۵۷۰ با
تین شب ۵۶۸ بار۔ بعد چار روز کے ہمیشہ پہلی دعا بعد نماز فجر ۹۴ بار اور دوسری دعا بعد نمازِ عشاء ۶۲ بار ور
رکھیں اور یہ دونوں نقش لکھ کر پاس رکھیں اور ہر روز ان پر دم کریں اور باندھ لیا کریں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۹۵ | ۵۹۸ | ۶۰۲ | ۵۸۸ |
| ۶۰۱ | ۵۸۹ | ۵۹۴ | ۵۹۹ |
| ۵۹۰ | ۶۰۴ | ۵۹۶ | ۵۹۳ |
| ۵۹۷ | ۵۹۲ | ۵۹۱ | ۶۰۳ |

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۰۶۸ | ۵۰۷۱ | ۵۰۷۴ | ۵۰۶۱ |
| ۵۰۷۳ | ۵۰۶۲ | ۵۰۶۷ | ۵۰۷۲ |
| ۵۰۶۳ | ۵۰۷۶ | ۵۰۶۹ | ۵۰۶۶ |
| ۵۰۷۰ | ۵۰۶۵ | ۵۰۶۴ | ۵۰۷۵ |

## ۱۵۰۔ سورۂ اخلاص برائے تسخیر

سورۂ اخلاص میں تسخیر بہت ہے اور عاملین نے اس کے پڑھنے کے کتنے ہی طریقے اختیار فرما۔
طریقہ تسخیر جمیعا کے لیے بہت زود اثر ثابت ہوا ہے۔

اَلْمُحْیِیُ الْمُمِیْتُ الْقَابِضُ الْبَاعِثُ الْوَارِثُ الشَّافِیُ الْبَرُّ الْاَوَّلُ الْاَحَدُ اللّٰہِ الصَّمَدُ الْقَا
لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

بطریق افضل بعد نماز عصر اسی جگہ بیٹھے رہیں اور اذانِ مغرب تک بیشمار پڑھیں۔ اول و آخر تین بار درود تاج
تسخیر پڑھیں۔ پہلا چلہ بطریق افضل کریں۔ ہر گناہ سے بچیں۔ یہ بات عام طور پر پائی جاتی ہے کہ خود جس
عادی نہیں اس کو گناہ سمجھتا ہے اور خود جس گناہ کا عادی ہو جاتا ہے اس کو گناہ نہیں سمجھتا۔ ان مختصر الفاظ کی تشریح
مسائل میں دیکھیں یا علماء کرام سے دریافت کریں۔ دوسرا چلہ بطریق اجمل ادا کریں۔ پھر تیسرا چلہ بطریق
کریں۔

## ۱۵۱۔ تسخیر خلائق با مؤکل

اس عمل کے بھی بطریقِ مذکور تین چلے کرے۔ عمل بہت آسان ہے اور زود اثر بھی۔ یَا مُسَخِّرُ



Marfat.com

کُلِّ مَخْلُوْقَاتٍ اَجِبْ یَا جَبْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَا بَاسِطُ بعد نماز عشاء، ۱۰۶ بار اول آخر درود شریف تسخیر ۳ بار تین چلوں کے بعد ۴۱ بار یا ۲۱ بار پڑھتا رہے تمام مخلوق مسخر ہو۔ ہر وقت ہجوم رہے، روپیہ پیسہ بہت آئے اور اگر کسی مخصوص ذات سے کوئی کام ہو اور گمان یہ ہو کہ وہ انکار کر دے گی تو اول آخر درود شریف ۳ بار اور دعا مذکور ۱۵ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے پھر جائے جو کہے وہ پورا ہو۔

## ۱۵۲۔ برائے تسخیر خلق

یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ فِعَالِہٖ یَا اَللّٰہُ۔ اس عمل کو بہ نیتِ تسخیر بطریق افضل چالیس روز تک چار ہزار چوالیس (۴۰۴۴) بار پڑھے اول آخر درود شریف ۹ بار۔ خاموشی اختیار کرے بضرورت کلام کرے، فضول گفتگو سے پرہیز کرے۔ دوران عمل ہر جمعہ کو تازہ غسل کرے پاک کپڑے پہنے اور قیامگاہ پر سنت ادا کرے اور خوشبو لگائے اور ۲۰۰ بار یہ اسم پڑھ کر جامع مسجد جائے راہ میں درود شریف کا ورد رکھے بعد چلہ ختم ہونے کے ۲۰۰ بار ہمیشہ وردر کھے مگر یہ شرط یاد رکھے کہ کبھی کسی کو یہ نہ بتائے کہ میں کون سا عمل کر رہا ہوں۔ اگر کسی کو یہ عمل بتائے اور اجازت دے جب بھی یہ ظاہر نہ ہونے دے کہ میں یہ عمل کر رہا ہوں۔ جس سے بھی یہ اظہار کرے گا یہ عمل اس کی طرف منتقل ہو جائے گا اور یہ محروم رہ جائے گا۔

## ۱۵۳۔ عمل تسخیر برائے علماء کرام

یہ عمل علماء کرام جن کو وارث النبی ﷺ کہا جاتا ہے ان کے واسطے خاص طور پر اور دیگر اہل اسلام کے لیے عام طور پر تسخیر خلائق کے لیے بے مثل ہے۔ تسخیر کے لیے ہدایات شروع باب میں لکھ دی گئی ہیں ان کی پابندی ازبس ضروری ہے۔ یوں تو عام طور پر جھوٹ اور غیبت سے زبان میں اثر نہیں رہتا اس عمل میں اس کا بھی خیال رکھیں کہ جو لوگ جھوٹ اور غیبت کے عادی ہوں ان کی صحبت سے بچیں کہ جھوٹ یا کسی کے عیب پر دلنوازی میں تصدیق کر دی تو اثر جاتا رہے گا۔ دوسرے کسی پر عمل کو ظاہر نہ کرے۔ یَا رَحْمٰنَ کُلِّ شَیْءٍ وَّ وَارِثَہٗ وَرَاحِمَہٗ یَا رَحْمٰنُ اس عمل کو بہ نیت نصاب ۲۰ دن ہر روز سات ہزار بار پڑھے۔ اگر خلوت اختیار کرے تو زیادہ بہتر ہے۔ پھر ۲۰ دن بہ نیتِ زکوٰۃ تین ہزار چھ سو بار پڑھے پھر ۲۰ دن بہ نیتِ عشر اور قفل ۱۸۰ بار پڑھے۔ جب عمل تمام ہو تمام اولیائے کرام وعلمائے کرام کی نذر دلائے جتنی بھی زیادہ ممکن ہو اور احباب کو کھلائے۔ یہ اختیار ہے کہ ہر سہ عمل بطریق اکمل ادا کریں یا بطریق اجمل یا بطریق افضل یا ہر دعوت بالترتیب تینوں طریقوں پر کریں۔

دوسرا عمل اس طریق پر کہ ۲۹ روز تیرہ ہزار بار۔ ہر روز رات دن میں بطریق اکمل پڑھے تو تمام اشیائے عالم مسخر ہو کر زبانِ عالم سے کلام کریں اور اسرارِ عالم اس پر ظاہر ہوں اگر کسی کو بنظرِ قہر دیکھ لے تو برباد و پامال ہو اور کسی



Marfat.com

کو بنظرِ مہر دیکھے تو خوشحال و نہال ہو۔ بیمار مفلوج کوڑھی یہاں تک کہ مردہ زندہ اور تندرست تصور کرے۔ صحت یاب ہو اور مردہ زندہ ہو۔ اس کے حق میں عمل کو قائم کرنے کے لیے ۱۸۰ بار روزانہ ورد میں رکھے اور ایک لکھے روز اس پر دم کرتا رہے۔ ختم عمل کے بعد جب تک یہ نقش پاس رہے گا عمل قائم رہے گا۔ مگر تکبر و غرور پیدا فخر یہ کرامت کو ظاہر کرنے کے لیے ایسا کیا تو عمل ضائع ہو جائے گا۔ جب کسی مریض کی شفاء کا ارادہ کرے یا تعویذ کا بہانہ کرے۔

## ۱۵۴۔ تسخیر خواص وعام

یَا وَاحِدُ الْبَاقِیُ اَوَّلُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاٰخِرُہٗ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ یَا وَاحِدُ۔ بطریقِ افضل پرہیز شرعی کے ساتھ فجر اور بعد نمازِ عصر ۳۶۰ بار اول آخر درود شریف ۷ بار مگر یہ شرط ہے کہ اس عمل سے تسخیر کیساتھ جو اسرار بھی عامل ہوں وہ کسی سے بیان نہ کرے سوائے عامل کے بعد ختم عمل ۱۳۱ بار ورد میں رکھے۔

## ۱۵۵۔ عمل تسخیر یا عَظِیْمُ

یَا عَظِیْمُ ذَا الثَّنَاءِ الْفَاخِرِ وَالْعِزِّ وَالْمَجْدِ وَالْکِبْرِیَآءِ فَلَا یَذِلُّ عِزَّہٗ یَا عَظِیْمُ

ہر روز وقت مقررہ پر پرہیز شرعی کے ساتھ ۱۶ روز تک ایک ہزار بار پڑھیں اول روز شروع عمل سے قبل اس عزیمت کو یا اس کا نقش مرتب کر کے سامنے رکھیں اور ہر تسبیح کے ختم پر نقش دم کریں جب عمل ختم ہو اس پر دم کر کے پاس رکھیں۔

بسم اللہ الرّحمٰنِ الرحیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴۳۹ | ۱۴۴۳ | ۱۴۴۶ | ۱۴۳۲ |
| ۱۴۴۵ | ۱۴۳۳ | ۱۴۳۸ | ۱۴۴۴ |
| ۱۴۳۴ | ۱۴۴۸ | ۱۴۴۱ | ۱۴۳۷ |
| ۱۴۴۲ | ۱۴۳۶ | ۱۴۳۵ | ۱۴۴۷ |

## نقش عجیب جامع التسخیر

بہتر ہے کہ نقش جامع التسخیر کو لکھ کر پاس رکھیں یہ نقش تمام عملیات تسخیر کا مجموعہ ہے۔ اس نقش فائدہ یہ ہے کہ عمل کوئی بھی کیا جائے اس نقش پر دم کر لیا جائے تو تمام ہی عملیاتِ تسخیر کے فیوض و برکات سے ہو گا پھر اس نقش سے بہت سے کام لیے جا سکتے ہیں۔ مثلاً جس کی بیوی شوہر سے برگشتہ ہو یا شوہر بیوی سے نف ہو، اولاد نافرمان ہو، عزیزوں رشتہ داروں میں اختلاف ہو، دوست احباب میں کشیدگی ہو، کوئی قرض لے کر روزگار نہ ملتا ہو، مالک یا آفیسر جس کے اختیار میں ملازمت دینا اور ترقی دلانا ہے وہ رخ نہیں ملاتا۔ ان تمام کا یہ نقش بہت کامیاب ثابت ہوا ہے۔ جو لوگ بڑے اور سخت عمل کو نہ کر سکتے ہوں یا جو آیات اور دعاؤں میں مخار کر سکیں وہ مندرجہ عمل کریں۔



Marfat.com




## ۱۵۷۔ عمل یا ودود

اس عمل کا بہت آسان طریقہ لکھا جا رہا ہے تا کہ جن کی زبان کچی ہے یا کم علم ہیں کہ بڑی دعائیں حفظ نہ کرسکیں وہ نقش جامع التسخیر کندہ شدہ اقبال احمد رضوی کتب خانہ بازار صندل خان بریلی شریف سے منگالیں اور یا ودود صرف ۸۰ بار پڑھ کر نقش پر دم کرلیا کریں اور ممکن ہو تو اکتالیس (۴۱) روز برابر پڑھیں اور ہر روز نقش پر دم کر لیا کریں تو وہ اسم یا وَدُوْدُ کے عامل بن جائیں گے اور جس کسی کو بھی اپنا نقش دھو کر پانی دیں اور وہ جس کسی کو پلا دے محبت سے پیش آئے اور نافرمان فرمانبردار بن جائے اور اگر خود پڑھ کر دم کرنے کی بھی ہمت نہ ہو تو کسی عامل سے دم کرالے پھر جس کسی کو اس نقش کا پانی دے گا کامل فائدہ حاصل ہوگا۔ اس نقش کے پانی پلانے کی ترکیب نقش کے ساتھ لکھ کر بھیجی جاسکتی ہے اس کا لکھنا مناسب نہیں۔ میں جس کو بھی نقش دیتا ہوں خود دم کر کے دیتا ہوں اس اور دیگر عملیات کی زکوٰۃ و نصاب وغیرہ کہ جس کے ذریعے کامل فائدہ حاصل کیا جاسکتا ہے اس کا طریقہ شمع شبستانِ رضا حصہ دوم میں بھی لکھا ہوا ہے مگر اس میں زیادہ وضاحت کی جائے گی۔



Marfat.com

## ۱۵۸۔ عمل سورۂ اخلاص باموکل

سورۂ اخلاص ہر حاجت کے لیے زود اثر ہے خصوصاً تسخیر، اس کے ذریعے تسخیر خلائق اور تسخیر دونوں کام لیے جاتے ہیں اور یہ عمل بہت مشہور و مجرب ہے۔ عاملین نے اس کے بہت سے طریقے بتائے ہیں تقریباً سب مجرب ہیں مگر ہم یہاں صرف ۶ دن کا عمل بتاتے ہیں تاکہ کمزور حضرات بھی اس کے فوائد سے مستفید ہو سکیں۔

یہ عمل باموکل ہے اس لیے پرہیز افضل کے ساتھ اکمل اشد ضروری ہے۔ مسجد یا مکان مگر پاک صاف ہو عمل تنہائی میں باطہارت ۱۶۷ بار اس طرح پڑھیں کہ یہ نقش زعفران اور عرق گلاب میں حل کر کے لکھیں اگر دولت بھی درکار ہو تو چاندی پر کندہ کرا کے سامنے رکھیں کہ اس پر نظر رہے۔ مصلے پر بیٹھ کر درود شریف ایک بار پڑھیں۔ پھر دو نفل بہ نیت ایصال سید عالم ﷺ و حضرت علی و حسنین کریمین اور خواجہ غریب نواز و اعلیٰ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے پڑھے! پھر قبلہ رخ کھڑے ہو کر تین بار اس طرح عرض کرے فریاد فریاد بدوستی علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ و حسن مجتبیٰ و حسین شہید کربلا آنچہ مطلوب میدارم بانصرام رسان پھر کھڑے کھڑے تین بار آیۃ الکرسی شریف ۳۔۳ بار چاروں قل پڑھ کر کلمہ کی انگلی پر دم کرے اور انگلی سے چاروں طرف حصار کرے پھر بیٹھ کر سورۂ اخلاص ۱۶۷ بار اس طرح پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(دائیں جانب: اقسمت علیکم — بائیں جانب: یاطاطائیل یارفتمائیل بحق سورۃ اخلاص)

| | | | |
|---|---|---|---|
| قل ھواللہ احد | اللہ الصمد | لم یلد ولم یولد | ولم یکن لہ کفوا احد |
| ۳۳۷ | ۳۳۰ | ۳۳۵ | |
| ولم یکن لہ کفوا احد | لم یلد ولم یولد | اللہ الصمد | قل ھواللہ احد |
| ۳۳۲ | ۳۳۴ | ۳۳۶ | |
| اللہ الصمد | قل ھواللہ احد | ولم یکن لہ کفوا احد | لم یلد ولم یولد |
| ۳۳۳ | ۳۳۸ | ۳۳۱ | |
| لم یلد ولم یولد | ولم یکن لہ کفوا احد | قل ھواللہ احد | اللہ الصمد |

وعزمت علیکم اجب یاعطرائیل یااسرافیل

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ وَعَزَمْتُ عَلَیْکُمْ اَجِبْ یَا عَطْرَائِیْلُ بِحَقِّ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ط یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ اللّٰہُ الصَّمَدُ ط یَا طَاطَائِیْلُ بِحَقِّ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ رَفْتَمَائِیْلُ بِحَقِّ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ط



Marfat.com

بعدہٗ درود شریف ۲۱ بار، دورانِ عمل نظر نقش پر رہے۔ بعد عمل ختم کرنے کے نقش پر دم کرے اسی طرح ۶ دن عمل کرے آخری دن دودھ کی فیرنی پر فاتحہ دلائے۔ خود کھائے اور احباب کو کھلائے۔ اس عمل میں موکل کبھی ظاہر بھی ہو جاتے ہیں۔ یہ صفائے قلب پر منحصر ہے۔ اگر موئکل حاضر ہوں بغیر عمل پورا کیے بات نہ کرے جب عمل تمام ہو جائے وہ سلام کریں گے جواب دے اور کہے کہ میں نے آپ کو اس لیے بلایا ہے کہ آپ میرے ہر جائز کام میں مدد کرنے کا وعدہ کریں۔ اگر وہ کوئی شرط رکھیں۔ عامل اسے قبول کرے اور ہمیشہ اس کا پابند رہے ورنہ وہ مدد کرنے کا وعدہ کر کے رخصت ہو جائیں گے اور موکل ظاہر نہ ہوں جب بھی مایوس نہ ہو بلکہ ۴۷ بار ہمیشہ ورد میں رکھے اور نقش پر دم کرتا رہے۔ وہ موئکل اس نقش کے تابع رہیں گے اور ہر ضرورت اور ہر مشکل میں تسخیر اور حصولِ دولت میں غائبانہ مدد کرتے رہیں گے۔

## ۱۵۹۔ دشمن پر غالب آنے اور اسے مسخر کرنے کا مجرب عمل

فقیر اس دعا کو دعائے دافع الکروب جامع المطلوب کے ساتھ ملا کر پڑھتا ہے جو کہ اسی کتاب کے گزشتہ صفحات پر نہایت صحت کے ساتھ درج ہے۔ (مؤلف)

یہ عمل حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے منقول ہے اور نہایت مجرب ہے۔ ہر روز قبل طلوع آفتاب یعنی فجر سے پہلے یا بعد صرف گیارہ بار پڑھنے کا ورد کر لیا جائے۔ پھر کسی اور عمل کی حاجت وضرورت نہ ہوگی۔ دشمن ذلیل وخوار ہو کر مطیع و فرمانبردار ہو کر قدموں میں آ گرے گا۔

اَللّٰھُمَّ سَخِّرْلِیْ اَعْدَآئِیْ کَمَا سَخَّرْتَ الرِّیْحَ لِسُلَیْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَیْھِمَا السَّلَامُ وَلَیِّنْھُمْ کَمَا لَیَّنْتَ الْحَدِیْدَ لِدَاوٗدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَذَلِّلْھُمْ کَمَا ذَلَّلْتَ فِرْعَوْنَ لِمُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ وَقَھِّرْھُمْ کَمَا قَھَّرْتَ اَبَاجَھْلٍ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

**نوٹ:** اگر کسی دن فجر سے قبل نہ ہو سکے تو بعد نماز فجر قبل طلوع پڑھے پڑھتے وقت دشمن یا کسی اور کا نام لینے کی ضرورت نہیں صرف تصور کافی ہے۔

☆☆☆☆☆



Marfat.com

# بَابُ الْحُبِّ خُصُوصِی

تسخیر و محبت کے عملیات تقریباً ہر کتاب میں ملتے ہیں پھر بھی اکثر احباب کو اس قسم کے عملیات کی تلاش رہتی ہے۔ ہر ایک چاہتا ہے کہ تیر بہدف عمل مل جائے۔ جب میں اس طرف متوجہ ہوا تو جو تعویذ عملیات تسخیر و محبت کے اب تک مجھے ملے ہر ایک کو کامیاب پایا۔ مگر ایسا بھی ہوا کہ انہی کامیاب عملیات نے بعض پر کچھ اثر نہ کیا۔ کیوں؟ اس فکر نے تجسس کے دروازے کھول دیے اور میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ سفید کپڑے پر ہر ایک رنگ آسانی سے چڑھ جاتا ہے اگر سفید مگر میلا ہے تو پہلے میل دور کرنا ہوگا اگر کپڑا پہلے ہی سے رنگین ہے اور رنگ بھی نیلا، اودا یا کالا ہو تو اس پر سرخ، گلابی یا پیلا رنگ نہیں چڑھ سکتا۔ اس مثال سے ہر عقل مند آدمی آسانی سے سمجھ سکتا ہے کہ اس کے لیے پہلے رنگ کو اتارنا پڑے گا۔ ہاں پیلے پر گلابی اور گلابی پر سرخ رنگ بآسانی چڑھ سکتا ہے۔ کہ اولاد کو ماں باپ اور ماں باپ کو اولاد کی جانب، بی بی کو شوہر اور شوہر کو بی بی کی جانب مائل کرنا بہت آسان ہے۔ مگر جب کہ دل میل سے صاف ہو یعنی غرض یا بخل یا دین سے بے رغبتی کا میل نہ ہو تو بہت آسان ہے مگر جب دل پر مخالف رنگ چڑھا ہو جیسے شوہر کسی دوسری عورت کی طرف یا عورت کسی دوسرے مرد کی طرف مائل ہو تو زیادہ دشواری پیش آئے گی اور اگر نفسانی خواہشات کی ہوس پر گناہ کی سیاہی چڑھ چکی ہو تو اس کو دور کرنے کے بعد ہی کامیابی ممکن ہے اس لیے تسخیر و محبت کے عملیات میں ہر سبب کو بھی پیش نظر رکھنا پڑتا ہے۔ خصوصاً اس حالت میں کہ دونوں میں پہلے خلوص و محبت ہو اور اب اس میں تبدیلی واقع ہو تو عمل یا تعویذ دینے سے قبل اس کی وجہ پر غور کیا جائے خصوصاً زن و شوہر کے تعلقات میں فرق واقع ہو تو اور زیادہ تجسس کی ضرورت ہے۔

## پہلی وجہ

کبھی شوہر کی ناراضگی کا سبب اپنی تنگدستی، مفلسی، قرضداری، دوست احباب سے اختلاف جس سے چڑاپن پیدا ہو جاتا ہے اور اس کی بھڑاس شریکِ زندگی ہی پر ناراض ہو کر نکلتی ہے۔ یہ محبت کی کمی کی دلیل نہیں لہٰذا اس موقع پر محبت کا تعویذ نہیں بلکہ سکونِ قلب کی یا اس کی تکلیف دور کرنے کی تدبیر کرے۔

## دوسری وجہ

عورت کی بے وقت اور خلافِ مصلحت فرمائشات، خواہشات کا نتیجہ یہ بھی ہوتا ہے کہ شوہر مار پیٹ کرتا ہے۔ خود بی بی سے بھاگتا ہے یا اسے مکان سے نکالنا چاہتا ہے۔ اس میں زیادہ قصور عورت کا ہے مرد کا نہیں۔ اس موقع

پر عورت کے لیے صبر وقناعت کا عمل کرے۔

## تیسری وجہ

جس میں مرد تقریباً بے قصور ہوتا ہے۔ مثلاً عورت کی سرد مہری، ناز و نخرے، بدزبانی، اینٹھ اکڑ، میکے والوں کی بے جا مداخلت وحمایت، ہر بات پر ضد، مرد کی خدمت سے روگردانی وغیرہ وجوہات ہوتی ہیں جس میں زیادہ تعداد ان عورتوں کی ہوتی ہے جو شوہر کے ماں باپ، بہن بھائیوں سے تعلقات برداشت نہیں کرتیں اور شوہر کے سر سارے الزامات عائد کرتی ہیں اور کبھی اپنا قصور ظاہر نہیں کرتی۔ اس موقع پر تعویذ سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے بلکہ تعویذ و نقش عورت کی عادت وخصلت سدھارنے کا دینا چاہیے۔

## چوتھی وجہ

عورت کی نازیبا حرکات، بدکرداری، فحاشی وغیرہ کی وجہ سے مرد ناراض رہتا ہے۔ اگر ایسی عورت کو شوہر کی محبت کا تعویذ دیا تو وہ عورت گناہ پر اور دلیر ہوگی۔ ابھی شوہر کی ناراضگی کا خوف کچھ روکتا ہے اور جب وہ اندھی محبت میں مبتلا ہوگا تو یہ آزادانہ سب کچھ کرے گی۔ اگر عامل نے اس کی مدد کی تو وہ گناہ پر مدد کرنا ہوگا، جس کی سزا قیامت کے دن یا دنیا میں اس عامل کو بھی ملے گی۔

## پانچویں وجہ

جس میں حقیقتاً نہ مرد قصوروار ہے نہ عورت بلکہ تیسری شخصیت ان دونوں کے درمیان بگاڑ پیدا کرنا چاہتی ہے جس میں شوہر کے ماں باپ، بہن و بھائی کا ہاتھ ہوتا ہے یا عورت کے ماں باپ بہن بھائی کا ہاتھ ہوتا ہے یا پڑوسیوں کا۔ عامل کے لیے یہ موقع بہت ہی کٹھن ہوتا ہے کیونکہ شوہر آئے گا تو وہ بالکل لاعلم ہوگا یا فطرتاً بیوی کے گھر والوں کا قصور بتائے گا اور بیوی آئے گی تو وہ لاعلم ہوگی یا جانتے ہوئے بھی سارا الزام شوہر کے عزیزوں پر ڈالے گی اور اس کی تحقیق عامل کے لیے بھی دشوار ہوگی۔ اس موقع پر یا تو استخارہ سے کام لے یا دونوں کے اصلاحِ نفس، دونوں سے خلوص ومحبت بلکہ جمیع اعزہ کے درمیان خلوص ومحبت کے ذریعے روک تھام کرے کہ کسی کا حربہ کامیاب نہ ہو۔ اس سے زیادہ دشواری عامل کے روحانی قوت کے زوال کے سبب غیر شادی شدہ مرد وزن کی محبت کے عملیات وتعویذات کرنے میں ہے کہ شادی کرنے کا ارادہ کر کے عامل کو گمراہ کرتے ہیں یا خود کا ارادہ ہوتا بھی ہے تو دونوں کی بدنامی یا معصیت کا سبب بن جائے گا۔ اس موقع پر وارثوں کی تسخیر کا عمل کریں۔

اکثر ایسے ضرورتمند بھی آتے ہیں کہ جن کی مدد کرنا ضروری ہوتا ہے مثلاً عورت فاحشہ یا طوائف سے شادی کرنے اور اپنی طرف مائل کرنے کے لیے کہ شادی کر کے گناہ سے باز رہے گی۔ اس کام کے لیے تعویذ کرنا اچھا ہے

مگر ایسی عورتوں سے نباہ مشکل سے ہوتا ہے بہر حال پہلے استخارہ کرنا یا تحقیق ضروری ہے اس کے بعد کوئی کا
چاہیے اور جب کسی کے لیے محبت کا کوئی تعویذ دے یا عمل کرے تو پہلے یہ دیکھ لے کہ دونوں کے اتفاق و محبت میں
حائل ہے اگر اس دیوار کو ہٹا دیا جائے تو کامیابی جلد ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ اسی طرح جب مرد عورت کی شکایت
آئے تو اس پر بھی غور کرنا ہوگا کیونکہ قدرت نے عورت کو فطرتاً مرد کا تابع بنایا ہے، پھر مرد سے نفرت کیوں؟ ا
بھی چند وجوہ ہوتی ہیں۔

## پہلی وجہ

لڑکی کے ماں باپ کی ناجائز حمایت یا لڑکی کے ساس نندوں کا بے جا سلوک، اس کی تحقیق کرے ا
وجوہ کا تدارک کرتے ہوئے بیوی کو مطیع کرنے کا تعویذ و عمل کرے۔

## دوسری وجہ

عورت کی خلاف مرضی شادی۔ اس موقع پر عورت کی اصلاح کے ساتھ محبت کا تعویذ دے یا عمل کرے۔

## تیسری وجہ

خود مرد کی کمزوری ہے یعنی قوتِ مردانگی میں کمی یا سرعتِ انزال جس کی وجہ سے عورت کی تسکینِ نفس نہ
پاتا جس کی بناء پر عورت کی محبت، نفرت میں بدل جاتی ہے۔ اس موقع پر مرد کا علاج کرنا ضروری ہے جب د
ہو جائے تب عمل محبت کرے۔

## چوتھی وجہ

صحبت بد ہے۔ میں اپنے تجربے کی بنیاد پر کہتا ہوں کہ صحبت بد کا اثر عورت پر اتنا گہرا ہوتا ہے کہ اس کا
بہت مشکل ہوتا ہے۔ اگر مذکورہ بالا وجوہات نہیں تو بیوی کی ہم صحبت عورتوں پر کڑی نظر رکھے۔ کیونکہ بعض ع
کی یہ عادت ہوتی ہے۔ دوسرں کے یہاں کشیدگی پیدا کر کے لڑائی کرائیں اور دوسروں کے گھر بگاڑنے میں
سکونِ قلب ہوتا ہے جب تک اس کا تدارک نہ کیا جائے کماحقہٗ کامیابی نہیں ہوتی۔

## پانچویں وجہ

عورت کا فطری مغرور ہونا یا بد مزاج ہونا یا زبان دراز ہونا ان باتوں سے مرد یہ نتیجہ نکال لیتا ہے کہ عور
سے محبت نہیں کرتی، حالانکہ وہ محبت تو کرتی ہے مگر عادت سے مجبور ہے، ایسی عورت کے لیے بجائے محبت ک
دینے کے اصلاحِ عادت کی تدابیر کرے اور عامل یہ خیال رکھے کہ فطری عادت بڑی محنت سے بدلتی ہے:



Marfat.com

عورت کو ابتدائی ایام میں سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے اور اس کی ہر خواہش کو بخوشی پورا کرتے ہیں خواہ وہ جائز ہو یا ناجائز، انھیں بعد کو احساس ہوتا ہے۔ اگر ایسے لوگ اب سختی کریں گے تو انجام اچھا نہیں ہوگا۔ اسی عورت کے ساتھ جس کے بگاڑ میں مرد کی اندھی محبت کارفرما ہوتی ہے، مرد کو حسن تدبیر سے کام لینا چاہیے اور جو عورتیں فطرتاً بدمزاج ناقدرشناس ہوں اور اس کے ماں باپ بھی اسی کی حمایت کرتے ہوں تو بہ حسن وخوبی جدا کر دینا بہتر ہے اور اگر اس کا کوئی سہارا نہیں اور نہ اس میں اپنے اچھے برے کے سمجھنے کی صلاحیت ہے تو بجائے سختی کرنے کے نرمی سے سمجھائے اور خیال کرے کہ تخلیقی اعتبار سے دونوں برابر ہیں۔ مگر خالق و مالک نے کسی حکمت کے تحت عورت کو محکوم اور مرد کو حاکم بنایا ہے۔ اگر میں قصداً یا سہواً لغزشوں پر سزا دینے پر قادر ہوں تو میں بھی اس خالق و مالک کا محکوم ہوں اور میں خود اس مالکِ حقیقی کے احکام کی تعمیل میں غفلت ہی سے کام نہیں لیتا بلکہ اکثر کام صریح تاکیدوں کے باوجود اسی کی مرضی کے خلاف کرتا ہوں۔ اگر اس نے میری پکڑ کی اور اس کی سزا دی تو کیا ہوگا؟ اگر مرد اس خیال کے تحت صبر اور درگزر سے کام لے اور اللہ کی ایک بندی پر صرف اللہ کے لیے احسان کرے تو اس کی رحمت سے امید ہے کہ وہ بھی اپنے قصور معاف فرمادے۔

## تصویر کا دوسرا رُخ

جس طرح عورتوں میں کچھ ناپسندیدہ باتیں فطری یا غیر فطری صحبت بد کی وجہ سے ظاہر ہوتی ہیں اسی طرح بعض مردوں میں بھی ایسی باتیں پائی جاتی ہیں جوا، شراب، زنا وغیرہ۔ جیسی عاداتِ بد، کاہلی کی بنا پر گھر میں تنگی رہنا اور اس پر گالی گلوچ، مار پیٹ ایسی مظلوم ہستی کو یہ خیال کر کے صبر سے کام لینا چاہیے کہ جس طرح ایک ملازم نرس کسی پاگل کی خدمت کرتی ہے، وہ نہ تو اس کی گالیوں کی پرواہ کرتی ہے نہ عاداتِ بد کی وجہ سے اپنے فرض سے غافل ہوتی ہے بلکہ وہ تو یہ سمجھتی ہے کہ میں جس کی ملازم ہوں، اس سے اس کی خدمت کا معاوضہ پا رہی ہوں مجھے اس سے کیا لینا ہے۔ اگر عورت اس خیال کے تحت صبر کرے کہ خدا نے اس مرد کی خدمت میرے سپرد فرمائی ہے اور اس کا اجرِ عظیم دینے کا وعدہ فرمایا ہے میں جس کی ملازم ہوں اس کے حکم کی تعمیل میں کوتاہی نہ ہو، مجھے اس کا وہی اجر دے گا جو میرا حقیقی مالک ہے۔ بس رضائے الٰہی کی دھن میں ہر تکلیف برداشت کرے۔ غصہ کو خدا کے لیے حسین مسکراہٹ سے بدل دے۔ ضد اور آن کو مرضیٔ مولا پر قربان کر دے۔ پھر احساناتِ خالق کے کرشمے دیکھے گی وہ گھر جواب تک جہنم کدہ ہے وہی گلزارِ رحمت بن جائے گا۔

## ۱۶۱۔ کاجل برائے حب

سورۂ اخلاص سے تسخیر کا عمل پیچھے تحریر ہے۔ مگر یہاں تسخیر مخصوص کی ترکیب لکھی جا رہی ہے وہ یہ کہ اسی



Marfat.com

نقش کو مٹی کے چراغ پر لکھیں اور اطراف میں عبارت اس تحریر کی اس طرح کریں۔ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ وَعَزَمْتُ عَلَيْكُمْ اَجِبْ يَا عَطْرَائِيْلُ يَا اِسْرَافِيْلُ يَا طَاطَائِيْلُ يَا رَفْتَمَائِيْلُ اَلْحُبُّ فَلَان بن فَلَان عَلٰى قَلْب فَلَان بِنِ فَلَانَ بِحَقِّ سُوْرَةِ اِخْلَاص۔ فَلَانَ بِنْ فَلَانَ کی جگہ مطلوب کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھے۔ اگر مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے کا ٹکڑا مل جائے تو بہتر ہے ورنہ پاک روئی کی بتی بنائیں اور چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر جلائیں۔ دوسری پلیٹ چینی کی لے کر یہی نقش اور اس کے گرد یہی عبارت لکھ کر چراغ سے ایک بالشت اونچی کر کے الٹی لٹکا دیں تا کہ چراغ کی لو کا دھواں پلیٹ کے نقش پر لگے اور یہ عمل اسی طرح پڑھنا شروع کر دیں جس طرح بتایا گیا ہے۔ ۶ دن کا عمل کرنے کے بعد اس پلیٹ پر اچھا گھی ڈال کر سارا کاجل اس میں ملالیں مگر گھی زائد نہ ہو جائے اس کاجل کو ڈبیہ میں رکھیں۔ وقتِ ضرورت اسے آنکھ میں لگا کر مطلوب کے سامنے جائے دیکھتے ہی عاشق ہو۔

## ۱۶۲۔ برائے اُلفت

یہ نقش مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھ کر چراغ جلائے اور مطلوب کے نام کے اعداد کے مطابق یَا وَدُوْدُ پڑھے۔ چراغ کی لو مطلوب کے مکان کی طرف رکھے اول آخر درود شریف ۹ بار۔ مطلوب کے نام میں جتنے حرف ہوں اتنے ہی دن میں یہ عمل کرے اور اگر بیوی کو شوہر کے لیے یا شوہر کو بیوی کے لے یہ عمل کرنا ہو یا نافرمان اولاد یا سرکش ملازم کے لیے عمل کریں تو کسی میٹھی چیز پر دم کرتا رہے اور مطلوب کو کھلائے۔ یہ عمل مجرب ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴ | ۶ | ۴ | ۶ |
| ۳ | ۷ | ۳ | ۷ |
| ۸ | ۶ | ۴ | ۲ |
| ۵ | ۱ | ۹ | ۵ |

## ۱۶۳۔ عمل دیگر

بروز جمعرات بعد نمازِ فجر قبل طلوعِ آفتاب اپنے دست و پا کے سب ناخن کاٹ کر اس تعویذ میں لپیٹ کر بتی بنالے اور نئے مٹی کے پیالے میں رکھ کر انگارے اس پر رکھے جب راکھ ہو جائے تو باحفاظت رکھ لے مگر ناخن کاٹنے سے جلانے تک برابر یَا ـــــــ وَدُوْدُ پڑھتا رہے۔ زبان ہرگز نہ رکے۔ بعد نمازِ عصر سات بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس پر راکھ کو عرق گلاب میں حل کر کے رکھ لے اور مطلوب کو شربت میں پلادے۔ مطیع و فرمانبردار ہو۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴ | ۶ | ۴ | ۶ |
| ۳ | ۷ | ۳ | ۷ |
| ۸ | ۶ | ۴ | ۲ |
| ۵ | ۱ | ۹ | ۵ |



Marfat.com

## ۱۶۴۔ گنڈہ برائے محبت

یہ عمل زن وشوہر، برادر اور فرزند پدر کی محبت، آپس میں اتحاد کے لیے بہت مجرب ہے کہ جن دو میں محبت کرانا مقصود ہو ان دونوں کے پہنے ہوئے کپڑے کی تقریباً دو ڈھائی بالشت لمبی اور چھنگلی کے برابر چوڑی پٹی پھاڑ لیں۔ دونوں کو ملا کر مثل ڈوری کے بٹ لیں۔ پھر یہ دعا سات بار پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِكُمْ ط فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖ اِخْوَانًا یٰاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ۔ اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَیْنَ فُلَانَ بْنِ فلان و فلان فُلَانَ بِنْتِ فلاں وَمَثَلُ كَلِمَةٍ طَیِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّ فَرْعُهَا فِی السَّمَآءِ تُؤْتِیْ اکلها كُلَّ حِیْنٍ بِاِذْنِ رَبِّهَا وَیَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَذَكَّرُوْنَ

یہاں تک پڑھ کر اس ڈور میں ایک گرہ لگائیں، اسی طرح سات بار پڑھ کر سات گرہیں لگائیں۔ جہاں فلاں بن فلاں لکھا ہے وہاں طالب اور اس کی ماں کا نام، مطلوب اور اس کی ماں کا نام لیں۔ اس کے بعد اس گنڈے کو گلے میں باندھے۔ دونوں میں ایسی محبت ہوگی کہ دیکھنے والے رشک کریں گے۔

## ۱۶۵۔ اسمائے اصحابِ کہف

دو دوستوں، بھائیوں، عزیزوں، بہن بھائیوں، زن وشوہر، ماں بیٹوں دیگر اقرباء، ملازم یا مالک، افسران اور ماتحت غرض ان تمام افراد کے درمیان محبت کے لیے اسمائے اصحابِ کہف بے نظیر نقش محبت ہے۔ الھی الحب فلاں بن فلاں بحرمت یملیخا مکسلمینا کشفوطط آذر فطیوس۔ کشا فطیونس۔ تب یونس۔ یوانس۔ بوس و کلبھم قطمیر وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ بفضل سید المرسلین صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ وسلم۔ فلاں بن فلاں کی جگہ محبوب کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔ اس نقش معظم کو لکھ کر پانی میں ڈال دیں اور یہ پانی اہل خانہ کو پلائیں سب میں میل، محبت، خلوص ایک دوسرے کی جانب سے پیدا ہو اور جن کے نام ہوں گے، ان میں خاص طور سے ولولۂ محبت پیدا ہو۔ اور دعائے اسمائے اصحابِ کہف ۷ بار پڑھ کر شربت اور چائے یا کسی میٹھی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں بہت زود اثر ہے۔ اگر طالب خود اس دعا کو پڑھے تو صرف مطلوب کا نام اس طرح لے کر پڑھے۔ دعا یہ ہے: یَا مُسَخِّرُ سَخِّرْلِیْ قَلْبَ فلان بن فلان اور اگر کسی



Marfat.com

دوسرے کو پڑھ کر دے تو اسے تاکید کر دے کہ طالب اپنی زبان میٹھے پر لگا کر مطلوب کو کھلائے یا شربت اور
بسم اللہ شریف پڑھ کر تین سانس میں خود پی لے پھر مطلوب کو پلائے۔ یہ ضروری نہیں کہ مطلوب کو دکھا کر ہی پیے

## مطلوب اگر دور ہو

تو اس کے نام کے اعداد نکال کر اتنی ہی بار پڑھے، مطلوب تین دن میں حاضر ہو۔ اگر پہلے یا د
دن آ جائے جب بھی تین دن پڑھے اس کا عمل تین دن سے کم نہیں اور سات دن سے زیادہ نہیں کرنا پڑتا۔
کی خیریت ملے، پیغام آئے یا وہ خود آئے۔

**ایک سوال:** اگر کوئی قیدی قید میں ہو تو سات دن میں کیسے آ سکتا ہے تو یہ عمل اتنا قوی تر ہے کہ اس کا
پر ظاہر ہوتا ہے، جن کے قبضے میں مطلوب ہو وہ سب اس کی حمایت کریں۔ اگر قیدی سات دن میں نہ مل
کی آزادی کے آثار سات دن میں ضرور پیدا ہو جائیں گے۔ اگر مطلوب کے نام کے اعداد زیادہ ہوں تو
تکسیر کر لیں۔ تکسیر کا طریقہ یہ ہے کہ کسی نام کے اعداد ۳۷۸۵ ہوں تو ان سب کو جمع کر لیں تو صرف ۲۳ ہو
صرف ۲۳ بار پڑھیں۔ جو حضرات عدد نہ نکال سکیں تو صرف ۴۱ بار پڑھیں۔

## ۱۶۶۔ فتیلہ برائے تسخیر

مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر مندرجہ ذیل فتیلہ لکھ کر بتی بنائیں اور مٹی کے چراغ میں خوشبو
ڈال کر جلائیں۔ اگر مطلوب کا کپڑا نہ مل سکے تو کاغذ پر لکھ کر بتی بنائیں اور اس کو پاک روئی اوپر لپیٹ کر جلا
چراغ محبت میں یہ فتیلہ روشن کریں تو زود اثر ہوگا۔

## ۱۶۷۔ چراغ محبت

یہ نقش چراغ پر لکھے یا کندہ کرا لے یہ چراغ زن و شوہر کی نا اتفاقی نافرمان اولاد کو مطیع کرنے
اقرباء، دوست احباب، رشتہ دار، ملازم یا افسر و ماتحت، غرض جن سے کسی قسم کا واسطہ یا تعلق رہتا ہو یا رہ چ
سب کی ناراضگی اور نا اتفاقی کے لیے یہ چراغ بہت مفید ہے خواہ یہ نفرت کسی وجہ سے پیدا ہوگئی ہو یا پیدا کر د
خواہ وہ اسی شہر میں ہو یا کسی دوسرے شہر میں، اس کا عمل پورا ہونے سے قبل حاضر ہو مناسب ہے کہ فلیتہ برا
لکھ کر اس چراغ میں جلائے فرق یہ ہے کہ اس چراغ کے اوپر پہلے طالب کا نام بعد میں مطلوب کا نام او
عبارت میں نام مطلوب پہلے اور نام طالب بعد کو لکھا جائے گا مع والدہ کے نام کے کے، یہ عمل ۲۷ روز
جب چراغ روشن کرے تو ۲۷ عدد کالی مرچ یا دکنی مرچ لے اور مطلوب کا تصور کر کے ہر مرچ پر ایک بار وَمَا
اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى پڑھ کر دم کر کے آگ میں اس طرح مارے کہ آگ میں ہی رہے ادھر ادھر نہ جائے

یہ تصور ہو کہ مطلوب سامنے موجود ہے اس کے دل پر مار رہا ہوں۔

الٰہی بحق بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم و بحرمت ایں نقش معظم۔

الحب فلاں بن فلاں علی قلب فلاں بن فلاں

یا قطمیر — یا قطمیر

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۹۱ | ۲۵۱ | ۴۲۴ | ۱۱۱۶ | ۵۳۳ | ۵۲۸ | ۱۹۵ |
| ۲۵۱ | ۴۲۴ | ۱۱۱۶ | ۵۳۳ | ۵۲۸ | ۱۹۵ | ۶۹۱ |
| ۴۲۴ | ۱۱۱۶ | ۵۳۳ | ۵۲۸ | ۱۹۵ | ۶۹۱ | ۲۵۱ |
| ۱۱۱۶ | ۵۳۳ | ۵۲۸ | ۱۹۵ | ۶۹۱ | ۲۵۱ | ۴۲۴ |
| ۵۳۳ | ۵۲۸ | ۱۹۵ | ۶۹۱ | ۲۵۱ | ۴۲۴ | ۱۱۱۶ |
| ۵۲۸ | ۱۹۵ | ۶۹۱ | ۲۵۱ | ۴۲۴ | ۱۱۱۶ | ۵۳۳ |
| ۱۹۵ | ۶۹۱ | ۲۵۱ | ۴۲۴ | ۱۱۱۶ | ۵۳۳ | ۵۲۸ |

شمہورش — شمہورش

هح هح هح هح هح هح هح هح هح هح هح هح

علح علح علح علح علح علح علح

هطهط هطهط هطهط هطهط هطهط

حمعسق حمعسق حمعسق حمعسق حمعسق

لها لها لها لها لها لها لها

هيحت وفؤاد وسمع وبصر و لب و عقل و بدن و جميع جوارح

فلاں بن فلاں علٰی محبت و مودة و اراده وطاعة واتباع و شفقة

فلاں بن فلاں العجل العجل الوحا الوحا الوحا الساعة

الساعة الساعة وصلی اللّٰہ تعالٰی علٰی خیر خلقه محمد و اٰلہٖ وسلم

## ۱۶۸۔ عمل مطلوب کو طالب بنانے کا

مطلوب کتنی ہی دور ہو کیسی ہی نفرت رکھتا ہو یہ عمل اصلاحِ قلب کر کے اس کو طالب کی جانب مائل کرتا ہے اور اس کے مؤکل جتنے آپ سے مانوس ہوتے جائیں گے اتنا ہی ولولۂ عشق و محبت مطلوب کے قلب میں پیدا ہوتا جائے گا یہاں تک کہ جدائی کے لمحات شاق گزرنے لگتے ہیں اور مطلوب طالب بن کر حاضر ہوتا ہے۔ بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم قل ھو اللّٰہ احد بحرمت جبرائیل اللّٰہ الصمد بحرمتِ اسرافیل لم یلد بحرمت میکائیل ولم یولد بحرمة عزرائیل ولم یکن لهٗ کفواً احدٌ بحرمة دردائیل و مهرائیل ۳۶۰ مرتبہ اول



Marfat.com

آخر درود شریف تین بار۔

## ۱۶۹۔ عمل دیگر

اگر کسی کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنی چاہے کہ اس کو آپ کے بغیر چین نہ پڑے تو مطلوب کے پاؤں کے نیچے کی مٹی لے کر اس پر سات بار یہ دعا پڑھ کر بروز اتوار دم کرے۔

" اَللّٰهُمَّ یَا رَبَّ جِبْرَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَعِزْرَائِیْلَ وَحَمَلَةَ الْعَرْشِ وَالْکُ... وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَوْ یَرَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ یَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّ... جَمِیْعًا وَّ اَنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعَذَابِ اَلْحُبَّ فلاں بن فلاں علی قلب فلاں بن فلاں

پھر اس مٹی کو آگ میں ڈالے، مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہو۔

## ۱۷۰۔ عمل دیگر

شوہر یا بیوی یا اولاد یا ملازم جو دوسروں کے فریب میں آ کر آپ سے نفرت کرنے لگتا ہے یا ن... پہنچانے کی کوشش کرتا ہو، بار بار بھاگ جاتا ہو اس کے لیے بسم اللہ شریف کی آخری میم کو الحمد کے ساتھ ملا کر پڑھے اور میٹھی چیز پر دم کر کے کھلائے۔ اگر مطلوب کی عادت بہت زیادہ خراب ہو گئی ہو یا مطلوب کسی اور جگہ... جب تک آ نہ جائے کچھ کھلایا پلایا نہیں جا سکتا، تو مطلوب بیوی یا شوہر یا اولاد کے علاوہ کوئی اور ہے تو اس کے... کی ماں کے نام کے اعداد شامل کر کے پڑھے اور یہ دعا اور عمل ہر دوشنبہ کو کرے۔ پڑھتے وقت تصور مطلوب کا... بہت مجرب ہے۔ طریقہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ۔ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ۔ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ۔ اٰمِیْنَ ط بستم بستم سرتاپا ہر... فلاں بن فلاں تا من نکشایم کس نکشاید بحق العجل العجل العجل الساعۃ ال... الساعۃ الوحا الوحا الوحا برحمتك یا ارحم الراحمین۔

مگر بسم اللہ شریف کی آخری میم کو الحمد کے لام میں ملا کر پڑھنا نہ بھولیں اگر سمجھ میں نہ آئے صاحب علم... دریافت کر کے صحت کر لیں۔ اور اگر اس عمل کو زود اثر کرنا چاہیں تو کالی مرچ پر دم کر کے آگ میں ڈالتے جا... اگر کالی مرچ سے کام لینا ہو تو صرف سات بار پڑھنا بھی کافی ہے مگر یہ عمل روز کرنا ہوگا اور آگ کے سامنے...



Marfat.com

پڑھیں اور ہر مرچ پر دم کرتے جائیں اور آگ میں ڈالتے جائیں بہت مجرب ہے۔

## ۱۷۱۔محبت کی تسبیح

یہ آیت کریمہ ایک کاغذ پر لکھیں:

الحب فلاں بن فلاں علی قلب فلاں بنتِ فلان بحق لَقَدْ جَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤُفٌ رَّحِيْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

اتنا موم لیں کہ سودانے بن سکیں، موم کو قدرے گرم کریں اور موم ملا کر کوٹ لیں تا کہ سب ایک ہو جائے۔اس کے سودانے بنالیں پھر ہر دانے میں سوراخ کر کے تسبیح بنالیں اور اس تسبیح پر سو بار یہی آیت کریمہ پڑھیں، اگر طالب خود پڑھے تو صرف آیہ کریمہ پڑھے اور کوئی دوسرا شخص پڑھے تو جس کے لیے پڑھے پہلے الحب فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے اور علیٰ قلب فلاں بن فلاں کہیں۔ پڑھنے کے بعد طشت یا پلیٹ میں ڈورا توڑ کر بکھیر دیں، پھر مطلوب کا جائزہ لیں کہ کیا حال ہے اگر مطلوب بیقرار ہے تو انتظار کرے ورنہ دوسرے روز اسی وقت پر کہ پہلے جس وقت پڑھا تھا پھر دانوں کو پرو کر سو بار پڑھے، پھر تیسرے دن اس کے بعد اپنے گھر کے کونے میں دفن کر دے یا کسی قبر میں ڈال دے۔ اگر کوئی شہر سے دور ہو تو تین دن پڑھے۔ یہ عمل خاص رشتہ داروں یعنی زن وشوہر کی کشیدگی کے لیے یا نافرمان بیٹوں کے لیے کریں۔غرض جائز امور میں کریں ناجائز کاموں یا جس سے معصیت میں مبتلا ہونے کا امکان ہو ہرگز نہ کریں۔

## ۱۷۲۔نقش محبت

یہ نقش محبت جس میں پہلا نقش اسم اللہ اور اسم محمد ﷺ کی تکسیر کے طریقے پر بنایا گیا ہے اور دوسرا نقش ایک دعا کا ہے جو ہر خانہ مین چار عدد بڑھا کر پر کیا جاتا ہے۔اور تیرھویں خانہ میں کسر ہے جس میں ایک اور بڑھا کر پر کیا جائے گا گویا صرف تیرھویں خانہ میں ۵ عدد بڑھائے جائیں گے۔ان دونوں نقوش کو اس طرح کام میں لائے کہ پہلا نقش لکھ کر داہنے بازو پر باندھے اور دوسرا نقش لکھ کر بائیں بازو پر باندھے۔شام کو پہلے داہنے بازو کا نقش کھول کر بائیں پر باندھ لے اور بائیں کا کھول کر داہنے بازو پر باندھے اسی طرح ادل بدل کرتا رہے۔

۷۸٦

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| د | م | ح | م | ہ | ل | ل | ا |
| ہ | م | ل | ح | ل | م | ا | د |
| ل | ح | م | ا | ل | م | د | ہ |
| ا | ل | م | م | د | ع | ہ | ل |
| د | م | ح | م | ہ | ل | ل | ا |

مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا اس کی دوسری ترکیب یہ ہے کہ پہلے کومٹی کے چراغ پر لکھے اور دوسرے کا
کر جلائے مگر جب فلیتہ لکھنا ہو تو بسم اللہ شریف نہ لکھے بلکہ ہر چاروں خانوں کے اوپر ۷۸۶ لکھے۔ اگر مطلوب
پہنا ہوا کپڑا مل جائے تو اس پر فلیتہ لکھے اور اسی کو جلائے ورنہ کاغذ پر لکھے اور پاک روئی میں لپیٹ کر فلیتہ بنا لے

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷۲۱ | ۷۳۳ | ۷۴۶ | ۶۹۳ |
| ۷۴۲ | ۶۹۷ | ۷۱۷ | ۷۳۷ |
| ۷۰۱ | ۷۵۴ | ۷۲۵ | ۷۱۳۰ |
| ۷۲۹ | ۷۰۹ | ۷۰۵ | ۷۵۰ |

جب چراغ روشن کر لے تو یہ عزیمت اتنی بار پڑھے جتنے حروف مطلوب اور اس کی ماں کے نام میں
اتنی ہی سیاہ مرچوں پر دم کر کے آگ میں جلائے۔ عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ وَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا اِسْرَافِيْلُ يَا
يا دور يَائِيْلُ يَا رَوِيَائِيْلُ يَا تَنْكَفِيْلُ الْاُلْفَةُ فلاں بن فلان علٰى قلب فلاں بن فلاں بِحَقِّ لَآ اِلٰہ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اور اگر طالب خود پڑھے تو یَا تَنْكَفِيْلُ کے بعد یوں پڑھے اَلْفَتِيْ فلان بن فلان یعنی
کے بعد مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے اور کالی مرچ پر دم کر کے آگ میں ڈالے۔

## ۱۷۴۳۔ ایک جان دو قالب طریقہ تکسیر

تکسیر کے کئی طریقے عاملین نے مقرر فرمائے ہیں مگر زیادہ تر طریقے سمجھ سے بالاتر اور سخت
بیاض عاملین کی دیکھنے کا اتفاق ہوا ان میں تکسیر ہی سے مؤکلین اور طلسم استخراج کرنے کے جو طریقے
اشارات میں ہیں۔ ان کو فقیر سمجھنے سے قاصر رہا مگر تکسیر کے ذریعے دو مخالف ذہنوں کو ہم خیال بنانے
کے پیاسوں میں الفت و محبت کرنے کی جو تعریف سنی اس نے تلاش و جستجو کو اور بڑھایا۔ اتفاقاً آج سے
پیشتر حضور مرشدی مفتی اعظم ہند دامت برکاتہم القدسیہ نے جبلپور میں تکسیر کا طریقہ تعلیم فرمایا۔ اور ایک
نے تکسیر بنوائی بھی، اس کے تیار کرنے میں تین دن صرف ہوئے۔ تکسیر تو تیار ہوگئی مگر اس سے مؤکلین
کرنے کا طریقہ دریافت کرنے کی ہمت نہ ہوئی مگر مثل مشہور ہے جوئندہ یابندہ، نتیجہ یہ ہوا کہ ایک
طریقہ سرکار کے کرم سے دستیاب ہوا۔ واقعی تکسیر کے ذریعہ جن دو مخالف قلوب میں محبت پیدا کی جاتی
انمٹ ہوتی ہے کہ اس کی کاٹ نہیں۔ سفلی اور جادو سے کچھ دن ایک دوسرے کے دماغوں کو دور تو رکھا جا
اس محبت کو فنا نہیں کیا جا سکتا۔ قید اور موت عارضی جدائی تو کر سکتے ہیں مگر دونوں کے قلوب سے ایک دوسرے کی
محبت کو ختم نہیں کر سکتے۔ غرض مشیت رب کے سوا اس پر کسی کی دسترس نہیں۔



Marfat.com

## ۱۷۴۔ تکسیر بنانے کا طریقہ

تکسیر میں نام طالب مفرد یعنی الگ الگ حروف لکھے۔ جیسے کہ کہ نقش محبت میں اسم اللہ لکھا ہے، اس کے بعد اسم یَــا وَدُوْدُ لکھے۔ اس کے بعد نام مطلوب کا جدا جدا حروف میں لکھے اس طرح ایک سطر تیار ہو گئی۔ پھر اس کے نیچے طالب و مطلوب کے حروف کو ایک دوسرے میں اس طرح مدغم کرے کہ پہلے مطلوب کے نام کا آخری حرف دوسری سطر میں اتارے اس کے بعد طالب کے نام کا پہلا حرف اتارے اس کے بعد مطلوب کے نام کے آخری حرف سے پہلا حرف اتارے اس کے بعد طالب کے نام کے پہلے حرف کے بعد کا حرف اتارے۔ اسی طرح دوسری سطر تیار کر لے پھر دوسری سطر کے حروف کو آخر اول کے حروف میں مدغم کرتا چلا جائے۔ جب سب سے اوپر والی سطر نیچے اتر آئے تکسیر ہو جائے گی۔ اس آخری سطر کو زمام کہتے ہیں۔ تکسیر کا قاعدہ بغیر مثال کے سمجھنا مشکل ہے۔ اس لیے مثال تحریر ہے پہلے نام طالب یعنی محمد ﷺ پھر وَدُوْدُ لکھا پھر خلق اللہ تحریر کیا یہ کل حروف پندرہ (۱۵) ہوئے۔ پھر حروف کو اس طرح مدغم کیا، پہلی سطر کا آخری حرف د ہے۔ ہ کو میم کے نیچے لکھا۔ پھر پہلا حرف م لے کر اس کے برابر درج کیا اس طرح ایک حرف آخر کا اور ایک پہلے کا لے کر لکھتے گئے تو دوسری سطر مدغم ہو گئی۔ اب دوسری سطر کو تیسری سطر میں اس طرح مدغم کریں۔

### بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ط | م | ح | م | د | و | د | و | د | خ | ل | ق | ا | ل | ل | ہ |
| ط | ہ | م | ل | ح | ل | م | ا | د | ق | و | ل | د | خ | و | د |
| لا | د | ہ | و | م | خ | ل | د | ح | ل | ل | و | م | ق | ا | د |
| لا | د | د | ا | ہ | ق | و | م | م | و | خ | ل | ل | ل | د | ح |
| ج | ح | د | د | د | ل | ا | ل | ہ | ل | ق | خ | و | و | م | م |
| ج | م | ح | م | د | و | د | و | د | خ | ل | ق | ا | ل | ل | ہ |

### تکسیرِ حروفی

جب سب سے پہلی سطر نیچے اتر آئی تکسیر مکمل ہو گئی۔ اب ان کے مؤکل دریافت کریں اور اسمائے مؤکل حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ طالب کے حروف مرکز کا مؤکل اور مطلوب کے نام کے حرفِ محیط کا مؤکل کون ہے یہ نقشے میں دیکھیں تو پتہ چلے گا کہ م جو اسم طالب کا حرفِ مرکز ہے اس کا مؤکل ہے رویائیل اور اسم مطلوب کا حرفِ محیط ہ ہے اس کا مؤکل ہے دوریائیل۔ اب اسم اللہ یعنی وَدُوْدُ کے حرفِ مرکز اور حرفِ محیط کے مؤکل دریافت کریں کہ حرف



Marfat.com

مرکز اسم اللہ کا واؤ ہے اور موکل اس کا ہے رفتمائیل اور حرف محیط دال ہے موکل اس کا ہے دردائیل۔ یہ چاروں
کے اسماء نقش کے چاروں کونوں پر لکھیں۔ یہ نقش مکمل ہوگیا۔ اب چار نقش اعدادی اسی طرح پر کریں۔ اس میں۔
کسی سعد ساعت میں دفن کریں، دوسرے کو دریا میں ڈالیں، تیسرے کو ہوا میں لٹکائیں اور چوتھے کا فلیتہ بنا
لپیٹیں، پھر پہلے نقش کی نقل مٹی کے چراغ پر اتارلیں اور اس میں اس فلیتے کو جلائیں اور پہلی تکسیر حرفی کو اپنے
باندھیں یا گلے میں ڈالیں۔ یہ طریقہ بہت معتبر اور آزمودہ ہے۔ تکسیر بنانے میں یہ خیال رکھیں کہ اس میں غلطی
امکان ہے اور اگر ایک جگہ بھی بھول ہوگئی تو زمام صحیح نہ نکلے گا۔ ابتداء میں نے تکسیر بنانے میں بڑی محنت کی
خیال ہے کہ عام طور پر احباب اس سے فائدہ نہ حاصل کرسکیں گے۔ شمع شبستانِ رضا اول، دوم، سوم میں اس
نہیں کیا۔ مگر اب دل نہیں چاہتا کہ اس کو پوشیدہ رکھا جائے۔ اس لیے لکھ تو دیا اور احباب کی خاطر ۲ حروف
حروف تک کی تکسیر بنا کر دیکھا کہ پہلی سطر میں کتنے حروف ہیں تو اس کی زمام کتنی سطر میں برآمد ہوگی تاکہ آپ
سے بناسکیں اور غلطی کو محسوس کرنے میں آسانی ہوجائے۔

۲ حرفی تکسیر سے لے کر ۲۴ حرفی تکسیر بنا کر یہ دیکھنا پڑا کہ کتنے حرف کی تکسیر کی زمام کتنے سطور میں برآ
ہے اس سے ہمارے احباب کو بڑی آسانی ہوگی۔

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تعدادحرف: | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ |
| | ۳ | ۴ | ۴ | ۶ | ۷ | ۵ | ۵ | ۱۰ | ۷ | ۱۲ | ۱۱ |

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تعدادسطر: | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ |
| | ۱۰ | ۱۵ | ۱۶ | ۶ | ۱۳ | ۱۹ | ۱۳ | ۱۱ | ۸ | ۱۳ | ۲۴ | ۲۲ |

**ضروری نوٹ:** اگر طالب خود اپنے لیے تکسیر بنائے پھر بیٹا باپ کے لیے یا باپ بیٹے کے لیے
حقیقی بھائی کے لیے یا بیوی شوہر کے لیے یا شوہر بیوی کے لیے تکسیر بنائے تو طالب ومطلوب دونوں کے ما
نام لکھنے کی ضرورت نہیں، صرف اپنا اور مطلوب کا نام لکھیں۔ درمیان میں ان سماء باری تعالیٰ میں سے ایک
ودود۔ یا لطیف۔ یا بدوح۔ یا جامع۔ یا محیط۔ یا عزیز۔ یا قریب۔ یامؤلف۔ یا مسخر الد
مؤلف کے پانچ حروف شمار ہوں گے۔ یعنی م۔ و۔ ء۔ ل۔ ف اور بقول حضرت محمد غوث گوالیاری ر
علیہ کے ء کو الف مان کر اس کا ایک عدد بھی جوڑا جائے گا۔ اس قاعدے سے یا مؤلف کے اعداد ۱۵۷ ہو
اور اگر کسی دوسرے کے لیے تیار کریں تو اس میں طالب ومطلوب دونوں کی ماں کا نام تحریر کریں۔ دوسری
ہے کہ اگر تکسیر محبت کے لیے بنائی جاوے تو اسم یاوَدُوْدُ۔ یَا بدوح۔ یا لطیف۔ یا عزیز۔ یَا
۔ یا مسخر۔ اور اگر بیوی گھر میں بیٹھ گئی ہو یا شوہر جدا ہوگیا ہو۔ یعنی قریبی عزیز کی جدائی خواہ کسی وجہ
جَامع۔ یا محیط۔ یَا قریب میں سے کسی اسم کا انتخاب کریں۔



Marfat.com

## ۱۷۵۔ برائے محبت زوجہ

اگر کسی کی بیوی لڑ کر میکے گھر چلی گئی ہو اور وہ طلاق یا خرچ چاہتی ہو تو یہ نقوش بعد نمازِ ظہر شرف قمر میں لکھے جب ساتوں نقوش لکھ لے تو س ترتیب سے آگ میں جلائے۔

| IIII | IIII | III | II | I |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| ۵<br>مشمح<br>۷۵ | صـــه | مـــه | ۵۵<br>ودودسماره | ودود<br>عجب ودود |

| IIIIIII | IIIIII |
| --- | --- |
| ۵<br>العلم<br>۴ | مصج<br>۵۵ |

اگر کسی دوسرے کو یہ نقوش لکھ کر دے تو ہر نقش کی پشت پر لکیریں بنا دے۔ پہلی کی پشت پر ایک لکیر دوسرے پر دو، تیسرے پر تین، جس طرح ہر نقش پر بنا دی گئی ہیں اور جس کو دیں اس کو سمجھا دیں کہ اسی ترتیب سے جلائیں۔ شرف قمر ہر ماہ ڈھائی دن کا ہوتا ہے کسی جنتری سے دن اور وقت معلوم کر لیں۔

☆=☆=☆

Marfat.com

# بابُ العَداوۃ

اس باب میں دو افرد کے درمیان عداوت پیدا کرنے، دشمن کو برباد کرنے یا اس کے گھر کو ویران کرنے یا دشمن کو ہلاک کرنے کے عملیات وتعویذات درج ہیں۔ عداوت کے عملیات کی مجھے خود اجازت نہیں۔ کئی بار استخارہ کے ذریعہ اجازت چاہی مگر نہیں ملی۔ یہ وہ کام ہے کہ اس میں دینی و دنیاوی خسارہ زیادہ اور مفاد بہت کم ہے۔ اکثر عورتیں شوہر کے ماں باپ بہن بھائیوں میں اختلاف پیدا کرنے کی عموماً خواہش مند رہتی ہیں۔ اول تو وہ اپنی فطرت سے ایسے حالات پیدا کر دیتی ہیں۔ کہ گھر میں اتحاد باقی نہیں رہتا۔ اگر شوہر سنجیدہ، اور ماں باپ بیوی کے حقوق کو جانتا ہے اور سب کے حقوق حکم شریعت کے مطابق ادا کرتا ہے۔ بیوی کی خود غرضی ٹال جاتا ہے تو عورت جادو ٹونے، تعویذ و عملیات کے ذریعہ نفاق پیدا کرنے کی کوشش کرتی ہے اور پیشہ ور عامل بھی چند ٹکوں کی خاطر دوزخ کے بھیانک عذاب کی پروانہیں کرتے۔

اسی طرح اکثر لوگ خود شرارت کرتے ہیں اور جب دوسرا اس کا جواب دیتا ہے تو اس کے دشمن بن جاتے ہیں۔ چور کو چور کہنا جرم، چوری، خیانت دھوکہ فریب سے روزی حاصل کرنے والے کو حرام خور کہنا گالی ہے۔ غرضیکہ کسی کو برا فعل کرتے دیکھ کر ٹوکنا سب سے بڑی دشمنی ہے۔ ایسے لوگ خود تو شرمسار نہیں ہوتے، برے کاموں سے توبہ نہیں کرتے بلکہ کسی نہ کسی طرح ایک مخلص کو تباہ و برباد کر دینا چاہتے ہیں۔ اس کے لیے عمل تلاش کرتے ہیں یا عاملان کو ڈھونڈھتے ہیں۔ ایسی حالت میں عاملین کو بڑی دشواری پیش آتی ہے کہ سائل واقعی مظلوم ہے یا اپنے جرم کی پردہ پوشی میں کسی کو برباد کرنا چاہتا ہے۔ اگر عامل خدا کے حضور جواب دہی سے خوف کھاتے ہوئے دنیاوی لالچ کو ٹھکرا سکتا ہے مگر سائل کو کسی وجہ سے لوٹانا بھی نہیں چاہتا تو ایسے حضرات کے لیے بہترین تدبیر یہ ہے کہ وہ سائل کے کہنے کے مطابق ہلاکت یا بربادی کا عمل ہرگز نہ کرے بلکہ اپنی یا سائل کی حفاظت کا عمل کرے۔ اس کے لیے دعا جامع المطلوب ودافع الکروب اور نادِعلی شریف کا عمل کرے۔ نقش سیفی یا تکسیر جنہ اپنے پاس رکھے یا دیگر ایسے عملیات تلاش کریں جس کے ذریعہ سائل کو کوئی کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے۔ اسی طرح کبھی کسی عورت کے کہنے کے مطابق شوہر اور اس کی ماں بہنوں کے درمیان عداوت کا عمل نہ کریں بلکہ زن وشوہر کی محبت کا عمل کریں اور نقش دیں انشاء اللہ اسی سے شکایات ختم ہو جائیں۔

## عمل دشمن کو خود اپنی آتش عداوت میں جلنے کا

یہ عمل کرنے سے قبل دشمن کی اصلاح کی ہر تدبیر کرے اس نیت سے کہ رشتۂ ایمانی تمام رشتوں سے بالا ہے۔اس رشتہ کے سبب اللہ والوں میں شمار ہوتے ہیں۔اسی رشتہ کی نسبت سے دوسرے مسلمان بھی ہمارے بھائی ہیں۔اس لیے ضروری ہے کہ دنیوی رشتے کا بھائی ہو یا دینی رشتے کا، انتقامی کارروائی سے پہلے اصلاح کی رسمی تدبیریں نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے مؤثر تدبیریں کریں اور جب دیکھے کہ جوتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے تب یہ عمل کرے۔سات روز زوال یا غروب آفتاب کے وقت دشمن کو تصور کرکے کھیعص ۔حمعسق اس طرح پڑھے کہ ک کہہ کر داہنے ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کرے پھرہ پڑھ کر اس کے برابر والی انگلی بند کرے پھری پڑھ کر اس کے برابر والی پھرع پڑھ کر اس کے برابر والی شہادت کی انگلی پھرص پڑھ کر انگوٹھا بند کریں۔اسی طرح، ح پڑھ کر بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی پھر میم پر اس کے برابر والی پھرع پر اس کے برابر والی پھرس پڑھ کر اس کے برابر والی پھرق پڑھ کر انگوٹھا بند کریں۔اب دونوں مٹھیاں بند کرنے کے بعد سورۂ فیل اس طرح پڑھے۔

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ۔ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ۔ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۔ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۔ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۔

جب ترمیھم پر پہنچے تو ہر میم پر اسی ترتیب سے انگلیاں کھولتا جائے جس ترتیب سے بند کی ہیں۔اس کے بعد سورۂ مذکور کو پورا کرے اور دشمن کی طرف یا دشمن کے گھر کی طرف دم کر دیا کرے۔

## عمل دشمن سے انتقام لینے کا

جس دشمن سے جان و مال کے نقصان کا قوی خطرہ ہو اور اس سے مقابلہ کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اس عمل کو کرے۔بعد نماز عشاء آگ دھکائے پھر برہنہ ہو اور نیچے دیا گیا نقش لکھے اور آگ کے سامنے بیٹھ کر دشمن کے نام کے اعداد کے مطابق یہ دعا پڑھے۔بعد ختم دعا اس نقش کو جلائے۔يَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَا قَاهِرُ اگر دشمن کو مارنا ہو تو اس کو آگ میں جلتا تصور کرے اور اگر صرف نقصان پہنچا کر اصلاح مقصود ہے تو یہ تصور کرے کہ دشمن آگ اور تمھارے درمیان پڑا ہے اور گرمی کی شدت سے پریشان ہے۔یہ عمل دشمن کے نام میں جتنے حروف ہوں اتنے دن کرے۔اگر فوری خطرہ ہو تو برابر بغیر ناغہ تعداد حروف کے مطابق پڑھے ورنہ ہر ساتویں دن کرے یعنی پہلا عمل اگر اتوار کو کرے تو ہر عمل اتوار ہی کو کرے اس طرح یہ عمل اتنے ہفتے میں پورا ہوگا جتنے دشمن کے نام کے حروف ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۳۴۴ | ۶۱۶ | ۵۶ | ۵۰۴ | ۸۴۰ |
| ۱۶۸ | ۶۷۲ | ۱۰۰۸ | ۱۰۶۴ | ۴۴۸ |
| ۱۲۸۸ | ۷۲۸ | نام دشمن مع نام والدہ | ۵۶۰ | ۷۸۴ |
| ۳۳۶ | ۱۲۳۲ | ۱۱۲۰ | ۲۸۰ | ۳۹۲ |
| ۲۲۴ | ۱۱۲ | ۱۱۷۶ | ۹۵۲ | ۸۹۶ |

## عمل برائے ہلاکی دشمن

یہ عمل انتہائی مجبوری کی حالت میں کرے کیونکہ بعض حضرات کی فطرت شر پسند ہوتی ہے۔ تکبر و غرور کی عزت کرنے سے اور ہر ایک کو گری نظر سے دیکھتا ہے یا گفتگو کا انداز مغرورانہ ہوتا ہے۔ تلخ کلامی اور ڈینگ مارنے کی عادت سے اہل محلہ یا اہل بستی کو خود دشمن بنا لیتے ہیں۔ جب اہل بستی اپنی عزت و آبرو کی حفاظت کی خا مقابلہ پر آمادہ ہو جاتے ہیں تو عملیات کی تلاش ہوتی ہے اگر ایسا کوئی شخص اس پر عمل کرے گا تو رجعت کا امکان اور اگر واقعی مظلوم ہے اور پوری بستی ظالمانہ جان و مال تلف کرنے کی فکر میں ہے تو یہ عمل ضرور کرے۔ ایک رات میں انقلاب آ جائے گا۔ مگر یہ عمل تین رات چاند کی ۱۲۔۱۳۔۱۴ تاریخ کو کرے۔ پہلی شب یہ نقش لکھے مصلّے کے نیچے سجدے کی جگہ رکھے۔ نقش یہ ہے۔

| | قہار | اللہ | دائم | رب | متین | قیوم | تواب | دلیل | رقیب | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیوم | ق | ا | د | ر | م | ق | ت | د | ر | رب |
| اللہ | ا | د | ر | م | ق | ت | د | ر | ق | قہار |
| دائم | د | ر | م | ق | ت | د | ر | ق | ا | اللہ |
| رب | ر | م | ق | ت | د | ر | ق | ا | د | دلیل |
| متین | م | ق | ت | د | ر | ق | ا | د | ر | رقیب |
| قہار | ق | ت | د | ر | ق | ا | د | ر | م | متین |
| تواب | ت | د | ر | ق | ا | د | ر | م | ق | قیوم |
| دلیل | د | ر | ق | ا | د | ر | م | ق | ت | تواب |
| رقیب | ر | ق | ا | د | ر | م | ق | ت | د | دائم |
| | رب | قیوم | اللہ | دائم | رقیب | متین | قہار | تواب | دلیل | |

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ ہر شب نصف شب کو بیدار ہو کر غسل کرے۔ کپڑے پہنے پھر تازہ وضو کرے پھر نقش لکھ کر مصلے کے نیچے سجدے کی جگہ پر رکھے۔ پھر اس مصلے پر دو رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں ثناء اور سورۂ فاتحہ کے بعد چالیس (۴۰) بار سورۂ فیل اور دوسری رکعت میں سورۂ کافرون (۴۰) بار۔ جب نماز سے فارغ ہو جائے تو (سجدے میں تین بار یَا قَادِرُ، تین بار یَا مُقْتَدِرُ، تین بار یَا عَزِیْزُ اور تین بار یَا عَلِیْمُ پڑھے۔ پھر سجدے سے سر اٹھا کر یہ دعا تین بار پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ خُذْلِیْ حَقِّیْ فلاں بن فلاں وَاجْعَلْہُ عِبْرَۃً لِّلْمُعْتَبِرِیْنَ یَا شَدِیْدُ ط اَللّٰھُمَّ اَھْلِکْہُ کَمَا اَھْلَکْتَ قَوْمَ فِرْعَوْنَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط اس دعا میں فلاں بن فلاں کی جگہ دشمن کا نام مع والدہ کے لے اور دشمن زیادہ ہوں تو سب کا نام مع والدہ کے لیں اور جس کی والدہ کا نام معلوم نہ ہو تو بن حوا کہیں۔

## برائے مغلوبی اعداء تسبیح غوثیہ

اگر پوری بستی آمادۂ قتل ہو اور دور نزدیک کوئی ہمدرد نظر نہ آتا ہو تو اس وقت رات کو بعد نماز عشاء یَا شَیْخُ عَبْدُ الْقَادِرُ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ ۵۰۰ بار اول آخر درود غوثیہ ۷ بار اور زوال کے وقت ”طفیل حضرت دستگیر دشمن ہوئے زیر ۵۰۰ بار اول آخر درود غوثیہ ۷ بار۔ ان اعمال کے کرنے سے حق تعالیٰ فیصلہ فرما دیتا ہے۔ اگر اس کا عامل بے قصور ہے اور دشمن جان و مال کسی لالچ یا خودغرضی کی بنا پر سرکشی پر آمادہ ہے تو دشمن کتنے ہی طاقتور کیوں نہ ہوں تباہ و برباد ہو جاتے ہیں اور کسی غلط فہمی کے سبب اگر دشمنی ہوگئی ہو تو آخر کار دونوں میں صلح ہو جاتی ہے۔

## دشمن کے گھر کو برباد کرنے کا عمل

دوپہر کو ایک مٹھی خاک ہاتھ میں لے کر سر برہنہ دھوپ میں کھڑے ہو کر سات بار سورۂ ناس پھر سات بار سورۂ فیل، لایلف اور اکتالیس (۴۱) بار یَا قَاھِرَ الْعَدُوِّ یَا وَالِیُ یَا بُدُّوْحُ یَا قَاھِرَ الْعَدُوِّ۔ پڑھ کر اس خاک پر دم کرے اور دشمن کے گھر کی طرف پھینک دے۔ اگر وہ خاک راہ گزر کی ہے تو دشمن ذلیل و خوار ہوگا۔ اگر کسی ویران، اجڑے ہوئے گھر کی ہے تو دشمن کا گھر و مال سب برباد ہو جائے گا اور وہ خاک مسجد کی ہوگی تو دشمن کو گھر چھوڑ کر بھاگنا پڑے گا یا ویران و برباد ہوگا۔ یہ عمل کسی مسلمان کے لیے کرنے سے ڈرنا چاہیے کہ وہ جس کے واسطے کرتا ہے کیا خبر اسی کے لڑکے یا خاندان کے کسی فرد سے اسی عمل کے ذریعے یہ خود یا ماں باپ ہلاک ہوں، بیٹے یا دیگر قریبی رشتہ دار ہلاک ہوں۔ جیسا کرے گا، اس کے ساتھ ویسا ہی ہوگا۔

## دشمن کو جسمانی اذیت پہنچانے کا عمل

مٹی کے کسی برتن مثل پیالے یا سکوری یا آبخورے یا برتن کے ٹکڑے پر جس پر پانی نہ پڑا ہو یہ نقش لکھ

کردریا میں یا کنویں (باولی) میں یا تالاب یا حوض میں ڈال دیں۔اور نقش نیب کی پتی پر لکھ کر وہ شخص خود چ
دشمن کی راہ گزر پر تھوک دے جس جگہ سے دشمن بار بار گزرتا ہو چند ہی روز مین دشمن طرح طرح کی تکلیفوں
مبتلا ہو جائے گا۔ یہ عمل قمر در عقرب میں کریں تو زود اثر ثابت ہوگا مگر یہ خیال رہے کہ اس قسم کے عمل
دشمنی یا بلا وجہ کی دشمنی میں ہرگز نہ کرنا چاہیے۔کیونکہ یہ دیکھنے میں آتا ہے کہ غلطی خود کی ہوتی ہے اور جب
دوست یا مالک جس کے یہاں کام کرتے ہیں نکال دیتا ہے یا اس غلطی پر سخت کلامی کرتا ہے تو اس کے نقصا
کے درپے ہو جاتے ہیں۔ایسا کرنے والے عمل کے ذریعے انتقام لینے کی کوشش کریں،وہ یا تو دنیا ہی میں ذ
وخوار ہوتے ہیں ورنہ قیامت کے دن اس کی سزا ضرور پائیں گے۔ایسے حضرات کو اس کتاب کے عملیا
نقش کے کام لینے کی ہرگز اجازت نہیں ہے۔

| ۷۸۶ | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۸ | ۲۱ | ۲۴ | ۱۱ |
| ۲۳ | ۱۲ | ۱۷ | ۲۲ |
| ۱۳ | ۲۶ | ۱۹ | ۱۶ |
| ۲۰ | ۱۵ | ۱۴ | ۲۵ |

| ۷۸۶ | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |

## دشمن سے محفوظ رہنے کا عمل

جب دشمنوں کے شرور اور فتنے زیادہ بڑھیں تو ان کے ضرر سے محفوظ رہنے کے لیے یہ تینوں نقش آ
اوپر کا نقش گلے میں ڈالے اور دوسرے دونوں نقش لکھ کر ایک داہنے بازو پر دوسرا الٹے بازو پر باندھے اور ہر
اس بازو کا دوسرے بازو پر اور دوسرے بازو کا پہلے بازو پر باندھ لیا
کرے۔جب تک دشمن قدرتِ خدا سے اپنے انجام کو نہ پہنچ جائیں یا
صلح صفائی نہ کرلیں، برابر نقوش داہنے کا بائیں اور بائیں کا دائیں بازو پر
الٹ پھیر کرتے رہیں۔

| ۷۸۶ | | |
|---|---|---|
| ۲۳ | ۱۸ | ۲۵ |
| ۲۴ | ۲۲ | ۲۰ |
| ۱۹ | ۲۶ | ۲۱ |

| ۷۸۶ | | |
|---|---|---|
| ۵۸ | ۵۲ | ۶۰ |
| ۵۹ | ۵۷ | ۵۴ |
| ۵۳ | ۶۱ | ۵۶ |

| ۷۸۶ | | |
|---|---|---|
| ۳۴ | ۲۹ | ۳۷ |
| ۳۶ | ۳۳ | ۳۱ |
| ۳۰ | ۳۸ | ۳۲ |



Marfat.com

## برائے ہلاکت

یہ عمل غیر مسلم یا ایسے نام کے کسی مسلمان کے لے جو دین سے بیزار ہو جس کے نزدیک دین اور دین کے احکام کی کوئی وقعت نہ ہو اور اکثر مسلمان جس کے ظلم کا شکار رہتے ہوں، غریب اور عزت دار کی عزت اور آبرو خطرے میں ہو اس وقت یہ عمل قمر در عقرب میں کرے۔ پہلے نقش لکھے اور بیچ میں دشمن کا نام مع والدہ کے لکھے پھر آگ جلا کر پاس رکھے اور دشمن کے نام کے اعداد مطابق پڑھے یَا قَاہِرُ ذَالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَا قَاہِرُ۔ پڑھتے وقت تصور رکھے۔ جب تعداد پوری ہو تو اس نقش کو آگ پر جلائے جب نقش پورا جل جائے کپڑے پہن لے۔ دشمن طرح طرح کی خطرناک بیماریوں میں مبتلا ہو کر ختم ہو جائے گا۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۸۴۰ | ۵۰۴ | ۵۶ | ۶۱۶ | ۱۳۴۴ |
| ۴۴۸ | ۱۰۶۴ | ۱۰۰۸ | ۶۷۲ | ۱۶۸ |
| ۷۸۴ | ۵۶۰ | نام دشمن مع نام والدہ | ۷۲۸ | ۱۲۸۸ |
| ۳۹۲ | ۲۸۰ | ۱۱۲۰ | ۱۲۳۲ | ۳۳۶ |
| ۸۹۶ | ۹۵۲ | ۱۱۷۶ | ۱۱۲ | ۲۲۴ |

☆=☆=☆



Marfat.com

# فالنامہ یا استخارہ غوثیہ

یہ استخارہ حضرت پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرّہٗ سے منسوب ہے اور بہت مجرب و معتبر ہے۔ جب کسی کو کوئی مشکل پیش آئے اور نہ معلوم کہ کیا انجام ہوگا تو اس کو لازم ہے کہ فاتحہ او پر روح پر فتوح حضرت غوث پاک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے پڑھے اور لڑکے نابالغ کو کہے کہ نیت کام کی کر کے انگلی اس جدول پر رکھے اور جو راز لڑکے کے کہنے کے قابل نہ ہو تو خود فاتحہ پڑھ کر نیچے دل سے آنکھیں بند کر کے انگلی رکھے اور جو نیچے لکھا ہوا اس پر عمل کرے مراد کو پہنچے گا۔ جدول حسب ذیل ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ |
| ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ |
| ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ |
| ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ | ۳۱ | ۳۲ |
| ۳۳ | ۳۴ | ۳۵ | ۳۶ | ۳۷ | ۳۸ | ۳۹ | ۴۰ |
| ۴۱ | ۴۲ | ۴۳ | ۴۴ | ۴۵ | ۴۶ | ۴۷ | ۴۸ |
| ۴۹ | ۵۰ | ۵۱ | ۵۲ | ۵۳ | ۵۴ | ۵۵ | ۵۶ |
| ۵۷ | ۵۸ | ۵۹ | ۶۰ | ۶۱ | ۶۲ | ۶۳ | ۶۴ |
| | ۶۵ | ۶۶ | ۶۷ | ۶۸ | ۶۹ | ۷۰ | |

## مطلب استخارہ

نمبر۱: جو نیت کہ دل میں رکھتا ہے خدا پر نظر کر کے چند روز صبر کر کہ مرادِ دل خاطر خواہ پائے گا اول تردد بہت ہے۔

نمبر۲: فال نیک ہے مراد پائے گا، مطلب دل کے موافق ملے گا۔ انشاء اللہ

نمبر۳: یہ کام کہ جو تیرے دل میں ہے پرہیز کر اور جو کرے گا تو پریشانی ہوگی۔

نمبر۴: جو کام کہ سوچا ہے دل میں بطفیل میران محی الدین ملے گا خاطر جمع رکھ انشاء اللہ تعالیٰ۔

نمبر۵: جو چاہتا ہے تو پاوے گا اللہ کے فضل سے مقصد حاصل ہوگا خاطر جمع رکھ۔

نمبر۶: اس کام میں خلل پڑے گا چند روز صبر کرنا چاہیے۔ آخر کو اچھا ہوگا اگر خدا نے چاہا۔

نمبر۷: جو امید کہ دل میں رکھتا ہے تو آرام پائے گا چند روز صبر کرنا چاہیے۔ آخر کو اچھا ہوگا۔ جلدی درکار نہیں ہے۔

نمبر۸: جو نیت کہ دل میں رکھتا ہے تو بہتر ہوگی اچھی ہے اندیشہ نہیں کرنا چاہیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاصل ہوگا۔

نمبر۹: جو حاجت رکھتا ہے تو اچھی ہے اندیشہ نہیں کرنا چاہے انشاء اللہ تعالیٰ مراد حاصل ہوگی۔

نمبر۱۰: جس کام کو دل سوچتا ہے تو ملے گا اور امید پوری ہوگی اللہ تعالیٰ کے کرم سے۔

نمبر۱۱: یہ کام بہت اچھا ہے خاطر جمع رکھ۔

نمبر۱۲: جو ارادہ دل میں رکھتا ہے تو تھوڑے دن صبر کر انجام اس کا اچھا ہوگا۔

نمبر۱۳: جو تیرے دل میں بات ہے وہ اچھی نہیں ہے اس سے پرہیز کر ورنہ شرمندہ ہوگا۔

نمبر۱۴: یہ فال مبارک اور اچھی ہے اس کا انجام خدا کے فضل سے اچھا ہوگا۔

نمبر۱۵: جو یہ کام کہ تو اپنے دل میں رکھتا ہے ہوگا۔ لیکن تیرا دشمن تجھ سے برہم ہوگا۔ صبر کر۔

نمبر۱۶: خدا کے کرم سے تھوڑی کوشش میں تیرا کام پورا ہوگا۔

نمبر۱۷: جو مطلب کہ تیرے دل میں ہے اس کو پوشیدہ رکھ خدا پورا کرے گا۔

نمبر۱۸: یہ کام ہونے والا نہیں ہے اس سے پرہیز کرنا چاہیے۔

نمبر۱۹: اس فال میں نکلتا ہے کہ یہ کام ہرگز نہیں ہوگا۔ اس کا کرنا اچھا نہیں صبر کر۔

نمبر۲۰: اس کام سے پرہیز کرنا چاہیے اور تھوڑے دنوں کوشش مت کر خدا پر چھوڑ۔

نمبر۲۱: یہ کام البتہ پورا ہوگا۔

نمبر۲۲: اس فال میں نکلتا ہے کہ روزی اور رزق پائے گا، اندیشہ نہ کر۔

نمبر۲۳: جو چیز کسی سے مانگے گا پائے گا دل میں وسواس نہ کر۔

نمبر۲۴: جو کسی سے سوال کرے گا خدا کے کرم سے پائے گا۔

نمبر۲۵: اس کام کو ہرگز نہ کرنا چاہیے اس کا خیال بھی دل میں نہ لانا چاہیے، شرمندہ ہوگا۔

نمبر۲۶: خداوند کریم اس کام کو اچھی طرح سے پورا کرے گا۔ کوشش کر تو کام ہوگا۔

نمبر۲۷: جو حاجت تیری ہے وہ ہرگز ہونے والی نہیں، محنت اور کوشش ضائع ہوگی۔

نمبر۲۸: جو تیرے دل میں نیت ہے تیری مراد کے موافق پوری ہوگی۔

نمبر۲۹: جو کام تو دل میں سوچتا ہے پورا ہوگا لیکن تھوڑے دن صبر کر۔

نمبر۳۰: یہ فال تو تیری اچھی ہے لیکن خیال اچھا نہیں ہے تھوڑے دنوں ٹھہر جا۔

نمبر۳۱: اس کام میں بیکاری اور دشمن گھات میں ہیں تو جو محنت کرے گا خلل پڑے گا۔



Marfat.com

نمبر۳۲: اس کام میں کوشش ہو رہی ہے جتنی تو کوشش کرتا ہے ہونے والا نہیں درگزر کر۔
نمبر۳۳: خدا پر بھروسہ کر تیرا کام پورا ہوگا۔
نمبر۳۴: یہ فال تیری اچھی ہے جو نیت تو کرتا ہے اچھی ہوگی۔
نمبر۳۵: اس کام میں تندرستی نہیں اس کی فکر سے پرہیز کر۔
نمبر۳۶: یہ کام نیک طرح سرانجام ہوگا فال اچھی ہے۔
نمبر۳۷: جو کام تیرے دل میں ہے اس کا تعلق چند آدمیوں سے ہے پورا ہوگا۔
نمبر۳۸: تیری فال اچھی ہے لیکن عقیدہ درست رکھ۔
نمبر۳۹: اس فال میں نکلتا ہے کہ اللہ پر نظر رکھ اور صبر کر۔
نمبر۴۰: کام اچھی طرح پر پورا ہوگا۔ مطلب پورا ہونے کے بعد حضرت غوث پاکؓ کی فاتحہ کرنا چاہیے۔
نمبر۴۱: یہ فال اچھی ہے لیکن دو تین روز ٹھہر جا تو پوری ہو۔
نمبر۴۲: یہ کام تو تیرا ہوگا اور آئندہ کو سب کاموں میں وسواس مت کر۔
نمبر۴۳: جو مطلب تیرا ہے وہ اچھا ہے اس کا ارادہ کر اور ہمت مت چھوڑ خدا سب حال میں ضامن ہے آسان کرے گا۔
نمبر۴۴: یہ فال انکار کرتی ہے کہ ہرگز تیرے دل کا مقصد پورا نہ ہوگا۔ پرہیز کر۔
نمبر۴۵: جو تیری حاجت ہے اس سے پرہیز کر ورنہ شرمندہ ہوگے۔
نمبر۴۶: جو تیرے دل کی حاجت ہے پوری ہوگی۔ انشاءاللہ
نمبر۴۷: یہ کام ہوگا فال اچھی ہے خاطر جمع رکھ۔
نمبر۴۸: جو تیرا مطلب ہے خرچ کرنے سے پورا ہوگا۔
نمبر۴۹: جو تیرے دل میں منصوبہ ہے پورا ہوگا خاطر جمع رکھ۔
نمبر۵۰: خدا کے فضل سے یہ کام سرانجام ہوگا۔
نمبر۵۱: تیرا کام اندھیرے میں پڑا ہوا ہے، تھوڑے دن ٹھہر جا۔
نمبر۵۲: جو نیت کہ تیرے دل میں ہے کچھ پوری نہ ہوگی تجھے اختیار ہے کر یا مت کر مگر چھوڑنا بہتر ہے۔
نمبر۵۳: فال اچھی ہے جلدی درکار نہیں۔ تھوڑے دن ٹھہر جا۔
نمبر۵۴: خدا کارساز ہے تیرا سب کام اچھا ہے یقین ہے کہ کام نکلے گا۔
نمبر۵۵: تیری فال منع کرتی ہے ہرگز یہ کام نہیں ہوگا۔
نمبر۵۶: یہ کام ہونے والا نہیں تجھ کو اختیار ہے کوشش کر یا مت کر۔



Marfat.com

نمبر۵۷: تیرا کام جو ہے اس میں محنت یا مشقت کی ضرورت نہیں ہے اللہ پر توکل کر۔

نمبر۵۸: تیرا کام ہوگا لیکن تھوڑے دنوں ٹھہر جا پورا ہوگا۔

نمبر۵۹: فال میں نکلتا ہے جو چاہتا ہے پائے گا، خاطر جمع رکھ۔

نمبر۶۰: جو تیرے دل کی امید ہے پوری نہ ہوگی، پشیمانی اٹھائے گا۔

نمبر۶۱: جو نیت تیرے دل میں ہے پوری ہوگی لیکن فال منع کرتی ہے، تھوڑے دنوں ٹھہر جا۔

نمبر۶۲: اس کام کا کرنا اچھا نہیں ہے اس کام کے کرنے میں توقف ہوگا باقی سب طرح یہ کام اچھے ہیں۔

نمبر۶۳: یہ فال مبارک ہے۔ البتہ کام پورا ہوگا۔ بہت اچھا ہے۔

نمبر۶۴: یہ کام اچھا نہیں ہے ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔ فال منع کرتی ہے فائدہ نہیں ہوگا۔

نمبر۶۵: جو نیت کہ تیرے دل میں ہے پوری ہوگی فال اچھی ہے۔

نمبر۶۶: جو منصوبہ تیرے دل میں ہے پورا ہوگا، دل میں یقین رکھ۔

نمبر۶۷: یہ کام ہوگا لیکن تھوڑا صبر کر اس کا اخیر نیک ہے۔

نمبر۶۸: جو تو چاہتا ہے پاوے گا فال مبارک ہے، اس کا اخیر اچھا ہے۔

نمبر۶۹: جو دل میں ہے پورا ہوگا وسواس مت کر۔

نمبر۷۰: جو کام تیرے دل میں ہے۔ اس کام کو مت کر، خدا اس کام کے نہ کرنے سے خوش ہوگا، اس کو چھوڑنا بہتر ہے۔

# فالنامہ علمِ رمل

اول چاہیے کہ وضو کرے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے اور سورۂ الحمد پڑھے اور اس کے بعد محمد رسول اللہ ﷺ کی روح پاک پر فاتحہ پڑھے اور یہ آیت شریف پڑھتا ہوا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ اور آنکھ اپنی بند کر کے دل میں اپنے کام کی نیت کرے اور اس دائرے پر انگلی رکھے اور اس کا مطلب، جس جگہ انگلی پڑے نیچے لکھی ہوئی تفصیل میں دیکھے۔ انشاء اللہ ہر سوال کا خاطر خواہ جواب پائے گا۔

دائرہ میں جس پر انگلی رکھے حسب ذیل ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ •/// | ۲ /•/• | ۳ •/•/ | ۴ //// |
| ۵ ••/• | ۶ •//• | ۷ ///• | ۸ /•// |
| ۹ //•/ | ۱۰ ••// | ۱۱ //•• | ۱۲ •••/ |
| ۱۳ •/•• | ۱۴ /••• | ۱۵ /••/ | ۱۶ •••• |



Marfat.com

# تفصیل احکام دائرہ

## نمبرا۔///٥

تیری فال اچھی ہے اگر ارادہ سفر کا رکھتا ہے پورب کی طرف جانا بہتر ہے۔ اگر کام شروع کرنا چاہتا ہے تو ا
کام کا انجام اچھا ہے۔ اور جو بیمار کے واسطے فال دیکھی ہے اس کو صفراوی بخار ہے اچھا ہو جائے گا۔ اور مال
واسطے سوال کیا ہے تو وقت سے حاصل ہوگا اور خرچ جلدی ہوگا۔

## نمبر۲۔٥/٥/

فال اچھی ہے۔ اگر سفر کو پوچھتا ہے تو سفر نہیں ہوگا۔ اگر بیمار کے واسطے فال دیکھتا ہے تو اس بیمار کے پ
میں درد ہوتا ہے۔ غذا کا فساد ہے دیر میں اچھا ہوگا۔ اگر مال کا سوال کرتا ہے تو بہت جلد مال ملے گا اور نفع پائے
تیرے پاس سے دیر میں جائے گا۔ تیرا رزق بہت ہوگا۔ اگر کسی غائب آدمی کا سوال ہے تو وہ جلد ہی سلامتی
آئے گا۔

## نمبر۳۔٥/٥/٥

اگر ارادہ سفر کا رکھتا ہے تو بے اختیار سفر کرنا پڑے گا اور جگہ بہ جگہ جائے گا اور سر گردان رہے گا۔ اور اگر
مال پانے کا رکھتا ہے تو مال نہ ملے گا۔ اور اگر بیماری اور لڑکے کے واسطے فال دیکھی ہے تو اچھی ہے اور اگر مریض
صحت کا سوال کرتا ہے تو اس کو بخار اور دست آتے ہیں۔ بہت سی بیماری اٹھا کر درست ہوگا اور اس فال کے د
سے معلوم ہوتا ہے کہ تیرا حال پریشان ہے اور تھوڑے دنوں تک پریشان رہے گا۔ اور اکثر خواب برے نظر آ
ہیں اور نحوست کی حالت میں وقت کٹتا ہے اور تو نجس رہتا ہے۔

## نمبر۴۔////

تیری فال اوسط درجے میں ہے نہ اچھی ہے نہ بری، جو سفر کا ارادہ ہے تو دیر سے ہوگا اور جو واسطے ملاقا
دوست کے فال دیکھی ہے تو ملاقات ہوگی۔ اور واسطے آنے خط یا خبر کسی کے پاس سے چاہتا ہے تو بہت جلد
تیرے پاس آئے گا۔ اور اگر ملک اور باپ کو دیکھتا ہے تو حال باپ کا اچھا ہے اور ملک تجھ کو ملے گا اور اکثریت
پڑھنے کی پہنچے گی۔ اور فال سے معلوم ہوتا ہے کہ تو حکیم، نجومی یا شاعر ہے اور اگر واسطے مریض کے سوال کیا۔
اس مریض کو آسیب نے تکلیف پہنچائی ہے یا کسی نے جادو کیا ہے۔ اس کو تدبیر کرنا چاہیے اور اس مریض کو
کے درد کا عارضہ بھی ہے اور حال تیرا اچھا ہے۔



Marfat.com

نمبر ۵۔ ۰۰/۰

فال تیری اچھی ہے جو واسطے وصالِ معشوق کے فال دیکھتا ہے تو وصال میسر ہوگا اور اگر سفر کرے گا تو سفر بہتر شمال اور مغرب کی طرف جاوے اور اگر تحفہ یا ہدیہ کسی سے چاہتا ہے کہ پاس تیرے آوے تو آوے گا اور اگر عورت کے لیے سوال کیا ہے کہ حمل ہے کہ نہیں تو فال کہتی ہے کہ حاملہ ہے۔ تجھ کو شوق شاعری کا ہے اور اچھے خواب دیکھتا ہے تو اور تیرا دل کسی کے عشق میں ہے اور جو واسطے مریض کے سوال کیا ہے تو نے وہ مریض خفقان اور بادی کا مرض رکھتا ہے اچھا ہو جائے گا۔

نمبر ۶۔ ۰//۰

فال تیرے ہاتھ میں ہے جو تو کام کرتا ہے وہ خلاف ہوتا ہے اور جو ارادہ سفر کرے تو سفر ہوگا مگر سرگرداں ہو کر پھر واپس آئے گا۔ اور جو واسطے مریض کے فال دیکھے تو مریض بیماری پیٹ رکھتا ہے اور اس پر کسی نے جادو کیا ہے، جو واسطے حاملہ کے سوال کرتا ہے تو حال ان کا اچھا ہے اور جو چور کے واسطے فال دیکھی ہے تو چور وہ مرد ہے اور غلام، کالا اور بدصورت ہے اور چہرے پر چیچک کے نشان ہیں۔ اور جو واسطے بیمار لڑکے کے دیکھا ہے تو اس لڑکے کو چیچک نکلے گی اور جو واسطے راز فاش ہونے کے پوچھتا ہے تو تیرا راز کھل جائے گا۔ تو اکثر خواب میں دیکھتا ہے اور ان میں اکثر ڈرتا ہے اور تیرا دل غمگین رہتا ہے۔

نمبر ۷۔ ۰///

جو سفر کے واسطے ارادہ کرتا ہے تو سفر دشواری سے ہوگا اور اس میں فائدہ نہ ہوگا۔ اور قرضداروں کا تقاضا تیرے اوپر بہت ہے اور کوئی شخص تیرا دوست چھپ گیا ہے اور مال تیرا جس نے چرایا ہے وہ عورت کالی بلا ہے اور جو مریض کے واسطے دریافت کرتا ہے تو مریض اچھا نہ ہوگا اور جو شاید اچھا ہو جائے تو بیماری بہت اٹھائے گا اور مرض پیٹ کا رکھتا ہے ور اس پر کسی نے جادو کیا ہے اور اکثر تجھے برے خواب نظر آتے ہیں۔ اور تجھ کو خوف دشمن سے ہے اور جو واسطے عورت کے سوال کرتا ہے تو تجھ کو عورت ملے گی اور اگر روزگار کے واسطے پوچھتا ہے تو وہ تجھے ملے گا۔ اس فال کا صدقہ دے۔ چیزیں سیاہ رنگ کی مثل کپڑا سیاہ، اور ماش تیل وغیرہ۔

نمبر ۸۔ ۰///

اگر ارادہ سفر کا کرتا ہے تو میسر نہ ہوگا۔ اور اگر مال جمع کرنے کا ارادہ ہے تو مال ہاتھ آئے گا اور جمع ہوگا۔ اور اکثر غم وغصہ کھاتا ہے اور تیرے دل میں ڈر مال کی طرف سے ہے اور امید ہے کہ مال تجھ کو عورت سے میسر آئے گا اور جو دعویٰ مال میراث کا رکھتا ہے تو ملے گی اور اگر مریض کے واسطے پوچھتا ہے تو اس مریض کو دستوں کا مرض ہے



Marfat.com

اور خون پیٹ سے آتا ہے۔ یا پھوڑا رکھتا ہے اور اس کو مرنے کا ڈر ہے اور کبھی عضو میں درد ہوتا ہے اور خو
پریشان دیکھتا ہے اور خواب میں ڈرتا ہے تو تجھ کو چاہے کہ سرخ رنگ چیزوں کو صدقہ دیوے اور گوشت چیلو
کھلا دے اور اٹھائیس دن تیرے سخت ہیں۔

نمبر ۹۔/٠//

فال تیری اچھی ہے جو ارادہ سفر کرتا ہے تو میسر ہوگا اور شمال کی طرف اچھا ہے۔ امید ہے کہ اس ط
جاوے گا اور اگر علم پڑھنے کے واسطے پوچھتا ہے تو علم حاصل ہوگا اور اگر عورت کے کرنے کے واسطے پوچھا
بہت جلد نکاح ہوگا اور مال پانے کے واسطے فال دیکھتا ہے تو مال مشکل سے ملے گا اور جلد خرچ ہوگا اور اگر مر
کے واسطے پوچھتا ہے تو حال برا ہے اچھا نہ ہوگا اور اگر اس کے مرض کو پوچھتا ہے تو مرض بلغمی ہے مثل جلندر کے
اگر حاملہ کے واسطے پوچھتا ہے تو حاملہ کے حیض کا خون بند ہو گیا ہے حمل نہیں ہے اور مریض کے واسطے سفید چ
خیرات کرنی چاہئیں مثلاً کھیر، میٹھا، چاول اور سفید کپڑا وغیرہ اور دس روز سخت ہیں۔

نمبر ۱۰۔//٠٠

فال تیری اچھی ہے اور جو سفر کا ارادہ رکھتا ہے تو مشرق کی طرف جا فائدہ ہوگا۔ اور اگر حال مال کا اور
پوچھتا ہے تو حال ان کا اچھا ہے اور اگر بادشاہ کے پاس جانا چاہتا ہے جا سب کام اچھا ہوگا اور اگر مریض کے وا
دریافت کرتا ہے تو مریض اچھا ہے، مرض اس کو بخار صفراوی ہے شفاء ہوگی اور اگر واسطے شغلِ عمل پڑھنے کے پو
ہے تو پڑھ نفع دے گا اور دل تیرا بھی مائل شغل عمل ہے اور اگر روزگار کے واسطے فال دیکھتا ہے تو ملے گا۔

نمبر ۱۱۔٠٠//

فال تیری اچھی ہے اگر سفر کے واسطے پوچھتا ہے تو سفر نہیں ہوگا اور دوست سے ملاقات چاہتا ہے تو ملا
ہو جائے گی اور جو حاملہ عورت کا سوال ہے اس کے حمل ہے لیکن ابھی لڑکا اس کے پیٹ میں نہیں ہے۔ اور جو
کے واسطے پوچھتا ہے اور فال دیکھتا ہے تو بیمار کا پیٹ پھولا ہوا ہے اور بلغمی بیماری ہے اور پیٹ میں درد بھی
سے آرام ہوگا چند امیدیں تیرے دل میں ہیں، خدا حاجت روا کرنے والا ہے۔ اگر مال چاہتا ہے جمع ہو گا
امیدیں پوری ہوں گی۔

نمبر ۱۲۔/٠٠٠

فال تیری بری ہے۔ پورب کی طرف رخ کرے گا بے اختیاری سے اور اس میں کچھ نفع نہیں ہوگا۔ اور



Marfat.com

میں نکلتا ہے اگر قیدی کے چھوٹنے کے واسطے فال دیکھی تو وہ نہیں چھوٹے گا۔ دشمن تیری گھات میں ہیں دوستوں سے رنج دیکھے گا اگر بیمار کا سوال ہے تو بیمار کو تپ دق اور دستوں کی بیماری ہے اچھا نہیں ہوگا۔ اگر اچھا ہو جائے تو پھر بیمار ہو جائے گا۔ صدقہ دے کالی چیزوں کا۔ منگل اور سنیچر کو اگر عورت سے صحبت کرنے کی فال ہے تو وصل ہوگا۔ تجھے خواب پریشان دکھائی دیتے ہیں۔ تو نہانے کی حالت میں غسل نہیں کرتا۔ تنگی رزق اور فاتحہ تجھ کو رہتا ہے۔ اکیس دن تیرے لیے سخت ہیں۔ صدقہ دے اور توبہ کر اور خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کر۔

نمبر ۱۳۔ ۰/۰۰

تیری فال بری ہے۔ اگر سفر کا ارادہ ہے تو اس میں نفع ہے۔ اگر بیماری کی فال دیکھی ہے تو اس کو دستوں کا مرض ہے، اس کے دنبل نکلے ہوئے ہیں اسے جراح سے چیرا دلوا دے۔ تیرے دل میں گھبراہٹ ہے، معشوق سے محبت رکھتا ہے کام میں کوشش کرتا ہے مگر کاہلی ہے اور اکثر بلغمی بیماری اور خون کا فساد رہتا ہے، تجھ پر پندرہ دن سخت ہیں، سرخ چیز کا صدقہ دے، اگر مال جمع کرنے کا پوچھتا ہے جمع ہوگا۔ تیرے مزاج میں غصہ بہت ہے۔ تیری طبیعت لڑائی اور قتل پر مائل ہے، ہتھیار اٹھاتا ہے اور سپہ گری کرنا چاہتا ہے اگر شروع کر دے تو درست ہوگا اور اسی پیشہ میں روزگار بھی مل جائے گا۔

نمبر ۱۴۔ ۰۰۰/

فال تیری بہت اچھی ہے جو سفر کا ارادہ ہے ہوگا اور اگر مریض کے واسطے پوچھتا ہے تو اس کو پیٹ کا عارضہ ہے اور پیٹ میں سختی ہے دیر میں اچھا ہوگا۔ اور جو واسطے حاملہ کے پوچھتا ہے تو حمل ہے اور لڑکی پیدا ہوگی اور جو معشوق کے ملنے کے واسطے پوچھتا ہے تو وہ ملے گا۔ اور جو چاہتا ہے کہ مال جمع ہو تو جمع ہوگا اگر مال پانے کا پوچھتا ہے تو وہ ملے گا اور اگر کسی کی خبر پانا چاہتا ہے تو جلدی آوے گا اور سب امیدیں برآویں گی۔ فال تیری بہت اچھی ہے۔

نمبر ۱۵۔ /۰۰/

فال تیری بہت اچھی ہے جو سفر کا ارادہ ہے حاصل ہوگا۔ اور جو واسطے ملنے معشوق کے دیکھتا ہے جلد ملاقات ہوگی اور اگر کسی کے پاس سے خط آنے کا منتظر ہے تو جلد ہی آئے گا۔ اور علم سیکھنے کے واسطے سوال کرتا ہے تو علم حاصل ہوگا اور اگر مریض کے واسطے فال دیکھتا ہے تو مریض آسیب کا ہے اور اس کو جادو کیا ہے اور دشواری سے اچھا ہوگا۔ صدقہ دیوے بدھ کے روز اور بدھ کے روز مچھلیوں کو دریا میں چھوڑے اور ساتوں اناج محتاجوں کو دیوے۔ اور اگر روزگار کے لیے عرضی دی ہے تو جلد حکم ہوگا اور سب کام اچھے ہوں گے۔ انشاءاللہ العزیز۔



Marfat.com

نمبر ۱۶۔ ⁝

فال تیری اچھی ہے جو سفر کا ارادہ رکھتا ہے اچھا ہو گا۔ شمال کی طرف جا فائدہ اٹھائے گا اور جو مریض کے واسطے فال دیکھتا ہے تو اس کو بیماری سردی کی ہے۔ مثال کے طور پر جلندر مرض بلغمی ہے اچھا ہو جائے گا دیر سے اور سفید چیزیں خیرات کرے تو سب کام تیرے اچھے ہو جائیں گے اور جو کام پانی پلانے کا کرے اور قاصدی کرنا فائدہ دے گا اور واسطے ملنے مال کے فال دیکھتا ہے تو مشکل سے جمع ہو گا اور جلد خرچ ہو جائے گا اور جو واسطے ملنے معشوق کے فال دیکھتا ہے ملاقات ہو گی لیکن دیر سے ہو گی۔ اگر کسی شخص کے پاس جانے کا ارادہ رکھتا ہے تو جا۔ نہیں جانتا کوئی غیب کی بات لیکن خدا تعالیٰ۔

# تعبیر خواب

خوابیں بچے بوڑھے جوان عورت مرد سب ہی دیکھتے ہیں۔ نیک اور صالح لوگ جو پچھلی شب میں دیکھیں وہ خوابیں اکثر صحیح اور سچی ہوتی ہیں۔ اپنی خواب نیک اور صالح مرد مومن سے دن میں بیان کریں۔ یا خود نیک تعبیر سے لے لیں دل سے گھڑ کر ہرگز ہرگز خواب نہ بیان کریں۔ اگر کسی قسم کی ڈراؤنی خواب دیکھنے میں آئے تو پہلے یہ دیکھیں کہ کسی بادی چیز کے کھانے سے پیٹ میں گرانی تو نہ تھی کہ ایسی خوابیں محض پیٹ میں گیس بن کر دماغ میں گھسنے سے نظر آتی ہیں۔ حاملہ عورتوں کو یا جن کو حیض ٹھیک وقت پہ نہیں ہوتا ان کو اکثر ساری ساری رات ڈراؤنی اور خراب خوابیں نظر آتی ہیں۔ ایسی خوابوں کا کوئی اعتبار نہیں کرنا چاہے آیت الکرسی سات بار اور چاروں قل ۳۔۳ بار میٹھے تیل پر دم کر کے رکھ لیں اور کان میں سوتے وقت ۲۔۲ قطرے ڈال لیا کریں۔ اکثر نمازی پرہیزگار سرکار غوثیت مآب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سچی عقیدت رکھنے والوں کی اکثر خوابیں اگر پریشان کن ہوں تو گھبرانا نہ چاہیے بلکہ یہ سمجھنا چاہیے کہ ایسا واقعہ زندگی میں پیش آنے والا تھا حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعا و تصرف سے خواب پر ختم کر دیا گیا۔ حدیث میں ارشاد ہوا ہے کہ خواب مرد مومن کی نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نیک بندوں کو اسرارِ غیبی سے آگاہ فرماتا ہے۔ خوابوں کے متعلق اگر وضاحت کی جائے تو اس کے لیے ایک دفتر بھی ناکافی ہے۔ اس لیے اسی مختصر پر اکتفاء کرتا ہوں۔ دانشمندوں کے لیے یہی بہت کچھ ہے۔ (مؤلف)

## ردیف "الف"

**انوارِ الٰہی دیکھنا:** جنت نصیب ہو، قید سے آزاد ہو، اعمال نیک ہوں۔ فراخی نعمت ہر دو جہان سے۔

**انبیاء کو خوش دیکھنا:** دین و دنیا میں عزت ہو، زیارتِ پیغمبر نصیب ہو۔ اور غضب ناک دیکھنا اس کے برعکس ہو۔



Marfat.com

**اولیاء کرام کو دیکھنا:** بشارتِ نیک افعال اور زیادتی اقبال کی دلیل ہے۔
**ابدال کو دیکھنا:** موجب زیادتی نیکی، ترقی دارین کی دلیل ہے۔
**اسرافیل کو دیکھنا:** صاحب خواب کے لیے بہت مبارک ہو دین و دنیا میں۔
**آسمان کا دیکھنا:** مال ملنے کی دلیل ہے یا رتبہ بلند ہو اور اگر آسمان پر چڑھ گیا ہے تو خدا کے یہاں عزت پائے گا اور صراط سے جلد اتر جائے گا یا بادشاہ خواہ حاکم مہربان ہو۔
**ابر کا آسمان پر دیکھنا:** حاکم یا بادشاہ مہربان ہو یا رزق میں ترقی ہو۔
**ابر کا ہر جگہ برسنا یا محیط دیکھنا:** وباء آنے کی، فتنے کی دلیل ہے اور ایک جگہ برسنا رحمت کی دلیل ہے اور ابر کا معہ بجلی بارش کے دیکھنا قرض ادا ہو، قیدی رہا ہو۔ بیمار شفاء پاوے۔
**آفتاب کو روشن دیکھنا:** بلند درجے کی دلیل ہے۔ ملک عظیم کو پہنچے گا۔ زیادتی رزق کی دلیل ہے اور اگر کسی نے دیکھا کہ آفتاب اس کے گھر میں طلوع ہوا ہے تو اگر وہ بے زن ہے عقد ہو گا۔
**آفتاب کو گہن یا گرد و غبار میں ڈھکا دیکھنا:** مرض یا کسی مصیبت کے آثار ہیں یا صاحب خواب کے والدین کا انتقال ہو گا۔
**آسمان کے قریب اڑ کر پہنچنا:** حصول نعمت دنیا و دین ہو۔
**آپ اڑتے دیکھنا:** گناہوں سے بری ہو یا سفر کو جاوے اور سلامت گھر واپس آئے۔
**اذان کہنا:** اگر حج کا مہینہ ہے تو کبھی حج نصیب ہو گا۔ اور اگر غیر ایام حج میں دیکھے اور قربت زمانہ حج ہے تو نیک باتوں کا چرچا کرے گا اور اگر یہ دیکھے کہ وہ کلمہ اذان میں کہتا ہے جس کو خود نہیں جانتا تو وہ چور ہو گا۔
**انڈا دیکھنا اور انڈے کا مالک ہونا:** اگر کسی نے انڈا پایا اور یہ نہیں معلوم کہ کس پرندے کا ہے تو عورت پانے کی دلیل ہے۔
**انڈے کھانا:** اگر خاگینا ہے یا کسی اور صورت سے پکا کر کھایا تو مال صالح سے تعبیر ہے۔ اگر خام یا کچا تناول کیا ہے تو مال حرام سے تعبیر ہے اور کسی انڈے کا چھلکا یا بدوں سفیدی زردی کے کھائی ہے تو مال مردے یا مقتول کا پائے گا۔
**اونٹ کا گوشت کھانا:** بیماری اٹھائے لیکن روزی حلال ہاتھ آئے۔
**اشرفی کا دیکھنا:** لڑکا پیدا ہو یا نفع تجارت ہو یا رتبہ بلند ہو۔
**انگوٹھی پہننا:** کسی عہدے پر سرفراز ہو یا کسی حسینہ سے عقد ہو۔
**انگوٹھی کا بیچ ڈالنا:** عورت کی جدائی کا صدمہ اٹھائے۔

انگوٹھی کا کھو جانا: حکومت جاتی رہے، قدر و منزلت ختم ہو جائے۔
انگوٹھی سونے کی بلا نگینہ دیکھنا: عورتوں کو بہت خوب ہے اور مردوں کے لیے نازیب ہے۔ بلکہ برائی کی علامت ہے۔
الو دیکھنا: مال جانے سے تعبیر ہے۔
آم کھانا: تو انگری کی دلیل ہے یا صاحب اولاد ہو۔
آہن دیکھنا: خوشی پیدا ہو یا درجہ بلند ہو۔
آسمان سے شہد یا سرکہ خواہ روغن یا مثل اس کے دیکھنا: یہ سب چیزیں خیر و برکت کی دلیل ہیں۔
آسمان پر قوس وقزح دیکھنا: اگر سبز رنگ ہے تو امن وامان ہے اور زرد رنگ ہے تو مرض کی دلیل ہے، سرخ رنگ ہے تو دلیل خونریزی کی اور بعض نے سرخ رنگ کو نکاح سے تعبیر کیا ہے۔
اذان بے وقت کہنا: ظالم کے جور و ظلم میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے یا کوئی تہمت لگے کہ صاحب خواب محض بے گناہ ہے۔
اذان راستے میں کہتے جانا: حج کرنے کی دلیل ہے۔
انار شیریں کھانا: بمعنی مال کے ہے بلکہ ہر میوے سے دلیل ہے کہ دنیا میں خوشی ہوگی۔
انار ترش کھانا: رنج وغم کی دلیل ہے بلکہ جملہ میوہ ہائے ترش کی یہی تعبیر ہے۔
انگور سفید سیاہ کا دیکھنا: اگر موسم یا فصل میں دیکھے تو خیر و برکت کی نشانی ہے۔ بے فصل دیکھنا مرض یا رنج کی دلیل ہے۔
انگور کا شیرہ نکالنا: انگور کا شیرہ نکلتے دیکھنا خوشی کی دلیل ہے۔
انار میٹھا دیکھنا: نیک نامی اور شادمانی کی دلیل ہے۔
آنکھ کا دیکھنا: اگر دیکھا ہے کہ آنکھ کی روشنی میں زیادتی ہے تو گویا اس کے دین میں ترقی ہے۔ کمی دیکھنا دین میں کمی کی دلیل ہے۔
انگلیوں کا دیکھنا: مقصد سے دور رہنے کی دلیل ہے۔
انگلیوں کا الگ الگ دیکھنا: عزیز و اقارب جدا ہوں۔ تکلیف سے زندگی بسر ہو۔
آگ بغیر دھویں کے روشن دیکھنا: بادشاہ یا حاکم کی زیارت ہو، رتبہ بلند ہو، تمام فکروں سے نجات ہو۔
آگ کا کھانا: مال حرام کھائے گا، پشیمانی اٹھائے گا، یہی تعبیر آگ اٹھانے کی ہے۔


Marfat.com

آگ جلا کے پکانا: فضول خرچی سے پرہیز ہو۔ نفع بے حساب ہو۔
آگ سے کپڑا جلتے دیکھنا: آنکھ سے نقصان کی دلیل ہے۔
آئینہ دیکھنا: دین و دنیا کی مرادیں حاصل ہونا۔ اگر عورت حاملہ ہو تو پسر ہونے کی دلیل ہے۔ اور عورت نے دیکھا تو لڑکی پیدا ہو۔
اولے کا میدان دیکھنا: دشمن بدخواہ ہوں بہت۔
اولا کھانا: باعثِ پریشانی و حیرانی ہے۔ اور کبھی خوشی و شادمانی سے تعبیر ہے۔
اولے گرتے دیکھنا: اگر خلافِ موسم دیکھے تو نقصان اٹھائے اور موسم میں دیکھے تو فائدہ اٹھائے۔
آندھی کا دیکھنا: رنج و غم کی نشانی۔
آندھی کا آنا اور بجلی کا گرنا: کوئی بلا آنے والی ہو یا وبا پھیلے۔
اونٹ دیکھنا: اگر قبضہ میں ہے تو دنیا تابع ہو گی یعنی دنیا سے بے نیاز ہو گا اور اونٹوں کی قطار سے بھی تعبیر وہی ہے۔
اونٹ کو جستہ کناں دیکھنا: کوئی آسمانی بلا نازل ہونے والی ہے۔
اونٹ پر آپ کو سوار دیکھنا: سفر کی دلیل ہے یا حج کی نعمت میسر آئے۔
انجیر دیکھنا: مالدار ہونے کی دلیل ہے۔
انجیر کا پتا دیکھنا: خوب نہیں ہے صاحب خواب کے لیے۔
انجیر کھانا: مال تو ملے گا لیکن حسرت و یاس سے خالی نہیں۔
امرود کا کھانا یا دیکھنا: اگر شیریں ہے و دنیا میں نعمت حاصل ہو۔ اگر ترش ہو تو مرض ہونے کی دلیل ہے۔
اخروٹ کھانا: تجارت میں نفع کی دلیل۔
الائچی دیکھنا خواہ کھانا: صاحب خواب کی تعریف و ثناء اور نیک کام ہونے کی دلیل ہے اور مال پانا یا حاصل ہونے کی دلیل ہے اور زبان پارسا اور نیک خصلتوں کی دلیل ہے۔
اینٹ کا دیکھنا: اگر کوری خشک پڑابہ سے نکلی ملی ہے تو خزانہ ملنے کی دلیل ہے۔
اینٹ کا دیوار سے نکل جانا: کوئی مرد وہاں سے کوچ کر جائے گا یا کوئی عورت گھر چھوڑ جائے گی یا مر جائے گی۔
آبِ زمزم پینا: علم اشرف حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

## ردیف۔ب

**بچھو کا گوشت کھانا:** اپنے دشمن سے مال پانے کی دلیل ہے۔
**بچھو کو لحاف و کپڑے و ہر ایک چیز میں گھستے دیکھنا:** اس کا کوئی دشمن ایسا ہے جو باتیں صاحب خواب
لوگوں کو غیبت میں پہنچاتا ہے۔
**بدن میں ناسور دانے:** یہ تمام مال دستیاب ہونے کی دلیل ہے اور کوڑھ خواہ سفید داغ دیکھنا۔
**دنبل قرحہ زخم دیکھنا:** یہی مال پر دلالت کرتا ہے۔
**بال زیر ناف کم یا زیادہ دیکھنا:** اگر بال زیر ناف کم دیکھے مال پاک اور حلال ملنے کی دلیل ہے اور بکثرت
دراز دیکھے حرام مال کی دلیل ہے۔
**برہنہ بدن دیکھنا:** اگر ایسی حالت میں خلق اس کو ملامت نہیں کرتی تو تعبیر اس کی بہتر ہوگی کہ کشائش اور نجا
مرض سے ہوگی اور اپنے گناہوں سے پاک ہوگا۔ اگر قرضدار ہو تو قرض ادا ہو۔
**بچھو کا ڈنگ مارتے دیکھنا:** بچھو بمنزلہ دشمن کے ہے چنانچہ جس نے دیکھا کہ بچھو نے ڈنگ مارا ہے تو ا
کوئی دشمن ہے جو زبان سے اس کے تئیں ایسی غیبت میں باتیں کرے گا، جس سے اس کو تکلیف پہنچے۔
**بچھو کا مار ڈالنا:** دشمن پر ظفریاب ہونے کی دلیل ہے۔
**بچھو سے دوسرے کو کٹوانا:** صاحب خواب دوسروں کی غیبت کرتا ہے پرہیز کرے۔
**بزرگان، زاہد، عابد، مردِ نیک یا فقراء کو دیکھنا:** نیکی زیادہ ہو، خیر و برکت ہو، عنایت و رح
خدا ہو۔
**بادشاہ کو مہربان دیکھنا:** عزت و توقیر بڑھے، نعمت ملنے کی دلیل ہے اور بادشاہ کے ساتھ کھانے کی بھی یہی ت
ہے۔
**بادشاہ کی میت دیکھنا:** ملک خراب ہو۔
**بادام کا دیکھنا:** دوستوں سے فائدہ ہو۔ غیب سے روزی نصیب ہو، ہمیشہ خوش رہے۔
**باغ کا دیکھنا:** اگر خشک ہے تو باعثِ رنج و ملال ہے اگر سرسبز دیکھے موجب دولت و جاہ و اقبال ہے۔
**باغ کی سیر کرنا اور میوہ کھانا:** جنتی ہونے کی دلیل ہے یا کسی حسینہ عورت سے کچھ حاصل ہونے کی امید
**باغ کا دروازہ بند ہوتے دیکھنا:** رزق میں تنگی ہو یا عورت کو طلاق ہو۔
**باغ آم انگور وغیرہ میوہ دار کا لگانا خواب میں:** شرف و عزت کی دلیل ہے اور خاردار درختوں کا لگانا برعک


Marfat.com

اس کے ہے۔

**بادشاہ کو غصے میں دیکھنا:** رنج وغم کی نشانی ہے۔

**بالوں کو کھلے ہوئے چہرے تک دیکھنا:** تونگر اور مفلس دونوں کے لیے وبال جاں ہے۔

**بال سر کے گرتے دیکھنا:** دولت ملنے کی دلیل ہے اور اگر قرض دار ہے تو ادائیگی قرض کی دلیل ہے۔

**بال سر کے کھلے دیکھنا:** عورت کی شادی کی دلیل ہے۔

**بال اپنے ہاتھ سے مونڈنا اور سر صاف کرنا:** خلق کی نظروں سے گر جانے کی دلیل ہے۔

**بال سر کے سفید دیکھنا:** سبب خیر و برکت و زیادتی عمر و حرمت کی دلیل ہے اور اگر سیاہ دیکھے غربت کے لیے انسب ہے اور غنی کے لیے خطر ہے۔

**بال سر کے دراز دیکھنا:** اگر صاحب خواب تاجر ہے تو اس کے مال میں زیادتی ہوگی اگر وہ کاشتکار ہے تو اس کی کاشت میں افزونی ہوگی۔ اگر ان میں سے کوئی نہیں تو اس کے لیے بہتر نہیں ہے۔

**بال ڈاڑھی حد سے زائد دیکھنا:** صاحب خواب کے لیے رنج وغم کی نشانی ہے۔

**بال ڈاڑھی منڈ جانا:** جو مرتبہ لوگوں کے درمیان اس کا ہے وہ جاتا رہے گا۔ اسی طرح اگر سر و ڈاڑھی کے بال منڈ گئے یا نوچ ڈالے گئے ساتھ ہی تو اس کا قرض بھی ادا ہو جائے گا۔

**بال سر اور ڈاڑھی میں روغن لگانا:** اگر روغن خوشبودار ہے اور حد مقدار پر لگایا ہے تو صاحب خواب کی زینت خوب ہوگی اور اگر زائد روغن لگایا ہے یعنی چہرے پر بہہ رہا ہے تو تعبیر اس کی برعکس ہے، اچھی نہیں ہے۔

**بال سفید و سیاہ یعنی کھچڑی دیکھنا:** فرزند پیدا ہونے کی دلیل ہے اور اگر یہ خواب عورت دیکھے تو اس کے حق میں بہتر ہے۔

**بال سر کے پریشان اگر عورت دیکھے:** تو اس کا شوہر غائب حاضر ہوگا اور اگر شوہر نہیں تو نکاح کرے گی۔

**بال سر کے اگر عورت دیکھے کہ کوئی تراشتا ہے:** تو اس کا شوہر اس کو طلاق دے گا۔ اور اگر مرد دیکھے اپنی عورت کے بال سر کے مونڈے ہیں تو اس کے اولاد نہ ہوگی۔

**بال زبان پر دیکھنا:** رنج وغم کی پریشانی ہے۔

**بال ڈاڑھی میں نکلے ہوئے عورت دیکھے:** تو اس کا شوہر آجائے گا اور اگر موجود ہے تو سفر کرے گا۔ اور بیوہ ہے تو نکاح کرے گی اور جو حاملہ ہے تو لڑکا پیدا ہوگا اور وہ لڑکا سردار ہوگا۔

**نابالغ کو دیکھنا بال ڈاڑھی کے:** اگر لڑکے نے دیکھا کہ میرے ڈاڑھی نکلی ہے تو بلوغت سے قبل مر جائے گا۔

**بازو کھلے کسی عورت اجنبی کو دیکھنا:** تو صاحب خواب مالِ دنیا سے آسودہ ہو جائے گا۔

Marfat.com

بول و براز خواب میں دیکھنا: مال حرام ملنے کی دلیل ہے۔
بیل فربہ کا دیکھنا کہ ہاتھ آیا ہے: تو موافق فربہی اس بیل کے صاحب خواب کو نفع ہوگا۔
بیل برنگ زرد یا سرخ دیکھنا: مال سے لدے ہوئے کسی شہر یا موضع میں آتے ہوئے دیکھنا اور بلا وارث ہے تو اس جگہ مرض آنے والا ہے۔
بکریاں بہت پالنا: کسی جماعت کا حاکم ہونا۔
بیمار، بجلی اور مینہ دیکھے: تو شفاء حاصل ہو اور جو مقروض ہو تو قرض ادا ہو جائے اور قیدی ہو تو چھوٹ جائے۔
باغ سبز دیکھنا: اگر غیر مسلم ہے تو اسلام اور خوشخبری ہے۔
بیل کا لاغر دیکھنا: بیماری یا موت یا گرانی غلہ کی دلیل ہے اور یہی تعبیر گوشت سے ہے۔
بکریوں کا چرانا: حکومت ہاتھ آئے اور دودھ پینا مال سے تعبیر ہے۔
بکریوں کا گلہ دیکھنا: حکومت ہاتھ آئے عزیز و اقارب میں باعزت رہے۔
بھیڑی دیکھنا: نکاح کی دلیل ہے بھیڑ کو قتل کرنا عورت کو طلاق دینا ہے۔
بیل کا گوشت کھانا: روزی مشقت سے ملے گی مگر حلال ہوگی۔
بھینس کا دیکھنا: رنج و غم کی دلیل ہے۔
بارانِ رحمت ہونا: سال فراخ ہو، غلہ کی ارزانی ہو۔
بھیڑیا دیکھنا: حاکمِ وقت ظالم سے سامنا ہو۔
بالائی کھانا: کہیں سے روپیہ ہاتھ آئے۔ مفت عیش اڑائے اور بعض نے تعبیر اس کے برعکس کی ہے۔
باز چڑیا دیکھنا: دشمن پر فتح ہو۔
بھو کا آپ کو دیکھنا: حیرانی و پریشانی قرضداری کی نشانی ہے۔
باورچی کا دیکھنا، بیابان میں چلنا یا کھانا: کثرتِ نعمت سے مال کی دلیل ہے۔
پانی کھاتے پیتے دیکھنا: دین و دنیا میں ترقی ہو۔
بندر یا بلی دیکھنا: دشمن سے امن رہنے کی دلیل ہے۔
بہشت یا بہشت کی نعمتوں کا دیکھنا: تقویٰ و پرہیزگاری نیک اعمال اور بہشت میں بعد مرنے کے داخل ہونے کی دلیل ہے۔
باجرہ دیکھنا یا کھانا: خوب نہیں ہے صاحب خواب کے لیے۔



Marfat.com

بکری کا دودھ پینا: دنیا عیش وعشرت سے گزرے۔
بالوں میں کنگھی کرتے دیکھنا: خوب نہیں ہے۔
بندر خواہ بلی کا پنجہ مارنا: کم عمری کی دلیل ہے یا بیماری کی علامت ہے۔
بزاز کو دیکھنا: مرتبۂ اعلیٰ کی دلیل ہے اور یہ دیکھے کہ بزاز کپڑا فروخت کرتا ہے تو کسی سے دشمنی پیش آئے۔

## ردیف۔پ

پانی کا کنویں سے جوش کھانا: پاکیزہ مال سے اللہ تعالیٰ برکت دے گا۔
پانی سے کنواں خالی ہو جانا: مال تلف ہو جانا۔قدرے باقی رہ جانا، رنج اٹھانا۔
پانی کنویں سے نکال کر درخت میں دینا: یتیموں کی پرورش کی دلیل ہے۔
پل صراط دیکھنا: دنیا سے نفرت ہو، نیک کاموں سے رغبت ہو۔
پیسہ پانا: حیرانی وپریشانی کی نشانی ہے۔
پارہ پانا: روپیہ کثیر پائے مگر بلاضرورت خرچ ہو جائے۔
پاخانہ پھرنا: دین سے خالی ہوتا مگر دنیا حصول ہو۔
پان کھانا: عزت وآبرو بڑھنے کی دلیل ہے۔
پریاں دیکھنا: علم وعرفان حاصل ہو اور ترقی دین ودنیا ہو۔
پیشاب خون کا کرنا: پیٹ میں بچہ مر جائے یا عارضہ سخت اٹھائے لیکن صحت ہو جائے۔
پیپ بدن سے جاری دیکھنا: اگر بیمار ہو تو صحت ہو، مالدار پریشان ہو، غریب کو آزادی ہو۔
پیاسا آپ کو دیکھنا: دنیا کی حرص بڑھے، دین میں خلل پڑے۔
پہننے کا کپڑا پرانا دیکھنا: افلاس اور تردد بڑھے۔
پیوندی بیر دیکھنا: لڑکا پیدا ہو عزت بڑھے۔
پاؤں دیکھنا: سفر کی علامت ہے۔
پہاڑ دیکھنا: دشمن پر فتح مندی کی دلیل ہے۔
پہاڑ پر چڑھنا: دولت پانے کی دلیل ہے اور رفعت وبلندی کی نشانی ہے۔
پہاڑ کو ڈھانا: کسی ظالم کی بنیاد کو ڈھائے گا، یا کسی کو ہلاک کرے گا۔
پانی پر چلنا: دولت ملنے کی دلیل ہے۔

پھول دیکھنا سرخ: اگر باغ میں دیکھے فرزند پیدا ہو یا کوئی خوشی حاصل ہو، دونوں جہان میں بہتری ہو۔

پانی کے اندر کھڑے ہونا: تندرستی کی دلیل ہے۔

پرندوں کا دیکھنا: بزرگی کی دلیل ہے۔

پھول کا دیکھنا سفید: راحت و آرام ملے۔

پھول گلاب چنبیلی وغیرہ کا دیکھنا: خوشی کی علامت ہے اور نیک نامی کی دلیل ہے۔

پاجامہ پھٹا دیکھنا: زوجہ کو طلاق دے گا۔

پیالہ دیکھنا: زیادتی رزق کی دلیل ہے۔

پاؤں زمین پر مارنا یا پاؤں دیکھنا: رنج اور غم کی نشانی ہے۔

پیٹ خواہ پیٹھ کا دیکھنا: تجارت سے نفع ہو، معین و مددگار غیب سے پیدا ہو، مال و فرزند سے زینت ہو۔

پہننا نعلین: اگر خواب میں کوئی شخص جوتی پہنے گا تو عورت خوبصورت سے عقد کرے گا اور اگر جوتی پیر سے اتار دے گا تو عورت کو طلاق دے گا۔

پاخانہ پھرنا: تعبیر اس کی مالِ حرام ہے لیکن جتنی بدبو زیادہ ہوگی اتنا ہی مال حرام ہوگا اور جتنی بدبو میں کمی ہوگی گناہوں میں کمی ہوگی۔

پانی پر راستہ چلنا: کسی پر غالب آنے کی دلیل ہے۔

پگڑی دیکھنا خواہ باندھنا: عورت بدصورت ملے یا لڑکی پیدا ہو، مال کثرت سے ملے۔

پہاڑوں پر چڑھنا: بلند مرتبت پر پہنچنے کی دلیل ہے۔

پھلواری کی سیر کرنا: خیر کثیر اور علو مرتبت پر دلیل ہے۔

پیرزن کو دیکھنا: اگر وہ غیر معلوم ہے تو اسی سال کے کمال اور نقصان سے تعبیر ہے۔

پیشاب کرتے دیکھنا: اگر سختی میں ہے تو حق تعالیٰ اس کو کشائش دے گا اور اگر قرضدار ہے تو اس کا قرض ادا ہوگا۔ اور اگر مالدار ہے تو اس کے مال میں نقصان و زوال آئے گا۔ بقدر زیادتی کمی پیشاب کے۔

پائے جامہ دیکھنا: رزق میں افزونی ہو۔ اگر پونچے پھٹے ہوں تو پریشانی کی دلیل ہے۔

## ردیف۔ت

تاروں کا زمین پر گرتے دیکھنا: جس جگہ وہ ستارے گرتے دیکھے ہیں، اس جگہ نزولِ عذابِ الٰہی ہوگا۔



Marfat.com

**تاروں کا ٹوٹتے دیکھنا آسمان پر:** اگر صاحب خواب توانگر ہو تو محتاج ہو جائے اور اگر محتاج ہے تو شہید ہو جائے گا۔

**تخت پر بیٹھنا یا دیکھنا:** صاحب رتبہ ہو یا حاکم صاحب عزت ہو۔

**تھوک بہتے منہ سے دیکھنا:** خست یا بخل کی دلیل ہے۔

**تیر مارنا:** بیوقوفوں میں عزت پائے گا، امید دلی برآئے گی۔

**تیتر چڑیا دیکھنا:** مال ملنے کی امید ہے یا ترقی اقبال ہے۔

**تابوتِ جنازہ اپنا دیکھنا:** زیادتی زندگی کی دلیل ہے۔

**تبسم ہونا یعنی مسکرانا:** رنج وغم کی نشانی ہے۔

**تعویذ پانا:** آسیب میں مبتلا ہو۔

**تکیہ چبانا:** بزرگی پائے اور بزرگوں میں شامل ہو جائے۔

**تل چبانا:** چوری میں مبتلا ہونا۔

**تنور پانا:** ترقی دولت ہو۔

**تاج دیکھنا یا پانا:** اگر کسی بزرگ سے ملے تارک الدنیا ہو جائے۔ بادشاہ سے پائے حکومت ملے۔

**تلوار دیکھنا:** عورت یا بادشاہ خواہ اولاد سے مراد ہے یا افزائش جود وسخا سے مراد ہے۔

**تلوار سے لڑنا یعنی مقابلہ کرنا:** یہ رتبہ بلندی کی دلیل ہے۔

**تلوار کا ملنا اور تلوار کا بلند کرنا:** اگر کسی نے دیکھا کہ تلوار کو بلند کیا ہے اور کسی کو اس سے مارا نہیں ہے تو صاحب خواب کا رتبہ بلند ہوگا یا اس کے گھر دختر نیک اختر پیدا ہوگی۔

**تلوار کو ٹوٹتے دیکھنا:** پسر کے مرنے پر دلیل ہے اور اگر تلوار کا قبضہ ٹوٹ گیا ہے تو اس کا پدر خواہ چچا مر جائے گا۔ اسی طرح اگر کسی نے دیکھا کہ تلوار کی نوک ٹوٹ گئی ہے تو اس کی دادی خواہ ماں یا خالہ کا انتقال ہوگا یا کوئی عورت قریبی رشتہ دار فوت ہوگی۔

**تلوار کا کند ہو جانا دیکھنا:** صاحب خواب کے نفع کی راہ بند ہونے کی دلیل ہے۔

**تیر پر قابض ہونا یا تیر پانا:** غلبۂ عزت وشرف کی دلیل ہے۔

**تیر کا مارنا:** کوئی کتاب یا تحریر ایسی جگہ لکھے گا جس سے لوگوں کو رنج ہوگا۔

**تیر معہ کمان کے پانا خواب میں:** دشمن پر غلبہ پائے گا۔

## ردیف۔ٹ

ٹڈی دیکھنا: کہیں کا سردار ہو آمدنی کثیر ہو۔

ٹھینگا دیکھنا: عورت نیک بخت ہاتھ آئے گی۔

ٹٹو پر سوار ہونا: سفر تجارت کا کرے۔

ٹوپی کا دیکھنا: حکومت یا سرداری کی دلیل ہے۔

ٹیلوں پر چڑھنا: رتبہ بلند ہونا اور عزت بڑھنے کی دلیل ہے۔ایسی کسی بلندی پر چڑھنا بھی رتبہ بلند ہو۔ دلیل ہے۔

## ردیف۔ث

ثور بیل کا دیکھنا: صاحب خواب کے لیے بہتر نہیں ہے۔

ثمر خام دیکھنا: کوئی کام اختتام کو نہ پہنچنا، ناکام رہنا۔

## ردیف۔ج

جنات کے ساتھ آپ کو دیکھنا: کہیں فریب میں پھنسنے اور نقصان کی دلیل ہے۔

جو کا دیکھنا: حلال روزی نصیب ہوگی مگر تھوڑی مشقت کے بعد۔

جواہر کا دیکھنا: اللہ کی یاد میں مشغول ہونے اور مال ملنے کی دلیل ہے۔

جھنڈا دیکھنا: عالم ذی وقار ہو، قوم کا سردار ہو، خواہ خزانہ ملے۔

جھنڈا سفید دیکھنا: تو انگر اور صاحب عزت ہونے کی دلیل ہے۔

جھنڈا سبز دیکھنا: کہیں جا کر مصیبت اٹھائے مگر سلامت گھر آئے۔

جھنڈا سرخ: نیک نام مشہور ہو اور خوشی حاصل ہو۔

جھنڈا زرد: بیمار ہو کر صحت حاصل ہو۔

جھنڈا سیاہ: جدھر جائے ظفر یاب ہو لوگ عزت کریں۔

جماع کرتے دیکھنا: ترقی مال اور زینتِ دنیا کی علامت ہے۔

جماع مردے سے کرنا: جس کام سے مایوس ہو چکا ہو اس کا انجام ہو۔

جماع مردے کو اپنے ساتھ کرتے دیکھنا: راحت و آرام سے زندگی بسر ہو، عزیزوں سے نفع ہو۔



Marfat.com

**جنگل ہرا دیکھنا:** دافع رنج والم ہو، مسرت کا سامنا ہو۔

**جہاد کرنا:** دنیا اور آخرت میں عزت ملنے کی دلیل ہے۔

**جونک دیکھنا:** بیماری کی علامت ہے۔

**جوان دیکھنا:** کمزوری اور حقیری کی دلیل ہے۔

**جوتہ پہننا:** کنیز خواہ حسینہ عورت سے وصل ہو۔

**جوتہ پیر سے اتارنا:** عورت کو طلاق دینے کی دلیل ہے۔

**جوتہ کا ٹوٹ جانا:** صاحب خواب کی زوجہ کا انتقال ہو نہایت ملال ہو۔

**جوتہ ایک پھٹ جانا یا چھن جانا:** برادرِ حقیقی کے مرنے کے آثار ہیں۔

**جامۂ فیروزی کا پہننا:** صاحب خواب کے لیے نہایت مبارک ہے۔ نصیبہ زور آور ہو۔ اسی طرح سے اگر کسی نے دیکھا کہ جامہ سیاہ رنگ کا پہنا ہے تو بھی اس کی زندگی خوشگوار گزرے گی۔

**جامۂ سرخ کا پہننا:** صاحب خواب کو حاکم خواہ بادشاہِ وقت سے خطرہ ہو۔

**جامۂ سبز:** صاحب خواب کو نعمت زر حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

## ردیف۔ چ

**چیونٹیوں کو گھر آتے دیکھنا:** مال کثیر ہاتھ آنے کی دلیل ہے۔

**چشمہ دیکھنا:** خیر و برکت و نعمت پر دلیل ہے۔

**چھت کو اپنے اوپر گرا دیکھنا:** کسی بزرگ سے رنج پہنچنے کی دلیل ہے یا کوئی بزرگ سفر سے واپس آئے۔

**چاندی کا دیکھنا:** مالِ حلال پر دلیل ہے۔

**چاندی کی انگوٹھی پہننا:** اپنی لیاقت کے موافق عزت و بزرگی ملے یا کسی عورت حسینہ سے عقد ہو یا فرزند پیدا ہو۔

**چراغ روشن دیکھنا:** درازیٔ عمر اور تندرستی سے دلیل ہو۔ اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی کی دلیل ہے اور مفلس ہے تو تونگری اور بیکار ہے تو باکار ہونے کی دلیل ہے۔

**چاند دیکھنا:** بزرگی و عقلمندی کی خواہ حکیم و حکمت کی دلیل ہے یا عورت ملے یا اولاد کی بھی دلیل ہے۔

**چاند گہن دیکھنا:** غلہ کی گرانی ہو یا عورت کا اسقاطِ حمل ہو یا روزی کی تنگی ہو یا حاکم وقت پر کوئی آفت آئے۔

**چاندنی کھلی دیکھنا:** منفعت اور دولت ملے، عزت سے زندگی بسر ہو، افروزنی نعمت اور دولت ملے۔



Marfat.com

چاند کو آغوش میں لینا: اولاد کی بشارت ہے۔
چاند کا اپنے پاس آتے دیکھنا: لڑکا پیدا ہو یا کہیں کا حاکم وقت ہو۔
چوہا دیکھنا: عورت بد سیرت و بد صورت پائے۔ تمام عمر رنج اٹھائے۔
چوکھٹ چومنا: عورت کا تابع ہو، راہ سے بے راہ ہو یا کسی کی محبت میں ذلیل و خوار ہو۔
چھال درخت کی کھانا: افلاس کی دلیل ہے۔
چادر دیکھنا: نیک بی بی ہاتھ آئے۔
چھت دیکھنا: رتبہ بلند ہو، صاحب دولت ہو۔
چاول دیکھنا: بعد چندے مصیبت راحت نصیب ہو۔
چھوٹے چھوٹے پرندے دیکھنا: خوشدلی کی دلیل ہے۔
چھینکنا: جس مطلب میں شک پڑ جائے وہ بے شک و شبہ پوری ہو۔
چھاگل دیکھنا: صاحب خواب کے لیے بہتر نہیں ہے۔
چھڑی دیکھنا: دشمن خود ہی مارا جائے۔
چھاتی دیکھنا: شادی ہو کثرت اولاد لڑکیوں کی ہو۔
چیتے کے مقابل سے بھاگتے دیکھنا: فتح مندی اور مقصد حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
چوہے کو دیکھنا کہ کوئی چیز گھر کی کھاتا ہے: تو صاحب خواب کی عمر کے نقصان کی دلیل ہے۔
چکور کا دیکھنا: عورت خوبصورت اور پارسا پر دلیل ہے کہ ہاتھ آئے گی۔
چیل کا دیکھنا: درازئ بیماری ہو۔
چھاچھ: فکر پیدا ہونے کی دلیل ہے۔
چھوٹی ہونا داڑھی کا: عزت و آبرو کم ہونے کی دلیل ہے۔

## ردیف۔ح

حوض کا دیکھنا: خیر و برکت و نعمت پر دلیل ہے۔
حمام میں غسل کرنا: فکر و غم سے رہا ہونے کی دلیل ہے۔
حمام بلا پانی کے دیکھنا: عورتوں سے رنج پہنچے۔
حلال جانوروں کا دودھ پینا یا کوئی جانور حلال ہو: روزی حلال اور طریق پسندیدہ نیک کاموں پر دا



Marfat.com

(گائے بکری وغیرہ) ہے اور جن جانوروں کا گوشت حرام ہے اور اس کا دودھ پینا بیماری اور فکر کی دلیل ہے۔

**حرم شریف دیکھنا:** ہم چشموں میں توقیر وعزت ہو۔

**حیض سے پاک ہو کر غسل کرے:** اگر بیمار ہے صحت کی دلیل ہے اور مغفرت کی امید ہے۔

**حیض سے نہ ہو اور حائض دیکھے:** اس سے کوئی گناہ سرزد ہونے کی دلیل ہے۔

**حمام بنانا:** دشمن تباہ ہوں یا نیک عورت ہاتھ آئے۔

**حلال کرنا جانوروں کا:** حاکم وقت سے نفع کی امید ہے یا کارِ خیر کی امید ہے۔

**حلوہ کھانا:** جہالت سے دور ہو، راحت کا حصول ہو۔

**حجامت بنوانا:** خاندان میں کوئی آفت آئے۔

**حصار یعنی قلعہ کا دیکھنا:** اگر کوئی شخص قلعہ میں محصور ہو تو سردارِ قوم یا نئے یاروں سے ہم آغوش ہو یا دین کا محافظ ہو۔

**حمام میں پیشاب کرنا:** مرض ہو یا کوئی سختی اٹھائے۔

**حجام کو دیکھنا:** مالدار کے لیے اچھا نہیں ہے، مال کا نقصان یا کوئی اور رنج پہنچے۔

**حمار۔ یعنی گدھے کا خواب میں دیکھنا:** اگر حمار پر سوار دیکھے اور حمار کو اپنے قبضے میں دیکھے تو اس کی کوشش کامیاب ہو جو کہ وہ کر رہا ہے اور تعبیر مال وزر سے ہے۔

**حمار پر سوار دیکھنا:** خیر و برکت کی دلیل ہے۔

**حمار سے گرنا:** پستی درجہ کی دلیل ہے۔

**حمار کا گوشت کھانا:** مال حرام وخبیث حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

**حمار کا دودھ پینا:** مرض شدید میں مبتلاء ہونے کی دلیل ہے۔ بعض نے صحت سے تعبیر کیا ہے۔

## ردیف۔ خ

**خوان کھانے سے بھرا دیکھنا:** عیش حاصل پر اور درازئ عمر پر دلیل ہے۔

**خچر کو خواب میں دیکھنا:** سفر کی دلیل ہے۔

**خاک کا کھانا:** مال بہت ملنے کی دلیل ہے۔ یا تو معاش کی تکلیف اٹھانے کی دلیل ہے۔

**خاک پر چلنا:** دولت مند ہونے کی دلیل ہے۔



Marfat.com

خمیر کا دیکھنا: سخی ہو فقراء کو فائدہ پہنچے، اولاد زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔
خچر کا دودھ پینا: تنگی معاش کی دلیل ہے۔
ختنہ کرنا یا ختنہ کرتے دیکھنا: گناہوں سے پاک ہونے کی دلیل ہے اور روپیہ و نعمت سے خوش ہونے کی دلیل ہے۔
خرگوش دیکھنا: عورت ملنے سے تعبیر ہے۔
خچر کا گوشت کھانا: خراب عورت کا مال ہاتھ آئے اور بے جا صرف ہو جائے۔
خچر غیر پر سوار ہوتے دیکھنا: مالک خچر کی عورت سے خیانت کرے۔
خربوزہ کھانا: دولت ہاتھ آنے کی دلیل ہے لیکن جلد ہی خرچ ہونے کی سبیل ہے۔
خرما کھانا: حاجی ہونے کی دلیل ہے اور جو دعا کرے قبول ہونے کی امید رکھے۔
خون اپنے جسم سے بغیر زخم کے بہتا دیکھے: اگر کسی نے دیکھا کہ جسم سے خون یا پیپ جاری ہے اور تمام بدن آلودہ ہو گیا ہے تو مال حرام ملنے کی دلیل ہے جس حیثیت سے خون یا پیپ جاری تھا یعنی کمی بیشی۔
خوش آپ کو دیکھنا: رنج و غم کی نشانی ہے اور رنج و غم دیکھنا نہایت شادمانی ہے۔

## ردیف د

دانت گرتے دیکھنا: راحت و آرام اور عمر دراز ہونے کی دلیل ہے۔
دانت سونے چاندی کا دیکھنا: بیماری کی علامت ہے۔
درخت بے ثمر دیکھنا: ذلیل و خواری کی دلیل ہے۔
درخت پھولوں کا دیکھنا: روپیہ ملنے اور عیش کرنے کی دلیل ہے۔
درخت پر چڑھتے دیکھنا: رتبہ بلند پائے یا حاکم سے فائدہ اٹھانے کی دلیل ہے۔
دریا سے پار ہوتے دیکھنا: تحصیل علم سے فراغت پائے، رنج بدل کر راحت پائے۔
دریا میں ڈوبتے دیکھنا: نیک کاموں سے کنارہ کرے، برے کاموں میں جا گھسے۔
دودھ عورت کا پینا: اگر منکوحہ ہے تو الفت بڑھے اور اگر غیر ہے تو فائدہ پہنچے۔
دیو دیکھنا: اگر بدشکل ہے تو رنج اٹھائے اور اگر خوشرو ہے تو بلند مرتبہ پائے علم معرفت بڑھ جائے۔
دختر پیدا ہوتے دیکھنا: اگر یہ خواب عورت دیکھے پسر کی دلیل ہے اور اگر مرد دیکھے تو دختر کی دلیل ہے۔
دہی دیکھنا: سفر کی دلیل ہے لیکن تندرست واپس آنے کی دلیل ہے۔



Marfat.com

**دوزخ کے عذاب میں اپنے تئیں گرفتار دیکھنا:** جورو بدصورت، بدسیرت ملے نہایت تنگ کرے۔
**دودھ ان جانوروں کا پینا جن کا کھانا حلال ہے:** روزی ملنے کی دلیل ہے اور اس کے برعکس تکلیف پانے کی نشانی ہے۔
**دوزخ سے باہر نکلنا:** دینداری اور پرہیزگاری کی دلیل ہے۔ یا سفر سے واپس ہوگا۔ اندر دیکھا ہے تو گناہوں سے توبہ کرے گا۔ دنیادار سفر کرے گا۔
**دوزخ کے رنج و بلا میں مبتلا دیکھنا:** دنیا کی رنج و مصیبت کی نشانی ہے۔
**دلال کو دیکھنا:** صاحب خواب کو کوئی ہدایت کرنے والا پیدا ہونے والا ہے۔
**دانت کو بآسانی اکھیڑتے دیکھنا:** بھائی یا فرزند کے پیدا ہونے کی دلیل ہے یا مال ہاتھ آئے۔
**دانتوں میں کسی طرح کا نقصان یا تکلیف دیکھنا:** عزیزانِ خاص کے نقصان کی دلیل۔
**دانت کا گرنا دیکھنا:** عمر کی درازی کی دلیل ہے۔
**دانتوں کو روشن یا خوبصورت دیکھنا:** نیکی حال پر دلیل ہے۔
**دانت پتھر یا موم یا لکڑی کے دیکھنا:** صاحب خواب کی وفات کی نشانی ہے یا باعث ہلاکت و مصیبت ہے صدقہ دینا چاہیے، واضح ہو کہ دانتوں کا دیکھنا گھر کے آدمیوں کی دلیل ہے جیسے دو اوپر کے دو نیچے کے سامنے والے چاروں کا دیکھنا بیٹوں اور بھائیوں اور بہنوں سے منسوب ہے اور جوان چاروں کے متصل ہیں ان چاروں کا دیکھنا ماموں اور چچا سے نسبت رکھتا ہے اور داڑھیں جن سے کھانا کھایا جاتا ہے اوپر کی باپ کے عزیزوں سے منسوب ہیں۔ اور نیچے کی داڑھیں ماں کے عزیزوں سے منسوب ہیں۔ اسی طرح دانتوں کا نفع نقصان جو جس طرف منسوب ہے تعبیر سمجھ لینا چاہیے۔
**دانت اپنا گرتے دیکھنا:** کوئی عزیز مرجائے یا کوئی اور رنج کا سامنا ہو۔
**دانت سیاہ دیکھنا:** مرنے کی دلیل ہے۔
**دانت چاندی کا دیکھنا:** رنج و مصیبت کی دلیل ہے۔
**درس دینا:** اگر عالم ہے دولتِ آخرت پاوے۔ اگر دنیا کا عالم ہے تو مالِ دنیا سے مالا مال ہو۔
**دوشالا دیکھنا یا پانا:** عورت مالدار ہاتھ آئے یا کسی امیر سے عزت ملے۔
**دیگ دیکھنا:** عورت دیکھے تو مرد جوان سے عقد ہو، مرد دیکھے عورت حسینہ ملے۔
**دسترخوان خالی دیکھنا:** پریشانی کی دلیل ہے۔
**دسترخوان کھانے سے بھرا دیکھنا:** ترقی نعمت کی دلیل ہے۔



Marfat.com

دوات دیکھنا: عورت مالدار سے عیش نصیب ہو یا زن کے حاملہ ہونے کی دلیل ہے۔
دوا کھانا یا دیکھنا: مصیبت یا پشیمانی اٹھانے کی دلیل ہے۔
دہی کھانا: غم والم کی دلیل ہے۔
درخت کے پتے دیکھنا: روپیہ ملے حاکم سے عزت ملے۔
درخت پر چڑھتے دیکھنا: رتبہ بلند ہو، بے حد نفع ہو اور اترتے دیکھنا ذلت وخواری کی دلیل ہے۔
درخت آلو کا دیکھنا: بیماری اٹھائے یا کسی بلا میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔
دروازے کا جل جانا: گھر ویران ہو یا مرض میں مبتلا ہو، خواری وذلت کی دلیل ہے۔
دروازے کے پٹوں کا گر جانا: اگر دونوں لڑکیاں ہیں دونوں مرجائیں گی یا شوہر کے گھر سے نکل جائیں گی
دیوار سے گر پڑنا: جس حال میں ہے اس سے گر جائے گا ذلیل وخوار ہو کر مرجانے کی دلیل ہے۔
دروازے کا کھد جانا: عورت صاحب خانہ کے مرجانے کی دلیل ہے۔
دروازہ دوسرا بنانا: اپنے مکان کو بیچنے کی دلیل ہے یا صاحب خواب کی زوجہ دوسرے سے نکاح کرے گی۔
درزی کو دیکھنا: اپنے دین کو بیچنا اور دنیا کو خریدنا ہے۔
دریا سے پانی پینا: مرتبہ بڑھ جائے حاکم وقت سے روپیہ ہاتھ آئے۔
دریا کے پار ہونا: موت کی دلیل ہے۔
دریا خواہ نہر میں غسل کرنا: بیمار ہو تو صحت ہو جائے، گناہوں سے پاک ہو، کوئی خوشی کی بات سننے کی دلیل ہے۔
دانت پتھر یا لوہے خواہ لکڑی کے دیکھنا: صاحب خواب کی موت کی نشانی ہے۔
دانت سونے کے دیکھنا: مرض میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔
دریا یا نہر کی دلدل میں پھنسنا: رنج وغم کی نشانی ہے۔
دریا دیکھنا: دولت وترقی وجاہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
دریا کی موج دیکھنا: مشقت اٹھانے کی دلیل ہے۔
دریا کو تاریک دیکھنا: سختی کی نشانی ہے۔
دوپٹہ زنانہ دیکھنا: عورت کو شوہر نیک ملے۔
داڑھی نوچی دیکھنا: عورت سے جنگ ہو نہایت تنگ ہو۔



Marfat.com

ڈول دیکھنا: اگر خالی ہے تو پریشانی ہے اور بھرا دیکھے تو شادمانی ہے۔
داڑھی گھنی دیکھنا: اگر مفلس ہے تو پریشانی حال ہو اور تونگر ہے تو خوشحال ہو۔
داڑھی سفید دیکھنا: عزت و وقار کی دلیل ہے۔
داڑھی سیاہ دیکھنا: ہمیشہ دولت اقبال گھر کا غلام ہو۔
داڑھی والی عورت دیکھے: اگر بیوہ ہے تو نکاح ہو اور اگر شوہر سفر میں ہو تو واپس ہوگا اور اگر موجود ہے تو سفر کرے گا اور جو حاملہ ہے تو لڑکا پیدا ہوگا اور لڑکا قوم کا سردار ہوگا۔
داڑھی کا دراز ہونا: عزت و مرتبہ زیادہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
داڑھی کا چھوٹا دیکھنا: عزت و آبرو کم ہونے کی دلیل ہے۔
داڑھی لڑکے کو اپنی نکلی ہوئی دیکھنا: قبل بلوغت انتقال ہو جائے گا۔
داڑھی اور سر منڈا ہوا دیکھنا: رنج و مصیبت شدید اٹھانے کی دلیل ہے۔
دنبہ دنبی کا دیکھنا: اگر دنبی کا مالک ہوا ہے یعنی اس کے ہاتھ آئی تو اس کو عورت نیک مع مال کے ملنے کی دلیل ہے۔
دنبی کا گھر سے نکل جانا یا چوری ہو جانا: صاحب خواب کے لیے اس کی بیوی سے کوئی ایسی بات درمیان میں ہوگی جس سے بے حد خوشی درمیان میں پیدا ہوگی۔
دولہا اپنے آپ کو دیکھنا: اگر دلہن صاحب خواب کو پہچانتی ہے تو گویا اس سے عقد ہوگا اور اگر عروس صاحب خواب کے نامزد ہوئی بدوں پہچان و معرفت کے تو صاحب خواب کی موت آئے گی دلیل ہے شہید ہو کر واصل الی اللہ ہو۔
دیوانہ اپنے آپ کو دیکھے: مال ملنے کی دلیل ہے لیکن بے جا صرف ہو۔
دہی چھاچھ وغیرہ دیکھنا: فکر و غم کے پیدا ہونے کی دلیل ہے۔
دستار یعنی پگڑی دیکھنا: دولت و عزت سے مراد ہے۔
دھنیے کو دیکھنا: نیک اعمال کرنے کی دلیل ہے۔
دھوبی کو دیکھنا: بغض و عداوت اور معاصی کی دلیل ہے۔

## ردیف۔ ذ

ذکر خدا کرتے دیکھنا: مرشد یا عابد خواہ موحد ہونے کی دلیل ہے۔

Marfat.com

ذکر یعنی اعضائے تناسل کا طویل دیکھنا: کثیر الاولاد ہوگا۔ اگر عورت نہیں تو زنِ جمیلہ سے نکاح کرے گ
عورت دیکھے تو لڑکا پیدا ہوگا۔
ذکر کٹا ہو دیکھنا: اولاد مر جائے گی، خود صاحب خواب کی موت کی دلیل ہے۔

## ردیف۔ر

روزہ رکھنا: نیک صالح ہونے کی اور دولتِ حکومت ہاتھ آنے کی دلیل ہے۔
رسی دیکھنا: راہ دین ہاتھ آئے دوسروں کو بھی راہ حق دکھائے۔
رونا خواب میں دیکھنا: خوشی کی علامت جاگنے پر ہے۔
رکابی دیکھنا: روزی حلال ملے یا غلام خیر خواہ سے دلیل ہے۔
روپیہ ہاتھ میں لینا: غیبت و برائی سے روزی ملے۔ تنگی معاش سے دلیل ہے۔
روپیہ بنانا: دولت کی تمنا میں عمر ضائع ہونا اور نیکی نہ کرنے کی دلیل ہے۔
روپیہ ضائع کرنا: کسی جاہل سے رنج اٹھانے اور روپیہ صرف ہونے کی دلیل ہے۔
روغنی روٹی کھانا: مال حلال ملنے پر دلیل ہے۔
رعد کی کڑک ہمراہ بارش دیکھنا: بیماری سے شفاء، قرضداری سے نجات کی دلیل ہے۔
رعد مع ہوا کے دیکھنا: حاکم کے غضب ناک ہونے کی دلیل ہے۔
رعد اور پانی کا ہمراہ دیکھنا: تکلیف و مصیبت سے رہائی ہو، بیماری سے شفاء اور قرضداری ادا ہونے کی دلیل
ہے۔
رس کا دیکھنا: شادمانی و خوشحالی کی دلیل ہے۔
روشنی دیکھنا: مرشد اچھا ہاتھ آئے راہِ ضلالت سے چھڑائے۔
رات کا دیکھنا: صدمہ اٹھانے اور چھپے راز کھلنے کی دلیل ہے۔
روٹی دیکھنا: تجارت میں فائدہ ہونے کی نشانی ہے۔
راکھ دیکھنا: بہت تھوڑے دکھ کے بعد راحت کی نشانی ہے۔
روباہ دیکھنا: (لومڑی) مکاری کی علامت ہے۔
رخسارہ دیکھنا: قدر بڑھے یا معشوق اچھا ہاتھ آئے۔
روغن سیاہ دیکھنا: سفر سے سلامت واپس گھر آنے کی علامت ہے۔



Marfat.com

روغن زرد دیکھنا: رنج وغم کی نشانی ہے۔
ریگ دیکھنا: (یعنی اڑتی ہوئی خاک) مال بکثرت ملنے کی امید ہے۔
ریگ پر چلنا یا خاک اڑانا: بعد مصیبت کے راحت نصیب ہو یعنی کوشش کے بعد مال ہاتھ آئے اور فراغت سے اڑائے۔
روغن سر پر ملنا: اگر روغن اندازے کے موافق ہے تو سارے کام زیب و زینت پانے کی دلیل ہے۔ اور جو اندازے سے زائد ہے تو فکر لاحق رنج وغم کی دلیل ہے۔
روتا خواب میں اپنے تئیں دیکھنا: خوشی کی دلیل ہے۔
ریگ کو خواب میں آسمان سے برستے دیکھنا: جس جگہ یہ خواب دیکھے وہاں نعمت اور روزی فراخ ہونے والی ہے۔
روشنی چاند کی زمین پر پھیلی دیکھنا: وہاں کے باشندوں کو حاکم وقت سے نفع ہونے کی دلیل ہے۔
راستہ سیدھا دیکھنا: دین واسلام پر دلیل ہے اور ٹیڑھا راستہ بے دینی پر دلیل ہے۔
روٹیاں بکثرت دیکھنا: دوستوں کے بکثرت ہونے کی دلیل ہے۔

## ردیف۔ز

زکوۃ دینا: فکروتردد جاتا رہے اور تجارت میں نفع کی نشانی ہے۔
زمزم پینا: زہدوتقوی کی نشانی ہے۔
زبان سے لعاب گرتے دیکھنا: کوئی مصیبت پیش آنے والی ہے یا پھر مرض کی نشانی۔
زبان پر بال جمے دیکھنا: آفت ورنج کی دلیل ہے۔ اسی طرح زبان کو دراز یا کسی چیز سے بندھی ہوئی دیکھنا بھی رنج کی دلیل ہے۔
زینہ پر چڑھنا: ترقی کی نشانی یا مرتبہ کی بلندی کی نشانی ہے۔
زنجیر دیکھنا: صاحب خواب کے لیے پریشانی آنی ہے اور یہی تعبیر خواب میں زنجیر کے پکڑنے کی ہے۔
زمین پر بناڈالنا: دنیا میں نام ہو یا فرزند نیک تولد ہو، انجام نیک ہو۔
زمین میں اپنے آپ کو گڑتے دیکھنا: موت آئے یا زیادہ مصیبت اٹھائے یا سفر پیش آنے کی دلیل ہے۔
زلزلہ دیکھنا: حاکم وقت پر مصیبت آئے۔ زندہ کو مردہ دیکھنا، عمر دراز ہو۔
زاہد و عالم کو دیکھنا: نیک اور نیک نامی کی دلیل ہے۔


Marfat.com

**زندہ مردے کو دیکھنا:** خوش خرمی کی دلیل ہے۔

**زمین کا بات چیت کرنا:** نہایت خیر خوبی کی دلیل ہے۔

**زمرد خواہ یاقوت کا دیکھنا یا پانا:** دختر نیک اختر پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

**زنجیر گلے میں بندھی دیکھنا:** عورت بدذات سے سابقہ پڑنے کی دلیل ہے۔

**زینہ خواہ سیڑھی پر چڑھتے دیکھنا:** ترقی دین اسلام کی دلیل ہے اور کبھی ترقی دنیا سے بھی دلیل ہے۔

**زرد سرخ بیل پرازبار کو کسی شہر یا موضع میں داخل ہوتے دیکھنا:** اگر ایسے بیل کا کوئی وارث نہیں ہے تو اس جگہ مرض آنے کی دلیل ہے ورنہ بہتری کی دلیل ہے۔

**زنبور یعنی بھڑ اور شہد کی مکھی دیکھنا:** مرد سفلہ پن اور سخن چین کی دلیل ہے۔

**زمین کو طے کرنا:** موت آنے کی دلیل ہے۔

**زہر کھانا:** غصہ کی دلیل ہے جو کام نہایت ذلیل ہے۔

**زعفران یا جو شے خوشبو دار ہو اس کا دیکھنا:** ان سب کا دیکھنا تعریف و ثناء اور نیک اور علم شریف دین، پاک اور مال نیک زبان پارسا اور نیک خصلتوں کی نشانی ہے اور بدبو کی چیزیں اس کے برعکس جاننا چاہیے۔

**زر سرخ دیکھنا:** اگر زر سرخ کسی صورت میں بھی ہاتھ آئے تو فرحت اور خوشی کی دلیل ہے۔ اور کسی صورت سے اپنے سے دوسری جانب کو جائے تو صدقہ کردے ورنہ مصیبت آنے کی نشانی ہے۔

**زمین دیکھنا:** نعمتِ دنیا حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

**زمین کھودنا:** تکلیف سے بسر اوقات ہونے کی دلیل ہے۔

**زمین کو ہلتے دیکھنا:** اگر حاملہ عورت دیکھے اسقاطِ حمل ہو اور اگر مرد دیکھے تو عتابِ حاکم میں گرفتار ہو۔

**زمین کو برابر دیکھنا:** دولت ملنے پر دلیل ہے۔

**زمین کو بوتے دیکھنا:** تمام مقاصد دین و دنیا ملنے کی دلیل ہے۔

**زعفران دیکھنا:** مال ملنے یا نیک عورت ملنے کی دلیل ہے۔

**زیور دیکھنا:** عزت و آبرو پانے کی دلیل ہے۔

**زرہ دیکھنا:** رتبہ بلند ہو اور آفات سے بچنے کی دلیل ہے۔

**زبان لمبی دیکھنا:** فحش گوئی کی دلیل ہے۔

**زبان منہ سے باہر نکلی ہوئی دیکھنا:** تہمت لگنے یا شرمندی اٹھانے کی دلیل ہے۔

# ردیف۔س

**سورۂ فاتحہ کا پڑھنا خواب میں:** سورۂ الحمد کا پڑھنا دعا قبول ہونے اور شاد و مسرور ہونے کی دین و دنیا میں دلیل ہے یا پھر عقد کی سبیل ہے۔

**سورۂ بقرہ کا پڑھنا یا سننا خواب میں:** تمام عمر رزق سے آسودہ رہنے کی دلیل ہے۔

**سورۂ حشر کا پڑھنا:** اس کے تلاوت کرنے والے سے بروز حشر اللہ تعالیٰ راضی ہوگا۔

**سورۂ کوثر کا پڑھنا:** دونوں جہان میں خیر و برکتِ کثیر کی دلیل ہے۔

**سورۂ لہب کا پڑھنا:** توحید پر قوی ہونے کی اور پاک زندگی بسر ہونے کی دلیل ہے۔

**سورۂ الم نشرح کا پڑھنا:** تمام امور آسان ہونے کی اور اسلام کی فرمانبرداری کی دلیل ہے۔

**سورۂ فیل کا پڑھنا:** دین اسلام کو اس کے ہاتھ سے فتح ہونے کی دلیل ہے۔

**سورۂ اخلاص کا پڑھنا:** زندگی میں ترقی ہو یہاں تک کہ اس کے سامنے سب اعزہ و گھر والے مر جائیں اور صاحب خواب تنہا رہ جائے، موحد ہو۔

**سورۂ فلق کا پڑھنا:** برائیوں سے بچنے کی نشانی ہے۔

**سورۂ ناس کا پڑھنا خواب میں:** جملہ بلاؤں سے محفوظ رہنے کی دلیل ہے۔

**سورج دیکھنا:** اگر عقد نہیں ہوا ہے عقد عورت زردار سے ہو اور رزق روزی میں افزونی ہو۔

**سورج پر اندھیرا دیکھنا:** مرض یا کسی مصبت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

**سورج کی روشنی خوب دیکھنا:** ترقی رزق اور بلندی رتبہ کی دلیل ہے۔

**سورج کو گہن میں دیکھنا:** ماں باپ کے مرنے کی دلیل ہے۔

**ستاروں کو روشن دیکھنا:** خانہ آبادی ہو یا حاکم وقت سے خاص فائدہ ہو۔

**ستاروں کو ٹوٹتے دیکھنا:** شہادت کا درجہ نصیب ہو یا غنی مالدار ہو۔

**ساگ دیکھنا:** فتنہ فساد برپا ہونا۔

**سفید لباس پہننا:** غنی مالدار ہونے کی یا جنتی ہونے کی دلیل ہے۔

**سونے کی انگوٹھی پہننا:** مال مفت میں ہاتھ آئے۔

**سونا پاتے دیکھنا:** سرداری ملے، تنگی دور ہو جائے۔

**سونا گلانا:** اچھا نہیں ہے صاحب خواب کے لیے ہرگز بہتر نہیں ہے۔



Marfat.com

سوئی میں دھاگا ڈالنا: صاحب خواب کے لیے تنگی معاش کی دلیل ہے۔
سر اپنا جدا دیکھنا: حاکم کے عتاب میں مبتلا ہونے اور اپنے اقارب سے جدا ہونے کی دلیل ہے۔
سر اپنے ہاتھ سے مونڈتے دیکھنا: خلق کی نظروں سے گرنے اور بے عزتی کی دلیل ہے۔
سر کے بال کھلے دیکھنا: اگر مسافر ہو تو وطن واپس آئے عورت کنواری ہے تو شادی ہونے کی دلیل ہے۔
سرسوں کا دیکھنا: تجارت میں نفع کثیر کی دلیل ہے۔
سرکا دیکھنا: نقصان کی دلیل ہے۔
سانپ کا گود میں لینا: لڑکا شریر پیدا ہو جس سے ہمیشہ تکلیف کا سامنا ہو۔
سانپ سے بات خوش سننا: دشمن سے نفع ہو اور رنج وغم دور ہو۔
سور دیکھنا: نوکری کافر کی کرے۔ فسق وفجور میں مبتلا رہے۔
سانپ کا گوشت کھانا: دشمن سے مال ملے لیکن بے جا صرف ہو جائے۔
سر ننگا دیکھنا: نقصان مال کی دلیل ہے۔
سرمہ لگانا: مژدۂ غیبی کی بشارت ہے یا مال پانے کی نشانی ہے۔
سانپ کا بچہ دیکھنا: ضرر ہے لیکن کم ضرر ہے اور کنبہ سے دشمنی بڑھنے کی دلیل ہے۔
ستاروں کا دیکھنا: فرزند تولد ہونے کی دلیل ہے۔
سر بلند اپنا دیکھنا: دولت، مرتبہ اور بزرگی کی دلیل ہے اور سر چھوٹا دیکھنا اس کے برعکس ہونے کی دلیل ہے۔
سر کے بال تراشتے دیکھنا: اگر فقیر ہے تو افلاس سے چھوٹنے کی دلیل ہے۔
سر کے بال اپنی عورت کے مونڈنا: اولاد نہ ہونے کی دلیل ہے۔
سیڑھی دیکھنا خواہ زینہ پر چڑھنا: ترقی دین واسلام کی دلیل ہے۔
سر کے بال جھڑتے دیکھنا: خوشی حاصل ہونے اور قرض ادا ہو جانے کی دلیل ہے۔
سبزہ دیکھنا: اگر وہ نامعلوم جگہ ہو یا ایسی جگہ اگا ہو جہاں جمنے کی عادت نہیں ہے۔ جیسے رہنے کا گھر یا مسجد وغیرہ تو مرد خواہ بطورِ مشارکت وغیرہ کے یا بطریق دامادی کے داخل ہونے کی دلیل ہے۔
سیر وتفریح کرنا باغ یا پھلواری میں دیکھنا: حق تعالیٰ کی طرف سے ہدایت اسلام میں ترقی کی دلیل ہے۔
سر وریش میں روغن ملنا اور تمام بدن میں ملنا: اگر موافق ملنے کی ہے تو خیر وبرکت کی نشانی ہے اور اگر اندازے سے زائد ہے مثل ٹپکنے یا بہنے کے تو رنج وغم پہنچنے کی دلیل ہے۔



Marfat.com

**سوئی کا دیکھنا:** کسی مفسد، فتنہ انگیز کی طرف سے بدی کی دلیل ہے۔

**سانپ کا دیکھنا:** سانپ کا دیکھنا دشمن سے دلیل ہے۔ چنانچہ جس قدر سانپ قوی ہوگا، دشمن بھی ویسا ہی ہوگا۔ اور جو سانپ کو فرمانبردار دیکھے دولت کمانے کی دلیل ہے۔ (بقیہ تعبیرات سانپوں کی، ردیف م میں دیکھیے)

**سانپ کا اپنے اوپر گرتے دیکھنا:** حاکم یا بادشاہ سے کوئی رنج پہنچنے کی دلیل ہے۔

**سانپوں کو اپنے گرد جمع دیکھنا:** اگر ان سے کوئی نقصان پہنچنے کا اندیشہ نہیں ہے تو سرداری کی دلیل ہے۔

**سیمرغ کا دیکھنا:** مرد عابد زاہد کی دلیل ہے۔

**سونا جا بجا پڑا دیکھنا:** آفت و بلا کی دلیل ہے۔

**سیاہ علم دیکھنا:** سرداری کی دلیل ہے۔

**سبز علم دیکھنا:** سفر کرنے اور نیکی پانے کی دلیل ہے۔

**سنان دیکھنا یا بھالا:** درازیٔ عمر کی دلیل ہے۔

**سرکہ دیکھنا:** مال میں خیر و برکت کی دلیل ہے۔

## ردیف۔ش

**شیر کو حملہ کرتے دیکھنا:** کچھ تکلیف پہنچنے یا فتنہ برپا ہونے یا موت آنے کی دلیل ہے۔

**شیرنی کا دودھ پینا:** دشمن پر فتح یابی کی دلیل ہے یا روزی حاصل ہونے کی برکت گھر کی دلیل ہے۔

**شراب کا دیکھنا:** جان و مال کا نقصان ہو مال حرام اور خصومت کی دلیل ہے۔

**شیطان کا دیکھنا:** گناہوں کی علامت ہے۔

**شکر دیکھنا:** دینداری کی نشانی ہے۔

**شیطان کو اپنا فرمانبردار دیکھنا:** دولت حرام پانے کی دلیل ہے۔

**شربت پینا:** دل سے توبہ کرنے اور مرید ہونے یا کسی معشوق سے ملنے کی دلیل ہے۔

**شہد دیکھنا یا پینا:** اگر مریض ہے تو شفاء پائے ورنہ ایمانداری کی دلیل ہے۔

**شعلۂ آتش دیکھنا:** خواری یا گرفتاری کی دلیل ہے۔

**شمع دیکھنا:** کسی کا ہادی ہونا یا سرداز ہونے کی دلیل ہے۔

**شیطان کو بشکل زن دیکھنا:** دن رات عورتوں کی صحبت میں رہنے اور کاروبار میں غفلت کرنے کی دلیل ہے۔

**شمشیر خواہ تلوار چھری تیز دھار دیکھنا:** صاحب خواب کے لیے خوب ہے۔



Marfat.com

شانہ کرنا یعنی کنگھی کرتے دیکھنا: اگر سرداڑھی میں کنگھی کرتے دیکھا ہے تو اس کے سب رنج وغم دور ہونے کی دلیل ہے۔
شیر پر آپ کو دیکھنا یا قابو پانا: غلبہ اور دبدبہ ورتبہ عظیم کی دلیل ہے۔
شیر کا گھر میں داخل ہونا اور ضرر نہ پہنچانا: اس کی بھی درج بالا والی تعبیر ہے یعنی رتبہ عظیم کا پہنچنا ہے۔
شیر کا گوشت کھانا: کسی حاکم زبردست سے مال حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
شیر سے لڑنا: کسی زبردست سے مقابلہ ہونے کی نشانی ہے۔
شیر جانور نا معلوم کا پینا: اپنے دیں میں کامیاب ہونے کی دلیل ہے۔
شیر وحشیان بیابان کا مثل آہو وغیرہ جن کا گوشت حلال ہے: یہ سب خیر واصلاح ورزق مباح اور برکت کی نشانی ہے۔
شیر سگ یعنی کتیا کا دودھ پینا: خوف شدید دشمن سے اور ضرر کی دلیل ہے۔
شیر گاؤ، بھینس اور اونٹنی کا پینا: یہ سب خیر و برکت ہونے کی دلیل ہے۔
شیر مادۂ خر پینا: مرض شدید ہے کہ زائل ہوگا اور بہتری کی دلیل ہے۔
شیر عورت کو اپنے پستان میں اترا ہوا دیکھنا: اس کے لیے مال میں خیر و برکت کی دلیل ہے۔
شادی دیکھنا: تعبیر ماتم داری ہے اور ماتم داری کا دیکھنا شادی سے تعبیر ہے۔
شیر کا مقابلہ سے بھاگنا: فتح مندی اور مقصد حاصل ہونے سے دلیل ہے اور چیتے کی بھی یہی تعبیر ہے۔
شہد معہ چھتے کے دیکھنا: مال کا گنجینہ ہونے پر دلیل ہے یا علم قرآن ونکاح یا شفاء سے تعبیر ہے۔
شوربا کھانا: بیمار کو صحت سے دلیل ہے۔
شیشہ دیکھنا: صدقہ دینے سے تعبیر ہے۔
شوہر کا لباس عورت کو پہننا: عورت کے لیے صالح اور نیک ہونے کی دلیل ہے مرد کے لیے بد ہے۔
شبنم گرتے دیکھنا: رنج وغم اور تکلیف اٹھانے کی دلیل ہے۔
شراب پی کر مدہوش ہونا: مالدار ہونے یا کسی قوم کا سردار ہو کر ذلت اٹھانے کی دلیل ہے۔
شراب کی نہر باغ میں جاری دیکھنا: جنتی ہونے کی دلیل ہے۔
شریفہ دیکھنا خواہ کھانا: بہتری وترقی کی دلیل ہے۔

## ردیف۔ص

**صندل کو خواب میں پانا یا دیکھنا:** نیک نامی وخوش خرمی کی دلیل ہے۔

**صدقہ دینا:** جملہ بلاومصیبت سے صفائی ہونے کی دلیل ہے۔

**صابون کا دیکھنا:** مریض کے لیے صحت کی دلیل ہے اور تندرستی میں صفائی قلب کی دلیل ہے۔

**صراحی کا دیکھنا:** دولت دنیا سے مسرور ہونے کی دلیل ہے۔

**صراف کا دیکھنا:** نیک رائے اور نیک صلاح ہونے اور معاملگی کامل ہونے کی دلیل ہے۔

**صاحب مال کو خواب میں دیکھنا یا صحبت میں جانا:** امید برآنے کی دلیل ہے۔

**صحرا دیکھنا بمعنی جنگل:** دیوانہ ہونے یا سفر کرنے کی دلیل ہے۔

**صیاد کو دیکھنا:** برے کام کرے اور دوسروں کو بھی برائی پر لگانے کی دلیل ہے۔

**صندوق دیکھنا:** غلام یا کنیز ہاتھ آئے گی اور عیش وآرام اٹھانے کی دلیل ہے۔

**صومعہ دیکھنا:** دوسروں کو نیک راہ پر دکھلانے و بتلانے کی دلیل ہے۔

**صوف پہنا یا اونی کپڑا:** مال دنیا ملنے اور عیش وعشرت سے بسر ہونے کی دلیل ہے۔

**صحرا میں کچھ کھانا پینا دیکھنا:** دین ودنیا میں دولتِ نعمت وکرامت کی دلیل ہے۔

**صحرا میں راستہ طے کرنا:** دین کی ترقی اور اسلام پر مستقل ہونے کی دلیل ہے۔

**صحرا میں رستہ بھول بھٹک جاتے دیکھنا:** دین اسلام میں اس کے دل میں شک آنے کی دلیل ہے۔

## ردیف۔ض

**ضعیف کو خواب میں دیکھنا:** خوش نصیبی اور نیک کوشش کی دلیل ہے یا جیسی خوبی وزشتی کی صورت ضعیف کی ہو گی ویسی ہی تعبیر ہے۔

**ضعیفہ کو دیکھنا:** اگر فربہ اور تازہ رو دیکھے تو زوال دنیا کی دلیل ہے اور صاحب خواب کو دنیا حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ اگر اس کے برعکس دیکھے تو تنگی معاش اور پریشانی کی دلیل ہے۔ اسی طرح اگر وہ ضعیفہ نامعلوم ہے یعنی پہچان کی نہیں ہے تو یہ حال سے تعبیر ہے یعنی حسب حال خوبی وفربہی کی ہوگی۔

**ضیافت کھانا خود:** جس کے ہاں کھائے اس سے فریب اٹھانے کی دلیل ہے۔

**ضیافت کھلانا:** سخی ہونے کی اور کامرانی کی دلیل ہے۔



Marfat.com

## ردیف۔ط

**طواف کعبہ کرنا:** صاحب خواب کے لیے صلاحیت دین حاصل ہونے اور استغفار کرنے کی دلیل ہے۔
**طہارت کرنا خواب میں:** باعثِ دفع رنج والم وموجب فرحت وصحت کی دلیل ہے۔
**طاؤس دیکھنا:** زن حسینہ وجمیلہ ونازنین معشوقہ سے دلیل ہے، اور طاؤس کریہہ النظر وبدشکل وشمائل ہے تو تعبیر برعکس اس کے ہو۔
**طوطا دیکھنا یا پالنا:** کنیزان وغلامان سے تعبیر ہے یا صاحب فلاح وصلاح سے تعبیر ہے۔
**طوفان دیکھنا:** اہل وعیال وبالِ جان ہو یا نقصان مال ہونے کی دلیل ہے۔
**طفل کو دیکھنا:** اگر طفل سے واقف ہو تو بشارت کی دلیل ہے اگر اس طفل سے آشنا نہیں ہے تو کوئی فکر یا غم لاحق ہونے کی دلیل ہے اور دیکھنا پیدا ہونا دختر کا بہتر ہے فرزند نرینہ سے۔
**طلاق اپنی عورت کو دینا:** صاحب خواب جس مرتبہ پر ہے اس سے گر جانے کی دلیل ہے۔

## ردیف۔ظ

**ظلم کرنا کسی پر خواب میں:** رنج وغم وبدنام ہونے کی دلیل ہے۔
**ظالم کو دیکھنا:** برے کاموں کی پاداش میں مبتلا ہو غم کا سامنا ہو۔
**عالم کو خواب میں دیکھنا:** اگر عالم خواہ زاہد خواب میں نظر آئے تو صاحب کے لیے نیک نامی اور نیک بختی کی دلیل ہے۔
**علم کا پڑھنا خواب میں:** رفعت وعزت حاصل ہونے اور مال دار ہونے کی دلیل ہے۔
**عورت حسینہ جوان کا دیکھنا:** مال ودولت سے خوشی حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ عورت پاکیزہ یعنی کنواری کو اگر خواب میں دیکھے تو پیشہ اور تجارت سے فائدہ اٹھانے کی دلیل ہے۔
**عورتوں اور لشکر والوں کو دیکھنا:** زیادتی جاہ وجلال اور ترقی اور درازی عمر کی دلیل ہے۔
**عورت کو اپنے سر کے بال پریشان دیکھنا:** اگر شوہر اس کا غائب ہے تو آنے کی امید ہے اور اگر شوہر اس عورت کا نہیں ہے تو اس کا عقد ہونے کی دلیل ہے۔
**عورت اگر دیکھے کہ اس کے سر کے بال تراشے ہیں:** تو تعبیر ہے کہ اس کا شوہر اس کو طلاق دے دے گا۔
**عطر وعنبر اور جملہ کافور وصندل خوشبودار کا دیکھنا:** علم شریف اور دین پاک مال پاکیزہ اور زبان پارسا اور نیک خصلتوں کی نشانی ہے۔



Marfat.com

**عورت کو پاکیزہ لباس پہنے دیکھنا:** اگر کوئی عورت اپنے کو پاکیزہ لباس پہنے دیکھے تو کسی مرد سے نکاح ہونے کی دلیل ہے اور نکاح شدہ ہے تو اعمال نیک کی بشارت ہے۔

**عورت باکرہ سے مباشرت کرنا:** دشمن پر فتح یاب ہونے اور مقصد دنیا و نعمتیں ملنے کی دلیل ہے۔

**عورت کا عورت سے مباشرت کرنا:** جس سے مباشرت کی ہے اس کے رازِ مخفی سے خبردار ہونے یا کسی فاحشہ عورت سے ملاقات کی دلیل ہے۔

**عضو تناسل کا کٹ جانا دیکھنا:** اگر کسی نے دیکھا ہے کہ اس کا عضو تناسل قطع ہو گیا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب کا لڑکا مر جائے گا یا خود مرنے کی دلیل ہے۔

**عضو تناسل کا دو یا زائد دیکھنا:** چنانچہ جتنے خواب میں دیکھے گا اتنی ہی اولادیں ہونے کی دلیل ہے۔

**عضو کوئی سا ہو سر سے پیر تک اپنا، آہنی دیکھنا:** درازئ عمر کی دلیل ہے۔

**عسل یعنی شہد کا دیکھنا:** اگر چھتے میں شہد کو دیکھا ہے تو مال مجموعی کی دلیل ہے اور اگر اس میں سے کچھ نوش کیا ہے تو علم قرآن و نکاح پر اور شفاء مرض ہر ایک کی دلیل ہے۔

**عورت کا اپنے جسم میں آلۂ تناسل کا پیدا ہونا دیکھنا:** اگر حاملہ ہے تو لڑکا پیدا ہوگا اور وہ لڑکا سرداری پائے گا اور جو حاملہ نہیں ہے تو اولاد کبھی پیدا نہیں ہوگی۔

**عورت حیض سے نہ ہو اور دیکھے کہ میں حیض سے ہوں:** تو اس سے کوئی گناہ سرزد ہونے کی نشانی ہے۔

**عورت کا اپنے کپڑوں پر پیشاب دیکھنا:** شہوت زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔

**عورت کو خون کا پیشاب کرتے دیکھنا:** فرزند کا شکم میں مرجانے کی دلیل ہے۔

**عورت کو اپنی طلاق دیتے دیکھنا:** دولت ملنے کی دلیل ہے۔

**عورت سے خواستگاری کرنا خواب میں:** جس کی خواستگاری کی ہے اس کے حسن و جمال کے موافق دولت ملنے کی دلیل ہے بلکہ فراغت کلی کی دلیل ہے۔

**عورت کو چاند آغوش میں لیتے دیکھنا:** شوہر اس کا عزت پائے گا اور اگر شوہر نہیں تو خود اسکی بزرگی کی دلیل ہے۔

**عقیق دیکھنا:** عزت اور نعمت پر دلیل ہے۔

**عیدین یعنی فطر اور ضحیٰ کا دیکھنا:** جس شخص نے دونوں میں جس عید کو دیکھا تو اس کے لیے تمام رنج و غم سے نکلنے کی دلیل ہے۔

عروس یعنی شادی دیکھنا: رنج وغم کی دلیل ہے اور ماتم دیکھنا کھیل کود کی دلیل ہے۔
عورت کو اپنی طرف مائل دیکھنا: افلاس اور فکر و تردد کی دلیل ہے۔
عمارت دیکھنا: خوش وخرمی دیکھنا
عرق بدن سے ٹپکتے دیکھنا: بیماری سے صحت کی علامت ہے یا کوئی بدکام کرنے پر ندامت ہے۔
عمامہ باندھنا: عوام سے فائدہ اٹھانے کی دلیل ہے یا امام ہو کر امامت کرانے کی دلیل ہے۔

## ردیف۔غ

غلہ دیکھنا: سفر رنج وغم اور دوستوں سے ملال کی دلیل ہے۔
غوطہ لگانا: فکر واندیشہ سے نجات ہونے اور عیش وعشرت اٹھانے کی دلیل ہے۔
غسل کرنا: بیماری سے صحت پانا یا سفر سے گھر واپس آنے کی دلیل ہے۔
غسل خانہ دیکھنا خواب میں: موت آنے کی دلیل ہے۔
غربال دیکھنا: فکر اہل وعیال میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔
غول جانوروں کا: حکومت وبرداری کی دلیل ہے۔
غالب آپ کو دشمن پر دیکھنا: نفسِ امارہ پر غالب ہو، دولت دنیوی کی دلیل ہے۔
غبار زمین وآسمان کے درمیان دیکھنا: فتنہ وفساد برپا ہونے کی دلیل ہے۔

## ردیف۔ف

فرشتگان مقرب کو دیکھنا: مرتبہ بلند ہونے اور خلق سے مستفید ہونے کی دلیل ہے۔
فرشتوں کے جوق در جوق آتے دیکھنا: مال سے نقصان ہونے کی اور حیرانی و پریشانی کی دلیل ہے۔
فرشتگان مقرب یعنی حضرت جبرائیل ومیکائیل، اسرافیل، عزرائیل وغیرہ کو خوش دیکھنا:
دین ودنیا میں عزت اور مرتبہ پانے کی دلیل ہے اور درازیٔ علم وحکمت کے کشادہ ہونے اور آفتوں سے محفوظ رہنے اور بیماری سے شفاء پانے کی دلیل ہے۔
فرشتوں کے ساتھ دشمنی کرتے دیکھنا: موت کی علامت ہے توبہ کرنی چاہیے۔
فرشتوں کے ساتھ پرواز کرنا: دین ودنیا میں عزت حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
فرشتوں کو کسی جگہ بہت سے جمع ہونا: وہاں پر کسی عابد یا عالم کی وفات کی دلیل ہے یا کسی شخص کو جور وستم سے



Marfat.com

نجات پا جانے کی دلیل ہے۔

**فروج کا دیکھنا:** غم والم ہے یا زنِ جمیلہ ہاتھ لگے۔

**فرج کو ذکر کی جگہ دیکھنا:** ہر کام کرنے سے پریشانی اور ذلت وخواری اٹھانے کی دلیل ہے۔

**فاختہ دیکھنا:** عورت بے دین سے صحبت اٹھائے اور رنج وغم کی دلیل ہے۔

**فیل سفید دیکھنا:** حاکم وقت سے مال ملنے یا فرزند تولد ہونے کی دلیل ہے۔

**فرشتوں کے ساتھ آپ کو اڑتے دیکھنا:** دنیا کی حیرانی وپریشانی سے نجات ملنے اور درجۂ شہادت پانے کی دلیل ہے۔

**فانوس دیکھنا:** علم آخرت حاصل ہونے کی اور بد افعالی سے بچنے کی دلیل ہے۔

**فیروزہ پانا یا دیکھنا:** فرزند پیدا ہونے یا دشمن پر فتح پانے کی دلیل ہے۔

**فاختہ دیکھنا:** امیری سے فقیری کی نشانی ہے اور پریشانی کی دلیل ہے۔

**فوارہ دیکھنا:** غیب سے روزی پانے اور امیر کہلانے کی دلیل ہے۔

**فصد کھلوانا:** مرض سے شفا پانا اور تندرست ہونے کی دلیل ہے۔

**فرج اور ذکر کا ہمراہ دیکھنا:** رنج وغم سے رہائی پانے کی دلیل ہے۔

**فیل کو حملہ کرتے دیکھنا:** کسی آفت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

(ہاتھی یا سانپ یا اور کسی موذی جانور وغیرہ کو خواب میں حملہ کرتے دیکھنا یا اور دیگر قسم کی ڈراؤنی خوابیں خصوصاً عورتوں کو اکثر رحم کی خرابی، پیٹ کی گرانی، حبس ریاح کے سبب نظر آتی ہیں ان کا کوئی اثر نہ لینا چاہیے بلکہ معدے کی اصلاح کریں اور کانوں میں تیل سوتے وقت ڈالیں)

**فیل عماری دار پر سوار ہونا:** مرتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے۔

**فیل کا گوشت کھانا خواب میں:** مال وغلبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

## ردیف۔ق

**قرآن شریف لکھنا خواب میں:** روزی حلال پانے اور پرہیزگاری کی دلیل ہے۔

**قرآن شریف کی تلاوت کرنا:** نیک کام کرنے کی دلیل ہے۔

**قرآن شریف کا ورق کھانا:** دنیا میں بدنامی یا موت آنے کی دلیل ہے۔



Marfat.com

قرآن شریف کا دیکھنا: علم سیکھنے اور سکھانے اور خیر و برکت کی نشانی ہے یا فرزند تولد کی دلیل ہے۔
قلم کا دیکھنا: عدل و انصاف کی دلیل ہے یا فن خوشنویسی کی نشانی ہے۔
قبر کھودنا: جدید مکان بنانے کی بشارت ہے۔
قصائی دیکھنا: ملک الموت آنے کی دلیل ہے۔
قبر کو بند کرنا: فتنہ و فساد کے ٹلنے کی دلیل ہے۔
قبر میں جانا: کسی بلا میں مبتلا ہونے یا رنج اٹھانے کی دلیل ہے۔
قبر کا بنانا: تجارت میں نقصان اٹھانے یا کسی معاملہ میں پھنسنے کی دلیل ہے۔
قبر سے کفن نکالنا: میت کے دین کی پیروی کرنے یا شریعت میں کوئی نیا امر جاری کرنے کی دلیل ہے۔
قسم کھانا خواب میں: روزی کم ہونے اور مصیبت اٹھانے کی دلیل ہے۔
قسم کھلوانا: خیانت کی دلیل ہے۔
قبا پہننا: دولت زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔
قربانی کرتے آپ کو دیکھنا: ترقی زندگی کی علامت ہے۔
قبر کا دیکھنا: عمر قلیل کی نشانی ہے۔ اگر مریض ہے تو طول عمر کی نشانی ہے۔
قوس وقزح کا دیکھنا: غلہ کی ارزانی کی دلیل ہے۔
قلعہ دیکھنا: دشمن سے نجات پانے کی دلیل ہے۔
قفل دیکھنا یا کھولنا: امید بر آنے کی دلیل ہے۔
قلمدان دیکھنا: امیری کی دلیل ہے۔
قینچی دیکھنا: دوست سے ملاقات ہو۔
قینچی سے کاٹنا: قرضدار ہونے یا موت آنے کی دلیل ہے۔
قید آپ کو دیکھنا: صلاح و خیر پر دلیل ہے۔
قاضی نامعلوم کا دیکھنا: اس کی تعبیر رویتِ خدائے عزوجل ہے۔
قبرستان جانا، قبرستان دیکھنا: ایسے کام کرنے سے دلیل ہے جو قابل عبرت ہو۔
قتل ہونا یا اپنا سر جدا دیکھنا: اپنی ثنا و صفت کسی سے سننے کی دلیل ہے یا مرض سے شفاء حاصل ہونے یا قرض ادا ہونے کی دلیل ہے یا حج کعبہ کرنے کی یا کشائش کی بشارت ہے۔
قتل دوسرے کو کرنا خواب میں: مقتول پر ظلم کرنے کی دلیل ہے یا قاتل سے مقتول کو کسی امر میں فائدہ پہنچے



Marfat.com

قبلہ رو ہونا یا قبلہ رو ہو کر نماز پڑھنا: راہ حق کی طرف ہدایت کی دلیل ہے۔
قبلہ سے پھرنا: راہِ ضلالت کی نشانی ہے۔
قوم کی امامت کرنا: عدالت و دادرسی کرنے کی دلیل ہے۔

## ردیف۔ک

کعبہ دیکھنا یا کعبہ کا طواف کرنا: صلاحیت دین حاصل ہونے و نصرت و رفعت ہونے یا خدمت والدین و سعادت کی دلیل ہے۔
کرتہ پہننا: علم و فضل حاصل کرنے اور جہل سے اجتناب کی دلیل ہے۔
کمل اوڑھنا: فسق و فجور کی دلالت ہے۔
کوئلہ دیکھنا: بدنامی و پریشانی بلکہ زیادتی عصیان کی نشانی ہے۔
کوہ قاف کی سیر کرنا: حکومت یا بادشاہت کی دلیل ہے۔
کوا دیکھنا: بولتا دیکھے تو مسافر آئے اور خاموش دیکھے تو رنج اٹھانے کی دلیل ہے۔
کلاہ دیکھنا: عہدہ، سرداری کی علامت ہے۔
کوڑیاں دیکھنا: مصیبت اٹھانے اور تکلیف کی دلیل ہے۔
کمر رکھ دینا: آپس میں ترشروئی یا جورو سے لڑائی کی دلیل ہے۔
کمر باندھنا: سفر کی نشانی ہے لیکن دولت بے شمار پانی ہے۔
کیچڑ میں گرنا یا پھنسنا: خرابی آنے کی نشانی ہے یا قرضداری کی دلیل ہے۔
کسم دیکھنا: دختر نیک اختر تولد ہو یا ہم چشموں میں عزت پائے۔
کمان بنانا: اگر عورت حاملہ ہے تو فرزند تولد ہونے یا عورت ملنے کی دلیل ہے۔
کنیز یا غلام کو فروخت کرنا: رنج و غم سے آزاد ہونے کی دلیل ہے۔
کتاب یا خطوط کھلے ہوئے پانا یا دیکھنا: نہایت خیر اور برکت کی نشانی ہے۔
کتاب علم فقہ وغیرہ کا دیکھنا یا صالحہ علم کی کتب کا دیکھنا: موجب تحصیل و حکمت پر دلیل ہے۔
کلیات دیوان وغیرہ کا دیکھنا: صاحب خواب کے لیے بہتر نہ ہونے کی دلیل ہے۔
کتاب الٰہی یعنی کلام پاک کا دیکھنا: دین اور علم اور مال حاصل کرنے اور لوگوں کو نفع پہنچانے کی دلیل ہے۔
اگر کلامِ الٰہی کو پھاڑ ڈالا ہے تو احکام خداوندی کے انکار کی دلیل ہے اور اگر اقوال کو کھایا ہے یا چبالیا ہے تو خدا کے کلام سے ہنسی کرنے کی دلیل ہے۔



Marfat.com

کژدم بمعنی بچھو کا ڈنگ مارنا: کوئی دشمن ہے جو غیبت اور برائی سے ضرر پہنچانے کی تدبیر کرتا ہے۔

کشتی سے خشکی پر اترنا: دشمن پر فتح پانے اور مال کثیر پانے کی علامت ہے۔

کھیت کا دیکھنا: فراخی دولت ونعمت کی دلیل ہے۔

کھیت میں چلنا: زراعت کے ذریعہ روپیہ ملنے کی دلیل ہے۔

کھیت میں جنگل ہو جانا: افلاس وقحط وتکلیف کی دلیل ہے۔

کھیت کا خشک ہو جانا: کمی غلہ اور خشک سالی کی دلیل ہے۔

کھیت کاٹنا: اپنی عورت کو طلاق دینے یا کسی کے قتل کرنے کی دلیل ہے۔

کچا گوشت کھانا: غیبت کرنے کی صریح دلیل ہے۔

کتیا کا دودھ پینا: دشمن سے ضرر پہنچنے اور مصیبت اٹھانے کی دلیل ہے۔

کھانا کھاتے دیکھنا: نعمت میں افزونی کی دلیل ہے۔

کھانا دوا کا: پشیمانی اٹھانے کی دلیل ہے۔

کملی کا دیکھنا: دین ودولت دنیا ملے، صاحب باطن ہونے کی دلیل ہے۔

کبوتر دیکھنا: اچھی خبر آنے کی یا خوبصورت عورت سے نکاح کرنے کی دلیل ہے۔

کنگن پہننا: تنگی ودشواری کی دلیل ہے۔

کنگھی بالوں میں کرنا: رنج والم کی دلیل ہے۔

کنگنی دیکھنا: خوشی حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

کمان مع تیر پانا: اپنی بیوی سے ملاقات کرنے یا دشمن پر غالب آنے کی دلیل ہے۔

کوزہ دیکھنا: نیک عورت ملنے اور عیش سے گزرنے کی دلیل ہے۔

کرم کلہ دیکھنا: نعمتِ روزی زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔

کافور دیکھنا: دولت ملنے کی دلیل ہے یا مرض سخت اٹھانے کی دلیل ہے۔

کھچڑی کھانا: بیماری کی علامت ہے۔

کشتی دیکھنا: رنج وغم دور ہو حاصل سرور ہو۔

کشتی ڈوبتے دیکھنا: مصیبت آنے والی ہے۔

کشتی خشکی پر دیکھنا: رنج وغم کی نشانی ہے۔

کشتی پار ہوتے دیکھنا: دلی مراد ملنے کی دلیل ہے۔



Marfat.com

کباب کھانا: تکلیف ورنج دفع ہو۔
کپڑا دھوتے دیکھنا: گناہوں سے پاک ہونے کی دلیل ہے۔
کائی کا پھٹتے دیکھنا: دشمن زیر ہونے اور عروج پانے کی دلیل ہے۔
کرن آفتاب دیکھنا: راحت وآرام کی نشانی۔
کفن پہننا: اول مصیبت آتی ہے بعدہٗ شادمانی ہے۔
کنویں میں گرنا: رنج وغم وصدمہ اٹھانے کی دلیل
کنویں سے نکلنا: کشائش وفیروزی کی دلیل ہے۔
کتے کا گوشت کھانا: اگرچہ مکروہ ہے لیکن دشمن سے نفع ہو، آپ خوش دشمن رنجور ہو۔
کتے کا بھونکتے دیکھنا: کتے کو حملہ کناں یا بھونکتے دیکھنا غیب سے زیاں پیدا ہونے کی دلیل ہے۔
کنواں کھودنا: تجارت میں نفع اور مال کی افزودنی کی دلیل ہے۔
کنویں سے پانی کھینچنا: غریب غرباء کو فائدہ ہو اور راہ خدا میں دینے دلانے کی دلیل ہے۔
کنویں سے پانی کھینچ کر درخت کو سینچنا: غریبوں اور یتیموں کی مدد و پرورش کرنے کی دلیل ہے۔
کنویں سے پانی پلانا: حاجیوں کی مدد کرنے سے دلیل ہے۔
کنویں سے پانی نکل جانا: مال کے تلف ہونے اور رنج اٹھانے کی دلیل ہے۔
کنویں سے پانی کا جوش کرنا: حق تعالیٰ کی طرف سے مال پاکیزہ ملنے کی اور مال میں قوت و برکت ہونے کی دلیل ہے۔
کشتی میں سوار ہوتے دیکھنا: حاکم وقت یا بادشاہ کے عتاب میں گرفتا ہونے کی دلیل ہے۔
کشتی سمیت ڈوبنا: بادشاہ یا حاکم وقت کے محاسبہ میں گرفتا ہونے کی دلیل ہے۔
کژدم کو اپنے ہاتھ میں دیکھنا اور کٹوانا: صاحب خواب کے کسی کی غیبت کرنے سے دلیل ہے۔ یعنی صاحب خواب خود غیبت دوسروں کی کرے گا۔
کژدم کا گوشت کھانا: دشمن سے مال پانے کی دلیل ہے۔
کژدم کو اپنے کپڑے یا بستر یا اور چیزوں میں گھسا ہوا دیکھنا: کوئی دشمن ہے جو پاس رہ کر صاحب خواب کے حالات دشمنوں پر جاکر ظاہر کرتا ہے اس کی غیبت میں
کتے کا کاٹنا یا بھونکتے دیکھنا: دشمنوں کے درپئے آزاد ہونے کی دلیل ہے۔



Marfat.com

کشتی میں کسی کو پچھاڑنا: صاحب خواب سے وہ حال میں بہتر ہوگا جس کو پچھاڑا ہے۔
کتے کا ملے ہوئے دیکھنا: کسی کو اپنی مدد کے لیے تیار رہنے کی دلیل ہے۔
کمر بند کمر میں بندھے ہوئے دیکھنا: صاحب خواب کے لیے بہتر و خوشتر ہونے کی دلیل ہے۔
کمر بند کا ٹوٹ جانا یا چھن جانا یا کوئی اور نقص ہونا: صاحب خواب کے لیے بدی کی دلیل ہے۔
کیلا دیکھنا: نعمتیں حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
کھیرا ککڑی شلجم وغیرہ دیکھنا: صدمہ اٹھانے مال کے جاتے رہنے کی وجہ سے یا اور کوئی رنج وغم کی دلیل ہے۔
کاتب دیکھنا: کسی کا اہلکار ہونے یا منشی ہونے کی دلیل ہے۔
کان میں چیونٹیاں گھستے دیکھنا: موت آنے کی دلیل ہے۔
گنجشک دیکھنا یعنی گھر والی چڑیا: بزرگی اور مال اور عیش وعشرت کی دلیل ہے۔
کسی کا خواب میں ذبح کرنا یعنی انسان کو: اس کی تعبیر کسی پر ظلم کرنے سے ہے یعنی جس کو ذبح کر رہا اس پر ظلم کی دلیل ہے۔
کوا الٹا کا ہوا دیکھنا گردن میں: رزق کی کمی یا موت کی دلیل ہے۔
کان کا دیکھنا جدا: لڑکی کے مرنے کی دلیل ہے یا عورت کو طلاق کی دلیل ہے۔
کان کی صفائی کرنا: خوشخبری سننے کی دلیل ہے۔

## ردیف۔گ

گلاب کا پھول دیکھنا: دنیا میں ذی مرتبہ اور نیک نام ہونے کی دلیل ہے۔
گھوڑے کا دیکھنا: راحت اور خوشی و دولت یا نیک حسین عورت ملنے کی دلیل ہے۔
گھوڑے کو اپنے قابو میں دیکھنا اور سوار دینا: شرف وعزت وغلبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
گھوڑے کا شوخی یا شور کرتے دیکھنا: کسی معصیت کے مرتکب ہونے کی دلیل ہے۔
گھوڑی کا مالک وقابض ہونا یا سوار ہونا: کسی زنِ شریفہ کے ملنے پر دلیل ہے اگر شادی شدہ ہے تو ا... کی دلیل ہے۔
گھوڑے کا گوشت کھانا: روزی حلال اور مرد نیک نام اور فراخی کی دلیل ہے۔
گھوڑے کو اپنے مکان یا محلہ سے نکلتے دیکھنا: صاحب خواب کو مکان یا محلے سے نکلنے، خواہ موت آ۔



Marfat.com

دلیل ہے۔
**گھوڑے نا معلوم کا دیکھنا:** عزت اور شرافت کی دلیل ہے۔ واضح ہو کہ تعبیرات گھوڑوں کی بہت ہیں۔ لہذا اگر گھوڑا نیک ہے اور سیدھا اپنے قابو میں ہے تو صاحب خواب کے لیے بہتری اور اچھائی ہے اور اگر اس کے برعکس ہے تو برائی اور بدی ہونے کی دلیل ہے۔
**گھر کو کشادہ دیکھنا:** دنیا کی کشادگی ہونے کی دلیل ہے اور اس کے برعکس کی دلیل ہے۔
**گدھا دیکھنا:** احمقی اور مغروری ہے۔
**گدھے کا گوشت کھانا:** بیوقوف کا مال کھانے اور بعدہٗ بیوقوف بننے کی دلیل ہے۔
**گدھی کا دودھ پینا:** بیماری سے صحت پانے اور تجارت سے نفع ہونے کی دلیل ہے۔
**گوہ دیکھنا:** مال مفت ملنے کی دلیل ہے۔
**گھی کا کپا دیکھنا:** تجارت میں فائدہ ہونے اور طراری زبان کی دلیل ہے۔
**گاجر کھانا:** جسمانی قوت کی دلیل ہے۔
**گوز مارنا:** ہم چشموں میں ذلت کی دلیل ہے۔
**گورستان دیکھنا:** قلیل آمدنی کی دلیل ہے یا عبرت و پریشانی کی دلیل ہے۔
**گھر زمین پر دیکھنا:** تولد ہونے فرزند یا دختر یا اور کوئی نیک کام کرنے کی دلیل ہے۔
**گوبر دیکھنا:** حاکم یا سردار سے نفع قلیل حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
**گھر سونے کا دیکھنا:** گھر میں آگ لگنے کی دلیل ہے۔
**گھر غیر میں داخل ہونا:** جس کے گھر داخل ہوا اس کی خیانت کرنے اور ذلت اٹھانے کی دلیل ہے۔
**گدھے پر سوار ہونا:** اگر منہ طرف کعبے کے ہے توجہ کرے یا نیک مشہور ہونے کی دلیل۔
**گدھے پر سے اترنا:** بے وقوفی دور ہونے اور دولتمند ہونے کی دلیل ہے۔
**گھر لوہے کا دیکھنا:** قربتِ سلطانی یا ترقی عمر کی دلیل ہے۔
**گھر کا گر جانا دیکھنا:** موت آنے یا اعمالِ بد سے تباہ ہونے کی دلیل ہے۔
**گھر کھودنا:** گناہوں سے پاک ہونا یا موت آنے کی دلیل ہے۔
**گھر میں آتشکدہ دیکھنا:** مال ملنے کی نشانی ہے یا بیماری سے صحت کی دلیل ہے۔
**گھر کو بیچ ڈالنا:** موت آنے کی نشانی ہے۔
**گھر میں غیر معلوم کے بند ہونا:** قبر کی دلیل ہے یا کسی عورت سے کام پڑے گا۔


Marfat.com

**گلدستہ باندھنا:** جنگ وخصومت کی علامت ہے۔
**گوشت خام دیکھنا:** مال حرام ملے رنج والم اٹھانے کی دلیل ہے۔
**گیہوں کا دیکھنا:** صاحب خواب کے لیے خوب نہیں ہے۔
**گھر کسی نامعلوم کا گرانا:** بداعمالی سے نجات کی دلیل ہے۔
**گائے کا دودھ پینا:** دنیا میں فراخی نعمت ہونے کا کام انجام بخیر ہونے کی دلیل ہے۔
**گھر اپنا یا کسی غیر کا بنانا:** بقدر گھر بنانے کی بحیثیت کسی کے مال دنیا سے مستفید ہوگا۔
**گلاس یا کٹورا دیکھنا:** اگر کسی چیز سے بھرا ہے تو موت کی نشانی ہے۔
**گوشت خام کھانا یا دیکھنا:** مال حرام کی دلیل ہے۔
**گوشت بھنا ہوا یا پختہ:** مال حاکم یا بادشاہ سے ملنے کی دلیل ہے۔
**گھوڑے پر اپنے ساتھ کسی کو سوار دیکھنا:** جو ساتھ سوار ہے اس کی سعی وکوشش سے حاکم یا حکومت ملنے کی دلیل ہے۔
**گوشت شیر کا کسی بھی اعضاء سے کچھ کھاتا ہے:** کسی بڑے شخص کی میراث کا مالک ہونے کی دلیل ہے۔
**گوسفند کا دیکھنا:** دولت اقبال مندی کی دلیل ہے۔
**گالی دینا کسی کو:** صاحب خواب سے گالی کھانے والا بہتر ہے۔
**گردن کٹی دیکھنا اپنی یعنی سر تن سے جدا ہو:** اگر غلام ہے تو آزاد ہو جائے گا مریض ہے تو شفا پائے گا اگر قرضدار ہے تو قرض ادا ہو جائے گا کبھی یہ تعبیر بھی ہوتی ہے کہ صاحب خواب حج کعبہ شریف کرے گا اور اگر سختی میں ہے تو کشائش ہوگی۔ اگر خائف ہے تو امن سے ہونے کی دلیل ہے۔

## ردیف۔ل

**لعل وجواہر کا دیکھنا:** غنی ومغنی ہونے کی دلیل ہے یا فرزند تولد ہونے یا زنِ حسینہ ملنے سے تعبیر ہے۔
**لہسن خواہ پیاز ملنا یا خریدنا خواب میں:** کسی امیر کی ملازمت کرنے لیکن ذلت ملازمت سے دلیل ہے۔
**لومڑی دیکھنا:** عورت فسادی ملنے کی دلیل ہے۔ رات و دن جنگ کرنے کی دلیل ہے۔
**لیزم ہلانا:** عورت سے نفرت کی دلیل ہے۔
**لوہا دیکھنا:** دشمن سے مقابلہ اور مجادلہ ہونے کی دلیل ہے۔
**لباس سیاہ خواب میں پہننا:** کثرت معصیت میں گرفتار ہونے یا غم فرزند اٹھانے کی دلیل ہے یا مال ضائع ہونے سے بھی تعبیر ہے۔



Marfat.com

لباس سفید پہننا: گناہوں سے پاک ہونے اور صلاح وفلاح کی دلیل ہے۔

لباس سرخ پہننا: زندگی میں نیک نام ہونے کی یا شہادت کی دلیل ہے۔

لباس دھانی پہننا: کارخیر کرنے کی مقدس ہستی ہونے کی دلیل ہے۔

لباس نیلا پہننا: حاجی ہونے کی بشارت ہے۔

لباس گیروا پہننا: تہمتِ دنیا میں پھنسنے کی دلیل ہے۔

لباس پاکیزہ پہنے: مرتبہ بلند ہونے کی یا نیک عورت ملنے کی اور اگر عورت دیکھے نیک مرد ملنے کی دلیل ہے۔

لڑکے کا آئینہ دیکھنا: بھائی کے پیدا ہونے کی اور اگر لڑکی دیکھے تو لڑکی پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

لاٹھی کا دیکھنا: بلند مرتبہ عالی رتبہ ہونے کی دلیل ہے۔

لکڑی خشک دیکھنا: اگر تصویر بنی ہے تو نفاق پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

لڑکے خوبرو کا دیکھنا جو صورت آشنا ہو: کسی بشارت نیک کی دلیل ہے۔

لڑکے نامعلوم کا دیکھنا: فکر وغم لاحق ہونے کی دلیل ہے۔

لڑکے معلوم کو آغوش میں لینا: کسی جگہ کا حاکم ہونے کی دلیل ہے۔

لونڈی کا خرید کرنا: تمام مقصد برآنے کی امید ہے۔

لوہار کو دیکھنا: کسی غیر اجنبی زور آور سے ملاقات ہونے کی دلیل ہے۔

لعاب منہ سے جاری دیکھنا: کسی غیر اجنبی زور آور سے ملاقات ہونے کی دلیل ہے۔

لباس کہنہ دیکھنا: صاحب خواب کی موت شتاب آنے پر دلیل ہے۔

لباس پیوند کا پہننا: فقر وتنگی کی دلیل ہے۔

لہو ولعب یعنی کھیل کود کا اپنے تئیں خواب میں دیکھنا: غم والم کی دلیل ہے۔

لکھنا قرآن شریف کا خواب: دین اور علم اور مال حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

ردیف۔م

مسجد دیکھنا: خیر وبرکت کی دلیل ہے اور کامل الایمان کی نشانی ہے۔

منبر پر چڑھنا: اپنا مرتبہ بلند ہونے یا کسی رشتہ دار کا رتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے۔

مردنیک کا دیکھنا: نیک نامی کی دلیل ہے۔
مردے کو زندہ دیکھنا: غم واندوہ سے نجات ملنے کی دلیل ہے۔
مروارید کا دیکھنا: دختر خواہ پسر ہونے کی دلیل ہے۔
مویز منقیٰ (کشمش) کا دیکھنا: اپنوں کی عزت وتوقیر ہونے کی دلیل ہے۔
مسواک کا دیکھنا: نیکی اور راستی کی دلیل ہے۔
مسہری دیکھنا: گناہ سے توبہ کرے اپنے لیے پریشان ہو موت آنے کی دلیل ہے۔
موزہ اتارنا: عورت کو طلاق ہونے یا لڑکے سے دوری حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
میخ دیوار میں گاڑنا: مالک یا حاکم کے دل میں جگہ ہونے اور کام بہتر ملنے کی دلیل ہے۔
مرغ کا اذان دینا: ذی کمالوں کی معدومی وخواری ہونے اور بے کمالوں کی گرم بازاری کی دلیل ہے۔
موتی کی لڑی دیکھنا: حافظ قرآن ہونے کی دلیل ہے۔
مکتب خانہ دیکھنا: حاکم کی خدمت حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
مینہ بکثرت برستے دیکھنا: خدا کی رحمت نازل ہونے کی دلیل ہے۔
مرغابی دیکھنا: فائدہ پہنچنے کی اور خودسندی کی دلیل ہے۔
مسجد میں دیکھنا: دین ودنیا میں امن پانے اور خیر وبرکت کی دلیل ہے۔
مسجد میں نماز پڑھنا: خانہ کعبہ کے حج ادا کرنے کی دلیل ہے۔
مسجد میں بغیر قبلہ کے یعنی دوسری طرف نماز پڑھنا: گناہوں سے توبہ کرے کیونکہ اس کے دین میں نقصان ہونے کی دلیل ہے۔
مونگ، ماش مسور کا دیکھنا: حرام مال ملنے اور رنج وغم سے بسر ہونے کی دلیل ہے۔
میدہ کا دیکھنا: تجارت میں نفع ہو، عزت بڑھنے کی دلیل ہے۔
مٹھائی دیکھنا یا کھانا: عزت بڑھنے کی دلیل ہے۔
ملائی کھانا: رنج اٹھانے اور ہلاکت کی نشانی ہے۔
مشک لگانا یا دیکھنا: اگر فقیر دیکھے تو غنی ہووے اور امیر دیکھے بلند رتبہ ہونے کی دلیل ہے۔
موزہ پا تابہ دیکھنا: رزق میں فراخی ہونے یا حسین عورت ملنے کی دلیل ہے اور اگر عیب ہو یعنی نوچے پھٹے ہوں تو پریشانی کی نشانی ہے۔



Marfat.com

**مرد کو اپنی بیوی کا لباس پہننا:** عورت کی طرف سے کچھ گزند پہنچنے کی دلیل ہے۔

**موتی دیکھنا:** قرآن اور دیگر علوم خواہ فرزند پر دلیل ہے۔

**موتیوں کا گچھا دیکھنا:** قرآن پاک حفظ کرے یا پرہیزگار ہونے یا کثرتِ اولاد کی دلیل ہے۔

**منہ سے کوئی چیز نکلتے دیکھنا:** اگر وہ چیز نیک ہے تو نیک باتیں اس سے صادر ہوں گی اور جو بد یا بری ہے تو بری باتیں اس سے وقوع میں آنے کی دلیل ہے۔

**موتیوں کو کان میں دیکھنا:** امورِ خیر کی یا علم تفسیر کے سیکھنے کی دلیل ہے۔

**موتیوں کا منہ سے جھڑتے دیکھنا:** بہت تسبیح کرنے والا ہونے یا علم دین سکھانے کی دلیل ہے۔

**مرد معلوم کا دیکھنا:** بہتری کی علامت ہے۔

**مرد نامعلوم کا دیکھنا:** بہتری کی علامت ہے یا کسی دوست سے ملاقات کی دلیل ہے۔

**مردے سے مباشرت کرنا:** اگر غنی ہے تو فقیر ہونے کی اور فقیر ہے تو غنی ہونے کی دلیل ہے۔

**مردے کو دیکھنا:** قیدی ہے تو رہائی پائے اگر مسافر ہے وطن نصیب ہو اور اگر مقیم ہے تو سفر کرنے کی دلیل ہے۔

**مردے کو سلام کرنا:** امیدیں پوری ہونے اور مراد حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

**مردے کو زندہ دیکھنا:** مال تلف شدہ ہاتھ آئے، خوشی حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

**مردوں کی جماعت دیکھنا:** وبا آنے والی ہے یا گمراہی و غریبی کی نشانی ہے۔

**مردے کو پکارنا:** موت کی نشانی ہے توبہ کرنی چاہیے۔

**مردے کو نہاتے دیکھنا:** کسی بے دین کو دین پر لانے اور گمراہی سے بچانے کی دلیل ہے۔

**مردے کو ننگا دیکھنا:** گناہوں کے دور ہونے کی دلیل ہے۔

**مردے کے پیچھے کسی مکان میں جانا:** اگر اس مکان میں ٹھہر جائے موت کی دلیل ہے اور اگر نکل جائے تو بھی رنج اٹھانے کی دلیل ہے۔

**مردے کا کچھ مانگنا زندہ سے:** یہ بہتر نہیں ہے موت کی نشانی ہے۔

**مردہ آپ کو دیکھنا:** بیماری سے صحت ہونے کی یا سفر سے گھر آنے کی دلیل ہے۔

**مردہ کا کچھ دینا زندہ کو:** حاجتیں روا ہونے کی دلیل ہے۔

**مردے سے مباشرت کرنا:** جس کام سے مایوس ہو چکا ہو، اس کام کو انجام ہونے کی دلیل ہے۔

**مردے کے ساتھ کھانا:** راحت اور آرام کی دلیل ہے۔



Marfat.com

مردے کو اپنے بستر پر سوتے دیکھنا: مقصد پورا ہونے کی اور عمر دراز ہونے کی دلیل ہے۔
مینڈک کا دیکھنا: مرد عابد کی نشانی ہے۔
موچی کا دیکھنا: ہجو کرنے والے اور پردہ فاش کرنے کی دلیل ہے لہذا توبہ کرے۔
معلم کا دیکھنا: عمر دراز ہونے کی دلیل۔
ملاح کو دیکھنا: معالجاتِ سلاطین سے ماہر ہونے کی دلیل ہے۔
معمار کو دیکھنا: راہِ ہدایت بتانے والے کی دلیل ہے۔
مصور کو دیکھنا: صاحب خواب کے لیے بہترین دلیل ہے۔
مچھلی کو دیکھنا: اگر ایک یا دو ہوں عورت پر دلیل ہے۔
مچھلی چھوٹی کا دیکھنا: رنج وغم کی دلیل ہے۔
مشعلچی کا دیکھنا: زن وشوہر میں تفرقہ پڑنے کی دلیل ہے۔
ماہی گیر کا دیکھنا: سرداری سے تعبیر ہے۔
مکان کا جل جانا دیکھنا: نکبت وخواری پہنچنے یا طاعون وآزاری سے دلیل ہے۔
مکان کا دروازہ کھد جانا یا گر پڑنا دیکھنا: مالکِ مکان کی موت آنے کی دلیل ہے۔ اور اگر دروازہ جس جگہ رہتا ہے اس کا کھد گیا ہے تو صاحب خانہ کی زوجہ کے مرنے کی دلیل ہے۔
مکان کا دروازہ کھد جانا اور دوسرا لگانا یا بنانا: صاحب خواب کی زوجہ کو کسی دوسرے سے عقد کرنے کی دلیل ہے۔
مکان کا کھلا ہوا دروازہ بند کرنا: زوجہ کو طلاق دینے سے تعبیر ہے۔
مکان معلوم کا دروازہ بند مقفل کھولنا: نکاح کرنے سے دلیل ہے۔
مکان کو زلزلہ میں دیکھنا: جس مکان کو زلزلہ میں دیکھا ہے اس میں زنا واقع ہونے کی دلیل ہے۔
مکان سارا یا کچھ حصہ گرا دیکھنا: موت کی دلیل ہے۔
مکڑی دیکھنا: توبہ کرنے والے اور عبادت گزار، پرہیز گاری کی دلیل ہے۔
موش یعنی چوہا دیکھنا: کسی بدخواہ عورت کو حاصل کرنے کی دلیل۔
مکھیوں کا بکثرت دیکھنا: بے فائدہ باتیں سننے اور کہنے پر دلیل ہے۔
منبر پر خطبہ پڑھتے دیکھنا: شرف اور مرتبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
مہتاب کو گہن لگا ہوا دیکھنا یا گرد وغبار سے ڈھکا ہوا دیکھنا: صاحب خواب کا نقصان ہونے کی دلیل ہے



Marfat.com

مینہ کا برستے دیکھنا: رحمت کی دلیل ہے اور اگر کسی ایک جگہ ہے یا کسی مکان یا کسی ایک مقام پر ہے تو رد تکلیف کی دلیل ہے جہاں پر ہوئی ہے۔
مینہ کا سر پر کسی کے خاص برسنا: گناہوں کی کثرت اور معصیت و خطا کے گھیرنے کی دلیل ہے توبہ کرنا چاہیے۔
مکان اپنا گرایا خراب خواہ ویران دیکھنا: اس کی بداعمالی سے دنیا تباہ ہونے کی دلیل ہے۔
مکان نامعلوم کا دروازہ بند مقفل کو کھولنا: دعا کے قبول ہونے کی دلیل ہے۔
مویز منقیٰ کا دیکھنا خواہ پانا: مال میں خیر و برکت و منفعت پر دلیل ہے۔
مسور و ماش وغیرہ کا دیکھنا: مال غیر طیب و غیر حلال ہیں جس سے رنج کی دلیل ہے۔
میدہ کا دیکھنا: فارغ البالی کی دلیل ہے۔
مرد نامعلوم کا دیکھنا: اگر وہ جوان ہے تو دشمن ہونے کی نشانی ہے اور اگر مرد پیر ہے تو اس کی سعی و کوشش اور بہرہ مندی کی دلیل ہے اور اگر اس مرد پیر نے کچھ باتیں کیں یا کچھ دیا ہے تو حسب حال دینے کے ہوگا۔
مغز انسان یا حیوان کا کھانا: غیر کی کمائی کھانے سے دلیل ہے۔
مونڈنا حجام کا سر و داڑھی کا: کسی سخت مصیبت میں پڑنے اور رتبہ و آبرو ریزی کی دلیل ہے۔
میت سے سوال کرنا اور اس کا جواب دینا: مردہ اپنے حال سے یا غیر کے حال کی خبر دے اس کے سچ ہونے کی دلیل ہے کیونکہ وہ دار الحق میں پہنچ چکا ہے۔
میت کی حالت کا دیکھنا: اگر میت کو شاداں و خنداں دیکھے یا لباس سفید خواہ سبز پہنے ہے تو اس کی اصلاح حال کی دلیل ہے اور اگر میت کو رنجیدہ خواہ برہنہ دیکھے یا جامہ کہنہ پہنے دیکھے تو یہ حال مبتلائے غضب ناک کی دلیل ہے۔
میت کا کچھ دیتے دیکھنا: جس نے مردہ سے کوئی چیز پائی خواہ دنیاوی کیوں نہ ہو تو صاحب خواب کو روزی و بہتری ایسی ملنے کی جس کی امید نہ تھی دلیل ہے۔
میت کو کچھ دینا زندہ کا: اگر شخص زندہ نے میت کو کچھ دیا، لباس وغیرہ ہے اور مردہ نے لے کر پہن لیا تو دینے والا مر جائے گا اور میت سے مر کر ملنے کی دلیل ہے۔
میت سے معانقہ کرنا خواہ بدن ملانا دیکھنا یا گلے لگانا: طولعمری کی دلیل ہے ان تمام وجہوں کی طول حیات صاحب خواب کی دلیل ہے اور مردے کو قتل کرنے کی بھی دلیل ہے۔


Marfat.com

میت کے ساتھ کسی مکان نا معلوم میں جانا: صاحب خواب کے مرنے اور میت سے ملنے کی دلیل ہے۔
میت کا صاحب خواہ کے ہاتھ سے روٹی کا ٹکڑا خواہ انگوٹھی کا لینا: صاحب خواب کی اولاد کے مرنے مال کے ضائع ہونے کی دلیل ہے۔
موزہ دیکھنا: اگر موزہ درست ہے پھٹا نہیں تو معاش کی فراخی کی دلیل ہے اور برعکس اس کے پریشانی کی دلیل ہے
مراۃ یعنی آئینہ دیکھنا: اگر صاحب خواب کی عورت حاملہ ہے تو پسر جننے کی دلیل ہے اور اگر عورت نے خواب دیکھا تو لڑکی جننے کی دلیل ہے اور یہ اولاد بہ شبیہ پدر یا مادر ہوگی اور مرادیں حاصل ہونے کی دلیل ہے
مار بمعنی سانپ کو مارنا اس پر غالب آنا: دشمن پر غالب آنے کی دلیل ہے۔
مار کا غالب آنا: دشمن سے کوئی امر سخت پیش آنے کی دلیل ہے۔
مار کا ڈسنا: دشمن سے کوئی سخت امر پیش آنے کی دلیل ہے۔
مار کو مار ڈالنا: دشمن پر ظفریاب ہونے کی دلیل ہے۔
مار کو اپنے گھر میں داخل ہوتے یا گھر میں دیکھنا: دشمن کا صاحب خواب کے گھر ہی میں خواہ عورت۔ مرد موجود ہونے کی دلیل ہے۔
مار کا جسم کے کسی عضو مثلاً کان یا مقعد سے نکل جانا: صاحب خواب کے عیال سے کوئی دشمن تھا جس نکل جانے کی دلیل ہے۔
مار سفید کو مطیع و فرمانبردار دیکھنا یا ملنا اور اس میں کوئی برائی کا نہ ہونا: گنجہائے عظیم ملنے کی دلیل۔ شاہی خزانہ سے ہوگا۔
مصطگی خواہ کندر کا دیکھنا: کسی نیک مرد سے علم فقہ حاصل کرنے کی دلیل ہے۔
مہندی لگانا: کسی کے قتل کرنے کی دلیل ہے۔

## ردیف۔ن

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب میں دیدار کرنا: یہ خواب بالکل صحیح اور سچا ہوتا ہے کیونکہ شیطان حضو صورت میں نہیں آسکتا اور تمام مرادیں دینی و دنیاوی ہاتھ آنے اور انجام بخیر ہونے کی دلیل ہے۔
نماز راست پڑھنا: صاحب صفت نیک خصلتیں ہونے اور گناہ معاف ہونے کی دلیل ہے۔
ناخن تراشنا: راحت و سرور حاصل ہونے اور قرض سے سبکدوش ہونے کی دلیل ہے۔
ناک اپنی بڑی دیکھنا: شہوت زیادہ ہونے اور بدکار عورت سے فائدہ پہنچنے کی دلیل ہے یا شرف عزت حاصل


Marfat.com

**ناک کا کٹ جانا دیکھنا:** ذلت وخواری کی نشانی ہے بلکہ افلاس کی نشانی ہے۔

**نہر یا دریا کی دلدل میں پھنسنا دیکھنا:** غم میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

**نہر یا دریا سے گدلا پانی پینا:** مرض میں پھنسنے کی دلیل ہے۔

**نہر کو دوسری طرف سے جاری کرنا:** تمام مصیبتوں سے نجات ہونے اور خوشی کی دلیل ہے۔

**نیزہ مارنا:** دشمن پر فتح پانے کی دلیل ہے۔

**ناخن دیکھنا:** بہتری کی علامت ہے۔

**نیزہ دیکھنا:** سفر کرنے یا عورت ملنے یا لڑکا پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

**ناک سے خون بہنا:** مال حرام ملنے اور عمر ذلت سے بسر ہونے کی دلیل ہے۔

**نشان دیکھنا:** بڑا نامور ہونے رتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے۔

**ناخن بڑا یا قوی دیکھنا:** دشمن پر مظفر ومنصور ہونے کی دلیل ہے۔

**ناخن ٹوٹا دیکھنا:** عزیز یا دوست سے فساد ہو یا تجارت میں نقصان ہونے کی دلیل ہے۔

**نقارہ بجانا:** حکومت ہاتھ آنے کی دلیل ہے۔

**ناچ دیکھنا:** رنج دور ہونے، راحت وسرور حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

**ناچ خود ناچنا خواب میں:** عورت سے فتنہ ہونے زندگی ضیق میں پھنسنے کی دلیل۔

**ناک سے خون بہتے دیکھنا:** مال مشقت سے ملنے اور جلد خرچ ہو جانے کی دلیل ہے۔

**ناریل دیکھنا:** نہایت خوشی کی خواہ شادی سے یا پیدائش سے ہونے کی دلیل ہے۔

**ندی دیکھنا:** راحت خلق کو پہنچانے اور نام آوری کی نشانی ہے۔

**نیم کا درخت خواہ کچھ حصہ دیکھنا:** صحت کی نشانی ہے۔

**نعلین کا پہنا اور اتارتے دیکھنا:** نعلین پہننے سے کسی عورت سے ملنے کی دلیل ہے اور نعلین اتارنے سے اپنی جورو کو طلاق دینے کی دلیل ہے۔

**نہر یا دریا میں غسل کرنا:** بیمار ہے تو صحت پانے گناہوں سے پاک ہونے اور کوئی خوشی کی بات ہونے کی دلیل ہے۔

**نکاح کرنا:** عزت وآبرو سے رہنے اور مال بکثرت ملنے کی دلیل ہے۔

**نیولا دیکھنا:** بیمار ہونے کی علامت لیکن جلد صحت ہونے کی بھی نشانی ہے۔

**نوجوان نامعلوم کا دیکھنا:** دشمن پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

**نشانہ پر تیر لگنا دیکھنا:** مقصد حسب دلخواہ بر آنے کی دلیل ہے۔

نوش کرنا دودھ جانوران نا معلوم حلال کا: دین کا خیر صلاح کی خاص دلیل ہے۔
نوش کرنا خواہ پانا دودھ گائے بھینس اور اونٹنیوں کا: ان سب کے دودھ سے روزی خیر حلال کی نشانی ان میں بھیڑ، بکری کے دودھ کی کمتر تعبیر ہے۔
نکاح کرنا زن مردہ سے خواب میں: صاحب خواب جس مقصد کے لیے مایوس ہو چکا تھا اس کے ہونے کی دلیل ہے۔
نکاح کرنا اپنی مادر یا خواہر یا ایسی زن سے جس سے نکاح کرنا ہمیشہ کے لیے حرام تھا یعنی محرمہ سے تو صاحب خواب کے لیے شرف زیارت خانہ کعبہ کی دلیل ہے یا اپنے قرابت داروں سے نیکی کرنے اور صلہ رحمی کی نشانی ہے۔
ناہموار و کج راستہ کا دیکھنا: بے دینی و بے مذہبی کی دلیل ہے۔

## ردیف۔و

وعظ کہنا خواب میں: بدکاروں کو فضیحت کرنے اور نصیحت کرنے کی دلیل ہے۔
وضو کرنا: عنایت رب جلیل اور نیک کرداری کی دلیل ہے۔
وظیفہ پڑھنا: برے کاموں سے بچنے اور نیک کام کرنے کی دلیل ہے۔
وباء و رنج یا دوزخ کے مبتلا دیکھنا: دنیا کے رنج و مصیبت کی دلیل ہے۔

## ردیف۔ھ

ہرن دیکھنا: دختر کے پیدا ہونے کی یا کوئی حسین کنیز ہاتھ آنے کی دلیل ہے۔
ہوائے تند کا دیکھنا: جہاں پر دیکھے وہاں کے باشندوں اور اس سرزمین پر آفت آنے کی دلیل ہے۔
ہدیہ بھیجنا: الفت و محبت خلق سے ہونے کی دلیل ہے۔
ہاتھوں کو بندھے دیکھنا: بے دین و بے کار ہونے کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ خشک یا سوکھ گئے ہیں تو اس کے یار و آشنا کنارہ کریں گے۔
ہاتھ کئی ایک دیکھنا اپنے: اگر نیک ہے نیکی میں ترقی ہوگی اور جو مفسد ہے تو فتنہ بہت کرے گا۔
ہاتھ میں مہندی لگانا: کسی کے قتل پر آمادہ ہونے کی دلیل ہے۔
ہرن کا خواہ گوسفند کا بچہ دیکھنا: کوئی مراد حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

☆=☆=☆


Marfat.com



وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ

# مجموعہ اعمال رضا

امام اہلسنت اعلیٰحضرت

## امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

مرتبہ

## قاضی محمد عبدالرحیم بستوی

سابق مفتی دارالافتاء منظر اسلام بریلی شریف

### حصہ اوّل

قادری رضوی کتب خانہ

گنج بخش روڈ، لاہور 042-37213575

Marfat.com

# فہرست مجموعہ اعمال رضا حصہ اوّل

(شمع شبستان رضا۔ حصہ پنجم)


| عنوانات | صفحہ | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|---|
| باب الاستخارہ وزیارۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم | 12 | دفع ہم وغم | 90 |
| بلندی منصب وتسخیر | 18 | بدخوابی ومتعلق خواب | 93 |
| باب الحب | 24 | دردناف | 94 |
| باب العداوت | 32 | برص ویرقان | 95 |
| باب جمیع الحاجات | 37 | رزق وبرکت | 95 |
| دفع آسیب وسحر | 49 | ادائے دین | 100 |
| باب النساء (عورتوں سے متعلق) | 57 | خلاص محبوس | 101 |
| باب الاطفال (بچوں سے متعلق) | 69 | حفاظت مال | 102 |
| باب النظر | 71 | للبرکۃ فی الزرع ولحفظہ من کل آفۃ | 103 |
| باب الآلام والاوجاع والاورام | 72 | کامیابی امتحان | 105 |
| ہر قسم کے بخار کے لیے | 78 | باب عرق النساء | 106 |
| نزلہ وزکام وکھانسی وامراض صدر | 82 | سنگ مثانہ وگروہ | 106 |
| صروع وپیتہ (مرگی) | 83 | حیوانات | 106 |
| دردسر ودردنیم سر | 84 | مجرب نقوش ودعائیں | 108 |
| جنون | 85 | چہل کاف شریف | 112 |
| فالج ولقوہ | 86 | دعائے دہ (دس) کاف | 114 |
| طاعون ودیگر وبا | 86 | فوائد نادعلی | 114 |
| چشم | 88 | | |


OOO



Marfat.com

# انتساب

میری یہ کاوش اس قابل نہیں ہے کہ کسی ذات گرامی کی جانب انتساب کی جائے مگر اس حیثیت سے انتساب ضروری قرار پاتا ہے کہ یہ محنت کسی بلند و عالی ذات ستودہ صفات سے شرف انتساب پا کر اپنے اندر جامعیت وکمال حاصل کرے نظر برآں میں وقت کے عالی ہمت بلند مرتبت محاسن علمیہ وعملیہ کے جامع حضور تاجدار اہلسنت سرکار مفتی اعظم ہند حضرت مولانا مولوی علامہ مصطفےٰ رضا خاں صاحب قبلہ دامت فیوضاتہم العالیہ (نور اللہ مرقدہ) کی جانب منتسب کرتا ہوں جن کے روحانی فیوضات نے میری زندگی میں انقلاب پیدا کیا۔ اور اس ذرۂ ناچیز کو کسی کام کا بنایا۔

مولیٰ تعالیٰ ممدوح مکرم و معظم کی عمر میں برکت تام فرمائے اور ان کے فیوضات کے سلسلہ کو روز قیامت تک جاری رکھے۔

وَلَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

قاضی عبدالرحیم بستوی
غفرلہٗ القوی

000

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَلْحَمْدُ لِوَلِیِّہٖ وَالصَّلٰوۃُ عَلٰی نَبِیِّہٖ وَالسَّلَامُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ

امابعد۔عملیات وتعویذات کے شائقین سے یہ امر پوشیدہ نہیں ہے کہ اس عظیم فن کی جو کتابیں موجودہ دور میں دستیاب ہوتی ہیں وہ ناقص وغیر مکمل ہیں۔ارباب فن کے لیے یہ عیب چنداں مضر نہیں ہے مگر مبتدی حضرات کے حق میں یہ بے حد مضر ہے۔اس کتاب کی اشاعت سے مقصد یہی ہے کہ اس فن کے کمال کو باقی رکھا جائے۔ بعض حضرات غلط سلط تعویذات کتابوں سے دیکھ کر لکھ دیتے ہیں اور فائدہ نہ ہونے پر فن کی کمی ونقصان تصور کرتے ہیں۔

مولیٰ عزوجل کا بے پایاں احسان ہے کہ حضور سیدنا اعلیٰ حضرت عظیم البرکت شیخ الاسلام والمسلمین نوراللہ مرقدہ کو اس فن میں بھی کمال تبحر حاصل تھا ۲۵ ہزار طرح سے نقوش پر کر لیتے تھے۔یہ عظیم کتاب آپ ہی کے مجموعہ کا حسین گلدستہ ہے۔برسوں سے حضرت مولوی مولانا علامہ ریحان رضا خاں صاحب مدظلہ العالی مہتمم دارالعلوم منظر اسلام محلہ سوداگران بریلی شریف کی یہی خواہش تھی کہ ایک مجموعہ اعمال سے منتخب کر کے صحت کے ساتھ شائع کیا جائے تاکہ منتسبان سلسلہ عالیہ رضویہ برکاتیہ قادریہ اس سے فیض اٹھائیں۔فقیر اپنی علالت اور مصروفیت کے باعث اس کار اہم کے انجام دینے سے قاصر تھا اب بحمدہٖ تعالیٰ یہ موقع ملا تو یہ انتخاب بہت قلیل مدت میں شائع کرانے کا عزم کیا۔مولیٰ تعالیٰ کی مدد واعانت سے حصہ اوّل کی ترتیب کا مرحلہ قریب الختم ہے اب طباعت کا کام باقی ہے۔اپنی کوشش یہی ہے کہ طباعت کا کام صحت وعمدہ طریقے پر ہو۔

وھو حسبی و نعم الوکیل O

O=O=O



Marfat.com

# ضروری ہدایات

اس کتاب سے فیض حاصل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل امور کی رعایت ازحد ضروری ہے۔

(۱) مذہب اہلسنت و جماعت پر مضبوطی سے قائم ہو جس کی تفصیل کے لیے حضور اعلیٰ حضرت عظیم البرکت رضی اللہ عنہ کی تصنیفات کا مطالعہ ضروری ہے خاص کر حسام الحرمین شریف وفتاویٰ الحرمین وغیرہما۔

(۲) فسق و فجور سے اجتناب کرے اور فرائض وواجبات وسنن پر عامل ہو۔ بدمذہبوں خصوصًا وہابی، دیوبندی، تبلیغی، مودودی وغیرہم سے دور رہے۔

(۳) کوئی عمل کسی ناجائز کام کے لیے نہ کرے اور نہ کسی کو ناجائز امر کے لیے کوئی تعویذ دے۔ کسی کو نقصان وضرر پہنچانے کے لیے تعویذ نہ دے۔

(۴) خالصًا لوجہ اللہ مسلمانوں کو فائدہ پہنچانے کے لیے تعویذات وغیرہ دے۔ ذریعہ معاش نہ بنائے۔

(۵) تعویذات وعملیات کی زکاۃ دینا ضروری ہے جس کا مفصل بیان حصہ دوم میں مذکور ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

(۶) وجہ حلال سے گزر اوقات کرے حرام سے اجتناب کامل رکھے کہ نور باطن پیدا ہو اور مستجاب الدعوات ہو جو شخص ان امور کی پابندی کرے اسے اس کتاب سے فیض اٹھانے کی اجازت ہے۔ جو صاحب اس کتاب سے فائدہ اٹھائیں ان سے میری گذارش ہے کہ میرے لیے دعا کریں کہ مولیٰ تعالیٰ خیریت دنیا وعقبیٰ سے نوازے۔

فقط

قاضی عبدالرحیم بستوی

غفرلہٗ القوی

☆☆☆

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# نقش مثلث ومربع پر کرنے کے قواعد

اس فن کے علماء نے فرمایا کہ یہاں چند امور کا جاننا ضروری ہے وہ یہ ہیں۔

**اول:** تخم یعنی اصل عدد جس قدر ہو مثلاً لفظ جلالت کے عدد چار سو چھیاسٹھ ہیں اور لفظ غنی کے عدد ایک ہزار ساٹھ ہیں۔

**دوم:** طرح یعنی اصل عدد سے کچھ اعداد اس لیے کم کرنا کہ نقش پر کرنے میں عاملین نے مقرر کیا ہے۔ مثلاً نقش مثلث کے لیے طرح بارہ ہے اور مربع کے لیے تیس ہے۔

**سوم:** ضلع سے مراد یہ ہے۔ نقوش کے خانے بترتیب سطور مثلاً سطر اول نقش مثلث میں تین ضلع رکھتی ہے اور مربع میں چار علیٰ ہذا القیاس۔

**چہارم:** بیوت یعنی نقش کے خانے جس میں اعداد پر کیے جاتے ہیں۔

**پنجم:** مفتاح یعنی خانہ اول جس سے نقش پر کیا جاتا ہے۔

**ششم:** منتہی آخری خانہ

## تخم معلوم کرنے کا طریقہ

یہ ہے کہ نقش جتنے خانے کا ہو اس پر ایک زیادہ کر کے نقش مذکور کے ضلع کا نصف کر کے ضرب دیں حاصل ضرب تخم ہوگا مثلاً نقش مثلث نو خانے رکھتا ہے نو میں ایک اضافہ کیا دس ہوئے۔ پھر یہ دیکھا کہ مثلث کے تین ضلع ہوتے ہیں اس کا نصف ½1 ہوا۔ $10 \times 1\frac{1}{2} = 15$ ہوا معلوم ہوا کہ تخم پندرہ ہے۔ علیٰ ہذا القیاس مربع میں سولہ خانے ہوتے ہیں اس میں ایک اضافہ کیا ۱۷ ہوئے اور مربع میں چار ضلع ہوتے ہیں اس کا نصف دو ہوا۔ ۱۷×۲= ۳۴ ہوئے۔ معلوم ہوا کہ تخم ۳۴ ہے۔

اب اگر نقش مثلث کا پر کرنا مقصود ہو تو طرح کہ بارہ ہے پندرہ سے گھٹا کر تین سے تقسیم کریں حاصل قسمت مفتاح نقش ہو اس سے نقش پر کریں کہ ہر خانہ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کرتے جائیں اور اگر اس تقسیم میں کسر واقع ہو تو اگر کسر ایک ہے ساتویں خانہ میں ایک عدد اور زیادہ کریں اور دو کسر ہو تو چوتھے خانہ میں ایک عدد اضافہ کریں۔ اسی ترکیب سے مثلث کی چاروں قسموں کے نقش پر کرنا چاہیے۔



Marfat.com

اور اگر نقش مربع پر کرنا چاہیں تو تخم یعنی اصل عدد سے طرح یعنی ۳۰ گھٹا دیں مثلاً لفظ اجل کے عدد ۳۴ ہیں اس میں سے ۳۰ گھٹا دیا چار باقی رہے چار سے چار کو تقسیم کیا حاصل قسمت ایک آیا اب یہ مربع ایک سے پر کیا جائے گا اور خانہ دوم میں دو خانہ سوم مین تین اسی طرح سولھویں خانے میں سولہ۔ اور اگر کسر واقع ہو تو ایک کسر ہے تو تیرھویں خانہ میں ایک عدد کا اضافہ کریں اور دو کسر ہے تو خانہ نہم میں اور تین کسر ہے تو پانچویں خانہ میں۔ مربع کے چاروں اقسام کا نقشہ آگے ملاحظہ ہو۔

مثلث کی چاروں قسمیں مختلف خواص کی حامل ہیں۔ مثلاً نقش بادی برائے فتوحات اور کسی شخص کو مکان یا دوکان یا اپنے شہر سے نکالنے کے لیے نقش خاکی اور برائے محبت نقش آبی اور برائے ہلاکت نقش آتشی۔

ان میں سے ہر ایک نقش کو حسب موقع چالیس نقش روزانہ چالیس دن تک موافق ساعت میں لکھے۔ مثلاً نقش بادی برائے فتوحات۔ چالیس نقش دریا کے کنارے کھڑے ہو کر لکھے اور ہوا میں اس طرح اڑائے کہ دریا میں گر جائے۔ نقش خاکی بلند مکان پر پاک مٹی سے چالیس نقوش طالب و مطلوب مع ان کے ماں کے ناموں کے لکھ کر اس مٹی کو پاک جگہ مدفون کرے۔

نقش آبی اسی تعداد کے موافق مع نام مطلوب لکھ کر آٹے کے گلے میں رکھ کر دریا میں ڈالے۔

(دیگر ترکیب نقش آبی) برائے محبت عروج ماہ میں نوچندی جمعرات کو ایک نقش دوسرے دن ۲۔ اسی طرح پندرھویں تاریخ کو پندرہ نقوش لکھے پھر سولہ تاریخ سے ایک ایک کم کرتا جائے یہاں تک کہ ۳۰ تاریخ کو ایک لکھے اور اگر مہینہ ۲۹ کا ہو تو بعد مغرب ایک نقش لکھ کر تکمیل عمل کرے پھر ان کو گیہوں کے آٹے کا گلہ بنا کر اس کے اندر رکھ کر دریا میں ڈالے۔

حروف و نقوش کے اقسام اربعہ کی جدول درج ذیل میں ہے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حروف آتشی | ا<br>۱ | ہ<br>۵ | ط<br>۹ | م<br>۴۰ | ف<br>۸۰ | ش<br>۳۰۰ | ذ<br>۷۰۰ |
| حروف بادی | ب<br>۲ | ی<br>۱۰ | و<br>۴ | ن<br>۵۰ | ص<br>۹۰ | ت<br>۴۰۰ | ض<br>۸۰۰ |
| حروف آبی | ج<br>۳ | ز<br>۷ | ک<br>۲۰ | س<br>۶۰ | ق<br>۱۰۰ | ث<br>۵۰۰ | ظ<br>۹۰۰ |
| حروف خاکی | د<br>۴ | ح<br>۸ | ل<br>۳۰ | ع<br>۷۰ | ر<br>۲۰۰ | خ<br>۶۰۰ | غ<br>۱۰۰۰ |

**مثلث آتشی**

| | | |
|---|---|---|
| ۲ | ۷ | ۶ |
| ۹ | ۵ | ۱ |
| ۴ | ۳ | ۸ |

**مثلث خاکی**

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

**مثلث آبی**

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۳ | ۴ |
| ۱ | ۵ | ۹ |
| ۶ | ۷ | ۲ |

**مثلث بادی**

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱ | ۸ |
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۲ | ۹ | ۴ |

**مربع آتشی**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

**مربع خاکی**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

**مربع بادی**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۱ | ۸ | ۱۱ |
| ۷ | ۱۲ | ۱۳ | ۲ |
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ |
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ |

**مربع آبی**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۴ | ۱۱ | ۸ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۳ |
| ۶ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۱۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

**(فائدہ)** مربع اپنے اضلاع کے اعتبار سے سولہ قسموں سے پر کیا جاتا ہے اور ان کی خاصتیں جدا گانہ ہیں۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

① برائے صحت وتندرستی گلے میں باندھے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

② برائے محبت اور مطلوب کو بلانے کے لیے ٹوپی یا عمامہ میں رکھیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

③ برائے حصول نعمت اور حصول مراد بازو پر باندھے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۱ | ۸ | ۱۱ |
| ۷ | ۱۲ | ۱۳ | ۲ |
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ |
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ |



Marfat.com

④ برائے حفاظت از دشمن و چور بازو پر۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۴ | ۱۱ | ۸ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۳ |
| ۶ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۱۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

⑤ برائے امن وامان از غرق دریا

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۷ | ۱۴ |
| ۵ | ۶ | ۱۲ | ۱ |
| ۱۰ | ۳ | ۱۳ | ۸ |
| ۱۵ | ۱۶ | ۲ | ۱۱ |

⑥ برائے سرخ بادہ گلے میں باندھے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |

⑦ برائے فراخی رزق و خیروبرکت مکان میں آویزاں کریں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ |
| ۱۴ | ۱ | ۸ | ۱۱ |
| ۷ | ۱۲ | ۱۳ | ۲ |
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ |

⑧ برائے جدائی وعداوت گھر میں دفن کرے

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۷ | ۹ | ۴ |
| ۱ | ۱۲ | ۶ | ۱۵ |
| ۸ | ۱۳ | ۳ | ۱۰ |
| ۱۱ | ۲ | ۱۶ | ۵ |

⑨ برائے فتح ودفع بیماری بازو پر رہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵ | ۱۶ | ۲ | ۱۱ |
| ۱۰ | ۳ | ۱۳ | ۸ |
| ۱۵ | ۶ | ۱۲ | ۱ |
| ۴ | ۹ | ۷ | ۱۴ |

⑩ برائے تیزی ذہن و ذکاوت درعلوم لکھ کر پئیں

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

⑪ برائے ملاقات ارواح و جن وغیرہ

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ |
| ۷ | ۱۲ | ۱۳ | ۲ |
| ۱۴ | ۱ | ۸ | ۱۱ |
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ |

⑫ برائے اصلاح عزیزاں وخویشاں بازو پر

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۲ | ۱۶ | ۵ |
| ۸ | ۱۳ | ۳ | ۱۰ |
| ۱ | ۱۲ | ۶ | ۱۵ |
| ۱۴ | ۷ | ۹ | ۴ |



Marfat.com

⑬ دفع کرم از زراعت پانی سے دھو کر کھیت میں پانی چھڑکیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |

⑭ جمیع حاجات و مرادات کے لیے سر یا بازو پر رہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |

⑮ محبت کی زیادتی کے لیے شہد یا شربت میں پلائیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ |
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ |
| ۷ | ۱۲ | ۱۳ | ۲ |
| ۱۴ | ۱ | ۸ | ۱۱ |

⑯ تسخیر حاکمان و امیران سر میں رکھیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |
| ۶ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۳ |
| ۱ | ۱۴ | ۱۱ | ۸ |

(**فائدہ**) یہ نقوش جو سولہ قسموں پر درج ہوئے فی الحقیقت بیس قسموں پر ہیں۔ سولہ اوپر مذکور ہوئے اور چار یہ ہیں۔

| ۷۸۶ | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۳ | ۱۲ | ۱ |
| ۱۱ | ۷ | ۱۴ | ۲ |
| ۶ | ۱۰ | ۳ | ۱۵ |
| ۹ | ۴ | ۵ | ۱۶ |

| ۷۸۶ | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۵ | ۸ | ۱ | ۱۰ |
| ۹ | ۲ | ۷ | ۱۶ |
| ۶ | ۱۳ | ۱۲ | ۳ |
| ۴ | ۱۱ | ۱۴ | ۵ |

| ۷۸۶ | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | ۱ | ۸ | ۱۵ |
| ۱۶ | ۷ | ۲ | ۹ |
| ۳ | ۱۲ | ۱۳ | ۶ |
| ۵ | ۱۴ | ۱۱ | ۴ |

| ۷۸۶ | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۲ | ۱ | ۱۳ |
| ۱۱ | ۷ | ۲ | ۱۴ |
| ۶ | ۱۰ | ۱۵ | ۳ |
| ۹ | ۵ | ۱۶ | ۴ |

**نوٹ:** نقش مربع کے دس قواعد عاملین حضرات سے اور بھی منقول ہیں جن کا بیان جلد دوم میں ان شاء اللہ تعالیٰ آئے گا۔

## نقش ذوالکتابۃ کے پر کرنے کے قواعد

حروف مفرد یا مرکب اسمائے الٰہی سے یا جس آیتِ قرآنیہ کا نقش لکھنا ہے اس کے چار جز کرلے اور ایک ایک جز پہلے ضلع کے چاروں خانوں میں لکھے اور ہر جز کے اعداد اس کے اوپر لکھ دے اب مربع کی رفتار سے باقی نقش کو اس طرح پر کرے کہ دوم سے چہارم تک ایک ایک عدد اضافہ کرکے پر کرے اور پانچویں خانہ کو ضلع اول کے آخر خانہ سے تین عدد کم کرکے پر کرے۔ آٹھواں خانہ پر ہے۔ نویں خانہ کو ضلع اول کے تیسرے خانہ کے عدد میں دو کم کرکے پر کرلے اور دسویں خانہ میں ایک عدد کا اضافہ کرے اور گیارہواں پر ہے بارہویں خانہ میں ایک



Marfat.com

عدد زیادہ کرلے پھر تیرھویں خانہ کو ضلع اول کے خانہ دوم کے عدد میں سے ایک کم کر کے پُر کرلے اور چودھواں پُر ہے اور پندرھواں اور سولھواں خانہ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کرے مثلاً نقش اسم رفیع یوں بھرا جائے……

| | | | |
|---|---|---|---|
| ع ٧٠ | ی ١٠ | ف ٨٠ | ر ٢٠٠ |
| ٧٩ | ٢٠١ | ٦٩ | ١١ |
| ٢٠٢ | ٨٢ | ٨ | ٦٨ |
| ٩ | ٦٧ | ٢٠٣ | ٨١ |

دیگر ترکیب ذوالکتابۃ دوسرے طریقہ سے۔ اسم چار حرفی کے چار جز کر کے ہر چار خانے میں ایک ایک جز مع اعداد کے مربع کی رفتار سے پُر کریں۔ جیسے اسم رزاق کے حروف مفردہ کو درج ذیل طریقہ سے پُر کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ق ١٠٠ | ا ١ | ز ٧ | ر ٢٠٠ |
| ر ٢٠٠ | ز ٧ | ا ١ | ق ١٠٠ |
| ا ١ | ق ١٠٠ | ر ٢٠٠ | ز ٧ |
| ز ٧ | ر ٢٠٠ | ق ١٠٠ | ا ١ |

## مخمس کے بھرنے کا طریقہ

واضح رہے کہ مخمس کے تخم و طرح نکالنے کا وہی طریقہ ہے جو مثلث مربع کے بیان میں گزر چکا ہے۔ نقش مخمس چونکہ ۲۵ خانہ رکھتا ہے اس طرح اس کا تخم پینسٹھ اور طرح ساٹھ ہے جملہ اعداد سے ساٹھ طرح کر کے پانچ سے تقسیم کریں خارج قسمت سے نقش پُر کریں۔ مثلاً اسم جلالت اللہ کے عدد چھیاسٹھ ہیں۔ ساٹھ طرح کر کے ۵ سے تقسیم کیا کسر ایک بچی۔ ایک سے نقش پُر کیا جائے اور کسر ایک ہو تو اکیسویں خانہ میں اور دو ہو تو سولھویں خانے میں اور تین ہو تو گیارھویں خانے میں اور کسر چار ہو تو چھٹے خانہ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ٧ | ١٣ | ١٩ | ٢٦ | ١ |
| ٢٠ | ٢٢ کسر یک | ٢ | ٨ | ١٤ |
| ٣ | ٩ | ١٥ | ١٦ کسر ٢ | ٢٣ |
| ١١ کسر ٣ | ١٧ | ٢٤ | ٤ | ١٠ |
| ٢٥ | ٥ | ٦ کسر ٤ | ١٢ | ١٨ |

| مخمس کا ذوالکتابۃ اس طرح پُر کیا جائے گا۔ | | | | | | نقش مخمس کی چال یہ ہے جس کو متقیاس کیا جاتا ہے۔ | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ص | ع | ی | ہ | ک | | ٧ | ١٣ | ١٩ | ٢٥ | ١ |
| ١١ | ١ | ٢١ | ٩١ | ٧١ | | ٢٠ | ٢١ | ٢ | ٨ | ١٤ |
| ٢٢ | ٩٢ | ٧٢ | ٧ | ٢ | | ٣ | ٩ | ١٥ | ١٦ | ٢٢ |
| ٦٨ | ٨ | ٣ | ٢٣ | ٩٣ | | ١١ | ١٧ | ٢٣ | ٤ | ١٠ |
| ٤ | ٢٤ | ٨٩ | ٦٩ | ٩ | | ٢٤ | ٥ | ٦ | ١٢ | ١٨ |



Marfat.com

# (۱) حضور اقدس شافع محشر ﷺ کی زیارت کے بیان میں اور استخارہ کے مجرب عمل

## درود تاج

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمْ ○ دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمْ ○ اِسْمُہٗ مَکْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمْ ○ سَیِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمْ ○ جِسْمُہٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَھَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمْ ○ شَمْسِ الضُّحٰی ○ بَدْرِ الدُّجٰی ○ صَدْرِ الْعُلٰی ○ نُوْرِ الْھُدٰی ○ کَھْفِ الْوَرٰی ○ مِصْبَاحِ الظُّلَمْ ○ جَمِیْلِ الشِّیَمْ ○ شَفِیْعِ الْاُمَمْ ○ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَ الْکَرَمْ ○ وَاللّٰہُ عَاصِمُہٗ ○ وَجِبْرَئِیْلُ خَادِمُہٗ ○ وَالْبُرَاقُ مَرْ ○ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُہٗ ○ وَسِدْرَۃُ الْمُنْتَھٰی مَقَامُہٗ ○ وَقَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُہٗ ○ وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُہٗ ○ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ○ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ ○ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ ○ اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ ○ رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ ○ رَاحَۃِ الْعَاشِقِیْنَ ○ مُرَادِ الْمُشْتَاقِیْنَ۔ شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ ○ سِرَاجِ السَّالِکِیْنَ ○ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِیْنَ ○ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسَاکِیْنَ ○ سَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ ○ نَبِیِّ الْحَرَمَیْنِ ○ اِمَامِ الْقِبْلَتَیْنِ ○ وَسِیْلَتِنَا فِی الدَّارَیْنِ ○ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَیْنِ ○ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَیْنِ وَالْمَغْرِبَیْنِ ○ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ ○ مَوْلٰنَا وَمَوْلَی الثَّقَلَیْنِ ○ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ ○ نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰہِ ○ یٰاَیُّھَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِہٖ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ○

**فوائد:**

① جو شخص عروج ماہ شب جمعہ میں بعد از نماز عشاء باوضو پاک کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر ایک سو ستر بار (۱۷۰) اس درود پاک کو پڑھ کر سو رہے گیارہ شب متواتر اسی طرح کرے ان شاء اللہ حضور ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوگا۔



Marfat.com

(۲) سحر و آسیب جن و شیطان کے دفع کے لیے اور چیچک کے لیے گیارہ بار پڑھ کر دم کر لے۔ان شاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

(۳) واسطے صفائی قلب کے ہر روز بعد نماز صبح ساٹھ بار اور بعد نماز عصر تین بار اور بعد نماز عشاء تین بار ورد رکھے۔

(۴) دشمنوں، ظالموں، حاسدوں اور حاکموں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے اور غم والم وافلاس دور ہونے کے لیے چالیس شب متواتر بعد نماز عشاء اکتالیس بار پڑھے۔

(۵) کشائش رزق کے لیے ساٹھ بار بعد نماز صبح ہمیشہ ورد رکھے۔

(۶) عقیمہ (بانجھ عورت) کے لیے ۲۱ خرموں پر سات سات بار دم کر کے ایک خرما (چھوہارا) روز کھلا دے اور بعد حیض طہر میں ہمبستر ہو۔بفضل خدا فرزند صالح پیدا ہو۔

(۷) اگر حاملہ پر خلل ہو تو سات دن برابر سات مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائے۔

(۸) واسطے مواصلت طالب و مطلوب اور ہر مقصود کے لیے بعد نصف شب باوضو چالیس بار صدق و یقین کے ساتھ پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ مطلوب دلی حاصل ہوگا۔

## ۹۔روایت:

حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کی شب میں دو رکعت نماز ادا کرے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پچیس بار سورۂ اخلاص پڑھے بعد سلام ہزار مرتبہ یہ درود پڑھے۔صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ تو ضرور مجھے خواب میں دیکھے گا۔اور جس نے مجھے خواب میں دیکھا اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف کر دے گا۔چاہیے کہ اس نماز کو ہفتہ و اتوار کی شب میں بھی پڑھے کہ اس درمیان میں جمال جہاں آرا سے مشرف ہوگا۔ان شاء اللہ تعالیٰ۔

## ۱۰۔برائے زیارت:

زیارت سراپا کرامت حضور انور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے بہترین عمل ہے۔اللھم ارزقنا ھا مرۃ بعد مرۃ وکرۃ بعد کرۃ بعد نماز صبح کوئی سا درود شریف ۲۰۰ مرتبہ، استغفار ۱۰۰ مرتبہ، سورۂ اخلاص ۱۰۰ مرتبہ اس کے بعد سورۂ یٰسین ایک مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب روح پر فتوح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدیہ کرے پہلی شب میں ایسا دیکھے گا کہ اژدہا ہے۔دوسری شب باغ و شہر نظر آئیں گے۔تیسری شب میں اژدہا اس کے بعد دیدار فیض آثار سرکار سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہوگا۔یہ مخصوص عمل ہے جس کی ہر شخص کو اجازت نہیں ہے۔

## ۱۱۔زیارت:

جوشخص شب جمعہ میں اکتالیس (۴۱) بار سورۂ مزمل پڑھ کر سوئے زیارت حضور رسالت مآب ﷺ سے مشرف ہوگا۔

## ۱۲۔زیارت:

جمعہ کی شب میں وضو کرکے ایک سو چالیس (۱۴۰) بار یہ درود شریف پڑھے۔اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ حَبِیْبِكَ اِنِّیْ مُشْتَاقٌ بِجَمَالِ رَسُوْلِكَ وَعَلٰی کَثِیْرٍ یَا اللّٰہُ اس کے بعد یہ رباعی چالیس بار پڑھے

نسیما جانب کویش گزر کن مگو آں نازنین شمشاد مارا
بہ تشریف قدوم خود زمانے مشرف کن خراب آباد مارا
کہ بے تشریف تو اسباب شادی نشاید خاطر ناشاد مارا

## ۱۳۔لِقَاءُ الرُّوْحَانِیَّات:

بعد نماز عشاء معین جگہ پر ۷۰ ۶ مرتبہ چالیس شب پڑھے۔اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ یا شیخ عبدالقادر شیئًا للّٰہ وصلی اللّٰہ تعالٰی علٰی خیر خلقہ والہٖ اجمعین لباس وجگہ پاک رہنا شرط ہے پرہیز۔گوشت، ہینگ،لہسن، پیاز،مولی،مشک،شہد اور عورت۔جس قدر ماکولات میں احتیاط ہوگی ملاقات صاف میسر ہوگی۔

## ۱۴۔استخارہ:

جوشخص کسی چیز کا انجام معلوم کرنا چاہے کہ خواب میں معلوم ہوجائے وہ رات کو وضو کرکے پاک وصاف کپڑے پہنے اور داہنی کروٹ پر لیٹ کر روبقبلہ سات بار والشمس اور سات بار واللیل اور سات بار والتین اور سات بار قل ھواللہ احد پڑھے اور خدائے تعالٰی سے التجا کرے کہ فلاں کام کا انجام تیرے عون وعنایت وفضل وکرم سے مجھے معلوم ہوجائے پھر کسی سے نہ بولے سات روز کرے۔

## ۱۵۔استخارہ عجیبہ:

بعد نماز عشاء غسل کرکے پاک وصاف لباس پہن کر خوشبو لگا کر یہ دعا سو (۱۰۰) بار تسمیہ کے ساتھ پڑھے۔بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الرحیم ھوالاول و الاخر والظاھر والباطن وھو بکل شیءٍ علیم

اس کے بعد پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اللھم صلی علی محمد و علی ال محمد بعدد ماعددك من العدد فی کل لحظة ولمحة من الازل والابد ۔

اس کے بعد سو جائے جو مطلب ہوگا حضور اقدس ﷺ کی زبان مبارک سے مفصل معلوم ہوگا۔

## ۱۶۔ پنج گنج خورد:

ہر نماز فرض کے بعد معاش و معاد کے لیے بے حد مفید ہے اور خاندان مارہرہ مطہرہ کا معمول ہے کہ مبتدیوں کو تعلیم کرتے ہیں بعد نماز فجر یا عَزِیْزُ یا اللّٰہُ بعد نماز ظہر یا کَرِیْمُ یا اللّٰہُ بعد نماز عصر یا جَبَّارُ یا اللّٰہُ بعد نماز مغرب یا سَتَّارُ یا اللّٰہُ بعد نماز عشاء یا غفار یا اللّٰہُ ہر ایک سو سو (۱۰۰) مرتبہ۔

## ۱۷۔ پنج گنج کلاں:

یہ بھی مبتدیوں کو تعلیم کرتے ہیں۔ بعد نماز فجر یا حی یا قیوم لا الہ الا انت سبحنك انی كنت من الظلمین ۱۱۱ بار۔ اور بعد نماز ظہر حسبی اللّٰہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم ایک سو گیارہ بار۔ بعد نماز عصر حسبنا اللّٰہ ونعم الوکیل ایک سو گیارہ بار۔ بعد نماز مغرب رب انی مسنی الضر وانت ارحم الراحمین ایک سو گیارہ بار۔ اور بعد نماز عشاء و افوض امری الی اللّٰہ ان اللّٰہ بصیر بالعباد ایک سو گیارہ بار اور آیت کریمہ فاستجبنا لہ ونجیناہ من الغم و کذلك ننجی المومنین گیارہ بار۔

## ۱۸۔ استخارہ بہت آسان و مختصر مفید:

دو رکعت نماز نفل تازہ وضو سے ادا کر کے سات بار یہ دعا پڑھے اول و آخر درود شریف تین تین بار اَللّٰھُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی اخْتِیَارِیْ اس کے بعد دل کو جانچے جس پر دل جمے وہ اختیار کرے۔

## ۱۹۔ استخارہ مجربہ از معمولات عزیزیہ:

دو رکعت نماز استخارہ کی نیت کر کے بعد تحریمہ آنکھیں بند کر کے سورۂ فاتحہ شروع کرے جب اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچے اس آیت کی تکرار کرتا رہے اگر داہنی جانب پھر جائے تو اس کا کرنا بہتر ہے اور بائیں جانب پھرے تو نامبارک ہے۔ پھر سورۂ فاتحہ پورا کر کے سورۂ اخلاص گیارہ بار یا تین بار پڑھ کر پہلی رکعت تمام کرے پھر دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ بے تکرار پڑھ کر سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھ کر نماز پوری کرے اور اگر کسی جانب نہ پھرے اور زیادہ تکرار کرنی پڑے تو حالت اجمالی ہے کرنے اور نہ کرنے میں مختار ہے۔



Marfat.com

### ۲۰۔استخارہ مجربہ:

کسی متبرک شب میں یہ نقش لکھ کر سرہانے رکھ کر سو جائے۔ خواب میں معلوم ہو جائے گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ارحمنی | یارشید | علمنی | یاخبیر |
| یاعلیم | اخبرنی | یارحیم | ارشدنی |
| یارشید | ارحمنی | یاخبیر | علمنی |
| اخبرنی | یاعلیم | ارشدنی | یارحیم |

یاشافی بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم
یا کافی یا خبیر اخبرنی یا رشید ارشدنی یاعلیم علمنی
یارحیم ارحمنی وصلی اللّٰہ تعالٰی علی سیدنا محمد و آلہ
وصحبہ وبارك وسلم آمین۔

### ۲۱۔استخارہ:

سونے کے وقت اللّٰہُ الصَّمَدُ ایک ہزار بار اول وآخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار پڑھ کر سو جائے۔ خواب میں حال معلوم ہوگا۔

### ۲۲۔آسان استخارہ:

سورۂ والضحیٰ گیارہ بار درود شریف ۱۱۔۱۱ بار پڑھ کر سو جائے خواب میں حال معلوم ہوگا۔

### ۲۳۔دریافت مطلب:

اگر کوئی چاہتا ہے کہ خواب میں اپنے مقصد کو دیکھے تو ان اسماء کو کاغذ پر لکھ کر اپنے سینہ پر رکھ کر سو جا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیاب ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَآاِلٰهُ يَا اِلٰهُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ يَآ اِلٰهُ يَا رَحْمٰنُ اِقْضِ حَاجَتِيْ اِقْه
حَاجَتِيْ يَا مَنَّانُ بِحَقِّ النَّبِيِّ صَاحِبِ الْقُرْاٰنِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

**نوٹ**: استخارہ کے بعض اعمال چہل اسماء اور خواص سور کے بیان میں آئیں گے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

### ۲۴۔درود غوثیہ:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِ
وَسَلِّمْ ○

### ۲۵۔درود اویسیہ:

سونے کے وقت پڑھے۔



Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَا عِنْدَكَ مِنَ الْعَدَدِ فِیْ کُلِّ لَحْظَةٍ وَّلَمْحَةٍ مِّنَ الْاَزَلِ اِلَی الْاَبَدِ وَاٰلِهٖ وَسَلِّمْ۔

۲۶۔درود رضویہ:

صَلَّی اللّٰهُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةً وَّسَلَامًا عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ○

۲۷۔درود حفظ ایمان:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَهُ الذَّاکِرُوْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِهِ الْغَافِلُوْنَ ہر روز ایک سو گیارہ بار پڑھے ایمان کی حفاظت ہوگی خاتمہ بالخیر ہوگا۔

۲۸۔استخارہ مجربہ کہ اکابر اولیاء کرام کے نزدیک مجرب ہے:

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ سونے سے پہلے چھ رکعت ایک سلام سے بہ نیت استخارہ پڑھے پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ والشمس دوسری میں واللیل تیسری میں والضحیٰ چوتھی میں الم نشرح پانچویں میں والتین چھٹی میں انا انزلنا سات سات بار بعد سلام اللہ تعالیٰ کی حمد وسلام ثنا کرے اور درود شریف پڑھ کر یہ دعا کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّ اِبْرٰھِیْمَ وَمُوْسٰی وَرَبَّ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَرَبَّ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَرَبَّ عِزْرَائِیْلَ وَاَنْتَ یَا رَبَّ مُنَزِّلَ التَّوْرَاةِ وَمُنَزِّلَ الْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ ھٰذِهِ اللَّیْلَةَ مِنْ اَمْرِیْ وَمَا اَنْتَ بِهٖ اَعْلَمُ۔

اس کے بعد کسی سے گفتگو نہ کرے ایک ہفتہ کے بعد خواب میں کوئی بزرگ آئیں گے اور حال واقعی کی خبر دیں گے اور اس کی تدبیر بتائیں گے۔اعتقاد ویقین شرط ہے صاحب جامع اللطائف نے فرمایا کہ اکابر نے اسے مجرب پایا ہے اور میں نے کئی مرتبہ اس کا تجربہ کیا۔

☆=☆=☆

# بلندی منصب و تسخیر

۲۹۔ اگر کسی کا منصب ختم ہو گیا ہو دوبارہ حاصل کرنا چاہتا ہو تو اعداد آیت

قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِكَ الْخَیْرُ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّیْلِ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ○

نکال کر اپنے نام کے اعداد کے ساتھ مربع ساعت سعد قمر مسعود میں پر کرے۔ نقش لکھتے وقت خوشبو کرے اور اس مربع کو سیدھے بازو پر باندھے اور آیت مذکورہ کو سو بار ایک ہفتہ پڑھے آیت پڑھنا اور تعویذ باندھنا جمعہ کا دن ماہ ثابت میں ہو ان شاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ یعنی آئندہ جمعہ تک منصب حاصل ہو اگر مقبولیت میں تاخیر دیکھے پڑھنا موقوف نہ کرے البتہ کم کر دے اور ہر فریضہ کے بعد پانچ پانچ بار پڑھے تا حصول مطلب ترک نہ کرے اور اگر اس قدر ممکن نہ ہو تو پچیس بار بعد نماز فجر ورد رکھے اعداد آیت کی تحقیق سیدنا اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ یہ ہیں سولہ ہزار آٹھ سو اناسی۔ (۱۶۸۷۹)

۳۰۔ عز و جاہ و حصول قرب سلاطین:

ایک چلہ میں ہر روز اسی بار پڑھے عنقریب مراد کو پہنچے اگر ورد کرے ہرگز نامراد نہ ہو۔

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ○

۳۱۔ حصول جاہ:

ایک سو ایک بار بعد نماز فجر پڑھے مجرب ہے اور اس نقش کو باندھے یَا عَزِیْزُ تَعَزَّزْتَ بِالْعِزَّةِ وَالْعِزَّةُ فی عزة عزتك یا عزیز نقش یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٢١٧٦٨٣٦ | ٢١٧٦٨٤٩ | ٢١٧٦٨٥٢ | ٢١٧٦٨٤٨ |
| ٢١٧٦٨٥١ | ٢١٧٦٨٣٩ | ٢١٧٦٨٤٥ | ٢١٧٦٨٥٠ |
| ٢١٧٦٨٣٠ | ٢١٧٦٨٥٣ | ٢١٧٦٨٣٧ | ٢١٧٦٨٤٤ |
| ٢١٧٦٨٤٨ | ٢١٧٦٨٣٣ | ٢١٧٦٨٤١ | ٢١٧٦٨٥٣ |



Marfat.com

## ۳۲۔ برائے عشق الٰہی:

ھب لی ملك عشقك یا وھاب ایک ہزاور ایک باراول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار بعد نصف شب پڑھیں۔

## ۳۳۔ برائے شوق عبادت ودفع محبت دنیا:

بعد نصف شب ایک ہزار ایک بار پڑھے۔

جو چمن سے گزرے تو اے صبا تو یوں کہیو بلبل زار سے
کہ خزاں کا دن تو ہے سامنے نہ لگیو دل کو بہار سے

## ۳۴۔ حصول فیض وشب قدر وبلندی جاہ:

مجرب ہے سورۃ القدر روزانہ بیس شعبان سے تیرہ بار پڑھے اول وآخر درود شریف پڑھے اور خوشبو جلائے اس سورۃ کے مؤکل جبرئیل علیہ السلام ہیں۔

## ۳۵۔ برائے دفع شر نفس:

فوائد آیت کفایہ سبعہ ① سوتے وقت ۳ بار بقصد زیارت سرکار دو عالم بشرط طہارت واخلاص ② سات بار پڑھ کر مریض پر دم کریں مرض دفع ہو یا تخفیف ہو ③ ستر بار اخلاص کے ساتھ جس مصیبت میں ہو چھٹکارا پائے ④ غنا کی نیت سے ہر نماز کے بعد ستر بار ⑤ حاکم کے سامنے جاتے وقت ستر بار ⑥ جس کا مقابل ذی ہواس کے سامنے جاتے وقت چار بار آیت کفایہ سبعہ یہ ہے۔ بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم ○ فسیکفیکھم اللّٰہ وھو السمیع العلیم ○ و کفی باللّٰہ حسیبا ○ و کفی باللّٰہ حکیما و کفی باللّٰہ ولیا ○ وکفی باللّٰہ نصیرا ○ و کفی باللّٰہ علیما ○ و کفی باللّٰہ شھیدا ○ و کفی باللّٰہ و کیلا ○ و کفی بربك ھادیا و نصیرا ○ و کفی بربك بذنوب عبادہ خبیرا بصیرا ○ و کفی بربك و کیلا ○ و کفی اللّٰہ المومنین القتال و کان اللّٰہ قویا عزیزا ○ برحمتك یا ارحم الراحمین وصلی اللّٰہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد النبی الامی وعلی الہ وصحبہ وسلم۔

## ۳۶۔ اللہ تعالیٰ سے محبت کے لیے:

اللہ عزوجل کا شوق زیادہ ہو۔ بعد نماز عشاء ہمیشہ ایک ہزار بار پڑھے مرتبہ شوق کو پہنچے کہ خود ضبط نہ کر سکے۔ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ ۔

## ۳۷۔ ایضاً:

مطلوب الطالبین فی احوال سیدنا نظام الدین قدس سرہٗ میں حضرت شیخ فرید گنج شکر قدس سرّہٗ نے فر
یَا دَائِمَ الْعِزِّ وَالْبَقَایَا وَاھِبَ الْجُوْدِ وَالْعَطَایَا اللّٰہ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ
وقت صبح ستر بار ورد رکھے۔

## ۳۸۔ ترقی جاہ وتسخیر، عمل سورۂ جمعہ:

تاریخ طاق سے جمعرات کو شروع مہینہ سے اکیس بار سورۂ جمعہ گیارہ بار درود تنجینا اول آخر درود شر
گیارہ بار گیارہ روز تک پڑھے۔

## ۳۹۔ تسخیر حکام:

کھٰیٰعص ○ حٰمٓعسق ○ حاکم کے روبرو جسے جانا ہو یہ عمل کرکے اپنے گھر سے چلے ہر حرف پر ایک
داہنے ہاتھ سے بند کرنا شروع کرے کاف کہے چھنگلیا داہنی بند کرے ھ کہے چھنگلیا کے برابر کی انگلی بند کرے
ہر حرف پر انگلی بند کرے ص پر انگوٹھا داہنے ہاتھ کا پانچوں انگلیاں بند کر چکے تو کہے کُفِیْتُ پھر بائیں ہاتھ کی چھ
کہہ کر بند کرے پھر اس کے برابر کی م کہہ کر ایسے ہی حرف پر انگلی بند کرے اور انگوٹھا ق کہہ کر پھر کہے حُمِیْتُ
کہے فسیکفیکھم اللّٰہ وھو السمیع العلیم ط دونوں ہاتھ کی مٹھیاں بند رکھے۔ تمام راہ یونہی مٹھیاں بند
جب حاکم کے سامنے جائے تو الم نشرح شریف پڑھ پڑھ کر ایک ایک انگلی کھولے جب دسوں انگلیاں کھول
دعا کی طرح ہاتھ اٹھا کر حاکم کی طرف پھیلے ہوئے ہاتھوں پر اس نیت سے حاکم کی نظر بچا کر پھونکے کہ
خلاف میرے ضرر کی کوئی بات حاکم نہ کہے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے منہ میں گویا قفل پڑ جائے گا اور خدا چا
کوئی ضرر نہ پہنچے گا۔

## ۴۰۔ تسخیر حاکم:

یہ نقش موم جامہ کرکے ٹوپی میں ٹانک لے یا عمامہ کے بیچ میں رکھے بہر حال تعویذ پیشانی کی جانب ر
طرح حاکم کے روبرو جائے ان شاء اللہ تعالیٰ مہربان ہو۔

۴۱۔ تسخیرعام:

یاسمہسا ۷۸۶ یاملسا

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶ یابدیع | ۲۹ السمٰوٰت | ۲۶ والارض | ۲۳ یاباقي |
| ۲۷ یاباقي | ۲۲ والارض | ۱۷ السمٰوٰت | ۲۸ یابدیع |
| ۲۱ السمٰوٰت | ۲۴ یابدیع | ۳۱ یاباقي | ۱۸ والارض |
| ۳۰ والارض | ۱۹ یاباقي | ۲۰ یابدیع | ۲۵ السمٰوٰت |

اللھم سخر قلب فلاں و حاکمو اھل عملہ و کلای عملہ وزبان بدگویاں از ہر مخاطب واولاد آدم وبنت حواعلی حب و محبۃ ودوستی فلاں بن فلاں مسخر و مطیع گردو۔

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ یا اللّٰہ | ۱۴ المحمود | ۱۱ فی کل | ۸ فعالہ |
| ۱۲ فعالہ | ۷ فی کل | ۲ المحمود | ۱۳ یااللّٰہ |
| ۶ المحمود | ۹ یا اللّٰہ | ۱۶ فعالہ | ۳ فی کل |
| ۱۵ فی کل | ۴ فعالہ | ۵ یااللّٰہ | ۱۰ المحمود |

اللھم سخر قلب فلاں و حاکمو اھل عملہ و زبان بدگویاں از ہر مخاطب واولاد آدم وبنت حواعلی حب و محبۃ ودوستی فلاں بن فلاں مسخر و مطیع گردو۔

## ۴۲۔ عمل سورۃ رحمٰن شریف مجرب برائے تسخیر عوام وخسرہ چیچک اطفال:

سورۂ رحمٰن شریف کو تسخیر عوام کے لیے اس طرح پڑھے کہ جب آفتاب طلوع ہو اور نماز پڑھنی درست ہو جائے اس وقت اس کی طرف منہ کر کے یہ سورت پڑھے اور ہر آیت فبای اٰلاء ربکما تکذبان پر اس کی طرف انگلی سے اشارہ کرے۔ چالیس روز بہ نیت زکوٰۃ پڑھے پھر ہر روز ایک بار پڑھ لیا کرے اور جب کسی کے سامنے جائے تو یہ سورت ایک بار پڑھ لیا کرے اگر ممکن نہ ہو تو تین بار فبای اٰلاء ربکما تکذبان پڑھ لے۔ اور مرض چیچک کے لیے گنڈہ بنا کر (نیلے ڈورے کا) سورۂ رحمٰن پڑھے اور ہر آیت فبای اٰلاء ربکما تکذبان پر ایک گرہ لگاتا جائے اور پھونکتا جائے پھر گنڈے کو بچے کے گلے میں ڈال دے مگر چیچک ظاہر ہونے کے بعد ہی۔

۴۳۔ تسخیر: آفتاب کے طلوع سے قبل ہمیشہ پڑھے۔ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اور وہ سب مسخر و مقہور ہوں گے۔ مولیٰ علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم اللّٰھم سخرلی اعدائی کما سخرت الریح لسلیمٰن بن داؤد علیھما السلام ولینھم کما لینت الحدید لداؤد علیہ السلام و ذللھم کما ذللت فرعون لموسیٰ علیہ السلام وقہرھم کما قہرت اباجھل لمحمد علیہ السلام بحق کھٰیٰعص و بحق حٰمٓعسٓق صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْن ایاک نعبد و ایاک نستعین فسیکفیکھم اللّٰہ وھو السمیع العلیم والحمد للّٰہ رب العلمین۔

۴۴۔ تسخیر: اس نقش کو دائیں طرف سے لپیٹے روئی میں اور چراغ میں تل کے تیل میں روشن کرے۔ اور چراغ



Marfat.com

کی بتی مطلوب کے گھر کی طرف کرے اور یکشنبہ کو سات نقش لکھے اور ہر روز سات روز تک وہ نقش روشن کرے۔ اور اس کے بعد پھر روز سات نقش لکھے ایک چلہ تک اور ناغہ نہ کرے تاکہ چلہ خراب نہ ہو اور بوقت ضرورت کام آئے یا خلوت میں رہے چالیس روز تک اور ہر روز سات نقش لکھ کر دریا میں یا کنوئیں میں ڈالے شروع ذی قعدہ سے یا ہر شروع مہینہ سے شروع کرے مجرب ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨ | ١١ | ١۴ | ١ |
| ١٣ | ٢ | ٧ | ١٢ |
| ٣ | ١٦ | ٩ | ٦ |
| ١٠ | ٥ | ۴ | ١۵ |

الخب
فلاں بن فلاں علی
حب فلاں بن فلاں بحق
یا بدوح

## ۴۵۔ تسخیر:

دلوں کے تسخیر کے لیے ہر روز تین سو تیرہ بار اس اسم کو پڑھے۔

**یَا عَطُوْفُ ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِیْنَ اَعْطِفْ عَلٰی قَلْبِ فُلَاں بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔**

## ۴۶۔ تسخیر:

تمھارے لیے وہ شخص مسخر ہو جائے گا جس کی طرف حاجت ہے حاکم ہو یا غیر۔ یا حافظ یا حفیظ یا ناصر یا نصیر ایاك نعبد و ایاك نستعین سات بار اولی و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھ کر اپنے چہرے پر دم کرے اور اس کے سامنے جائے محبت سے پیش آئے گا۔

## ۴۷۔ دعا جامع المطلوب و دافع الکروب:

یہ دعا کتب معتبرہ و احادیث صحیحہ سے منقول ہے دین و دنیا کی برکات اور جمیع مرادات کے لیے یہی کافی ہے۔ تسخیر خلائق کے لیے اکسیر ہے اور نحوسات سیارگاں کے دفع کے لیے بے نظیر ہے اور استخارہ عجیبہ سے ہے۔

**بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط یَا مَلٰٓئِکَةُ کُلُّکُمْ بِاَمْرِ اللّٰهِ اَنْ تُغِیْثُوْنِیْ وَاَنْ تُعِیْنُوْنِیْ وَاَنْ تُمِدُّوْنِیْ فِیْ مُرَادِیْ وَ مَقْصُوْدِیْ وَاحْفَظُوْا لِیْ مَالِیْ وَاَهْلِیْ وَوُلْدِیْ وَوَلَدِیْ وَذُرِّیَّاتِیْ وَاِخْوَانِیْ وَاَحِبَّائِیْ وَاَصْدِقَائِیْ وَمَا اَحَاطَتْ عَلَیْهِ شَفَقَةُ قَلْبِیْ مِنْ اٰفَاتِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنْ نُحُوْسَاتِ الزُّحَلِ وَالْمُشْتَرِیْ وَالْمِرِّیْخِ وَالشَّمْسِ وَالزُّهْرَةِ وَالْعُطَارِدِ وَالْقَمَرِ وَالرَّاْسِ وَالذَّنَبِ وَالْاِکْلِیْلِ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ ذِیْ شَرٍّ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّیَاطِیْنِ وَسَاحِرٍ وَّفَاجِرٍ وَّظَالِمٍ وَّبَاغٍ وَّطَاغٍ وَمَارِدٍ مُعَانِدٍ وَّلَاحِقٍ وَّسَابِقٍ وَّمُتَحَرِّكٍ وَّسَاكِنٍ وَّهَامَّةٍ وَّشَامَّةٍ وَّلَامَّةٍ وَّذَکَرٍ وَّاُنْثٰی**

Marfat.com

وَمِنْ اٰفَاتِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَمِنْ شَرِّ الْبَرِّيَّةِ وَالْبَحْرِيَّةِ اَجْمَعِيْنَ وَاعْلَمُوْا اَبْصَارَهُمْ وَ اَقْبِضُوْا لِسَانَهُمْ وَاَيْدِيَهُمْ وَعَلِّمُوْنِيْ عِلْمَ الَّذِيْ يَكُوْنُ نَافِعًا وَّصَرْفًا عَلٰى جَمِيْعِ الْعُلُوْمِ وَاَعْطُوْنِيْ رِزْقًا حَلَالًا طَيِّبًا وَجَلِّبْتُكُمْ لِجَلْبِ قُلُوْبِ الْخَلْقِ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ اِلَيَّ بِالْمَوَدَّةِ وَالْمَحَبَّةِ وَانْصُرُوْنِيْ نُصْرَةً عَلٰى سَائِرِ الْاَعْدَآءِ وَاَخْبِرُوْنِيْ مَا فِي الْحَوَادِثِ الْخَيْرِ وَالشَّرِّ قَبْلَ وَقْتِ الْوُقُوْعِ وَمَا اَطْلُبُ مِنْ اَخْبَارِ الْعَالَمِ الْعَجَلُ الْعَجَلُ اَلْعَجَلُ السَّاعَةَ السَّاعَةَ اَلسَّاعَه اَلسَّاعَه اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا بِحَقِّ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَوَلَدِهِ الشَّرِيْفِ السَّيِّدِ مُحَيِّ الدِّيْنِ حَضْرَةِ الشَّيْخِ عَبْدِالْقَادِرِ الْجِيْلَانِيْ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَبِحَقِّ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط

O=O=O



Marfat.com

# بابُ المحبّۃ

## ۴۸۔ اتفاق زن وشوہر:

۷۸۶

| | |
|---|---|
| یا مصطفٰی | یا نبی |
| یامجتبٰی | یا مرتضٰی |

صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ و علٰی الہ وصحبہ اجمعین
اللھم الف محبۃ فلاں بن فلاں بجاہ من ھواحب حبیب الیك صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ وسلم

یہ تعویذ چاندی یا سونے میں منڈھ کر عورت اپنی چوٹی میں رکھے شوہر کو یہ نہ بتائے کہ کیا ہے اور یہ عمل تین ماہ تک برابر چڑھتے چاند میں گیارہ دن برابر ہر روز ساڑھے گیارہ سو مرتبہ اول وآخر درود شریف ١١۔١١ بار پڑھے اور فلاں کی جگہ شوہر کا نام لے۔ عمل یہ ہے۔ کریما کرم کر رحیما رحم کر دل سخت فلاں رانرم کر محمد رسول اللہ ﷺ سے بادشاہ کو درمیان کر میری اڑی مشکل آسان کر مجرب ہے۔

## ۴۹۔ دیگر:

| | |
|---|---|
| یا مصطفٰی | یا نبی |
| یامجتبٰی | یا مرتضٰی |

یہ نقش شرف زہرہ میں مشک و زعفران اور بجوڑی روشنائی سے لکھ کر حسب ترکیب بالا استعمال کریں۔

صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ و علی الہ و صحبہ اجمعین وبارك وسلم اللّٰھم بجاہ ھذا الحبیب الف محبۃ فلاں بنت فلاں علی قلب فلاں بن فلاں کما الفت محبۃ بلقیس علی قلب سلیمٰن و سخر قلبہ کما سخرت فرعون لموسٰی ولین لھا قلبہ کما لینت الحدید لداؤد و حبّبھا کما حبّبت عائشۃ الٰی حبیبك سیدنا و مولانا محمد صلی اللّٰہ تعالٰی نبینا و علیھم الصلوٰۃ والسلام اجمعین۔

## ۵۰۔ عمل یاودود حب وجذب قلوب:

سیدنا اعلٰی حضرت رضی اللہ عنہ کے خاندان میں قدیم زمانے سے معمول ہے نمک لاہوری یا نمک سانبھر پاکیزہ لے اور اس پر جمعرات کے دن ایک ہزار ایک مرتبہ یا وَدُوْدُ اول آخر درود شریف ١١۔١١ بار پڑھ کر دم کرے۔ اس وقت سے زمین پر نہ رکھے اور مطلوب کو چند مرتبہ کھلائے ان شاء اللہ تعالٰی باذن خداوندی وہ مطیع ومنقاد ہو گا پڑھتے وقت مطلوب کا تصور کرے۔



Marfat.com

## ۵۱۔زن وشوہر کی ناراضگی دور کرنے کے لیے آزمودہ ہے:

ایک روٹی کے تیرہ ٹکڑے کرے اور ہر ٹکڑے پر یہ ۱۳ طلسم لکھے اگر مرد ناراض ہے تو کتے کو ورنہ کتیا کو کھلائے۔ایک ہی دفعہ ڈال دے یا چند مرتبہ میں۔تین دن متواتر کرے ان شاء اللہ ناراضگی جاتی رہے گی۔

٦　١٥　ع　ع٩　٣٩　٥٩

ع　٩٩　٥٥　عہ　٥٧　١٢　ع

## ۵۲۔برائے محبت مجرب المجرب ہے:

برفی پر گلاب یا زعفران سے ایک طرف نقش اجل ۳۴ لکھے اور دوسری جانب یہ دعا لکھ کر مطلوب کو کھلائے۔اللھم صلی علی سیدنا محمد و الہ وسلم اللھم الف بین فلاں بنت فلانۃ و فلاں بن فلاں کما الفت بین ادم و حواء اللھم الف بینھما کما الفت بین ابراھیم و سارہ اللھم الف بینھما کما الفت بین موسیٰ و صفورا اللھم الف بینھما کما الفت بین محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم و عائشۃ اللھم الف بینھما کما الفت بین علی و فاطمۃ اللھم صلی علی سیدنا محمد و الہ وسلم۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

## ۵۳۔سورۂ فاتحہ کا عمل برائے محبت زن وشوہر:

سورہ فاتحہ سو مرتبہ تنہائی میں پڑھ کر کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلائے۔مجرب ہے۔

## ۵۴۔دیگر طریقہ:

سورہ فاتحہ سو دانہ گول مرچ پر پڑھتا جائے اور مطلوب کا نام لے کر جلاتا جائے مطلوب بے قرار ہوگا۔

## ۵۵۔ایضاً:

چالیس دانہ گول مرچ لے کر ہر ایک دانہ پر پچاس پچاس مرتبہ آیت کریمہ ختم اللہ علی قلوبھم و علی سمعھم وعلی ابصارھم غشاوۃ ولھم عذاب عظیم ط پڑھ کر مطلوب کے نام سے جلائے اور اس کا تصور رکھے۔ یہ عمل معمولات عزیزیہ میں بھی مذکور ہے۔



Marfat.com

## ۵۶۔ محبت کا بے نظیر عمل:

شیرینی پاکیزہ لے کر اس پر آیت کریمہ عسی اللّٰہ ان یجعل بینکم و بین الذین عادیتم منھم مودۃ واللّٰہ قدیر واللّٰہ غفور رحیم۔ ایک سو گیارہ بار یا مطلوب کے نام کے عدد کے برابر پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ چندروز میں مطلوب بے قرار ہوگا۔

## ۵۷۔ برائے محبت زوجین مجرب ہے:

اس مربع کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھے اور دعا کو طالب مطلوب کے نام کے عدد کے برابر پڑھے دعا یہ ہے۔

اللھم صلی علی سیدنا محمد و حببنی الی زوجی و (زوجتی) بحرمۃ ربنا ھب لنا من ازواجنا و زریتنا قرۃ اعین واجعلنا للمتقین اماما اور اس دعا کو نقش کے نیچے بھی تحریر کرے اور مطلوب عورت ہو تو وحببنی الی زوجتی ورنہ زوجی لکھے اور پڑھے۔




## ۵۸۔ دشمن کو مسخّر کرنے کا مجرب عمل:

اگر چاہے کہ دشمن مطیع و منقاد ہو جائے۔ پان پر لکھ کر یا دم کر کے کھلا دے۔

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم ومن الناس من یتخذ من دون اللّٰہ انداد ایحبونھم کحب اللّٰہ والذین امنوا اشد حبا للّٰہ ط ولو یری الذین ظلموا اذیرون العذاب ان القوۃ للّٰہ جمیعا وصلی اللّٰہ تعالیٰ علی سیدنا محمد و الہ وصحبہ وسلّم۔

## ۵۹۔ محبت میں دیوانہ بنانے کا عمل:

ان کلمات کو ۴۰ مرتبہ مرچ سرخ پر دم کر کے جلائے والقیت علیك محبۃ منی ولتصنع علی عینی ط الٓمّٓ ذلك الکتب لاریب فیہ ط اللّٰہ لا الٰہ الا ھوالحی القیوم کھیٰعص حمعسق الٓمٓصٓ ن والقلم وما یسطرون۔ بحق ایاك نعبدو ایاك نستعین برحمتك یا ارحم الراحمین یہ عمل معمولات میں بھی ہے۔ یا

طھمونا ستر بار کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلائے۔

## ۶۰۔ محبت کا بار ہا




آزمودہ نقش:

باوضو لکھ کر درخت پر لٹکائے ان شاءاللہ تعالیٰ مطلوب منقاد و فرمانبردار ہو گا۔

## ۶۱۔ محبوب کو بلانے کا عمل جو تجربہ میں آچکا ہے:

(دعوت یا بدوح) اولاً آٹھ دن گوشت و مچھلی نہ کھائے اس کے بعد دعوت یا بدوح کرے مندرجہ ذیل طریقے سے بدوح کا نقش پر کرے اور ہر نقش پر ساٹھ بار اس طرح پڑھے اجب یا جبرائیل یا دردائیل یا رفتمائیل یا تنکفیل سامعا مطیعا بحق یا بدوح۔ اسی طرح ہر روز ساٹھ نقش پر کرے اور ساٹھ بار پڑھے ساٹھ دن تک۔ بعد ساٹھ دن کے حسب ضرورت اس نقش کو پر کرے اور خالی خانہ میں اس شخص کا نام لکھ کر آگ پر رکھے خدا کے حکم سے وہ شخص حاضر ہوگا۔ ان شاءاللہ

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵ | ۴۰ | 5 |
| ۱۰ | ۲۰ | ۳۰ |
| ۳۵ | | ۲۵ |

## ۶۲۔ محبت کا مجرب فتیلہ:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۵ | ۱۸ | ۲۱ | ۸ |
| ۲۰ | ۹ | ۱۴ | ۱۹ |
| ۱۰ | ۲۳ | ۱۶ | ۱۳ |
| ۱۷ | ۱۲ | ۱۱ | ۲۲ |

فلاں بن فلاں زود مطیع فلاں بن فلاں بود

اس فتیلہ کو لکھ کر تل کے تیل میں جلائے۔ تین دن اور ہر دن نیا پلیتہ ہو تو بہتر ہے۔

## ۶۳۔ محبت کا مجرب عمل:

اکیس دانہ سرسوں لے کر ہفتہ کی رات میں ہر دانہ پر ایک ایک بار پڑھ کر دم کرے اور آگ میں جلائے اور دن میں اس کے سامنے جائے مطیع و شیدا ہوگا۔ واللہ یختص برحمتہ من یشاء واللہ ذوالفضل العظیم۔ مجرب ہے بفضل خدائے تعالیٰ۔



Marfat.com

## ۶۴۔مہجور کی ملاقات کا عمل:

اس آیت کو کثرت سے پڑھے ملاقات ہوگی۔

ربنا انك جامع الناس ليوم لاريب فيه ان الله لا يخلف الميعاد ۔

## ۶۵۔محبت کا عجیب عمل:

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَہٗ اِلَیَّ بعد نماز فجر یا عشاء بروز جمعہ ساعت سعید میں شروع کرے اول وآخر درود شریف ۱۱۔۱۱بار اور شروع کرنے سے پہلے شیرینی پاکیزہ پر نیاز حضور سید عالم ﷺ اور حضور غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کی دلائے اور درمیان میں کلام نہ کرے اور فاتحہ کے لیے کچھ میسر نہ ہو تو خالی فاتحہ پڑھ کر بخش دے اور مطلوب کے نام کے برابر پڑھے اور جب تک مراد حاصل نہ ہو پڑھنا بند نہ کرے بعدہ عدد مادر مطلوب اور اپنے نام اور اپنی والدہ کے نام کے اعداد نکال کر مطلوب کے اعداد میں اضافہ کر کے ایک چلہ پڑھے بے شک مطلوب مسخر ہو گا۔(معمولات)

## ۶۶۔وفق سیفی برائے محبت وتسخیر:

اس نقش کو نام مطلوب وطالب کے ساتھ لکھ کر بازو پر باندھے ان شاءاللہ تعالیٰ فائدہ تام حاصل ہوگا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۸۶۰۶ | ۱۲۸۶۰۹ | ۱۲۸۶۱۲ | ۱۲۸۵۹۸ |
| ۱۲۸۶۱۱ | ۱۲۸۵۹۹ | ۱۲۸۶۰۵ | ۱۲۸۶۱۰ |
| ۱۲۸۶۰۰ | یاعطوف ذالقوة المتين اعطف على قلوب العلمين | ۱۲۸۶۰۷ | ۱۲۸۶۰۴ |
| ۱۲۸۶۰۸ | ۱۲۸۶۰۳ | ۱۲۸۶۰۱ | ۱۲۸۶۱۳ |

## ۶۷۔اتفاق زن وشوہر کا مجرب عمل:

چالیس دانہ مرچ سیاہ لے کر سو مرتبہ اس عزیمت کو پڑھ کر کہے۔الحب فلاں بن فلں علی حب فلاں بن فلاں یا بنت فلانہ دم کر کے آگ میں ڈالے یہ عزیمت یہ ہے۔بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کھٰیٰعص حمٓعسق یٰس والقران الحکیم۔ ن والقلم و ما یسطرون ایاك نعبدو ایاك نستعين وصلى الله تعالىٰ خير خلقه سيدنا محمد و اله وصحبه اجمعين۔ (معمولات عزیزیہ)

## ۶۸۔نقش مخمس برائے محبت:

بازو پر باندھے مجرب وآزمودہ ہے نیز شہد یا شکر یا دودھ میں ملا کر پلانا بھی بے حد مفید ہے۔



Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تراود | فتاها | نفسه عن | شغفها قد | حبًّا |
| فتاها | نفسه عن | شغفها قد | حبًّا | تراود |
| نفسه عن | شغفها قد | حبًّا | تراود | فتاها |
| شغفها قد | حبًّا | تراود | فتاها | نفسه عن |
| حبًّا | تراود | فتاها | نفسه عن | شغفها قد |

۶۹۔فتیلہ برائے محبت: ہفتہ کے دن ۶۱۱۲۵۲۱ وول ۹۹۱۱۱۶۸
۱۶۵۱۵۱۱۱ وو ۴۴۱۱۱۱۶۱۸
کبوتر سیاہ کے خون سے لکھ کر روئی لپیٹ
کر فتیلہ بنائیں اور کورے چراغ میں رکھ کر جلائیں تلی کے تیل سے۔

۷۰۔فائدہ:

خون سائل شریعت مطہرہ کے نزدیک نجس ہے اعمال محبت وتفریق اور آیاتِ قرآنی وغیرہ نجاست سے لکھنا ناجائز وحرام ہے۔پس اس کا طریقہ یہ ہے کہ کلیجی جو خون منجمد پاک ہے کوٹ کر اس سے تحریر کریں یا آہنی قلم کلیجی میں کونچ کر لکھیں۔اس صورت میں حقیقۃً خون ہی سے لکھنا ہوگا۔

**نوٹ:** محبت کے بعض اعمال چہل اسماء کے بیان میں یا خاصیت آیات کے بیان میں مذکور ہوں گے۔اس باب کے اعمال بہت زیادہ ہیں مفید ومجرب چن لیے گئے ہیں۔باقی آئندہ ان شاءاللہ۔یہ خیال رہے کہ کبھی ناجائز کام کے لیے ان اعمال کو نہ کرے ورنہ فیض سے محروم رہے گا۔

۷۱۔نقش مخمس:

مستخرجہ سیدی الکریم حضور مفتی اعظم ہند دامت برکاتہم العالیہ ایک طرف نقش تکسیر جنہ مع سہ مثلث جو آگے نقل ہوگا۔دوسری طرف یہ نقش مخمس مربع جس کے نیچے چاروں طرف یہ عبارت ساعت سعد میں کندہ کرا کے استعمال کریں۔تسخیر کے لیے بے نظیر ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۱۳ | ۲۲۷ | ۲۲۴ | ۲۲۱ |
| ۲۲۵ | ۲۲۰ | ۲۱۴ | ۲۲۶ |
| ۲۱۹ | ۲۲۲ | ۲۲۹ | ۲۱۵ |
| ۲۲۸ | ۲۱۶ | ۲۱۸ | ۲۲۳ |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا اللہ یا رحمن یا رحیم دل مارا کن مستقیم بحق ایاک

نعبد و ایاك نستعین یا حی یا قیوم لا الہ الا انت سبحنك انی كنت من الظلمین برحمتك استغیث یا ارحم الراحمین یا لطیف یا رؤف یا عطوف ذا القوۃ المتین اعطف علی قلوب العلمین بجاہ حبیبك سیدنا محمد طہ و یسین و صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ صحبہ اجمعین وبارك وسلم۔

## ۷۲۔ تسخیر عوام الناس مثلث محیط الاسرار راز حروف مقطعات:

مختصر فوائد و برکات در شرف آفتاب یا در شرف مشتری بہتر ہے شرف آفتاب یا اس کے اوج میں چاندی کے پتر پر اور بدرجہ مجبوری تانبے کے پتر پر کندہ کرا کے سونے یا چاندی کی قلعی کرا کے اپنے پاس رکھے امراء و سلاطین و علماء و ملوک و فضلاء و فقراء کے یہاں عزیز و بزرگ ہو اور کسی قسم کا سحر و جادو اس پر اثر نہ کرے۔ اور شیاطین کے شر اور ظالموں کے ظلم اور ناگہانی موت اور ہر قسم کے آسیب و دیو، پری وغیرہ سے حق تعالیٰ کی امان میں ہو اور کسی کا محتاج نہ ہو اور ہمیشہ ہمیشہ اپنے مقصد میں کامیاب رہے۔

۷۳۔ تکسیر جنہ: چاہیے کہ اس نقش کو ریشم کے کپڑے میں مثل دائرہ ہو لکھ کر نگاہ رکھے اور وقت ضرورت حاکم کے سامنے جانا ہو تو اس تعویذ کو پانی میں دھو کر پی کر حاکم کے پاس جائیں حاکم مہربان ہوگا اگرچہ خون کیے ہو ضرور حاکم معاف کرے گا اور مہربانی سے پیش آئے گا۔ ان شاء المولیٰ تعالیٰ مجرب ہے۔

### نقش تکسیر جنہ





Marfat.com

نوٹ: تکسیر جنہ جب نقش مخمس کی پشت پر کندہ ہوتا ہے تو یہ تینوں مثلث اس کے بیچ میں کندہ کیے جاتے ہیں۔

| ۷۸۶ | | |
|---|---|---|
| ۲۶۰ | ۲۶۵ | ۲۵۸ |
| ۲۵۹ | ۲۶۱ | ۲۶۳ |
| ۲۶۴ | ۲۵۷ | ۲۶۲ |

| ۷۸۶ | | |
|---|---|---|
| ۱۲۶۶ | ۱۲۷۱ | ۱۲۶۴ |
| ۱۲۶۵ | ۱۲۶۷ | ۱۲۶۹ |
| ۱۲۷۰ | ۱۲۶۳ | ۱۲۶۸ |

| ۷۸۶ | | |
|---|---|---|
| ۴۱۴ | ۴۰۷ | ۴۱۲ |
| ۴۰۹ | ۴۱۱ | ۴۱۳ |
| ۴۱۰ | ۴۱۵ | ۴۰۸ |

# نقش محیط اسرار



☆=☆=☆

# باب العداوة

## ۷۴۔حصار قوی:

اس حصار ہر روز کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کر لیں پھر بفضل خدا تمام آفات و بلیات اور دشمنوں کے شر
محفوظ رہیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ مَلَاثَمَانِ الرَّحْمٰنِ اَیَرْثَمَانِ الرَّحِیْمِ حَیْثَمَانِ جَمْعِیْثَانِ یَا حَافِظُ بِرَحْمَتِكَ
اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

## ۷۵۔مجرّب حصار:

ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے انگلی کو داہنے کان کے گرد تین
پھرائیں مگر جلد سے مس نہ ہو۔بسم اللہ الرحمن الرحیم والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامرہ ا
الخلق والا مر تبارك الله رب العلمین۔ گرد من وگرد خانہ من وگرد زن وفرزندان من وگرد دوستان من وگرد
واسباب من حاضر شدہ وحصار شوی ونگہدار باشی یا اللّٰہ بحق سلیمن بن داؤد علیہما السلام و بحق
اشراھیا و بحق علیقا ملیقا تلیقا انت تعلم ما فی القلوب بحق لا الہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ (صلی
تعالیٰ علیہ وسلم) و بحق یامومن یا مھیمن و صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ و اٰلہٖ و صحبہ وسلم یہ حصا
بلیات سے حفاظت کے لیے اکسیر ہے اور مشائخ کے معمولات سے ہے۔

## ۷۶۔دشمنوں کے شر سے نجات:

ہزار بار اس آیت کریمہ کو پڑھ کر دشمن کے تصور کے ساتھ زمین پر دستک دے اور ہر روز پڑھے مگر شر
نزول ماہ سے کرے آیت کریمہ یہ ہے۔من شر حاسد اذا حسد۔

## ۷۷۔عمل سورۂ اخلاص برائے دفع شر دشمناں:

دشمنوں کے دفع کے لیے نزول قمر میں اس طرح پڑھنا بہت اثر رکھتا ہے اگر طلوع سے قبل اور نماز فجر
بعد ہفتہ کے دن نقش پر کرے اور اس پر فریقین کا نام مع ماں کے خشک قلم سے لکھے الٰہی بہ برکت یٰسین کلام پاک
ان میں موافقت کر پھر اسے مطلوب کو پلا دے اور شیرینی پر لکھ کر کھلائے کسی امر حرام کے لیے نہ کرے تعداد



Marfat.com

ہزار اول آخر درود شریف ۱۰۰، ۱۰۰ بار۔

## ۷۸۔ عمل سورۂ کوثر برائے مقہوری اعداد و تفریق:

دشمن کا نام لکھ کر سامنے رکھے اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ سورۂ کوثر ہزار بار باتسمیہ ایک مجلس میں پڑھے جب سو پر پہنچے نیم کی لکڑی پر دم کرے اسی طرح دس مرتبہ یعنی ہر سینکڑہ پڑھ کر دم کرتا جائے۔ فارغ ہونے کے بعد اس لکڑی کو ویران کنویں میں ڈال دے ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی دشمن مقہور ہوگا۔ مجرب المجرب ہے۔

## ۷۹۔ نقش سورۂ تبت یدا:

کہ عداوت و تفریق کے لیے بے نظیر ہے اور بارہا کا مجرب ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰۷۳ | ۲۰۶۶ | ۲۰۷۱ |
| ۲۰۶۸ | ۲۰۷۰ | ۲۰۷۲ |
| ۲۰۶۹ | ۲۰۷۴ | ۲۰۶۷ |

عداوت فلاں بن فلاں علیٰ قلب فلاں بن فلاں بود۔

## ۸۰۔ دیگر ترکیب:

سورۂ مذکور کو تین ہفتہ تک روزانہ لکھ کر آگ میں ڈالے دونوں کے درمیان جدائی ہو جائے گی۔ اور پلتیہ بنا کر جلائے تو زیادہ مؤثر ہے۔

## ۸۱۔ جدائی و تفریق کا آزمودہ عمل:

انڈے کی زردی و سپیدی نکال کر اس کے اندر اس نقش کو رکھ کر قبر میں دفن کرے مجرب ہے۔

طـ ۱۱۱۷۲ مراله ۶۶ عـه ۱۹۲۲۶۱ ھ ھ

دو سـ ـہ الا ط ۱۱ ح ۲۸ ط درمیان فلاں بن فلاں اور فلاں بن فلاں جدائی شود والحمد للہ رب العلمین

۷۸۶

## ۸۲۔ زبان بندی دشمناں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| یا قوی | یاعلی | یاعلی | یاقوی |
| یاعلی | یاقوی | یاقوی | یاعلی |
| یاقوی | یاعلی | یاعلی | یاقوی |
| یاعلی | یاقوی | یاقوی | یاعلی |

اگر دشمنوں کی زبان بند کرنا مقصود ہو تو اس نقش کو لکھ کر اپنے سامنے رکھے یا بازو پر باندھے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بند ہو جائے گی۔

۸۳۔ دیگر: ۴۱ بار چوب گز پر سورۂ یٰس شریف پڑھ کر دشمنوں کا نام لیکر دم کرے اور پاک جگہ دفن کرے۔

## ۸۴۔ دفع شر دشمناں و قوت دل:

جو شخص اس نقش کو ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس رکھے دشمن اس پر قادر نہ ہو اور جو شخص اس کو گلاب زعفران سے لکھ کر سوتے وقت اور صبح کو پی لے اس کا دل اس قدر قوی ہو جائے کہ دیو پری سے بھی نہ ڈرے گا۔ سورۂ



Marfat.com

یونس کا نقش لکھے جو آئندہ مذکور ہوگا۔

## ۸۵۔ برائے عداوت:

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۱۳۲۱ | خالی خانہ | ۱۳۱۸ |
| ۱۳۱۹ | ۱۳۲۲ | ۱۳۲۴ |
| ۱۳۲۵ | ۱۳۱۷ | ۱۳۲۳ |

۱۳۲۶

اس مثلث کو لکھ کر خالی خانہ میں ہر دو نام کے اعداد لکھے اوران میں سے کسی کے گھر میں ایسی جگہ دفن کرے کہ وہاں سے گزریں۔

## ۸۶۔ برائے عداوت بارہا کا آزمودہ:

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۱۰ | ۱ |
| ۲ | ۵ | ۸ |
| ۹ | درفلاں وفلاں عداوت شود | ۶ |

اس نقش کو لکھ کر لیموں میں رکھ کر خاردار درخت جس کے پھل کھٹے ہوتے ہوں دفن کرے۔ (معمولات عزیزیہ)

## ۸۷۔ عداوت کے دو نقش جو بیحد مفید ہیں:

ہبوط ماہ میں ہفتہ یا منگل کو ان دونوں نقشوں کو پر کر کے ان کے نیچے دونوں فریق کا نام مع والدہ کے کے لکھ کر پرانی قبر میں دفن کرے۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| والبغضاء | العداوة | بینهم | والقینا |
| الٰی | البغضاء | العداوة | بینهم |
| یوم | الٰی | والبغضاء | العداوة |
| القیمة | یوم | الٰی | البغضاء |

| | | | |
|---|---|---|---|
| انت الذی | الشدید | ذاالبطش | یاقاهر |
| لایطاق | انت الذی | الشدید | ذاالبطش |
| انتقامه | لایطاق | انت الذی | الشدید |
| یاقاهر | انتقامه | لایطاق | انت الذی |

والقینا بینهم العداوة والبغضاء الٰی یوم القیمة العداوة بین فلاں بن فلاں و فلاں بن فلاں

## ۸۸۔ برائے تفریق وہلاکت:

آب نارسیدہ کوزہ پر اکتالیس ۴۱ بارہ سورہ یٰس شریف دم کر کے تفریق وتہلیک کی نیت سے بل زمین پر زور سے مارے پھر اس کے ٹکڑے جمع کر کے قبرستان میں دفن کرے۔ ان شاء المولیٰ تعالیٰ تفریق وا گی۔

## ۸۹۔ دیگر:

خاک چوراہا لے کر گیارہ بار سورۂ فیل دم کر کے قبرستان میں دفن کرے یا پاک کپڑے میں لپ دونوں کی گزرگاہ میں دفن کرے۔



Marfat.com

**۹۰۔ برائے زبان بندی مخالفان و ہلاکت ایشاں:**

بعد فرض نماز اسی جگہ بیٹھ کر سورۂ تبت یدا سات بار پڑھ کر اپنے ناخون پر دم کر کے زمین پر مارے مگر مغرب میں تین مرتبہ پڑھے اس کے بعد سنتیں ادا کرے بارہا کا آزمودہ ہے۔

**۹۱۔ اہلاک دشمن:**

مگر لازم ہے کہ خدا سے ڈرے اور جو قابل کرنے کے ہو اس کے لیے پڑھے اور وہ بھی جب کوئی چارۂ کار نہ ہو مجرب المجرب ہے۔ سنت و فرض فجر کے درمیان سورۂ الم ترکیف اکتالیس بار اور یہ عزیمت اکتالیس بار پڑھے اور دشمن کا مع اس کے والدین کے نام لے کر اور تصور کر کے اس کے دفعیہ کی دعا مانگے درود شریف اول و آخر لازم جانے۔

اللہ القادر المقتدر القاهر کل جبار عنید ناصر الحق حیث کان به الحول والقوة ان کانت الاصیحة واحدة فاذا هم خامدون۔

**۹۲۔ دیگر:**

نیز برائے دیگر حاجت از حضرت سیدنا شاہ مخدوم صفی رحمۃ اللہ علیہ آدھی رات کے وقت وضو کر کے سر برہنہ ہو کر دو رکعت نماز ہدیۃ الروح برائے آنجناب ادا کرے پھر گیارہ سو بار ان اشعار کو پڑھ کر دعا کرے۔

دل ظالم بقصد کشتن ماست دل مظلوم ما بسوئے خداست

او در اندیشہ تا بما چہ کند من دریں فکر تا خدا چہ کند

**۹۳۔ دیگر:**

صحیح و مجرب ہے ائمہ اطہار سے حضرت خواجہ محمد پارسا قدس سرہ العزیز نے نقل فرمایا ہے روزانہ چالیس بار خلوت میں پڑھے کسی سے کلام نہ کرے اور دوسرے سے نہ بتائے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اَللّٰهُمَّ اِرْمِ اَعْدَائِیْ بِسَهْمِكَ الصَّائِبِ وَادْفَعْهُمْ بِشِهَابِكَ الثَّاقِبِ وَمَزِّقْهُمْ بِجُنْدِكَ الْغَالِبِ وَبَدِّدْ شَمْلَهُمْ فِیْ جَمِیْعِ الْمَسَالِكِ وَالْمَذَاهِبِ وَلَا تُرِفَعْ لَهُمْ رَاٰیَةً وَاجْعَلْهُمْ لِمَنْ خَلْفَهُ اٰیَةً اَللّٰهُمَّ فُتَّ عَضُدَ اَعْدَائِیْ وَاکْسِرْ اَرْکَانَهُمْ وَاخْذُلْ اَعْوَانَهُمْ تُزَلْزِلْ اَقْدَامَهُمْ وَنَکِّسْ اَعْلَامَهُمْ وَرُدَّ مَکْرَهُمْ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَاسْتَدْرِجْهُمْ مِنْ حَیْثُ لَا یَعْلَمُوْنَ کُلَّمَا اَوْقَدُوْا نَارًا لِلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ۔



Marfat.com

## ۹۴۔تفریق زوجین:

اگر مرد وعورت میں ناجائز تعلق ہو اور جدائی کرنی ہو تو بکری کے شانے کی ہڈی پر تعویذ لکھ کر کسی کنوئیں میں ڈالیں یا قبرستان میں دونوں میں جدائی ہوگی۔ مجرب وآزمودہ ہے۔

"لعلك العداوة والبغضاء الى يوم القيمة ورب الاعلى بليا و انا لـه مظلو
ا ۸ ا ۸ ۷ ۷ ا ا ۹ ھ ھ ـــــ کھیٰعص بحق حمعسق جدائی و تفریق فلاں بن فلاں و فلاں بن
بود۔"

## ۹۵۔برائے تفریق مجرب المجرب ہے:

۱۱ ۶ ۸ ط ۶۵ ۱۱ وال وا ۷ ودا ۶ فرق بین فلاں بن فلاں وفلاں بن فلاں اس عزیمت کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر دونوں فریقین کے نام تحریر کرے پھر کتے کو کھلائے۔

## ۹۶۔برائے عداوت واخراج دشمناں از مکان یا از دوکان یا شہر:

| | | |
|---|---|---|
| ۱۸ | ۱۱ | ۱۶ |
| ۱۳ | ۱۵ | ۱۷ |
| ۱۴ | ۱۹ | ۱۲ |

منگل کے دن مریخ کی ساعت میں کوری سکوری پر مفردات سورۂ ہمزہ لکھ کر اس کے نیچے یہ مثلث لکھ کر دونوں فریق مع والدین کے نام لکھ کر قبرستان میں یا اسی مکان میں دفن کرے اور اسے چار منگل تک برابر کرے۔

## ۹۷۔برائے عداوت واخراج:

مفردات سورۂ الم تر کیف لکھ کر دو ٹکڑے کرے اور ایک حصہ مطلوب کے گھر میں دوسرا قبرستان میں دفن کرے۔ فقیر راقم الحروف نے بارہا تجربہ کیا حیرت انگیز مجرب پایا ہے۔ (مجموعہ ومعمولات عزیزیہ)

## ۹۸۔اس عزیمت:

کو لکھ کر قبر کہنہ میں دفن کرے دونوں شخصوں کے درمیان جدائی ہوگی۔ اسم اعظم یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم العارعه ما العارعه وما ادرك ما العارعه البغض ھ ب ھ الحامه ما الحامه واما اد الحامه ادارالرلب الارص رلرالها وعاد کرسا عودة الطامه طاطساطوطاطه طه طصه ل ومکا ۱۰ ا ۱ اء ۱ ۱ ۱ مالا ۱ ۱ ۱ ۱ ۱ کہ طو ۷ ی ۱۰۱۱۸ مع العم ط ط ط ۸۸ علی البغض فلاں بن فلاں۔

## ۹۹۔ہلاکت دشمن کا مجرب عمل:

اگر دشمن کے گھر کو برباد کرنا چاہے تو ہزار بار سورۂ اذا زلزلت الارض مٹی کے پاک ڈھیلے پر پڑھ



Marfat.com

میں ڈالے۔

## ۱۰۰۔ ہلاکت و بربادی کا عمل:

پوست خربزہ پر یہ نقش لکھ کر قبر کہنہ میں دفن کرے۔ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ اس آیت کریمہ کے اعداد سے مثلث یا مربع پر کر کے عمل کرے دشمن خراب و برباد ہوگا۔

# جمیع حاجات

## ۱۰۱۔ برائے جمیع حاجات:

اَللّٰهُ رَبِّي لَا شَرِيْكَ لَهٗ آٹھ سو چوہتر بار اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار اس قدر عدد معین باوضو قبلہ رو دو زانو بیٹھ کر تا حصول مراد پڑھیں اور اسی کلمہ کو اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے وضو بے وضو ہر حال و ہر پاک جگہ بے گنتی بے شمار ورد زبان رکھیں۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

## ۱۰۲۔ برائے کل مطالب:

يَا رَحِيْمَ كُلِّ صَرِيْخٍ وَّمَكْرُوْبٍ وَّغِيَاثَهٗ وَمَعَاذَهٗ يَا رَحِيْمُ تین سو ساٹھ بار اول و آخر درود شریف ۳۔۳ مرتبہ لازم جانیں اور سب سے کم تعداد ۴۱ بار ہے۔

## ۱۰۳۔ ہر حاجت و ضرورت کے لیے مجرب ہے:

یا رحمن کل شیء وراحمه یا رحمٰن ہر مطلب کے لیے ہے جمالی ہے۔ تعداد تین سو ساٹھ بار یا کم از کم اکتالیس بار پڑھیں۔ اور کسی خاص واہم مطلب کے لیے پڑھنا ہو تو ہزار دانہ گندم لے کر ہر دانہ پر ایک ایک مرتبہ پڑھیں اور مطلب کا تصور دل میں رہے اور مٹی کی ایک ہانڈی میں بھر کر پانی سے پر کر کے معمولی جوش دیں پھر دریا میں ڈالیں ایک ہفتہ ایسا ہی کریں۔ اور عروج ماہ جمعرات کے دن سے شروع کریں۔

## ۱۰۴۔ ہر حاجت کا مجرب عمل:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ کو جب کوئی مشکل پیش آتی تو حضرت جبریل امین علیہ السلام آتے اور کہتے یوں کہو۔

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا۔



Marfat.com

## ۱۰۵۔ ہر مقصد کی کامیابی کا عمل:

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۔ چار سو پچاس بار بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رو دوزانو بیٹھ کر حاجت پوری ہونے تک پڑھا کریں اول آخر درود شریف لازم ہے اتنا بطریق عمل ویسے ہر وقت کثرت سے پڑھیں مجرب المجرب ہے۔

## ۱۰۶۔ عمل نادعلی برائے حصول جملہ مقاصد:

اولاً دس بار اعتصام پڑھیں اور وہ یہ ہے اَللّٰهُ صَمَدِيْ مِنْ عِنْدِكَ مَدَدِيْ وَعَلَيْكَ مُعْتَمِدِيْ اس کے بعد ایک سو گیارہ بار نادعلی پھر اختتام دس بار۔ اختتام یہ ہے یَا اَبَا الْغَيْثِ اَغِثْنِيْ يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِيْ بِسَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعِتْرَتِهِ الطَّاهِرِيْنَ ۔

## ۱۰۷۔ برائے شفائے امراض:

ان چھ آیات کو سفید چینی کی رکابی پر لکھ کر مریض کو دے ذرا سے پانی سے دھو کر پلائیں اور مولیٰ تعالیٰ سے شفا کی امید رکھیں۔ ویشف صدور قوم مومنین۔ شفاء لما فی الصدور۔ یخرج من بطونها شراب مختلف الوانه فیه شفاء للناس۔ و ننزل من القران ما هو شفاء ورحمة للمؤمنين۔ واذا مرضت فهو یشفین۔ قل هو للذین امنوا هدیً وشفاء۔ آیات شفا انھیں کو کہتے ہیں۔

# بعض قرآنی آیات وسورۃ کی خاصیت

## ۱۰۸۔ فضائل واعمال بسم اللہ شریف:

ہر مطلب ومقصد کے لیے سات سو چھیاسی بار ورد رکھے اور اگر درمیان فرض وسنت فجر کے نوے مرتبہ مداومت رکھے ہر مقصد وحاجت پوری ہوگی۔ بہتر یہ ہے کہ پہلے زکاۃ ادا کرے اور تعداد زکاۃ اعلیٰ سوا لاکھ ہے اور یہ زکاۃ کبیر ہے اور اکبر الکبائر انیس لاکھ ہے جتنی مدت میں چاہے پورا کرے اور کسر آخری دن زیادہ کرے۔ ادنیٰ درجہ کی زکاۃ اکیس ہزار نوے ہے جتنی مدت میں چاہے پورا کرے اور پرہیز صرف جلالی سے کرے۔ روزہ شرط نہیں اگر رکھے بہتر ہے۔



Marfat.com

### ۱۰۹۔نماز استخارہ از بسم اللہ شریف:

تجربہ شدہ ہے۔ چہار شنبہ، پنجشنبہ، جمعہ دوشنبہ کی کسی رات میں سونے کے وقت وضو کر کے کسی سے کلام نہ کرے اور دو رکعت نماز تحیۃ الوضو پڑھ کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر مقصد کی دعا کر کے قبلہ رو ہو کر سو جائے اگر ایک رات میں معلوم ہو جائے بہتر ہے ورنہ تین رات متواتر کرے۔

### ۱۱۰۔ایک آسان طریقہ:

ہر مشکل و مہم کے لیے ۷۸۶ مرتبہ پڑھے پھر ۱۳۲ مرتبہ درود شریف پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ مشکل دو رہو گی۔

### ۱۱۱۔عمل بسم اللہ شریف برائے قضائے جمیع حاجات:

عروج ماہ میں نوچندی جمعرات کو روزہ رکھے اور انگور یا کشمش یا خرما سے افطار کرے اور اگر نہ ہو تو شیرینی سے افطار کرے پھر بعد نماز مغرب ایک سو اکیس بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے پھر نماز عشاء پڑھ کر بستر خواب پر بسم اللہ شریف اسی قدر پڑھ کر سو جائے صبح کو اٹھ کر نماز فجر پڑھ کر اسی قدر پڑھے اور نقش مظہر اور مضمر لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

نقش مظہر ۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| بسم | اللہ | الرحمٰن | الرحیم |
| الرحیم | الرحمٰن | اللہ | بسم |
| اللہ | بسم | الرحیم | الرحمٰن |
| الرحمٰن | الرحیم | بسم | اللہ |

نقش مضمر ۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۸۹ | ۲۰۲ | ۱۹۹ | ۱۹۶ |
| ۲۰۰ | ۱۹۵ | ۱۹۰ | ۲۰۱ |
| ۱۹۴ | ۱۹۷ | ۲۰۴ | ۱۹۱ |
| ۲۰۳ | ۱۹۲ | ۱۹۳ | ۱۹۸ |

### ۱۱۲۔ایضاً:

ہر حاجت و مقصد کے لیے اس دعا کو کاغذ پر لکھ کر دریا میں ڈالے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ الملک الحق المبین من العبد الذلیل الی المولی الجلیل مسنی الضر وانت ارحم الراحمین اس کے بعد ستر بار پڑھے الٰھی بحرمۃ کن فیکون فتبارک اللہ احسن الخالقین پھر گھر میں واپس آ کر پہلی دعا سو مرتبہ پڑھے یہ عمل اکیس دن کرے۔



Marfat.com

## ۱۱۳۔ نقش مثلث دو پایہ برائے ہر حاجت و مقصود ہے

## ۱۱۴۔ برائے کفایت مہمات:

بہت سریع الاجابت ہے ہر روز درمیان سنت وفرض فجر کے نوے مرتبہ پڑھے اول و آخر درود شریف اور چالیس چالیس مرتبہ وقت صبح و استوا و غروب کے پڑھنا بہت زیادہ موثر ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۶۶ | ۵۲۴ | ۱۹۸ |
| ۳۹۴ | ۲۶۴ | ۱۳۲ |
| ۳۲۸ | اجب یاجبرئیل بحق بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم جملہ حاجات روا گردانی و مقصود ماحسب المدعا برآورداں گرداں | ۴۵۸ |

## ۱۱۵۔ خواص سورۂ فاتحہ:

اس سورت کے فضائل و برکات بے شمار ہیں۔ حدیث میں ہے فاتحہ الکتاب شفا من کل داء سورۂ فاتحہ ہر مرض سے شفا ہے۔ درد شقیقہ و بخار و چیچک ونسیان وسحر وقضاء حاجت کے لیے مجرب ہے۔

## ۱۱۶۔ عمل سورۂ فاتحہ:

درمیان سنت وفرض کے بسم اللہ شریف کو سورۂ فاتحہ سے ملا کر اکتالیس بار پڑھنا شفائے امراض اور حاجت پوری ہونے کے لیے مفید ہے اور درد چشم کے لیے اسی وقت پڑھ کر اپنے لعاب دہن پر دم کر کے آنکھوں میں لگالے اور بخار کے لیے سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دے اور تھوڑا سا سینہ اور سر پر چھڑک دے۔ اور بچھو ڈنک مار دے تو پانی میں تھوڑا سا نمک ڈال کر اس جگہ پر ملے اور سورۂ فاتحہ سات بار دم کرے اور تھوڑا سا پانی بھی پلا دے۔ اور چیچک و خسرہ کے لیے نقش مظہر و مضمر لکھ کر گلے میں ڈالیں اور نسیان کے لیے چینی کے برتن میں زعفران گلاب سے لکھ کر چالیس دن پلائیں اور سحر کے لیے بھی یہی ترکیب مجرب ہے۔

**نقش مضمر**
**۷۸۶**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۵۵۵ | ۲۵۶۹ | ۲۵۶۵ | ۲۵۶۲ |
| ۲۵۶۶ | ۲۵۶۱ | ۲۵۵۶ | ۲۵۶۸ |
| ۲۵۶۰ | ۲۵۶۳ | ۲۵۷۱ | ۲۵۵۷ |
| ۲۵۷۰ | ۲۵۵۸ | ۲۵۵۹ | ۲۵۶۴ |

**نقش مظہر**
**۷۸۶**

| | | | |
|---|---|---|---|
| الحمد للہ رب العلمین | الرحمن | الرحیم | مالک یوم الدین |
| ایاک | نعبد | وایاک | نستعین |
| اھدنا الصراط | المستقیم | صراط الذین | انعمت |
| علیھم | غیر المغضوب | علیھم ولا الضالین | امین |



Marfat.com

**۱۱۷۔ سورۂ انعام برائے قضائے حاجات:**

چند آدمی مل کر اکیس بار پڑھیں اور بیچ میں نہ بولیں۔ اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔

**۱۱۸۔ سورۂ کہف کے فوائد:**

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جو کوئی جمعہ کے دن یا جمعہ کی شب میں سورۂ کہف پڑھے اس کو نور پڑھنے کے مقام سے مکہ تک عنایت ہوگا اور دوسرے جمعہ تک مع تین دن زیادہ کے گناہ معاف ہوں گے اور ستر فرشتے اس کی مغفرت کے لیے دعا کریں گے اور اس کے خواص میں سے ہے کہ دردسر اور جذام اور جمیع بلیات سے محفوظ رہے اور جو کوئی اس کی دس آیتیں اول وآخر کی یاد کرے فتنہ وفساد سے محفوظ رہے۔

**۱۱۹۔ سورۂ یٰسٓ شریف کی برکتیں:**

جو شخص یٰسٓ شریف کو پڑھے اس کے لیے تمام دروازے جنت کے کھل جائیں گے کہ جس میں سے چاہے اندر چلا جائے اور اس کے لکھنے اور پڑھنے کا ثواب مثل دس قرآن مجید کے ہے اور آپ نے فرمایا کہ اس سورۃ کو اپنے مردوں پر پڑھا کرو وقت جانکندنی کے اور اس کا پڑھنا وقت چاشت کے حاجات کے لیے مفید ہے اور جس کو معاش کی تلاش ہو اس کو چاہیے کہ اتوار کے غرہ سے اس کا عمل شروع کرے اس طرح کہ اکتالیس بار اول و آخر درود شریف پڑھے بعدہٗ اس سورت کو اول سے لفظ مبین تک پڑھے پھر مبین سات مرتبہ کہہ کر شروع سے پھر پڑھے اور دوسری مبین پر پھر ایسا ہی کرے پھر شروع سے پڑھ کر تیسری مبین پر ایسا ہی کرے یہاں تک کہ سب مبین پوری ہو جائیں پھر ایک بار پوری سورت کو پڑھ کر بعد درود شریف کے دعا مانگے چالیس روز ایسا ہی کرے اور طلوع آفتاب سے قبل یہ عمل کرے یعنی نماز صبح کے پڑھنے کے بعد اس طرح پڑھا کرے کہ آفتاب نکلنے سے پہلے عمل ختم ہو جایا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوگا۔ اور لڑکیوں کی شادی کے انجام معلوم کرنے کے لیے اکتالیس بار پڑھے اور دھو کر پلانا وجع مفاصل کے لیے مفید ہے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

**۱۲۰۔ فضائل سورۂ مزمل شریف:**

تمنائے دلی ظاہری و باطنی کے لیے سورۂ مزمل شریف ہر روز اکتالیس بار پڑھے اور اگر نہ ہو سکے تو گیارہ بار پڑھ لیا کرے اور اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار۔



Marfat.com

## ۱۲۱۔ عمل سورۂ مزمل برائے دفع حاجات:

سو مرتبہ درود شریف۔ ایک مرتبہ الحمد شریف، ایک بار یہ سورت پڑھے اسی طرح گیارہ بار پوری کر۔
اول تین روز پڑھ کر زکوٰۃ دے بعدہٗ چلہ بھر ہر مقصد کے لیے پڑھے۔

## ۱۲۲۔ مسان کے خلل کے لیے:

حاملہ عورت کے قد کے برابر اکتالیس تار دھاگہ نا کتخدا لڑکی کے ہاتھ کا کتا ہوا تار رنگوا کر اول و آخر درو
شریف پڑھ کر ایک دفعہ یہ سورت پڑھ کر ایک گرہ اس تاگے میں دے اس طرح اکتالیس گرہ دے کر اس عورت ک
گلے میں ایام حمل میں ڈال دے اور بعد بچہ پیدا ہونے کے بچہ کے گلے میں ڈالے بعونہ تعالیٰ محفوظ رہے گا ضائع
ہو گا۔

## ۱۲۳۔ فضائل سورۂ اخلاص:

اس سورت کا پڑھنا تلاش معاش کے لیے مع بسم اللہ شریف کے ایک ہزار بار اول و آخر درود شریف
سو بار عروج قمر میں نہایت موثر ہے اور دفع اعداء کے لیے نزول قمر میں اسی طرح تاثیر رکھتا ہے اس سورت کو نقش
میں طلوع سے پہلے بعد تمام نماز صبح شنبہ کے روز لکھے اور
اس پر خشک قلم سے دونوں فریقین کا نام مع ان کی والدہ کے لکھے۔ حضرت امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے منقول ہے کہ سورۂ اخلاص اس ترتیب پر لوح محفوظ میں لکھی ہوئی ہے۔

یا جبرائیل — بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ — یا میکائیل

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قل | هو | اللّٰه | احد | اللّٰه | الصمد | لم | يلد |
| هو | اللّٰه | احد | اللّٰه | الصمد | لم | يلد | ولم |
| اللّٰه | احد | اللّٰه | الصمد | لم | يلد | ولم | يولد |
| احد | اللّٰه | الصمد | لم | يلد | ولم | يولد | ولم |
| اللّٰه | الصمد | لم | يلد | ولم | يولد | ولم | يكن |
| الصمد | لم | يلد | ولم | يولد | ولم | يكن | له |
| لم يلد | يلد ولم | ولم يولد | يولد ولم | ولم يكن | يكن له | له كفوا | كفوا احد |

یا عزرائیل — وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہٖ سیدنا و مولانا محمد والہ وصحبہ اجمعین وبارک وسلم ○ — یا اسرافیل

## ۱۲۴۔ سورۂ اخلاص:

کے پچیس فوائد ہیں ① یہ لکھ کر آب جاری سے دھو کر پلائے پیٹ کے ہر مرض کے لیے شفا ہے خصوصاً
شکم۔ ② غائب کو بلانے کے لیے اس نقش کو لکھ کر مسجد کے صحن میں دفن کرے ③ بخار والے کے لیے لکھ کر اس کے
سیدھے بازو پر باندھے شفاء ہو گی۔ ④ دیوانہ کے لیے لکھ کر اس کے بازو پر باندھے دیوانگی ختم ہو گی۔ ⑤ آسیب
والے کو یہ نقش باندھے نجات ہو گی۔ ⑥ درد سر والے کے سر میں باندھے درد دور ہو ⑦ اس نقش کو لکھ کر کلام پاک



Marfat.com

میں رکھے چور کو خواب میں دیکھے ⑧ اگر لکھ کر دریا میں ڈالے جو مراد ہو اللہ تعالیٰ پوری فرمائے ہر روز چالیس نقش لکھے اور ایک چلہ کرے ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور مراد پوری ہوگی (معمولات) ⑨ لکھ کر پرانی قبر میں ڈالے دشمن مقہور ہوں ⑩ نیک ساعت میں شیرینی پر لکھ کر یا دم کر کے مطلوب کو کھلائے یک لحظہ جدائی گوارا نہ کرے ⑪ اگر گونگے بچے کو کھلائیں بولنے لگے ⑫ ہر قسم کے درد والا اس نقش کو دیکھتا رہے درد دور ہو جائے ⑬ لکھ کر اپنے پاس رکھے فراخی رزق نصیب ہو ہر روز بعد نماز صبح ۱۰۰ بار پڑھے (معمولات) ⑭ اگر لکھ کر بازو پر باندھے اور جنگ میں جائے فتح و نصرت کے ساتھ لوٹے ⑮ اس نقش کے پہننے والے کے دشمن دوست ہو جائیں ⑯ اگر لکھ کر مردہ کے کفن میں رکھے عذاب قبر سے محفوظ رہے ⑰ اس نقش کا باندھنے والا مخلوق کی نظر میں عزیز و مکرم ہوگا ⑱ اگر اس نقش کو لکھ کر اپنی عورت کو کھلائے اسکا دل کسی اور کی طرف مائل نہ ہو ⑲ جو شخص اس نقش کو اپنے پاس رکھے دنیا سے بے ایمان نہ جائے گا ⑳ اگر اس نقش کو لکھ کر سوئی ہوئی عورت کے سینہ پر رکھے جو کچھ اس کے دل میں ہو بیان کر دے گی ㉑ دریا کے پانی سے دھو کر پیے ابلیس کے شر سے محفوظ رہے ㉒ اگر ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس رکھے ہرگز معصیت میں گرفتار نہ ہو اور کوئی گناہ صادر نہ ہو ㉓ اگر لکھ کر نافرمان عورت گلے میں یا بازو پر باندھے مہربان ہو ㉔ جو شخص اپنے پاس اس نقش کو رکھے تمام عالم علوی و سفلی اس کے مطیع و فرماں بردار ہوں ㉕ دفع مسان کے لیے جمعہ کے دن لکھ کر گلے میں باندھے ان شاء المولیٰ تعالیٰ خلل دور ہوگا۔ نیز اس کے رکھنے والے کو بہت سے فوائد حاصل ہوں گے۔ سلطان و حکام وغیرہ کے سامنے جائے تو عزت کریں گے۔ جنگ میں مظفر و منصور ہوگا۔ دشمنان مغلوب و مقہور ہوں بلیات سے امان ہوگی۔ حاجات پوری ہوں گی سحر اور چور سے محفوظ رہے۔ گھر میں آویزاں کرے تو آگ سے گھر محفوظ رہے۔ کسی بلا و سختی میں گرفتار رہے دھو کر پیے۔ زخم پر باندھے صحت ہو۔ مفلس و محتاج ہو تو آٹھ نقش لکھ کر دریا میں ڈالے احتیاجی دور ہو اور ایک تختی پر لکھ کر اس پر نگاہ رکھے روشنی بصر زائد ہو۔ مگر اولاً نیاز مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی دلا کر کام میں لائے اور شیرینی کو غریبوں میں بانٹ دے۔

## ۱۲۵۔ تعویذ ٹھلیا برائے امراض مزمنہ:

ایک تعویذ لکھ کر درود شریف پڑھ کر تہ کریں تہ ذرا دراز رکھیں اور تعویذ پر گیارہ تار سوت لے کر اس طرح لپیٹیں کہ یہ شکل پیدا ہو سوت میں تعویذ لپیٹ کر مریض کے گلے میں ڈالیں ایسا کہ تعویذ چپٹا رہے نیچے نہ لٹکے اور اس کی نقل ٹھلیا یا گھڑے میں ڈالنے کو دے دیں مریض کے کھانے پینے دوا غرضیکہ مریض کے ہر چیز میں یہی پانی خرچ کریں ہر تیسرے دن اس میں ایک نقل ڈالتے رہیں چالیس نقلیں ڈالیں۔



Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یامحی الدین اجب یاجبرئیل یابدوح

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۲۶۶ | ۱۱ | ۸ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۲۶۵ |
| ۶ | ۹ | اللّٰھم اشف عبدک او امتک فلاں بن فلاں | ۳ |
| ۱۲۶۷ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

ایک دن بیچ کر کے علاوہ بخار ہر مرض کے لیے نافع ہے۔ گھڑا بدلتے رہیں جب دوسرا تعویذ ڈالنا ہو تو دوسرے گھڑے میں پانی لیں پہلے کو خشک کرلیں تمام مہلک امراض دق وغیرہ کے لیے نافع ہے۔ مرد کے لیے دینا ہو تو عبدك لکھیں اور اوامتك نہ لکھیں اور عورت کے لیے دینا ہو تو عبدك او نہ لکھیں۔

## ۱۲۶۔ قضائے حاجات کا مجرب عمل:

بعد نماز فجر اس ورد کو سو مرتبہ پڑھے ایک ہفتہ تک جس نیک کام کے لیے طبیعت چاہے ان شاء المولیٰ تعالیٰ ضرور پورا ہوگا اور اگر مطلب نہ نکلے روز قیامت دامن گیر ہو اسمائے مذکورہ یہ ہیں۔ اتوار کو یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ پیر کو یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ منگل کو یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بدھ کو یَا حَنَّان یَا مَنَّانُ جمعرات کو یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ جمعہ کو یَا اللّٰہُ یَا اَحَدُ ہفتہ کو یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ۔

## ۱۲۷۔ عمل قضائے حاجات:

یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ بارہ سو مرتبہ ہر روز بارہ دن تک پڑھا جائے اول وآخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار پڑھیں بارہ دن میں ان شاء اللہ تعالیٰ مدعا حاصل ہوگا۔ پرہیز، گھی، تیل و گوشت و مچھلی و پیاز و لہسن وغیرہ مجرب ہے۔

## ۱۲۸۔ دفع مصائب کا بہترین عمل:

وقت معین پر باوضو بے شمار رو بمدینہ طیبہ کر کے پڑھے اول آخر درود شریف۔ رُباعی۔

اے فخرِ رسل کہ در بلاہا مد دے وز خلق حسن شفیع ہر نیک و بدے

از پا افتادہ پریشاں حالم فریاد رسا خذبیدی خذبیدی

## ۱۲۹۔ جمیع امراض:

یہ نقش موم جامہ کر کے بچوں کے گلے میں ڈالے بخار کے سوا ہر مرض کو نافع ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۹۶ | ۱۱۰۹ | ۱۱۰۶ | ۱۱۰۳ |
| ۱۱۰۷ | ۱۱۰۲ | ۱۰۹۷ | ۱۱۰۸ |
| ۱۱۰۱ | ۱۱۰۴ | ۱۱۱۱ | ۱۰۹۸ |
| ۱۱۱۰ | ۱۰۹۹ | ۱۱۰۰ | ۱۱۰۵ |

## ۱۳۰۔ برائے جمیع امراض وہر مطلب کے لیے مجرب ہے:

روز جمعہ ہر مطلب کے لیے کافی ہے چاہیے کہ بروز جمعہ بعد نماز عصر کسی سے کلام نہ کرے اور اسی نشست پر بیٹھ کر آنکھیں بند کر کے حضور قلب کے ساتھ بے تعداد یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ پڑھتا رہے جب آفتاب غروب ہو جائے دعا مانگ کر نماز مغرب ادا کرے ان شاء اللہ ضرور کامیاب ہوگا۔ اگر پہلے جمعہ کو مقصد حاصل نہ ہو دوسرے اور تیسرے جمعہ کو بھی کرے۔ فقیر راقم الحروف نے بارہا تجربہ کیا مجرب پایا۔

## ۱۳۱۔ جمیع امراض کے لیے مفید ومجرب ہے

لکھنے سے پہلے تین سو مرتبہ پڑھے، پھر لکھے۔

۷۸۶

## ۱۳۲۔ نقش سورہ ناس برائے جمیع امراض:

نقش سورۂ ناس بکسر اہر مرض کے لیے بے حد مفید ہے پانی میں گھول کر مریض کو پلائے اور ایک نقش مریض کے گلے میں ڈالے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴۲۱ | ۱۴۲۴ | ۱۴۲۸ | ۱۴۱۴ |
| ۱۴۲۷ | ۱۴۱۵ | ۱۴۲۰ | ۱۴۲۵ |
| ۱۴۱۶ | ۱۴۳۰ | ۱۴۲۲ | ۱۴۱۹ |
| ۱۴۲۳ | ۱۴۱۸ | ۱۴۱۷ | ۱۴۲۹ |

**۱۳۳۔ قضائے حاجات کا مجرب ہے:** ہزار بار یَا شَیْخ عَبْدَ الْقَادِرِ شَیْئًا لِلّٰہِ پڑھے۔ اول وآخر درود شریف ۱۰،۱۰ بار پڑھ کر داہنے ہاتھ پر دم کر کے زیر کلہ رکھ کر سو جائے ہر حاجت ومراد پوری ہوگی۔

## ۱۳۴۔ شفائے امراض:

اللھم صلی علی سیدنا محمد طب القلوب و دوائھا و عافیۃ الابدان وشفائھا و نور الابصار وضیائھار و علی الہٖ واصحابہ وبارك وسلم باوضو مریض کو لکھ کر دیں کہ زبان سے چاٹے یا پانی میں گھول کر پلا دیں شفا ہونے تک یہ عمل برابر کرتے رہیں باذن اللہ موت کے سوا ہر مرض کو مفید ہے۔

## ۱۳۵۔ شفائے امراض کا مجرب وآسان عمل:

یـا سـلام ایک سو گیارہ بار پڑھ کر مریض پر دم کرے صحت ہوگی اور اگر مریض غائب ہو تو جس سمت ہو اس طرف دم کرے مجرب ہے۔



Marfat.com

### ۱۳۶۔ دیگر:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ وبالحق انزلناہ و بالحق نزل وما ارسلنٰک الا مبشرا ونذیرا۔ ستر بار بعد عشاء وردر کھے۔ ان شاء اللہ مرض دور ہوگا صحت ہوگی۔

### ۱۳۷۔ عمل قضائے حاجات:

امیر المؤمنین مولٰی علی کرم اللہ تعالٰی وجہہ الکریم سے منقول ہے کہ دو رکعت نماز تازہ وضو سے پڑھے ہر رکعت میں بعد فاتحہ فدعا ربہ انی مغلوب فانتصر ففتحنا ابواب السماء بماء منھمر گیارہ بار پڑھے بعد سلام اسی نشست پر بیٹھ کر ستر مرتبہ نادعلی اور سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا مانگے حاجت بفضل خدا پوری ہوگی۔

### ۱۳۸۔ شفائے جمیع امراض:

جس پر سحر کر دیا گیا ہو اور ہر اس مرض کے لیے جن کے علاج سے حکماء عاجز ہوں۔ یہ دعا لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں اور چالیس روز متواتر کریں اور بعض حضرات اس کے ساتھ سورۂ فاتحہ بھی لکھتے ہیں اور اگر مشک و زعفران سے لکھیں بہتر ہے۔ دعا یہ ہے۔ یا حی حین لا حی فی دیمومۃ ملکہ و بقائہ یا حی۔

### ۱۳۹۔ ہر قسم کے بخار کے لیے:

ایک تعویذ لکھ کر نیلے دھاگے میں جس کے اندر گیارہ تار ہوں گلے میں باندھے اور ایک تعویذ کسی برتن میں ڈال کر پانی بھر دیں اور اسی پانی کو تین دن پلائیں ان شاء اللہ تعالٰی صحت ہوگی۔

یافخر الدین    ۷۸۶ یاجب یاجبرئیل بحق بابدوح

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨ | ١١ | ١٢٦٦ | ١ |
| ١٢٦٥ | ٢ | ٧ | ١٢ |
| ٣ | ١٢٦٨ | ٩ | ٦ |
| ١٠ | ٥ | ٤ | ١٢٦٧ |

### ۱۴۰۔ برائے شفا جمیع امراض:

زعفران سے لکھ کر ایک حصہ مریض کو پلائیں اور ایک حصہ اس کے بدن پر ملیں۔ بفضل خدا صحت ہوگی۔

۷۸۶

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ولہ | ١٥٧٥٢ | ١٥٧٥٥ | ١٥٧٥٨ | ١٥٧٤٥ | ق |
| سق | ١٥٧٥٧ | ١٥٧٤٦ | ١٥٧٥١ | ١٥٧٥٦ | ربالح |
| زلناہ | ١٥٧٤٧ | ١٥٧٦٠ | ١٥٧٥٣ | ١٥٧٥٠ | ان |
| افی | ١٥٧٥٤ | ١٥٧٤٩ | ١٥٧٤٨ | ١٥٧٥٩ | ش |



Marfat.com

## ۱۴۱۔عمل قضائے حاجات مجرب:

خاص خاندانی عمل ہے بعد نصف شب وضو وغسل کر کے زیر سایۂ آسمان حضورِ قلب اور اضطرار وخشوع و خضوع کی حالت میں پڑھے اور معنی معلوم نہ ہوں تو معلوم کر کے اس کی طرف دھیان لگائے تاکہ خشوع زیادہ ہو اگربتی وغیرہ بخورات روشن کرے زیادہ سے زیادہ تین دن میں حاجت پوری ہوگی۔

**امر من یجیب المضطر اذا دعاہ و یکشف السوء۔**

## ۱۴۲۔ عطیہ شفائے بیماران:

شفائے بیماراں کے لیے یہ دعا اکسیر اعظم ہے اور تحفہ خاص عطیہ سیدنا ابوالعلیٰ اکبرآبادی سید کالپوری کا ہے چاہیے کہ زعفران وگلاب سے لکھ کر علی الصبح مریض کو پلائیں۔ امراض کہنہ ومزمنہ دور ہوں گے چالیس دن بلاناغہ یہ عمل کریں۔

**الٰھی قلبی محجوب و عقلی مغلوب و نفسی معیوب و لسانی مقربالذنوب فکیف حیلتی یا ستارالعیوب و یا غفار الذنوب یا اللہ یا رحیم برحمتک یا ارحم الراحمین۔**

## ۱۴۳۔نماز پراز رحمت نہایت بابرکت برائے ہر حاجت:

کاشف الاستار شریف میں ہے کہ ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ چار رکعت نماز اس طرح پڑھے ہر حاجت ضرور پوری ہوگی۔ چار رکعت بدو سلام پہلی رکعت میں بعد فاتحہ ربنا اتنا من لدنك رحمته و ھی لنا من امرنا رشدا۔ دوسری رکعت میں رب اشرح لی صدری ویسرلی امری۔ تیسری رکعت میں فستذ کرون ما اقول لکم و افوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد چوتھی رکعت میں ربنا اتمم لنا نورنا واغفرلنا انك علی کل شئ قدیر۔ ہر ایک دس مرتبہ۔ بعد سلام سجدہ میں جائے اور آیت کریمہ لا الہ الا انت سبحنك انی کنت من الظلمین ۴۱ بار پڑھے پھر سجدہ سے سر اٹھا کر فلستجبنالہ ونجینٰہ من الغم و کذلك ننجی المومنین۔ دس بار پڑھ کر پھر سجدہ میں جائے اور اپنی حاجت عرض کرے باذن اللہ تعالیٰ ضرور حاجت پوری ہو گی اور یہ عجیب نماز ہے بہت بابرکت اس سے غافل نہیں ہونا چاہیے۔ راقم الحروف نے بارہا تجربہ کیا، مجرب پایا۔

## ۱۴۴۔نماز قضائے حاجات:

دو رکعت نماز بعد مغرب پڑھے اور ہر رکعت میں بعد فاتحہ سورۂ اخلاص گیارہ بار بعد سلام درودِ غوثیہ بعد ازاں یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ وَامْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ گیارہ بار پھر گیارہ قدم

بغداد شریف کی طرف چلیں اور ہر قدم پر یَا غَوْثَ الثَّقَلَیْنِ یَا کَرِیْمَ الطَّرَفَیْنِ اَغِثْنِیْ وَ امْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ پھر دعائے مطلب کریں۔ بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔

## ۱۴۵۔ برائے ہر کارومہم:

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۲ | ۱۰ |
| ۹ | ۷ | ۴ |
| ۳ | ۱۱ | ۶ |

اس نقش کو لکھ کر پشت پر مطلب لکھیں اور دو پھول اور دو پارہ شکر رکھ کر علی الصبح کنویں میں ڈالیں۔

## ۱۴۶۔ قضائے حاجات کے لیے مجرب المجرب ہے:

دو رکعت نماز قضائے حاجت ادا کریں ہر رکعت میں بعد فاتحہ گیارہ گیارہ بار سورۂ اخلاص بعد سلام درودِ غوثیہ وکلمۂ طیبہ وسورۂ اخلاص اور یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئًا لِلّٰہ ہر ایک ۱۱۱۔۱۱۱ بار اس کے بعد اسمائے گرامی حضور سیدنا غوث پاک رضی اللہ عنہ، یا شیخ محی الدین یا ولی محی الدین یا سید محی الدین یا سلطان محی الدین یا بادشاہ محی الدین یا مخدوم محی الدین یا مولانا محی الدین یا خواجہ محی الدین یا محبوب محی الدین یا مرجع الفقراء محی الدین یا محب المساکین محی الدین یا غوث الثقلین محی الدین اغثنی امددنی فی قضائے حاجتی اشفع یا ولی اللہ کن واسطہ بینی وبین اللہ۔ پھر یا سید محی الدین ہر ایک گیارہ گیارہ بار اس کے بعد فاتحہ اس ترتیب سے پڑھے۔ دورد غوثیہ شریف ۱۱ بار پھر سورہ فاتحہ ۷ بار پھر قل ھو اللہ شریف ۱۱ بار پھر درود غوثیہ ۱۱ بار یا کم از کم تین تین بار پڑھ کر ختم کرے اور حاجت کی دعا مانگے اور نیاز بقدر استطاعت باسٹھ عدد یا بیس یا گیارہ اشرفی یا گیارہ روپیہ یا ایک سو گیارہ روپے کی دلائے اور ترتیب عمل یہ ہے کہ ختم شریف پڑھنے کے وقت صالح دوستوں کے ساتھ سفید چاندنی بچھائے اور اس پر رقم مذکور کی نیاز کے لیے حلوا بنا کر رکھے اور خوشبو وغیرہ مل کر پڑھنے میں مشغول ہو اور یہ عمل اتوار کے دن بہتر ہے ورنہ جمعہ کی شب میں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی۔

## ۱۴۷۔ توشہ حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا جمیع مقاصد کے لیے مفید ومجرب ہے:

یہ توشہ اگر ممکن ہو تو نصف پہلے کرے اور نصف بعد حصول مقصد کے۔

میدہ (۵ ماشہ)، گندم (۵ ماشہ)، شکر (۵ ماشہ)، گھی (۵ ماشہ)، مغز بادام (۱ ماشہ)، پستہ (۱ ماشہ)، کشمش (۱ ماشہ)، ناریل (۱ ماشہ)، قرنفل (لونگ) (اچھٹانک)، الائچی خورد (اچھٹانک)، دار چینی (اچھٹانک)

ان سب چیزوں کو حلوے میں شامل کرے اور فاتحہ دے کر پرہیز گار لوگوں کو کھلائے اور سب باوضو بغایت احتیاط کے ساتھ کھلائیں اور بعد میں مقصد کے لیے دعا کرائے۔

### ۱۴۸۔ عمل اللّٰہُ الصَّمَدُ ہر کام کے لیے مجرب ہے:

اَللّٰہُ الصَّمَدُ ایک ہزار ایک بار اول وآخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار ایک چلہ بلا ناغہ وقت معینہ پر پڑھیں کسی بزرگ کے مزار کے پاس یہ عمل کریں تو بہت موثر ہے۔ فقیر راقم الحروف نے کئی شخصوں کو بتایا چلہ پورا ہونے سے پہلے مقصد حاصل ہوگا۔

# دفع آسیب وسحر

### ۱۴۹۔ امتحان آسیب:

مریض کا تین شبانہ روز پہنا ہوا کپڑا لے کر لمبائی میں ناپ لے اس کے بعد یہ عزیمت تین مرتبہ پڑھ کر کپڑے پر دم کرے پھر اس کپڑے کو چہرہ وسینہ بلکہ پیشانی کے سرے سے لے کر ناف تک دونوں جانب بقوت ملے پھر اس کپڑے کو ناپ لے اگر ایک انگل کم ہو دیو کا اثر ہے اور دو انگل کم ہو پری اور تین انگل کم ہو سحر ہے اور چار کم ہو زحمت وجودی ہے اللہ تعالیٰ امان بخشے اور اگر کپڑا اپنی حال پر رہے کم نہ ہوا ہو تو مرض ہے اور زندگی کی امید زیادہ علاج کرائے۔ عزیمت یہ ہے۔ می خوانم بر جامہ فلاں بن فلاں جہت آنکہ سبب آزار فلاں بن فلاں بریں جامہ ظاہر گردد وقربۃ الی اللّٰہ بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم لا الہ الا اللّٰہ وحدہٗ لاشریك لہ الہ واحد احد اصمد اوترابا قیالم یتخذ صاحبۃ ولا ولد اولم یکن لہ من الذل و کبرہ تکبیرا لم یلد و لم یولد ولم یکن لہ کفوا احد۔

### ۱۵۰۔ امتحان آسیب:

ان حروف کو مریض کے ہاتھ پر سیاہی سے لکھے اور اس سے کہے کہ اپنے ہاتھ پر نظر جماؤ اگر آسیب ہوگا بفرمان الٰہی حروف سرخ نظر آئیں گے اور اگر آسیب نہ ہوگا بدستور سیاہ نظر آئیں گے۔ حروف یہ ہیں۔ س، ص، ط، ر، ی، م، و، ی مجرب ہے۔

### ۱۵۱۔ امتحان آسیب کا مجرب عمل:

مٹی کی کوری طشتری پر اس طلسم کو لکھ کر مریض پر سے سات مرتبہ اتار کر کوئلے کی آگ پر رکھ کر سرخ کریں بعد سرد ہونے کے دیکھیں اگر حروف غائب ہو جائیں تو آسیب و دیو خبیث ہے اور اگر سفید ہوں جادو ہے اور سرخ ہوں تو چڑیل اور سیاہ رہیں تو مرض ہے۔ ۱۱۳۱۱۷۵۴ ورح ۱۱۲۲۵۴



Marfat.com

## ۱۵۲۔ حاضرات:

یا معشر الجن والانس ان استطعتم ان تنفذوا من اقطار السمٰوٰت والارض فانفذ والاتنفذون الابسلطن۔ یا حُمَّ یا ولُّو یا سَالِمِیْنَ یا اِبْرَاھِیْم حاضر شو۔ اس کو ہر روز تین سو مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھ لیا کرے مع ترک گوشت، انڈا، مچھلی، لہسن، پیاز وغیرہ اور اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ پھر جس وقت آسیب کا حاضر کرنا منظور ہو کہ مریض کے سر پر آ کر گفتگو کرے گیارہ بار یا اکیس مرتبہ عطر یا پھول پر دم کر کے مریض کو سنگھا دے ان شاء اللہ تعالیٰ آسیب حاضر ہو کر کہے گا میں فلاں بن فلاں ہوں۔ جو کچھ عامل کہے۔ تابعداری کرے گا۔

## ۱۵۳۔ حفاظت از آسیب:

حضرت مولیٰ المسلمین علی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جو اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے سیدھے بازو پر باندھے آسیب و بلا سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۶۸۱۰ | ۵۶۸۲۴ | ۵۶۸۲۰ | ۵۶۸۱۷ |
| ۵۶۸۲۱ | ۵۶۸۱۶ | ۵۶۸۱۱ | ۵۶۸۲۳ |
| ۵۶۸۱۵ | ۵۶۸۱۸ | ۵۶۸۲۶ | ۵۶۸۱۲ |
| ۵۶۸۲۵ | ۵۶۸۱۳ | ۵۶۸۱۴ | ۵۶۸۱۹ |

## ۱۵۴۔ دیگر طریقہ:

دفع آسیب کے لیے مرد ٹوپی اور عورت چوٹی میں باندھے اور تسخیر حاکم کے لیے عمامہ کے بیچ میں باندھے۔ مجرب ہے، بفضل خدائے تعالیٰ۔

## ۱۵۵۔ دفع آسیب:

ولقد فتنا سلیمٰن والقینا علی کرسیہ جسدا ثم اناب۔ جس شخص پر آسیب کا خلل ہو اس کے کان میں سات بار یہ آیت پڑھے خدا چاہے دفع ہو۔

## ۱۵۶۔ فتیلہ برائے آسیب:

بفضل خدا مجرب ہے اس میں سورۂ مزمل شریف وغیرہ کا نقش ہے اور حضرت سلطان مسعود قدس سرہٗ کی جانب منسوب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶۹۸۶۵۷ | ۱۶۹۸۶۷۱ | ۱۶۹۸۶۶۸ | ۱۶۹۸۶۶۴ |
| ۱۶۹۸۶۶۹ | ۱۶۹۸۶۶۳ | ۱۶۹۸۶۵۸ | ۱۶۹۸۶۷۰ |
| ۱۶۹۸۶۶۲ | ۱۶۹۸۶۶۶ | ۱۶۹۸۶۷۳ | ۱۶۹۸۶۵۹ |
| ۱۶۹۸۶۷۲ | ۱۶۹۸۶۶۰ | ۱۶۹۸۶۶۱ | ۱۶۹۸۶۶۷ |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ سوختم دیوان و پریاں جناں و جنیاں بھوتاں و بھتنیاں چڑیلاں و کفتاران و سحر و جادو و ہرچہ اجانب در اندام فلاں بن فلاں سخت شدہ باشد الٰہی درین فتیلہ آرد



Marfat.com

بسوز دوخاکستر گردان بحق علیقاملیقاانت تعلم مافی قلوبہم حقیقتاتپ و لرزہ دردسر و دردنیم سر آنچہ دراندام ہذاباشد بحق یابدوح یابدوح یابدوح یا بدوح العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ (نوٹ) یہ عمل بارہا تجربہ کیا گیا بہت مفید ثابت ہوا، اور نقش کی پشت پر یہ نقش لکھے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

۱۵۷۔ ردسحر و آسیب اور شفائے جمیع امراض کے لیے آزمودہ ہے اور مجنون کے لیے مفید ہے:

نقش چہار قل، بیری کے سات پتے ثابت لے کر دو صاف پتھروں کو خوب دھو کر باریک پیس لیں اور ایک کٹورے میں پانی ڈال کر کسی قلم یا پاک چیز جنبش دیں کہ مل جائے۔ اور جنبش دیتے وقت الحمدللہ شریف، آیۃ الکرسی، ایک ایک بار تینوں قل تین تین بار اول و آخر درود شریف پڑھ کر دم کریں۔ ان کے پڑھنے تک جنبش برابر جاری رہے پھر اس میں سے تین گھونٹ مریض کو یا جس پر احتمال سحر ہو پلائیں اور باقی ایک گھڑے پانی میں دال دیں جسے نہانا منظور ہو پھر علیحدہ پانی سے استنجا کرے اور مکان کے گوشے میں گڑھا کھود کر اس پانی سے غسل کرے پانی گڑھے سے باہر نہ ہو پھر گڑھا بند کر دیں تین روز متواتر یہ عمل کریں اور پہلی مرتبہ اگر فائدہ نہ ہو تو دوبارہ سہ بارہ کریں کیسا ہی سحر ہوگا دفع ہوگا اور آسیب و مرض سے نجات ملے گی یہ نقش پہلے سے لکھ کر بیری والے پانی میں ملا دیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۷۰۱ | ۴۷۰۴ | ۴۷۰۷ | ۴۶۹۴ |
| ۴۷۰۶ | ۴۶۹۵ | ۴۷۰۰ | ۴۷۰۵ |
| ۴۶۹۶ | ۴۷۰۹ | ۴۷۰۲ | ۴۶۹۹ |
| ۴۷۰۳ | ۴۶۹۸ | ۴۶۹۷ | ۴۷۰۸ |

۱۵۸۔ دفع سحر:

قولہ تعالیٰ واتبعوا ماتتلوا الشیطین علی ملك سلیمن وما کفر سلیمن ولکن الشیطین کفروا یعلمون الناس السحر وما انزل علی الملکین ببابل ہاروت و ماروت ط وما یعلمن من احد حتی یقولا انما نحن فتنۃ فلا تکفر ط فیتعلمون منهما ما یفرقون به بین المرء وز وجه ط وماهم بضارین به من احد الا باذن الله ط و یتعلمون ما یضرهم ولا ینفعهم ط ولقد علموا لمن اشترله ماله فی الاخرۃ من خلاق ط ولبئس ما شروابه انفسهم لو کانوا یعلمون۔ اس آیت کریمہ کو تانبے کی طشتری پر لکھ کر لوبان کی دھونی دے کر سحر زدہ کو پلائیں صحت ہوگی اور اسی پلیٹ میں کھانا بھی کھائیں سحر کا اثر نہ ہوگا اور زخم چشم کے لیے بھی مفید ہے۔ اور کندہ کرا



Marfat.com

لیں تو زیادہ آسان و بہتر ہے۔

## ۱۵۹۔ چھوٹا چراغ اقطاب اربعہ شافی شفا شفا شافی برائے حفاظت اطفال از بلیات و نظر بد جملہ آفات باذن اللہ تعالیٰ

ہر مہینے کی چوتھی شب کو یہ چراغ خوشبودار روغن اور چار بتی ڈال کر اس طرح روشن کرے کہ چراغ کا رخ سمتوں کی طرف رہے یعنی چراغ میں جہاں مشرقی لکھا ہے وہ رخ پورب کی طرف اور جہاں مغربی لکھا ہے وہ رخ پچھم کی طرف اور جہاں جنوبی لکھا ہے وہ رخ دکھن کی طرف اور جہاں شمال لکھا ہے وہ رخ اتر کی طرف رہے اور جب روشن کر چکیں تو اس کی روشنی میں اپنے سب بچوں کو بٹھائیں اور بہتر یہ ہے کہ ہر روز اپنے کھانے میں سے ایک مٹھی آٹا نکال کر علیحدہ رکھتے جائیں جتنا آٹا ہر مہینے پر جمع ہو اس کی روغنی روٹی پکائیں اور کچھ حلوا پکائیں اس پر فاتحہ دے کر ان چاروں بزرگوں کی جن کے اسمائے گرامی چراغ میں کندہ ہیں ان کی ارواح کو بخشیں تا کہ رزق میں برکت ہو پھر کعبے کی طرف منہ کر کے اس طرح بیٹھ کر کے چراغ اپنے سامنے رہے ایک سو پچھتر بار یا غنی یا کریم یا احد یا منعم پڑھے اول و آخر درود غوثیہ شریف ۱۰، ۱۰ بار پھر گیارہ بار یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ پڑھے پھر سولہ مرتبہ یا سادات عبد الکریم المغربی وعبد الجلیل الجنوبی وعبد الرحیم المشرقی وعبد الرشید الشمالی اغیثونا بحق غوثنا وغوثکم الشیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنھم پڑھ کر بچوں اور سب گھر والوں پر دم کر کے ایک ایک گھونٹ پیئے اور سب کو پلائے ہر مہینے اسی طرح کرے اور ہر سال رجب کی ۴ تاریخ کہ ان چاروں سلاطین کے عرس کی تاریخ ہے فاتحہ وغیرہ میں خاص اہتمام کرے پھر برکت اس چراغ کی دیکھے۔ اسی چراغ کی بدولت باذن اللہ تعالیٰ ایسے ایسے مریضوں کو شفا ہوئی جن کو اطباء جواب دے چکے تھے۔

### ۱۶۰۔ برائے شفاء امراض:

اگر بیمار کی صحت کے لیے روشن کرے اور جس طرح پڑھنے کو لکھا ہے اسی طرح پڑھے جب پڑھ چکے تو پندرہ ہزار چار سو پینتالیس بار کہے۔ شافی شفا شفا شافی اول و آخر درود شریف ۱۱ بار پڑھتے وقت مریضوں کا اس کی روشنی میں بیٹھنا ضروری ہے اگر نہ بیٹھا جا سکے تو لیٹ سکتے ہیں جب پڑھ چکے تو ایک مریض ہو یا دو جتنے بھی ہوں سب پر دم کرے اور جو دوا حکیم دیتا ہو اس پر دم کرے مولیٰ تعالیٰ کے فضل سے شفا پائے گا۔



Marfat.com

چراغ جو ردیہ ہے




## ۱۶۔عمل فراخی رزق:

ماہ ثابت عروج ماہ میں بعد مغرب تازہ وضو کر کے دو رکعت نماز صلاۃ الاسرار پڑھے ہر رکعت میں بعد فاتحہ سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھیں بعد سلام درود غوثیہ پڑھیں گیارہ بار اس کے بعد یَا نَبِیَّ اللّٰہِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ وَامْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ گیارہ بار پھر گیارہ قدم چلیں اور ہر قدم پر یَا غَوْثَ الثَّقَلَیْنِ وَیَا کَرِیْمَ الطَّرَفَیْنِ اَغِثْنِیْ وَامْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ پھر طاق بار دعائے مطلب اور اس چراغ صغیر کو چار فتیلہ کے ساتھ موافق جہات کے جلائیں اور اس کے سامنے قبلہ رو بیٹھیں اور گیارہ بار درود غوثیہ اور سولہ بار یا سادا تنا الخ اور گیارہ بار یا شیخ عبد القادر شیئاً للہ پڑھ کر پندرہ سو تینتالیس بار یا غنی یا کریم یا احد یا منعم پڑھ کر گیارہ بار درود غوثیہ پڑھ کر ختم کریں اور اکتالیس راتیں خالی مکان میں خوشبو روشن کریں پھر ہر مہینے کی ۱۴ تاریخ کو یہ عمل خالی مقام پر کریں اور بعد چلہ ختم ہونے کے ۱۷۵ مرتبہ اسمائے مذکورہ کا پڑھنا کافی ہوگا مگر چار رجب کو پوری تعداد پڑھیں۔

### ترکیب فاتحہ:

اول درود غوثیہ ۷ بار الحمد شریف ایک بار آیۃ الکرسی ایک بار قل ھو اللہ شریف گیارہ بار پھر درود غوثیہ ۷ بار پڑھ کر بارگاہِ رب العزت میں عرض کریں کہ الٰہی میرے اس پڑھنے اور (جو شیرینی یا حلوا ہو) کا ثواب اپنے کرم



Marfat.com

عمیم سے عطا فرما وہ ہماری طرف سے بارگاہ رسالت علیہ الصلوٰۃ والسلام میں ہدیہ ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل میں تمام انبیاء کرام ملائکہ عظام پھر صحابہ کرام واہل بیت کرام بعد ازاں تمام مومنین ومومنات کی ارواح کو پہنچے خاص کر حضور سیدنا غوث پاک رضی اللہ عنہ واقطاب اربعہ وحضور اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی قدس سرہٗ اور آپ کے جملہ مشائخ کرام کی ارواح مقدسہ کو پہنچے الٰہی اس عمل کی برکت سے رزق میں برکت عطا فرما اور دولت وغنا نصیب فرما۔ وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم۔

# تسخیر ہمزاد

**نوٹ:** اس باب کے عملیات عوام کے لیے نہیں بایں خیال اس باب کو ترک کرنے کا خیال تھا مگر کتاب کی تکمیل کے لیے من وعن مجموعہ شریف سے نقل کر رہا ہوں جو صاحب اہل ہوں فائدہ وہ اٹھائیں۔ نااہل کو ایسے عملیات سے بچنا لازم ہے، ورنہ ضرور نقصان ہوگا۔ (مؤلف)

## ۱۶۲۔ تسخیر ہمزاد:

باید کہ ایں اسماء دعوت کنندنہ (۹) ماہ بدیں طور کہ تا سہ ماہ اسم یا سمیع در تمازت آفتاب پشت دادہ ونظر خود بہ زنخداں سایہ قائم کردہ یکصد ویازدہ بار بخوانند وہر روز یگاں یگاں بار زیادہ کردہ خواندہ باشد چوں سایۂ خود را دیدہ عمل مذکور قرأت موقوف کردہ بمقام خود مراجعت کند چوں عرصہ سہ ماہ گزرد ہمیں طور سہ ماہ دیگر اسم یا بصیر خواند بعدہ ہمیں طور باز تا سہ ماہ یا سمیع را بخواند دریں مدت مسخر خواہد شد۔

## ۱۶۳۔ تسخیر ہمزاد:

اول دہ (۱۰) بار درود بخواند اللھم صلی علی سیدنا محمد و علی آل سیدنا محمد بعدد کل ذرۃ مائۃ الف الف مرۃ وبارك وسلم بعدہٗ کلمہ تجید دہ (۱۰) بار بعدہٗ چہل و یکبار ایں آیۃ اللّٰہ نور السمٰوات والارض مثل نورہ کمشکوٰۃ فیھا المصباح ط بخواند وآفتاب پس پشت دادہ ایں عمل کند واز حدود چشم نگاہ در گوش راست سایہ خود قائم دارد و چشم برہم زند وقتیکہ آیت مذکورہ تمام کند از ہموں چشم در ہوا دست راست نظر کند شکل آدم طولانی بنظر خواہد آمد وشرح ایں امور بوقت نمودن ایں عمل بصم خواہد آمد ہمچنیں تا مدتے کہ سایۂ اصلی مسخر شدہ قول وقرار نکند ایں عمل خواندہ باشد۔



Marfat.com

۱۶۴۔ تسخیر ہمزاد:

پاسے از روز آمدہ آفتاب را پشت دادہ ایستادہ اولاً نظر در سایہ خود کردہ بخواند اللّٰہ لا الہ الا ھو الحی القیوم بعدہٗ نظر بسوئے مغرب کردہ بخواند یا حی یا قیوم و نظر سوئے مغرب تا دیر قائم نماید بعدہ باز بسایہ نظر کند تا قیام نظر بر سایہ ہمیں دو اسمائے مذکور بخواند بعدہٗ باز بمغرب بیند و ہمیں اسماء مذکور تا قیام نظر بسوئے مغرب خواندہ باشد اما بسوئے مغرب اکثر بیند و سایہ خود را کمتر از آں ہمیں ساں ایں عمل تا تواند بکند چنداں کہ کثرت خواہد نمود زود تر موثر خواہد شد۔

۱۶۵۔ تسخیر ہمزاد:

باید کہ در تمازت آفتاب نشستہ سایہ خود را دیدہ نظر بر کمر سایہ قائم کردہ ایں عمل را یکصد و یازدہ بار بخواند و بر آسماں بیند اگر احیاناً غبار باشد در کوٹھری چراغ روشن کردہ در روشنی آں نشستہ عکس خود را دیدہ ایستادہ ہر دست بر سر خود نہادہ عمل مذکور بخواند و وقت قرأت او بعد طلوع آفتاب بقدر رخ بشمس و اگر احیاناً دریں وقت ناغہ شود بوقت دوپہر یعنی عین زوال بخواند عمل این ست بحق یا لطیف مسخر ہمزاد و تعین مدت قرأت نیست تا وقتیکہ مطلب حاصل نشود خواندہ باشد اما تا نہ ماہ خواندہ باشد۔

۱۶۶۔ عمل تسخیر موکل و این عملیست عجیب و غریب:

موثر ہر مطلب از عالم غیب از تصانیف حضرت پیر و مرشد مدظلہ العالی (نور اللّٰہ مرقدہ) اول باید کہ ایں عزیمت را کہ عددش ۱۰۹۳ ہست تا چہل روز با ترک حیوانی مع جمیع شرائط دعوۃ ادا کند ہر روز ایں عزیمت را ایک ہزار و نود سہ بار مدت چہل روز خواندہ باشد روز آخر در حجرۂ خالی بسیار بخور روشن کند و ایں عزیمت خواندن بگیرد ناگاہ صقرائیل موکل و محافظ دانہائے سلیمانی تابع ایں عزیمت بصورت خوب حاضر شود و سلام کند باید کہ بجز جواب سلام دیگر ہیچ کلام نہ کند تا آنکہ او خود در کلام آید و گوید کہ از طلسم مقصود چیست آں وقت بعد فراغ قرأت معمولی عزیمت جواب دہد کہ مقصود حضور و تسخیر تو است کہ مدام حاضر باشی و با من بقسم کلمہ محمدی عہد واثق کن کہ ہرگاہ کہ طلسم حاضر آئی چوں ایں عہد واثق شود او را رخصت کند و ایں عزیمت را ہر روز سہ صد و نود بار مدام ورد دارد و عزیمت ایں است اجب یا صقرائیل بحق یا صمد یا قیوم یا رب و اگر در یک چلہ مسخر نشود سہ چلہ ہمیں طور بجا آورد تا سوم ان شاء اللّٰہ تعالیٰ ضرور مسخر خواہد شد و چوں خواہد کہ دانہ سلیمانی کدامی مطلب طلب کند طریقش انیست کہ در جائے خلوت بخور سوختہ غسل کردہ جامۂ پاک پوشیدہ ایں عزیمت را بعدد سہ صد و نود بار بخواند چوں او حاضر و سلام کند باید کہ بعد جواب سلام حکم طلب دانۂ مطلوبہ خود کند فوراً برائے آوردن آں از نظر پنہاں شود تا آمدن او در آنجا مقیم ماند وقتیکہ حاضر



Marfat.com

شدہ دانہ مذکور را دہد باید کہ بتعظیم گیرد و برسر و چشم نہد و از نظر حائض و جنب محفوظ دارد و لازم داند کہ برائے کار خلاف شرع نطلبد چرا کہ موکل در تسخیر نخواہد ماند و مضرت خواہد رسانید از ہمچنیں فرمائش باطلہ۔

## ۱۶۷۔ ما یکتب علی المسامیر:

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم۔ والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامرہ الا لہ الخلق والامر تبارک اللّٰہ رب العلمین۔ گرد من و گرد خانہ من و گرد زن و فرزندان من و گرد مال و دوستان من حاضر شدہ حصار شوی و نگہدار باشی یا اللّٰہ بحق سلیمٰن بن داؤد علیہما السلام و بحق اھیا اشراھیا و بحق علیقا ملیقا تلیقا انت تعلم مافی قلوبھم وبحق لا الہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ و بحق یا مؤمن یا مھیمن۔ چار کیلیں چاروں گوشے مکان کے لیے ہر کیل سوا بالشت لمبی ہو اور وزن ایک پاؤ فی کیل ہو اور گول نہ ہو بلکہ چار پہل ہو اس پر مندرجہ بالا عبارت چاروں طرف کھودی جائے۔ نوک ضرور رہے، اس پر ہلدی سے رنگا ہو کپڑا لپیٹیں اس طرح کہ کیل معلوم نہ ہو اس پر سرخ کلاوہ اس طرح لپیٹیں کہ پیلا پن کپڑے کا ظاہر نہ ہو اور اس کو بانس کی پونگی میں رکھیں اور بانس کی پونگی مٹی کی پونگی میں اور مٹی کی پونگی رکابی میں اس پر سے دوسری رکابی ڈھک دیں اور سوا ذراع شرعی زمین کھود کر ایک ایک چاروں کونوں میں دفن کریں نوک کیل کی اوپر رہے قبل دفن تین شب متواتر تلاوت سورۂ بقرہ اور سب سے پہلے سات راتیں متواتر اذانیں زوردار آواز سے کہیں لپیٹتے اور کھودتے اور دفن کرتے وقت آیۃ الکرسی شریف برابر پڑھتے رہیں اگر مکان میں کوئی اور گوشہ ہو تو ایک کیل کا اضافہ کریں پاخانے کے دروازے پر اور مکان کے دروازے پر ایک ایک کیل ضرور گاڑی جائے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# بَابُ النِّسَاء

## ۱۶۸۔ برائے حفاظت حمل:

سوئیوں کا تعویذ حفاظت حمل کے لیے بارہا کا تجربہ شدہ ہے کہ ابتداء حمل سے چار ماہ تک یہ تعویذ ضرور باندھ دیا جائے بوقت بندش سوا گیارہ آنے کی شیرینی پر بڑے پیر صاحب اور بزرگان دین کی نیاز دے کر بچوں کو تقسیم کر دیا جائے۔ تعویذ موم جامہ کر کے باندھ دیا جائے تاکہ اتنا لمبا ہو کہ گلے میں ڈالنے کے بعد ناف تک تاکہ اور تعویذ ناف کے نیچے رہے تعویذ کی عبارت کم از کم سات سطروں میں لکھی جائے ہر سطر پر ایک سوئی رکھ کر تعویذ لپیٹا جائے اگر سات سطروں سے زائد ہو جائے تب بھی کوئی حرج نہیں۔ ہر سوئی پر ایک بار آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کریں۔ تعویذ یہ ہے۔ بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم واذ قالت امرأة عمران رب انی نذرت لك مافی بطنی محررا فتقبل منی انك انت السمیع العلیم۔ الٰھی بحرمت سورۃ ھود الٰھی بحرمت سورۃ یونس الٰھی بحرمت سورۃ یوسف الٰھی بحرمت سورۃ یٰسٓ الٰھی بحرمت سورۃ مزمل الٰھی بحرمت سورۃ مدثر الٰھی بحرمت سورۃ اذا الشمس کورت الٰھی بحرمت سورۃ والشمس وضحٰھا الٰھی بحرمت سورۃ والضحی الٰھی بحرمت سورۃ الم نشرح الٰھی بحرمت سورۃ قل یایھا الکفرون لا اعبد ماتعبدون ولا انتم عبدون ما اعبد ولا انا عابد ما عبدتم ولا انتم عابدون ما اعبد الٰھی بحرمۃ این ایاتھا انه مسان و مسانی کہ در بدن طفل فلانہ بن فلانی باشد دور شود فاللّٰہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین۔ تعویذ لکھنے میں اس امر کا خیال رہے کہ جتنے چشم دار حروف ہیں ان کی آنکھیں کھلی رہیں مثلاً واو۔ قاف۔ ھاء۔ میم وغیرہ فلانہ بنت فلانہ کی جگہ حاملہ اور اس کی ماں کا نام لکھے۔

## ۱۶۹۔ اسقاط حمل سے حفاظت کے لیے مجرب المجرب ہے:

جس عورت کے حمل ضائع ہو جاتے ہوں یا بچہ جیتا نہ ہو اس کے لیے دوشنبہ کے دن دوپہر کو اجوائن اور کالی مرچ پر سورۂ والشمس چالیس بار پڑھے اور ہر بار اول و آخر درود شریف پڑھے اور اجوائن اور مرچوں کو حاملہ ایام حمل سے دودھ چھڑانے تک برابر کھایا کرے۔



Marfat.com

## ۱۷۰۔ حفاظت حمل:

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ | ۲۰ | ۲۱ |
| ۱۸ | ۲۲ | ۲۶ |
| ۲۳ | ۲۴ | ۱۹ |

اس نقش متبرک کو لکھ کر کنوئیں کے پانی میں حل کر کے روزانہ نوش کریں۔ پیدائش کے بعد بھی دو تین ماہ تک نوش کرتی رہے۔

## ۱۷۱۔ جس عورت کا حمل غائب ہو جائے:

یہ تعویذ لکھ کر پلائے بعنایت مولیٰ تعالیٰ پھر ظاہر ہوگا۔ موم جامہ کر کے ناف کے نیچے باندھے ان شاء اللہ تعالیٰ ظاہر ہوگا۔

## ۱۷۲۔ استقرار حمل کے لیے مجرب ہے:

یا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم حی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۳ | ۶ | ۱ |
| ۵ | ۲ | ۷ | ۴ |
| ۳ | ۸ | ۱ | ۶ |
| ۲ | ۵ | ۴ | ۷ |

یاحی حین لاحی فی دیمومة ملکه وبقائه یاحی

اگر حمل گر جاتا ہو تو آیۂ کریمہ اور سورۂ کافرون کسم کے رنگے تاگے کے گیارہ تار جو عورت کے سر سے پاؤں کے انگوٹھے تک ہوں پڑھ پڑھ کر گرہ دیتا جائے نو گرہیں لگا لے یہ گنڈہ عورت کے گلے میں ڈالے۔ واصبر وما صبرك الا بالله ولا تحزن علهم ولا تك فی ضیق مما یمکرون۔ ان الله مع الذین اتقوا والذین هم محسنون۔

## ۱۷۳۔ استقرار حمل وزن عقیمہ کے لیے:

جو عورت بانجھ ہو اس کے لیے ہرن کی جھلی پر لکھ دیں کہ گردن میں ڈالے ان شاء اللہ تعالیٰ صاحب اولاد ہو۔ ولو ان قرانا سیرت به الجبال اوقطعت به الارض او کلم به الموتی بل لله الامر جمیعا ط افلم یئس الذین کفروا ان لو یشاء الله لهدی الناس جمیعا ط۔

## ۱۷۴۔ معین حمل وحمل خام کی روک کے لیے:

یہ آیت کریمہ لکھ کر کمر میں باندھے اور سات دن روزانہ حاملہ کو پلائیں۔ ان کل نفس لما علیها حافظ فلینظر الانسان مم خلق خلق من ماء دافق۔ فالله خیر حافظا وهو ارحم الراحمین۔

## ۱۷۵۔ بانجھ عورت کے لیے مجرب ہے:

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| یاباقی | یاحق | ۱۱۵ |
| یاجامع | ۱۱۲ | یاعلی |
| یاحنان | یاقوی | یاکافی |

مثلث مضمر ومظہر مصور مستخرجہ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ ان شاء اللہ تعالیٰ فرزند نرینہ طویل عمر صالح جامع فضائل



Marfat.com

جسمانیہ وروحانیہ ہوگا۔ باذن اللہ تعالیٰ۔ ان اللہ علیٰ کل شی قدیر۔

## ۱۷۶۔ عمل برائے زن عقیمہ:

جمعرات کے دن عورت روزہ رکھے پھر اس قدر دودھ لیں جو نہ اتنا زیادہ ہو کہ بچ جائے نہ اس قدر کم ہو کہ عورت کو دودھ پینے کے بعد بھوک باقی رہے اس دودھ پر صحیح خواں سے سورہ مزمل شریف سات بار پڑھوا کر دم کرائیں اور پھر اس وقت سے دودھ کا برتن زمین پر نہ رکھا جائے عورت اس دودھ سے روزہ افطار کرے پھر کوئی چیز شب کو نہ کھائے اگر دودھ ہضم ہو جائے تو جو عمل اس بارے میں مذکور ہیں وہ کرے اور اگر دودھ ہضم نہ ہو جان لے کہ اس کی قسمت میں فرزند نہیں۔

## ۱۷۷۔ عمل استقرار حمل برائے زن عقیمہ:

دو نقش آیت کریمہ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ تا رقیبًا گلاب و زعفران سے لکھیں ایک عورت دھو کر پی لے اور دوسرا (بچہ دان) پر باندھیں مگر حیض سے پاک ہونے پر یہ عمل کریں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۳۰۵عص | ۳۰۱عص | ۸ |
| ۳۰۲عص | ۷ | ۲ | عص۳۰عص |
| ۶ | ۲۹۹عص | ۳۰۷عص | ۳ |
| ۳۰۶عص | ۴ | ۵ | ۳۰۰عص |

## ۱۷۸۔ برائے زن عقیمہ:

چار نقش لکھیں ایک (بچہ دان) پر باندھیں اور تین نقش تین دن برابر پیے اور ہر شب شوہر جماع کرے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۳۳ | ۳۰ | ۸ |
| ۳۱ | ۷ | ۲ | ۳۲ |
| ۶ | ۲۸ | ۳۵ | ۳ |
| ۳۴ | ۴ | ۵ | ۲۹ |

## ۱۷۹۔ برائے استقرار حمل:

اس دعا کو لکھ کر پانی سے دھو کر پیے ان شاء اللہ تعالیٰ فرزند نرینہ پیدا ہوگا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اعوذ بکلمٰت اللہ التامّات من شرّ شیطان و ھامات ومن کل عین لامات ومن کل اوجاع و اسقام و امراض و ان یکاد الذین کفروا لیزلقونك بابصارھم لما سمعوا الذکر و یقولون انه لمجنون وما ھو الاذکر للعٰلمین بحق کھیعص و بحق حم عسق اھیا واشراھیا بسم اللہ الشافی بسم اللہ الکافی بسم اللہ المعافی بسم اللہ الذی لایضر مع اسمه شی فی الارض ولا فی السماء بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔



Marfat.com

قل اعوذ برب الناس ملك الناس اله الناس من شرا لواس الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنة والناس۔ تین دن متواتر یہ تعویذ پیے اور ہر شب شوہر مجامعت کرے۔

## ۱۸۰۔ برائے زن عقیمہ:

درج ذیل ترکیب کو غور سے پڑھ کر عمل کریں ان شاءاللہ تعالیٰ اولاد سے بہرہ ہوں گے۔

جس دن عورت ایام ماہواری سے فارغ ہو کر غسل کرے اسی دن یا دوسرے دن شوہر ایک خرما لا کر اس پر سورۂ مزمل شریف گیارہ مرتبہ دم کر کے رکھ لے۔ اور عورت پردہ کے بند مکان میں بسم اللہ کہہ کر کپڑے اتار کر بالکل برہنہ نہائے اور پہلے سے ایک لڑکا تین چار سال کا دایہ الگ گوشے میں بٹھار کھے اور تھوڑا سا قند سیاہ (گڑ) اپنے پاس رکھے بعد غسل لڑکے کو بلا کر گڑ دے اور شوہر کو بلا کر اس کا منہ دیکھے مگر اس وقت جماع نہ کریں۔ پھر...... نقش الف موم جامہ کر کے ناف پر باندھیں۔ اس کے بعد ب پانی میں گھول کر پی لے پھر تعویذ جس پر ج لکھا ہے موم جامہ کر کے زیر ناف پیڑو پر باندھ لے پھر نقش جس پر لکھا ہے پانی میں گھول کر پی لے پھر نقش جس پر ہ لکھا ہے خاص بچہ دان پر باندھے پھر دعا جو اوپر مذکور ہے جس کی ابتداء پر ح لکھی ہے پی لے پھر دعا جس پر و ہے گھول کر پی لے۔ یہ سب کام اسی جلسہ میں کرے پھر رات کو شوہر وہ خرما عورت کو کھلائے پھر دونوں سات سات بار یا مصور کہیں اور اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں اور صحبت میں مشغول ہوں دوسرے دن علی الصباح قبل نماز دونوں غسل کریں اور عورت بعدِ غسل نقش وگھول کر پی لے اس کے بعد دعا جس پر ز لکھا ہے گھول کر پی جائے اور پھر شب کو یا مصور بدستور سابق کہہ کر مشغول ہوں تیسرے دن قبل نماز غسل کریں اور عورت بعد غسل بدستور د گھول کر پی لے اور اس کے بعد دعا ح گھول کر پی لے اور شب کو بدستور یا مصور کہہ کر ہمبستر ہوں تینوں دن قبل نماز غسل کریں اگر ان تین دنوں میں کامیابی ہو فبہا ورنہ دوسرے مہینہ بعد فراغ ایام ایسا ہی کریں اس طرح جب تک کامیابی نہ ہو ہر ماہ کریں۔ اور اگر ایام کی خرابی ہو تو پہلے علاج کرائیں۔ بعد صحت یہ عمل کریں۔ اس سلسلہ میں شربت دینار اور ہیرا کسیس کی گولیاں بے حد مفید اور بارہا کا مجرب نسخہ ہے اور سینکڑوں عورتیں اس سے کامیاب ہوئی ہیں۔ بفضل خدا۔ نقوش و دعائیں ترتیب سے درج ذیل ہیں۔

| نمبر | ۷۸۶ | | الف |
|---|---|---|---|
| یامصور | یامصور | یامصور | یامصور |
| یامصور | یامصور | یامصور | یامصور |
| یامصور | یامصور | یامصور | یامصور |
| یامصور | یامصور | یامصور | یامصور |

| ب نمبر۲ | ۷۸۶ | | نمبر۳ ج |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۴۳۰۵ | ۴۳۰۱ | ۸ |
| ۴۳۰۲ | ۷ | ۲ | ۴۳۰۴ |
| ۶ | ۴۲۹۹ | ۴۳۰۷ | ۳ |
| ۴۳۰۶ | ۴ | ۵ | ۴۳۰۰ |

| نمبر۴ د | ۷۸۶ | | نمبر۵ ہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۳۳ | ۳۰ | ۸ |
| ۳۱ | ۷ | ۲ | ۳۲ |
| ۶ | ۲۸ | ۳۵ | ۳ |
| ۳۴ | ۴ | ۵ | ۲۹ |

**روز اول: و نمبر۶**: بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم ھو اللّٰہ الذی لا الہ الا ھو علم الغیب والشھادۃ ھو الرحمٰن الرحیم رب ابراھیم و موسیٰ و عیسیٰ علیھم السلام۔

**روز دوم و نمبر۷**: بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم ھو اللّٰہ الذی لا الہ الا ھو الملک القدوس السلٰم المؤمن المھیمن العزیز الجبار المتکبر ط سبحان اللّٰہ عما یشرکون رب ابراھیم و اسمٰعیل و اسحٰق و یعقوب علیھم السلام۔

**روز سوم نمبر۸**: بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم ط ھو اللّٰہ الخالق البارئ المصور لہٗ الاسماء الحسنٰی ط یسبح لہ ما فی السموات والارض وھو العزیز الحکیم ط رب محمد و موسیٰ و عیسیٰ صلوات اللّٰہ وسلامہ علیھم اجمعین۔

## ۱۸۱۔ برائے زن عقیمہ:

آیت کریمہ او کظلمت فی بحر لجی یغشہ موج من فوقہ موج من فوقہ صحاب ظلمت بعضھا فوق بعض ط اذا اخرج یدہ لم یکدیراھا ط ومن لم یجعل اللّٰہ لہ نور افمالہ من نور۔ چالیس لونگوں پر سات بار پڑھ کر بانجھ عورت کو دے کہ وہ غسل حیض کے بعد ایک ایک ہر روز کھالیا کرے اور اثنائے چلہ میں شوہر کے ساتھ ہم بستر ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حاملہ ہو۔ شرط یہ ہے کہ رات کو کھائے پھر اس پر پانی نہ پیے۔

**دیگر**: یہ نقش لکھ کر عورت کو دے کہ بعد طہر باندھ لے اور تین رات شوہر کے ساتھ ہم بستر ہو اور اس کے بعد کھول کر رکھ دے پھر دوسرے اور تیسرے طہر میں ایسا ہی کرے غایت دس طہر ہے بفضل خدا ضرور بارآور ہوگی۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۳ | ۸ | ۱ |
| ۲ | ۴ | ۶ |
| ۷ | یاتنکفیل | ۵ |

## ۱۸۲۔ عمل برائے قرار و حفاظت حمل از اسقاط:

از میاں صاحب قبلہ قدس سرہٗ ۲۱۔ تار سیاہ تاگا کچا لے کر جو عورت کی پیشانی سے لے کر پیر کے انگوٹھے کے برابر کا ہو اول و آخر درود تنجینا تین تین مرتبہ اور سورۂ قریش ۳۔۳ مرتبہ پڑھ کر گیارہ گرہ دے اور ایک چلہ سے تین چلہ تک عورت کمر پر بعد طہارت اس طرح باندھے کہ گرہ سامنے رہے اور نقوش استقرار حمل گلے میں باندھے یا ناف کے نیچے اور گیارہ روپے صاحب عمل لے کر ایک تہائی پر فاتحہ بنام چہار انبیاء کرام علیھم السلام پڑھ کر تقسیم کرے، مقصد پورا ہوگا۔



Marfat.com

## ۱۸۳۔ جس کے لڑکیاں ہی ہوتی ہیں:

وہ اولاد نرینہ چاہے تو حمل تین ماہ کامل ہونے سے قبل ہی ان آیات کو ہرن کی جھلی پر گلاب وزعفران سے لکھیں اور گلے میں اسی طرح ڈالیں کہ ناف کے نیچے رہے۔ بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم اللّٰہ یعلم ما تحمل کل انثی وما تغیض الارحام و ماتزداد و کل شی عندہ بمقدار۔ علم الغیب و الشہادۃ الکبیر المتعال۔ یا زکریا انا نبشرك بغلا م ن اسمه یحییٰ لم نجعل له من قبل میعاد بحق مریم و عیسٰی ابنا صالحا طویل العمر بحق محمد و اله صلی اللّٰه تعالٰی علیه وعلی سائر انبیائه وبارك وسلم۔

## ۱۸۴۔ برائے تولد فرزند:

ایک طرف یہ دعا اور دوسری جانب عورت کا نام لکھ کر عورت کے گلے میں پہنائیں۔ بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم خالق النفس من النفس المطمئنة یا من وھب لد اود سلیمن و لزکریا یحیٰی و لمریم عیسٰی ارزقھا ولد اصالحا سمیته محمد ا بحق لا اله الا اللّٰه محمد رسول اللّٰه فسیکفیکھم اللّٰه وھو السمیع العلیم۔ بچہ پیدا ہو تو اس کا نام محمد رکھیں۔

## ۱۸۵۔ برائے تولد فرزند:

حمل سے پہلے ۴ عدد مغز بادام کے ہر دانہ پر ۴ ایک بار سورۂ یٰس پڑھ کر دم کریں عورت ایک دانہ روز کھائے۔

## ۱۸۶۔ برائے تولد فرزند مجرب المجرب ہے:

حاملہ کے پیٹ پر انگشت شہادت رکھ کر یہ دعا پڑھے۔ اللھم کان ھذا الولہ ذکرا فعبتہ محمدا اہ۔

## ۱۸۷۔ تسہیل ولادت:

نقش پندرہ ٹھیکری پر لکھ کر دیں کہ بائیں پیر کے نیچے رکھ لے ان شاء اللہ تعالیٰ بآسانی ولادت ہوگی۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | ۱۵ | ۱ | ۸ |
| ۵ | ۴ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۶ | ۹ | ۷ | ۲ |
| ۳ | ۶ | ۱۲ | ۱۳ |



Marfat.com

**۱۸۸۔آسانی وضع حمل:** ناف پر وضع حمل میں آسانی کے لیے باندھا جائے۔

**۱۸۹۔جب تکلیف زیادہ ہو:** (ل) ران پر باندھا جائے۔ کھانے کے لیے (ب) دیا جائے۔

ب۔ ۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶ | ۲۲ | ۲۸ | ۲ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۳ |
| ۶ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۲۰ | ۱۰ | ۸ | ۳ |

ل ۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۴ | ۱۱ | ۸ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۳ |
| ۶ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۱۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

**۱۹۰۔آسانی سے ولادت ہو:**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یھب لمن یشاء انا ثا ویھب لمن یشاء الذکور فلاں بنت فلاں را پسر زائد۔

**۱۹۱۔آسانی کے ساتھ بچہ پیدا ہو:**




اس نقش کو لکھ کر دے کہ عورت ناف پر باندھے یا سیدھے ہاتھ میں لے کر بیٹھ جائے ان شاء اللہ تعالیٰ جلد تر مدت میں ولادت ہوگی۔ بعد ولادت تعویذ کو علیحدہ کر دے اور بچہ کو نہلا کر اذان وتکبیر کان میں کہہ کر اس کے گلے میں ڈال دے۔

**۱۹۲۔برائے تیسیر وضع وتسہیل حیض:**

انا السماء انشقت و اذنت لربھا وحقت واذا الارض مدت والقت ما فیھا و تخلت و اذنت لربھا و حقت اھیا اشراھیا۔ یہ ایک پارچہ پر لکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر بائیں بازو پر باندھے بچہ پیدا ہوتے ہی فوراً کھول دیں۔

ترکیب دیگر یہ ہے کہ آیۃ الکرسی ایک بار اور یہ آیت کریمہ سات بار پڑھ کر گڑ یا پانی پر دم کر کے کھلائیں یا پلائیں۔

**۱۹۴۔اس عورت کی خلاصی کے لیے جس کا بچہ پیٹ میں مر گیا ہو:**

مٹی کی کوری طشتری پر یہ آیت لکھ کر عورت کو پلائیں۔ خدا چاہے تو مردہ بچے کی ولادت آسانی سے ہو جائے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم واصبح فواد ام موسیٰ فارغا ان کانت لتبدی بہ لولا ان ربطنا علی قلبھا لتکون من المومنین۔



Marfat.com

## ۱۹۴۔ برائے حبس حیض ونفاس:

اس نقش کو پوست ہرن پر لکھ کر عورت کی ران میں باندھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ خون فوراً بند ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲۶ | ۶۰۲ | ۷۵ |
| ۱۵۰ | ۳۰۱ | ۴۵۲ |
| ۵۲۷ | یاقابض | ۳۷۶ |

۷۸۶

## ۱۹۵۔ برائے حبس حیض ونفاس:

مشک زعفران سے لکھ کر زیر ناف باندھے اور ایک مرغ سفید نر یا مادہ صدقہ کرے مجرب و آزمودہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| یاقابض | یاقابض | یاقابض | یاقابض |
| یاقابض | یاقابض | یاقابض | یاقابض |
| یاقابض | یاقابض | یاقابض | یاقابض |
| یاقابض | یاقابض | یاقابض | یاقابض |

یاقابض تقبضت بالقبض والقبض فی قبض قبضك یاقابض خون کہ زیادہ از بیماری آمد قبض و بند گردد

## ۱۹۶۔ دفع استحاضہ کے لیے:

مستخرجہ سیدنا اعلیٰ حضرت قدس سرہ مجرب ہے چاہیے کہ اس نقش کو گلے میں پہنائیں اور کسر نویں خانہ میں ڈالی جائے یعنی ۷۳۲ کے بعد ۷۳۴ ہوں۔

اللهم ادفع استحاضه ۷۸۶ امتک فلانة

بنت فلانة بحرمة ان الله

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷۳۲ | ۷۳۶ | ۷۳۹ | ۷۲۵ |
| ۷۳۸ | ۷۲۶ | ۷۳۱ | ۷۳۷ |
| ۷۲۷ | ۷۴۱ | ۷۳۴ | ۷۳۰ |
| ۷۳۵ | ۷۲۹ | ۷۲۸ | ۷۴۰ |

بحق مجاہد

## ۱۹۷۔ برائے اجرائے حیض:

اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ كَاشِفَ الْغَمِّ مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَرَحِيْمَهُمَا اَنْتَ تَرْحَمُنِيْ رَحْمَةً تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ اَللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ من تشاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تُعْطِيْهِمَا مَنْ تَشَاءُ اِرْحَمْنِيْ رَحْمَةً تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ

نماز جمعہ کے بعد ستر بار اول و آخر درود شریف ٣۔٣ بار۔

## ٣٦٧۔ ادائے قرض کی مجرب دعا:

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ہر نماز کے بعد گیارہ گیارہ با



Marfat.com

اور صبح وشام سو سو بار روزانہ اول وآخر تین بار درود شریف۔ یہی وہ دعا ہے جس کے بارے میں مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر تجھ پر پہاڑ کے مثل قرض ہوگا تو اللہ تعالیٰ اپنے کرم سے ادا کردے گا۔

## ۳۶۸۔ فراخی اور ادائے قرض کے لیے:

ہر نماز فرض کے بعد سورہ مزمل ایک بار اس کے بعد یہ دعا تین بار پڑھیں۔

يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ هَيِّئْ لَنَا سَبَبًا لَا نَسْتَطِيْعُ لَهٗ طَلَبًا وَيَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ اِفْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ وَاَبْوَابَ فَضْلِكَ وَاَبْوَابَ مَغْفِرَتِكَ وَاَبْوَابَ عِنَايَتِكَ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

## ۳۶۹۔ ادائے قرض وشفائے بیماراں:

سورۂ اٰل عمران تیرہ بار اول وآخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار اکتالیس روز پڑھے اور جس بیمار کے لیے پڑھی جائے اسے شفا ہوگی۔

## ۳۷۰۔ حصول غنا کے لیے مجرب عمل:

منقول از کاشف الاستار ۵ بار اس دعا کو پڑھے اور مداومت کرے، ہرگز تنگدست نہ ہوگا۔

يَا دَائِمَ الْعِزِّ وَالْبَقَايَا يَا وَاهِبَ الْجُوْدِ وَالْعَطَايَا يَا وَدُوْدُ ذُوالْعَرْشِ الْعَظِيْمِ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ يَا حَمِيْدَ الْفِعَالِ ذَا الْمَنِّ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ يَا حَمِيْدُ۔

# خلاص محبوس

## ۳۷۱۔ قید سے رہائی کا مجرب عمل:

اس فتیلہ کو روغن تل میں تین یا سات یا اکیس راتیں اور آخر کار چالیس راتیں روشن کرے اور چراغ کا رخ قید خانہ کی جانب رکھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ قید سے جلد از جلد رہائی ہوگی اور یہ نقش محبوس کے بازو پر باندھے اور یہ ممکن نہ ہو تو درخت پر۔ فتیلہ یہ ہے۔

۲۹ ۵۵ ۵۵ ع ۶۹۹ ۵ ۵ ۵۷ ۱۲

Marfat.com

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰۹ | ۱۰۱ | ۱۰۷ |
| ۱۰۳ | ۱۰۶ | ۱۰۸ |
| ۱۰۵ | ۱۱۰ | ۱۰۲ |

# برائے حفاظت مال

## ۳۷۲۔آگ بجھانے کے لیے:

سورۂ والضحیٰ اور یہ دعا سات کنکروں پر پڑھ کر آگ میں پھینکے ان شاء اللہ تعالیٰ فوراً سرد ہو گی دعا یہ ہے۔ اصبحت فی امان اللّٰہ وامسیت فی جوار اللّٰہ وامسیت فی امان اللّٰہ واصبحت فی جوار اللّٰہ۔

## ۳۷۳۔عمل عجیب وغریب:

دیمک وغیرہ سے حفاظت کا عمل مجرب اگر ان اسماء کو لکھ کر کتاب میں رکھے حفاظت رہے۔اور اگر بانس کی پونگی میں لکھ کر کھیت میں دفن کرے ان شاء اللہ تعالیٰ غلہ خوب پیدا ہوگا اور اگر داہنی ران میں باندھے پیدل چلے میں نہ تھکے اور اگر عورت دردزہ میں مبتلا ہو تو اس کی بائیں ران میں باندھے موم جامہ کرکے بچہ جلد پیدا ہو اور عورت کو سکون ہو اور اگر سینہ پر باندھے بچہ پیدا نہ ہو جب تک کہ نقش کھول نہ لیا جائے۔وعلی اللّٰہ قصد السبیل ومنھا جائر ولوشاء اللّٰہ لھدا کم اجمعین یا کبی کح یملیخا مکسلمینا کشفوطط طبیونس از فطیونوس یوانس اسم کلبھم قطمیر۔

## ۳۷۴۔شق دیوار نہ گرنے کا مجرب عمل:

دیواروں پر مکان کے ہر گوشہ میں لگا دیں ان شاء اللہ تعالیٰ وہ دیوار نہ گرے گی بحق حضرت معروف کرخی بماند سالہا دیوار کرخی۔"

## ۳۷۵۔چوہوں سے حفاظت کا عمل:

جو چوہے کھیتی کو خراب کرتے ہوں ان کے لیے چار کوری سکوری یا ٹھیکری پر لکھ کر چاروں کونوں میں دفن کردیں ان شاء اللہ تعالیٰ ان سے امان ہو گی۔بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم اللھم الفارۃ جند من جنودك خلق من خلائقك فاکفنا شرھا واصرف عنا شرھا مغفربین سقمری۔



Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

**۳۷۶۔ دفع موش کے لیے:**

**۳۷۷۔ دیگر:** اس نقش کو روٹی پر لکھ کر گھر میں ڈالے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۶ | ۹ | ۱ |
| ۸ | ۲ | ۷ | ۷ |
| ۳ | ۱۱ | ۴ | ۶ |
| ۵ | ۵ | ۴ | ۱۰ |

بحق سوا بس لا صا ۵ ۱ ۴ ۳ ۶ ۱ ۴۴

اشراھیا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

# سرقہ و گریختہ

## ۳۷۸۔ چوری گیا مال ملنے کا عمل:

جس شخص کی کوئی چیز کھو گئی ہو چاہیے کہ اول ایک سو انیس بار یا حفیظ پڑھے پھر ایک سو ۱۹ امرتبہ یا بنی انھا ان تك مثقال حبه من خردل فتكن فی صخرة او فی السموات او فی الارض يات بها اللّٰه ان شاء اللہ تعالیٰ کھوئی ہوئی چیز مل جائے گی اگر شمار میں کمی نہ ہو۔

## ۳۷۹۔ گمشدہ چیز کے ملنے کے لیے:

سات بار سورۂ والضحیٰ اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھ کر انگلی شہادت کی اپنے سر کے گرد پھرائے پھر سات بار یہ دعا پڑھے۔ اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ یہ پڑھ کر دستک دے۔

## ۳۸۰۔ برائے حصار:

اوپر والا عمل کرے اور ہر روز رات کو آیۃ الکرسی اور چاروں قل اور اس دعا کو بہ نیت حصار پڑھیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ مکان چوری اور ہر بلا و آفت ارضی وسماوی سے محفوظ رہے۔

## ۳۸۱۔ آگ بجھانے کے لیے:

یہی سورت اور دعا جو اوپر مذکور ہوئی سات کنکروں پر پڑھ کر آگ میں پھینکے ان شاء اللہ فوراً سرد ہو۔

## ۳۸۲۔ چوری سے محفوظ رہے:

سورۂ توبہ کو اپنے اسباب میں رکھے ان شاء اللہ تعالیٰ چوری سے محفوظ رہے گا۔

## ۳۸۳۔ گمشدہ شے کے ملنے کا عمل:

چالیس بار سورۂ یٰسین شریف سات دن تک پڑھے۔



Marfat.com

## ۳۸۴۔ برائے مفرور گمشدہ شے:

اگر کسی کی کوئی چیز جاتی رہے تو یہ نقش ہر چہار طرف اس چیز کا نام اور قیمت مع نام ایک وزن دار پتھر کے نیچے دبا دیا جائے جب وہ چیز مل جائے تو پتھر کے وزن برابر شیرینی پر فاتحہ دے کر تقسیم کر دی جائے اور بھاگے ہوئے شخص کے لیے لکھا جائے تو مع نام اسکی ماں کے پیَر پر لٹکا دیا جائے جب مفرور آ جائے تو نقش کھول لیا جائے۔

یامیکائیل بستم بسید عبدالکریم راہ مغرب

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۸۵ | ۳۸۸ | ۳۹۲ | ۳۷۸ |
| ۳۹۱ | ۳۷۹ | ۳۸۴ | ۳۸۹ |
| ۳۸۰ | ۳۹۴ | ۳۸۶ | ۳۸۳ |
| ۳۸۷ | ۳۸۲ | ۳۸۱ | ۳۹۳ |

یااسرافیل بستم بسد عبدالرحیم راہ مشرق

یاجبرائیل بستم بسید عبدالجلیل راہ جنوب

یاعزرائیل بستم بسید عبدالجبار راہ شمال

سیصیب الذین اجرموا

بما کانوا یمکرون

وعذاب شدید

صغار عند اللّٰہ

## ۳۸۵۔ مفرور کے لیے:

اس آیت شریفہ کو حسب نمونہ ذیل مربع میں لکھ کر بیچ میں نام مفرور کا لکھ کر کلام مجید کے پارہ ولوانّنا میں جہاں یہ آیت ہے اس پر نقش رکھ کر بند کر دے۔

بستم راہ مغرب فلاں بن فلاں

| | | |
|---|---|---|
| ۶ د | ۱ بدوح | ۸ ب |
| ۷ بدوح | ۵ بدوح | ۳ بدوح |
| ۲ ح | ۹ بدوح | ۴ و |

بستم راہ مشرق فلاں بن فلاں

بستم راہ جنوب فلاں بن فلاں

بستم راہ شمال فلاں بن فلاں

## ۳۸۶۔ برائے گریختہ:

اس نقش کو لکھ کر مکان میں اگر پیڑ ہو ورنہ بانس گاڑ کر اس پر لٹکا دے کہ ہوا میں حرکت کرتا رہے جب مفرور آ جائے تو فوراً کھول لے۔ نوٹ۔ اعداد صرف چال بتانے کے لیے ہیں۔

## ۳۸۷۔ عورت یا اور کوئی بھاگ جائے اس کو واپس بلانے کے لیے:

اس نقش کو درخت پر لٹکا دے اور یہ دعا روزانہ ۱۹۳ مرتب پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ رُدَّ اِلَیَّ اِمْرَاَتِیْ اَوْفُلَانًا بِالْخَیْرِ بِحُرْمَةِ اِنَّهٗ یُبْدِئُ وَیُعِیْدُ امراتی کی جگہ عورت کا نام اسی طرح فلانا کی جگہ بھاگنے والا کا نام لکھے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۸ | ۵۱ | ۵۴ | ۴۰ |
| ۵۳ | ۴۱ | ۴۷ | ۵۲ |
| ۴۲ | ۵۶ | ۴۹ | ۴۶ |
| ۵۰ | ۴۵ | ۴۳ | ۵۵ |



Marfat.com

## ۳۸۸۔ نوکر بھاگ جائے:

تو اس اسم کو کوری ٹھیکری پر لکھ کر کنواں میں ڈالے نوکر کا نام بھی لکھے ان شاء اللہ تعالیٰ جلد واپس آئے گا۔ مجرب ہے یا سمیعونا۔

## ۳۸۹۔ بھاگے ہوئے بچے اور بچی کو بلانے کا عمل:

یہ دعا ۱۸۹۳ مرتبہ روزانہ پڑھے اور اس نقش کو لکھ کر درخت پر باندھے۔ اَللّٰھُمَّ رُدَّ اِلَیَّ وَلَدِیْ بِالْخَیْرِ بِحُرْمَةِ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰی اُمِّكَ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۷۳ | ۴۷۶ | ۴۷۹ | ۴۶۵ |
| ۴۷۸ | ۴۶۶ | ۴۷۲ | ۴۷۷ |
| ۴۶۷ | ۴۸۱ | ۴۷۴ | ۴۷۱ |
| ۴۷۵ | ۴۷۰ | ۴۶۸ | ۴۸۰ |

## ۳۹۰۔ برائے واپسی مال:

یہ نقش خود اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مستخرجہ ہے عامل کو چاہیے کہ لکھ کر دے اور کہہ دے کہ پتھر کے نیچے دبا دے ان شاء اللہ مال مل جائے گا۔




**۳۹۱۔ نقش کامیابی امتحان:** یہ نقش بھی خاص سرکار اعلیٰ حضرت عظیم البرکت کا استخراج کیا ہوا ہے۔ نقش یہ ہے۔

☆☆☆☆☆☆

Marfat.com

# باب عرق النساء

۳۹۲۔عرق النساء:

یہ ایک درد کولہے یعنی کمر سے شروع ہوتا ہے اور پاؤں کے ٹخنے تک ہوتا ہے اور ہفتوں مہینوں اور بعض برسوں رہتا ہے۔بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم اللھم رب کل شئ وملیك کل شی و خالق کل شی ان خلقتنی وخلقت عرق النساء ولاتسلط علی ولا تسلطنی علیه بقطع واشفعنی شفاء لا یغادرسقما لاشافی انــــت تین بار یا سات بار روزانہ لکھ کر گلے میں ڈالے یا کمر میں باندھے باذن اللہ تعالیٰ شفا ہو۔تا شفا ہر روز عبارت ایک ہی جگہ باندھتا رہے بعد شفا سب کو کھول کر اعلیٰ حضرت قدس سرہ کی نیاز دلا کر سب کو دریا میں ڈا دے۔

## برائے سنگ مثانہ وگردہ

۳۹۳۔ یہ نقش چاندی کے پتر پر کندہ کرائے اور دوسری طرف نقش درود شفا روزانہ اس کو دھو کر مریض کو پلا ان شاءاللہ تعالیٰ چندروز میں پتھری پیشاب کے ساتھ نکل جائے گی اور بہتر یہ ہے کہ اسی نقش کو چینی کی پلیٹ پر لکھ روزانہ پلائے۔

۷۸۶ نقش درود شفا

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٦٦١ | ٦٦٤ | ٦٦٧ | ٦٥٤ |
| ٦٦٦ | ٦٥٥ | ٦٦٠ | ٦٦٥ |
| ٦٥٦ | ٦٦٩ | ٦٦٢ | ٦٥٩ |
| ٦٦٣ | ٦٥٨ | ٦٥٧ | ٦٦٨ |

| | | |
|---|---|---|
| | ١ | |
| ٦ | ١٠ | ٤ |
| | ٩٠ | |

## حیوانات

۳۹۴۔برائے اسپ:

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم نصر من اللّٰہ وفتح قریب وبشر المومنین۔ فاللّٰہ خیر حافظ وھوارحم الراحمین بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم اللھم بارك علینا وادفع بلاء نا یاروف لبیك وارحم لبیك واکرم لبیك وارفع لبیك واغفرلبیك واستجب لبیك ان اللّٰہ یبعث من فی القبور وحصل ماف

الصدور وصلی اللہ تعالٰی علی خیر خلقہٖ محمد والہ وصحبہ اجمعین برحمتك یاارحم الراحمین بحق
یارسول اللّٰہ ناد علیا مظھر العجائب تجدہ عونالك فی النوائب كل ھم وغم سینجلی بنبوتك
یارسول اللہ بولایتك یا علی یا علی یا علی لکھ کر گھوڑے کے گلے میں ڈالے شریر ہوتو فرمانبردار ہوجائے۔
نظر بد وغیرہ سے محفوظ رہے۔

## ۳۹۵۔گھوڑے یا کسی جانور کا پیشاب بند ہوجانے کا مجرب عمل:

| | | |
|---|---|---|
| ح | ج | د |
| ا | ہ | ط |
| و | ز | ب |

اس نقش کو زمین پر لکھے اور گھوڑے کی باگ پکڑ کر اس نقش کے گردا گرد پھرائے ان شاء اللہ تعالٰی فوراً پیشاب اتر آئے گا۔بہتر یہ ہے کہ پاک مٹی باریک کر کے اسے زمین پر پھیلا دے۔پھر اس پر انگلی یا کسی لکڑی سے لکھے۔

## ۳۹۶۔جانوروں کے دودھ بڑھانے کے لیے:



المتعال دردائیل سات بار پڑھ کر اس کے کان میں دم کرے۔

## ۳۹۷۔مسکہ زیادہ نکلنے کا عمل:

اس نقش کو لکھ کر رئی (مدھانی) میں باندھے۔

## ۳۹۸۔گھوڑے یا اور کسی جانور کے جملہ امراض کے لیے مجرب ہے:

٧٨٦

| محمد | اللّٰہ | الا | لااله |
|---|---|---|---|
| ی | ق | اللّٰہ | رسول |
| ن | م | ل | ف |
| لا | ک | ط | ص |

اس نقش کو لکھ کر جانور کے گلے میں باندھے ان شاء اللہ تعالٰی صحت ہوگی۔

# مجرب نقوش مع فوائد

۳۹۹۔ نقش دعائے سیفی مع مدغمات: جو خاصیت دعائے سیفی کی ہے انھیں خواص کا یہ نقش حامل ہے گلے میں رہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۳۲۵۱۶۴۶ | ۱۳۲۵۱۶۵۰ | ۱۳۲۵۱۶۵۳ | ۱۳۲۵۱۶۳۹ |
| ۱۳۲۵۱۶۵۲ | ۱۳۲۵۱۶۴۰ | ۱۳۲۵۱۶۴۵ | ۱۳۲۵۱۶۵۱ |
| ۱۳۲۵۱۶۴۱ | ۱۳۲۵۱۶۵۵ | ۱۳۲۵۱۶۴۸ | ۱۳۲۵۱۶۴۴ |
| ۱۳۲۵۱۶۴۹ | ۱۳۲۵۱۶۴۳ | ۱۳۲۵۱۶۴۲ | ۱۳۲۵۱۶۵۴ |

۴۰۰۔ نقش سورۂ جن:

برائے آسیب وخلل جن اس نقش کو گلے میں پہنائیں اور سورۂ مذکور کو تین بار پانی پر دم کر کے پلائیں۔

۶۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴۳۹۶ | ۱۴۳۹۹ | ۱۴۴۰۳ | ۱۴۳۸۹ |
| ۱۴۴۰۲ | ۱۴۳۹۰ | ۱۴۳۹۵ | ۱۴۴۰۰ |
| ۱۴۳۹۱ | ۱۴۴۰۵ | ۱۴۳۹۷ | ۱۴۳۹۴ |
| ۱۴۳۹۸ | ۱۴۳۹۳ | ۱۴۳۹۲ | ۱۴۴۰۴ |

۴۰۱۔ نقش دعائے حزب البحر:

اس کے فوائد اسی کتاب کے دوسرے حصے میں مذکور ہوں گے وہاں سے دیکھ کر عمل میں لائیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۶۰۵۸ | ۳۶۰۶۱ | ۳۶۰۶۵ | ۳۶۰۵۱ |
| ۳۶۰۶۴ | ۳۶۰۵۲ | ۳۶۰۵۷ | ۳۶۰۶۲ |
| ۳۶۰۵۳ | ۳۶۰۶۷ | ۳۶۰۵۹ | ۳۶۰۵۶ |
| ۳۶۰۶۰ | ۳۶۰۵۵ | ۳۶۰۵۴ | ۳۶۰۶۶ |

۴۰۲۔ نقش دعائے حیدری:

خاصیت دعا اس کتاب میں مطالعہ کر کے عمل کریں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴۲۳۲ | ۱۴۲۳۵ | ۱۴۲۳۹ | ۱۴۲۲۵ |
| ۱۴۲۳۸ | ۱۴۲۲۶ | ۱۴۲۳۱ | ۱۴۲۳۶ |
| ۱۴۲۲۷ | ۱۴۲۴۱ | ۱۴۲۳۳ | ۱۴۲۳۰ |
| ۱۴۲۳۴ | ۱۴۲۲۹ | ۱۴۲۲۸ | ۱۴۲۴۰ |

۴۰۳۔ نقش سورۂ یٰسین شریف:

اس کے خواص گزر چکے ہیں وہاں سے دیکھ کر عمل میں لائیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۶۴۴۸ | ۶۶۴۵۱ | ۶۶۴۵۴ | ۶۶۴۴۱ |
| ۶۶۴۵۳ | ۶۶۴۴۲ | ۶۶۴۴۷ | ۶۶۴۵۲ |
| ۶۶۴۴۳ | ۶۶۴۵۶ | ۶۶۴۴۹ | ۶۶۴۴۶ |
| ۶۶۴۵۰ | ۶۶۴۴۵ | ۶۶۴۴۴ | ۶۶۴۵۵ |



Marfat.com

## ۴۰۴۔ نقش اعداد اسمائے آنحضرت:

صلی اللہ علیہ وسلم دلائل الخیرات شریف میں مندرج ہیں برکات دینی و دنیاوی کے لیے مخصوص ہے گلے میں یا بازو پر باندھیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۱۳۳ | ۲۱۳۶ | ۲۱۴۰ | ۲۱۲۶ |
| ۲۱۳۹ | ۲۱۲۷ | ۲۱۳۲ | ۲۱۳۷ |
| ۲۱۲۸ | ۲۱۴۲ | ۲۱۳۴ | ۲۱۳۱ |
| ۲۱۳۵ | ۲۱۳۰ | ۲۱۲۹ | ۲۱۴۱ |

## ۴۰۵۔ نقش سبحان اللہ وبحمدہ الخ:

برائے شفا ہر مرض گلے میں باندھیں اور چینی کی سفید رکابی پر گلاب وزعفران سے لکھ کر پلائیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸۶۰ | ۸۶۳ | ۸۶۷ | ۸۵۳ |
| ۸۶۶ | ۸۵۴ | ۸۵۹ | ۸۶۴ |
| ۸۵۵ | ۸۶۹ | ۸۶۱ | ۸۵۸ |
| ۸۶۲ | ۸۵۷ | ۸۵۶ | ۸۶۸ |

## ۴۰۶۔ نقش آیت کریمہ فلما جاء السحرۃ:

برائے جادو وآسیب مجرب ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۸۳ | ۱۰۸۶ | ۱۰۸۹ | ۱۰۷۶ |
| ۱۰۸۸ | ۱۰۷۷ | ۱۰۸۲ | ۱۰۸۷ |
| ۱۰۷۸ | ۱۰۹۱ | ۱۰۸۴ | ۱۰۸۱ |
| ۱۰۸۵ | ۱۰۸۰ | ۱۰۷۹ | ۱۰۹۰ |

## ۴۰۷۔ حضور سیدنا غوث پاک:

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ننانوے اسمائے طیبہ کا نقش ہے حصول برکات کے لیے اپنے پاس رکھے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸۰۸۴ | ۸۰۸۷ | ۸۰۹۰ | ۸۰۷۶ |
| ۸۰۸۹ | ۸۰۷۷ | ۸۰۸۳ | ۸۰۸۸ |
| ۸۰۷۸ | ۸۰۹۲ | ۸۰۸۵ | ۸۰۸۲ |
| ۸۰۸۶ | ۸۰۸۱ | ۸۰۷۹ | ۸۰۹۱ |

## ۴۰۸۔ نقش ناد علی:

بہت سے امور میں مستعمل مجرب ہے اسی کتاب کے آخر میں مفصل بیان مذکور ہوگا۔ ان شاء المولیٰ تعالیٰ۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۸۵ | ۱۰۸۸ | ۱۰۹۲ | ۱۰۷۸ |
| ۱۰۹۱ | ۱۰۷۹ | ۱۰۸۴ | ۱۰۸۹ |
| ۱۰۸۰ | ۱۰۹۴ | ۱۰۸۶ | ۱۰۸۳ |
| ۱۰۸۷ | ۱۰۸۲ | ۱۰۸۱ | ۱۰۹۳ |

## ۴۰۹۔ نقش آیات شفا:

امراض سے شفا کے لیے مفید ہے گلے میں پہنیں اور اسی کی نقل سفید رکابی چینی پر مشک و زعفران سے لکھ کر پئیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۰۳۳ | ۳۰۳۷ | ۳۰۴۰ | ۳۰۲۶ |
| ۳۰۳۹ | ۳۰۲۷ | ۳۰۳۲ | ۳۰۳۸ |
| ۳۰۲۸ | ۳۰۴۲ | ۳۰۳۵ | ۳۰۳۱ |
| ۳۰۳۶ | ۳۰۳۰ | ۳۰۲۹ | ۳۰۴۱ |



Marfat.com

### ۴۱۰۔ نقش آیت کریمہ:

قل اللھم مٰلك الملك فراخی رزق وعزت و جاہ کے لیے مفید ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۲۲۰ | ۴۲۲۳ | ۴۲۲۷ | ۴۲۱۳ |
| ۴۲۲۶ | ۴۲۱۴ | ۴۲۱۹ | ۴۲۲۴ |
| ۴۲۱۵ | ۴۲۲۹ | ۴۲۲۱ | ۴۲۱۸ |
| ۴۲۲۲ | ۴۲۱۷ | ۴۲۱۶ | ۴۲۲۸ |

### ۴۱۱۔ نقش لاحول الخ:

ہولدل اور وسواس کے دور ہونے کے لیے گلے میں اس طرح ڈالیں کہ دل پر رہے اور آب دریا میں گھول کر روزانہ پی لیا کریں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۷۷ | ۴۸۰ | ۴۸۳ | ۴۷۰ |
| ۴۸۲ | ۴۷۱ | ۴۷۶ | ۴۸۱ |
| ۴۷۲ | ۴۸۵ | ۴۷۸ | ۴۷۵ |
| ۴۷۹ | ۴۷۴ | ۴۷۳ | ۴۸۴ |

### ۴۱۲۔ نقش باسط:

استقرار حمل کے لیے چاندی یا تانبے کے خول میں بند کر کے گلے میں ڈالیں ان شاء اللہ صالح اولاد نصیب ہوگی۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۷ | ۲۱ | ۲۴ | ۱۰ |
| ۲۳ | ۱۱ | ۱۶ | ۲۲ |
| ۱۲ | ۲۶ | ۱۹ | ۱۵ |
| ۲۰ | ۱۴ | ۱۳ | ۲۵ |

### ۴۱۳۔ نقش آیت قطب:

دفع سحر کے لیے مجرب ہے اور اس کے پہننے والے کو سحر سے حفاظت رہے گی ان شاء المولیٰ تعالیٰ۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۵۴۲ | ۵۵۴۵ | ۵۵۴۹ | ۵۵۳۵ |
| ۵۵۴۸ | ۵۵۳۶ | ۵۵۴۱ | ۵۵۴۶ |
| ۳۵۳۷ | ۵۵۵۱ | ۵۵۴۳ | ۵۵۴۰ |
| ۵۵۴۴ | ۵۵۳۹ | ۵۵۳۸ | ۵۵۵۰ |

### ۴۱۴۔ نقش آیت غوث:

حفاظت از آسیب مفید ہے اور دفع آسیب کے لیے بھی فائدہ مند ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۰۴۰ | ۶۰۴۳ | ۶۰۴۶ | ۶۰۳۲ |
| ۶۰۴۵ | ۶۰۳۳ | ۶۰۳۹ | ۶۰۴۴ |
| ۶۰۳۴ | ۶۰۴۸ | ۶۰۴۱ | ۶۰۳۸ |
| ۶۰۴۲ | ۶۰۳۷ | ۶۰۳۵ | ۶۰۴۷ |



Marfat.com

### ۴۱۵۔ نقش چہل کاف:

ہر قسم کے درد مرض کے لیے مفید ہے۔ ترکیب کتاب کے اندر مذکور ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۵۵۷ | ۱۵۶۰ | ۱۵۶۳ | ۱۵۴۹ |
| ۱۵۶۲ | ۱۵۵۰ | ۱۵۵۶ | ۱۵۶۱ |
| ۱۵۵۱ | ۱۵۶۵ | ۱۵۵۸ | ۱۵۵۵ |
| ۱۵۵۹ | ۱۵۵۴ | ۱۵۵۲ | ۱۵۶۴ |

### ۴۱۶۔ نقش برائے دفع نظر:

لکھ کر گلے میں ڈالے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۱۱ | ۶۱۴ | ۶۱۷ | ۶۰۴ |
| ۶۱۶ | ۶۰۵ | ۶۱۰ | ۶۱۵ |
| ۶۰۶ | ۶۱۹ | ۶۱۲ | ۶۰۹ |
| ۶۱۳ | ۶۰۸ | ۶۰۷ | ۶۱۸ |

### ۴۱۷۔ نقش اسماء رجال الغیب:

دفینہ کے معلوم کرنے کے لیے زیر بالیں رکھ کر سو جائیں یہ نقش شب دوشنبہ چہار شنبہ پنجشنبہ جمعہ میں لکھا جاتا ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹۷۴ | ۹۷۷ | ۹۸۰ | ۹۶۶ |
| ۹۷۹ | ۹۶۷ | ۹۷۳ | ۹۷۸ |
| ۹۶۸ | ۸۹۲ | ۷۹۵ | ۹۷۲ |
| ۹۷۶ | ۹۷۱ | ۹۶۹ | ۹۸۱ |

### ۴۱۸۔ برائے جدائی:

قبر میں دفن کریں یہ نقش ثم اماته فاقبره الآية کا ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۵۴ | ۳۵۸ | ۳۶۱ | ۳۴۷ |
| ۳۶۰ | ۳۴۸ | ۳۵۳ | ۳۵۹ |
| ۳۴۹ | ۳۶۳ | ۳۵۶ | ۳۵۲ |
| ۳۵۷ | ۳۵۱ | ۳۵۰ | ۳۶۲ |

### ۴۱۹۔ نقش اسمائے باری تعالیٰ:

برائے ہر کام خصوصاً حفظ و امان گلے میں باندھیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸۴۶۱ | ۸۴۶۵ | ۸۴۶۸ | ۸۴۵۴ |
| ۸۴۶۷ | ۸۴۵۵ | ۸۴۶۰ | ۸۴۶۶ |
| ۸۴۵۶ | ۸۴۷۰ | ۸۴۶۳ | ۸۴۵۹ |
| ۸۴۶۴ | ۸۴۵۸ | ۸۴۵۷ | ۸۴۶۹ |



Marfat.com

۴۲۰۔ نقش آیت کریمہ:

رب اشرح لی صدری (الی) قولی برائے کشادگی ذہن اور لکنت زبان کے دفع کرنے کے لیے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۱۳ | ۶۱۷ | ۶۲۰ | ۶۰۶ |
| ۶۱۹ | ۶۰۷ | ۶۱۲ | ۶۱۸ |
| ۶۰۸ | ۶۲۲ | ۶۱۵ | ۶۱۱ |
| ۶۱۶ | ۶۱۰ | ۶۰۹ | ۶۲۱ |

۴۲۱۔ نقش دعائے:

یا علی یا عظیم یا هادی الخ برائے نحوست سیارگان۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۳۵۲ | ۳۳۵۵ | ۳۳۵۹ | ۳۳۴۵ |
| ۳۳۵۸ | ۳۳۴۶ | ۳۳۵۱ | ۳۳۵۶ |
| ۳۳۴۷ | ۳۳۶۱ | ۳۳۵۳ | ۳۳۵۰ |
| ۳۳۵۴ | ۳۳۴۹ | ۳۳۴۸ | ۳۳۶۰ |

# چہل کاف شریف

چہل کاف شریف حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی تصنیف ہے اور بہت سے فوائد پر مشتمل ہے اس مجموعہ میں شامل کر رہا ہوں کہ منتسبان سلسلہ قادریہ خصوصاً اور عوام مسلمین فائدہ اٹھائیں۔

خاصیت اول: اگر کسی کو دیو، پری یا اور کوئی خبیث شے ستاتی ہو تو سرسوں کے تیل پر سات مرتبہ دم کر کے بدن پر مالش کریں چند روز میں فائدہ ہوگا۔ پڑھنے اور دم کرنے کے بعد تیل زمین پر نہ رکھیں۔

خاصیت دوم: درد سر دائمی کے لیے ماہ صفر میں آخری چہار شنبہ کو کپڑے پر لکھ کر محفوظ کر لیں۔ پھر جس کو یہ درد ہو تو سر میں باندھے اور اگر آخری چہار شنبہ ماہ صفر کو نہ لکھ سکا ہو تو آخری چہار شنبہ ہر مہینے اس کی بدل۔

خاصیت سوم: ضعف بصارت کے لیے جمعہ کی رات میں سات مرتبہ پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے وہ سرمہ استعمال کریں۔

خاصیت چہارم: دانت اور داڑھ کے درد کے لیے لکھ کر دانت کے نیچے دبائیں۔

خاصیت پنجم: درد گلو کے لیے گلے میں باندھیں۔

خاصیت ششم: درد شکم کے لیے تین یا سات بار نمک پر دم کر کے کھلائیں درد دور ہوگا۔

خاصیت ہفتم: بواسیر خونی و بادی کے لیے اتوار کے دن کاغذ پر لکھ کر گلے میں باندھیں یا ناف پر۔

خاصیت ہشتم: درد ہفت اندام کے لیے ہرن کی کھال پر لکھ کر بازو پر باندھیں۔

خاصیت نہم: دمہ کے لیے ایک ہفتہ تک جو کی روٹی پر لکھ کر نہار منہ کھلائے مریض صحیح ہوگا۔

خاصیت دہم: مقہوری دشمن کے لیے منگل کی رات میں آدھی رات کو دو قبروں کے درمیان بیٹھ کر ۱۴۱ بار پڑھے اور دشمن کا نام لے کر کہے کہ دشمن لعین ہلاک گردو۔

خاصیت یازدہم: فرزند صالح کے لیے ایام حیض کے بعد اس کو تحریر کر کے پلائیں اور مجامعت کریں ان شاء اللہ تعالیٰ فرزند صالح پیدا ہوگا۔

خاصیت دوازدہم: اگر راستہ بھول گیا ہو تو سات بار پڑھے راستہ مل جائے گا۔

خاصیت سیزدہم: اگر عورت کا بال نہ بڑھتا ہو تو سات مرتبہ کنگھا پر دم کر کے کنگھا کرے بال بڑھ جائیں گے۔

خاصیت چہاردہم: تسخیر و عزت پانے کے لیے سات مرتبہ پڑھے۔

خاصیت پانزدہم: اگر مفرور کے لیے ۱۴۱ بار پڑھ کر گھر کے ہر طرف دم کرے واپس آئے گا۔

خاصیت شانزدہم: مرگی کے لیے پان پر لکھ کر چالیس روز کھلائے۔

خاصیت ہفتدہم: شب کوری کے لیے پاس رکھے۔

خاصیت ہژدہم: ذہن کھولنے کے لیے اور فہم و ذکاوت بڑھانے کے لیے سات بار ہر روز پڑھے۔

خاصیت نوزدہم: ہر قسم کے درد و مرض کے لیے اس کے اعداد مربع میں پر کر کے صاحب درد اسے دیکھے درد دور ہوگا۔

خاصیت بستم: دشمن کے لشکر پر نصرت حاصل کرنے کے لیے پاک مٹی پر تین یا سات بار دم کر کے اس لشکر کی طرف پھینک دے۔

خاصیت بست و یک: جمیع حاجات کے لیے ۱۴۱ بار سونے کے وقت پڑھنا مفید ہے۔

خاصیت بست و دو: حصار اور سحر و جادو، دیو، پری، جن و انس و شیطان کے دفع کے لیے ۱۴۱ بار پڑھ کر دم کر کے پورے جسم پر مل لے زکات اس کی ایک ہزار چالیس بار پڑھنا ہے اور دعوت کے شرائط ملحوظ رکھے اور باموکل ۸ ہزار بار پڑھے اور اس قدر نہ ہو سکے تو دو ہزار بار پڑھے۔

اور شفائے امراض کے لیے اس طریقہ سے پڑھے کہ پہلے اعتصام پڑھے پھر چہل کاف ۳-۴ بار یا سات بار پھر اختتام پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دم کر کے مریض کو پلائے اعتصام یہ ہے۔ اہرصا صبرصا صارصا لاتخاف درکا ولا تخشی اہرسا سبرسا سارسا سیمسا اخنسا یا اللہ عزمت علیکم یا حروزائیل بحق الکاف اجب واطع لی و سخرلی فی قضاء حاجتی وحصول مرادی بلامکث ومہلۃ والف قلوبھا بین قلوب العامۃ بحق کفاک وارنی عالم الارواح فی ھذہ الساعۃ سریعا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کَفَاکَ رَبُّکَ کَمْ یَکْفِیْکَ

وَاکِفَۃٌ کِفْکَا فَھَا کَکَمِیْنٍ کَانَ مَنْ کَلْکَاتَکَرٌ کَرًّا کَکَرِّالْکَرِّ فِیْ کَبَدِیْ تَجَلّٰی مُشْکُشْکَۃٌ کُلُکْ لُکٍ لَکَکَا کَفَاکَ مَابِیْ کَفَاکَ الْکَافُ کُرْبَتَہٗ یَا کَوْ کَیَا کَانَ یَحْکِیْ کَوْکَبَ الْفَلْکَا۔

اختتام یہ ہے کہ بحق یا شیخ عبدالقادر الجیلانی سینجلی شیئاً للہ بحق یا حلیم یا حافظ یا حفیظ یا وکیل یا نصیر یا رقیب یا سلام یا کریم یا اللہ بحق کھٰیٰعص و بحق حمعسق حصار کردم لا الہ الا اللہ مہر کردم بنام محمد رسول اللہ بحق یا حروزائیل و ننزل من القرآن ماھو شفاء ورحمۃ للمومنین ولایزید الظلمین الاخسارا۔

چہل کاف باموکل ہے کفاک ربك یا کفائیل۔ کم یکفیك یا کمکائیل واکفۃ کفکا فھا باکفکائیل ککمین کان من کلکا یا کنکائیل۔ تکر کرّا یا کتمائیل ککرا الکرفی کبدی یا کیکائیل تجلّٰی یاکھکائیل مشکشکۃ یامیکائیل کلکلك لککا یا کنکائیل کفاك مابی یا کلکائیل کفاك الکاف یا کمیائیل کربتہ یا کرکرائیل یاکوکبا کان یا کوکائیل یحکی کوکب الفلکا یا اھکمائیل یا فلکائیل۔

## دعائے دہ (دس) کاف

یہ دس کاف والی دعا حضور سیدنا غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کی والدہ ماجدہ کی طرف منسوب ہے جو آپ نے حضور سیدنا غوث پاک رضی اللہ عنہ کے سفر بغداد کے وقت تلقین فرمائی۔ یہ دعا انھیں فوائد کی حامل ہے جو چہل کاف شریف میں مذکور ہے۔ خصوصاً سختی و پریشانی کے دفع کے لیے اور فراخی رزق کے لیے اور جان و مال کی حفاظت کے لیے اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے مجرب ہے۔ ترکیب بعد نماز عشاء ایک سو گیارہ بار اول وآخر درود شریف ۱۱۔ ۱۱ بار ہمیشہ پڑھیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰہُ الْکَافِیْ قَصَدْتُّ الْکَافِیْ وَجَدْتُّ الْکَافِیْ لِکُلِّ الْکَافِیْ کَفَانِیْ الْکَافِیْ وَکَافِ الْکَافِیْ وَنِعْمَ الْکَافِیْ۔ وللہ الحمد یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئا للہ الامان یا رسول اللہ۔ (صلی اللہ علیہ وسلم)

## فوائد نادعلی

نادعلی حصول حاجات اور مشکلات کے دور ہونے کے لیے بہت مفید و مجرب ہے۔ دعوت کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے نصاب کی نیت سے بارہ ہزار مرتبہ پڑھے اور زکات ۶ ہزار مرتبہ ہے اور عشر تین ہزار اور قفل ایک ہزار پانچ سو مرتبہ پڑھنے اور پڑھنے کے بعد شیرینی پر نیاز دلا کر غریبوں کو بانٹ دے اس کے بعد حاجت کے وقت اس کے

کلمات کے عدد کے برابر یا حروف کے عدد کے برابر یا اس کے حروف کے برابر پڑھے اور کلمات کے عدد چار ہزار تین سو پینتالیس ہیں۔ اعتصام دس بار اللّٰہ صمدی من عندك مددی و علیك معتمدی ناد علیا مظھرا لعجائب تجدہ عونالك فی النوائب کل ھم و غم سینجلی: بنبوتك یا رسول اللّٰہ وبولایتك یا علی تین بار پھر اختتام دس بار یا الغیث اغثنی و یا علی ادرکنی بحمد وعترتہ الطاھرین۔

## خواص ناد علی بہت ہیں چند خاصیتوں کا بیان مندرجہ ذیل ہے

① اگر کسی دشمن وغیرہ کا خوف ہو تو سات بار پاک مٹی پر پڑھ کر دشمن کی جانب پھینکے۔ اس کے شر سے محفوظ رہے۔

② دشمن کے دفع کے لیے ہر روز ستر مرتبہ پڑھے۔

③ جادو کے دفع کے لیے کنویں کے پانی پر سات مرتبہ پڑھ کر اس پانی سے مریض کو غسل کرائے اور تھوڑا سا پلائے۔

④ زہر کے اثر کو دور کرنے کے لیے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر اس پانی پر بارہ بار ناد علی پڑھ کر دم کرے اور اس پانی کو پلائے اثر زہر دور ہو۔

⑤ مریض کے لیے ستر بار جاری پانی پر دم کر کے مریض کو وہ پانی پلاتا رہے اور مریض پڑھ سکے تو ہر روز ستر بار پڑھے۔

⑥ سخت مہم ودشوری کے لیے ہزار بار پڑھنا از حد مفید ہے۔

⑦ حاکم یا بادشاہ سے خوف ہو تو ستر مرتبہ پڑھ کر جائے اور جب اس کے سامنے پہنچے تو تین بار پڑھ کر دم کرے۔ اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

⑧ اگر کسی کو خاص پیغام لے کر بھیجے اور اس پیغام کو منظور کرانا مقصود ہو تو تین بار اس کے کان میں پڑھ کر دم کرے ان شاء اللّٰہ تعالیٰ وہ پیغام قبول ہوگا۔

⑨ اگر جمعہ کے دن صبح سویرے ۴۷ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو جس کسی گفتگو کرے وہ اس کا محب ہو گا۔

⑩ اگر صبح کو اول وقت ۲۵ بار ہر روز پڑھے، گئی ہوئی دولت واپس ہوگی۔

⑪ اگر کسی شخص پر کوئی تہمت لگی ہو تو ہر صبح کو ۴۰ بار پڑھے تہمت سے بری ہو جائے گا۔

⑫ اگر کسی کی نیند بند کرنا ہو تو جمعہ کی نماز سے پہلے پندرہ مرتبہ پڑھے اور ہر بار کہ ناد علی ختم ہو یہ کہے۔ بہ

برکت ایں خدایا خواب فلاں بن فلاں بستہ شود۔

(۱۳) برائے دفع فقر و فاقہ صبح کو کسی سے کلام کرنے سے پہلے ۹۹ مرتبہ پڑھے محتاجی دور ہوگی۔

(۱۴) مزید جاہ و حشمت کے لیے روزانہ ۵۰۰ بار پڑھے۔

(۱۵) دشمنوں کو مطیع و فرماں بردار کرنے کے لیے ستر دن ہر روز سو بار پڑھے۔

(۱۶) دشمنوں سے محفوظ ہونے کے لیے ہر روز بیس مرتبہ پڑھے۔

(۱۷) زبان بندی کے لیے دس روز ہر روز سو بار پڑھے۔

(۱۸) حصول دولت وغنا و مرادات دس دن تک روزانہ ۲۴ مرتبہ پڑھے۔

(۱۹) زخم چشم سے امن کے لیے ہر روز بیس مرتبہ پڑھے۔

(۲۰) حضور پر نور سید عالم ﷺ کی زیارت کے لیے سات رات ہر شب ۱۲۰۰۰ (بارہ ہزار) مرتبہ پڑھے اول و آخر درود شریف۔

(۲۱) قید سے خلاصی کے لیے ہر روز ایک سو ستانوے مرتبہ سات دن پڑھے۔

(۲۲) ہر مہم و کار اہم کے لیے پانچ سو مرتبہ پڑھے۔

(۲۳) ہلاکی دشمن کے لیے سترہ دن ہر روز سات ہزار بار پڑھے۔

(۲۴) دفع بلا کے لیے ہر روز ستر بار پڑھے۔

(۲۵) حصول علم کے لیے ہر روز ظہر کی نماز کے بعد ۷۰ مرتبہ پڑھے۔

(۲۶) دو شخصوں کے درمیان نا اتفاقی پیدا کرنے کے لیے بیس دن ہر روز ۲۷ مرتبہ پڑھے یا ایک ماہ روزانہ بار پڑھے۔

(۲۷) دیو پری کے دفعیہ کے لیے ہر روز ۵۰۰ بار پڑھے اور جس پر خلل ہو ۱۵ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلا۔ اور خاندان مارہرہ مطہرہ کا معمول یوں ہے کہ بدھ جمعرات جمعہ کو روزہ رکھے اور روزانہ غسل کر کے ترک ماکولات حیونات کر کے ہر روز چار ہزار بار پڑھے اور تیسرے دن ۱۲ ہزار بار پڑھ کر ختم کرے ہر روز بعد نماز مغرب دس بار اعتصام اور ایک سو دس بار نادعلی پھر دس بار اختتام پڑھے تا کہ عمل کا اثر جائے۔



Marfat.com

## دفع آسیب وپریاں:

تین نقش روزانہ لکھ کر مریض کو کھلائے اور ایک نقش گلے میں پہنائے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۴۲۰۴ | ۳۴۲۰۷ | ۳۴۲۱۰ | ۳۴۱۹۷ |
| ۳۴۲۰۹ | ۳۴۱۹۸ | ۳۴۲۰۳ | ۳۴۲۰۸ |
| ۳۴۱۹۹ | ۳۴۲۱۲ | ۳۴۲۰۵ | ۳۴۲۰۲ |
| ۳۴۲۰۶ | ۳۴۲۰۱ | ۳۴۲۰۰ | ۳۴۲۱۱ |

## برائے ردسحر:

اس دعا کو اکیس یا ۴۱ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے۔

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم اللھم انصرنا علی لاتخاف درکاولا تخشی کل عدد صغیر و کبیر قریب و بعید ذکر وانثی حروعبد شریف ووضیع شاھد وغائب کافرو مسلم قوی و ضعیف ولاتسلط علینا من لایرحمنا ومن یکفیه غیرك برحمتك یا ارحم الراحمین۔

## برائے بواسیر خونی وبادی:

اس نقش کو بدھ کے دن طلوع آفتاب سے پہلے لکھے اور شیرینی پر فاتحہ حضور سیدنا غوث پاک رضی اللّٰہ تعالیٰ دلا کر بچوں کو تقسیم کر کے بائیں بازو پر باندھ دیں مگر چاشت سے پہلے یا زوال سے پہلے باندھیں اور اس نقش کو بھی ساتھ میں باندھیں۔




## برائے بواسیر:

لکھ کر ناف پر باندھیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲ | ۳۵ | ۳۸ | ۵ |
| ۳۷ | ۶ | ۱۱ | ۳۶ |
| ۷ | ۴۰ | ۳۳ | ۱۰ |
| ۳۴ | ۹ | ۸ | ۳۹ |

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۹ | ۵۷۹ | ۵۸۲ | ۲۲ |
| ۵۸۱ | ۲۳ | ۲۸ | ۵۸۰ |
| ۲۴ | ۵۸۴ | ۵۷۷ | ۲۷ |
| ۵۷۸ | ۲۶ | ۲۵ | ۵۸۳ |

## زیادتی قوت حافظہ:

روٹی کے ٹکڑے پر سات دن ایک ایک آیت لکھ کر کھلائے۔ روز شنبہ فتعالیٰ اللّٰہ الملك الحق روز یکشنبہ رب زدنی علما روز دو شنبه سنقرئك فلاتنسی روز سہ شنبہ انه یعلم الجھر وما یخفی روز چہار شنبہ لاتحرك به لسانك لتعجل به روز پنجشنبه ان علینا جمعه وقرانه روز جمعہ فاذا قرانا ہ فاتبع قرانه۔

## ایضاً:

اسی ترکیب سے سات دن روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھلائے روز شنبہ اللّٰہ لا اله الا ھو الحی القیوم روز



Marfat.com

دوشنبہ اللّٰہ اعلم حیث یجعل رسالۃ روز سہ شنبہ اللّٰہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھوالقوی العزیز روز چہار شنبہ الٓمٓصٓ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ طٰہٰ روز پنجشنبہ حٰمٓعٓسٓقٓ حٰمٓ روز جمعہ طٰسٓمٓ الٓرٰ روز شنبہ ص ق ن انما امرہ اذا اراد شیئا ان یقول لہ کن فیکون تا آخر سورۃ۔

## مکسہا و پشہا:

دریا کے ریتہ پر اس آیت کریمہ کو تین یا ۷ بار یا ۱۱ بار پڑھ کر دم کر کے گھر میں چھڑک دے۔

بسم اللّٰہ فاللّٰہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین فتبارک اللّٰہ احسن الخالقین واستودع اللّٰہ دینک ومالک وزوجک۔

## دفع نحوست ستارگان:

اس دعا کو طلوع و غروب کے وقت ۹۔۹ مرتبہ ورد رکھے۔ بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم یا علی یا عظیم یا ھادی یا قدیم یا جلیل یا متکبر یا خالق من فی السمٰوٰت والارض اللھم انا نستعین بک اللھم احفظنا من نحوسۃ الشمس والقمر والمریخ والعطارد والمشتری والزھرۃ والزحل والذنب والراس بحق یا احد یا صمد یا من لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد۔

**نقش ملائکہ مقربین:** تمام حاجات دینی و دنیوی و تسخیر عام و دفع اعداء و حل مشکلات کے لیے ساعت مشتری یعنی اول طلوع روز دوشنبہ مشک و زعفران سے لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے۔ لیکن پائخانہ پیشاب غسل وغیرہ کے وقت اتار کر بکس میں بند کر دے ورنہ جنات اٹھالے جائیں گے۔ باوضو لکھا جائے اور حروف کے سر کھلے رہیں۔



## بزرگوں کے مزار سے فیض لینے کا طریقہ:

قبلہ کی طرف قبر کے پاس آکر پہلے یہ سلام عرض کرے السلام علیکم یا اھل القبور یغفر اللّٰہ لنا ولکم وانتم سلفنا و نحن بالاثر اس کے بعد یہ سلام عرض کرے۔ السلام علیکم یا اھل الدیار من المومنین والمسلمین یغفر اللّٰہ لنا ولکم ولنا ان شاء اللّٰہ بکم لاحقون پھر دعائے مغفرت کر کے سینہ کے مقابل کھڑا ہو کر ایک بار سورہ فاتحہ تین بار سورہ اخلاص اور تین بار درود شریف پڑھ کر ان کی روح مبارک کو بخشے پھر ذکر چہار ضربی کو ۲۱ بار پڑھے۔ سبوح قدوس ربنا ورب الملئکۃ والروح بایں طور کہ سبوح کی ضرب بائیں زانو پر اور قدوس کی ضرب داہنے زانو پر اور ربنا کی ضرب بازو پر اور رب الملئکۃ والروح کی ضرب دل پر کرے پھر سورہ انا انزلنا۔ تین بار پڑھے اور دل کو خطرات سے خالی رکھ کر مراقبہ کرے پھر جس امر کے لیے چاہے صاحب مزار سے فیض چاہے۔

## برائے معلوم کرنے حال اموات:

کہ عنداللہ معذب ہے یا مثاب۔ یہ عمل بعد نماز عشاء سونے کے وقت ۸۱ بار اول و آخر درود شریف ۱۱۔ ۱۱ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا انکشاف حال کے لیے کرے۔ بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم سبحن اللّٰہ وبحمدہ بعدد خلقہ وزنۃ عرشہ ورضاء نفسہ ومداد کلماتہ اللھم صل علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمد صلوٰۃ دائمۃ وسلاما ابدا۔

## امراض شدیدہ کے لیے:

اس مربع کو لکھ کر دے کہ گلے میں پہنیں اور سات نقش روزانہ ایک ایک پئیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۹۷۴ | ۱ |
| ۱۹۷۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۹۷۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۹۷۵ |

☆☆☆☆☆☆

Marfat.com

وَاِذَا مَرِضْتُ
فَهُوَ يَشْفِيْنِ

# مجموعہ
# اعمالِ رضا

امام اہلسنت اعلیٰحضرت

## امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ


مرتبہ

قاضی محمد عبد الرحیم بستوی

سابق مفتی دارالافتاء منظر اسلام بریلی شریف


حصہ دوم


قادری رضوی کتب خانہ

گنج بخش روڈ، لاہور 042-37213575


Marfat.com

# فہرست مجموعہ اعمال رضا حصہ دوم

## (شمع شبستان رضا۔ حصہ ششم)



| عنوانات | صفحہ | عنوانات | ص |
|---|---|---|---|
| مدس تا مشتر بھرنے کا قاعدہ | 4 | پلیتہ آسیب و مجرب | 9 |
| عامل اور دعوت | 9 | تسخیر ہمزاد | 0 |
| زکوٰۃ اور اس کی اقسام | 11 | عورتوں کی بیماریوں کا علاج | 1 |
| تسخیر الکواکب السبع | 14 | اسقاط حمل کا مجرب عمل | 1 |
| باب الاستخارۃ والزیارۃ | 16 | درد چوٹ ورم و زخم | 7 |
| مفید و مجرب دعائیں | 20 | حفاظت موذیات مثل سانپ بچھو | 8 |
| دعائے جامع، دعائے ملکہ | 20 | سانپ کے زہر کو اتارنے کا عمل | 8 |
| آیت قطب | 23 | جاڑا بخار | 0 |
| تسخیر عوام و محبت | 24 | درد سر و طاعون وبا | 2 |
| محبت کے اعمال | 27 | امراض چشم | 4 |
| مغلوبی و مقہوری دشمنان | 36 | یرقان جھاڑنے کا عمل | 5 |
| تفریق و عداوت | 36 | رنج و غم دور ہونے اور خیر و برکت حاصل ہونے کیلئے | 5 |
| دعائے حیدری | 45 | قوت حافظہ | 6 |
| ہر حاجت و مطلب کے اعمال | 48 | ادائیگی قرض و فراخی | 7 |
| عمل آیت الکرسی جملہ مقاصد دینی و دنیاوی | 50 | متفرق جانوروں کا علاج | 0 |
| نقش مہر نبوت شریف | 54 | گم شدہ شے و شناخت خور | 1 |
| دفع بلا ختم خواجگان | 57 | دعائے عاشورہ | 3 |
| حصار، حفاظت، حرز عجیب | 57 | دعائے نصف شعبان المعظم | 4 |
| نقوش ہادی و بدوح و ودود | 59 | فوائد علم التکسیر | 5 |
| آسیب و سحر | 62 | کبریت احمر | 6 |
| امتحان آسیب، سحر و اعمال علوی و سفلی | 64 | رسالۃ فی الجفر | 8 |
| حاضرات کے عمل | 66 | قصیدہ مبارکہ غوثیہ | 3 |
| منجھلا چراغ | 66 | ہر شعر کی علیحدہ علیحدہ خاصیت | 2 |
| علم الاعداد | 67 | ترکیب زکوٰۃ قصیدہ مبارکہ | 5 |
| جدول اعداد و قمری | 67 | تیس خواص قصیدہ بردہ شریف | 6 |
| جدول اعداد یوم فارسی | 67 | | |





Marfat.com

الحمد للہ الورود الذی جعل المحبۃ اصل الایمان واذاق المحبین من تسنیم القرب روائح الرضوان والصلوۃ والسلام علی السید المتبوع الذی امر بحبۃ جمیع الانس و الجان وعلی آلہ واصحبہ الذین بذلوانفوسھم فی مرضاتہ فرضی اللّٰہ تعالٰی عنھم مادام الملوان۔

امابعد۔ اللہ تعالیٰ کا بے پایاں کرم واحسان ہے کہ سرکار اعلیٰ حضرت عظیم البرکت شیخ الاسلام والمسلمین فاضل بریلوی قدس سرہ' کے مجموعہ اعمال کا حصہ اوّل طبع ہو کر مقبول خواص وعوام ہوا اور اہل علم واحباب نے پسند فرمایا اور اس پر زور دیا کہ مجموعہ اعمال کے باقی اعمال کو بھی منظر عام پر لایا جائے تاکہ خواص وعوام فائدہ اٹھائیں اور یہ جواہرات محفوظ ہو جائیں ورنہ ضائع ہونے کا قوی اندیشہ ہے بنابریں یہ ارادہ مستحکم ہوگیا کہ مجموعہ اعمال کی مکمل اشاعت کردی جائے نیز خاندان قادریہ برکاتیہ کے مجرب اعمال جو دوسری کتابوں میں ہیں ان کو بھی اسی کے ساتھ شائع کردیا جائے مگر اپنی مصروفیات کے باعث ترتیب کا کام ملتوی رہا اب خدا کے فضل وکرم سے جلد دوم کی ترتیب مکمل ہوگئی۔ عملیات وتعویذات کے اس مجموعہ کو زیادہ سے زیادہ مفید بنانے کی کوشش کی ہے۔ شروع میں نقوش مخمس وغیرہ کے پر کرنے کی اوزکات وعملیات کے شرائط کا بیان ہے اس کے بعد مجموعہ شریف کے باقی عملیات ونقوش درج ہیں، اس کے بعد کشف الاسرار ومعمولات عزیزیہ کے مجرب عملیات وتعویذات مندرج ہیں اور انھیں کتابوں سے چہل اسماء وآیات قرآنیہ کی خاصیتیں اور آخر میں تعبیر خواب کا ایک مختصر مجموعہ ہے اور اس کے بعد ایک مختصر رسالہ جفر حضور سیدنا اعلیٰ حضرت قدس سرہ' کا شامل ہے اس کے بعد قصیدہ غوثیہ و قصیدہ بردہ کے خواص مذکور ہیں جلد اوّل کو حضور سیدی الکریم مفتی اعظم ہند دامت برکاتہم القدسیہ کی خدمت میں پیش کر کے طالب دعا ہوا حضور مدظلہ العالی نے دعا فرمائی جس کا ظہور یہ ہوا کہ تھوڑی سی مدت میں جلد اوّل ملک کے گوشے گوشے میں معروف ومشہور ہوئی۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ۔

اس سلسلہ میں بہت زیادہ ممنون ہوں اپنے مخدوم حضرت علامہ مولانا اختر رضا خاں ازہری زید لطفہ کا کہ آپ نے جلد اوّل کی اشاعت کے لیے بھی اصرار فرمایا اور اپنے حلقہ ارادت میں توجہ دلائی اور جلد دوم کے لیے بھی مفید مشورہ دیا۔

مولیٰ تعالیٰ ان کے مناقب جلیلہ کو زیادہ فرمائے اور ان کی خصوصی عنایتوں سے مجھے مستفید فرمائے۔ یوں ہی دوسرے اصحاب واحباب جنھوں نے اس مجموعہ کی اشاعت میں کسی طرح سے اعانت فرمائی ہے ان کا بھی ممنون ہوں مولیٰ تعالیٰ انھیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

فقط

سگ بارگاہ رضوی

قاضی عبدالرحیم بستوی غفرلہ القوی

(سابق خادم الافتاء دارالعلوم منظر اسلام محلہ سوداگران بریلی)

☆☆☆☆☆

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

حسب وعدہ نقش مربع کے دس قواعد کا بیان درج ذیل ہے اور اس کے بعد مسدس، مسبع، مثمن وغیرہ نقوش بھرنے کا طریقہ درج کیا جائے گا۔

### پہلا قاعدہ:

جملہ اعداد سے ١٦ اطرح کریں اور بقیہ اعداد کے دو حصے برابر کریں۔ اب مربع خانہ ایک سے آٹھ تک طبعی سے بھریں یعنی پہلے خانہ میں ایک دوسرے میں دو علیٰ ہذا القیاس آٹھویں خانہ میں آٹھ۔ اس کے بعد خانہ میں اعداد مطروحہ مقسومہ بھر کر ہر ایک خانے میں ایک عدد اضافہ کریں مثلاً اسم رحمٰن کے عدد دو سو اٹھانوے (٢٩٨) ہیں طرح ١٦ کے بعد دو سو بیاسی باقی رہے بعد تقسیم ١٤١ رہا تو اعداد مطروحہ مقسومہ خانہ نہم میں ١٤١ رہے گا اور کسر کا قاعدہ وہی ہے جو مربع کے بیان میں گزرا۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨ | ١٤٣ | ١٤٦ | ١ |
| ٤٥ | ٢ | ٧ | ١٤٤ |
| ٣ | ١٤٨ | ١٤١ | ٦ |
| ٤٢ | ٥ | ٤ | ١٤٧ |

### دوسرا قاعدہ:

جملہ اعداد سے ١٩ اطرح کریں اور باقی کو تین سے تقسیم کریں پھر خانہ اول سے خانہ چار تک نظم طبعی کے ساتھ پر کریں اور پانچویں خانہ میں تیسرے حصہ سے پر کریں مثال یہ ہے کہ اسم جلالت اللہ کے عدد چھیاسٹھ ہیں ١٩ اطرح کے بعد ٤٧ باقی رہے تین سے تقسیم کرنے پر تیسرا حصہ ١٥ ہوا اور دو کسر رہی اب اس کو قاعدہ مذکور سے پر کیا جائے گا اور کسر کا قاعدہ وہی ہے جو مربع میں گزرا۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨ | ٢٢ | ٢٥ | ١ |
| ٤ | ٢ | ١٧ | ٢٣ |
| ٣ | ٢٧ | ٢٠ خانہ کسر | ١٦ |
| ١ | ١٥ | ٤ | ٢٦ |

### تیسرا قاعدہ:

جملہ اعداد سے ٢١ طرح کریں اور باقی اس طرح پر کریں کہ خانہ اول سے بارہ تک نظم طبعی کے ساتھ اور تیرہویں خانے میں اعداد جو طرح کے بعد بچے ہیں پھر ہر خانہ میں ایک ایک کا اضافہ کریں مثال یہ ہے کہ اسم حق کے عدد ایک سو آٹھ ہیں بعد طرح ستاسی بچے قاعدہ مذکورہ کے ذریعہ پر کریں۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨ | ١١ | ٨٨ | ١ |
| ٨٧ | ٢ | ٧ | ١٢ |
| ٣ | ٩٠ | ٩ | ٦ |
| ١٠ | ٥ | ٤ | ٨٩ |



Marfat.com

## چوتھا قاعدہ:

جملہ اعداد سے ۲۳ طرح کریں بقیہ اعداد کے تین حصے کریں اور اسی طرح پر کریں کہ پہلے خانہ میں تیسرا حصہ دوسرے تیسرے چوتھے خانے میں ایک، عدد کا اضافہ کریں اور پانچویں خانہ سے آٹھویں تک نقش اجل کی رفتار کے مطابق یعنی ۵۔ ۶۔ ۷۔ ۸ لکھیں پھر نویں خانہ سے سولہ تک خانہ نمبر ۴ میں جو عدد پر کیا تھا اس پر ایک ایک کا اضافہ کر کے پر کریں اور کسر کا وہی قاعدہ ہے مثلاً اسم کریم کے عدد دو سو ستر ہیں بعد طرح دو سو سینتالیس بچے اور ایک کسر حاصل ہوئی نقش ملاحظہ ہو۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۸۸ | ۹۲ | ۸۲ |
| ۹۱ عدد کسر | ۸۳ | ۷ | ۸۹ |
| ۸۴ | ۹۴ | ۸۶ | ۶ |
| ۸۷ | ۵ | ۸۵ | ۹۳ |

## پانچواں قاعدہ:

۲۵ طرح کے ساتھ اور پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے خانہ سے آٹھویں تک نظم طبعی کے ساتھ یعنی جس طرح نقش اجل پر کرتے ہیں اور نویں خانے سے بارہ تک باقی اعداد جو طرح کے بعد بچے ایک ایک کے اضافہ کے ساتھ پھر تیرہویں خانے سے نظم طبعی کے سات۔ مثال یہ ہے اسم حق کے عدد ایک سو آٹھ (۱۰۸) طرح کے بعد باقی تیراسی رہے قاعدہ معلوم کے ذریعہ پر کریں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۸۵ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۸۶ |
| ۳ | ۱۶ | ۸۳ | ۶ |
| ۸۴ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

## چھٹا قاعدہ:

۲۷ کی طرح کے ساتھ جملہ اعداد سے ۲۷ طرح کر کے تین پر تقسیم کریں پھر یوں بھریں کہ اول سے آٹھویں خانہ تک تقسیم شدہ حصہ سے ایک ایک کے اضافہ کے ساتھ اور نویں خانے سے بارہ تک نظم طبعی نقش اجل کی چال سے پھر تیرہویں خانے سے سولہ تک آٹھویں خانے کے عدد پر ایک ایک کے اضافے کے ساتھ مثال اسم جامع کے عدد ایک سو چودہ (۱۱۴) ہیں طرح کے بعد ستاسی باقی رہے تیسرا حصہ ۲۹ ہوا بعمل معلوم پر کریں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۶ | ۱۱ | ۳۸ | ۲۹ |
| ۳۷ | ۳۰ | ۳۵ | ۱۲ |
| ۳۱ | ۴۰ | ۹ | ۳۴ |
| ۱۰ | ۳۳ | ۳۲ | ۳۹ |



Marfat.com

## ساتواں قاعدہ:

جملہ اعداد سے ۲۹ طرح کریں۔ خانہ اول سے چار تک نقش اجل کی رفتار سے پھر پانچویں خانہ سے آٹھ تک طرح کے بعد جو عدد بچا تھا ایک ایک کے اضافہ کے ساتھ پھر نویں خانہ سے آخر تک بطور نقش اجل مثال اسم لطیف کے اعداد ایک سو انتیس ہیں بعد طرح سو باقی رہے، نقش پر شدہ یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۰۳ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۱۰۲ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۱۰۱ |
| ۱۰ | ۱۰۰ | ۴ | ۱۵ |

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۳ | ۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۱۰۲ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۱۰۱ |
| ۱۰ | ۱۰۰ | ۴ | ۱۵ |

## آٹھواں قاعدہ:

جملہ اعداد سے ۳۰ کی طرح کے ساتھ جیسا کہ مربع کے بیان میں گزرا۔ مثلاً اللہ کے عدد ۶۶ طرح کے ۳۰ نکال کر باقی ۳۶ کو ۴ پر تقسیم کیا ۹ سے مربع پر کیا۔

## نواں قاعدہ:

جملہ اعداد سے ۳۱ طرح کر کے بقیہ کو تین نے تقسیم کر کے تیسرے حصہ کو اول سے بارہ تک ایک ایک کی زیادتی پر کریں پھر تیرھویں خانے سے آخری تک برفتار نقش اجل پر کریں۔ مثال اسم شافی کے اعداد تین سو اکانوے ہیں بعد طرح تین سو ساٹھ رہے باقی کے تین کے حصے کرنے پر ایک حصہ ایک سو بیس ہوا قاعدہ مذکورہ کی رعایت سے پر کریں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۷ | ۱۳۰ | ۱۴ | ۱۲۰ |
| ۱۳ | ۱۲۱ | ۱۲۶ | ۱۳۱ |
| ۱۲۲ | ۱۶ | ۱۲۸ | ۱۲۵ |
| ۱۲۹ | ۱۲۴ | ۱۲۳ | ۱۵ |

## دسواں قاعدہ:

جملہ اعداد سے ۳۳ کی طرح کر کے بقیہ اعداد خانہ اول سے چار تک باضافہ ایک ایک پھر خانہ پنجم سے آخر تک برفتار نقش اجل اسم فتاح کے عدد چار سو نواسی اور بعد طرح چار سو چھپن بچے قاعدہ مذکورہ بالا سے پر کریں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۴۵۶ |
| ۱۳ | ۴۵۷ | ۷ | ۱۲ |
| ۴۵۸ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴۵۹ | ۱۵ |

## قواعد پر کردن نقوش مسدس، مسبع، مثمن وغیرہا:

مسدس میں چھ ضلعے ہوں گے اور چھتیس خانے نکلیں گے عدد تخم ایک سو گیارہ ہے اور طرح ایک سو پانچ ہے بعد طرح چھ سے تقسیم کر کے پر کریں۔ مثلاً اسم عالی کے عدد ایک سو گیارہ بعد طرح چھ باقی رہے بعد تقسیم حاصل قسمت ایک رہا لہٰذا ایک سے پر کیا جائے اور اگر ایک کسر واقع ہو تو اکتسویں خانے میں ایک عدد اضافہ کریں اور دو کسر ہو تو چھبیسویں خانہ میں اور تین کسر ہو تو پندرہویں خانے میں اور چار کسر ہو تو تیرہویں خانے میں اور پانچ کسر ہو تو ساتویں خانے میں ایک ایک عدد کا اضافہ کریں۔

۷۸۶

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۸ | ۷ | ۳۰ | ۱۹ | ۳۶ | ۱ |
| ۵ | ۳۲ | ۲۰ | ۲۹ | ۱۲ | ۱۳ |
| ۲۷ | ۲۲ | ۸ | ۱۷ | ۲ | ۳۵ |
| ۲۱ | ۲۸ | ۳۴ | ۳ | ۱۴ | ۱۱ |
| ۹ | ۱۶ | ۴ | ۳۳ | ۲۴ | ۲۵ |
| ۳۱ | ۶ | ۱۵ | ۱۰ | ۲۳ | ۲۶ |

## نقش مسبع پر کرنے کا قاعدہ:

عدد تخم ایک سو پچھتر عدد طرح ایک سو اڑسٹھ مثلاً اسم باطن و باقی کے عدد ایک سو پچھتر ہیں۔ بعد طرح سات باقی رہے سات سے تقسیم کر کے اس چال سے پر کریں اور اگر ایک کسر واقع ہو خانہ ۴۳ میں ایک عدد کا اضافہ کریں اور دو ہو تو خانہ ۳۶ اور تین ہو تو خانہ ۲۹ اور چار ہو تو خانہ ۲۲ اور پانچ کے لیے خانہ ۱۹ اور چھ کے لیے خانہ ۸ میں۔

۷۸۶

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹ | ۱۷ | ۲۵ | ۳۳ | ۴۱ | ۴۹ | ۱ |
| ۲۶ | ۳۴ | ۴۲ | ۴۳ | ۲ | ۱۰ | ۱۸ |
| ۳۶ | ۴۴ | ۳ | ۱۱ | ۱۹ | ۲۷ | ۳۵ |
| ۴ | ۱۲ | ۲۰ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۷ | ۴۵ |
| ۲۱ | ۲۲ | ۳۰ | ۳۸ | ۲۶ | ۵ | ۱۳ |
| ۳۱ | ۳۹ | ۴۷ | ۶ | ۱۴ | ۱۵ | ۲۳ |
| ۴۸ | ۷ | ۸ | ۱۶ | ۲۴ | ۳۲ | ۴۰ |

۱۷۵

## نقش مثمن بھرنے کا طریقہ:

عدد تخم دو سو ساٹھ طرح کے اعداد دو سو باون مثلاً اسم حسیب و سمیع کے دو سو ساٹھ ہیں بعد طرح آٹھ رہے بعد تقسیم ایک سے نقش پر کیا جائے اگر کسر ایک ہو خانہ ۵۷ میں اور دو ہو تو خانہ ۴۹ میں اور تین ہو تو خانہ ۴۱ میں اور چار ہو تو خانہ ۳۱ میں اور پانچ ہو ۲۵ میں اور چھ خانہ ۱۷ میں اور سات ہو خانہ ۷ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کر کے پر کریں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳ | ۷ | ۱۰ | ۵۶ | ۵۷ | ۶۱ | ۶۴ | ۲ |
| ۵۹ | ۲۰ | ۱۶ | ۴۲ | ۴۸ | ۵۰ | ۱۹ | ۶ |
| ۵۴ | ۴۴ | ۳۲ | ۳۵ | ۳۸ | ۲۵ | ۲۱ | ۱۱ |
| ۵۱ | ۴۳ | ۳۷ | ۲۶ | ۳۱ | ۳۶ | ۲۲ | ۱۴ |
| ۱۳ | ۱۴ | ۲۷ | ۴۰ | ۳۳ | ۳۰ | ۴۱ | ۵۲ |
| ۱۲ | ۱۸ | ۳۴ | ۲۹ | ۲۸ | ۳۹ | ۴۷ | ۵۳ |
| ۵ | ۴۶ | ۴۹ | ۵۳ | ۱۷ | ۱۵ | ۴۵ | ۶۰ |
| ۶۳ | ۵۸ | ۵۵ | ۹ | ۸ | ۴ | ۱ | ۶۲ |

## نقش متسع کے بھرنے کا قاعدہ:

تخم تین سو انہتر طرح تین سو ساٹھ باقی ۹ بعد تقسیم ایک رہے۔ اگر کسر ایک واقع ہو تو خانہ ۷۳ میں اور دو ہو تو ۱۱ میں اور تین ہو تو خانہ ۵۵ میں اور چار ہو تو خانہ ۴۶ میں اور پانچ ہو تو خانہ ۳۷ میں اور چھ ہو تو خانہ ۲۵ میں اور سات ہو تو خانہ ۱۹ میں اور آٹھ ہو تو خانہ ۱۰ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کر کے پر کریں۔ نقش اگلے صفحہ پر ہے:

۷۸۶

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸ | ۷۱ | ۶۹ | ۶۷ | ۷۳ | ۵ | ۳ | ۱ | ۷۲ |
| ۸۰ | ۲۲ | ۵۷ | ۵۵ | ۵۹ | ۱۹ | ۱۷ | ۵۸ | ۲ |
| ۷۸ | ۶۴ | ۳۲ | ۴۷ | ۴۹ | ۲۹ | ۴۸ | ۱۸ | ۴ |
| ۷۶ | ۶۲ | ۵۲ | ۴۰ | ۳۹ | ۴۴ | ۳۰ | ۲۰ | ۶ |
| ۷۵ | ۶۱ | ۵۱ | ۴۵ | ۴۱ | ۳۷ | ۳۱ | ۲۱ | ۷ |
| ۱۶ | ۲۸ | ۳۶ | ۳۸ | ۴۳ | ۴۲ | ۴۶ | ۵۴ | ۶۶ |
| ۱۴ | ۲۶ | ۳۴ | ۳۵ | ۳۳ | ۵۳ | ۵۰ | ۵۶ | ۶۸ |
| ۱۲ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۷ | ۲۳ | ۶۳ | ۶۵ | ۶۰ | ۷۰ |
| ۱۰ | ۱۱ | ۱۳ | ۱۵ | ۹ | ۷۷ | ۷۹ | ۸۱ | ۷۴ |

## نقش معشر بھرنے کا طریقہ:

تخم پانسو پینتیس طرح چار سو پچانوے باقی چالیس عدد بعد تقسیم چار رہے قاعدہ کسر۔ اگر ایک کسر رہے تو خانہ ۹۱ اور دو رہے تو خانہ ۸۱ اور تین ہو تو خانہ ۷۱ اور چار ہو تو خانہ ۶۱ اور پانچ ہو تو خانہ ۵۱ میں اور چھ ہو تو خانہ ۴۱ میں اور سات ہو تو خانہ ۳۱ میں اور آٹھ ہو تو خانہ ۲۱ میں اور نو ہو تو خانہ ۱۱ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کر کے پر کریں۔ نقش معشر یہ ہے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹ | ۵ | ۱۴ | ۱۷ | ۹۱ | ۹۲ | ۹۵ | ۱۰۱ | ۱۰۳ | ۸ |
| ۹۷ | ۲۴ | ۲۸ | ۳۱ | ۷۷ | ۷۸ | ۸۲ | ۸۵ | ۲۳ | ۱۰ |
| ۹۶ | ۸۰ | ۴۱ | ۳۷ | ۶۳ | ۶۹ | ۷۱ | ۴۰ | ۲۷ | ۱۱ |
| ۸۹ | ۷۵ | ۶۵ | ۵۳ | ۵۶ | ۵۹ | ۴۶ | ۴۲ | ۳۲ | ۱۸ |
| ۸۶ | ۷۲ | ۶۴ | ۵۸ | ۴۷ | ۵۲ | ۵۷ | ۴۳ | ۳۵ | ۲۱ |
| ۲۰ | ۳۴ | ۴۵ | ۴۸ | ۶۱ | ۵۴ | ۵۱ | ۶۲ | ۷۳ | ۸۷ |
| ۱۹ | ۳۳ | ۳۹ | ۵۵ | ۵۰ | ۴۹ | ۶۰ | ۶۸ | ۷۴ | ۸۸ |
| ۱۳ | ۲۶ | ۶۷ | ۷۰ | ۴۴ | ۳۸ | ۳۶ | ۶۶ | ۸۱ | ۹۴ |
| ۷ | ۸۴ | ۷۹ | ۷۶ | ۳۰ | ۲۹ | ۲۵ | ۲۲ | ۸۳ | ۱۰۰ |
| ۹۹ | ۱۰۲ | ۹۳ | ۹۰ | ۱۶ | ۱۵ | ۱۲ | ۶ | ۴ | ۹۸ |

Marfat.com

# عامل اور دعوت

## عامل کے شرائط:

① ایسے عامل سے اجازت دعوت حاصل کریں جس کا سلسلہ صحیح ہو اور اسے اجازت صحیحہ حاصل ہو ورنہ ممکن ہے کہ عمل باعث رجعت ہو جائے۔

② عامل ان باتوں پر کاربند ہو۔ حلال کمائی سے کھائے اور حلال کمائی میسر نہ ہو تو کسی سے قرض حسنہ لے لے تا کہ دورانِ عمل جو کچھ کھائے وہ کسب خبیث نہ ہو سچ بولے اور روزہ رکھے (دوران عمل) کم کھانا، کم سونا، کم بولنا، اپنا نصب العین رکھے، اور اگر کھانا پینا کسی خادم کے ذریعہ ہو تو خادم متعین ہو اور اپنے اوقات کو وظائف کے لیے مقرر رکھے اور گناہوں سے دور رہے اور عمل کے دوران گوشت سے نظر محفوظ رکھے اور دل کو حسد، کینہ، غرور وغیر مذموم صفات سے پاک رکھے اور خلوت اختیار کرے اور خلوت حقیقیہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ کی جانب متوجہ رہے، اور کپڑا اور جائے عمل پاک رکھے حجرہ جہاں عمل کرے تنگ و تاریک و مصفا ہو، اور عطر وغیرہ خوشبو کا استعمال رکھے اور نامحرموں سے اپنے کو دور رکھے، طہارت بدن اور تصفیہ باطن میں تمام ہو، اور تعظیم دعوت کرے یعنی ادعیہ کو تکیہ لگا کر نہ پڑھے یا پیر دراز کر کے یا کرسی یا چارپائی پر بیٹھ کر بھی نہ پڑھے اور نشست چار زانوں نہ ہو، مگر بصورت مجبوری، کوئی تخت یا چوکی اس کے لیے خاص کرے اور جن عملوں میں زمین پر بیٹھنے کی شرط ہے وہاں مصلیٰ خاص بچھا کر بیٹھے اور اگر دوران عمل سفر درپیش ہو جائے تو وہ مصلی ہمراہ لے جائے اور درمیان قرأت کلام نہ کرے، بہت حاجت ہو تو اشارہ سے کام لے اور اپنے اندر جرأت و شجاعت پیدا کرے اور جو اسرار ظاہر ہوں انھیں چھپائے اور ترک حیوانات کرے، اور غذا میں نانِ جو یا گندم، مونگ کی دال نمک لاہوری بہتر ہے، وقت کی رعایت رکھے یعنی روزانہ وقت مقررہ پر شروع کرے تعین دن کا بھی لحاظ رکھے مثل روز پنجشنبہ، جمعہ، دوشنبہ، وقت مثل صبح، تہجد، عشاء۔

تعین ماہ: بھی بعض عمل میں ضروری ہے۔

فائدہ: ماہ ثابت۔ اگہن۔ پھاگن۔ جیٹھ۔ بھادوں۔ ماہ منقلب۔ ماگھ۔ بیساکھ۔ ساون۔ کاتک۔ ماہ دو جہتیں۔ پوس چیت۔ اساڑھ۔ کنوار

فائدہ: عروج ماہ قمری چاند کی پہلی تاریخ سے ۱۳ تک کو کہتے ہیں۔ عروج ماہ ثابت ۲۳ اپریل تا ۲۲ مئی۔ جولائی تا ۲۲ اگست۔ ۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر آفتاب برج ثابت میں رہتا ہے۔



Marfat.com

پرہیز جلالی: مثلاً گوشت، مچھلی، انڈا، شہد، ٹڈی، سیپ کا چونا، اونی ریشمی کپڑے، چمڑے کا استعمال۔ لہذا ایسی کتابیں نہ چھوئے جس میں چمڑے کی جلد ہو اس نل سے پانی نہ پیے جس کا واسل چمڑے کا ہو۔ دوران عمل جماع سے بھی پرہیز رکھے بلکہ دواعی جماع بھی ترک کرے۔ مرچ سیاہ، سرخ پیاز، لہسن، ہینگ، تمباکو، سرکہ اور ہر بدبودار چیزوں سے بھی۔ جانوروں کو مارنے سے احتیاط کرے، روزہ اس میں شرط ہے۔

پرہیز جمالی: گوشت مچھلی، دودھ، دہی، گھی، تیل، سرکہ، نمک، خرما، میوہ جات، فواکہات، سلا کپڑا، نہ پہنے مثل احرام رہے، تیل سرسوں کا اگر با احتیاط نکالا جائے تو استعمال کر سکتا ہے، اگر تمباکو کھانے پینے سے مجبور ہے تو رفتہ رفتہ ترک کر دے ورنہ بعد استعمال مسواک غرارہ ضرور کرے اور چلہ کے اندر ممنوع ہے۔

فائدہ: اگر کبھی گوشت وغیرہ کھالے تو دعائے رجعت تین مرتبہ پڑھے اور پانی پر دم کر کے پی لے اور گڑ تھوڑا سا کھالے اور غسل کر لینا بھی بہتر ہے اور چلہ کے اندر جماع ممنوع ہے اور بعد چلہ اپنی اہلیہ سے جائز ہے، دعائے رجعت یہ ہیں۔

① صبح سنت وفرض فجر کے درمیان سورۂ فاتحہ اکتالیس بار بسم اللہ شریف کے ساتھ۔

② یہ عمل بعد نماز عشاء یا جس وقت ممکن ہو کرے۔ اول یہ درود شریف اللھم صل علیٰ سیدنا محمد وعلی سیدنا محمد نبی الرحمة وشفیع الامة وکاشف الغمة تین بار پھر گیارہ بار وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔ يَا حَمِيْدَ الْفِعَالِ لِمَنّ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ يَا حَمِيْدُ پھر مذکورہ درود شریف ۶ بار پڑھے۔

③ گیارہ بار یہ دعا پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط عَلِيْقًا مَلِيْقًا خَالِقًا مَخْلُوْقًا كَافِيًا شَافِيًا اِرْتَضٰى مُرْتَضٰى بِحَقِّ يَا بُدُّوْحُ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ط بِحَقِّ اَسَاطًا سالا لُوْسًا يَا شَيْخ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيْ شَيْئًا لِلّٰهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔

## شرائط دعوت:

اول تین دن روزہ رکھے۔ اگر اسم جلالی ہو ہفتہ، منگل اور دوشنبہ، یا جمعرات اور اگر مشترک ہو تو اتوار کے دن روزہ رکھنا شروع کرے اور کھانا نہ کھائے تو بہتر ہے اور اگر بھوک کا غلبہ ہو تو کم کھائے۔ پھر وضو کرے اور استغفار کرے اور تہجد و تحیۃ الوضو پر مداومت کرے اور دو رکعت نماز کشف الارواح کی نیت سے پڑھے۔ عمل پڑھنے کے وقت دل میں خیال رکھے کہ میں ایسے مالک کے روبرو حاضر ہوں جسے میرا مقصد پورا کرنے کا اختیار کامل ہے اور مطلب کا دھیان



Marfat.com

رکھے۔

فائدہ: اگر کسی عمل کی صحیح تعداد معلوم نہ ہو تو بہ نیت شرائط ایک ہزار و ایک بار پڑھے۔

## ترکیب نماز کشف الارواح:

نیت نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ رَکْعَتَیْ صَلٰوۃِ کَشْفِ الْاَرْوَاحِ مُتَوَجِّھًا اِلٰی جِھَۃِ الْکَعْبَۃِ اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ ۳ مرتبہ وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ وَلٰکِنَّ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ۔ پڑھے اور سلام کے بعد ہزار مرتبہ دعائے ملکیہ پڑھے آہ وآہ وائیہ پھر جب صبح صادق ہو نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب کے وقت غسل کر کے دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھے پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد شھد اللّٰہ انہ لا الٰہ الا ھو والملئکۃ واولوا العلم قائما بالقسط لا الٰہ الا ھو العزیز الحکیم ان الدین عند اللّٰہ الاسلام اشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہٗ لاشریک لہ واشھد انّ محمد عبدہٗ ورسولہ اور دوسری رکعت میں ۷ مرتبہ ادعونی استجب لکم ان الذین یستکبرون عن عبادتی سَیَدْ خُلُوْنَ جھنّم داخرین سُبْحٰن اللّٰہ والحمد للّٰہ ولا الٰہ الا اللّٰہ واللّٰہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الّا باللّٰہ العلیّ العظیم۔ پھر بعد سلام ۷ مرتبہ واذا سئالك یشھدون پڑھ کر اس کا ثواب حضور پرنور ﷺ کی بارگاہ میں پہنچا کر دوسرے انبیائے و اولیاء تمام مسلمانوں کو بخشے خصوصاً سادات غوثیہ وسہروردیہ اس کے بعد دو رکعت نماز سلامتی مرشد کے لیے ادا کرے اگر مرشد بحیات ہو ورنہ اس کی روح کو ایصال ثواب کرے بعد سلام ۲۷ بار درود شریف اور استغفار ۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔

فائدہ: اگر درمیان عمل بیمار ہو جائے تو سورۂ فاتحہ آیت الکرسی ایک ایک بار پڑھ لیا کرے اور پڑھنے کی طاقت نہ ہو تو تصور کرے اور اس کی بھی طاقت نہ ہو تو کسی سے اپنے سامنے ہر روز ۳۔۳ بار پڑھوائے اور خود سنے اس صورت میں جہاں سے ترک ہوا ہے باقی کو پورا کرے ورنہ شروع سے شروع کرے۔

# زکات

زکات کے بارے میں کتابوں میں طویل کلام مذکور ہے اور مجموعہ میں کوئی تفصیل نہیں ہے البتہ کاشف الاستار شریف و معمولات عزیزیہ سے چند سطور منقول ہیں۔ اس کا مدار خاص کاملین کے ارشاد پر منحصر ہے اور بعض عملیات میں اس کی تصریح ہے اور اس کا معلوم کرنا آسان کام نہیں ہے دعوت کے مختلف طریقے ہیں اور ان کی زکات کے مختلف طریقے ہیں اور عوام کے حال کے مناسب نہیں ہے لہذا آسان طریقہ زکات کا یہ ہے کہ اسمائے الٰہی یا دعاء کی زکات معلوم کرنے کی ضرورت ہو مندرجہ ذیل طریقہ سے معلوم کریں پھر پڑھنے کے لیے صاحب اجازت سے



Marfat.com

اجازت لے کر زکات کی پانچ صورتوں میں کسی ایک کے مطابق پڑھیں اور سب صورتوں پر عمل زیادہ مفید ہے۔

قسم اول: زکات صغیر سے اصل عدد مراد ہے۔ مثلاً لفظ ودود کے عدد بیس ہیں تو زکات صغیر کے عدد بیس ہوئے۔

قسم دوم: زکات کبیر۔ اصل اعداد کو چار سے ضرب دینے پر جو حاصل ضرب ہوا سے کہتے ہیں۔

جیسے ۲۰×۴=۸۰

قسم سوم: زکات اکبر۔ کبیر کے عدد کو چار سے ضرب دینے پر جو حاصل ضرب ہو وہ اکبر ہے۔

جیسے ۸۰×۴=۳۲۰

قسم چہارم: زکات اکبار۔ اکبر کے عدد چار سے ضرب دینے پر جو حاصل ضرب ہو وہ اکبار ہے۔

جیسے ۳۲۰×۴=۱۲۸۰

قسم پنجم: زکات اکبر الکبائر۔ اکبار کے عدد کو چار سے ضرب دینے پر حاصل ضرب کو کہتے ہیں۔

جیسے ۱۲۸۰×۴=۵۱۲۰

ان پانچوں طریقوں میں سے کسی طریق سے ورد کرنا موجب کامیابی ہے اور اگر دعائے کبیر ہے تو پڑھنے کے لیے تین طریقے ہیں۔ اول موافق خذ حرفاً قل الفاً یعنی ہر حرف کے بدلے ایک ہزار پڑھے۔ دوم موافق مائۃ یعنی ہر حرف کے بدلے سو مرتبہ پڑھے، سوم موافق عشراً یعنی ہر حرف کے بدلے دس مرتبہ پڑھے۔ ان تینوں میں سے جو ہو سکے اس کے موافق قرأت اختیار کرلے مثلاً حروف تہجی مع ہمزہ والف لام کے تیس ہوتے ہیں اس کے عدد پہلی صورت میں تین ہزار ہوئے یہ مجموعہ بہ نیت نصاب پڑھے اور اس کا نصف (۱۵۰۰) بہ نیت زکات اور اس کا نصف ۷۵۰ بہ نیت عشر اور اس کا نصف ۳۷۵ بہ نیت قفل اور دور مدور برابر نصاب کے اور بذل تین سو بار پڑھے۔

فائدہ: کنیت سے لفظ ابو مثل ابوالخیر وابو محمد ولام تعریف مثل رکن الدین میں ال اور حرف مشدد اور لفظ یا جمل کے حساب میں شمار نہیں ہوتے ہیں البتہ اسم جلالت کا مشدد شمار میں آتا ہے۔

فائدہ: جس اسم کی تعداد زکات معلوم نہ ہو تو بہ نیت شرائط ایک ہزار ایک بار پڑھنا مفید ہے۔

اوپر کی تفصیل سے ظاہر ہے کہ ان اقسام کی سات صورتیں درج کی ہیں۔ ان کو شرائط دعوت کہتے ہیں۔

نصاب: اسم یا آیت کے حروف شمار کر کے ہر حرف کو دس مرتبہ لے یا سو مرتبہ یا ہزار مرتبہ شمار کرنے سے نصاب مرتب ہوتا ہے مثلاً اسم بدوح کے حروف بیس ہوئے پس ہر حرف کو سو مرتبہ شمار کرنے سے نصاب دو ہزار ہوا۔ دعوت حرفی میں نصاب کا نصف کر کے نصاب میں زیادہ کرنے سے زکات مرتب ہوتی ہے یہاں زکات تین ہزار ہوئی اور اس نصف کا نصف زیادہ کرنے سے عشر مرتب ہوتا ہے یعنی تین ہزار پانچ سو اور عشر میں جو تعداد زیادہ کی گئی تھی اس کا نصف قفل ہوتا ہے اور عشر اور قفل کا دوگنا کرنے سے دور مدور ہوتا ہے اور بذل دعوت حرفی میں سات ہزار اور ختم ایک ہزار دو سو مرتبہ ہے اور یہ بزرگوں سے منقول ہے اور آسان طریقہ یہ ہے کہ نصاب کی نصف زکات اور اس



Marfat.com

کا نصف عشر اور اس کی نصف قفل اور اس کے نصف کو دور مدور اور قفل کے نصف کو بذل اور بذل کے نصف کو ختم کہتے ہیں۔

اور کاشف الاسرار میں ہے کہ شرائط میں نو چیزیں نصاب، زکات، عشر، دور مدور اور قفل باقی تکمیل کے لیے ہے اور صاحب جواہر خمسہ نے فرمایا ہے کہ تنہا دور مدور تکمیل کے لیے باقی کو عاملین نے فرمایا ہے اور ہزار پر دس مرتبہ زیادہ پڑھنا بھی تکمیل کے لیے ہے اور صاحب کشف الانوار نے فرمایا کہ تکمیل کے لیے ہر ہزار پر تیس مرتبہ یا چالیس مرتبہ پڑھنا اولیٰ ہے اور جب عامل شرائط دعوت مع تکمیل پورا کر لے اور اس کے بعد اگر اس سے کوئی گناہ کبیرہ شامت نفس سے صادر ہو جائے تو عمل ختم نہیں ہوتا ہے توبہ صحیحہ کے بعد باقی رہتا ہے ورنہ از سرِ نو کرنا چاہیے اور بے ادائے شرائط دعوت کرنے کی صورت میں ہلاکت جان کا خطرہ ہے۔

**فائدہ:** نصاب کے بعد یا و کیل ۶۶ بار اور زکات کے بعد یا مجیب ۵۵ بار اور عشر کے بعد یا ولی ۴۶ بار اور قفل کے بعد یا فتاح ۴۸۹ بار اور دور مدور کے بعد یا معطی ۱۲۹ بار اور بذل کے بعد وھاب ۱۴ بار اور ختم کے بعد یا ھادی ۲۰ بار پڑھ لیا کرے تا کہ فوائد و تصرف میں کمال حاصل ہو۔

☆=☆=☆

Marfat.com

# تسخیر الکواکب السبع السیارہ

## تسخیر زحل:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى اَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا يَنْبَغِي الصَّلٰوةُ عَلَيْهِ یہاں حضرت علی کا چہرہ مثل آفتاب کے تصور کرے حَقٌّ حَقٌّ اَجِبْ اِسْرَائِيْلُ بِحَقِّ يَا مَعْرُوْسُ يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَيَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَيَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ وَيَا مُفَرِّحَ الْمَحْزُوْنِيْنَ اَغِثْنِيْ وَكَّلْتُ عَلَيْهِ يَا رَبِّيْ قَضَيْتُ فَوَّضْتُ اَمْرِيْ اِلَيْكَ يَا رَزَّاقُ يَا فَتَّاحُ يَا بَاسِطُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ تین بار پڑھے اَللّٰهُمَّ اكْشِفْ عَلَيَّ حَقَائِقَ الْاَشْيَاءِ كَمَا هِيَ اَنْتَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ سُبْحٰنَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ط حَقٌّ حَقٌّ حَقٌّ يَا اللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ فِيْ كُلِّ فِعَالِهٖ پوری عبارت تین بار پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى اَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا يَنْبَغِي الصَّلٰوةُ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الْجَلِيْلِ الْجَبَّارِ الْقَاهِرِ الْقَهَّارِ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْقَاهِرِيْنَ عَلٰى اَعْدَاءِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔ يَا حَيْدَرُ يَا حَيْدَرُ يَا حَيْدَرُ يَا اَبَا تُرَابٍ يَا عَلِيُّ يَا اَسَدَ اللّٰهِ وَلِيَّ اللّٰهِ يَا رِجَالَ اللّٰهِ يَا مَقْبُوْلَ اللّٰهِ يَا مَحْبُوْبَ اللّٰهِ يَا ظُهُوْرَ اللّٰهِ يَا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ بِالْقَهْرِ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ يَا حَقُّ يَا حَقُّ تَحَقَّقْتَ بِالْحَقِّ وَالْحَقُّ فِيْ حَقِّ حَقِّكَ يَا حَقُّ يَا فَتَّاحُ يَا فَتَّاحُ يَا فَتَّاحُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا اللّٰهُ اللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پھر خوف زدہ ہو کر عظمت الٰہی کا دل میں تصور کر کے پڑھے۔ تَعَظَّمْتُ بِالْعَظْمَةِ وَالْعَظْمَةُ فِيْ عَظْمَةِ عَظْمَتِكَ يَا رَبُّ يَا قَدِيْرُ يَا قَدِيْرُ يَا قَدِيْرُ يَا خَالِقُ يَا كَرِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا مُسَخِّرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا يَا حَلِيْمُ يَا مُحْيِيْ يَا مُمِيْتُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا ضَارُّ يَا جَلِيْلُ الْمُتَكَبِّرُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُهٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُهٗ يَا جَلِيْلُ يَا جَلِيْلُ يَا جَلِيْلُ حَسُوْدِيْ مَقْهُوْرٌ اس جگہ دشمن کو ذلیل وخوار تصور کرے وَعَدُوِّيْ مَقْتُوْلٌ بِقَهْرِكَ يَا قَاهِرَ تین بار پڑھے تَقَهَّرْتَ بِالْقَهْرِ وَالْقَهْرُ



Marfat.com

فِیْ قَهْرِ قَهْرِكَ يَا قَهَّارُ يَا قَهَّارَ قَهْرِ اَعْدَائِیْ يَا اُوْرِيَا ئِيْلُ بِحَقِّ عَدْمُوْنِیْ يَا خُوْلَائِيْلُ بِحَقِّ رَيْعُوْنِیْ يَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ بِقَهْرِ عَزِيْزِ سُلْطَانِهٖ يَا مُذِلُّ يَا نَقِيًّا مِّنْ كُلِّ جَوْرٍ لَمْ يَرْضَهٗ وَلَمْ يُخَالِطْهُ يَا نَقِیُّ فَتَتَلَتُّ بِسَيْفِ اللّٰهِ اس جگہ دشمن کو مردہ تصور کرے۔ لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى اس جگہ عزرائیل السلام کو حاضر جان کر دشمن کو مردہ تصور کرے۔ يَا قَوِیُّ يَا قَاهِرُ يَا ذَالْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا يُطَاقُ انْتِقَامُهٗ يَا قَاهِرُ اِقْهَرْ وَادْفَعْ اَعْدَائِیْ مِنْ قَهْرِكَ وَاَنْتَ اَشَدُّ الْقَاهِرِيْنَ حَقٌّ حَقٌّ حَقٌّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى اَنْ تُصَلِّیَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا يَنْبَغِی الصَّلٰوةُ عَلَيْهِ يَا تَنْكَفِيْلُ بِحَقِّ حُجْرَاةَ يَا حَمِيْدُ الْفِعَالِ ذَا الْمَنِّ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِهٖ يَا حَمِيْدُ (يَا تَنْكَفِيْلُ سے یا حمید تک تین تین بار پڑھے) يَا خُوْلَائِيْلُ بِحَقِّ وَحَبْسَ كَلِيْخٍ يَا غِيَاثِیْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ وَّمُجِيْبِیْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ وَّمَعَاذِیْ عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ وَّمُوْنِسِیْ فِیْ وَحْشَةٍ وَّرَجَائِیْ حِيْنَ يَنْقَطِعُ حِيْلَتِیْ يَا غِيَاثِیْ نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِی النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّ غَمٍّ سَيَنْجَلِیْ بِنُبُوَّتِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَبِوَلَايَتِكَ يَا عَلِیُّ يَا عَلِیُّ يَا عَلِیُّ يَا اللّٰهُ يَا سَمِيْعُ اَجِبْ دَعْوَتِیْ يَا بَدِيْعُ الْعَجَائِبِ يَا جِبْرَئِيْلُ بِحَقِّ يَا مُظْهِرَ الْعَجَائِبِ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا اَوَّلُ يَا آخِرُ اَنْتَ اَجِبْ دَعْوَتِیْ يَا مُجِيْبَ الشَّانِ يَا قُوْقَائِيْلُ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِی النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِیْ بِوَلَايَتِكَ يَا عَلِیُّ يَا عَلِیُّ يَا عَلِیُّ۔

(نوٹ): یہ عمل بزرگوں کا مجرب المجرب ہے۔

## ۵۴۳۔ برائے زبان بندی دشمناں:

سورۂ والتین کے اعداد مربع میں پر کر کے مچھلی کے منہ میں رکھیں اور پرانی قبر میں دفن کریں اور صاحب قبر سے یہ الفاظ کہیں۔ اے صاحب قبر از برکت تو زبان فلاں بن فلاں بند ہو جائے پھر صاحب قبر کی نیاز دلائے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۵۴۹ | ۲۵۶۲ | ۲۵۵۹ | ۲۵۵۶ |
| ۲۵۶۰ | ۲۵۵۵ | ۲۵۵۰ | ۲۵۶۱ |
| ۲۵۵۴ | ۲۵۵۷ | ۲۵۶۴ | ۲۵۵۱ |
| ۲۵۶۳ | ۲۵۵۲ | ۲۵۵۳ | ۲۵۵۸ |

**۵۴۴۔ ایضاً:** وجعلنا من بین ایدیھم سدا ومن خلفھم سدا فاغشینٰھم فھم لایبصرون ط نمک کی سات کنکریاں لے کر ہر کنکری پر سات سات بار اس آیت کریمہ کو پڑھ کر دم کرے اور دونوں کا نام مع ماں کے لکھ کر آگ میں ڈالے اور یہ کہے کہ فلاں بن فلاں اور فلاں بن فلاں کے درمیان عداوت ہو۔

**۵۴۵۔ برائے جدائی مجرب ہے:**

اس نقش کو منگل یا اتوار کو مریخ یا زحل کی ساعت میں لکھ کر کسی پرانی قبر میں دفن کرے فوراً جدائی ہوگی اور اگر ہفتہ کے اندر تعویذ کا اثر نہ ہو تو نکال کر جلا دے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| انت الذی | لایطاق | انتقامه | یاقاهر |
| الشدید | انت الذی | لایطاق | انتقامه |
| ذالبطش | الشدید | انت الذی | لایطاق |
| یاقاهر | ذاالبطش | ذاالبطش | انت الذی |

**۵۴۶۔** یہ نقش دفع اعداء اور ہر ظالم و شریر سے حفاظت کا ہے۔ حضور سیدنا اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کا مستخرجہ ہے۔




اسے لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے دشمنوں سے نجات ملے گی اور ہر شریر و جابر سے حفاظت رہے گی اور مکان یا دوکان میں لٹکانا بھی مفید ہے یہ چھ نقشوں کا مجموعہ ہے، پانچ اسمائے باری تعالیٰ۔ اللہ، وکیل، حافظ، حفیظ، رقیب اور دعا



Marfat.com

اللھم انا نجعلك الخ اور مذکور امور کے لیے نافع ہے۔

# ہر حاجت و مطلب کے لیے مجرب عمل

## ۵۴۷۔ برائے قضائے حاجات:

عمل آیہ کریہ لا الہ الا انت سبحٰنك انی کنت من الظلمین یہ آیۃ کریمہ ہر حاجت کے لیے مفید و مجرب ہے خصوصاً ادائے قرض اور قید سے رہائی کے لیے کبریت احمر ہے اور ہمارے خاندان میں اسمائے مبارکہ یا حی یا قیوم کے ساتھ پڑھا جاتا ہے زکات سوا لاکھ ہے اور ترک جلالی کافی ہے اور دونوں میسر ہوں تو بہتر ہے۔ یہ عمل عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ سے شروع کیا جائے اور ہر روز تین ہزار ایک سو پچیس بار چالیس روز تک پڑھیں لیکن ہر ہزار بلکہ سو مرتبہ پڑھ لینے کے بعد آیت کریمہ فاستجبنالہٗ ونجیناہ من الغم و کذلك ننجی المومنین۔ تین تین بار پڑھیں جلد کام ہو جائے گا بلکہ اگر تھوڑی مدت میں پڑھنا چاہیں تو تعداد بڑھا دیں اور یہ بھی ممکن ہے کہ چند شخص صالح ایک ہی روز میں ختم کریں اور بعد ادائے زکات اثر زکات باقی رکھنے کے لیے روزانہ بعد نماز فجر ایک سو گیارہ اور آیت ثانیہ کو گیارہ بار پڑھا کریں۔ پھر کسی اہم کام کے لیے ضرورت پیش آئے تو تاریکی میں بیٹھ کر ایک پیالے میں پانی بھر کر سامنے رکھیں اور آیت کریمہ کو تین سو ساٹھ بار پڑھیں اور پڑھنے کے دوران پانی لے کر چہرہ پر مل لیا کریں تا قضائے حاجت ایسا ہی کریں۔

## ۵۴۸۔ دیگر:

ہر اہم کام کے لیے سورۂ ہود تیرہ بار تلاوت کی جائے اول و آخر درود شریف سو سو بار بہت زود اثر ہے۔

## ۵۴۹۔ برائے قضائے حاجات:

آیت کریمہ و من یتق اللّٰہ یجعل لہٗ مخرجاً ویرزقہ من حیث لا یحتسب ط و من یتوکل علی اللّٰہ فھو حسبہٗ ان اللّٰہ بالغ امرہ قد جعل اللّٰہ لکل شیء قدرا حدیث شریف میں ہے حضور نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ مجھے ایک ایسی آیت معلوم ہے کہ اگر لوگ اس پر عامل ہوں تو ان کی حاجتوں کو کافی ہے پھر یہ آیت کریمہ ارشاد فرمائی ادائے قرض اور روزگار کے لیے اس کی کثرت مفید و مجرب ہے۔

## ۵۵۰۔ قضائے حاجات:

کے لیے یہ رباعی مفید و مجرب ہے۔



Marfat.com

الٰہی تو بگردانی بلا را ز آفتہا نگہداری تو مارا
بحق ہر دو گیسوئے محمد ﷺ زبوں گرداں زبردستان مارا

زکات کا طریقہ یہ ہے کہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور اس رباعی کو گیارہ ہزار بار پڑھیں بعد ختم تھوڑی سی شیرینی پر فاتحہ دے کر بچوں کو تقسیم کریں۔ بعد زکات ہر روز مغرب یا عشاء کے بعد سات مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ مرض پر دم کرنے سے صحت ہوگی اور اگر کوئی مشکل کام درپیش ہو تو سات مرتبہ پڑھ کر صدق دل سے دعا کریں۔ ان شاءاللہ تعالیٰ اس کا حل خواب کے ذریعے معلوم ہوگا۔

## ۵۵۱۔ جملہ امراض کے لیے کافی ہے:

اور ہر مطلب کے لیے مفید ہے۔ جمعہ کے دن ہر مطلب کے لیے اس طرح پڑھیں کہ بعد نماز عصر قبلہ رو بیٹھ کر آنکھیں بند کر کے حضور دل سے بے تعداد پڑھے یَا اللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ غروب آفتاب تک پڑھتے رہیں پھر اللہ رب العزت کی بارگاہ میں خلوص دل سے دعا کریں اور نماز مغرب ادا کریں اس عمل کو فقیر کاتب الحروف نے بارہا تجربہ کیا بہت زود اثر پایا۔

## ۵۵۲۔ شفائے بیماران:

ہر قسم کے مرض کو دور کرنے کے لیے الحمد شریف تین بار آیۃ الکرسی ایک بار، کلمہ تمجید ایک بار اور اس رباعی کو تین بار پڑھ کر مریض پر دم کریں یا پانی پر دم کر کے پلائیں رباعی یہ ہے۔

اے در صفت ذات تو حیراں کہ ومہ و زہر دو جہاں خدمت گاہ توبہ
علت تو ستانی و شفا ہم تو دہی یا رب تو بفضل خویش بستان وبدہ

## ۵۵۳۔ ایضاً:

اسی رباعی کو بعد نماز فجر یا اور کسی نماز کے بعد مریض کے سر کے پاس کھڑے ہو کر اکتالیس بار پڑھے اور مریض پر دم کرے اور بہتر یہ ہے کہ اس رباعی کے پڑھنے سے پہلے ستر بار الحمد شریف اس طرح پڑھے کہ بسم اللہ شریف کی آخری میم کو الحمد سے ملائے اور مریض پر دم کرے ہفتہ کے اندر مریض کو صحت ہوگی۔

## ایضاً:

بیمار کو تلقین کریں کہ آیت کریمہ اللہ الصحمد کا ورد جاری رکھے دل و زبان سے ہر وقت پڑھتا رہے ان شاء اللہ المولیٰ تعالیٰ جلد شفا ہوگی۔

۵۵۴۔شفائے بیمار:

اسم یاغفور تین سطروں میں لکھے اور ہر سطر میں تین مرتبہ اس طرح غ ف ور۔غ ف ور۔غ ف وراور روزانہ ایک تعویذ مریض کو دے کہ زبان سے چاٹے یا مشک زعفران سے لکھ کر دے کہ روزانہ تعویذ پلائیں ان شاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی ایک فجر کے وقت دوسرا دو گھنٹہ کے بعد تیسرا شام کو۔ضرور صحت ہوگی۔

۵۵۵۔جملہ مقاصد دینی و دنیاوی کے لیے عمل آیۃ الکرسی شریف:

ہر فرض نماز یا فجر وعصر کے بعد آیت الکرسی کو اس طرح پڑھے کہ اس آیت میں دس وقف ہیں ان وقوف کو قرآن مجید سے دیکھ کر یاد کرے اور ہر وقف پر ایک انگلی بند کرے اور شروع دائیں چھنگلیا سے کرے اسی طرح بائیں ہاتھ کی انگلیوں کو بند کرے پھر سورہ الم نشرح وقل ھواللہ شریف، درود شریف تین تین بار پڑھ کر آسمان کی جانب دم کر کے انگلیوں کو بند کر کے انگلیوں کو سورہ الحمد شریف ایک ایک بار پڑھ کر کھولے مگر بسم اللہ شریف کی آخری میم کو الحمد سے ملا کر پڑھے پھر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے چہرہ پر مل لے۔

۵۵۶۔فائدہ:

ترقی رزق کے لیے یا کسی کی مہربانی کے لیے پڑھے تو یشفع عندہ کے دونوں عینوں کے درمیان اپنی مراد کا دھیان کرے اور دشمن کے لیے یعلم ما بین ایدیھم کے دونوں میموں میں تصور کرے۔

۵۵۷۔نماز اشراق حاجتوں کے پورا ہونے کے لیے:

چار رکعت نماز اشراق پڑھے اول میں سورہ والشمس دوم میں واللیل سوم میں والضحیٰ چہارم میں سورۂ الم نشرح شریف پڑھے اور دعائے حاجت کرے۔

۵۵۸۔برائے قضائے حاجت:

ماہ ثابت عروج قمر میں جاہ ومرتبہ حاصل ہونے اور ترقی رزق کے لیے بعد نما مغرب قطب کی جانب منہ کر کے کھڑے ہو کر ۴۱ روز آیت قطب پڑھے۔

۵۵۹۔ایضاً:

عشاء کی نماز کے بعد وتر سے پہلے دو رکعت نماز ادا کرے اور اس کے بعد یالطیف سو مرتبہ پڑھے اور بایاں ہاتھ سینہ پر شہ رگ کے پاس رکھے۔



Marfat.com

## ۵۶۰۔ ہر قسم کی بیماری کیلئے:

مرض کے مزاج کے مطابق حسب ضرورت پانی میں گھول کر پلائے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے بفضل خدا امید صحت ہے۔

ہر بار در طب مرض کے لیے ۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۵۶۵ | ۵۶۱ | ۸ |
| ۵۶۲ | ۷ | ۲ | ۵۶۴ |
| ۶ | ۵۵۹ | ۵۶۷ | ۳ |
| ۵۶۶ | ۴ | ۵ | ۵۶۰ |

اطمفشنذ — الناریه

ہر بارد و یابس کے لیے ۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۶۷۶ | ۶۷۳ | ۸ |
| ۶۷۴ | ۷ | ۲ | ۶۷۵ |
| ۶ | ۶۷۱ | ۶۷۸ | ۳ |
| ۶۷۷ | ۴ | ۵ | ۶۷۲ |

بوین محض — الهوائیه

ہر حار یابس مرض کے لیے ۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۷۹۲ | ۷۸۹ | ۸ |
| ۷۹۰ | ۷ | ۲ | ۷۹۱ |
| ۶ | ۷۸۷ | ۷۹۴ | ۳ |
| ۷۹۳ | ۴ | ۵ | ۷۸۸ |

جزکس تنظ — المائیه

ہر حار رطب کے لیے ۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۹۵۳ | ۹۵۰ | ۸ |
| ۹۵۱ | ۷ | ۲ | ۹۵۲ |
| ۶ | ۹۴۸ | ۹۵۵ | ۳ |
| ۹۵۴ | ۴ | ۵ | ۹۴۹ |

ذحلهرخح — الارضیه

نوٹ: نقوش کے نیچے اور اوپر کی عبارت نہ تحریر کی جائے۔

## ۵۶۱۔ ہر مرض سے شفا کا مجرب عمل:

بعد طلوع آفتاب ایک ساعت گزرنے کے قبل اور مغرب کے بعد ایک ساعت گزرنے سے قبل ایک ہزار بار یاسلامُ پڑھے اول و آخرت درود شریف تین تین بار اس کے بعد یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ بِحُرْمَةِ خَمْسَةٍ وَّسَادِسُھُمْ جِبْرَئِیلُ وَھُمْ مُحَمَّدٌ عَلِیٌّ وَّفَاطِمَةُ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ اَنْ تَحْفَظِیْ مِنَ الْبَلَاءِ وَالْمَرَضِ وَالْبَلِیَّاتِ فَاللّٰہُ خَیْرًا حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ

## ۵۶۲۔ ہر مرض کے ازالہ کا مجرب و مفید عمل:

اسم شافی کے عدد کو مریض کے نام کے عدد سے ضرب کر کے حاصل ضرب کر کے چالیس سے تقسیم کریں



Marfat.com

حاصل قسمت کو چالیس روز بلا ناغہ پڑھیں اور کسر کو آخری دن اضافہ کر کے پڑھیں جگہ معین ہو اور پڑھنے کا وقت بھی معین ہو اور خلوت ہو اور خشوع وخضوع کے ساتھ پڑھ کر شفاء کی دعا کریں اور پیاز، لہسن، شہد، انڈے سے پرہیز کریں اور اگر ترک حیوانات کریں تو بہتر ہے اور اس طرح پڑھیں یا شافی اور اضطراب کی حالت ہو یا مرض شدید ہو تو چالیس نیک مردوں سے ایک ہی دن پڑھوائیں عدد اس اسم مبارک کے ۳۹۱ ہیں۔

**۵۶۳۔ایضاً:** درود نماز والا پڑھ کر روزانہ مریض پر دم کریں۔

**۶۵۴۔ایضاً:**

حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی قدس سرہٗ نے فرمایا کہ ان تینوں کلمات کو لکھ کر مریض کے بازو میں باندھے شفا ہوگی۔ اللّٰہ الشافی اللّٰہ الکافی اللّٰہ المعافی۔

**۵۶۵۔برائے شفائے امراض:**

یہ عمل مجرب ہے۔ جب آفتاب برج حمل میں آئے اور اٹھارہ دن گزر جائیں اور اس کے بعد عنایت الٰہی سے بارش ہو جائے تو چادر سفید پاکیزہ پھیلا کر اس کے نیچے کورا گھڑا رکھ دیں اور پانی جمع کر لیں اور اسے سایہ میں رکھیں اب اس پانی پر آفتاب کی نظر نہ پڑے پھر اس پر سورۂ فاتحہ و آیۃ الکرسی اور چاروں قل اور لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشریک لہ اِلٰهًا وَّاحِدًا لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ اور درود شریف اور کلمہ تمجید استغفر اللّٰہ ہر ایک سات سات بار پڑھ کر دم کریں پھر جس مریض کو یہ پانی سات دن صبح وشام متواتر ایک تولہ یا تولہ پلا دیں مہلک سے مہلک بیماری سے نجات ہوگی اور اگر ناغہ ہو جائے تو یہ سمجھیں کہ اب حیات باقی نہیں۔ یہ عمل اب فقیر کے خاندان میں معمول ہے اور اسلاف سے اجازت ہے آفتاب برج حمل میں بیساکھ کے مہینہ میں آتا ہے۔

**۵۶۶۔قضائے حاجات:**

ان دس کلمات مبارکہ کو سو سو مرتبہ روزانہ ورد رکھیں مجرب ہے

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِیْمُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَا اَكْرَمَ الْخَلْقِ مَالِیْ مَنْ اَلُوْذُ بِهٖ سِوَاكَ عِنْدَ حُلُوْلِ الْحَادِثِ الْعَمَمِ۔ یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ یَاذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَاَ اِلَّا اِلَیْهِ۔



Marfat.com

## ۵۶۷۔ دوگانہ حضرت بتول زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا:

جس کو کوئی بیماری یا دشمن یا بڑی مصیبت پیش آئے وہ غسل کر کے پاک کپڑے پہن کر خالی جگہ میں جہاں دوسرا کوئی نہ ہو اور اسے نہ دیکھے دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص ایک ایک بار پڑھے پھر سجدہ میں جا کر یہ عرض کرے

فَاطِمَةُ بِنْتِ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تعالىٰ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاسَيِّدَتِيْ وَمَوْلَاتِيْ اَدْرِكِيْنِيْ فَاِنِّيْ اَشْهَدُ اَنَّ لَكِ عِنْدَ اللّٰهِ الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ الْمَعْلُوْمُ وَالْجَاهُ وَالْكَرَامَةُ اَسْتَغِيْثُ بِكِ اِلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ يَا اَللّٰهُ اِلَيْكَ لِفَاطِمَةَ بِنْتِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالىٰ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّادْفَعْ هٰذِهِ الْعِلَّةَ اَوِ الْخَوْفَ اَوِ الْغَمَّ

جو حاجت ہو اس کا ذکر کرے اسی وقت وہ حاجت پوری ہوگی اور یہ عمل اسرار سے ہے۔

## ۵۶۷۔ ختم حضرت آدم بنوری نقشبندی برائے قضائے حاجت مجرب ہے:

سورۂ فاتحہ بسم اللہ کے ساتھ سات بار پھر بسم اللہ کے ساتھ درود شریف سات بار پڑھ کر ۵۰۰ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر سورۂ فاتحہ و درود باتسمیہ سات بار پڑھ کر دعا کرے۔

## ۵۶۹۔ حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم:

برائے ہر حاجت مفید و مجرب ہے بعد نماز جمعہ استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ۔ کلمہ تمجید سورہ الم نشرح، سورہ اخلاص ہر ایک سو سو مرتبہ پھر ہزار بار اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالىٰ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ پڑھ کر سورۂ فاتحہ سو مرتبہ پڑھ کر خرما پر فاتحہ دے کر تقسیم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

## ۵۷۰۔ ایضاً:

وضو کر کے دو رکعت نماز خشوع کے ساتھ ادا کرے قبلہ رو بیٹھ کر خضوع کے ساتھ ہزار مرتبہ پڑھے كٓهٰيٰعٓصٓ اِكْفِنِيْ حٰمٓ عٓسٓقٓ اِرْحَمْنِيْ سُبْحٰنَ اللّٰهِ الْقَادِرِ الْقَادِرِ الْقَادِرِ الْكَافِيْ ضرور حاجت پوری ہوگی۔

## ۵۷۱۔ قضائے حاجت:

سورۂ یوسف شریف جمعہ کی رات میں پوری لکھے اور اس کے بعد دعا يَامَنْ تَحُلُّ بِهٖ عُقْدَةَ الْمَكَارِهِ لکھ کر گلے میں پہنے۔

## ۵۷۲۔ قضائے حاجت:

سنت وفرض فجر کے درمیان اکتالیس بار سورۂ والضحیٰ شریف پڑھے اور مطلب کا دل میں خیال رکھے ان شا اللہ تعالیٰ جلد مقصد پورا ہوگا۔ عروج ماہ میں یہ عمل شروع کرے۔

## ۵۷۳۔ شفائے امراض:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ بسم اللہ الشافی بسم اللہ الکافی بسم اللہ المعافی بسم اللہ الوافی بسم اللہ خیر الاسماء بسم اللہ رب الارض و رب السماء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شی فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم اول وآخر درود شریف لکھے اللھم صل و سلم علیٰ سیدنا محمد والہٖ اجمعین اور پانی سے دھو کر مریض کو پلائے جمیع امراض کے لیے بفضل خدا مفید ہے۔

## ۵۷۴۔ نقش مہر نبوت برائے قضائے حاجات:

تین مرتبہ پڑھ کر جس اہم کام کے لیے گلے میں پہنے وہ کام ضرور پورا ہوگا۔ ہر حاجت دہر کار اہم کے لیے لکھ کر اپنے پاس رکھنا اور مکان میں لگانا مفید ہے خیر و برکت وفراخی رزق کے لیے مفید و مجرب ہے۔ شفائے امراض کے لیے دھو کر پلانا مفید ہے۔ جس مکان میں آویزاں رہے وہ چوری اور جنوں سے محفوظ رہے۔ نقش یہ ہے:




Marfat.com

## ۵۷۵۔ قضائے حاجت:

یاحنان یا منان یا سلطان یا غفران یا بدیع السمٰوات ولارض یا ذالجلال والاکرام یہ دعا سات روز برابر لکھ کر دریا میں ڈالی جائے جو نیت کی جائے گی پوری ہوگی۔

## ۵۷۶۔ ایضاً:

روزانہ سورہ فلق تیس مرتبہ پڑھے ہر حاجت پوری ہوگی۔

## ۵۷۷۔ عمل سورۂ یٰسین شریف:

برائے ہر مقصد نیک معمول و مجرب ہے، جمعرات عروج ماہ کو بعد نماز فجر غسل کرے لباس پاک وصاف پہنے اور خوشبو ملے اور خالی مکان میں پاک مٹی سے صاف کر کے مصلے بچھا کر دو رکعت نماز نفل ادا کر کے آیۃ الکرسی تین بار اور چہار قل ایک ایک بار پڑھ کر حصار کرے پھر درود قادریہ اللھم صل علی سیدنا محمد معدن الجود والکرم والہ وسلم سو بار پڑھے پھر سورہ یٰسین سادہ بہتر بار ایک نشست میں پڑھے اور پڑھنے کے دوران خوشبو اگربتی وغیرہ جلائے بعد ختم سو مرتبہ درود شریف قادریہ پڑھ کر حضور سید العلمین ﷺ کی نیاز دلائے اور حضرت غوث الاعظم وجمیع بزرگان دین کی بھی ارواح کو ایصال ثواب کرے اور روزہ دار ہے تو شام کو دودھ چاول سے روزہ افطار کرے اور اسی بستر پر سو جائے اس کے بعد روزانہ تین بار یا ایک بار بطور وظیفہ یٰسین شریف پڑھتا رہے۔

## ۵۷۸۔ شفائے امراض:

یہ تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے اور پلانے کے لیے صرف ایک تسمیہ لکھنا کافی ہے۔




## ۵۷۹۔ قضائے حاجت:

بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ ذی الشان عظیم البرھان۔ شدید السلطان ؏ ماشاء اللہ کان ؏ اعوذباللہ من الشیطن الرجیم صبح وشام ورد رکھے۔



Marfat.com

## ۵۸۰۔ جمیع حاجات خصوصاً قید سے نجات دلانے:

اور ہر دشوار گزار کام کے لیے مجرب ہے۔ حضرات کالپی شریف کے معمولات سے ہے باوضوان کا
کولکھ کر سات دن متواتر آب جاری کے پاس دو رکعت نماز نفل پڑھ کر ڈالے اور وہ خود ایسا نہ کر سکے تو دو رکعت
پڑھ کر باوضو رہے اور دوسرے شخص کے ذریعہ ڈلوائے اور وہ جاری پانی کے کنارے دو رکعت نماز پڑھ کر ڈالے اگر
کنویں میں ڈالنا ہو تو گھر پر نماز ادا کرے اور جب وہاں سے واپس ہو تو پیچھے مڑ کر نہ دیکھے اگر حسن اعتقاد کے
کرے تو ان شاء اللہ ضرور کام پورا ہو گا وہ متبرک دعا یہ ہے بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم لاحول ولاقوۃ الا باللّٰہ
العظیم بسم اللّٰہ الملک الحق المبین من العبد الذلیل الی الرب المولیٰ الجلیل رب مسنی الضرو
وانت ارحم الراحمین بحق محمد وال محمد ان تکشف عنی کل هم و حزن وتفرج عنّی والحم
والسلام علی رسوله محمد واٰله اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین

## ۵۸۱۔ ایضاً:



ہر روز اس نقش مبارک کو لکھ کر آب رواں میں ڈالے چالیس دن تک ہر مشکل سے مشکل کام پورا ہو گا ان شاء اللہ تعالیٰ یہ نقش قل ہو اللہ شریف کا ہے۔

## ۵۸۲۔ نماز حاجت:

آدھی رات کے وقت دو رکعت نماز پڑھے اور پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی اور د
میں اٰمَنَ الرَّسُوْلُ اور اگر یاد نہ ہو تو جو یاد ہو وہ پڑھے بعد سلام سو بار درود شریف اور سو بار استغفار پڑھے پھر
زمین پر رکھ کر سو بار کہے ''نیاز مندے بر درے بے نیازے'' پھر داہنا رخسار زمین پر رکھ کر سو بار کہے ''ضعیفے
قوی'' پھر مصلے کے کونے کو الٹ دے اور سو بار کہے ''نگر دم باز تا نہ کنی حاجتم روا'' ان شاء اللہ تعالیٰ وہ حاجت
پوری ہو گی۔

## ۵۸۳۔ ایضاً:

یَا فَتَّاحُ الَّذِیْ فَتَحَ کُلَّ اَبْوَابٍ ○ ایک سو گیارہ بار اور اوّل و آخر اسی قدر درود شریف پڑھے مجرب
بفضل خدا۔

**۵۸۴۔ برائے دفع بلا:**

سخت آفات و بلیات کے وقت ایک جانور لے کر اس کے دونوں کانوں میں سترہ سترہ مرتبہ اس دعا کو پڑھ کر دم کر کے ذبح کرے اور اس گوشت کو فقراء و مساکین کو دیدے دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَفْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ الرَّحْمَةِ وَالسَّعَادَةِ وَالْفُتُوْحِ وَکَسْبِ الْحَسَنَةِ وَاحْفِظْنَا مِنْ کُلِّ عِلَّةٍ شَدِیْدَةٍ مَرَضٍ وَوَبَاءٍ وَّ بَلِیَّةٍ وَّ کُلِّ مِحْنَةٍ یَاسُبُّوْحُ یَاقُدُّوْسُ بِسْمِ اللّٰهِ طَاسُوْسًا اَذْبَحُ غَنَمِیْ بِقُرْبَانِ الْمَلِكِ الْجَبَّارِ مِنْ کُلِّ حَلَالٍ فَادْفَعْ طَاعُوْنًا بِحَقِّ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ الشَّیٰطِیْنِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

**۵۸۵۔ ختم خواجگان:**

پہلے ایک شخص دو رکعت نماز ادا کرے الحمد کے ساتھ سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھے سلام کے بعد یہ دعا ہاتھ اٹھا کر سات بار پڑھے

اَمُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَیَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَیَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْكَ یَارَبِّ فَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْكَ یَارَبِّ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

پھر سات آدمی یا کم و بیش مل کر سورۂ فاتحہ با تسمیہ اناسی بار اور سورۂ اخلاص ایک ہزار ایک بار پھر سورہ فاتحہ سات بار اور درود شریف سو بار پڑھیں اور درمیان ختم شریف کے بات نہ کریں اور ختم کے بعد فاتحہ شرینی پیران حضرات بزرگان نقشبندیہ دلائے سات دن ایسا ہی کرے ہر حاجت سخت سے سخت پوری ہوگی۔ وہ بزرگان یہ ہیں خواجہ بایزید بسطامی خواجہ ابوالحسن خرقانی، خواجہ یوسف ہمدانی، خواجہ عبدالخالق غجدوانی، خواجہ ابومنصور ماتریدی، خواجہ احمد یسوی، خواجہ بہاء الدین نقشبندی۔

**۵۸۶۔ حصار حفاظت:**

حفاظت کے لیے ہر نماز کے وقت ان کلمات کو گیارہ بار پڑھ لے تمام آفات سے محفوظ رہے گا یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا نَاصِرُ یَا رَقِیْبُ یَا وَکِیْلُ پیش من محمد پشتے علی دست راست امام حسن دست چپ امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کف مسمار بحق سلیمان بن داؤد علیہما السلام لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کا کوٹ اِلَّا اللّٰه کی کہانی چوکی



Marfat.com

حضرت علی کی محمد رسول اللہ کی دہائی۔

۵۸۷۔ ایضاً:

ان آیات کی تلاوت صبح وشام کرلیا کرے شهد الله انّهٗ لا اله الا هو والملٰئكة واولو العلم قائما بالقسط لا اله الا هو العزيز الحكيم ان الدين عند الله الاسلام (الآیہ پارہ تلک الرسل سورۂ ال عمران)

۵۸۸۔ حرز عجیب وغریب:

حضرت فرید الملۃ والدین قدس سرہٗ العزیز سے مروی ہے کہ جو شخص اس حرز کو ایک مرتبہ روز پڑھ لے گا دشمنوں، بدخواہوں غمازوں، حاسدوں سے بے خوف ہو جائے گا اور ہمیشہ مظفر ومنصور رہے گا۔ ایک لاکھ چار مشائخ کرام کا معمول ومجرب ہے۔ بسم الله الرحمن الرحيم لا اله الا الله حوالینا حصار باد محمد رسول الله قفل و مسمار باد لا اله الا الله برمن و دوستان من یار باد بستم دست و پائے عقل و هوش کسانے کہ درهژده هزار عالم انداز آدمیان و دیوان و پریان و خدا ناترساں و ناحق شناساں و ناشکراں و کسانیکه مارا بدخواهند وبد اندیشند بحرمت لا اله الا الله مهر کردم بنام محمد رسول الله قولاً فعلاً اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ والله من ورائهم محيط بل هو قرآن مجيد في لوح محفوظ صم بكم عمي فهم لا يعقلون صم بكم عمي فهم لايبصرون صم بكم عمي فهم لايتكلمون صم بكم عمي فهم لايرجعون صم بكم عمي فهم لايسمعون وصلى الله تعالىٰ على خير خلقه سيدنا محمد واله اجمعين سبحن الله القادر القاهر القائم القوى الكافي اعوذ بالله من كل شر عدوئي وهواقوىٰ منى برب هواقوى منه انا كفينك المستهزئين اللهم انى مغلوب فانتصر الحمد لله رب العالمين۔

# نقوش، بدوح، ہادی، ودود کی بعض تاثیرات

۵۸۹۔ غیبی مدد اور ترقی دولت کے لیے باوضو صالح شخص سے کندہ کرا کر بازو پر باندھیں یا دکان میں آویزاں کریں۔




## ۵۹۰۔ وبائی امراض:

موذی جانور، زہریلے جانور اور بلیات سے محفوظ رہیں گے۔

۷۸۶ (۲)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۴ | ۷ | ۱ |
| ۶ | ۲ | ۷ | ۵ |
| ۳ | ۹ | ۲ | ۶ |
| ۳ | ۵ | ۴ | ۸ |

۷۸۶ (۲)

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ | ۷ | ۱ |
| ۶ | بدوح | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۵ |







## ۵۹۱ نمبر ۳:-

محبوب خلائق ہوں، دل مطمئن ہو اور سکون قلب میسر ہو، چاندی کے پتر پر صالح شخص سے باوضو کندہ کرا کر بازو پر باندھیں۔



Marfat.com

۵۹۲۔ برائے دق، مالیخولیا، اختلاج قلب: زعفران سے متقی شخص سے لکھوا کر صبح و شام پئیں ان شاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔ مجرب المجرب ہے۔

(۴)

۷۸۶

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| د | د | د | د | د |
| ۴ | ۳ | ۸ | ۱ | د |
| د | ۲ | ۴ | ۶ | د |
| ۴ | ۷ | مطلب | ۵ | د |
| د | ۴ | د | د | د |




۵۹۳۔ اگر زعفران و گلاب سے چاندرات کو رات کے بارہ بجے تحریر کریں اور دوسرے دن سورج غروب ہونے سے پہلے جس شخص کو کھانے یا پانی میں کسی طرح کھلا دیں، ناراضگی جاتی رہے مطیع و منقاد ہو مجرب تیر بہدف ہے۔




نیز حفاظت جان و مال و وسعت و برکت رزق وغیرہ کے لیے پنکھڑی والا نقش مفید ہے۔

۵۹۴۔ مخلوق کی نظر میں معزز ہو، حکام مہربانی کریں دین و دنیا کے کاموں میں مستعدی ہو اور ہمت ہو، دل میں جوش ہو مخلوق سے بے خوفی ہو عروج ماہ میں جمعرات کے دن متقی صالح سے لکھوا کر سبز ریشمی کپڑے میں سی کر بازو پر باندھیں اور تعویذ پر گلاب کے پانچ پھولوں کی پانچ پتیاں بھی لپیٹ دیں بارہا کا آزمودہ ہے۔

(۶)



**۵۹۵** (نمبر۷)۔ دشمن مغلوب ہوگا۔کوری ٹھیکری پر کوئلے سے لکھ کر آخر ماہ میں کسی پرانی قبر میں ڈال دیں یہ اب تک تجربہ نہیں ہوا۔







**۵۹۶**۔(نمبر۸) تمام دن خوش وخرم رہیں۔جلی حروف سے لکھ کر دیوار میں لگادیں روزانہ صبح کو تھوڑی دیر نظر جمائیں۔

(۸)



Marfat.com

# آسیب وسحر

## ۵۹۷۔ برائے امتحان آسیب:

مریض کے ہاتھ پر اس نقش کو لکھ کر اسے دکھائیں اور رنگ معلوم کریں اگر سرخ بتائے۔ آسیب ورنہ مرض

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ی | ع | ط | ص | س |
| س | ی | ع | ط | ص |
| ص | س | ی | ع | ط |
| ع | ط | ص | س | ی |

## ۵۹۸۔ برائے سحر و اعمال علوی و سفلی:

گیارہ بار اول وآخر درود شریف روزانہ پڑھنے سے کوئی اثر نہ ہوگا اور اگر کسی نے کچھ کیا ہوگا تو وہ دور ہوگا بسم اللہ الرحمٰ علیھا ملیھا تلیھا خالقا مخلوقاً کافیا شافیا ارتضیٰ مرتضیٰ بحق یا یدوح و ننزل من القرآن ماھو شفاء ورحمۃ اللمو منین ولایزید الظلمین الاخسارا الحق اسانا سالا سالو سا برحمتك یا ارحم الراحمین و صلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ سیدنا محمد والہ وصحبہ و بارك وسلم۔

## ۵۹۹۔ امتحان آسیب از مجموعہ:

اگر کسی کو آسیب وسحر کا شبہ ہو اور معلوم نہ ہوتا ہو تو سیاہ ریشمی دھاگہ مریض کے قد کے برابر لے کر اس پر سات بار ان ناموں کو پڑھیں پھر ناپ لیں اگر ایک انگلی کم ہو دیو پری ہے اور دو انگلی کم ہو آسیب پری ہے اور اگر تین انگلی کم ہو جادو ہے اور چار انگلی کم ہو ام الصبیان کا خلل ہے اور اگر ایک انگلی زیادہ ہو جائے نظر دیو ہے اور دو انگلی زیادہ ہو تو کفتار اور اگر تین انگلی ہو تو دیو کا خلل ہے اور چار انگلی زیادہ ہو تو مرض ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قلیوش مغشِ رفمناش دمہ فراش و مالیس سافش تمناش برحمتك یا ارحم الراحمین ؕ

## ۶۰۰۔ امتحان آسیب وسحر وجادو و مرض بدنی:

جو کچھ ہوگا اس عمل سے ظاہر ہوگا۔ چند خوشبودار پھولوں پر اس دعا کو سات بار یا گیارہ بار یا اکیس بار پڑھ کر دم کرے پھر یہی دعا اس نقش مربع کے اوپر تحریر کرے اور سیاہی نقش میں عطر یا روغن چنبیلی ملے اور بہتر ہے کہ تیل پر بھی اسی دعا کو دم کرے اس کے بعد تیل سیاہی میں ملے اور مریض کے بائیں ہاتھ میں دیدے کہ اس کو سونگھے اگر آسیب ہوگا سر اور گردن دونوں شانے اور تمام دن بھاری ہو جائے گا۔ اور سیاہی کے اندر آسیب نظر آئے گا یہ نشان وعلامت آسیب ہے اور اگر سحر وجادو ہوگا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۲۴ | ۳۲۷ | ۳۳۰ | ۳۱۷ |
| ۳۲۹ | ۳۱۸ | ۳۲۳ | ۳۲۸ |
| ۳۱۹ | ۳۳۲ | ۳۲۵ | ۳۲۲ |
| ۳۲۶ | ۳۲۱ | ۳۲۰ | ۳۳۱ |

جسم پر مثل چیونٹیوں کے رینگنے کے معلوم ہو اور سوئی کی رح چبھتا ہوا معلوم ہوگا۔ یہ دو علامتیں جادو کی ہیں اور ر کچھ نہ معلوم ہو نہ گردن پر نہ سر اور شانے میں گرانی ہو رعلامت سحر بھی نہ پائی جائے تو مرض ہے نقش پر یہ دعا زیر کریں

عزمت علیکم یا مامائیل یا کلکائیل یا ہولائیل یا معشر الجن والا رواح والشیٰطن و یا اصحاب سحر و الوسواس الخناس نقش پر اسی قدر تحریر کیا جائے اور پھولوں پر یہی دعا اور آیت کریمہ مع عبارت ذیل و بعوا ماتتلوا الشیٰطین علی ملك سلیمن و لکن الشیطین کفر و ایعلمون الناس السحر و یا مؤکلان رچہ کہ آسیب جن و پری و دیو بھوت چڑیل کفتار، خبیث سحر و جادو د ہر بلا کہ در بدن فلاں بن فلاں مسلط شدہ است و آزار می دہد و مزاحمت می رساند بحق سلیمان بن داؤد علیہما السلام در سیاہی نقش حاضر کیند و بنمائید حاضر شو حاضر شو اغر شو بسم اللہ الرحمن الرحیم یا معشر الجن والا رواح والشیٰطین و یا اصحاب السحر و الوسواس لخناس ع د ہر چہ موکلان ہر چہ جن و پری و دیو و خلل ام الصبیان و مسان و خبیث و کفتار و ہر بلا ئیکہ در بدن فلاں بن لاں مسلط شدہ است و مزاحمت می رساند موکلاں از برائے خدا و رسول دریں نقش حاضر کیند و بنمائید، حاضر شو حاضر شو حاضر شو اور سیاہی کے اندر یہ عبارت لکھیں یا معشر الجن والا رواح والشیٰطین ہر چہ در بدن فلان ست حاضر شو۔

**ایضاً:**

اس نقش کو فتیلہ بنا کر چراغ میں رکھ کر پاک سرسوں کے تیل سے جو باحتیاط نکالا گیا ہو پاک جگہ میں ایک کوری ہانڈی پر کوری طشتری رکھ کر رکھیں ہانڈی کی گردن میں ہار ڈال دیں اور چراغ کا رخ مشرق کی جانب رکھیں اور تھوڑی سی شیرینی پر نیاز دلا کر بچوں کو تقسیم کر دیں اور مریض کو جمعہ کی رات میں غسل کرا کے چراغ کے سامنے بٹھا دیں اور ایک شخص کو اس کے پاس بٹھا دیں تا کہ بتی کو بڑھاتا رہے ان شاء اللہ المولیٰ تعالیٰ آسیب جل جائے گا۔



Marfat.com

## ۶۰۱۔امتحان آسیب:

کنواری بالغہ لڑکی کے ہاتھ سے ڈھائی پونی سوت کتا کر سب تار قد آدم کے برابر جمع کر کے اگر مریض مرد ہے تو داہنے پیر کے انگوٹھے سے پیشانی تک اور عورت ہے تو بائیں پیر کے انگوٹھے سے ناپ لیں اور جو زیادہ ہو کاٹ دیں اس پر ان آیات کی تلاوت کریں

ان الذین فتنو المومنین و المومنات ثم لم یتوبوا فلھم عذاب جھنم و لھم عذاب الحریق گیارہ بار سبحن اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر و لا حول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم




بسوز ذبحق اھیا اشراھیا وبحق علیقا ملیقا طلیقا و بحق سلیمان بن داؤد علیھما السلام

تین بار اذابطشتم بطشتم جبارین تین بار اجب یا جبرئیل یا دردائیل یا رفتمائیل یا تنکفیل بحق یا بدوح تین بار یا قاھر تقھرت بالقھر و القھر فی قھر قھرك یا قاھر تین بار یا جبار تجبرت بالجبروت والجبروت فی جبروت جبروتك یا جبار تین بار یا خافض تین بار، سورہ فیل تین بار، سورہ لایلف تین بار، سورہ تبت یدا تین بار، سورہ اخلاص تین بار، سورہ فلق تین بار، سورۂ ناس تین بار، سورہ فاتحہ تین بار، آیۃ الکرسی تین بار، پھر آیت شریفہ ان الذین فتنوا المومنین تین بار پڑھ کر دھاگے پر دم کرے اور توے کی خشک سیاہی سے دھاگے کو سیاہ کرے اور سیاہ کرتے وقت آیت شریفہ والشمس والقمر و النجوم مسخرات بامرہا الا لہ الخلق والامر تبارك اللہ رب العلمین۔ اکیس بار پڑھے پھر ناپ لیں اگر آسیب ہوگا ضرور کم وزیادہ ہوگا پیائش کے وقت تین گرہ اول و آخر و درمیان میں لگا دیں اور ہر گرہ پر سورہ اخلاص ایک ایک بار پڑھ کر دم کریں اور اس دھاگے کو دفن کر دیں۔ ان شاء اللہ المولیٰ تعالیٰ آسیب سے نجات ملے گی مجرب ہے۔



Marfat.com

## ۶۰۲۔ دفع آسیب:

آسیب زدہ کے کان میں یہ آیات پڑھ کر دم کریں۔ افحسبتم انما خلقنٰکم عبثا و انکم الینا ترجعون فتعالی اللّٰہ الملک الحق لا الہ الا ھو رب العرش الکریم و من یدع مع اللّٰہ الھا آخر لابرھان لہ بہ فانما حسابہ انہ لایفلح الکفرون و قل رب اغفر و ارحم و انت خیر الراحمین۔

## ۶۰۳۔ مجموعہ اعمال شریف:

۳۹۲۔ پر یہ عمل حاضرات کے لیے ہے من وعن نقل حاضر ہے بعض احباب نے اس کا تجربہ کیا مفید و مجرب ہے۔ باید کہ اول ایں اسماء را ابر ساصبر ساسار ساصور سا بروز پنجشنبہ شروع ماہ وقت شب چہل روز ہر روز سہ ہزار و یکصد و بست و پنجبار بطریق زکات خواندہ باشد در چہل روز یک لکھ بست و پنجہزار خواندہ شدہ چوں از زکوٰۃ فارغ شود در تصرف آید و پانزدہ نقش ایں اسماء ہم ہر روز تا مدت ہا دعوت پر نمودہ در دریا انداختہ باشد تا کہ نقش ہم بعمل آید و زکوٰۃ ہم ادا شود بعد ازاں اگر کسے را آسیب گرفتہ باشد باید کہ مکان را صاف نمودہ آسیب زدہ را رو برو نشاند و یک سبو چہ را واژگون نہادہ چراغ بالائے او داشتہ ایں نقش نوشتہ در پنبہ نو پیچیدہ در روغن خوشبو بسوزد و یک طفل نابالغ ہوشیار و دلیر رو برو چراغ بنشاند و بگوید کہ سوئے چراغ دیدہ باشد وقتیکہ موکلان حاضر شوند ازاں ہا کاروبار بواسطہ طفل بگیرد از موکلان آسیب طلب کردہ بسوزاند اگر آسیب زبردست باشد کہ از موکلان نیاید بادشاہ را از موکل طلبیدہ کار سر انجام دہد و اگر بیند کہ فوج غنیم بسیار است بواسطہ یک موکل بحضور حضرت پیر دستگیر عرض کنانند در آید او فرمایند وقتیکہ آنجناب مدد خواہد نمود جملہ مشکل آسان خواہد بعد ازاں ہمہ موکلاں رخصت کردہ بر شیرینی فاتحہ حضرت غوث الثقلین و جمیع بزرگان دادہ و سلامتی مؤکلات خواستہ فلیتہ را گل کند نقش معظم و مکرم ایں است۔

یعنی نوچندی جمعرات کو یہ عمل شروع کرے ہر روز ۳۱۲۵ مرتبہ زکات کے طور پر پڑھ کر چالیس دن میں تمام کرے وہ اسماء یہ ہیں ابر ساصبر ساسار ساصور سا اور ہر روز ۱۵ نقش لکھے تا کہ اسماء اور نقش دونوں کی زکات ادا ہو جائے تو پھر اگر کسی پر آسیب کا اثر ہو تو پاک و صاف جگہ پر آسیب زدہ کو سامنے بٹھائے اور ایک کوری ہانڈی رکھ کر اس کے اوپر کورا چراغ رکھے اور اس نقش کو لکھ کر نئی روئی سے فلیتہ تیار کر کے خوشبودار تیل میں جلائیں اور ایک نابالغ بچے کو جو ہوشیار و دلیر ہو چراغ کے سامنے بیٹھالے اور اس سے کہے کہ چراغ کی طرف دیکھے جب موکلان حاضر ہو جائیں ان سے بچے کے ذریعہ آسیب کو حاضر کرا کر جلا دے اور اگر آسیب زبردست ہو کہ موکلوں کے قبضہ سے باہر ہو تو بادشاہ موکلاں کو طلب کرے اور ا



Marfat.com

کہے کہ حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں جا کر گر آسیب بہت زیادہ ہوں تو موکلاں سے عرض کرے اور مدد چاہے آپ کی توجہ سے سب کام آسان ہو جائے گا پھر سب موکلوں کو رخصت کرے اور حضرت غوث الثقلین و تمام بزرگان دین کو نیاز دلا کر فتیلہ کو گل کر دے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۳۳۴ | ۳۲۹ | ۳۳۶ |
| ۳۳۵ | ۳۳۳ | ۳۳۱ |
| ۳۳۰ | ۳۳۷ | ۳۳۲ |

یا ابلیس یا فرعون یا شداد یا لعین یا نمرود یا الٰھی بایں بادشاھان در وجود فلاں بن فلانہ وھر قسم آسیب باشد حاضر شودبہ نمودہ آید و سوختہ گرد دالعجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا۔

## ۶۰۴۔ منجھلا چراغ:

برائے شفائے جمیع امراض و دفع جمیع بلا و نظر بد وسحر و برائے خیریت جان و جمعیت قلب و صحت ابدان باذن اللہ تعالیٰ و کریمہ۔ جملہ بلا و مرض و نظر بد سحر از انسان مرد باشد یا زن سوختہ باشد

## خیریت و جمعیت و صحت خاطر خواہ شود

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۷۰۹ | ۷۰۲ | ۷۰۷ |
| ۷۰۴ | ۷۰۶ | ۷۰۸ |
| ۷۰۵ | ۷۱۰ | ۷۰۳ |

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ح ۸ | ا ۱ | و ۶ |
| ج ۳ | ہ ۵ | ز ۷ |
| د ۴ | ط ۹ | ب ۲ |

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ | ۲ | ۸ |
| ۴ | ۷ | ۹ |
| ۶ | ۱۱ | ۳ |



Marfat.com

## جدول اعداد قمری

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ا<br>۱ | ب<br>۲ | ج<br>۳ | د<br>۴ | ہ<br>۵ | و<br>۶ | ز<br>۷ |
| ح<br>۸ | ط<br>۹ | ی<br>۱۰ | ک<br>۲۰ | ل<br>۳۰ | م<br>۴۰ | ن<br>۵۰ |
| س<br>۶۰ | ع<br>۷۰ | ف<br>۸۰ | ص<br>۹۰ | ق<br>۱۰۰ | ر<br>۲۰۰ | ش<br>۳۰۰ |
| ت<br>۴۰۰ | ث<br>۵۰۰ | خ<br>۶۰۰ | ذ<br>۷۰۰ | ض<br>۸۰۰ | ظ<br>۹۰۰ | غ<br>۱۰۰۰ |

## جدول اعداد یوم فارسی

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شنبہ<br>۳۵۷ | یکشنبہ<br>۳۸۷ | دوشنبہ<br>۳۶۷ | سہ شنبہ<br>۴۲۲ | چہار شنبہ<br>۵۶۶ | پنجشنبہ<br>۴۱۴ | جمعہ<br>۱۱۸ |

فائدہ: اردو میں کچھ حروف تہجی زائد ہیں مثلاً پ ۲۔ چ ۳۔ ژ ۷۔ گ ۲۰ ان کے اعداد بالترتیب وہی ہیں جو ب، ج، ز، ک، کے ہیں تشدید والے حرف کو ایک مرتبہ شمار کرنا چاہیے۔

**۶۰۵۔ علم الاعدد برائے امتحان مریض (از مجموعہ اعمال شریف منقول از ص ۷):**

اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ مریض کو جسمانی مرض ہے یا جادو یا آسیب ہے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ مریض کے نام کے حروف اور جس دن سائل نے پوچھا ہے اس دن کے حروف لے کر دونوں کے عدد نکال لیے جائیں پھر چار سے تقسم کریں اور اگر تین باقی رہیں تو آسیب کا خلل ہے اور اگر دو باقی رہیں تو مرض ہے خواہ سردی سے ہو یا گرمی سے اور اگر ایک باقی رہے تو بخار ہے اور اگر کچھ باقی نہ رہے برابر تقسیم ہو جائے تو جادو ہے۔ مثال یہ ہے کہ کسی نے اتوار کے دن سوال کیا کہ میری لڑکی نجمہ کو کیا مرض ہے تو اتوار اور نجمہ کے اعداد یوں نکال لیں۔

ا۔ت۔و۔ا۔ر ن ج م ہ

۱،۴۰۰،۶،۱۔۲۰۰=۶۰۸ ۵۰،۳،۴۰،۵=۹۸



Marfat.com

ان سب کو جمع کرنے پر اعداد ۷۰۶ ہوئے — ۲۰۸

ان کو چار سے تقسیم کیا تو ۲ بچے معلوم ہوا کہ مرض — ۴)۷۰۶(۱۷۶

جسمانی ہے۔ — ۳۰

اب اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ اس سے جلد شفا — ۲۸

ہوگی یا نہیں تو اس کے لیے مریض کے — ×۲

نام کے حروف اور اس کی ماں کے نام کے حروف کے عدد جمع کر کے تین سے تقسیم کریں اگر ایک رہے مرض سخت ہے دشواری سے آرام ہوگا اور دو باقی رہے تو مرض اوسط درجہ کا ہے علاج سے دفع ہوگا اور کچھ باقی نہ رہے تو امید کم ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالغیب۔ مثلاً نجمہ کی ماں کا نام ہندہ ہے اس کے عدد ۶۴ مجموعہ اعداد ۷۷۰ ہوئے معلوم ہوا کہ مرض علاج سے ٹھیک ہوگا اور اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ مرض کی ابتداء کب سے ہوئی ہے تو مریض کے نام اور اس ماہ ہندی کے حروف لے کر جمع کرے اور بارہ سے تقسیم کرے جو باقی رہے اس ماہ کو چھوڑ کر ماہ ہلالی کے اعتبار سے اوپر سے شمار کرے جس جگہ ختم ہوگا وہی مہینہ ابتداء میں مرض کا معین ہوگا۔

۳)۷۷۰(۲۵۶
۶
۱۷
۱۵
۲۰
۱۸
×۲ باقی

مثلاً نجمہ کے لیے کاتک کے مہینے میں سوال کیا تو نجمہ کے عدد ۹۸ اور کاتک کے ۴۴۱ میں جمع کیا تو ۵۳۹ ہوئے پھر عمل تقسیم کیا تو گیارہ باقی رہے اور کاتک میں ماہ ہلالی محرم ہے تو ذی الحجہ سے گیارہ ماہ پیچھے شمار کرنے پر معلوم ہوا کہ ماہ صفر سے مرض کی ابتداء ہوئی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالسرائر۔

۱۲)۵۳۹(۴۴
۴۸
۵۹
۴۷
۱۱

نوٹ: کاشف الاستار شریف کے چند عملیات درج ذیل ہیں نیز کتاب مارہرہ شریف سے بحوالہ معمولات عزیزی کچھ عملیات درج ذیل کر رہا ہوں بر بنائے فوائد ناظرین مسلمین۔

## ۷۰۶۔ ترتیب حاضرات سکندر شاہ:

پہلے جگہ پاک مٹی سے چار گز لیپ دے اس کے بعد ایک سفید چادر بچھائے نابالغ لڑکی یا لڑکے کو اس پر بٹھا دے اور خوشبو مثل عطر لگا دے اور اگربتی سلگا دے اور ایک گلاب کا ہار اس کے گلے میں ڈال دے پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھے اور یا تنکفیل یا اسرافیل سات بار پڑھ کر اس نقش کو اس کے ہاتھ میں دے کر اس عزیمت کو پڑھے۔



Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحیم اللهم صل علیٰ محمد و علیٰ آل محمد بعدد الجن والانس و باسمائك
...سنی عزمت علیکم یا معشر الجن والانس و اصحاب والانس و باسمائك الحسنی عزمت علیکم یا معشر
...ن والانس و اصحاب الارواح فتحون فتحون حبیبك حبیبك المیم المیم صفکا صفکا السا السا بلسا بلسا
...سا تلساً سورداً سورداً کهلاً کهلاً مهلاً مهلاً سهلاً سهلاً حاضراً حاضراً سخیاً سخیاً شدیاً شدیاً بحق خاتم
...یمان بن داود علیهما السلام احضروا یا اصحاب الجن والانس والشیٰطین واحضر و من جانب
...مشارق
...المغارب و من الجانب الجنوب الشمال
...حق لا اله الا الله محمد الرسول الله بد عای
...اه سکندر شاه حاضر شو حاضر شو حاضر
...نو اجب یا عتهیائیل۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۵۲۴ | ۶۵۲۷ | ۶۵۳۱ | ۶۵۱۷ |
| ۶۵۳۰ | ۶۵۱۸ | ۶۵۲۳ | ۶۵۲۸ |
| ۶۵۱۹ | ۶۵۳۳ | ۶۵۲۵ | ۶۵۲۲ |
| ۶۵۲۶ | ۶۵۲۱ | ۶۵۲۰ | ۶۵۳۲ |

## ...۶۰۷۔ برائے آسیب:

یہ پلتیہ چراغ حضرت شیخ بہاء الدین سہروردی ...کریا قدس سرہٗ سے منقول ہے جس کو آسیب ہو اس فتیلہ کو ...روئی میں لپیٹ کر بتی کی طرح بنالیں اور سرسوں کے تیل ...یں جلائیں اور آسیب زدہ کو مقابل بٹھادیں آسیب اس ...چراغ کے اندر حاضر ہو کر جل جائے گا اور یہ پلتیہ حضرت ...میر سید عبدالواحد بلگرامی قدس سرہٗ کے جد امجد کا معمول ...شدہ ہے اور آپ نے بھی استعمال فرمایا ہے مجرب ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

ببرکت یک عین دست یک ح ح سوختیم جملہ دیو دیوان و پری و پریان و سحر جادو و ساحران و جوگی و جوگیان و غول بیابان رفع جن والانس ورد کالا گورا و نیلہ و کڈنیتہ و ارواح خبیثہ و جمیع شیاطین و دفع ہر دیو کہ در وجود فلان بنت فلان سخت شداد مزاحمت می دہد در میان چراغ و پلیتہ در آید و بنماید سوختہ گردد و دفع شود بحق علیقاً ملیقاً طلیقاً انت تعلم ما فی قلوبہم ملیقا علیقا طلیقا انت تعلم ما فی انفسہم ملیقا ابلیس تلبیس تلبیس ابلیس شداد بن عاد و دقیانوس ابلیس فرعون ابلیس نمرود ابلیس ہامان ابلیس لعین شیطٰن الشیاطین فقاہا ہادی سوختہ شود الساعہ الساعہ العجل العجل العجل الوحا الوحا الوحا حاسوسا حاسوسا حاسوسا سوختہ شود برکت ایں اسم اعظم ہر ہر چہ در وجود فلاں بن فلاں آسیب شدہ است درون چراغ درآید سوختہ گردد

☆=☆=☆

# تسخیر ہمزاد

اس باب کے کئی عمل جلد اول میں مذکور ہیں باقی مزید تحریر کیا جاتا ہے تا کہ اہل ذوق کو فائدہ پہنچے۔

## ۶۰۸۔ تسخیر ہمزاد:

درود شریف اول خوانده شروع نماید اینست "اللهم صلی علیٰ سیدنا محمد و علیٰ ال سیدنا محمد و عترته نبی الامی بعدد کل معلوم لك اول ماه روز شنبه در آفتاب ایستاده در سایه خود به بیند واسم یا تنکفیل یکصد وشصت بار خوانده بر خود دم نماید واین اسمائے الہی بدین طور بخواند که نگاه خود بر سایه خود قائم کرده بے پلک زدن ایں اسماء چہل بار بخواند ہم چنیں در ہر نگہ چہل بار بخواند اما شرط آن ست که در کدامی نگاه یعنی در ہر چہل نگاه پلک نزند گویا در ہر چہل نگاه چہل پلک زند بعد اتمام یگاں یگاں بار پلک زنده زیاده ازیں پلک نزند چوں ازیں عمل فارغ شود بعده نگاه سوئے آسمان قائم کرده ہمیں طور بجا آرد وا گر نتواند در چہل پلک یگاں یگاں بار اسمائے مذکور بخواند مگر اولیٰ است زود موثر چوں ازیں ہم فارغ شود از آنجا بیاید و فاتحہ موکل اسم یا تنکفیل بر خشکہ برنج و شیر بایں طور ہر روز پنجشنبہ بکند تا اتمام عمل کہ برنج سوا پاؤ شکر سفید پنج درہم (یعنی ۲۲/۲ اتولے) و شیر نیم آثار (سیر) گرفتہ خشکہ برنج از دست خود با وضو تیار کرده و شیر شکر آمیختہ فاتحہ بدیں طور داده که اول و آخر درود مذکور بخواند و ثواب ازیں جملہ مع طعام بروح اسم یا تنکفیل بہ بخشد ایں ہمہ طعام را خود بخورد وقت فاتحہ تکبیر بگوید و پرہیز جلالی لازم دارد و ہمیں طور چو یک چلہ ادا شود بروز سہ شنبہ نوچندی یک نان از آرد ماش سوا پاؤ پختہ از روغن چرب بیده سگ سیاه چہار چشم را خوراندن شروع نماید تا خواندن ایں عمل ایں طریق ملحوظ دارد و تعین قرأت دریں عمل نیست تا وقتیکہ سایہ اصلی آں مسخر شده قول و قرار از وے نکند عمل موقوف نہ سازد۔

## ایضاً:

یَا بَصِیْرُ تَبَصَّرْتَ بِالْبَصَرِ وَالْبَصَرُ فِیْ بَصَرِ بَصَرِکَ یَا بَصِیْرُ یازده صد بار طلوع آفتاب در مکانی کہ مقابل آں چہل قدم صحن وسیع باشد لفظ یا موقوف نہاده باقی جملہ اسماء را اعداد بر آورده قاری عدد نام خود را داخل نموده در شکل مربع پر سازد و ہر روز بعد قرأت ایں اسماء سہ نقش بنویسد یکے ہموں ساعت بسوزاند و یکے بوقت خفتن زیر بالیں نہاده بخسپد و یکے را نگاه دارد و روز دوم باز ہمیں عمل کند پس تا مدامے کہ مطلب دل بر آید بس دریں صورت ہر روز دو نقش باقی خواہد ماند و یکے سوختہ خواہد شد چون بسیار مجموع شوند در دریا اندازد از یکشنبہ شروع کند مجموعہ اعدا

۲۶۷۶ می شود ونظر خود را در حین قرأت روبروئے صحن دارد وتمامی صحن را یکساں دیدہ باشد وقت قرأت ایں عمل بعد طلوع آفتاب تا قبل زوال می ماند وکمتر ایام قرأت ایں عمل تا بست روز ونہایت ایں تعدادی نہ دارد وبعد فراغ دعوت در ہر اربعین یک مرتبہ خواندہ باشد تا تصرف از دست نہ رود ووقت حضور سایہ اصلی باد کلام نکند تا وقتیکہ از خود متکلم نشود بعدہ از وے قول وقرار حاضر شدن بگیرد بدیں طور کہ بردست خود از دست او دستک سہ بار بگیرد واگر برقول وقرار دے اعتماد دے نباشد تا از وے چیزے طلبیدہ واز اں مال شیرینی خریدہ فاتحہ بنام روشن برہان بدہد وبنام آں بزرگ نیز قول بگیرد۔

## ۶۰۹۔ تسخیر ہمزاد:

اول ایں نقش را بر زمین کشیدہ زیر سینہ بدارد یعنی بطور یکہ واژگوں می خسپند ونظر بر آسمان یا بر زمین دارد ایں آیت را پانصد بار بخواند پھر یا حی یا قیوم یک ہزار بار خواندہ تمام کند

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱ | ۸ |
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۲ | ۹ | ۴ |

ہمبریں طریق تا مدتے کہ حاضر نشود خواندہ باشد چوں حاضر آید قول وقرار بگیرد آیہ مذکور ایں است الم تر الیٰ ربک کیف مد الظل ولو شاء لجعلہ ساکنا ثم جعل الشمس علیہ دلیلا ثم قبضناہ الینا قبضا یسیرا۔

# عورتوں کی بیماریوں کا علاج

## ۶۱۰۔ اسقاط حمل کیلئے مجرب ہے:

جس عورت کا حمل ضائع ہو جاتا ہے یا بچہ پیدا ہو کر مر جاتا ہے اس کے لیے نصف انگل چوڑا اور سر سے پیر کے ناخن تک لمبا بکری کا چمڑا لے کر اس پر سورہ مزمل شریف مع بسم اللہ اکتالیس بار پڑھیں اور ہر بار ایک گرہ لگا دیں اور عورت کا نام اور اس کی ماں کا لیں اس کے بعد عورت کے دامن کا ایک ٹکڑا لے کر اور تھوڑی سی نئی روئی اور دو تین گرہ ہلدی لے کر اس کپڑے اور روئی کو ہلدی سے رنگ لیں اور روئی اس چمڑے پر لپیٹ کر اس کے اوپر سے کپڑا لپیٹ دیں اس کے بعد اوپر سرخ دھاگہ اس طرح لپیٹیں کہ کوئی جگہ خالی نہ رہ جائے جب حمل قرار پا جائے اس چمڑے کو کمر میں باندھ دیں اور اگر چمڑے کی لمبائی کمر میں باندھنے کے لیے کم پڑ جائے تو دھاگا جوڑ کر بڑا کر لیں تاکہ کمر میں باندھنے کے لائق ہو جائے ان شاء اللہ تعالیٰ حمل اسقاط سے محفوظ رہے گا۔ جب بچہ پیدا ہو جائے تو اس چمڑے کو کھول کر اس کے برابر سونا یا چاندی خیرات کریں اور اس کو کسی جگہ دفن کر دیں اور یہ عمل تین ماہ کے



Marfat.com

اندر کریں اور اگر حمل تین ماہ سے پہلے ہی گر جاتا ہے تو اول تاریخوں میں کریں اور جس عورت کو استقرار حمل نہ ہو تو وہ حیض سے پاکی کے بعد غسل کر کے کمر میں باندھ لے اور شوہر سے تین شب متواتر ملے تین دن کے بعد اس چمڑے کو کمر سے کھول دے پھر دیکھے اگر حمل قرار پا گیا ہے ورنہ دوسرے اور تیسرے طہر میں بھی اسی طرح کرے ان شاء اللہ المولیٰ تعالیٰ مراد پوری ہوگی اور نیاز حضور سیدنا غوث پاک رضی اللہ عنہ و اولیائے کرام و ارواح موکلاں سورہ مزمل دلائیں حسب توفیق۔

### ۶۱۱۔ معین حمل:

عورت و مرد دونوں وضو کر کے آمنے سامنے بیٹھیں اور ان دونوں آیتوں کو کاغذ پر لکھ کر عورت کے بائیں پہلو میں باندھ دیں اور نیت کریں کہ جب اولاد نرینہ ہوگی تو نام محمد رکھیں گے مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ولو ان قرانا سیرت بہ الجبال او قطعت بہ الارض و کلم بہ الموتی بل اللہ الامر جمیعا ط لوانزلنا ھذا القرآن علیٰ جبل لرایتہ خاشعا متصد عامن خشیۃ اللہ ط و تلک الامثال نضر بھا للناس لعلھم یتفکرون ع

نوٹ: میم، واؤ، ہا وغیرہ چشم دار حروف کو اس طرح لکھیں کہ ان کی آنکھیں کھلی رہیں۔

### معین حمل:

تھوڑے سے گڑ پر اتوار یا ہفتہ کو تین بار آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کریں اور حاملہ کو کھلائیں اور پڑھنے اور کھانے کے دوران کسی کا سایہ نہ پڑے یہ عمل تین ماہ کے اندر کریں۔

### ۶۱۲۔ اولاد نرینہ کیلئے معین ہے:

اس تعویذ کو تین ماہ کے اندر لکھ کر پہنائیں بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ و باللہ و من اللہ فاو جس منھم خیفۃ قالو الاتخف و بشروہ بغلام علیم ع فاقبلت امراتہ فی صرۃ فصکت و جھھا و قالت عجوز عقیم قالو اکذلک قال ربک انہ ھو الحکیم العلیم ع

### ۶۱۳۔ بانجھ عورت:

کے لیے یہ تعویذ لکھ کر گردن میں باندھیں اور مجامعت کریں ان شاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا یا علی یا علی یا علی یا علی یا علی یا اللہ یا اللہ ایاھا یا الہ یا اللہ یا اللہ اھیا اشراھیا اھیا اشراھیا اھیا اشراھیا اھیا اشراھیا اھیا اشراھیا۔

**۶۱۴۔ایضاً:**

سورۂ حجرات شریف لکھ کر گلے میں باندھیں تین ماہ اس آیت کریمہ کولکھ کر ہر ماہ میں ۹ دن پلائیں ولوا ان قرانا سیرت به الجبال او قطعت به الارض او کلم به الموتیٰ بل اللّٰه الامر جمیعا۔

**۶۱۵۔ایضاً:** اس نقش کولکھ کر جمعہ کے دن عورت کے بائیں بازو میں باندھیں ان شاء اللّٰہ المولیٰ حمل قرار پائے گا۔

| |
|---|
| ۱۱ ۱۱ ط ط ۱۱ ک ہ ۱۱ ک ۱۱۱ ط ط |
| ۱۱ ۴ ۱۱ ۱۱ ۱۱۱ ک ۱۲۱ |
| ططططھاططط ططط ط |

**۶۱۶۔برائے بانجھ عورت مجرب ہے:**

سوا سیر جو شاہجہانی سیر سے لے کر دو روٹی پکا کر ہر ایک پر سورۂ مزمل شریف لکھیں پھر آدھ پاؤ گھی سے تر کر کے ایک پر آیت قطب اور دوسرے پر چہل کاف اکتالیس اکتالیس بار پڑھ کر دم کریں اور ایک روٹی کے بیس ٹکڑے کر کے ہر روز ایک ٹکڑا کھلائیں اسی طرح اکتالیس روز کھائیں ان شاء اللّٰہ تعالیٰ اس مدت کے اندر حمل قرار پائے گا۔

**۶۱۷۔اولاد نرینہ کا مجرب عمل:**

جس کے صرف لڑکیاں ہوتی ہوں لڑکا نہ ہو، ان آیات کو ہر فرض نماز کے بعد متصلاً پڑھیں اول وآخر درود شریف ۱۱۔۱۱بار یا ۳۔۳بار آیات یہ ہیں بسم اللّٰه الرحمن الرحیم اللهم صل علیٰ سیدنا محمد واله رب هب لی من لدنك ذریة طیبة انك سمیع الدعاء رب لاتذر نی فردا و انت خیر الوارثین o لا اله الا انت سبحٰنك انی کنت من الظالمین و اتوب الیہؐ اور بعد وضو چار رکعت نماز نفل پڑھ کر حضور سرور کونین ﷺ کی روح پاک کو ثواب بخشا جائے ہر وقت کی نماز سے پہلے اور بہتر یہ ہے کہ پہلی رکعت میں بعد فاتحہ آمَنَ الرَّسُول دوسری رکعت میں آیۃ الکرسی اور آخری دو رکعتوں میں سورہ کافرون ایک بار۔قل ھو اللّٰہ شریف ۳ بار اور ہر رکعت میں بعد قراُت ربنا انزل علینا مائدۃ الآیہ اور اوپر کی تینوں مذکورہ آیتیں بھی پڑھیں اور تہجد کے وقت بھی اسی طرح کریں اور اعلیٰ حضرت عظیم البرکت قدس سرہٗ نے فرمایا کہ فقیر کا عمل یہ ہے کہ نماز فرض میں تیسری چوتھی رکعت میں ان تینوں کو پڑھ لیتا ہوں اور یہ عمل کامیاب ہوا اور حضرت حجۃ الاسلام قدس سرہ کا بھی یہی معمول تھا۔

**۶۱۸۔ایضاً:**

یہ دعا لکھ کر موم جامہ کر کے کورے گلاس میں ڈال دیں اور اسی سے سات دن رات دونوں میاں بیوی



Marfat.com

پانی پئیں اور ان ایام میں قربت کریں ان شاء اللہ المولیٰ فرزند ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا اللہ الجلیل الجبار لا الہ الا اللہ الواحد القہار لا الہ الا اللہ الکبیر المتعال لا الہ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہ الٰھا واحدا و نحن لہ مسلمون لا الہ الا اللہ وحدٗہ لاشریک لہٗ الٰھا واحدا و نحن لہ مخلصون۔ لا الہ الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہ الٰھا واحدا و نحن لہٗ عبدون لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و علیٰ اٰلہ و صحبہ اجمعین الطیبین الطاہرین برحمتک یا ارحم الراحمین

۶۱۹۔ایضاً:

ان آیات کو لکھ کر موم جامہ کر کے کمر میں باندھے اور سات روز انہیں کو لکھ کر دھو کر پلائے۔ان کل نفس لما علیہا حافظ فلینظر الانسان مماخلق خلق من ماء دافق فاللہ خیر احافظا و ھو ارحم الرحمین

۶۲۰۔معین حمل:

غیر مستعمل دھاگہ عورت کے قد کے برابر لے کر تین بار اس آیت کو پڑھ کر دم کر کے ایک گرہ دے اسی طرح ۹ گرہیں لگائے اور عورت کمر میں باندھ لے سیرت بہ الجبال او قطعت بہ الارض او کلم بہ الموتیٰ بل اللہ الامر جمیعا

۶۲۱۔معین حمل:

سرخ نارہ عورت کے سر سے پیر تک ناپ کر اس پر سورۂ الم نشرح اس طرح پڑھے کہ ہر نام پاک پر ایک گرہ لگائے اور عورت اپنی کمر میں باندھ لے بلکہ اسی کو لکھ کر تعویذ بنا کر دے دے کہ وہ بھی کمر میں باندھ لے اللھم انی سمیت مافی بطنھا محمد او اسمہ محمد والم نشرح ھکذا صدرک یا محمد الذی یا محمد ظھرک یا محمد و پس ھر آیت یا محمد ۔

نوٹ: یہ عمل نام پاک کی ندا پر مشتمل ہے اور شرعاً نام پاک سے ندا جائز نہیں اس لیے یا محمد مصطفیٰ پڑھے یا پھر یا رسول اللہ کہے۔



Marfat.com

۶۲۱۔ معین حمل:

اول ماہ میں سعد دن وساعت میں شیرینی پر گیارہ بار یہ آیت پڑھ کر دم کرے اور غسل حیض کے بعد کھا لے اور شوہر سے ملے دونوں شیرینی کھائیں استقرار ہوگا۔

آیت یہ ہے واذقالت امراۃ عمران رب انی نذرت لك مافی بطنی محرر افتقبل منی انك انت السمیع الدعا ج

۶۲۲۔ بآسانی ولادت کے لیے مجرب ہے:

سورۂ انشقت مع تسمیہ تا تخلت سفید چینی کی طشتری پر لکھ کر دھو کر پلائیں اور زیر ناف موضع نجاست سے بچا کر چھڑکے۔ حدیث شریف میں مروی ہے حنّةُ وَلَدَتْ مَرْیَمُ وَمَرْیَمُ عیسیٰ اُلْاَرْضُ تَدْعُوْكَ اَیُّهَا الْمَوْلُوْدُ اُخْرُجْ اَیُّهَا الْمَوْلُوْدُ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ تَعَالیٰ یہ کلمات طیبات پانی پر دم کر کے پلائے اور ان کلمات کو درد زہ والی عورت کے پاس کہے۔

۶۲۴۔ سخت حالت کے لیے مجرب ہے:

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم لقد کان فی قصصهم عبرة لاولی الالباب ط ما کان حدیثا یفتری و لکن تصدیق الذی بین یدیه و تفصیل کل شیءٍ وهدی و رحمة لقوم یومنون و کانهم یوم یرون ما یوعدون لم یلبثوا الاساعة من نهارط بلغ فهل یهلك الا القوم الفسقون کانهم یوم یرونها لم یلبثوا الاعشیة اوضحها ج گڑ پر ان آیات کریمہ کو تلاوت کر کے دم کریں اور جو عورت درد کی شدت سے بے چین ہو اور بچہ پیدا نہ ہوتا ہو اسے کھلائیں یا پانی پر دم کر کے پلائیں اور تھوڑا پانی پیٹ پر چھڑکیں ان شاء اللہ تعالیٰ شدت میں کمی ہو اور بآسانی بچہ پیدا ہو۔

۶۲۵۔ ایضاً:

اس نقش کو لکھ کر دھو کر پلائیں یا ہاتھ میں دیدیں یا کمر میں موم جامہ کر کے باندھ دیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ح ط | اس | ت ا | ف ب |
| ف ب | ت ا | اس | ح ط |
| اس | ح ط | ف ب | ت ا |
| ت ا | ف ب | ح ط | اس |

**۶۲۶۔ایضاً:**

نقش پندرہ لکھ کردیں کہ بائیں پیر کے نیچے رکھ لے۔

**بحالت عسر شدید:**

فتیلہ چراغ مزمل شریف مع موکلات جلائیں اوراس کی جانب دیکھے۔

**۶۲۷۔بہت زیادہ تکلیف ہو:**

بکرا ذبح کر کے خیرات کریں۔

**۶۲۸۔ برائے بخت کشادن دختران:**

پہلے سورہ نساء لکھ کرموم جامہ کر کے لڑکی کے گلے میں پہنائیں یا اس کے اعداد کا مربع پر کر کے۔مربع یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۱۲۱ | ۲۱۲۴ | ۲۱۲۷ | ۲۱۱۳ |
| ۲۱۲۶ | ۲۱۱۴ | ۲۱۲۰ | ۲۱۲۵ |
| ۲۱۱۵ | ۲۱۲۹ | ۲۱۲۲ | ۲۱۱۹ |
| ۲۱۲۳ | ۲۱۱۸ | ۲۱۱۶ | ۲۱۲۸ |

**۶۲۹۔ایضاً:**

بسم الله الرحمن الرحيم يا حليم لايعجل يا كريم لا يجهل ياذا الجبروت يا ذا الجود و القوة ذاالرحمة الواسعة لا اله الا الله محمد رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه واله محمود كريم موجود و هو الغفو الودود (معمولات ص۳۸۴)

**۶۳۰۔حمل نہ رہنے کا عمل:**

اگرچہ یہ عمل بے ضرورت شرعیہ ناجائز ہے مگر بعض حاجتمند حضرات کواس کی ضرورت پڑتی ہے اس خیال سے ذکر کیا جاتا ہے اس تعویذ کو عورت کی بائیں ران میں باندھ دے استقرار نہ ہوگا اور اگر جانور کی بائیں ران پر باندھ دے تو دودھ بند ہو جائے۔






Marfat.com

۶۳۱۔ایضاً:

۱۹۲۶۴۱۲۱۱۸۸۱۱۱و۱۱۱و۸۸۱۵درد ماو ار

| |
|---|
| روح دو |

ان دونوں تعویذ کولکھ کر مرد اپنے پاس رکھے ان شاءاللہ استقرار نہ ہوگا۔

۶۳۲۔زیادتی شیر:

تانبے کی پلیٹ پرلکھ کر پانی سے دھو کر پلائے ثم قست قلوبکم من بعد ذالك فهي كالحجارة و اشد قسوة ط و ان من الحجارة لمايتفجر من الانهار و ان منهالما يشقق فيخرج منه الماء ط و ان منها لما يهبط من خشية الله ط و ما الله بغافل عما تعملون

## درد چوٹ، ورم، زخم

۶۳۳۔درد زبان:

ان اسماء کو پڑھے اور لکھ کر دھو کر زبان پر ملے۔

قاضی محمد عبدالرحیم بستوی

☆=☆=☆



Marfat.com

# فہرست مجموعہ اعمال رضا حصہ سوم

## (شمع شبستان رضا حصہ ہفتم)


| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| اسمائے حسنیٰ باری تعالیٰ | 11 |
| فوائد و خواص اسمائے حسنیٰ | 14 |
| اسم ذات یا اللہ۔ مستجاب الدعوات ہونے اور کشادگی باطن کیلئے۔ تپ ولرزہ۔ کند ذہنی۔ آسیب۔ مرگی | 14 |
| یا رحمن۔ نسیان وغفلت وسختی قلب دور ہونے اور صحت در دسینہ وجگر و جملہ امراض | 15 |
| یا رحیم۔ مخلوق مہربان ہو، حاجتیں بر آئیں | 15 |
| یا ملک۔ تصفیہ قلب۔ تسخیر۔ حصول مرتبہ | 15 |
| یا قدوس۔ صفائی قلب اور صفات جمیلہ وملکوتیہ پیدا ہونے کے لئے کھانے میں برکت ہو۔ فراخی رزق | 16 |
| یا سلام۔ محبت اور شفائے امراض۔ دفع بے چینی | 16 |
| یا مومن۔ شر شیطان سے حفاظت۔ تسخیر | 16 |
| یا مھیمن۔ خفیہ امور معلوم ہونے اور جملہ آفات سے محفوظ رہنے اور جنتی ہونے کا عمل | 16 |
| یا عزیز۔ محتاجی دور ہونے تسخیر حصول منافع | 17 |
| یا جبار۔ مقہوری دشمناں اور ظالموں کے شر سے نجات حاصل ہونے کے لئے | 17 |
| یا متکبر۔ حصول مراد فرزند نصیب ہونے کے لئے | 17 |
| یا خالق۔ چہرہ روشن ہو اور فرشتہ اس کے لئے دعا کرے | 17 |
| یا باری۔ قبر میں راحت ہو۔ علاج درست رہے۔ تسخیر ومحبت | 17 |
| یا مصور۔ اولاد ہونے کا عمل، تسخیر | 17 |
| یا غفار۔ بخشش گناہ کے لئے | 18 |
| یا قہار۔ ہر مشکل امور کے لئے مقہوری دشمناں | 18 |
| یا وھاب۔ فراخی رزق، ہر اہم حاجت دشمن میں گرفتار کی رہائی۔ معزولی کے لئے | 18 |
| انشراح صدر۔ عمل خاص تونگری وفراخ رزق | 18 |
| یا رزاق۔ فقر وفاقہ دور ہونے کے لئے | 19 |
| یا فتاح۔ صفائی قلب ونورانیت کے لیے | 19 |
| یا علیم۔ معرفت باری تعالیٰ کے لئے علم وحافظہ کے لئے۔ امر مخفی وحل مشکلات | 19 |
| یا قابض۔ عذاب قبر سے نجات فاقہ۔ مقہوری دشمناں | 19 |




Marfat.com

| صفحہ | عنوانات |
|---|---|
| 20 | یا باسط۔عمل فراخی رزق۔دفع سحر یا خافض۔حفاظت از دشمناں، دفع اعداء |
| 21 | یا رافع۔حصول عزت وتونگری کا عمل یا معز۔حصول عزت وحرمت وہیبت |
| 21 | یا مذل۔خلاصی از پنجہ دشمناں |
| 21 | یا سمیع یا بصیر۔مستجاب الدعوات ہو منظور ومقبول رب تعالیٰ ہو دفع محتاجی ہر کام پورا ہونے کے لئے |
| 21 | یا حکم۔اسرار باطنی حاصل ہوں یا عدل۔تسخیر خلائق |
| 22 | یا لطیف۔دفع محتاجی وامراض قویہ۔کنواری کی شادی۔سخت ودشوار گزار کام کا عمل |
| 22 | یا خبیر۔نفس امارہ کے شر سے حفاظت |
| 22 | یا حلیم۔غصہ دور ہونے۔کھیتی کی حفاظت۔اختلاج قلب وہر بیماری |
| 23 | یا عظیم۔منظور خلائق ہونے کے لئے یا غفور۔صفائی قلب۔مغفرت گناہاں دردسر وامراض |
| 23 | یا شکور۔تنگی معاش۔تیزی بصر |
| 23 | یا علی۔حصول عزت۔سلامتی سفر۔خونی بواسیر۔اولاد ہونے کے لئے |
| 23 | یا کبیر۔حصول ہیبت ووقار یا حفیظ۔جلنے۔ڈوبنے نظر بد ہر بلا سے حفاظت |
| 23 | یا مقیت۔بری عادت چھڑانے۔رونے کے لئے۔روزہ میں قوت حاصل ہو |
| 24 | یا حسیب۔چور۔پڑوسی۔زخم چشم کے لئے یا جلیل۔مخلوق کی نظر میں مکرم ہو |
| 24 | یا کریم۔فرشتے اس کے لئے دعا کریں یا رقیب۔ہر آفت وبلا سے حفاظت |
| 24 | یا مجیب۔قبولیت دعا کے لئے یا واسع۔حصول قناعت وبرکت کے لئے |
| 24 | یا حکیم۔سخت حاجت کے لئے یا ودود۔محبت کے لئے یا مجید۔آبلہ۔کوڑھ۔برض کے لئے عمل |
| 25 | یا باعث۔نورانیت قلب کے لئے یا شہید۔نافرمانی اولاد کے لئے |
| 25 | یا حق۔گمشدہ سامان کے لئے۔قید سے خلاصی یا وکیل۔آندھی تیز بارش۔آگ لگنے کے لئے |
| 25 | یا قوی۔دفع دشمن یا متین۔دودھ چھڑانے اور دودھ کم ہونے کے لئے |
| 26 | یا ولی۔نافرمان عورت کے لئے یا حمید۔فحش گوئی وبد عادت چھڑانے کا عمل |
| 26 | یا محصی۔عذاب قبر عذاب محشر سے نجات کا عمل یا مبدی۔اسقاط حمل کے لئے |
| 26 | یا معید۔غائب کے لئے وصولیابی قرض کے لئے |
| 26 | یا محی۔دردبدن۔دردزہ کے لئے یا ممیت۔نفس امارہ کی مغلوبی کے لئے عمل |
| 27 | یا حی۔شفائے امراض یا قیوم۔قوت تصرف اور مہمات کے لئے |
| 27 | یا واجد۔تونگری۔گمشدہ یا ماجد۔نورانیت قلب |
| 27 | یا واحد یا احد۔زوال خوف اولاد نرینہ کے لئے |
| 27 | یا صمد۔حصول صدق ومقال۔ظالم سے نجات۔مفلسی دور ہونے کا عمل۔حصول غنا کا عمل |
| 28 | یا قادر۔حل مشکلات اور حفاظت دشمناں کے لئے |




Marfat.com

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| یا مقتدر۔ غفلت نیند دور کرنے اور کام بننے کے لئے | 28 |
| یا مقدم۔ جنگ وخوف دور ہونے استقامت قلب کے لئے | 28 |
| یا موخر۔ اللہ تعالیٰ کی محبت اور نفس مطیع ہونے کے لئے | 28 |
| یا اوّل۔ اولاد ہونے کے لئے | 28 |
| یا آخر۔ عاقبت بخیر ہونے کے لئے | 28 |
| یا ظاہر۔ روشنی چشم۔ سلامتی دیوار | 28 |
| یا باطن۔ اسرار الٰہی کے جاننے کے لئے۔ تسخیر قلوب کے لئے | 29 |
| یا والی۔ آفتوں بلاؤں کے دور ہونے کے لئے | 29 |
| یا متعالی۔ دشوار گزار کاموں کے لئے حائضہ کے لئے | 29 |
| یا بر۔ حفاظت بلا کے لئے۔ بدعادت چھڑانے کے لئے | 29 |
| یا تواب۔ توبۃ النصوح اور اصلاح نفس کے لئے | 29 |
| یا منعم۔ حصول غنا ونعمت وجاہ۔ فتوحات کثیرہ کا عمل | 29 |
| یا منتقم۔ دشمن کو دوست بنانے اور ہلاکی اعداء کے لئے یا عفو۔ مغفرت گناہ کے لئے | 30 |
| یا رؤف۔ مظلوم کو ظالم سے چھڑانے کا عمل | 30 |
| یا مالک الملک۔ تونگری وحصول عزتو جاہ | 30 |
| یا رب۔ تسخیر خلائق کے لئے | 30 |
| یا مقسط۔ وسوسہ سے حفاظت حصول مقاصد کے لئے | 31 |
| یا جامع۔ ملاقات مہجور۔ حصول مراد | 31 |
| یا غنی۔ دفع خصلت بدطمع۔ حصول غنا | 31 |
| یا معطی۔ فقر وفاقہ سے نجات کے لئے یا مانع۔ موافقت زوجین | 31 |
| یا ضار۔ پائیداری منصب کے لئے یا نافع۔ سفر بخیر وخوبی گرنے کے لئے | 31 |
| یا نور۔ نورانیت قلب یا ہادی۔ حصول معرفت | 32 |
| یا بدیع۔ سخت مشکل آسان کرنے کے لئے | 32 |
| یا باقی۔ قبولیت عمل بیماری وتکلیف دور ہونے کے لئے | 32 |
| یا وارث۔ زحمت وگزند نہ پہنچے۔ فوقیت مرتبہ | 32 |
| یا رشید۔ تدبیر امور | 32 |
| یا صبور۔ سخت بیماری ومصیبت سے نجات کے لئے۔ شر دشمناں وزباں بندی کے لئے | 32 |
| جدول حروف ابجد مکتوبی وملفوظی | 33 |
| جدول نود ونہ نام باری تعالیٰ | 34 |




Marfat.com

| صفحہ | عنوانات |
|---|---|
| 37 | اسم اعظم |
| 39 | مسبعات عشر |
| 41 | خواص القرآن۔استخارہ مجرب۔قضائے حاجت کا عمل |
| 41 | دفع سرکش مفسدین |
| 42 | بخار کے لئے |
| 42 | خواص سورہ فاتحہ۔ہر حاجت ومشکل کے لئے |
| 43 | سورہ بقر۔زیادتی حافظہ۔مرگی۔زیادتی شیر۔بیدار ہونے کیلئے۔بخار۔دردشقیقہ۔جنت میں شکست نہ ہو |
| 45 | خواص آیۃ الکرسی۔حصول مراد ودفع اعداء تسخیر وحصول نفع۔دفع نقصان۔ازالہ مرض بلغم۔ ۔دردجگر۔زحمت ڈالنے کا عمل۔حصول جاہ ومنفعت۔وسعت رزق۔ادائیگی قرض۔حصول مراد۔زیادتی حافظہ۔قوت حافظہ۔ |
| 47 | سورۂ آل عمران۔صلاۃ الشاہد دفع جنون۔شادی ہونے۔آیت قطب وغوث۔ہلاکت ومقہوری حصول روزگار دردسر۔جانوروں کی بیماری تپ ولرزہ۔حصول حاجت دفع دشمن۔پھوڑے پھنسی وغیرہ سخت مہم۔مفرور۔ |
| 49 | خواص سورۂ نساء۔تفریق دفینہ معلوم کرنے کا عمل |
| 50 | خواص سورۂ مائدہ۔بدعادت چھڑانے کا عمل۔زوال محبت زنا۔زبان بندی۔سفر کا ارادہ ملتوی ہونے کے لئے |
| 51 | خواص سورۂ انعام۔حصول مدعا وحل مشکلات۔حفاظت از موذی جانوراں۔غصہ وغضب دور کرنے کے لئے۔ ضعف بصر۔فتوح۔دریا کی طغیانی سلامتی سفر دریا۔نکسیر کھیتی۔سرسبز وبابرکت ہونے کا عمل۔ |
| 52 | خواص سورۂ اعراف=حفاظت از فالج ولقوہ۔وسوسہ اور کاہلی دفع کرنے کے لئے |
| 53 | خواص سورہ انفال=رہائی از قید |
| 53 | خواص سورۂ توبہ=اہم ودشوار کاموں کے لئے حاکم کے خوف سے بے پرواہ ہونے کے لئے |
| 53 | خواص سورۂ یونس=حفاظت از دشمن قوی القلب ہونے کے لئے |
| 53 | خواص سورۂ ہود=غرق سے حفاظت کے لئے۔کنویں کا پانی زیادہ ہونے کے لئے۔دفع ظلم |
| 54 | خواص سورۂ یوسف=حاجتوں کے پورا ہونے کے لئے۔فراخ رزق اور محتاجی دور ہونے کے لئے۔ |
| 55 | خواص سورۂ رعد=خیر وبرکت خفیہ حالات معلوم کرنے کے لئے |
| 55 | خواص سورۂ ابراہیم=شکوک واوہام دور کرنے کے لئے۔آسیب وجن وزخم چشم کے لئے |
| 55 | خواص سورۂ حجر=نفع تجارت۔شر ظالماں کے دفعیہ کے لئے |
| 56 | خواص سورۂ نحل=تفرق مجمع کفار وفجار۔استقرار حمل |
| 56 | خواص سورۂ بنی اسرائیل=درماندگی وتکان دور ہونے کے لئے۔خیالات فاسدہ دور کرنے کے لئے۔ |
| 56 | خواص سورۂ کہف=حفاظت از بلیات۔دردنیم سر۔کتے کا زہر ختم کرنے کیلئے۔بیدار ہونے کے لئے |
| 57 | خواص سورۂ مریم=تنگی وعسرت دور ہونے اور فراخی رزق کے لئے۔دردسر |
| 57 | خواص سورۂ طٰہ=سحر وجادو کے دفع کے لئے۔برائے رشتہ۔بلندی منصب۔تیزی ذہن |




Marfat.com

| صفحہ | عنوانات |
|---|---|
| 58 | خواص سورۂ انبیاء=محبت انبیاء کرام علیہم السلام تسخیر |
| 58 | خواص سورۂ حج=حج وزیارت کے لئے۔رشتہ استخارہ عجیبہ |
| 59 | خواص سورۂ مومنون=برائے حفاظت وسلامتی دریا کے لئے۔آسیب زدہ کے لئے |
| 59 | خواص سورۂ فرقان=برائے رشتہ |
| 59 | خواص سورۂ شعراء=بھڑیا موذی جانور کے کاٹے کو دور کرنے کے لئے |
| 59 | خواص سورۂ نمل=چونٹیوں کے بھگانے کا عمل |
| 60 | خواص سورۂ قصص=دودھ نہ پینے کے لئے۔شر ظالماں وحاکماں کے لئے |
| 60 | خواص سورۂ لقمان=گمشدہ شے |
| 60 | خواص سورۂ احزاب=برائے رشتہ۔جاہ وہیبت |
| 60 | خواص سورۂ فاطر=برکت مال |
| 61 | خواص سورۂ والصافات=آسیب زدہ۔قضائے حاجت۔سانپ کا زہر اتارنے کا عمل |
| 61 | خواص سورۂ حم مومن=سوتے آدمی کا حال دریافت کرنے کے لئے۔دردسحر کے لئے |
| 61 | خواص سورۂ شوریٰ=فراخی رزق |
| 62 | خواص سورۂ زخرف=صلح واتفاق پیدا کرنے کے لئے۔کھانسی |
| 62 | خواص سورۂ دخان=مغفرت گناہ کے لئے،قضائے حاجت کے لئے |
| 62 | خواص سورۂ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)=ویرانی خانہ ظالم |
| 62 | خواص سورۂ فتح=مقبول خلائق۔کامیابی بردشمناں |
| 63 | خواص سورۂ ق=روشنی چشم کا عمل |
| 63 | خواص سورۂ ذاریات=حفاظت حمل۔برائے رشتہ۔فراخی رزق۔آشوب چشم |
| 64 | خواص سورۂ والنجم=تیزی ذہن وقوت حافظہ گریہ اطفال |
| 64 | خواص سورۂ قمر=مغلوبی دشمناں۔عسر بول۔(پیشاب)۔کامیابی مقدمہ ودشمنوں کو زیر کرنے کیلئے |
| 64 | خواص سورۂ رحمٰن=حفاظت حمل،حفاظت آفات وبلیات |
| 65 | خواص سورۂ واقعہ=دفع فقر وفاقہ۔فراخی رزق وبرکت کا عمل۔ہر اہم ومشکل امور کے لئے |
| 6 | خواص سورۂ حدید=قضائے حاجت |
| 67 | خواص سورۂ حشر=درد اعضاء قبولیت دعا۔شفائے امراض |
| 67 | خواص سورۂ ممتحنہ=تلی کے لئے |
| 68 | خواص سورۂ تغابن=زیادتی مال۔برکت |
| 68 | خواص سورۂ تحریم=صالحہ کو ظالم سے طلاق دلوانے کا عمل |
| 68 | خواص سورۂ ملک=عذاب سے نجات۔اجابت دعا۔امراض چشم |




Marfat.com

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| خواص سورۂ ن = زخم و پھوڑے کے لئے۔ دفع نظر ور مغم چشم | 68 |
| خواص سورۂ نوح = دفع احتلام | 69 |
| خواص سورۂ جن = خلل آسیب وجن | 69 |
| خواص سورۂ مزمل = جملہ حاجات کے لئے۔ ہلاکی وزبان بندی دشمناں۔ جمیع حاجات وادائیگی قرض | 69 |
| خواص سورۂ مدثر = رقت قلب۔ خشوع | 71 |
| خواص سورۂ دہر = باری کے بخار کے لئے | 71 |
| خواص سورۂ مرسلات = پھوڑا پھنسی۔ اخراج ظالم | 71 |
| خواص سورۂ النبا = حاکم کے شر سے حفاظت | 71 |
| خواص سورۂ النازعات = دفع ضرر دشمناں | 72 |
| خواص سورۂ عبس = حفاظت راستہ | 72 |
| خواص سورۂ کورت = آشوب چشم وجالا | 72 |
| خواص سورۂ انفطار = قید سے رہائی۔ مریض بخار | 72 |
| خواص سورۂ ویل المطففین = بکری زیادہ ہونے کے لئے۔ حفاظت سامان | 72 |
| خواص سورۂ انشقاق = بھڑ یا بچھو کاٹنے دردزہ کے لئے | 72 |
| خواص سورۂ بروج = تپ کہنہ۔ دفع جن۔ بچوں کا دودھ چھڑانا | 73 |
| خواص سورۂ طارق = حفاظت احتلام۔ نکسیر کے لئے۔ کتے کاٹنے کے لئے۔ گھر میں پتھر آتے ہوں | 73 |
| خواص سورۂ اعلیٰ = کان میں درد یا گونج ہو۔ بواسیر اولاد نرینہ کے لئے | 73 |
| خواص سورۂ غاشیہ = ضرر طعام کے لئے۔ درد | 74 |
| خواص سورۂ فجر = نیک اولاد کے لئے | 74 |
| خواص سورۂ واللیل = تسخیر و فتوح | 74 |
| خواص سورۂ والضحیٰ = اپنا انجام معلوم کرنے کے لئے۔ غائب یا بھاگے ہوئے کو بلانے کے لئے۔ | 75 |
| خواص سورۂ الم نشرح = فراخی رزق | 75 |
| خواص سورۂ والتین = ام الصبیان | 76 |
| خواص سورۂ اقراء = سفر بخیر گزرے | 76 |
| خواص سورۂ قدر = تسخیر کے لئے | 76 |
| خواص سورۂ زلزلت = فالج لقوہ | 76 |
| خواص سورۂ والعادیات = تلاش معاش کے لئے | 76 |
| خواص سورۂ تکاثر = زیارت اموات | 77 |
| خواص سورۂ والعصر = ہر بلا سے حفاظت۔ نظر بد وآشوب چشم | 77 |

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| خواص سورۂ ہمزہ = | 77 |
| خواص سورۂ لایلاف = زہر کے اثر کو زائل کرنے ۔ ظالموں حاسدوں کے شر سے حفاظت | 77 |
| خواص سورۂ ماعون = مال کی حفاظت کے لئے | 77 |
| خواص سورۂ کوثر = مقہوری اعداء وزیارت حضور ﷺ ۔ بخار اتارنے کے لئے | 77 |
| خواص سورۂ کافرون = حصار مکان ۔ حاجت شدیدہ | 78 |
| خواص سورۂ نصر = دفع دشمناں ۔ کشائش وزیادتی رزق | 78 |
| خواص سورۂ تبت یدا = عداوت وتفریق ۔ زبان بندی | 78 |
| خواص سورۂ اخلاص = فراخی رزق | 78 |
| دعوت قل ھو اللہ شریف = فتوح وکشادگی | 79 |
| خواص سورۂ اخلاص = ہر حاجت کے لئے | 79 |
| خواص سورۂ معوذتین = ردسحر کے لئے ۔ دفع وسواس مفلسی محتاجی دور ہو | 80 |
| خواص سورۂ ناس = تلی اور گلے کے غدود ورم ۔ تلی کاٹنے کا عمل ۔ کنٹھ مالا | 80 |
| قرآن مجید کی ایک سو چودہ سورتوں کے نقوش وفوائد | 81 |
| مجرب نقوش حصول مقاصد دینی ودنیوی | 104 |
| دعائے حزب البحر شریف اس کے خواص ودعوت کے طریقے | 110 |
| ترکیب ادائے زکات دعائے مغنی | 113 |
| خواص چہل اسماء عظام | 113 |
| خاصیت اسم اوّل تسخیر، قرب الٰہی ۔ زیرکی طبع وکشائش ذہن ۔ حاجات | 113 |
| خاصیت اسم دوم عزت وجاہ تسخیر خلائق خاصیت اسم سوم تسخیر ودفع نحوست کواکب | 114 |
| خاصیت اسم چہارم محبت، تبدیلی اوصاف ذمیمہ | 114 |
| خاصیت اسم پنجم قضائے حاجات ۔ امراض مہلکہ | 115 |
| خاصیت اسم ششم چوری کی چیز معلوم کرنے کے لئے ترقی ذہن وحافظہ | 115 |
| خاصیت اسم ہفتم دفع خیالات فاسدہ ۔ سحر وجادو وموذی سے حفاظت کے لئے | 116 |
| خاصیت اسم ہشتم راہ حق میں ثبات قدمی ۔ معزولی سے بحالی | 116 |
| خاصیت اسم نہم ناجائز کام چھڑانے اور محبت زوجین | 116 |
| خاصیت اسم دہم دشمنوں حاسدوں کے دفعیہ کے لئے | 116 |
| خاصیت اسم یازدہم دینی ودنیاوی حاجات زیارت سرکار ابد قرار ﷺ ۔ ادائیگی قرض | 117 |
| خاصیت اسم دوازدہم دینی ودنیاوی حاجات ۔ آسیب | 117 |
| خاصیت اسم سیزدہم علو مراتب ومقبول خلائق ۔ آسیب | 118 |





Marfat.com

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| خاصیت اسم چہاردہم کشائش رزق۔ رشتہ آنے کے لئے۔ اپنی بات منوانے کے لئے | 118 |
| خاصیت اسم پانزدہم ہلاکت دشمناں۔ تسخیر عام۔ خلاص محبوس | 119 |
| خاصیت اسم شانزدہم حصول غناوادائیگی قرض کشادگی جسم وکان وزبان | 120 |
| خاصیت اسم دفع محتاجی برائے ترقی۔ برائے حصول غنا | 120 |
| خاصیت اسم ہیزدہم مرض برض حفاظت۔ مال واسباب | 120 |
| خاصیت اسم نوزدہم غائب کا حال معلوم کرنے کے لئے | 120 |
| خاصیت اسم بستم محبت حق ہر مشکل امر، خلاصی محبوس، جنون، تسخیر خاص وعام | 121 |
| خاصیت اسم بست ویکم شکست دشمن۔ تونگری خاصیت اسم بست ودوم دفع محتاجی | 121 |
| خاصیت اسم بست سوم شہرت ناموری برائے زیرکی وحافظہ خاصیت اسم وچہارم محبت ورجعت | 122 |
| خاصیت اسم بست وپنجم دفع پریشانی وجمعیت خاطر دفع خطرات طہارت قلب۔ زبان بندی | 123 |
| خاصیت اسم بست وششم دفع محتاجی۔ مقبول خاص وعام مغلوبی اعداء۔ رد رجعت | 123 |
| خاصیت اسم بست وہفتم تسخیر خلائق۔ فراخی رزق | 123 |
| خاصیت اسم بست وہشتم ہلاکی دشمناں۔ معزولی ظالم جدائی | 124 |
| خاصیت اسم بست ونہم۔ تسخیر ومقبول خلائق ظالم کے قبضہ سے مال وصول کرنے کے لئے | 124 |
| خاصیت اسم سی ام مقہوری دشمناں۔ ہلاکت دشمنا۔ بلندی مرتبہ ، | 125 |
| خاصیت اسم سی ویکم حصول معرفت۔ نورانیت قلب۔ بخت کشادن رشتہ آنے کے لئے | 125 |
| خاصیت اسم سی ودوم مغلوبی، زیردستاں | 126 |
| خاصیت اسم سی وسوم تسخیر خلائق۔ دردسر وجمیع امراض برکت طعام | 126 |
| خاصیت اسم سی وچہارم۔ امراض شدیدہ رہائی پھانسی | 126 |
| خاصیت اسم سی وپنجم دفع اعداء وحصول مراد خاصیت اسم سی وششم انقلاب عادت | 127 |
| خاصیت اسم سی وہفتم مغفرت گناہ عذاب قبر، غنا | 127 |
| خاصیت اسم سی وہشتم ترقی مرتبہ۔ زیادتی رزق خاصیت اسم سی ونہم حصول مراد۔ امور منجرہ | 128 |
| خاصیت چہلم۔ صفائی قلب وتزکیہ باطن۔ خلاص محبوس۔ زبان بندی | 128 |
| خاصیت چہل ویکم جمیع حاجات وتسخیر وخلاصی قید | 128 |
| درود مستغاث محبت خدا ومعرفت الٰہیہ۔ محبت رسول خدا ﷺ۔ درازی عمر۔ فراخی رزق۔ ترقی درجات۔ تسخیر حکام۔ بلندی منصب ہر مطلب۔ اولاد ہونے کے لئے۔ قوت حافظہ۔ روشنی بصر۔ گمشدہ دردزہ۔ بچوں کا مرض دور ہو۔ قید سے نجات۔ جن وآسیب۔ مقدمہ سے نجات۔ ادائیگی قرض۔ ہر مشکل آسان ہونے | 131 |
| تحویل آفتاب کی دریافت | 133 |
| نقشہ جدول شبانہ روز برائے دریافت ساعات | 134 |




Marfat.com

# اسمائے حسنٰی باری تعالٰی

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | اللہ<br>۶۶<br>اسم ذات | ۲ | رحمٰن<br>۲۹۸<br>بہت مہربان | ۳ | رحیم<br>۲۵۸<br>رحم والا | ۴ | ملک<br>۹۰<br>بادشاہ |
| ۵ | قدوس<br>۱۷۰<br>نہایت پاک | ۶ | سلام<br>۱۳۱<br>سلامتی دینے والا | ۷ | مؤمن<br>۱۳۶<br>امان بخشنے والا | ۸ | مھیمن<br>۱۴۵<br>حفاظت فرمانیوالا |
| ۹ | عزیز<br>۹۴<br>عزت والا | ۱۰ | جبار<br>۲۰۶<br>عظمت والا | ۱۱ | متکبر<br>۴۲۲<br>بڑائی والا | ۱۲ | خالق<br>۷۳۱<br>پیدا کرنے والا |
| ۱۳ | باری<br>۲۱۳<br>بنانے والا | ۱۴ | مصور<br>۳۳۶<br>ہر ایک کو صورت دینے والا | ۱۵ | غفار<br>۱۲۸۱<br>بڑا معاف فرمانے والا | ۱۶ | قھار<br>۳۰۶<br>غالب |
| ۱۷ | وھاب<br>۱۴<br>بہت دینے والا | ۱۸ | رزاق<br>۳۰۸<br>بہت روزی دینے والا | ۱۹ | فتاح<br>۴۸۹<br>مصیبت کھولنے والا | ۲۰ | علیم<br>۱۵۰<br>علم والا |
| ۲۱ | قابض<br>۹۰۳<br>تنگی کرنے والا | ۲۲ | باسط<br>۷۲<br>کشائش کرنیوالا | ۲۳ | خافض<br>۱۴۸۱<br>پست کرنے والا | ۲۴ | رافع<br>۳۵۱<br>بلند کرنے والا |
| ۲۵ | معز<br>۱۱۷<br>عزت دینے والا | ۲۶ | مذل<br>۷۷۰<br>ذلت بے والا | ۲۷ | سمیع<br>۱۸۰<br>سننے والا | ۲۸ | بصیر<br>۳۰۲<br>دیکھنے والا |
| ۲۹ | حکم<br>۶۸<br>حکم کرنے والا | ۳۰ | عدل<br>۱۰۴<br>عدل فرمانیوالا | ۳۱ | لطیف<br>۱۳۲<br>پاک، بڑا باریک بیں | ۳۲ | خبیر<br>۸۱۲<br>خبردار |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۳ | حلیم<br>۸۸<br>حلم والا | ۳۴ | عظیم<br>۱۰۵۰<br>بڑائی والا | ۳۵ | غفور<br>۱۲۸۶<br>بخشنے والا | ۳۶ | شکور<br>۵۲۶<br>قدر فرمانے والا |
| ۳۷ | علی<br>۱۱۰<br>بلند | ۳۸ | کبیر<br>۲۳۱<br>بڑائی والا | ۳۹ | حفیظ<br>۹۹۸<br>حفاظت والا | ۴۰ | مقیت<br>۵۵۰<br>روزی دینے والا |
| ۴۱ | حسیب<br>۸۰<br>حساب لینے والا | ۴۲ | جلیل<br>۷۳<br>جلال والا | ۴۳ | کریم<br>۲۷۰<br>کرم فرمانیوالا | ۴۴ | رقیب<br>۳۱۲<br>نگہبانی والا |
| ۴۵ | مجیب<br>۵۵<br>دعا سننے والا | ۴۶ | واسع<br>۱۳۷<br>وسعت دینے والا | ۴۷ | حکیم<br>۷۸<br>حکمت والا | ۴۸ | ودود<br>۲۰<br>محبت والا |
| ۴۹ | مجید<br>۵۷<br>بزرگی والا | ۵۰ | باعث<br>۹۷۳<br>مردہ کا زندہ کرنیوالا | ۱۵ | شہید<br>۳۱۹<br>نگہبان | ۵۲ | حق<br>۱۰۸<br>سچائی والا |
| ۵۳ | وکیل<br>۶۶<br>کارساز | ۵۴ | قوی<br>۱۱۶<br>زبردست | ۵۵ | متین<br>۵۰۰<br>قدرت والا | ۵۶ | ولی<br>۴۶<br>وارث خلق |
| ۵۷ | حمید<br>۶۲<br>سب خوبیوں سراہا | ۵۸ | محصی<br>۱۴۸<br>گھیرنے ولا | ۵۹ | مبدی<br>۵۱<br>ظاہر فرمانے والا | ۶۰ | معید<br>۱۲۴<br>دوبارہ پیدا فرمانیوا |
| ۶۱ | محی<br>۶۸<br>زندہ کرنے والا | ۶۲ | حی<br>۱۸<br>زندہ | ۶۳ | صمد<br>۱۳۴<br>بے نیاز | ۶۴ | قیوم<br>۱۵۶<br>قائم رکھنے والا |
| ۶۵ | واجد<br>۱۴<br>پانے والا | ۶۶ | ماجد<br>۴۸<br>بزرگی والا | ۶۷ | واحد<br>۱۹<br>ایک، یکتا | ۶۸ | ممیت<br>۴۹۰<br>موت دینے والا |
| ۶۹ | قادر<br>۳۰۵<br>قدرت رکھنے والا | ۷۰ | مقتدر<br>۷۴۴<br>قدرت والا | ۷۱ | مقدم<br>۱۸۴<br>بڑھانے والا | ۷۲ | مؤخر<br>۸۴۶<br>پیچھے کرنے والا |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۳ | اول<br>۳۷<br>قدیم ہر شے سے پہلے | ۷۴ | آخر<br>۸۰۱<br>ہمیشہ رہنے والا | ۷۵ | ظاہر<br>۱۱۰۶<br>ہر شے پر غالب | ۷۶ | باطن<br>۶۲<br>ہر شے کا جاننے والا |
| ۷۷ | والی<br>۴۷<br>کام بنانے والا | ۷۸ | متعالی<br>۵۵۱<br>بلندی والا | ۷۹ | بر<br>۲۰۲<br>نیکوکار | ۸۰ | تواب<br>۴۰۹<br>بہت توبہ قبول کرنیوالا |
| ۸۱ | منتقم<br>۶۳۰<br>بدلہ لینے والا | ۸۲ | عفو<br>۱۵۶<br>معاف کرنیوالا | ۸۳ | رءوف<br>۲۸۶<br>بہت مہربان | ۸۴ | مالک الملک<br>۲۱۲<br>ملک کا مالک |
| ۸۵ | ذوالجلال والاکرام<br>۹۹۹<br>عظمت اور بزرگی والا | ۸۶ | مقسط<br>۲۰۹<br>انصاف کرنیوالا | ۸۷ | جامع<br>۱۱۴<br>جمع کرنے والا | ۸۸ | غنی<br>۱۰۶۰<br>بے نیاز |
| ۸۹ | مغنی<br>۱۱۰۰<br>بے پرواہ کرنیوالا | ۹۰ | مانع<br>۱۶۱<br>روکنے والا | ۹۱ | ضار<br>۱۰۰۱<br>نقصان پہنچانیوالا | ۹۲ | نافع<br>۲۰۱<br>نفع پہنچانے والا |
| ۹۳ | نور<br>۲۵۶<br>روشن کرنیوالا | ۹۴ | ہادی<br>۲۰<br>ہدایت کرنیوالا | ۹۵ | بدیع<br>۸۶<br>بغیر ذریعہ کے پیدا کرنیوالا | ۹۶ | باقی<br>۱۱۳<br>ہمیشہ رہنے والا |
| ۹۷ | وارث<br>۷۰۷<br>مالک | ۹۸ | رشید<br>۵۱۴<br>سیدھی تدبیر والا | ۹۹ | صبور<br>۲۹۸<br>بڑا تحمل کرنیوالا | ۱۰۰ | مغیث<br>۱۵۵۰<br>مددگار |
| ۱۰۱ | کافی<br>۱۱۱<br>کفایت کرنیوالا | ۱۰۲ | دافع<br>۱۵۵<br>دفع کرنے والا | ۱۰۳ | احد<br>۱۳<br>اکیلا | ۱۰۴ | منعم<br>۲۰۰<br>بخشش کرنیوالا |
| ۱۰۵ | معطی<br>۱۲۹<br>عطا کرنیوالا | | | | | | |

اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ امام ترمذی نے اس روایت کی تخریج فرمائی ہے ولید بن مسلم سے



Marfat.com

انہوں نے شعیب بن ابی حمزہ سے وہ ابی الزناد سے وہ اعرج سے وہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے وہ حضور پرنور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اور اس میں مذکورہ بالا ننانوے اسماء ہیں اور دوسری روایت بھی اسی طرح ہے مگر اس کے آخر میں کافی زیادہ ہے اور کہا گیا ہے کہ نصیبی کی روایت میں مقیت کے بدلے مغیث ہے اور بعض روایتوں میں مانع کے بجائے دافع ہے۔

اقول ویدل علیہ قولہ تعالیٰ ولولا دفع اللّٰہ الناس بعضھم ببعض و قولہ ان اللّٰہ یدفع عن الذین آمنوا اور در منشور اور جامع کبیر میں ۳ ناموں کا اضافہ ہے احد صمد سے پہلے اور منتقم سے پہلے منعم اور مانع سے پہلے معطی ہے۔

# فوائد و خواص اسمائے حسنٰی باری تعالیٰ

قال اللّٰہ تعالیٰ اعوذ باللّٰہ من الشیطٰن الرجیم وللّٰہ الاسماء الحسنیٰ فادعوہ بھا اور اللہ ہی کے بہترین نام ہیں تم ان ناموں کے ذریعہ اسے پکارو اور حدیث شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ان اللّٰہ تعالیٰ تسعۃ و تسعین اسماء من احصا ھا وقرأ ھا و عمل بھا دخل الجنۃ۔ (ترمذی ومشکوٰۃ شریف)

فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جو شخص انہیں یاد کرے گا اور پڑھے اور عمل کرے جنت میں داخل ہوگا۔ حضرت مشائخ کرام نے ہر ایک نام مبارک کی خاصیت اور پڑھنے کی ترکیب بیان فرمائی ہے اگرچہ خواص اور ترکیب کتب حدیث میں وارد نہیں ہیں مگر مجتہدین طریقت کو یہ خاصیتیں مکشوف ہوئی ہیں اور ان حضرات نے انہیں اپنی کتابوں میں تحریر فرمایا ہے تاکہ طالب صادق ان فیوض و برکات سے محروم نہ رہے حضرت شیخ محقق عبدالحق دہلوی قدس سرہٗ کا رسالہ مبارک المطلب الاعلیٰ فی شرح اسماء الحسنیٰ مشہور ہے یہ خواص حضرت شیخ کے اس رسالہ اور مخزن الدعوات و جواہر خمسہ و کاشف الاستار وغیرہ سے منقول ہیں۔

## (۱)...... یااللّٰہ (۶۶)

اسم ذات ہے اور تمام صفات الٰہیہ کا جامع ہے جو شخص ہزار بار روزانہ اس اسم شریف کا ورد رکھے صاحب یقین و مستجاب الدعوات ہو اور جو شخص سو مرتبہ روزانہ پڑھے اس کا باطن کشادہ ہو جائے اور اس اسم مربع پر کر کے گلے میں ڈالے تو تپ لرزہ کے لیے مفید ہے اور کند ذہن بچے کو سات دن یا گیارہ دن یا اکیس دن صبح نہار منہ تازہ روٹی پکا کر اس پر سات مرتبہ یا اللہ لکھ کر کھلانے سے بچہ کا ذہن کھل جاتا ہے اور شفا۔



Marfat.com

امراض کے لیے ۶۶ مرتبہ لکھ کر مریض کو پلائیں اور آسیب زدہ کو بھی دھو کر پلائیں اور جو کوئی اس اسم کو کسی برتن میں بلا تعداد جس قدر اس برتن میں گنجائش ہو لکھ کر دھو کر اس کا پانی مصروع یا آسیب زدہ پر چھڑک دے تو اس کا آسیب جل جائے گا مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۴۶ | ۱ |
| ۴۵ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۴۸ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۴۷ |

(۲)......یا رحمٰن (جمالی ۲۹۸):

نسیان وغفلت اور سختی قلب دور ہونے کے لیے ہر نماز کے بعد سو مرتبہ ورد رکھے کامیاب ہو اور واسطے درد اور صحت دل و سینہ وجگر جملہ امراض کے لیے یہ مربع مفید ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۷۲ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۲۷۱ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۲۷۰ |
| ۱۰ | ۲۶۹ | ۴ | ۱۵ |

(۳)......یارحیم (جمالی ۲۵۸):

جو شخص اس اسم مبارک کو بعد نماز صبح سو مرتبہ پڑھے مخلوق اس پر مہربان ہو اسم یارحمٰن یارحیم لوہے یا تانبے کے پتر پر کندہ کرا کے انگشتری میں بجائے نگینہ رکھ کر پہنے کوئی تکلیف ومصیبت اسے نہ پہنچے اور ہر حاجت پوری ہو جمعہ کے دن کندہ کرانا بہتر ہے اور ہر حالت کے لیے جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد کسی سے کلام نہ کرے اسی جگہ بیٹھ کر ان تینوں اسمائے مبارکہ یااللہ یارحمٰن یارحیم کو پڑھتا رہے جب آفتاب غروب ہو جائے تو سر سجدہ میں رکھ کر حاجت عرض کرے مراد حاصل ہو گی اور تاخیر ہو تو دوسرے تیسرے جمعہ کو بھی اسی طرح عمل کرے یہ عمل مجرب وآزمودہ ہے اور فقیر نے کئی شخصوں کو اہم کاموں کے لیے بتایا وہ کامیاب ہوئے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۳۲ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۲۳۱ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۲۳۰ |
| ۱۰ | ۲۲۹ | ۴ | ۱۵ |

(۴)......یا ملک (مشترک ۹۰):

تصفیہ قلب اور تسخیر اور حصول منصب ومرتبہ کے لیے ہر روز نوے مرتبہ پڑھنا از حد مفید ہے اور اسم مبارک القدوس کے ساتھ ملا کر پڑھنے سے جاہ اور مرتبہ قائم وباقی رہتے ہیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۲ | ۲۵ | ۲۸ | ۱۵ |
| ۲۷ | ۱۶ | ۲۱ | ۲۶ |
| ۱۷ | ۳۰ | ۲۳ | ۲۰ |
| ۲۴ | ۱۹ | ۱۸ | ۲۹ |



Marfat.com

## (۵)......یا قدوس (مشترک ۱۷۰):

اسم پاک ہر روز سو بار زوال آفتاب کے وقت پڑھے صفائی قلب نصیب ہو اور جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھائے صفات جمیلہ اور ملکوتیہ پیدا ہوں گے۔ فراخی رزق کے لیے ہزار مرتبہ پڑھ کر کھانے پر دم کرے اس کھانے میں برکت و وسعت ہو۔ خصوصاً دعوتوں کے کھانے میں اتنی برکت ہوگی کہ سب کو بفضل خدا کافی ہوگا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۲ | ۴۵ | ۴۸ | ۳۵ |
| ۴۷ | ۳۶ | ۴۱ | ۴۶ |
| ۳۷ | ۵۰ | ۴۳ | ۴۰ |
| ۴۴ | ۳۹ | ۳۸ | ۴۹ |

### عمل دیگر:

بعد نماز صبح درود شریف سو بار اللہ الصمد تین سو بار یا قدوس ہزار بار پڑھنا فراخی رزق کے لیے مجرب ہے۔

## (۶)......یاسلام (جمالی ۱۳۱):

اس اسم پاک کو ایک سو نوے مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے مخالف کو کھلائے۔ مہربان ہو اور بیمار کے لیے ایک سو گیارہ بار پڑھ کر دم کرے صحت ہو اور گھبراہٹ و بے چینی کے لیے دو سو مرتبہ پڑھ کر دل پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے پلائے اور پڑھتے وقت دایاں ہاتھ دل پر رکھے۔ اضطراب دور ہو نیز جو کوئی تین ہزار بار تین دن تک کسی بیمار کے لیے پڑھے بیمار بہت جلد شفایاب ہوگا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۲ | ۳۵ | ۳۹ | ۲۵ |
| ۳۸ | ۲۶ | ۳۱ | ۳۶ |
| ۲۷ | ۴۱ | ۳۳ | ۳۰ |
| ۳۴ | ۲۹ | ۲۸ | ۴۰ |

## (۷)......یامومن (جمالی ۱۳۶):

اگر اسم مبارک کو ایک سو سرسٹھ بار روزانہ پڑھے شیطان کے شر سے محفوظ رہے اور چاندی کے نگینہ پر کندہ کرا کے پہنے تسخیر کا فائدہ حاصل ہو۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۳ | ۳۷ | ۴۰ | ۲۶ |
| ۳۹ | ۲۷ | ۳۲ | ۳۸ |
| ۲۸ | ۴۲ | ۳۵ | ۳۱ |
| ۳۶ | ۳۰ | ۲۹ | ۴۱ |

## (۸)......یامھیمن (جمالی ۱۴۵):

اگر اس کو غسل و طہارت کے ساتھ ہر روز سو مرتبہ پڑھے تو دل کے بھید پوشیدہ باتیں معلوم ہوں اور ج... آفات سے پناہ میں رہے اور وہ شخص جنتی ہو جو کہ اس اسم کی مواظبت کرے۔



Marfat.com

## (۹)......یاعزیز (جلالی۹۴):

یاعزیز ۷۸۶ مظہرو مضمر

| | | | |
|---|---|---|---|
| ز۲۳ | ی۲۶ | ز۲۹ | ع۱۶ |
| ع۲۸ | ز۱۷ | ی۲۲ | ز۲۷ |
| ی۱۸ | ز۳۱ | ع۲۴ | ز۲۱ |
| ز۲۵ | ع۲۰ | ز۱۹ | ی۳۰ |

اگر اس اسم مبارک کو روزانہ سنت و فرض فجر کے درمیان ۴۱ بار پڑھے تو محتاجی دور رہے اور اس اسم پاک کے مظہر و مضمر نقوش کو کندہ کرا کے پہننا تسخیر اور جلب منافع کے لیے بہت مفید ہے۔

## (۱۰)...... یاجبار (جلالی۲۰۶):

یاجبار ۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۱ | ۵۴ | ۵۷ | ۴۴ |
| ۵۶ | ۴۵ | ۵۰ | ۵۵ |
| ۴۶ | ۵۹ | ۵۲ | ۴۹ |
| ۵۳ | ۴۸ | ۴۷ | ۵۸ |

مقہوری دشمناں کے لیے بعد نماز جمعہ تین سو بار پڑھے اور مسبعات عشر کے بعد ۲۱ بار پڑھنا ظالموں کے شر سے نجات کے لیے از حد مفید ہے اور نقش کندہ کرا کے ہاتھ میں پہننا مخلوق کے اندر دبدبہ پیدا ہونے کے لیے مفید ہے۔

## (۱۱)...... یامتکبر (جلالی۶۶۲):

قبل از جماع دس مرتبہ پڑھے فرزند نصیب ہو اور پرہیز گار ہو اور ہر کام کے شروع میں پڑھنا حصول مراد کے لیے مفید ہے۔

## (۱۲)......یاخالق (جمالی۷۳۱):

جو شخص اس اسم پاک کا ورد کثرت سے کرے اس کا دل اور منہ روشن و منور ہو اور اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ کو پیدا کرے تا کہ عبادت کرے اور اس بندہ کے حق میں دعا کرے اور قیامت کے دن اس کا چہرہ نورانی ہو۔

## (۱۳)......یاباری (مشترک۲۱۳):

جو شخص اس اسم کو ہفتہ بھر سو مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ قبر میں اسے تنہا نہ چھوڑے گا بلکہ ریاض قدس میں جگہ دے گا اور اگر حکیم ڈاکٹر اس اسم پاک کا ورد رکھیں تو ان کا علاج صحیح رہے اور محبت و تسخیر کے لیے خوشبودار پھولوں پر ۷۵ بار پڑھ کر اس کا اور اپنا نام لے کر دم کرے اور مطلوب کو سنگھائے تو اس کی محبت اس کے دل میں پیدا ہو۔

## (۱۴)......یامصور (جمالی۳۳۶):

بانجھ عورت اور اس کا شوہر دونوں سات دن روزہ رکھیں اور افطار کے وقت اکیس بار اس اسم پاک کو پانی پر دم کر کے اسی سے افطار کریں انشاء اللہ نیک فرزند نصیب ہو گا اور جلد اول میں عمل ۱۷۸ میں نقش مذکور ہے۔ تسخیر

Marfat.com

کے لیے وضو کرنے کے وقت انگشت شہادت سے پیشانی پر لکھے جس سے ملاقات کرے وہ اس کا دوست ہو۔

**(۱۵)......یاغفار (جمالی ۱۲۸۱):**

بعد نماز جمعہ سو مرتبہ پڑھے یَاغَفَّارُ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ اللہ تعالیٰ اس کے سب گناہ بخش دے گا۔

**(۱۶)......یاقہار (۳۰۶):**

کسی بھی مشکل و دشوار کام کے لیے ہر روز سو مرتبہ پڑھے مشکل آسان ہوگی اور مقہوری دشمناں کے لیے جمعہ کے دن جمعہ کے فرض وسنت کے درمیان سو مرتبہ پڑھے تو دشمن مقہور ہو جائیں گے اور تفریق کے لیے عمل باب العداوت میں گزر چکا ہے۔

**(۱۷)......یاوھاب (جلالی ۱۴):**

یہ اسم بہت سے کاموں کے لیے مفید و مجرب ہے۔ جو شخص نماز چاشت کے بعد سر سجدہ میں رکھ کر سات بار پڑھے وہ مخلوق سے مستغنی و بے نیاز ہو جائے۔ فراخی رزق کے لیے بعد عشاء ایک ہزار پینتیس مرتبہ اسی طرح پڑھے یَاوَھَّابَ ذَوالطَّوْلِ روزی اس پر فراخ ہو۔

ہر اہم حاجت کے لیے یا جو شخص دشمن کے پنجہ میں گرفتار ہو یا قید ہو یا ملازمت سے معزول ہو یا انشراح صدر نہ ہوتا ہو۔ وہ تین شب متواتر آدھی رات کو اٹھ کر کامل طہارت کرے اور صحن یا مسجد میں دو رکعت تحیۃ الوضو ادا کرے پھر تین سجدہ کر کے ہاتھ اٹھا کر بلند آواز سے یاوہاب سو مرتبہ پڑھے پھر دعا مانگے اور اپنی حاجت عرض کرے ان شاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

## عمل خاص تونگری و فراخی رزق:

جمعرات یا جمعہ کو روزہ رکھے فجر کی نماز سے پہلے سو مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد چار رکعت نفل ادا کرے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی پندرہ مرتبہ اور قل ھو اللہ شریف پانچ مرتبہ پڑھے بعد سلام یا وہاب ۱۴ بار پڑھ کر دعا کرے۔

**نوٹ:** یہ نماز طلوع فجر سے پہلے پڑھے کہ بعد فجر نفل نماز مشروع نہیں ہے۔

**دیگر:**

بعد نماز عشاء یاوہاب چار ہزار چار سو چوالیس بار ایک نشست میں چالیس دن تک پڑھے۔



Marfat.com

**دیگر یاوھاب:**

ھَبْ لِیْ مُلْکَ عِشْقِکَ یَاوَھَّابُ ھَبْ لِیْ مُلْکَ رِزْقِکَ یَاوَھَّابُ ۷۰۰ مرتبہ روزانہ ایک چلہ پڑھے۔

**(۱۸)......یارزاق (جمالی ۳۰۸):**

جو شخص صبح صادق کے بعد نماز فجر سے پہلے گھر کے ہر گوشہ میں دس مرتبہ پڑھے وہ فقروفاقہ سے خلاصی پائے مگر داہنے جانب سے شروع کرے اور قبلہ رو ہوکر پڑھے دیگر روزانہ پانچ سو پینتالیس بار پڑھنا فراخی رزق کے لیے مجرب ہے اور اس کا نقش اپنے پاس رکھنا بھی مفید ہے اور اسم رزاق کی دعوت کا طریقہ جلد اول میں درج ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| انّ اللہ | ھوالرزاق | ذوالقوۃ | المتین |
| المتین | ذوالقوۃ | ھوالرزاق | ان اللہ |
| ھوالرزاق | ان اللہ | المتین | ذوالقوۃ |
| ذوالقوۃ | المتین | ان اللہ | ھوالرزاق |

**(۱۹)......یافتاح (جمالی ۴۸۹):**

صفائی قلب ونورانیت کے لیے مفید ہے چاہیے کہ بعد نماز صبح سینہ پر ہاتھ رکھ کر سات یا ستر مرتبہ اس اسم پاک کو پڑھے۔

**(۲۰)......یاعلیم (مشترک ۱۵۰):**

اس اسم پاک کی کثرت معرفت باری تعالیٰ کے لیے مفید ہے اور یاعلیم اکیس مرتبہ پانی پر دم کر کے چالیس دن تک نہار منہ پلانے سے بچہ صاحب علم ہوگا اور حافظہ اس کا روشن ہو جائے گا۔

**دیگر:**

امر مخفی کے معلوم کرنے کے لیے تین راتیں متواتر وضو کر کے دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھے پھر اس اسم پاک کو ڈیڑھ سو مرتبہ پڑھ کر درود شریف پڑھتا ہوا سو جائے وہ امر ظاہر ہوگا۔

**دیگر:**

جمعہ کی شب میں اول وآخر سو سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں چار سو پچاس مرتبہ اس اسم پاک کو پڑھ کر دعا کرے جو مشکل کام ہوگا آسان ہو جائے گا۔

**(۲۱)......یاقابض (۹۰۳):**

عذاب قبر سے حفاظت کے لیے چالیس دن تک روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھائے اور اسی طرح عمل کرنے



Marfat.com

سے فاقہ سے بھی محفوظ رہے گا۔

دیگر:

مقہوری دشمنان کے لیے تین راتیں متواتر ہزار بار مقہوری اعداء کی نیت سے پڑھے اور نکسیر یا حیض یا بواسیر کے خون کو روکنے کا تعویذ جلد اول میں گزر چکا ہے۔

(۲۲)......یاباسط (۷۲):

فراخی رزق کے لیے صبح کو ہاتھ پھیلا کر دس مرتبہ پڑھے اور ہاتھوں کو چہرہ پر مل لے ان شاء اللہ کسی کا محتاج نہ ہوگا اور روزانہ گیارہ سو بار پڑھنا تنگدستی سے نجات دلاتا ہے۔

دیگر: بعد نماز صبح یا عشا گھر کے صحن یا مسجد میں ایسی جگہ کھڑا ہو کہ آسمان اور اس کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو اور سر برہنہ ہو کر اول سو مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سو مرتبہ یا باسط پڑھے اور قبلہ کی طرف دم کرے بعد ازاں سو مرتبہ یا باسط پڑھ کر مغرب وشمال کے گوشہ کی جانب دم کرے اس کے بعد شمال کی جانب اس کے بعد شمال ومشرق کے گوشہ کی جانب پھر مشرق کی طرف اس کے بعد مشرق وجنوب کے گوشہ کی جانب پھر جانب جنوب پھر جنوب وغرب کے گوشہ کی طرف ہر دفعہ سو سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے بعد ازاں آسمان کی طرف پھر زمین کی جانب سو سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے سب مجموعہ ایک ہزار ایک مرتبہ ہوا پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر فراخی رزق کے لیے بارگاہ رب العزت میں دعا کرے یہ عمل چالیس روز کرے اگر مراد کو پہنچے تو مداومت کرے ورنہ بعد تین چلے کے ترک کر دے۔ پرہیز گوشت گائے، مچھلی، لہسن، پیاز سے کرے۔

دیگر برائے دفع سحر:

اگر کسی پر سحر کا اثر اس طریقہ کا ہو کہ جسم میں سوئی کی طرح چبھن معلوم پڑتی ہو تو اس اسم کو لکھ کر گرم پانی میں ڈالے اور داڑھی اسی پانی سے دھوئے ان شاء اللہ صحت کلی ہو اور اجرائے حیض کے لیے جلد اول میں نقش مذکور ہے۔

(۲۳)......یاخافض (جمالی ۱۴۸۱):

یہ اسم پاک دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے ہر روز سات ہزار بار پڑھنا مفید ہے۔

عمل دیگر: تین دن روزہ رکھے اور ان ایام میں بے تعداد جس قدر ہو سکے پڑھے۔ چوتھے دن روزہ رکھ کر خلوت میں دو رکعت نماز نفل ادا کر کے ستر ہزار بار ایک جلسہ میں پڑھ کر سجدہ میں جا کر دعا دفع اعداء کے لیے کرے۔



Marfat.com

(۲۴)......**یارافع** (جلالی ۳۵۱):
دوپہر کو یا آدھی رات کو ہر روز سو بار پڑھے برگزیدہ اور تونگر ہو جائے۔

(۲۵)......**یامعز** (جلالی ۱۱۷):
جو شخص شب جمعہ یا دوشنبہ کو بعد نماز مغرب اکتالیس بار پڑھے۔ مخلوق کی نظر میں اس کی عزت و عزت و ہیبت زیادہ ہو اور جو شخص یَا عَزِیْزُ یَا مُعِزُّ عِزَّنِیْ بِعِزَّتِكَ کثرت سے پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو عزیز فرمائے۔

(۲۶)......**یامذل** (جلالی ۷۷۰):
جو شخص کسی ظالم یا دشمن کے درمیان گرفتار ہو جائے وہ اسم پاک کو پچھتر مرتبہ پڑھ کر سجدہ میں جا کر یہ دعا کرے۔ الٰہی مرا از شر فلاں امان دہ، اللہ تعالیٰ اسے اپنی امان میں فرمالے گا۔
دیگر: اگر دشمن کسی کے ملک پر قبضہ کرلیں اور اس کو مقابلہ کی قوت نہ ہو اسے چاہیے کہ روزانہ دس ہزار مرتبہ پڑھ کر دعا کرے۔ اللہ تعالیٰ دشمنوں کو دفع فرمائے گا۔ یہ عمل اکتیس دن پڑھے۔

(۲۷)......**یاسَمِیْعُ یابَصِیْرُ** جلالی (۱۸۰-۳۰۲):
جو شخص جمعرات کے دن اس اسم پاک کو نماز چاشت کے بعد یا سمیع پانچ سو مرتبہ پڑھے اور بعضوں نے فرمایا کہ ہر روز سو مرتبہ پڑھے وہ مستجاب الدعوات ہو اور جو شخص یا بصیر کو صبح کے فرض و سنت کے درمیان سو مرتبہ پڑھے عند اللہ مقبول و منظور ہو۔
دیگر: اور جو شخص ان دونوں ناموں کو ہر روز چار سو اسی بار پڑھے کسی کا محتاج نہ ہوگا۔
دیگر: اور جو شخص صبح کی نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھ لیا کرے اس کے تمام کام پورے ہوں۔ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔
دیگر: جو شخص بعد نماز یا بصیر تین سو دو مرتبہ پڑھے اس کے کام بلا سعی کے پورے ہوں۔

(۲۸)......**یاحکم** (جلالی ۶۸):
جو شخص جمعہ کی شب میں اس اسم پاک کو اس قدر پڑھے کہ بے خود ہو جائے اللہ تعالیٰ اس کے باطن کو معدن اسرار کرے۔

(۲۹)......**یاعدل** (جلالی ۱۰۴):
جو شخص جمعہ کی شب میں روٹی کے اکیس ٹکڑوں پر اس اسم کو لکھ کر کھائے مخلوق اس کی تابع فرمان ہو۔



Marfat.com

(۳۰)......یالطیف (جمالی ۱۲۹):

محتاجی دور ہونے کے لیے اور مرض قوی کے دفع ہونے کے لیے اور لڑکی کا شوہر ملنے کے لیے مفید ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ طہارت کر کے تنہائی میں دو رکعت تحیتہ الوضو پڑھ کر سو بار یالطیف پڑھے تا حصول مراد جاری رکھے ان شاء اللہ مقصود حاصل ہوگا۔

دیگر: سخت دشوار امور کے لیے منگل، بدھ، جمعرات کو روزہ رکھے اور بدھ کی رات میں آدھی رات کے بعد غسل کر کے تحیتہ الوضو پڑھ کر دو رکعت نماز پڑھ کر حضرت مخدوم جہانیاں و حضرت شاہ قطب عالم قدس سرہما اللہ کی روح کو ایصال ثواب کرے۔ ہر رکعت میں بعد فاتحہ آیۃ الکرسی آمن الرسول تا الیك المصیر اور سورہ اخلاص تین تین بار پڑھے بعد سلام دعا حصول حاجات اور مرشد کی حیات کی دعا کرے اگر مرشد زندہ نہ ہو تو دوگانہ کے ثواب میں انہیں بھی شریک کرے، بعد ختم دعا پانچ سو سنتالیس بار یالطیف پڑھے پھر اس دعا کو تنتالیس بار پڑھے اسی طرح جمعرات و جمعہ کی شب میں بھی کرے ان شاء اللہ مقصود حاصل ہوگا۔ دعا یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ اِلٰهِيْ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ اللَّطِيْفِ اللَّطِيْفِ اللَّطِيْفِ يَا مَنْ وَسِعَ لُطْفُهٗ اَهْلَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَسْئَلُكَ اَنْ تَلْطُفَ لِيْ مِنْ خَفِيِّ لُطْفِ الخفی الخفی الذی اذا لطفت بِهٖ لِاَحَدٍ مِنْ عِبَادِكَ لَكُفِيَ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ اُلْطُفْ لِيْ اَللّٰهُمَّ بِلُطْفِكَ الْخَفِيِّ يَا خَفِيَّ الْاَلْطَافِ نَجِّنَا مِمَّا نَخَافُ بِحَقِّ سُوْرَةِ الْاَعْرَافِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

اور اس کا ایک مجرب عمل جلد اول میں ہے۔

(۳۱)......یاخبیر (مشترک ۸۱۲):

جو شخص اپنے نفس بدکیش میں گرفتار ہو وہ اس اسم شریف کی کثرت کرے نجات پائے گا۔

(۳۲)......یاحلیم (جمالی ۸۸):

غصہ کو دفع کرنے کے لیے سو مرتبہ پڑھنا مفید ہے اور اگر کھیتی کے لیے کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر کھیت میں چھڑکے تو کھیتی کو کوئی آفت نہ پہنچے اور بیمار کے سرہانے سورہ فاتحہ ایک بار یاحلیم گیارہ بار پڑھ کر دم کرے صحیح تندرست ہو جائے اور اختلاج قلب کے لیے سینہ پر ہاتھ رکھ کر دو سو مرتبہ پڑھے شفا ہو اور یہ ممکن نہ ہو تو پانی پر دم کر کے پلائے۔

(۳۳)......**یاعظیم** (جمالی ۱۰۲۰):
جو شخص اس اسم پاک کو کثرت سے پڑھے۔ خلائق کی نظر میں مکرم و معظم ہو۔

(۳۴)......**یاغفور** (جمالی ۱۲۸۶):
صفائی قلب کے لیے بے حد مفید ہے اور جو شخص سجدہ میں سر رکھ کر تین بار یا رب اغفرلی پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرمائے اور جس شخص کو دردِ سر یا اور کوئی مرض شدید ہو جائے اس اسم کو نو مرتبہ لکھ کر کھلائیں صحت ہو۔ لکھنے میں ف کا سر کھلا رہے (یاغفور) اور جسے بخار آتا ہو یا سر میں درد ہو۔ وہ اس اسم پاک کو کاغذ پر لکھ کر اس کی گیلی سیاہی پر روٹی کا ٹکڑا لگا کر وہ نقش روٹی میں جذب کرلے اور اس ٹکڑے کو کھالے۔ تین دن میں شفا ہو گی۔

(۳۵)......**یاشکور** (جمالی ۵۲۶):
یہ اسم تنگی معاش کے لیے پڑھنا مفید ہے اور تیزی بصر کے لیے ۴۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے آنکھوں میں وہ پانی ڈالیں اور چہرہ پر ملیں، بصارت زیادہ ہو اور تنگی جاتی رہے۔

(۳۶)......**یاعلی** (جلالی ۱۱۰):
جو شخص اس اسم پاک کو ایک سو پندرہ مرتبہ پڑھے عزت نصیب ہو اور سفر میں پڑھے تو بخیر و عافیت وطن واپس آئے اور خونی بواسیر کے لیے ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے ان شاء اللہ سات روز میں خون بند ہو گا اور اولاد ہونے کے لیے تین بار پڑھ کر دم کرنا مفید ہے۔

(۳۷)......**یاکبیر** (جمالی ۲۳۲):
جو شخص اس اسم کو ایک سو بار پڑھے لوگوں کی نظر میں مہیب و باوقار ہو جائے اور اس سے کام بنیں۔

(۳۸)......**یاحفیظ** (جمالی ۹۹۸):
جو شخص جلنے، ڈوبنے اور نظر بد سے خوف رکھتا ہو ہر روز اس اسم پاک کو سولہ مرتبہ پڑھے اور اس کا نقش لکھ کر بازو پر باندھے ہر آفت سے بے خوف ہو جائے گا اور اگر اس نقش کے مفردات نقش اجل کے ساتھ تانبا یا چاندی کے پتر پر کندہ کرا کے بچوں کے گلے میں ڈالیں ہر بلا سے محفوظ رہیں۔

(۳۹)......**یامقیت** (جلالی ۵۵۰):
جو بچہ بری عادت رکھتا ہو اور روتا ہو اس اسم پاک کو سات مرتبہ پڑھ کر ایک خالی کوزہ میں دم کر کے اس سے پانی پلائیں اور جو شخص روزہ رکھنے سے خوف ہلاکت محسوس کرتا ہو وہ پھولوں پر گیارہ بار پڑھ کر دم کرے تو قوت نصیب ہو گی اور روزہ رکھ سکے گا۔



Marfat.com

(۴۰)......یا حسیب (جمالی ۸۰):

جو شخص چور یا پڑوسی یا زخم چشم سے پریشان ہو وہ سات روز صبح و شام ستتر مرتبہ روزانہ اس طرح پڑھے۔ حسبی اللہ الحسیب لیکن جمعرات سے شروع کرے ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

(۴۱)......یاجلیل (جمالی ۷۳):

جو شخص مشک و زعفران سے اس اسم پاک کو لکھ کر اپنے پاس رکھے خلائق کی نظر میں مکرم و معظم ہو۔

(۴۲)......یا کریم (جمالی ۲۷۰):

جو شخص اس اسم مبارک کو سونے کے وقت کثرت سے پڑھے اور سو جائے فرشتے اس کے حق میں یہ دعا کرتے رہیں گے۔ اکرمَكَ اللہ یہاں تک کہ وہ خلائق کی نظر میں مکرم ہو جائے گا۔

(۴۳)......یارقیب (جمالی ۳۱۲):

جو شخص روزانہ اس اسم پاک کو سات مرتبہ پڑھ کر زن و فرزند و اپنے اوپر دم کرے سب آفت و بلا سے محفوظ رہیں۔

(۴۴)......یامجیب (جلالی ۵۵):

جو شخص اس اسم پاک کو بکثرت پڑھے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے جو دعا کرے قبول ہو۔

(۴۵)......یاواسع (جلالی ۱۳۷):

اس اسم پاک کے پڑھنے والے کو قناعت و برکت حاصل ہوگی۔

(۴۶)......یاحکیم (جمالی ۷۸):

جس کو کوئی سخت حاجت پیش آئے اس اسم کی مداومت کرے پوری ہوگی۔

(۴۷)......یاودود (جمالی ۲۰):

میاں بیوی کی محبت کے لیے یا دو شخصوں کے درمیان عداوت ہو اس اسم پاک کو ایک ہزار ایک بار شیرینی یا کھانے پر دم کر کے کھلائیں محبت و اتفاق ہو اور دوسری ترکیبیں پہلے گزر چکی ہیں۔

(۴۸)......یامجید (جمالی ۵۷):

آبلہ جذام و برص کے لیے مفید ہے چاہیے کہ ایام بیض یعنی ۱۳-۱۴-۱۵ کو روزہ رکھے افطار کے وقت اس اسم کی کثرت کرے یا اس کے اعداد کے مطابق پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لے صحت ہوگی یا سات ہزار مرتبہ اس نام پاک کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لے اور سات مرتبہ یہ دعا ہاتھ اٹھا کر پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُذَامِ وَمِنْ سَیِّیِٔ الْاَسْقَامِ اور جو شخص لوگوں کی نظر میں بے عزت ہو صبح کے وقت ننانوے مرتبہ پڑھے ان شاء

اللہ تعالیٰ معظم و مکرم ہو جائے۔

**(۴۹)......یاباعث** (جمالی ۵۷۳):

دل میں نور پیدا ہونے کے لیے دوسوایک مرتبہ سینہ پر ہاتھ رکھ کر پڑھے اس کا دل منور ہو جائے۔

**(۵۰)......یاشھید** (جمالی ۳۱۹):

جس کے بچے نافرمان ہوں وہ صبح کے وقت ان کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر اور آسمان کی طرف منہ کر کے اکیس بار پڑھے اللہ تعالیٰ انہیں نیک کر دے گا۔

**(۵۱)......یاحق** (جلالی ۱۰۸):

جس کا سامان چوری ہو جائے یا گم ہو جائے وہ یہ نقش لکھ کر سامان کی تفصیل اندر لکھے اور کو اٹھ کر وضو کر کے یہ نقش ہاتھ میں لے کر آسمان کی طرف منہ کر کے یا حق ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھے اور اس اسم مبارک کو بارگاہ خداوندی میں شفیع بنا کر سامان ملنے یا پتہ لگنے کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حاصل ہوگا۔




**دیگر:** جو شخص قید ہو گیا ہو وہ آدھی رات کو سر برہنہ ہو کر ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھ کر دعا کرے خلاصی نصیب ہو۔

**(۵۲)......یا وکیل** (جمالی ۶۶):

بجلی کی کڑک کے وقت یا آندھی و تیز بارش کے وقت یا آگ لگنے کے وقت اس اسم کی کثرت بہت مفید ہے اور سب آفتوں سے نجات رہے گی۔

**(۵۳)......یاقوی** (جلالی ۱۱۶):

دشمن کو دفع کرنے کے لیے باوضو سپید کپڑا پہن کر قبلہ رو بیٹھ کر ایک ہزار ایک آٹے کی گولیوں پر یاقوی لکھے پھر طشت میں رکھ کر چھت پر رکھ دے تا کہ پرند کھا جائیں دشمن دفع ہوں گے اگر کوئی شخص لکھنا نہ جانتا ہو تو وہ ہر ایک گولی پر ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پرندوں کو ڈال دے مگر پہلی صورت زیادہ بہتر اور مجرب ہے اور جمعہ کے دن اس اسم مبارک کو سورج نکلنے کے ایک گھنٹہ بعد تین ہزار بار پڑھے نسیان دور ہوگا اور سات جمعہ تک عمل جاری رکھے۔

**(۵۴)......یامتین** (جمالی ۵۰۰):

جس بچے کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو اسے یا متین کاغذ پر لکھ کر پلائیں تسلی ہوگی اور ماں کا دودھ کم ہو تو اسی اسم پاک کو لکھ کر پلائیں دودھ زیادہ ہوگا۔



Marfat.com

(۵۵)......یاولی (جمالی ۴۶):

جس کی عورت نافرمان وبدعادت ہو اس اسم کی کثرت کرے خصوصاً ملاقات سے پہلے۔

(۵۶)......یاحمید (جمالی ۶۲):

جو شخص فحش گو ہو اور زبان محفوظ نہ رہتی ہو وہ اس اسم پاک کو پیالے میں لکھ کر یا کندہ کرالے اور اسی سے پانی ہمیشہ پیے ان شاء اللہ زبان محفوظ ہو جائے گی اور عبارت یوں لکھے۔ یاحمید الفعال ذاالمن علی جمیع خلقه بلطفه یاحمید۔

(۵۷)......یامحصی (جلالی ۱۴۸):

جو شخص اس اسم پاک کو شب جمعہ میں ایک ہزار ایک بار پڑھے عذاب قبر اور عدالت محشر سے بے خوف ہو جائے۔

(۵۸)......یامبدی (جلالی ۵۶):

جس عورت کا حمل گر جاتا ہو اسے چاہیے کہ جب حمل سے ہو جائے روزانہ نوے مرتبہ صبح کو پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے شکم کا حصار کرلے حمل ساقط ہونے سے محفوظ رہے گا اور اس کی مداومت کرنے والا صدق وصواب کا حامل ہوگا۔

(۵۹)......یامعید (جمالی ۱۲۴):

اگر کوئی غائب ہو گیا ہو اس کے لیے سونے کے وقت مکان کے چاروں گوشوں میں ستر ستر مرتبہ یامعید پڑھ کر یہ کہے یَامُعِیْدُ رُدَّعَلَیَّ فلاناً فلانا کی جگہ اس کا نام اور اس کی ماں کا نام لے ان شاء اللہ جلد آجائے گا یا اس کی خبر آجائے گی اور کسی نے قرض لے لیا ہو اور نہ دیتا ہو تو اس کے نام کے عدد کے برابر پڑھے ان شاء اللہ دے دے گا۔

(۶۰)......یامحی (جلالی ۶۸):

بدن میں درد ہو یا عورت کو درد خاص ہو تو سات دن ہر روز سات سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے شفا ہوگی۔

(۶۱)......یاممیت (جلالی ۴۹۰):

جو شخص نفس امارہ سے عاجز ہو وہ سونے کے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کر اس اسم پاک کو پڑھتے ہوئے سو جائے اس کا نفس مغلوب ہوگا۔

دیگر: ہلاکی دشمن کے لیے ہفتہ کی رات میں چار سو نوے مرتبہ پڑھے۔ دشمن مقہور ہوگا۔



Marfat.com

(۶۲)......یاحی (جلالی ۱۸):
جو شخص بیمار رہتا ہو ہر روز ستر مرتبہ پڑھ کر دم کرے یا کسی سے دم کرائے اگر ہر روز ستر بار پڑھے عمر دراز ہو اور اس کی قوت روحانیہ زیادہ ہو اور بعض کے نزدیک یاحی یا قیوم اسم اعظم ہے۔

(۶۳)......یاقیوم (جلالی ۱۵۶):
صبح کو اس اسم کی کثرت قوت تصرف پیدا کرتا ہے اور مہمات کے لیے بھی مفید ہے۔

(۶۴)......یاواجد (جلالی ۱۴):
تونگری کے لیے اس اسم پاک کی کثرت مفید ہے اور اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے تو اس اسم پاک کو لکھ کر ہاتھ میں رکھ کر یاواجد پڑھتے ہوئے تلاش کرے مل جائے گی اور کھانے کے وقت ہر نوالہ کے ساتھ پڑھنے سے وہ کھانا پیٹ میں نور ہو جاتا ہے۔

(۶۵)......یاماجد (جلالی ۴۸):
جو شخص اس اسم پاک کی کثرت کرے اللہ تعالیٰ اس کے دل میں نور پیدا کرے گا۔

(۶۶)......یاواحد (جلالی ۱۹) یا احد (جلالی ۱۳):
جو شخص خائف ہو وہ اس اسم پاک کو ایک ہزار ایک بار پڑھے اس کے دل سے خوف زائل ہو گا اور مقرب بارگاہ ہو گا اور اگر فرزند کی آرزو ہو تو اس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔
دیگر: اولاد نرینہ پیدا ہونے کے لیے اس اسم پاک کے نقش کو زن و شوہر دونوں اپنے پاس رکھیں۔

(۶۷)......یاصمد (جمالی ۱۳۴):
جو شخص آدھی رات کو یا صبح کے وقت سجدہ میں سر رکھ کر ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے وہ صادق الحال والقال ہو گا اور ہرگز کسی ظالم کے ہاتھ میں گرفتار نہ ہو گا اور اس کی کثرت فقر و فاقہ کو دور کرتی ہے اور اللہ الصمد کا عمل جلد اول میں گزرا کہ ہر اہم کام کے لیے مجرب ہے۔
دیگر: مال داری کے لیے اس کی کثرت مفید ہے۔
دیگر: حصول غنا کے لیے اس طرح پڑھے کہ اول و آخر سو سو مرتبہ درود شریف اور درمیان میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر سورہ اخلاص شروع کرے قل ھو اللہ احد اللہ الصمد "اللہ الصمد" کو سو مرتبہ پڑھے آخری مرتبہ لم یلد و لم یولد و لم یکن لہٗ کفوا احد پڑھے پھر اسی طرح شروع کرے گیارہ سو مرتبہ اللہ الصمد گیارہ مرتبہ میں پڑھے ان شاء اللہ جلد مقصود حاصل ہو گا۔
دیگر: ایک چلہ تک روزانہ تین ہزار ایک سو پانچ مرتبہ اول و آخر درود شریف ۲۵-۲۵ بار پڑھے اور پرہیز جلالی



Marfat.com

کرے۔

(۶۸)......یاقادر (جلالی ۳۰۵):

حل مشکلات کے لیے اکتالیس بار پڑھ کر دعا کرنے سے قبول ہوگی۔

دیگر: دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے یا قوی یا قادر ایک ہزار ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار پڑھے۔

(۶۹)......یامقتدر (جلالی ۷۴۴):

جو شخص بیدار ہونے کے وقت آنکھیں بند کر کے اکیس بار پڑھے دل سے غفلت دور ہو اور سب کام ٹھیک سے انجام کو پہنچیں۔

(۷۰)......یامقدم (جلالی ۱۸۴):

جو شخص جنگ یا کسی خوف کی جگہ ہو اور دل میں استقلال نہ ہو تو اس اسم پاک کو کثرت سے پڑھے اور اس کی کثرت طاعت الٰہی کی جانب متوجہ کرتی ہے۔

(۷۱)......یامؤخر (جلالی ۸۴۶):

جو شخص ہر روز سو بار پڑھے اس کا دل اللہ تعالیٰ کی محبت اور اس کی یاد میں رہے اور ہر روز اکتالیس بار پڑھنے سے اس کا نفس مطیع ہوگا۔

(۷۲)......یا اول (جلالی ۳۷):

جس کے اولاد نہ ہوتی ہو وہ ہر روز اکتالیس بار چالیس دن پڑھے اس کی مراد برآئے۔

(۷۳)......یاآخر (جلالی ۸۰۱):

جو شخص آخر عمر کو پہنچ گیا ہو اور کوئی نیک عمل نہ کر سکا ہو وہ اس اسم پاک کو کثرت سے پڑھے ان شاء اللہ عاقبت بخیر ہوگی۔

(۷۴)......یاظاہر (جلالی ۱۱۰۶):

جو شخص اشراق کے وقت پانچ سو مرتبہ پڑھے اس کی آنکھ روشن ہوگی اور جو استواء (ٹھیک دوپہر) کے وقت اکتالیس بار پڑھا کرے ہر شخص اپنے دل کی بات اس سے بیان کرے اور گھر کی دیوار پر لکھے تو دیوار سلامت رہے۔



Marfat.com

**(۷۵)......یاباطن** (مشترک ۶۲):
جو شخص نماز فجر کے بعد تینتیس بار پڑھے اسرار الٰہی کا جاننے والا ہو جائے اور اس کی مداومت تسخیر قلوب کا فائدہ دیتی ہے۔

**(۷۶)......یاوالی** (جمالی ۴۷):
جو شخص کورے پیالہ پر لکھ کر اس میں پانی بھر کر گھر کے در و دیوار پر ڈالے وہ گھر تمام آفتوں سے محفوظ رہے۔
**دیگر:** تسخیر کے لیے گیارہ بار پڑھ کر کسی کے سامنے جائے وہ مسخر ہوگا۔

**(۷۷)......یامتعالی** (جلالی ۵۵۱):
دشوار گزار کاموں کے لیے اس کی کثرت بے حد مفید ہے اور عورت حائضہ اس اسم کی کثرت کرے تو اس کی آفتوں سے خلاصی پائے گی۔

**(۷۸)......یابرُّ** (جلالی ۲۰۲):
جو شخص سات مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کر کے اللہ تعالیٰ کی سپردگی میں دیدے بالغ ہونے تک وہ بچہ بلاؤں سے محفوظ رہے۔
**دیگر:** اور جو شخص شراب پینے یا بدکاری میں مبتلا ہو اسے ہر روز سات بار پڑھ کر اپنے دل پر دم کرے اس کا دل ان افعال سے بیزار ہو جائے گا۔

**(۷۹)......یاتواب** (جمالی ۴۰۹):
جو شخص چاشت کی نماز کے بعد تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار پڑھے اللہ تعالیٰ اسے توبۃ النصوح نصیب فرمائے گا اور جو شخص اس کی کثرت کرے اس کا نفس اصلاح و طاعت کی طرف مائل ہو۔

**(۸۰)......یامنعم** (جمالی ۲۰۰):
اس اسم پاک کی کثرت و مداومت سے غنی ہوگا اور اگر دوشنبہ کو مغرب و عشاء کے درمیان دو سو پانچ بار پڑھے صاحب نعمت و جاہ ہوگا۔
**دیگر:** فتوحات کثیرہ کے لیے ماہ ثابت میں پہلی تاریخ کو بعد نماز فجر پر دریا جائے اور دریا میں غسل کر کے قبلہ رو کھڑے ہو کر یا منعم چار ہزار چار سو چوالیس بار پڑھے پھر پورب کی طرف منہ کر کے طلوع آفتاب کے وقت نقش منعم لکھے اور ہاتھ میں لے کر دو سو بار یا منعم پڑھے اس کے بعد نقش ٹوپی میں رکھ کر مکان چلا آئے جب دوسرا دن ہو



Marfat.com

طلوع آفتاب کے بعد اس نقش کو ٹوپی سے نکال کر پانی سے دھو کر پی لے اور دوسرا نقش لکھ کر ہاتھ میں لے کر مشرق کی طرف منہ کر کے دو سو بار یامنعم پڑھے اور نقش ٹوپی میں رکھ لے پھر تیسرے دن اسی طرح کرے اور اسی طرح روزانہ کرے اور ہر عروج ماہ میں تجدید دعوت کر لیا کرے اور دریا جانا ممکن نہ ہو تو گھر میں غسل کرے اور خانہ خالی میں چار آنہ لکھے ایک سال تک اور سال دوم میں ایک روپیہ اور سال سوم میں ایک اشرفی لکھے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۲ | ۶۰ | ۹۸ | |
| ۹۲ | ۶ | ۳۶ | ۶۶ |
| ۱۲ | ۱۱۰ | ۴۸ | ۳۰ |
| ۵۴ | ۲۴ | ۱۸ | ۱۰۴ |

**(۸۱)......یا منتقم (جمالی ۶۳۰):**

دشمن کو دوست بنانے کے لیے تین جمعہ ان کے اعداد کے موافق پڑھے۔

دیگر: برائے انتقام دشمن انار کی اکیس ٹہنی پر ہر ایک پر تین تین بار یامنتقم پڑھ کر دم کر کے دشمن پر یا اس کی جانب ڈالے دشمن تباہ ہوگا مگر حرام سے بچے۔

**(۸۲)......یاعفو (مشترک ۱۵۶):**

جس کے گناہ بہت ہوں وہ اس اسم شریف کی کثرت کرے اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس کے سب گناہ معاف فرمائے گا۔

**(۸۳)......یارؤف (جمالی ۲۸۶):**

کسی ظالم کے پنجے سے مظلوم کو چھڑانے کے لیے اس اسم پاک کو دس مرتبہ پڑھ کر اشارہ سے ظالم کے منہ پر دم کرے اور اس مظلوم کی شفاعت کرے وہ مہربان ہو کر مان لے گا اور اس کی مداومت کرنے والے کا دل مہربان ہوگا۔

**(۸۴)......یامالک الملک (جلالی ۲۱۲) (یا ذوالجلال والاکرام) (جلالی ۹۹۹):**

اس اسم شریف کی کثرت تونگری بخشتی ہے اور عزت و جاہ نصیب ہوتی ہے۔ کام بنتے ہیں اور اس کے ساتھ دعا کرنے سے مقبول ہوتی ہے اور آصف بن برخیا نے حضرت بلقیس کا تخت لانے کے لیے اسی اسم کو پڑھا تھا۔

**(۸۴)......یارب (جمالی ۲۰۲):**

اگر کسی شخص کو بیگانوں میں معظم کرنا ہو تو اس کو بھیجنے کے بعد گھر میں حصار کر کے اس اسم کی کثرت کرے وہ ان کے درمیان معظم ہوگا۔

**(۸۵)......یامقسط (۲۰۹):**

وسوسہ شیطانی سے محفوظ رہنے کے لیے اس اسم پاک کو سو مرتبہ پڑھنا از حد مفید ہے۔

دیگر: حصول مقصد کے لیے سات سو مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

**(۸۶)......یاجامع (جلالی ۱۱۴):**

جو شخص اپنے کسی عزیز سے دور ہو اور ملاقات چاہے وہ اتوار کے دن چاشت کے وقت غسل کر کے کپڑے پہن کر آسمان کی جانب منہ کر کے اس اسم کو دس مرتبہ پڑھے اور ہر مرتبہ ایک انگلی بند کرے پھر دونوں ہاتھوں کو منہ پر مل لے جلد ہی مہجور سے ملاقات ہوگی۔

دیگر: حصول مراد کے لیے بعد نماز جمعہ ایک سو بیالیس (۱۴۲) مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

**(۸۷)......یاغنی (جلالی ۱۰۶۰):**

جو شخص طمع میں مبتلا ہو اور اس سے نجات چاہتا ہو اس اسم کو گیارہ یا اکیس یا اکتالیس بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے ہر عضو پر مل لے چھٹکارا نصیب ہوگا۔

دیگر: حصول غنا کے لیے ہر روز ستر مرتبہ پڑھے کسی کا محتاج نہ ہوگا اور مال میں برکت ہوگی۔

**(۸۸)......یامغنی (جمالی ۱۱۰۰):**

جو شخص اس اسم پاک کو دس جمعوں تک ہر جمعہ کو دو ہزار بار پڑھے۔ مخلوق سے بے نیاز ہو جائے اور بعض حضرات نے ایک ہزار بار کہا ہے۔

**(۸۹)......یامعطی (۱۲۹):**

جو شخص یا معطی السائلین کی کثرت کرے فقر و فاقہ سے نجات حاصل ہو جائے اور کسی کا محتاج نہ ہو۔

**(۹۰)......یامانع (جلالی ۱۶۱):**

موافقت زوجین کے لیے جب بستر پر لیٹے اکیس بار پڑھے حق تعالیٰ خفگی کو دور کر دے گا۔

**(۹۱)......یاضار (جلالی ۱۰۰۱):**

جو شخص کسی منصب بلند پر ہو اور اس پر ثابت رہنا چاہے وہ ہر شب جمعہ اور ایام بیض میں سو سو مرتبہ پڑھا کرے اور بعضوں نے کہا کہ یا ضار یا نافع ہر ایک سو سو مرتبہ پڑھے۔

**(۹۲)......یانافع (جمالی ۲۰۱):**

جو شخص سفر میں جاتا ہو وہ ہر روز اس اسم پاک کو چالیس مرتبہ پڑھ لیا کرے محفوظ رہے اور اگر سفر دریا میں غرق کا خوف ہو تو ہزار بار پڑھے کسی کام کو شروع کرنا چاہے تو اکتالیس بار پڑھ کر شروع کرے سب کام بنیں گے۔



Marfat.com

(۹۳)......یانور (جمالی ۲۵۶): جو شخص جمعہ کی شب میں سات بار سورۂ نور اور ایک ہزار بار یا نور پڑھے اس کا دل منور ہو جائے اور جو صبح کو پڑھے اس کا دل روشن ہو۔

(۹۴)......یاھادی (جمالی ۲۰): جو شخص آسمان کی جانب منہ کر کے ہاتھ اٹھا کر یاہادی بلا تعداد پڑھے اور ہاتھ منہ اور آنکھوں پر مل لے اہل معرفت کے مرتبہ کو پہنچے۔

(۹۵)......یا بدیع (جمالی ۸۶): جس شخص کو کوئی سخت مہم ہو اور ہزار بار یا سات ہزار بار اس اسم پاک کو اس طرح پڑھے یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اس کی مہم آسان ہو جائے اور اگر سونے کے وقت باوضو قبلہ رو پڑھتے پڑھتے سو جائے خواب میں جو چاہے دیکھے۔

(۹۶)......یاباقی (جلالی ۱۱۳): جو شخص جمعہ کی رات میں سو مرتبہ پڑھے اس کے سب عمل مقبول بارگاہ خداوندی ہوں اور بیماری و تکلیف میں اس کی کثرت مفید ہے۔

(۹۷)......یاوارث (جمالی ۷۰۷):

جو شخص اس اسم کو طلوع آفتاب کے وقت ہر روز پڑھے کوئی زحمت نہ پہنچے اور اگر بلا تعداد اس کی کثرت کرے اپنے جیسے لوگوں میں تفوق حاصل ہو۔

(۹۸)......یارشید (جمالی ۵۱۴): جو شخص کسی کام کی تدبیر نہ جانتا ہو وہ مغرب وعشا کے درمیان ہزار بار پڑھے صحیح تدبیر اس کے قلب میں القاء ہو اور اس اسم کی بلا تعداد کثرت ہر کام کو بے سعی انجام پانے میں معین ہے۔

(۹۹)......یاصبور (جلالی ۲۹۸): جو شخص کسی سخت مصیبت یا بیماری میں گرفتار ہو وہ بعد عشا ۳۳ ہزار مرتبہ پڑھے وہ مصیبت یا بیماری دور ہو گی۔

دیگر: دشمنوں اور حاسدوں کے شر سے محفوظ رہنے اور ان کی زبان بندی کے لیے آدھی رات کو اس کی کثرت مفید ہے۔

Marfat.com

# جدول اور حروف ابجد مکتوبی و ملفوظی مع اعداد

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حروف مکتوبی | ا | ب | ج | د | ہ | و | ز | ح | ط | ی | ک |
| عدد مکتوبی | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۲۰ |
| حروف ملفوظی | الف | ہا | جیم | دال | ہا | واو | زا | حا | طا | یا | کاف |
| عدد ملفوظی | ۱۱۱ | ۳ | ۵۳ | ۳۵ | ۶ | ۱۳ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۰۱ |
| حروف مکتوبی | ل | م | ن | س | ع | ف | ص | ق | ر | ش | ت |
| عدد مکتوبی | ۳۰ | ۴۰ | ۵۰ | ۶۰ | ۷۰ | ۸۰ | ۹۰ | ۱۰۰ | ۲۰۰ | ۳۰۰ | ۴۰۰ |
| حروف ملفوظی | لام | میم | نون | سین | عین | فا | صاد | قاف | را | شین | تا |
| عدد ملفوظی | ۷۱ | ۹۰ | ۱۰۶ | ۱۲۰ | ۱۳۰ | ۸۱ | ۹۵ | ۱۸۱ | ۲۰۱ | ۳۲۰ | ۴۰۱ |
| حروف مکتوبی | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ | | | | | |
| عدد مکتوبی | ۵۰۰ | ۶۰۰ | ۷۰۰ | ۸۰۰ | ۹۰۰ | ۱۰۰۰ | | | | | |
| حروف ملفوظی | ثا | خا | ذال | ضاد | ظا | غین | | | | | |
| عدد ملفوظی | ۵۰۱ | ۶۰۱ | ۷۳۱ | ۸۰۵ | ۹۰۱ | ۱۰۶۰ | | | | | |



Marfat.com

# جدول نو دو نہ نام باری تعالیٰ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسماء | احد | وہاب | واجد | حی | واحد | ودود | ہادی | اول | ولی | مبدی | والی |
| اعدادمکتوبی | ۱۳ | ۱۴ | ۱۴ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۰ | ۳۷ | ۴۶ | ۵۶ | ۴۷ |
| اعدادوملفوظی | ۱۵۵ | ۱۳۳ | ۲۱۲ | ۲۰ | ۱۶۸ | ۹۶ | ۱۶۳ | ۱۹۵ | ۹۵ | ۱۳۹ | ۲۰۶ |
| اسماء | ماجد | مجیب | مجید | باطن | حمید | اللہ | وکیل | حکم | محی | باسط | جلیل |
| اعدادومکتوبی | ۴۸ | ۵۵ | ۵۷ | ۶۲ | ۶۲ | ۶۶ | ۶۶ | ۶۸ | ۶۸ | ۷۲ | ۷۳ |
| ملفوظی | ۲۸۹ | ۱۵۷ | ۱۸۹ | ۲۳۰ | ۱۴۵ | ۲۵۹ | ۱۹۶ | ۲۰۰ | ۱۲۱ | ۱۳۳ | ۲۰۶ |
| اسماء | حکیم | حسیب | بدیع | حلیم | ملک | عزیز | عدل | حق | علی | باقی | جامع |
| اعدادمکتوبی | ۷۸ | ۸۰ | ۸۶ | ۸۸ | ۹۰ | ۹۴ | ۱۰۴ | ۱۰۸ | ۱۱۰ | ۱۱۳ | ۱۱۴ |
| ملفوظی | ۲۱۱ | ۱۴۳ | ۱۷۹ | ۱۸۱ | ۲۶۲ | ۱۵۷ | ۲۳۶ | ۱۹۰ | ۲۱۲ | ۳۰۶ | ۳۸۴ |



Marfat.com

# جدول نودونہ نام باری تعالیٰ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسماء | احد | وہاب | واجد | حی | واحد | ودود | ہادی | اول | ولی | مبدی | والی |
| اعداد مکتوبی | ۱۳ | ۱۴ | ۱۴ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۰ | ۳۷ | ۴۶ | ۵۶ | ۴۷ |
| اعداد و ملفوظی | ۱۵۵ | ۱۳۳ | ۲۱۲ | ۲۰ | ۱۶۸ | ۹۶ | ۱۶۳ | ۱۹۵ | ۹۵ | ۱۳۹ | ۲۰۶ |
| اسماء | ماجد | مجیب | مجید | باطن | حمید | اللہ | وکیل | حکم | محی | باسط | جلیل |
| اعداد و مکتوبی | ۴۸ | ۵۵ | ۵۷ | ۶۲ | ۶۲ | ۶۶ | ۶۶ | ۶۸ | ۶۸ | ۷۲ | ۷۳ |
| ملفوظی | ۲۸۹ | ۱۵۷ | ۱۸۹ | ۲۳۰ | ۱۴۵ | ۲۵۹ | ۱۹۶ | ۲۰۰ | ۱۳۱ | ۱۳۳ | ۲۰۶ |
| اسماء | حکیم | حبیب | بدیع | حلیم | ملک | عزیز | عدل | حق | علی | باقی | جامع |
| اعداد مکتوبی | ۷۸ | ۸۰ | ۸۶ | ۸۸ | ۹۰ | ۹۴ | ۱۰۴ | ۱۰۸ | ۱۱۰ | ۱۱۳ | ۱۱۴ |
| ملفوظی | ۲۱۱ | ۱۴۳ | ۱۷۹ | ۱۸۱ | ۲۶۲ | ۱۵۷ | ۲۳۶ | ۱۹۰ | ۲۱۲ | ۳۰۶ | ۳۸۴ |

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسماء | قوی | معز | معید | لطیف | معطی | سلام | صمد | مؤمن | واسع | مہیمن | محصی |
| اعداد ومکتوبی | ۱۱۶ | ۱۱۷ | ۱۲۴ | ۱۲۹ | ۱۲۹ | ۱۳۱ | ۱۳۴ | ۱۳۶ | ۱۳۷ | ۱۳۵ | ۱۴۸ |
| اعداد وملفوظی | ۲۰۵ | ۲۲۸ | ۲۶۶ | ۱۷۳ | ۲۴۱ | ۳۹۲ | ۲۲۰ | ۲۹۹ | ۳۷۴ | ۳۰۳ | ۲۰۵ |
| اسماء | علیم | قیوم | عفو | نور | مانع | قدوس | سمیع | مالک الملک | مقدم | صادق | منعم |
| اعداد ومکتوبی | ۱۵۰ | ۱۵۶ | ۱۵۶ | ۲۵۶ | ۱۶۱ | ۱۷۰ | ۱۸۰ | ۲۱۲ | ۱۸۴ | ۱۹۵ | ۲۰۰ |
| ملفوظی | ۳۰۲ | ۲۹۵ | ۲۲۴ | ۳۲۰ | ۴۳۷ | ۳۴۹ | ۳۵۱ | ۸۱۷ | ۳۹۶ | ۴۲۲ | ۴۱۶ |
| اسماء | نافع | بر | رب | جبار | مقسط | باری | کبیر | رحیم | کریم | رؤف | رحمٰن |
| اعداد ومکتوبی | ۲۰۱ | ۲۰۲ | ۲۰۲ | ۲۰۶ | ۲۰۹ | ۲۱۳ | ۲۳۲ | ۲۵۸ | ۲۷۰ | ۲۸۶ | ۶۹۸ |
| ملفوظی | ۴۲۸ | ۲۰۴ | ۲۰۴ | ۳۶۸ | ۴۰۱ | ۳۲۶ | ۳۱۶ | ۳۱۱ | ۴۰۳ | ۲۹۵ | ۴۰۶ |
| اسماء | صبور | بصیر | قادر | قہار | رزاق | رقیب | شہید | مصور | رافع | تواب | فتاح |
| اعداد ومکتوبی | ۲۹۸ | ۳۰۲ | ۳۰۵ | ۳۰۶ | ۳۰۸ | ۳۱۲ | ۳۱۹ | ۳۳۶ | ۳۵۱ | ۴۰۹ | ۴۸۹ |
| ملفوظی | ۳۱۲ | ۳۱۰ | ۵۲۸ | ۴۹۹ | ۵۰۱ | ۳۹۶ | ۴۱۲ | ۳۹۹ | ۵۲۳ | ۵۲۸ | ۶۰۲ |



Marfat.com

# اسم اعظم

اسم اعظم کی تحقیق میں علمائے محققین وائمہ دین ضاعف اللہ اجرہم نے بہت کاوش کی ہے مگر یہ ان اسرار سے ہے جس کے اظہار کا حکم نہیں تھا۔ اس لیے اس کے بارے میں اختلاف ہے اور شب قدر اور ساعت جمعہ کی طرح اس میں اقوال بہت ہیں۔ حضور اعلحضرت فاضل بریلوی قدس سرہ نے اپنے والد ماجد حضرت مولانا نقی علی خاں صاحب قدس سرہٗ کی کتاب مستطاب احسن الدعا الآداب الدعا کے حاشبہ مسمی بہ ذیل المدعا میں مفصل کلام فرمایا ہے جس کا خلاصہ درج ذیل ہے تاکہ ناظرین اس سے فائدہ اٹھائیں۔

① امام احمد بن حنبل اور ترمذی ونسائی اور حاکم اور بیہقی اور ضیا نے مختارہ میں اس حدیث کو روایت فرمایا اور لفظ حاکم کے ہیں۔ حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ سے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا وہ اسم اعظم نہ بتادوں کہ جب وہ اس سے پکارا جائے اجابت کرے اور جب اس سے سوال کیا جائے عطا فرمائے وہ دعا یہ ہے جو یونس علیہ السلام نے تین تاریکیوں میں کی تھی لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ خاص یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے تھا یا سب مسلمانوں کے لیے فرمایا کیا تو نے خدائے تعالیٰ کا ارشاد نہ سنا کہ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ پس ہم نے یونس کی دعا قبول فرمائی اور اسے غم سے نجات دی اور یونہی نجات دیں گے ایمان والوں کو۔

**فائدہ:۔** حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ مستجاب الدعوات تھے جو دعا فرماتے قبول ہوتی تھی۔

② امام احمد وابن ابی شیبہ وابوداؤد وترمذی ونسائی وابن ماجہ وابن حبان وحاکم نے روایت کی سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کہتے سنا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنِّیْ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ارشاد فرمایا خدا کی قسم تو نے اللہ تعالیٰ سے وہ اسم اعظم لے کر سوال کیا کہ جب اس سے سوال کیا جاتا ہے اللہ تعالیٰ عطا کرتا ہے اور جب اس سے دعا کی جاتی ہے قبول فرماتا ہے ائمہ احادیث نے فرمایا کہ اسم اعظم کے بارے میں یہ حدیث سب احادیث سے جید وصحیح ہے اور اس کی اسناد میں کوئی طعن نہیں ہے۔

③ ابوداؤد وترمذی وابن ماجہ وابن ابی شیبہ نے اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے الھکم الہ واحد لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم اور آلم اللّٰہ لا الہ الا ھو الحی القیوم



Marfat.com

(۴) حضرت سری بن یحییٰ قدس سرہ بعض اولیاء سے راوی ہیں کہ میں دعا کرتا تھا اللہ تعالیٰ سے کہ مجھے اسم اعظم دکھا دے۔ مجھے آسمان میں ایک ستارہ نظر پڑا جس پر لکھا تھا۔ یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

(۵) بعض علماء نے یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ کو اسم اعظم کہا ہے۔

(۶) امام احمد وابن ابی شیبہ اور ائمہ اربعہ وابن حبان وحاکم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زید بن صامت رضی اللہ عنہ کو یوں دعا کرتے سنا اللھم انی اسئلک بان لک الحمد لا الہ الا انت وحدک لاشریک لک یا حنان یا منان یا بدیع السموات والارض یا ذا لجلال والاکرام یا حی یاقیوم فرمایا یہ اللہ کا وہ اسم اعظم ہے کہ جب اس سے پکارا جائے اجابت کرے اور جب مانگا جائے عطا فرمائے۔

(۷) ابن ماجہ نے روایت کی کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے یوں دعا کی "اللھم انی ادعوک اللّٰہ و ادعوک الرحمن و ادعوک البر الرحیم و ادعوک باسمائك الحسنی کلھا ماعلمت منھا و مالم اعلم ان تغفرلی و ترحمنی" حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ان میں اسم اعظم ہے۔

(۸) حاکم نے ابوداؤد عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم سے روایت کی یہ حضرات فرماتے ہیں کہ اسم اعظم رب رب ہے اور اس کی موید یہ حدیث ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب بندہ یَارَبِّ کہتا ہے۔ رب عزوجل فرماتا ہے لبیک اے میرے بندے مانگ کہ تجھے دیا جائے (ابن ابی الدنیا نے حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی)

(۹) حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے خواب میں دیکھا کہ اسم اعظم اَللّٰہُ اَللّٰہُ الَّذِیْ لَااِلٰہَ اِلَّا ھُوَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ہے۔

(۱۰) ابوامامہ باہلی صحابی رضی اللہ عنہ کے شاگرد قاسم بن شامی فرماتے ہیں کہ اسم اعظم اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے۔

(۱۱) امام قاضی عیاض قدس سرہ نے بعض علماء سے نقل فرمایا ہے کہ اسم اعظم کلمہ توحید ہے۔

(۱۲) بعض صوفیاء کرام نیز امام فخر الملۃ والدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے کلمہ "ھُو" کو اسم اعظم بتایا ہے۔

(۱۳) جمہور علما نے فرمایا کہ "اللّٰہ" اسم اعظم ہے حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ شرط یہ ہے کہ تو اللہ کہے اور اس وقت تیرے دل میں اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ نہ ہو۔ (ملا علی قاری)

(۱۴) بعض محققین علما نے بسم اللہ شریف کو اسم اعظم بتایا ہے اور حضور سرکار غوث اعظم رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ بسم اللہ شریف زبان عارف سے ایسی ہے جیسے کن کلام خالق سے۔



Marfat.com

(۱۵) حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں جو ان پانچوں کلموں سے ندا کرے اللہ تعالیٰ سے جو کچھ مانگے اللہ پاک عطا فرمائے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

(۱۶) حدیث میں ہے کہ جو شخص یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ تین بار کہے فرشتہ کہتا ہے مانگ کہ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ نے تیری طرف توجہ فرمائی۔

(۱۷) حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ پانچ بار رَبَّنَا۔

(۱۸) یہی خاصیت اسمائے حسنیٰ کی ہے۔

(۱۹) حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ کہتے سنا فرمایا مانگ کہ تیری دعا قبول ہوئی۔

(۲۰) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبرئیل میرے پاس کچھ دعائیں لائے اور عرض کی کہ جب حضور کو کوئی حاجت پیش آئے انہیں پڑھ کر دعا مانگیں۔ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ يَا كَاشِفَ السُّوْءِ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ يَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ يَا اِلٰهَ الْعٰلَمِيْنَ بِكَ اُنْزِلُ حَاجَتِيْ وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِهَا فَاقْضِهَا

## مسبعات عشر:

اس کا پڑھنے والا ہر آفات دینی اور دنیوی سے محفوظ رہتا ہے اور دس موکل اس کے مال کی حفاظت کرتے ہیں۔ طلوع آفتاب اور غروب سے پہلے روزانہ پڑھ لیا کرے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر سورہ فاتحہ سات بار آیۃ الکرسی سات بار، سورہ کافروں سات بار سورہ اخلاص سات بار سورہ فلق سات بار سورہ ناس سات بار کلمہ تمجید سات بار یہ درود شریف سات بار اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَحَبِيْبِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ پھر یہ سات بار پڑھے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ وَرَافِعَ الدَّرَجَاتِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ پھر یہ دعا سات بار پڑھے اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ افْعَلْ لِيْ وَبِهِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِفْعَلْ بِنَا مَا اَنْتَ اَهْلٌ وَّلَا تَفْعَلْ بِنَا مَا نَحْنُ لَهٗ اَهْلٌ اِنَّكَ غَفُوْرٌ كَرِيْمٌ مَلِكٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۔



Marfat.com

دیگر:

حضرت قطب عالم سید جلال الملۃ والدین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اگر فرصت نہ ہو تو مسبعات عشر کے بجائے اس دعا کو سات بار یا کم از کم ایک بار مع تسمیہ روزانہ پڑھ لیا کرے وہی فائدہ حاصل ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّی لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ مَاشَاءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَالَمْ یَشَاءُ لَمْ یَکُنْ اَشْھَدُ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا وَاَحْصٰی کُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِی وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَابَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّی عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۃ

O=O=O



Marfat.com

# خواصُ القرآن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حدیث میں ہے کل امرذی بال لا یبدءفیہ ببسم اللّٰہ فھوا قطع یعنی جو کام بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع نہ کیا جائے وہ ابتر ہے۔ دوسری روایت میں ہے مَن اَرَادَ اَنْ یُنْجِیَهُ اللّٰہ من الزبانیة تسعته عشر فلیقراء بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم یعنی جوشخص چاہے کہ زبانیہ (۱۹ فرشتے جہنم کے عذاب دینے والے) سے نجات پائے وہ بسم اللہ شریف پڑھے۔

بسم اللہ کی خاصیت بہت زیادہ ہے جس طرح بھی پڑھے خواہ ورد کرے تنہا یا بضم بعض عزائم۔

## استخارہ مجرب:

متبرک راتوں میں کہ بدھ، جمعرات، جمعہ، پیر کی راتیں ہیں سونے کے وقت وضو کر کے کسی سے کلام نہ کرے اور دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھ کر بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ اور دعائے مطلب کرے۔ قبلہ رو سر شمال کی جانب کر کے سو جائے اگر ایک رات میں معلوم ہو بہتر ہے ورنہ تین راتیں مسلسل کرے۔

## دیگر:

برائے حصول فتوح چھ ہزار بار ایک چلہ اکیس روز میں یا تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ چالیس دن میں پڑھے کامیاب ہوگا۔

## دیگر:

قضائے حاجات کے لیے عروج ماہ قمری میں نوچندی جمعرات کو روزہ رکھے اور افطار انگور یا کشمش یا خرما سے کرے اور اگر یہ چیزیں نہ مل سکیں تو شیرینی سے پھر بعد مغرب ایک سو بیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے پھر عشا کی نماز کے بعد بستر پر بسم اللہ شریف اس قدر پڑھے کہ پڑھتے پڑھتے سو جائے اور صبح کی نماز کو بسم اللہ شریف کی عدد کے برابر پڑھے اور نقش مظہر و مضمر لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

## دیگر:

برائے قضائے حاجت یہ دعا کاغذ پر لکھ کر دریا میں ڈالے۔ بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم لاحول



Marfat.com

ولاقوۃ الا باللّٰہ العلیٰ العظیم بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم بسم اللّٰہ الملك الحق المبین من العبد الذلیل الی المولیٰ الجلیل مسنی اضروانت ارحم الراحمین اس کے بعد ستر بار یہ دعا پڑھے۔ الٰھی بحرمۃ کن فیکون فتبارك اللّٰہ احسن الخالقین اور گھر لوٹ آئے اور سو مرتبہ پہلی دعا پڑھے اکیس دن تک یہی عمل کرے۔

## دیگر:

سرکش مفسدین کے دفع کے لیے نزول ماہ میں نحس دن مثل شنبہ یا سہ شنبہ ارزیز کے ٹکڑے پر نقش مظہر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھے اور اس شخص کا نام اس نقش میں داخل کرے اور دعا یہ ہے۔ اس کے بعد یہ دُعا سات بار پڑھ کر نقش پر دم کرے بعد ازاں انگوزہ و لہسن خام کی دھوئیں دے کر چولہے کے قریب میں دفن کرے کہ گرمی نقش کو نہ پہنچے ورنہ طالب کو ضرر ہوگا۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بسم | اللّٰہ | الرحمن | الرحیم | فلاں |
| اللّٰہ | الرحمن | الرحیم | فلاں | بسم |
| الرحمن | الرحیم | فلاں | بسم | اللّٰہ |
| الرحیم | فلاں | بسم | اللّٰہ | الرحمن |
| فلاں | بسم | اللّٰہ | الرحمن | الرحیم |

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم اللھم انی اسئلك باسمك العظیم الاعظم وھو بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم الذی عنت لہ الوجوہ و خشعت لہ الاصوات و وجلت من خشیتہ القلوب ان تصلی و تسلم علی سیدنا محمد و علی الہ صحبہ وان تقضی حاجتی فی فلان (یہاں اس کا نام لے) اللھم ان کنت تعلم انہ یرجع عماھوفیہ قاھرۃ و وفتہ و ان کنت تعلم انہ لایرجع فانزل علیہ بلائك و سخطك و غضبك و اھلکہ یاقاھر یا قھار یا قادر یامقتدر یا اللّٰہ یہ عمل مارہرہ مطہرہ کی کتاب میں بھی مذکور ہے۔

**دیگر:** بخار کے لیے یہ دونوں نقش مفید و مجرب ہیں۔ مریض کے سرہانے رکھے۔

اور بسم اللہ شریف کے نقوش مظہر و مضمر و دو پایہ مثلث جلد اول میں گزر چکے ہیں۔

## خواص سورۂ فاتحہ:

کہ در کتاب مارہرہ مذکور راست ترکیب عمل سورہ فاتحہ مطابق اختیار حضرت شیخ ابن عربی و امام محمد غزالی علیہما الرحمہ یہ ہے اس سورۃ کو سبع مثانی کہتے ہیں یعنی سات آیات ہر آیت کے لیے دو اسم ہیں۔ اس طرح الحمد للّٰہ رب العالمین یا حی یاقیوم الرحمن الرحیم یارئوف یا عطوف مالك یوم الدین یا عالم السرائر



Marfat.com

ا مقلب القلوب والابصار۔ ایاک نعبد و ایاک نستعین یاسریع یا قریب اهدنا الصراط المستقیم یا
ادر یا مقتدر صراط الذین انعمت علیهم یا حکیم یا قدیر غیر المغضوب علیهم والضآلین یاقاهر
یا عزیز چاہیے کہ بعد ہر نماز دس سے اکتالیس مرتبہ پڑھے اسی ترتیب سے کہ ہر آیت اور ہر نام کو دس دس بار پھر
ں قسم کو دس بار بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم اللهم انی اسئلك بحق سبع المثانی و بحق قرآن العظیم
سم الله الرحمن الرحیم و بحق کهیعص و بحق حمعسق و بحق دعاء نبیك و حبیبك سیدنا محمد
الجاء فی کهفك و استوطن فی حرزك ولم یثق الابك اقسمت علیکم یار و قائیل و جمیع الملئکة
عز عز الله و بنور جلال و جمال وجه الله الفاتحة کتاب الله اقسمت علیکم یا معشر الروحانین من
لعلویة والسفلیة من خدام هذه السبع المثانی والقرآن العظیم ان تقضی حاجتی باسرع من لمح الطرف
انه علی کل شی قدیر و بالا جابة جدیر و صلی اللّٰہ علی خیر خلقه سیدنا محمد وآله اجمعین ہر
حاجت ومشکل کے آسان کرنے کے لیے مجرب ہے۔

## سورۂ بقرہ

حدیث میں ہے۔ان الشیطان ینفر من البیت الذی یقرء فیه سورة البقر رواه مسلم کذافی المشکوٰۃ یعنی شیطان بھاگ جاتا ہے اس گھر سے جس میں اس سورہ کی تلاوت کی جائے نیز فرمایا اور اس کے پڑھنے میں برکت ہے اور چھوڑنے میں حسرت ہے۔

### زیادتی حافظہ کیلئے:

نوچندی جمعرات کو پاک برتن میں مشک وزعفران سے لکھ کر کنویں کے پانی سے رات میں دھو کر پی لے چند جمعرات ایسا ہی کرے اور دن میں روزہ رکھے قوت حافظہ زیادہ ہو آیت کریمہ الم تامفلحون۔

### خلل ام الصبیان کیلئے:

آیت کریمہ واذ قتلتم نفسا فادار أتم (الی) لعلکم تعقلون مفید ہے ترکیب یہ ہے کہ سوا بالشت سرکنڈا لے کر چاقو یا چھری لے کر جڑ کی جانب سے بچہ کے پیٹ پر پھرائے اور اس آیت کو تین بار دم کرے پھر اس کو کسی گوشہ یا صحرا میں دفن کردے دوسرے دن اسی طرح کرے تین دن یا سات دن ایسا ہی کرے صحت ہوگی۔

دیگر: اگر ان دونوں آیتوں کو لکھ کر سونے والے کے سینہ پر رکھ دے جو کچھ اس کے دل میں ہوگا بیان کردے گا۔



Marfat.com

## زیادتی شیر:

اس آیت کریمہ ثم قست قلوبکم من بعد ذالك فهی كالحجارة او اشد قسوة (الی) وما الله بغافل عما تعملون کولکھ کر روٹی کے ٹکڑے میں ملا کر عورت کو کھلائے دودھ زیادہ ہوگا۔

## بیدار ہونے کیلئے:

آیت و اذا جعلنا البیت مثابة للناس (الی قوله) والركع السجود۔ چند بار سونے کے وقت پڑھ کر دل پر دم کرے جس وقت چاہے بیدار ہو جائے۔

## برائے عقد اللسان:

صبغة الله و من احسن من الله صبغة ونحن له عابدون ۴۱ بار بعدہ العجل ۳ بار الوحا ۳ بار الساعه ۴ بار لوہے کی کیل پر دم کرے مکان میں گاڑ دے۔

## بخار کے لیے:

ذلك تخفيف من ربكم و رحمة فمن اعتدى بعد ذلك فله عذاب اليم ایک لکڑی لے کر مریض بخار کو سامنے بٹھالے اور مریض کے چاروں طرف اس آیت کو ۳-۳ بار پڑھے اور ہر مرتبہ لکڑی کو زمین پر مارے بخار دور ہو جائے گا۔




## درد شقیقہ:

یہ نقش مجرب ہے درد کی جگہ باندھے۔

## جنگ میں ہزیمت نہ ہو:

سورہ بقرہ سورہ عمران سورہ نسا سورہ مائدہ میں چار آیتیں ہیں ہر ایک دس دس قاف پر مشتمل ہیں ان کو علم (جھنڈے) پر لکھ کر علم کو لشکر میں سامنے رکھے شکست نہ ہو۔ وہ آیتیں یہ ہیں۔ الم ترالی الملا من بنی اسرائیل (الی) والله علیم بالظلمین دوم آل عمران میں لقد سمع الله قول الذین قالوا (الی) عذاب الحریق سوم



Marfat.com

سورہ نساء میں الم تر الی الذین قیل لھم کفوا ایدیھم و اقیموا الصلوٰۃ اٰتوا الزکوٰۃ (الی) ولا تظلمون فتیلا چہارم سورہ مائدہ میں واتل علیھم نباء بنی آدم بالحق (الی) من المتقین ؕ

## خواص آیت الکرسی:

جاننا چاہیے کہ خواص وفوائد آیت الکرسی بہت زیادہ ہیں اور حصول مراد و دفع اعداء و تسخیر دلہا و جلب منافع وازالہ مرض اثر عظیم رکھتی ہے۔

## حصول مراد و دفع اعداد:

متصل سلام فجر فرض قبلہ رو اسی جگہ بیٹھ کر پچیس مرتبہ اور اسی طرح بعد مغرب آٹھ مرتبہ پڑھے۔

## تسخیر و حصول نفع اور دفع نقصان کیلئے:

بعد ہر نماز فرض دس وقف پر دس انگلیاں دونوں ہاتھوں کی بند کرے لیکن شروع داہنے ہاتھ کی چھنگلیا سے کرے اور ختم بائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر کرے پھر تین بار سورہ الم نشرح مع بسم اللہ اور تین بار سورہ اخلاص معہ تسمیہ پڑھے اور درود شریف تین بار اور سورہ فاتحہ ایک بار اس طرح کہ بسم اللہ کے الرحیم کی میم سورہ فاتحہ کی الحمد سے ضم کرے اور پڑھ کر آسمان کی جانب دم کر کے انگلیاں کھول کر جسم پر مل لے اور میان دو یاء من ذالذی یشفع اشارہ محبت و تسخیر دلہا کرے اور میاں دو عین لفظ یشفع عندہ اشارہ تجلیہ قلب وصفائے دل تصور میں لائے اور درمیان دو میم لفظ یعلم مابین ایدیھم اشارہ مقھوری اعداء دل میں لائے اور بعض حضرات نے فرمایا کہ بعد فرض آیت الکرسی ایک بار عقد انگشتاں کر کے پڑھے اور صرف دو عین کے درمیان اشارہ ہر حاجت کرے اور بعد اتمام ایک بار سورہ فاتحہ پڑھ کر دونوں ہاتھ جسم پر پھیر لے۔

## برائے ازالہ مرض بلغم:

نمک کی سات کنکریوں پر سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے صبح کے وقت کھائے۔

## خواب پریشان کے دفع کیلئے:

جب سونے چلے تو بستر پر تین مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھ کر آیۃ الکرسی تین بار پڑھے اور لفظ ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم تین بار پڑھے پھر اپنے اوپر دم کر کے سو جائے۔



Marfat.com

## برائے ہول و درد جگر و خفقان:

چینی کی رکابی پر تین مرتبہ لکھ کر پانی سے دھو کر پلائے اور پینے کے وقت یہ کلمہ پڑھے نویت الشفاء من العلة الفلانیه اور الفلانیہ پر اسی مرض کا نام لے۔

## دشمن پر مصیبت و زحمت ڈالنے کا عمل

سونے کے وقت یہ عمل کرے کہ آیت الکرسی دو سو مرتبہ پڑھے پانچ اسمائے باری کہ آیت الکرسی کے اندر ہیں یا اللہ یا حی یا قیوم یا علی یا عظیم ہر سو مرتبہ پر ایک ہزار تین سو ستر بار پڑھے پھر یہ پڑھے۔ اسئلك بنور عرشك و بروح سیدنا محمد صلی اللہ علیه واله وسلم ان ترسل خادم هذه الآیة الشریفة الی فلاں بن فلاں فی صفتی و حیلتی یشهب من هم و حرب من نار اس کے بعد دشمن کی جانب کسی حربہ سے اشارہ کرے۔ اس کو زحمت پہنچے گی۔ پھر درود و سلام پڑھ کر دعا کر کے سو جائے۔ یہ عمل ایک جمعہ کرے اگر مقصد حاصل نہ ہو تو سات جمعہ تک کرے۔

## حفظ مال کیلئے

سونے کے وقت آیۃ الکرسی و چاروں قل تین تین بار پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے گھر کے گرد اشارہ حصار کرے اور تین دستک دے۔

## برائے حصول جاہ و منفعت و وسعت رزق و ادائے قرض

آیت الکرسی چالیس دن تک صبح کی نماز یا عشا کے بعد اکتالیس یا ایک سو ایک بار پڑھے اور گوشت گائے، مچھلی اور جماع سے پرہیز کرے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم اعتصمت باللہ الذی لا الہ الا ھوا الحی القیوم القائم الدائم لاتاخذہ سنة و لا نوم حاضر ناظر له مافی السموات و مافی الارض قادر قدیر علی کل مخلوق من ذالذی یشفع عندہ الاباذنه کریم رحیم یعلم مابین ایدیھم و ما خلفھم لاخلاف ولا کذب جبار قھار غفار ستار ولا یحیطون بشیء من علمه الابماشاء اللہ الرحمن الرحیم وسع کرسیه السموات والارض ولایؤدہ حفظھما وھوالعلی العظیم حافظ حفیظ رقیب و کیل ناصر ینصر بحق اللہ الذی لازوال الملکه ولافناء لحکمه حکم حاکم حکیم بحق نبی اللہ حبیب اللہ اسمه حامد احمد محمود فی التوراة والانجیل والزبور و الفرقان محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و الصدیق والفاروق و ذی النورین والمرتضیٰ ائمة رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و بحق الشیخ عبدالقادر



Marfat.com

الجیلانی رضی اللہ عنہ سخر لی من اھل السموات والارض لقدرتك یاقدر القادرین و بحکمك یا حکم الحاکمین برحمتك یا ارحم الراحمین۔

## حصول مراد کیلئے

آدھی رات کو قبلہ رو ہو کر آیت الکرسی شریف ایک سوستر بار یا مقدار اس کے حروف کے پڑھنا مفید ہے اور تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر حضور ﷺ کے وسیلہ سے دعا کرے حاجت پوری ہوگی۔

## زیادتی حافظہ کے لیے

زعفران سے ہتھیلی پر لکھ کر چاٹے سات دن متواتر قوت حافظہ زیادہ ہوگی۔قولہ تعالیٰ آمن الرسول بما انزل الیہ من ربہ والمومنون آخر سورہ تک نیز ان دو آیتوں کی کثرت بار قرض سے سبکدوش کراتی ہے۔

## قوت حافظہ

چینی کے برتن پر لکھ کر پانی سے دھو کر نہار منہ پی لے قوت حافظہ زیادہ ہو۔

# سورہ آل عمران

خاصیت قولہ تعالیٰ الصابرین و القانتین والمنفقین والمستغفرین بالا سحار (تا) سریع الحساب جو شخص ان آیات کو چند بار شکر سفید پر دم کرے شبنم کو حل کر کے چار روز متواتر ہر روز ۲/۱ ماشہ کھائے اور انجیر سفید بھی غذا کے ساتھ کھائے اس کے دل سے وسوسے دور ہوں اور سختی سے آسانی نصیب ہو۔

## صلاۃ المشاہد

چاشت یا مغرب یا عشاء یا تہجد کے بعد دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ آیت کریمہ شھد اللہ انہ لا الہ الا ھو الملٰئکة واولو العلم قائما بالقسط (تا) ان الدین عند اللہ الاسلام پڑھ کر سورہ اخلاص تین مرتبہ پڑھے اور بعد سلام ہزار بار وجوہ یومئذ ناضرة الی ربھا ناظرہ پڑھ کر دعا کرے کہ اسرار غیب اس پر منکشف ہو جائیں۔

## خاصیت

قولہ تعالیٰ قل اللھم مالك الملك توتی الملك من تشاء (تا) بغیر حساب بعد نماز فرض سورہ فاتحہ آیت الکرسی اور آیت شھد اللہ یہ آیات پڑھے ہر حاجت اس کی پوری ہوگی۔

## دیگر برائے دفع جنون

تل کے تیل پر بسم اللہ کے ساتھ اس آیت کریمہ کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس تیل کی مالش مجنون کے پورے جسم پر کرے جنون جاتا رہے۔

## خاصیت

قولہ تعالیٰ ان الفضل بید اللہ یوتیہ من یشاء (انی) واللہ ذوالفضل العظیم ؑ جمعرات نوچندی کو کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے مرد صالح کے کپڑے میں سی کر عورت اپنے بازو پر باندھے مرد صالح سے شادی ہو جائے گی۔

## خاصیت

قولہ تعالیٰ آیت قطب ثم انزل علیکم من بعد الغم (تا) واللہ علیم بذات الصدور۔ اس آیت کو آیت قطب کہتے ہیں اور سورہ فتح کی آخر آیت کو آیت غوث کہتے ہیں۔ یعنی محمد رسول اللّٰہ والذین معہ اشداء علی الکفار (تا) اجرا عظیما۵ ان دونوں آیتوں میں سب حروف تہجی جمع ہو گئے ہیں اور اس کے برکات بہت زیادہ ہیں۔ اس آیت کا نصاب اکتالیس بار ہے سات دن میں اور آخری دن پانچ بار پڑھے۔ مگر اس کے پڑھنے کے لیے استخارہ نبویہ شرط ہے۔ لہٰذا پہلے استخارہ کرے اگر اثبات میں جواب ملے تو عمل کرے اور ترکیب پڑھنے کی یہ ہے۔ وضو تازہ کر کے خوشبو جلا کر دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں بعد فاتحہ آیت الکرسی ایک ایک بار پڑھے بعد سلام سو بار درود شریف پڑھ کر آیت قطب چھ بار پڑھے اور مقصد کا دل میں خیال لائے اس کے بعد یَا زَاکِیُ الطَّاھِرُ مِنْ کُلِّ اٰفَۃٍ بِقُدْسِہٖ یَازَاکِیُ ایک بار پڑھ کر مطلب کی دعا کرے۔ اسی طرح چھ روز پڑھے اور ساتویں دن پانچ بار پڑھے وضو کے بعد سے کسی سے کلام نہ کرے۔

مختلف مقاصد کے لیے ترکیب علیحدہ ہے جو درج ذیل ہے۔

## برائے ہلاکت و مقہوری

۲۹ دن تک ہر روز انتیس بار پڑھے اور غم والم کے دور ہونے کے لیے ۹ دن تک ہر روز انیس بار پڑھے۔

## حصول روزگار

ہر روز دس بار پڑھے۔



Marfat.com

دردسر

کے لیے سات بار پڑھ کردم کرے

## جانوروں کی بیماری کیلئے

آیت کریمہ کولکھ کر گلے میں ڈالے۔

## تپ ولرزہ کیلئے

آٹھ نقش لکھ کرنیچے آیت لکھ کرایک گلے میں ڈالے اورسات دن پی لے۔

## حاجت پوری ہونے اور دشمن کے دفع کیلئے

بعدفرض نماز کے ایک ایک بار پڑھے اورحاجت پوری ہونے کے لیے آیت قطب کوسو بار رات میں اور دن میں آیت غوث کوسو بار پڑھے یا رات میں دونوں آیتوں کو پڑھے اول و آخر درود شریف اور بسم اللہ کے ساتھ پڑھے چالیس روز تک۔

## پھوڑے پھنسی وآبلہ وغیرہ کیلئے

دونوں آیتوں کے حروف علیحدہ علیحدہ جمع کر کے چینی یا اور کسی برتن میں تیل ڈال کر موضع مرض پر لگائے۔

ایضاً

ہرسخت مہم کے لیے چالیس مرتبہ چالیس دن تک پڑھے۔

## مفرور کے لیے:

آیت یا یھا الذین امنوا الصبر و او صابر وا تا آخرسورت۔نوکر یا عورت جو بھاگ جاتے ہیں یا بھاگنے کا اندیشہ ہوان کوروکنے کے لیے مفید ہے۔جو کی روٹی پکا کراس پر آیت کریمہ کولکھ کرتھوڑا گھی مل کر کھلائیں۔

# خواص سورۂ نساء

## تفریق کے لیے:

علیکم امھتکم (تا) غفور ارحیما ناجائزدوستی چھڑانے کے لیے ارد کے آٹے سے عورت مرد کی

صورت جو محض اس کی شبیہ ہو بنائیں۔ مکمل صورت نہ بنائیں کہ تصویر جاندار بنانا حرام ہے اس پر ان دونوں کا نام اور ماں کا نام لکھیں۔ اس کے بعد ہرن کے چمڑے پر ان آیتوں کو لکھ کر ہر ایک کے پتلے پر لپیٹ کر جہاں وہ رہتے ہوں وہ دفن کر دیں ان شاء اللہ دونوں میں فرقت ہوگی۔

### برائے دفینہ معلوم کرنے

اگر کہیں دفینہ ہو یا کوئی چیز دفن کر کے بھول گیا ہے کورے برتن پر لکھ کر دریا کے پانی سے دھو کر جس جگہ گمان ہو وہاں چھڑک دیں ان شاء اللہ ظاہر ہوگا۔

## خواص سورۃ مائدہ

### جھوٹ اور برائی کی عادت چھڑانے کا عمل

آیت کریمہ یا یھا الذین آمنوا اوفوبا العقود (الی) یحکم مایرید۔ شیشے کے برتن میں لکھ کر شہد خالص جس کا کف نہ نکالا گیا ہو سے دھو کر پلائیں ان شاء اللہ یہ عیب اس سے دور ہو جائیں گے۔

### برائے زوال محبت زنا

زانیہ عورت کے دل سے زنا کی محبت دور کرنے کے لیئے اس کے پہنے ہوئے پاک کپڑے پر اسی آیت کو لکھیں اور چند بار پڑھ کر دم بھی کریں پھر یہ کلمات کہیں بحق ھذہ الایات امح الزنا و الزیغ یا ارحم الراحمین بس اس کپڑے کو ایسی قبر میں دفن کریں جس کا نام معلوم نہ ہو اور یہ کلمات دفن کے وقت کہیں۔ کما مات صاحب ھذا القبر یموت الزنا وحبہ من قلب فلانۃ

### زبان بندی خاصیت آیت کریمہ

قال رجلان من الذین یخافون (الی قولہ تعالیٰ) مومنین زعفران گلاب سے ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کی زبان بند ہو جائے گی آیۃ کے نیچے ظالم اور اس کی ماں اور اپنا اور اپنی ماں کا نام بھی لکھے۔

### سفر کا ارادہ ملتوی کرنے کے لیے

آیتہ کریمہ قالوا یا موسیٰ انا لن ندخلھا ابدا (الی) قاعدون راستے کا ایک پتھر یا اینٹ کا ٹکڑا لے کر پاک کر کے یہ آیت اس کے نام کے ساتھ اس پر لکھ کر ایسے کنویں میں ڈال دے جس کا پانی سوکھ گیا ہو ان شاء اللہ تعالیٰ وہ سفر کا ارادہ ترک کر دے گا۔



Marfat.com

# سورہ انعام

حصول مدعا اور حل مشکلات کے لیے بے حد مفید ہے طریقہ یہ ہے کہ بعد عشاء غسل کر کے پاک کپڑا پہن کر خوشبو لگا کر قبلہ رو بیٹھے اور سورہ فاتحہ پڑھ کر سورہ انعام شروع کرے جب اس جگہ رسل اللہ پر پہنچے تو اٹھ کر دو رکعت نماز نفل ادا کرے۔ ہر رکعت میں بعد فاتحہ آیت الکرسی ایک بار اور سورہ کوثر دس بار پڑھے بعد سلام بقیہ سورہ انعام پڑھ کر سجدہ میں جائے اور دونوں ہتھیلیاں آسمان کی جانب رکھے اور ستر بار یہ دعا پڑھے۔ الٰھی بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پھر حاجت کی دعا کرے۔

# بعض دوسری آیتوں کے خواص

## موذی جانوروں سے حفاظت کا عمل

آیت الحمد للہ الذی خلق السمٰوٰت والارض (الیٰ) عنھا معرضین ان چاروں آیات کو شیشے کی رکابی پر لکھ کر پانی سے دھو کر مکان کے چاروں گوشوں میں ڈال دے جملہ موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔

## غصہ وغضب دفع کے لیے

آیت ولہ سکن مافی الیل و النھار و ھو السمیع العلیم۔ غصہ وغضب کو دور کرنے اور الجھن واختلاج کو دور کرنے کے لیے مجرب ہے ورد کثرت سے کریں۔

## ضعف بصر اور کسی اور عضو کے کمزور ہونے کے لیے

تین روز روزہ رکھ کر دودھ وشکر سے افطار کریں پھر آدھی رات کو تانبے کے قلم سے گلاب وزعفران سے لکھ کر زبان سے چبائیں صحت ہوگی وہ آیت یہ ہے۔ انما یستجیب الذین یسمعون (تا) یرجعون

## فتوح

آیت کریمہ "وعندہ مفاتیح الغیب لایعلمھا الاھو (الی) الافی کتب مبین" ہر ماہ میں یکم تاریخ سے سات تاریخ تک روزہ رکھے اور کلام نہ کرے اور اکثر یا حی یا قیوم ورد رکھے اور گیہوں کی روٹی اور نمک لاہوری کھائے۔ ساتویں روز بعد نماز عشاء اس آیت کریمہ کو پانچ سو بار مع بسم اللہ شریف ایک نشست میں پڑھے اول و آخر درود شریف ۱۱+۱۱ بار درود شریف یہ ہے اللھم صل علی سیدنا محمد و علی ال سیدنا محمد بعدد کل معلوم لک اور اس عمل کا ثواب حضور پرنور سید عالم ﷺ پھر اپنے والدین اور تمام مومنین ومومنات کو

پہنچائے نیز اپنے پیرو مرشد یا صاحب عمل کی روح کو بھی اگر وفات پا چکے ہوں ورنہ ان کی سلامتی کی دعا کرے اور اگر پڑھنے کے دوران شکل نورانی نظر آئے اور کوئی چیز عطا کرے۔ باحتیاط اپنے پاس رکھے اور جو کچھ دن بھر حاصل ہوا سے خرچ کرے اور اس عمل کو کسی سے نہ بتائے۔

## دیگر ترکیب

سات دن روزہ رکھے اور ہر روز بعد نماز عشاء اس آیت کریمہ کو ایک سو بار اول و آخر درود شریف ۱۱+۱۱بار پڑھے اور یا حی یا قیوم سو سو بار پڑھے ساتویں روز کے بعد جو کچھ فتوح ہوا سے روز صرف کرے۔

## دریا کی طغیانی اور سفر بحری کے بخیر و عافیت گزرنے کا عمل

آیت کریمہ قل من ینجیکم من ظلمت البرو البحر (الی) و انتم تشر کون کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور دریا میں طغیانی ہو تو انہیں آیات کو لکھ کر دریا میں ڈال دے۔

## نکسیر کے لیے

آیت کریمہ لکل نباء مستقر فسوف تعلمون ان آیت کریمہ کو لکھ کر سر میں باندھے ان شاء اللہ خون نکسیر بند ہو جائے گا۔

## درخت و کھیتی کے سرسبز اور بابرکت ہونے کا عمل

آیت ان اللہ فالق الحب الغوٰی (الی قولہ) فانی تو فکون ؀ اس آیت کو زعفران اور کافور سے برتن پر لکھ کر اس برتن کو دھو کر بیج میں ڈال دے اور اس بیج کو بوئے یا درخت میں وہ پانی دے پیداوار خوب ہو گی۔

# سورۂ اعراف

الــمــص مقطعات قرآنیہ کے ساتھ عروج ماہ میں کسی مبارک دن مثل دوشنبہ، جمعرات، جمعہ کو کندہ کرا کے چاندی کی انگوٹھی میں رکھ کر پہنے فتوح اور تسخیر کے لیے مفید ہے۔

## حفاظت از فالج ولقوہ

سوتے وقت آیتہ کریمہ ان ربکم اللہ الذی خلق السموٰت و الارض (الیٰ قولہ) من المحسنین پڑھے وہ فالج لقوہ سے محفوظ رہے اور مشک و زعفران پیس کر گلاب میں حل کر کے لکھیں اور اپنے پاس رکھیں نظر بد مکر و شر دشمنان اور سانپ بچھو سے محفوظ رہیں گے نیز مرض اختلاج سے حفاظت رہے گی۔



Marfat.com

وسوسہ اورکاہلی وسستی دور کرنے کیلئے

آیت کریمہ و امایننز غنك من الشیطن نزغ (الی) مبصرون۔ جمعہ کے دن طلوع آفتاب کے وقت سات عدد لکھے اور روزانہ ایک ایک دھوکر پی جائے۔

## سورۂ انفال

قید سے رہائی کے لیے سورہ انفال کو سات یا اکیس دن روزانہ سات سات مرتبہ پڑھیں۔

## سورہ توبہ

آیت کریمہ لقد جاء کم رسول من انفسکم (تا) روف رحیم بعد نماز صبح دس بار پڑھ کر ہتھیلی پر دم کر کے پورے بدن پر پھیر لے جملہ بلاؤں سے محفوظ رہے گا اور اہم ودشوار گزار کاموں کے لیے روزانہ ستر بار پڑھنا مفید ہے۔

آقا یا حاکم کے خوف

سے بے پرواہ ہونے کے لیے آیت کریمہ فان تولو فقل حسبی اللّٰہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت و ھورب العرش العظیم انت حسبی یا رب یا رب حسبی علی فلاں بن فلانۃ اعطف قلبہ لی و ذللہ لی۔ شب جمعہ میں تیس بار اسے پڑھنے سے خوف جاتا رہے گا۔

## سورہ یونس

اس سورت مبارکہ یا اس کے نقش کو ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس رکھنا بہت مفید ہے خصوصاً دشمن کبھی اس پر قادر نہ ہوسکے گا نیز جو شخص اس کے نقش کو گلاب زعفران سے لکھ کر صبح وشام پیے اس کا دل قوی ہوگا اور وہ دیو، پری، جن وغیرہ سے نہیں ڈرے گا۔

## سورہ ہود

آیت کریمہ و قال ارکبو افیھا بسم اللہ مجریھا و مرسھا ان ربی لغفور رحیم جو شخص اس کریمہ کو لکھ کر کشتی میں یا دنبالہ کشتی میں رکھے وہ کشتی غرق ہونے سے محفوظ رہے اور کشتی میں سوار ہوتے وقت سات مرتبہ پڑھ لے تو غرق سے محفوظ رہے گا۔



Marfat.com

## ایضاً

آیت کریمہ وھی تجری بھم فی موج کالجبال (الی من المغرقین ؏ سات کوری ٹھیکری پر ان دونوں آیتوں کو لکھ کر سو مرتبہ انہیں آیتوں کو پڑھ کر دم کر کے کنویں میں ڈال دے تو اس میں پانی زیادہ ہو جائے گا۔

## دفع ظلم

آیت و کذلك اخذ ربك اذا اخذ القریٰ (الی) الیم شدید ؏ اس آیت کو پرانی دیگ کے ٹکڑے پر لکھ کر ظالم کے مکان میں ڈالنے سے اس کا شر ختم ہو جائے گا۔

# سورۂ یوسف

حاجتوں کے پورا ہونے اور سختیوں کے دور ہونے کے لیے مفید ہے۔

## ترکیب

بعد نماز عشاء یا تہجد بارہ رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں ایک ایک رکوع پڑھے اور دعا کرے۔

## فراخی رزق اور محتاجی دور ہونے کیلئے

بعد نماز عشاء اول دس مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سورۂ یوسف شروع کرے جب آیت کریمہ واللہ المستعان علی ماتصفون ؏ پر پہنچے سو مرتبہ اسی آیت کی تکرار کرے پھر آگے پڑھنا شروع کرے جب آیت فاللہ خیر حافظا و ھوارحم الراحمین ۵ پر پہنچے گیارہ بار اسی آیت کو پڑھے پھر جب آیت خروالہ سجدا پر پہنچے سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور سو مرتبہ حسبی اللہ و نعم الوکیل نعم المولیٰ و نعم النصیر ؏ پڑھ کر سورہ ختم کرکے دعائے حاجت کرے۔

## برائے حاجات و کشف مہمات

بعد نماز عشاء بسم اللہ شریف پڑھ کر سورہ یوسف شروع کرے جب آیت و یتم نعمته علیك پر پہنچے گیارہ بار تکرار کرے اور آیت واللہ المستعان علی ماتصفون کی سو بار اور آیت واللہ غالب علی امرہ بھی سو بار اور فاللہ خیر حافظا و ھو ارحم الراحمین سو بار پھر جب آیت قال اللہ علی مانقول و کیل پر پہنچے گیارہ بار تکرار کرے اور آیت فھو کظیم پر پہنچے لا الہ الا انت سبحنك انی کنت من الظلمین وا فوض امری الیٰ اللہ ان اللہ بصیر بالعباد دس مرتبہ اور آیت وھو ارحم الرحمین سو مرتبہ اور و خر والہ سجداً پر سجدہ کرے



Marfat.com

اور مطلب کی دعا کرے پھر سجدہ سے سر اٹھا کر دس بار درود شریف اور اکتالیس بار حسبی اللّٰہ و نعم الوکیل نعم المولیٰ و نعم النصیر پڑھے اور آیت ان ربی لطیف لما یشاء کی گیارہ بار تکرار کرے اور تین مرتبہ یا لطیف الطفنی فی جمیع احوالی کما تحب و ترضیٰ اور آیت انت ولی فی الدنیا و الآخرۃ سو مرتبہ پڑھ کر سورہ پوری ختم کر کے دعائے حاجت کرے۔

## سورۂ رعد

دکان کی خیر و برکت کے لیے چار ٹکڑوں پر آیت کریمہ المر تلك آیت الکتب (الی قوله) یتفکرون لکھ کر دکان کے چاروں کونوں میں نفع کے لیے دفن کرے۔

### حالات خفیہ معلوم کرنے کیلئے

آیت کریمہ اللّٰہ یعلم ماتحمل کل انثیٰ (الی) کبیر المتعال مریض کا حال معلوم کرنا ہو کہ صحت ہو گی یا نہیں یا حاملہ کا حال معلوم کرنا ہو کہ لڑکا ہے یا لڑکی یا دفینہ معلوم کرنا چاہے۔ دوشنبہ کو غسل کر کے خوشبو لگا کر بہ نیت روزہ رہے۔ منگل کی رات میں باوضو سوئے صبح کو قبل طلوع آفتاب اس آیت کو ہرے کپڑے پر زعفران و گلاب سے لکھ کر خوشبو دے کر ایسی جگہ رکھے جہاں آفتاب کی روشنی یا ماہتاب کی چاندنی نہ پڑے۔ بدھ کی رات میں ان کلمات کو بلا تعداد پڑھے۔ یا عالما لخفیات الامور یا من ھو علی کل شیءٍ قدیر اس کے بعد سو جائے رات میں خواب کے ذریعہ معلوم ہو گا تسہیل کے لیے گڑ پر سات مرتبہ دم کر کے درد والی کو کھلائے۔

## سورہ ابراہیم

شکوک و اوہام کو دور کرنے کے لیے آیت کریمہ الر کتب انزلناہ الیك (الی) العزیز الحمید کاغذ پر لکھ کر دھو کر چند بار پی لے۔

### آسیب و جن و زخم چشم کیلئے

اگر سات مرتبہ آیت و مالنا الا نتو کل علی اللّٰہ و قد ھدانا (الی) متو کلون پڑھ کر یہ پڑھے ان کنتم امنتم باللّٰہ فکفوا شر کم عنا ایتھا البراغیث پڑھے اور پانی پر دم کر کے پی لے۔

## سورۂ حجر

تجارت کرنے والوں کے لیے بے حد مفید ہے روزانہ تین بار پڑھ لیا کریں۔ نفع تجارت کے لیے آیت



Marfat.com

والارض مددنها و القينا فيها رواسى (الى) و من لستم له برازقين کولکھ کرمکان یا دکان میں لٹکائے خیرو برکت ہوگی اور باغ کے چاروں گوشوں میں پانی پردم کر کے چھڑک دے تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

## شرظالماں

بارہ ہزار بار آیت انا کفینٰک المستهزئين پڑھنا مفید ہے۔

# سورۂ نحل

اس سورت کے نقش کولکھ کر جہاں کفار و فجار کا مجمع ہوتا ہو دفن کرے سب متفرق ہو جائیں گے۔

## استقرار حمل

آیت واصبروا ماصبرك الا بالله (الى) محسنون ۵ سرخ دھاگے لے کر تین گرہ دے اور ہر گرہ پر تین تین بار پڑھے اور عورت ناف پر باندھے استقرار حمل ہوگا۔

# سورۂ بنی اسرائیل

درماندگی و تکان لاحق نہ ہوگی آیت سبحن الذى اسرىٰ بعبده ليلا (الى) عبداشکورا محرم الحرام کی ۱۳، ۱۴ و ۱۵ تاریخ میں ہرن کی کھال پر لکھ کر گیارہ مرتبہ اسی کو دم کر کے باندھ لے۔ ہرگز تکان نہ ہوگی۔

## مال داری کیلئے

آیت قل الحمد لله لم يتخذ ولدا (الآية) گیارہ مرتبہ پڑھ کر آخر میں ایک مرتبہ تکبیر کہے جلد مالدار ہو جائے گا۔

# سورۂ کہف

فضیلت سورہ کہف شریف کی یہ ہے کہ جو شخص قبل نماز جمعہ کے سورہ کہف پڑھے وہ دوسرے جمعہ تک بلیات سے محفوظ رہے۔

## برائے برکت

الحمد لله الذى انزل على عبده الكتب (الى قوله) ماكثين فيه ابدا ان آیات کو اول ماہ میں مٹی کے یا چینی کے برتن پر لکھ کر بارش یا دریا کے پانی سے دھو کر گھر کی چاروں دیواروں پر اس طرح ڈالے کہ پانی زمین پر نہ ٹپکے بہت برکت ہوگی اور کاغذ کے چار ٹکڑوں پر لکھ کر کلہڑ میں رکھ کر چاروں کونوں میں دفن کرنے سے وہ مکان و



Marfat.com

دو کان آباد رہیں گے۔

## خیالات فاسدہ کے دور کرنے کا عمل

آیت واذا قرات القرآن جعلنا بینك (الی) نفورا۔ ان آیات کو مع فان تولوا فقل حسبی الله لااله الا هو علیه توکلت وهو رب العرش العظیم کے روانہ اکتالیس بار پڑھ لیا کرے۔

## درد نیم سر

و کلبهم باسط ذراعیه بالوصید الیٰ قوله رعبا لکھ کر آدھی سیسی (سر) کے درد والے کو دے دے کہ درد کی جگہ باندھ لے۔

## کتے کاٹے کیلئے

یہی آیات گیارہ بار پڑھ کر دم کرنے سے اثر ختم ہوگا۔

## بیدار ہونے کیلئے

ذلك جزآئوهم جهنم بما کفر و او اتخذ وا (الی آخرہ) جس وقت بیدار ہونا چاہے اس کے لیے ان آیات کو تین بار یا پانچ بار پڑھ کر دل پر دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ اسی وقت بیدار ہوگا۔

# سورۂ مریم

تنگی وعسرت سے رہائی کے لیے اور فراخی حاصل ہونے کے لیے اس سورہ کا سات بار چالیس روز تک پڑھنا مفید ہے۔

## درد سر

کھیعص تا رب شقیا لکھ کر آیت غوث لکھ کر درد کی جگہ باندھے سحر جادو کے ذریعہ جس مرد کو باندھ دیا گیا ہو اسے اس سورت کو لکھ کر دھو کر پلا دے اثر دور ہوگا۔

# سورۂ طٰہٰ

سحر جادو کے ازالہ کے لیے بعد ظہر ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائے سات دن تک ان شاء اللہ دور ہوگا۔



Marfat.com

## برائے رشتہ

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اس کے لیے سورہ طٰہٰ کا نقش لکھ کر دے کہ پانی سے دھو کر ایک طشت میں لڑکی کو بٹھا کر اس پانی سے غسل کرائیں پھر بعد میں دوسرے پانی سے غسل کرائیں تا کہ بے ادبی نہ ہو پھر اس پانی کو دریا میں ڈال دیں یہ عمل نوچندی جمعرات سے سات جمعرات متواتر کریں ان شاء اللہ جلد رشتہ مل جائے گا۔

## عسر البول

پیشاب بند ہو جائے تو آیت طٰہٰ ما انزلنا علیك القرآن تا العرش استویٰ زعفران وگلاب سے چینی کے برتن پر لکھ کر جس مریض کو پلائیں صحت ہوگی۔

## بلندی منصب کیلئے

چودہ تاریخ کو اس سورت کا نقش پتر پر کندہ کرا کے انگوٹھی کے اندر رکھ کر پہننا مفید ہے۔

## تیزی ذہن کیلئے

قوله تعالیٰ رب اشرح لی صدری تا یفقهو اقولی ایک سو گیارہ بار پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے کھلائیں اول وآخر درود شریف ۱۱+۱۱ بار اور اس سورہ کا نقش جو جلد اول میں مذکور ہے پہنائیں۔

# سورۂ انبیاء

برائے محبت انبیاء علیہم السلام شوق ومحبت سے پڑھنا مفید ہے اور لوگوں کی نظر میں عزیز وجلیل ہوگا۔

# سورۂ حج

حج وزیارت کے حصول کی نیت سے روزانہ تین بار پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ حج نصیب ہوگا۔

## برائے رشتہ

اتوار کے دن پہلی ساعت میں لکھ کر عورت جس کو شوہر نصیب نہ ہو بازو پر باندھے مراد حاصل ہوگی اور ہر ماہ کی چودہ تاریخ کو ہرن کی کھال پر لکھ کر عورت بازو پر باندھے تو اولاد ہو آیت کریمہ یہ ہے وتری الارض هامدة فاذا انزلنا علیها الماء اهتزت وربت (تا) من فی القبور۔



Marfat.com

استخارہ عجیبہ

قولہ تعالیٰ الم تر ان اللہ یعلم مافی السماء والارض ان ذلک فی کتب ان ذلک علی اللہ یسیر۔ نوچندی جمعرات کوسونے کے وقت چار رکعت نماز دو دو رکعت کی نیت سے پڑھے پہلی میں سورہ الضحیٰ دوسری میں الم نشرح تیسری میں سورہ والتین چوتھی میں اقراء ایک ایک بار پڑھے۔ بعد سلام اس آیت کریمہ کو سو بار پڑھ کر قبلہ رو سو جائے ان شاء اللہ تعالیٰ تمام باتیں معلوم ہو جائیں گی۔

## سورۂ مومنون

قولہ تعالیٰ فاذا استویت و من معک علی الفلک فقل الحمد للہ الذی نجنا من القوم الظلمین و قل رب انزلنی منزلا مبرکا و انت خیر المنزلین

برائے حفاظت وسلامتی دریا کے لیے لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

ایضاً

قولہ افحسبتم انما خلقنکم عبثا (تا آخر سورت) آسیب زدہ ولا علاج مرض کے لیے سات بار پڑھ کر دم کرلے اور بہتر یہ ہے کہ مریض کے کان میں بھی ۷ دن یا ۲۱ دن دم کرے۔

## سورۂ فرقان

برائے رشتہ:

جس مرد کی شادی نہ ہوتی ہو وہ عروج ماہ میں تین دن روزہ رکھے اور رات میں اس سورہ مبارکہ کو ۲۱ مرتبہ پڑھے تین ماہ یہ عمل برابر کرے نیک بیوی نصیب ہوگی۔

## سورۂ شعراء

بھڑ یا موذی جانور کے کاٹنے پر تین بار اس آیت کریمہ کو پڑھ کر دم کرے۔ و اذا بطشتم بطشتم جبارین

## سورۂ نمل

چیونٹیوں کو بھگانے کے لیے آیت کریمہ حتی اذا اتوا علی واد النمل (تا) وھم لا یشعرون ۲۱ بار پانی پر دم کر کے ان کے سوراخوں میں ڈال دے یا اس سورت کا نقش لکھ کر لٹکائے۔

## سورۂ قصص

آیت فرد ںٰه الی امه (تا) اکثر هم لا یعلمون ۝ کاغذ پر لکھ کر اس بچے کے گلے میں ڈالے جو دودھ نہ پیتا ہوان شاء اللہ تعالیٰ وہ دودھ پینے لگے گا۔

### شر ظالماں وحاکماں سے بچنے کیلئے

آیت سبحن اللّٰه و تعالیٰ عما یشر کون و ربك یعلم ماتکن صدورهم وما یعلنون وهوالله لا اله الا هوله الحمد فی الاولی والاخرة وله الحکم والیه ترجعون ۝ کسی حاکم یا ظالم سے خوف ہوتو ان آیات کو ان کے سامنے جانے تک سات مرتبہ پڑھ کر واللّٰه غالب علی امره پڑھ کر اپنے او پر دم کرلے ان شاء اللہ تعالیٰ ان کے شر سے محفوظ ہو جائے گا۔

## سورۂ لقمان

جلد اول میں سرقہ کے بیان میں مذکور ہے۔

## سورۂ احزاب

### برائے رشتہ:

لڑکیوں کے پیغام بکثرت آنے کے لیے آیت کریمہ یایها النبی انا ارسلنك سے وکیلا تک ہرن کی جھلی یا کاغذ پر لکھ کر کسی ڈبہ میں بند کر کے گھر میں رکھ دے۔

### جاہ وہیبت کیلئے

آیت کریمہ لن لم ینته المنفقون سے الرسولا تک چنبیلی کے تیل میں مشک وزعفران حل کر کے بعد نماز فجر سات دن ان آیات کو اس پر دم کر کے پھر اس تیل کو ابرو ورخساروں پر لگا کر جس کے سامنے جائے وہ اس کی عزت کرے اور سب پر اس کی ہیبت ہو۔

## سورۂ فاطر

برکت مال کے لیے آیت کریمہ ان الذین یتلون کتب اللّٰه واقاموا الصلوٰة وانفقو امما رزقنٰهم (تا) انه غفور شکور ۝ لکھ کر مال کے اندر رکھے ان شاء اللہ تعالیٰ بے حد برکت ہے۔

## سورۂ یٰسین

کے خواص جمیع حاجات کے باب میں مفصل مذکور ہیں۔

## سورۂ والصّافات

اول سورہ سے ثاقب تک پڑھ کر آسیب زدہ پر دم کرنا مفید ہے۔

ہر حاجت پوری ہونے کے لیے آیت و لقد نا دىٰنا نوح فلنعم المجیبون ﴿ آخر رات میں اٹھ کر وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے اور اس آیت کو ایک پرچہ پر لکھ کر ہاتھ پر رکھ کر حاجت پوری ہونے کے لیے دعا کرے اور یوں کہے یَارَبِّ بِحَقِّ هٰذِهٖ اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ ﴿ وہ حاجت ضرور پوری ہوگی۔

### مارگزیدہ

سانپ کا زہر اتارنے کے لیے پانی پر سات مرتبہ اسی آیت کریمہ کو دم کر کے مارگزیدہ کو پلائے اور خود حاضر نہ ہوسکے تو کسی کو حکم کرے۔

## سورۂ حٰمٓ مومن

سونے والے آدمی کے حال کو دریافت کرنے کے لیے آیت رفیع الدرجٰت ذوالعرش (تا) سریع الحساب ﴿ وضو و غسل کر کے ہرن کی کھال پر لکھ کر سونے والے کے سینہ پر رکھے وہ سب حال بیان کر دے گا۔

### ردِ سحر کیلئے

آیت وافوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد لکھ کر چالیس دن تک پلائے۔

## سورۂ حٰمٓ السجدہ

آیات شفا کا عمل جلد اول میں مذکور ہوا ہے۔

## سورۂ شوریٰ

فراخی رزق کے لیے اس آیت کریمہ کو اللہ لطیف بعبادہٖ یرزق من یشاء و ھو القوی العزیز ﴿ بعد نماز عشاء ایک ہزار ایک بار یا پانچ سو بار پڑھے بہت مفید ہے۔



Marfat.com

## سورۂ زخرف

آیت کریمہ و لئن سئلتھم من خلق السموات والارض لیقولن خلقھن (تا) وما کنالہ مقرنین ؔ کاغذ کے چار ٹکڑوں پر لکھ کر مکان کے چاروں گوشوں میں دفن کرے تو اس مکان میں رہنے والوں کے درمیان صلح و اتفاق پیدا ہو۔ نیز بارش کے پانی سے اس سورت کو لکھ کر دھو کر پینے سے کھانسی کا مرض دور ہوگا۔

## سورۂ دخان

جو شخص روزانہ سورہ دخان پڑھ کر سوئے ستر ہزار فرشتے اس کے لیے استغفار کریں۔

### حاجت برآنے کیلئے

آیت کریمہ والکتب المبین (الی) رب ابائکم الاولین ؔ کیم شعبان سے ۱۵ شعبان تک روزانہ ۲۵ بار بعد نماز عشاء پڑھے اول و آخر درود شریف ۱۱+۱۱ بار ہر حاجت پوری ہوگی۔

## سورۂ جاثیہ

نفع تجارت کے لیے جلد اول میں نقش مذکور ہے۔

## سورۂ محمد

### ویرانی خانہ ظالم

آیت و کاین من قریۃ ھی اشد قوۃ من قریت التی اخر جتک اھلکناھم فلا ناصر لھم ؔ کے اعداد نکال کر پرانی ہڈی پر لکھ کر کوئلے کی آگ میں جلا کر راکھ کو ظالم کے گھر میں ڈال دے خانہ ویران ہو۔

## سورۂ فتح

### مقبول خلائق ہونے کیلئے:

آیت انا فتحنالک فتحامبینا (تا) نصرا اعزیزا ؔ چینی کی طشتری پر لکھ کر پانی سے دھو کر اس پانی سے منہ باحتیاط دھوئے اور اگر مشک و زعفران سے لکھ کر بازو پر باندھے دشمنوں پر کامیاب رہے۔



Marfat.com

## سورۂ ق

امراض چشم کے باب میں خواص گزرے نیز آیت کریمہ فکشفنا عنك غطاءك فبصرك اليوم حديد گیارہ یا اکیس یا اکتالیس بار سرمہ پر دم کرکے لگائے آنکھوں کی روشنی زیادہ ہوگی۔

### ایضاً

اور اگر سرمہ کی دوسری دوا پر اس ترکیب سے پڑھیں بہتر ہوگا۔ فکشفنا عنك غطاءك فبصرك اليوم حديد ۷ بار اللهم متعني سمعي و بصري ما احييتني ۷ بار یا محمد (مصطفی) نورني الابار۔

### ایضاً

اور اگر بعد نماز پنجگانہ اسی ترکیب سے پڑھ کر انگلیوں کے پوروں پر دم کرکے دونوں آنکھوں پر ملیں تو بہت مفید ہے۔

## سورۂ الذاریات

حفاظت حمل کے لیے آیت کریمہ فاوجس منهم خيفة قالو الاتخف وبشروه بغلام حليم فاقبلت امراته (تا) انه هو الحكيم العليم ؑ استقرار حمل سے تین ماہ کے اندر ان آیات کو لکھ کر گلے میں پہنائیں ان شاء اللہ حمل کی حفاظت ہوگی اور فرزند پیدا ہوگا۔

### کشادن بخت دختراں

جس لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو اس کے لیے آیت کریمہ "ومن كل شئي خلقنا زوجين لعلكم تذ كرون اللهم بحق قولك هذا و بحرمة نبيك محمد صلى الله تعالىٰ عليه واله وسلم ان ترزق هذه المراة زوجا مو افقا غير مخالف بحق محمد واله اجمعين ؑ لکھ کر گلے میں پہنائیں ان شاء اللہ تعالیٰ جلد مراد حاصل ہوگی۔ یہ عمل جلد اول میں گزر چکا ہے۔

### فراخی رزق

آیت کریمہ ان الله هو الرزاق ذوالقوة المتين ۵ صبح صادق سے پہلے اٹھ کر وضو کے بعد خوشبو روشن کرکے ہزار بار اس آیت کو پڑھے فراخی رزق کی دولت نصیب ہو۔



Marfat.com

### ایضاً

اور اگر اسی آیت کو ۱۴۱ بار پڑھ کر سرمہ یا دوا پر دم کر کے آنکھوں میں استعمال کرے تو آنکھ کی بیماری دور ہو جائے گی۔

## سورۂ النجم

برائے تیزی ذہن وقوت حافظہ و النجم اذاھوی (تا) من آیات ربہ الکبری مشک وگلاب سے چینی کی رکابی پر لکھ کر صبح نہار منہ چٹائیں۔

### گریۂ اطفال

آیت کریمہ افمن ھذا الحدیث تعجبون و تضحکون سے آخر سورت تک لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں رونا بند کر دے گا اور ان آیتوں کا نقش بھی اسی خاصیت کا حامل ہے۔

## سورۂ قمر

دشمن پر غلبہ پانے کے لیے آیت کریمہ رب انی مغلوب فانتصر دشمن سے مقابلہ کے وقت دل میں پڑھتے رہیں اور بعض خواص اس آیت کے پہلے حصوں میں ذکر ہو چکے ہیں۔

### عسر بول

یعنی پیشاب بند ہو گیا ہو آیت کریمہ و فجرنا الارض عیونا فالتقی الماء علی امر قد قدر لکھ کر موم جامہ کر کے پاک کپڑے میں سی کر ناف پر باندھ دیں۔

### دشمنوں کو زیر کرنے اور مقدمہ میں کامیابی کے لیے

آیت کریمہ سیھزم الجمع و یولون الدبر ۴۱ بار یا ایک سو گیارہ بار پڑھ کر ان کی طرف دم کرے۔

## سورۂ رحمٰن

- تسخیر اور چیچک کے لیے سورہ رحمٰن کا عمل حصہ اول ۴۲ میں مذکور ہے۔

### گنڈہ برائے حفاظت حمل ومولود

نیلا دھاگہ لے کر سورہ رحمٰن پڑھے جب آیت کریمہ فبای آلاء ربکما تکذبن پر پہنچے ایک گرہ لگا دے



Marfat.com

اسی طرح پوری سورت پڑھے حاملہ اپنے گلے میں پہن لے جب بچہ پیدا ہو جائے تو نہلا کر بچے کے گلے میں ڈال دیں گیارہ سال تک اس کے گلے میں رہے بعد ازاں گیارہ روپے یا اکتالیس روپے کی شیرینی تیار کر کے حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی نیاز دلائے اور گنڈہ کھول کر پاک جگہ دفن کر دیں۔

## آفات وبلیات سے حفاظت کے لیے

آیت کریمہ یا معشر الجن والانس تافلا تنتصران ہرن کی کھال پر لکھ کر بازو پر باندھے ہر قسم کی آفات وبلیات سے محفوظ رہے گا۔

## سورۂ واقعہ

فقر وفاقہ دور کرنے کے لیے بے حد مفید ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا جو ہر رات سورہ واقعہ پڑھے اسے کبھی فاقہ کی نوبت نہ پہنچے گی اور حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ اپنی لڑکیوں کو ہر رات میں اس سورت کے پڑھنے کا حکم دیتے تھے (مشکوٰۃ شریف، شعب الایمان) حضرات عاملین نے بعض مناسب دعاؤں کے اضافہ کے ساتھ اس سورت کے پڑھنے کا حکم فرمایا تا کہ کما حقہ، فائدہ کا ظہور ہو۔

## عمل سورہ واقعہ برائے فراخی رزق وبرکت

ماہ ثابت عروج ماہ میں جمعہ کی رات سے دوسرے جمعہ کی رات تک ایک چلہ صغیر کرے اور مندرجہ ذیل طریقہ سے اس سورۃ کو پانچ بار ہر روز پڑھے اور آخری دن چھ بار کہ مجموعہ اکتالیس بار ہو جائے۔ یہ زکات صغیر ہے اور زکات اکبر ہر روز بارہ بار اور آخری دن سولہ بار پڑھے کہ کل سو بار ہو جائے جمعرات کے دن غسل کر کے نیا کپڑا مثل احرام پہنے اور خوشبو لگا کر خلوت میں بیٹھے اور اگربتی وغیرہ جلائے پھر دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھ کر دو رکعت نفل پڑھ کر سرکار دو عالم ﷺ کی روح مبارک کو ہدیہ کرے پھر دو رکعت حضرت غوث پاک رضی اللہ عنہ کی روح کو ہدیہ کی نیت سے پڑھے پھر دو رکعت اپنے مرشد برحق یا جس سے اجازت لی ہے اگر وفات پا چکے ہیں ورنہ برائے سلامتی آنجناب پڑھے اور ان دوگانوں میں ہر رکعت میں بعد فاتحہ سورہ اخلاص گیارہ گیارہ بار پڑھے یا تین تین بار اور بعد سلام آیۃ الکرسی اور چاروں قل معہ تسمیہ تین تین بار پڑھ کر انگشت شہادت پر دم کر کے اپنے گرد حصار کر کے شروع کرے اور چلہ شروع کرنے سے پہلے اعتصام واختتام اول وآخر ایک ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے اور ان کے درمیان سورہ واقعہ تعداد صغیر یا کبیر کے ساتھ درج ذیل ترتیب کے ساتھ پڑھے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انی توسلت الیك لا ستنزال الرزق بقدرۃ کتابك المجید و اخترت لذلك السورۃ الواقعۃ اللھم عظم رغبتی فی تلاوۃ القرآن واشرح لی صدری و یسرلی امری واقض بہ حاجتی و اکف بہ مھمی و



Marfat.com

زین به لسانی و جمل به وجهی برحمتك یا ارحم الرحمین، اعوذ باللّٰه السمیع العلیم من الشیطان الرجیم بسم اللّٰه الرحمن الرحیم اللهم صلی علیٰ سیدنا محمد و بارك وسلم علی جمیع الانبیاء و المرسلین ایک بار پڑھ کراس کے بعد بسم اللہ سات بار پڑھ کرسورہ مذکورہ شروع کرے اذا وقعت الواقعة لیس لوقعتها کاذبه تو یہ دعا سات بار پڑھے اللهم عافنا من کل بلاء الدنیا و عذاب الاخرة اوردرود شریف جو اوپر مذکور ہوا ایک بار پڑھ کرسورہ مذکور پڑھے جب اولئك المقربون پر پہنچے اللهم اجعلنا منهم سات باردرود مذکورایک بار پڑھے اور جس وقت آیت جزاء بما کانوا یعملون پر پہنچے اللهم ارزقنا بفضلك العظیم و لطفك الجسیم سات باراوردرود مذکورایک بار پڑھے جب آیت لاباردولا کریم پر پہنچے اللهم اجرنامن النارسالمین سات باراوردرود مذکورایک بار پڑھے پھر جب دوسرے فسبح باسم ربك العظیم پر پہنچے اسی دعا کوسات باراوردرود مذکورکوایک بار پڑھ کر پھر شروع سے پڑھنا شروع کرے جب تعداد مذکورہ چلہ صغیر یا کبیر پورا کرے ایک باراختتام پڑھے۔ اللهم یا رزاق المفلسین و یاراحم المساکین و یاء ذا القوة المتین و یاغیاث المستغیثین و یاخیر الناصرین ایاك نعبد و ایاك نستعین ان کان رزقی فی السماء فانزله وان کان فی الارض فاخرجه و ان کان بعید افقربه وان کان قریباً فیسره و ان کان یسیرا فخیره و ان کان خیرا فحلله و ان کان حلالا فطیبه و ان کان طیبا بارك لنا فیه برحمتك یا ارحم الراحمین ط بعداختتام سات روز زردہ یا حلوہ پرفاتحہ حضرات مذکورہ دلاکرسات نیک لوگوں کوکھلائے اورخودبھی کھائے اوراس عمل میں گوشت وگھی اورجلالی چیزوں سے پرہیز کرے اور چلہ کے درمیان احرام اورگوشہ مکان یا مسجد شرط ہے پڑھنے کے بعدلباس تبدیل کرسکتا ہے بعد چلہ ہرروز بعد مغرب ایک بار ہمیشہ پڑھ لیا کرے۔

## ایضاً

عروج ماہ ثابت میں نوچندی جمعہ سے جمعرات تک سات دن روزہ رکھےاور ہرروز بعد ہرنماز پچیس بارسورہ واقعہ پڑھےاور ساتویں روز بعدنماز مغرب پچیس بار پڑھ کرعشاء کے وقت تک نوافل وتلاوت قرآن پاک میں مشغول رہے بعدنمازعشاءایک سوپچیس بارسورہ مذکور پڑھ کرایک ہزار باردرودشریف پڑھےعمل مکمل ہوجائے گا پھرروزانہ بعدنمازفجروعشاایک ایک بارسورہ مذکورہ پڑھ لیا کرے۔

فائدہ: ہرمہم ومشکل امور کے لیےسورہ مذکورکوایک ہزار چھ سو بیاسی (۱۶۸۲) مرتبہ اکتالیس دن میں پڑھنا مفید ہے۔



Marfat.com

## سورۂ حدید

آیت کریمہ سبح للہ مافی السمٰوات والارض (تا) بذات الصدور قضائے حاجت کے لیے بہت مفید ہے دوشنبہ یا بدھ یا جمعرات یا جمعہ کو روزہ رکھے اور صبح کے وقت وضو کرکے کسی سے کلام نہ کرے اور پاک کپڑا پہن کر بعد نماز فجر سو بار درود شریف اور سو بار استغفار پڑھے اس کے بعد ذکر کرے بعد طلوع آفتاب جب نماز کا وقت ہوجائے دو رکعت نفل پڑھے اور ہر رکعت میں بعد فاتحہ آخر سورہ حشر لوانـزلـنـا هـذا الـقـرآن آخر تک ایک ایک بار پڑھے بعد سلام سجدہ میں جاکر دس بار درود شریف اور دس بار استغفار پڑھ کر سر سجدہ سے اٹھائے اور ہاتھ اٹھا کر یہ دعا چند بار پڑھے پھر دعائے مطلب کرے یامن بیدہ مفاتیح الامور وھو علی کل شیء قدیر یا من بیدہ یسر کل عسیر والیه المصیر بالقدرة القاهرة الباهرة فیسرلی ثم دعائے مطلب۔

## سورہ حشر

درد اعضا کے لیے نماز کے بعد سات بار آیت کریمہ لو انزلنا هذا القرآن (تا) یتفکرون پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے موضع درد پر ملے درد جاتا رہے گا۔ ان شاء المولیٰ تعالیٰ۔

### قبولیت دُعا کیلئے

آیت کریمہ هو الله الذی لا اله الا هو آخر سورت تک پڑھنا بہت مفید ہے صبح کی نماز اور عشاء کی نماز کے بعد ان آیتوں کو تین تین بار پڑھ کر اس طرح دعا کرے اللھم یامن کذا و کذا ولا یزال ھکذا ولا یکون ھکذا احد غیرہ لی افعل لی کذا او کذا۔

### شفائے امراض کیلئے

سورہ فاتحہ اور چار آیتیں لوانزلنا ھذا القرآن سے آخر تک کی اور سورہ اخلاص ومعوذتین تین تین بار پڑھ کر مریض پر دم کرے اور یہ دعا لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے شفا نصیب ہوگی دعا یہ ہے اللھم رب الناس ملك الناس اله الناس اذھب الباس و اشف حامل کتابی ھذا شفاء لایغادر سقما ولا المابحولك و قوتك انه علی مایشاء قدیر و صلی الله تعالیٰ سیدنا محمد واله وسلم تسلیما کثیرا کثیرا۔

## سورۂ ممتحنہ

طحال کے لیے روزانہ ایک ایک مرتبہ دم کریں اور اسی سورت کا نقش روزانہ پلائیں۔



Marfat.com

## سورۂ تغابن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ان تقرضوا اللہ قرضا حسناً یضا عفہ تا آخر سورت لکھ کر گلے میں رکھیں اور ایک نقش بازو پر باندھیں مال میں زیادتی اور برکت ہوگی۔

## سورۂ تحریم

قولہ تعالیٰ عسی ربہ ان طلقکن ان یبدلہ ازواجا خیرا منکن تاقولہ ابکارا اگر کسی صالحہ کا نکاح کسی فاسق ظالم سے ہو جائے اور وہ طلاق نہ دیتا ہو، ستاتا ہو تو اس آیت کریمہ کو چینی کی پلیٹ میں لکھ کر دونوں کا نام لکھے اور پانی سے دھو کر اس کے مکان کی دیوار پر ایسا چھڑکے کہ پانی زمین پر نہ آئے ان شاء اللہ تعالیٰ وہ اسے جدا کر دے گا۔

## سورۂ ملک

اس سورت کا نام منجیہ ہے یعنی خدا کے عذاب سے نجات دلانے والی ہر مسلمان کو چاہیے کہ ہمیشہ سونے سے پہلے اس کی تلاوت کرتا رہے۔

### اجابت دعا

کے لیے بے حد مفید ہے طریقہ یہ ہے کہ دو رکعت نماز پڑھے اول رکعت میں الم تنزیل السجدہ اور دوسری میں سورہ ملک پڑھ کر بعد سلام اس دعا کو گیارہ بار پڑھ کر دعا کرے جلد قبول ہوگی۔ یَادَائِمُ یَا حَیُّ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ یَا قَدِیْمُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

### امراض چشم کے لیے

آیت کریمہ فارجع البصر ھل تری من فطور (تا) وھو حسیر کا نقش پر کر کے پیشانی پر باندھے ان شاء اللہ آنکھوں میں جو تکلیف ہے وہ دور ہوگی۔

## سورۂ ن

زخم اور پھوڑے کے لیے آیت کریمہ سنسمہ علی الخرطوم انا بلونٰھم کما بلونا اصحب الجنۃ اذا اقسمو الیصر منھا مصبحین ولا یستثنون اس آیت کریمہ کو سات سات بار پڑھ کر زخم اور پھوڑے پر دم کریں۔



Marfat.com

دفع نظر وزخم چشم

